# حقیقت ڈاکٹر زاکر نائیک

حیات النبی کا انکار

تقلید سے فرار

جہاد کی غلط تشریح

آیات قرآنی کی غلط تفسیر

یزید کی حمایت

فضائل اعمال پر اعتراض

## ان کے علاوہ اہل سنت والجماعت کے بیسیوں مسائل کی غلط تشریح

مؤلف

مولانا سیّد خلیق ساجد بخاری

ناشر

مکتبہ قدیم

اردو بازار لاہور

042-36169646

Marfat.com

Marfat.com

# حقیقت ذالرنائیک

(فکری گمراہی کا تجزیہ)


مؤلف

مولانا سیّد خلیق ساجد بخاریؒ



ناشر

منشورات قلم

دوسری منزل، مسلم سنٹر، اردو بازار لاہور۔

فون:042-36169646 موبائل:0333-4264303

e.mail: manshoorateqalam@yahoo.com



Marfat.com

○ حدیث ○: لا تفعلی یاقیلة اذا اردت ان تبتاعی شیاً فاستامی به الذی تریدین۔ اعطیت او منعت۔

ابن ماجه۔ کتاب التجارات۔ باب السوم ۲۲۰۴۔ المسند الجامع ۱۰/ ۴۹۸۔

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے قَیْلَہ (اُم بَنِی اَنْمَار رضی اللہ عنہا) یہ فعل اچھا نہیں۔ جو چیز جتنے میں فروخت کرنا چاہتی ہو اتنے ہی دام کہہ دو۔ لینے والے کی خوشی ہوگی تو لے لے گا۔ ورنہ نہیں۔ اور جو چیز خریدو اس کی ایک قیمت کہہ دو خریدار چاہے تو لے لے ورنہ نہ لے۔


| | |
|---|---|
| نام کتاب | حقیقت ذاکر نائیک (فکری گمراہی کا تجزیہ) |
| مؤلف | مولانا سید خلیق ساجد بخاری |
| سال اشاعت | محرم الحرام ۱۴۳۱ھ جنوری 2010ء |
| صفحات | 596 |
| تعداد | 1100 |
| تزئین | محمد عامر خان |
| تصحیح | سید لبیق ساجد بخاری |
| قیمت | Rs300/- (طبع شدہ قیمت پر بحث نہ کیجئے) |
| ناشر | منشورات قلم<br>دوسری منزل مسلم سنٹر<br>اردو بازار لاہور۔54400<br>manshoorateqalam@yahoo.com |
| طابع | ضرار پرنٹرز۔ آوٹ فال روڈ۔ لاہور |


Marfat.com

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | انتساب | 12 |
| 2۔ | لفظ تشکر | 13 |
| 3۔ | حرف آغاز | 14 |
| 4 | پیش لفظ | 26 |
| 5 | تعارف ذاکر نائیک | 29 |
| 6 | چند دیگر متجددین | 32 |
| 7 | فکر سر سید احمد خان | 43-32 |

☆ ملائکہ اور شیطان انسانی خیر وشر کی قوتوں کے نام ☆ جنات جنگلی انسان ☆ کسی نبی سے معجزہ واقع نہیں ہوا ☆ عربی مدرسوں سے ہماری کوئی قومی عزت نہیں ☆ لارڈ میکالے اور برٹش گورنمنٹ ☆ مفسرین کی کتابیں ☆ قرآن مجید میں ناسخ ومنسوخ ☆ کتب احادیث کی روایات ☆ اجتہاد اور فقہ ☆ تقلید تسلیم نہیں ☆ نیچری ☆ وحی اور الہام ☆ کلام اللہ کا نزول ☆ ملائک واجنہ وشیطان ☆ فرشتوں کا وجود نہیں ☆ جبریل کی حقیقت جنوں کی مخلوق ☆ شیطان کی اصلیت ☆ معجزات وکرامات پر اعتقاد ☆ آتش نمرود ☆ مردہ پرندوں کا احیاء خواب ہے ☆ حضرت یونس کو مچھلی نے نہیں نگلا ☆ حضرت عیسیٰ کی معجزانہ پیدائش اور رفع کا انکار ☆ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات ☆ معراج وشق القمر کا انکار ☆ حجر اسود جنت کا پتھر نہیں ☆ زمزم کے بارے میں نظریہ ☆ طوفان نوح پوری دنیا پر نہیں تھا ☆ نزول مسیح اور امام مہدی کا انکار ☆ یاجوج موجوج ترک ہیں ☆ عذاب قبر کا انکار


Marfat.com

☆لامذہبی ہی اسلام ہے☆سمت قبلہ☆اہل کتاب کا ذبیحہ☆عیسائیوں کے ساتھ دوستی☆مرزا قادیانی کا ادب بوجہ بزرگ ہونے کے

8 مودودی صاحب 54-43

☆صحابہ کے بارے میں عقیدہ☆عصمت انبیاء☆اصول حدیث☆جماعت اسلامی کا طریقہ کار☆مودودی صاحب کا مذہب☆تقلید☆ڈاڑھی کی حد نہیں☆تملیک زکوٰۃ ضروری نہیں☆جمع بین الاختین کے قائل ہیں☆متعہ کے جواز کا فتویٰ☆بخاری کی احادیث بلاتنقید قبول نہیں☆سند کی صحت حدیث کے صحیح ہونے کا معیار نہیں☆دجال سے انکار☆لاہوری مرزائی کافر نہیں☆حضرت عثمانؓ پر طعن☆مودودی صاحب کی تصنیفی خدمات کی حقیقت

9 جاوید غامدی کے گمراہ کن عقائد 71-54

☆امین اصلاحی سے خوشہ چینی☆اکابر امت۔ائمہ مجتہدین☆مرتد کی سزا کے بارے میں موقف☆قرات قرآنیہ کا انکار☆رجم کی سزا کا انکار☆قرآن کے قانون وراثت میں دخل اندازی☆کلالہ کی غلط تفسیر☆مزید بے اعتدالیاں☆حیات عیسیٰ کا انکار☆تصوف گمراہی ہے

10 ڈاکٹر اسرار صاحب 104-71

☆تحریک کے سربراہ کے لئے اوصاف☆علماء کی توہین☆مودودی صاحب کے حالات زندگی☆فتنہ کی جڑیں☆Zero -Value-دل ایمان سے خالی☆اس لئے اس کا اسلام قبول نہیں☆نظریہ ارتقاء☆تصور دین و مذہب☆تصور اقامت دین☆عبادت کا غلط مفہوم☆قرآن سمجھنے کے لئے عربی ضروری کیوں☆مزارعت سود ہے☆خراجی زمین کی مزارعت جائز☆ڈاکٹر صاحب کی قلابازی☆مضاربت پسندیدہ نہیں☆خراجی زمین

Marfat.com

☆نیم تقلیدی فلسفہ☆منابع فہم القرآن☆امّی امتی

11 ڈاکٹر رفیع الدین کے افکار 106-104

☆حضرت آدم اور فرشتوں کے قصہ کا انکار

12 امین اصلاحی صاحب کا تدبر قرآن 126-107

☆حدیث کی تنقیص☆اجماع کی مخالفت☆رجم کا انکار☆حضرت ماعزؓ کے بارے میں گھٹیا سوچ☆قرآن کی قراءات کا انکار☆مصحف عثمانی کیا ہے؟☆حدیث اور سنت☆حدیث دشمنی☆ائمہ حدیث پر طعن

☆طریقہ تفسیر

چند مزید متجددین 126

13 غلام احمد پرویز 128-126

☆نماز پڑھنے کی چیز نہیں☆حکومت اور جزئیات نماز میں تبدیلی

☆قربانی سے کئی کروڑ روپیہ ضائع☆حضور کے بتائے ہوئے احکام اس زمانہ کے لئے تھے

14 ڈاکٹر فضل الرحمٰن 133-128

☆ماڈرن اسلام☆بخاری۔نسائی اور ترمذی میں گمراہ کن حدیثیں

☆اجماع کا انکار☆معراج نبوی کا انکار☆شفاعت کا عقیدہ عیسائیوں سے اخذ کردہ☆عقیدہ نزول مسیح کا انکار☆امام مہدی کی آمد کا انکار

☆تین طلاق کا انکار☆ترکہ میں یتیم پوتے کا حصہ☆غنا۔گانا سننا جائز

☆وحی کا انکار

15 عمر احمد عثمانی۔حضرت عائشہ صدیقہؓ کے بارے میں غیر مہذب زبان 134-133

16 حنیف ندوی کا اصلاح اسلام 138-134


Marfat.com

☆ آزاد اجتہاد ☆ ائمہ فقہاء پر طعن ☆ فکر و نظر کا غلط زاویہ ☆ فنکاروں کو داد ☆ عذر گناہ بدتر از گناہ

17 جماعت المسلمین 140-138

☆ قرآن میں نہ نماز کا طریقہ اور نہ کسی اور عمل کا ☆ قرآن میں عریانیت کا درس ☆ تقلید سے بالکل مبرا

18 چوہدری رفیق صاحب کی جدیدیت 165-140

☆ تقلید کی مخالفت ☆ مولانا کی غیر استحقاقی سند ☆ تقلید سے جہالت پھیلتی ہے ☆ فضائل اعمال پر اعتراض ☆ مودودی اور سرسیّد کی تعریف ☆ مفتیان کے طریقہ افتاء کی تغلیط ☆ درس نظامی پر اعتراض ☆ تقلید کی وجہ سے قرآن سے دوری ☆ درس نظامی میں حدیث پر سب سے کم توجہ ☆ تلفیق کی غلط تعبیر ☆ حضرت شیخ الہندؒ اور حضرت مفتی شفیع صاحبؒ پر تقلید جامد اور اکابر پرست کے برے اثرات ☆ تین طلاق کا انکار ☆ تملیک زکوٰۃ کا انکار ☆ بلا وضو قرآن چھونا ☆ اہل حدیث سے مراد ☆ وہابیت اور سلفیت

19 راہنمائے ترجمۃ القرآن 173-165

☆ بغیر استاد قاری ☆ صرف و نحو کا معجون مرکب ☆ تنظیم اسلامی میں شمولیت بھی فرقہ بندی ☆ فضائل اعمال پر اعتراض ☆ قرآنی آیت کی غلط تعبیر ☆ قرآن پڑھنا عالم کا کام ☆ قرآن پڑھنے کے لئے ۱۸ علوم ☆ فلسفہ اور منطق کے ذریعہ قرآن کا ترجمہ ☆ کتاب میں عربی قواعد کی اغلاط

20 بہائیت اور اسلام 181-173

☆ ۱۹ کا عدد ☆ بہاء اللہ کون تھا ☆ بہائیوں کے عقائد ☆ بہائیت کا مرکز ☆ وحدتِ ادیان ☆ وحدتِ اوطان ☆ وحدتِ لسان ☆ امن عالم بذریعہ

Marfat.com

ترک جہاد☆ مساوات مرد وزن ☆ بہائی تعلیمات کا تنقیدی جائزہ
☆ بہائیوں کی پانچ عیدیں ☆ بہائی ہال

| | | |
|---|---|---|
| | ڈاکٹر ذاکر صاحب کی فکری گمراہی | 182 |
| 21 | قرآن سائنس کی کتاب نہیں | 182 |
| 22 | صدر کی تعریف | 185 |
| 23 | قرآن سمجھانا علماء کا کام نہیں | 186 |
| 24 | عموم قدرت کا انکار | 194 |
| 25 | اجتہاد و تقلید | 195 |
| 26 | ہم حنفی کیوں کہتے ہیں ☆ مجتہد کون ہو سکتا ہے؟ | 197-202 |
| 27 | اہل حدیث سے کون مراد ہیں؟ | 203 |
| 28 | اجتہاد | 205 |
| 29 | حدیث ضعیف | 206 |
| 30 | مشکوٰۃ کی ساری حدیثیں صحیح نہیں | 212 |
| 31 | خون بہنے سے وضو ٹوٹنا | 214 |
| 32 | سنت کے مطابق نماز | 215 |
| 33 | حدیث ضعیف سے کیا مراد ہے؟ | 217 |
| 34 | مستند احادیث سے احناف کی نماز | 222 |
| 35 | زیر ناف ہاتھ باندھنا | 240 |
| 36 | البانی صاحب کا مسلم شریف پر اعتراض ☆ البانی کی ایک اور دیدہ دلیری | 242-243 |
| 37 | ننگے سر نماز | 244 |
| 38 | نماز میں ستر | 250 |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 39 | مردوں کی رانیں ستر میں شامل ہیں ☆ گھٹنے بھی ستر میں شامل ہیں | 251 |
| 40 | نماز کے دوران بیٹھنے کا طریقہ | 252 |
| 41 | مرد عورت کی نماز | 252 |
| 42 | عورتوں کا نماز کے دوران بیٹھنے کا طریقہ | 256 |
| 43 | نماز میں عورت کا ستر | 261 |
| 44 | بغیر وضو نماز | 262 |
| 45 | امام کا دوبارہ جماعت کروانا | 264 |
| 46 | مفترض کی نماز متنفل کے پیچھے درست نہیں ☆ صحابہ کا فعل حجت نہیں | 268-270 |
| | ☆ غیر صحابی کو صحابی پر ترجیح ☆ تفضیل شیخینؓ | 272-273 |
| 47 | عورت کا خاص ایام میں قرآن پڑھنا | 273 |
| 48 | عورتوں کا مسجد جانا | 274 |
| 49 | گاؤں میں جمعہ | 282 |
| 50 | عید اور جمعہ میں سے ایک پڑھیں ☆ تکثیر صلوٰۃ سے چڑ ہے | 285 |
| 51 | خطبہ جمعہ عربی زبان | 286 |
| 52 | قصر نماز (تحدید قصر) | 292 |
| 53 | تراویح | 295 |
| 54 | عید | 300 |
| 55 | مرد کو عورت پر فضیلت | 301 |
| 56 | قوامون کی غلط تفسیر | 302 |
| 57 | بیعت اور موجودہ جمہوریت | 303 |
| 58 | امہات المومنین کی توہین | 304 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | ☆ڈاکٹر ذاکر کا رجوع | 305 |
| 59 | عورت اور قانون سازی | 306 |
| 60 | عورت کی گواہی | 307 |
| 61 | روایت اور گواہی میں فرق ☆ آیت لعان کی معنوی تحریف | 310-312 |
| 62 | عورت کے چہرے کا پردہ | 312 |
| 63 | عورت پیغمبر کیوں نہیں؟ | 317 |
| 64 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معجزانہ ولادت کا انکار | 320 |
| 65 | سیاسی مفادات کے لیے شادیاں | 322 |
| 66 | ولی نکاح باپ کیوں؟ | 324 |
| 67 | تعدد ازواج | 327 |
| 68 | بچہ گود لینا۔ لے پالک | 328 |
| 69 | طلاق | 330 |
| 70 | طلاق کی عجیب وغریب اصطلاحات ☆ تین طلاق پر درست موقف | 332 |
| 71 | سعودیہ کی سپریم کونسل کا فتویٰ | 335 |
| 72 | طلاق ثلاثہ | |
| 73 | تین طلاق کے بعد بیوی سے تعلق ☆ بہ نیت تحلیل، نکاح کرنا | 338 |
| 74 | انسانی مصنوعی تخم ریزی | 339 |
| 75 | سمندری جانوروں کی حلت | 340 |
| | ☆ کیکڑے ویکڑے ☆ کتا۔ خنزیر۔ خارپشت ☆ حلت کچھوا | 345-341 |
| 76 | مشینی ذبیحہ | 345 |
| 77 | موسیقی | 347 |
| 78 | حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم | 349 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 79 | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اور گنہگار مسلمان | 354 |
| 80 | وسیلہ۔توسل | 359 |
| | ☆قبروں کی مجاوری ☆عقیدہ وحدت الوجود ☆قبروں پر سجدہ | 371-368 |
| | ☆اولیاء کا تصرف ☆استعانت لغیر اللہ ☆بخاری شریف سے توسل | 372 |
| | ☆صلوۃ ناریہ اور توسل | 372 |
| 81 | بے مثال جہالت | 373 |
| 82 | کفار کے لباس سے مشابہت | 374 |
| 83 | ٹائی کلچرل ڈریس | 375 |
| 84 | کرسچن سے شادی | 376 |
| 85 | انشورنس | 377 |
| 86 | فضائل اعمال پر اعتراض | 378 |
| 87 | جہاد | 382 |
| | ☆جہاد کی غلط تشریح ☆لغت میں جہاد کا معنی | 383 |
| 88 | ذاکر صاحب کو نصاری اور ہندوؤں سے کوئی شکایت نہیں ☆انگریز اور | 397-390 |
| | غیر مقلدیت ☆مذہبی آزادی سے مراد ☆غیر مقلدین نے انگریزوں | 400-398 |
| | کے خلاف جہاد میں کبھی حصہ نہیں لیا ☆جہاد کی منسوخی ☆انگریزوں سے | 401 |
| | وفاداری ☆انگریزوں کی برکت کا اعتراف | 403 |
| 89 | وحدت ادیان | 404 |
| ☆ | ہندو مذہب کے منابع | 405 |
| 90 | ڈاکٹر صاحب کا اپنے آپ کو ہندو کہنا | 414 |
| ☆ | رام چندر اور کرشن کو نبی ماننا | 416 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 91 | انیس کا عدد | 431-417 |
| | ☆بہائی اور عدد 19 ☆قرآنی معجزہ ☆ معجزانہ گراف | 441-432 |
| | ☆قرآن کا ریاضیاتی معجزہ | |
| 92 | مفتی رشید احمد لدھیانوی صاحب رحمہ اللہ کا فتویٰ | 446 |
| 93 | حضور کی عمر | 455 |
| 94 | حضور کی بعثت کے وقت عمر ☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام | 461-458 |
| | ☆ایٹمی نمبر ☆ فلکیات | 468-466 |
| 95 | کروموسومز | 470 |
| | ☆انسانی کروموسومز ☆جانوروں کے کروموسومز | 478-476 |
| | ☆حیرت انگیز کرتب | 481 |
| 96 | یزید | 482 |
| 97 | یزید کا حضرت حسینؓ سے رشتہ ☆یزید کی اولاد | 487 |
| 98 | اعتراف معاویہ بن یزید ☆اہل السنۃ والجماعۃ کا موقف | 490-488 |
| 99 | جادو | 492 |
| 100 | جادو اتارنے کا مسنون طریقہ | 493 |


Marfat.com

# انتساب

ان حضرات کے نام۔ جو متجد دین کے پہلو میں بیٹھنے کی

بجائے اسلاف اور اکابرین امت کے قدموں میں بیٹھنا

باعث فخر سمجھتے ہیں۔ اور اسی نسبت سے روز آخرت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کے امیدوار ہیں۔

Marfat.com

# اظہار تشکر

میری اس کاوش میں محترم حضرت مولانا انوار خورشید صاحب دامت برکاتہم نے مشاورت کا پورا پورا حق ادا کیا۔ اُن کی شفقت اس سلسلہ میں بے بدل ہے۔ عزیزی قاری لبیق بخاری سلمہٗ کی کمپوزنگ، اکثر حوالوں کی تلاش اور تصحیح کے حوالہ سے خدمات اس لئے بھی قابل تعریف ہیں کہ دوران تعلیم وقت نکال کر یہ تمام کام سرانجام دیئے۔ ان تمام مراحل میں معاونت قدم بقدم شامل رہی۔ ورنہ مجھ جیسے اکیلے شخص کے لئے مشکل تھا کہ ذاکر نائیک صاحب کی تقریروں کو گھنٹوں سن کر اس میں سے قابل گرفت ٹکڑے علیحدہ کروں۔ پھر انہیں قلم بند کرنا۔ کمپوزنگ کے مراحل۔ نیز ان کے جوابات کو آسان پیرائے میں قارئین کے سامنے تصحیح کے مراحل سے گذار کر پیش کرنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور تھا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ان حضرات کے علم وعمل میں برکت واضافہ فرمائے اور جزائے خیر عطا فرمائے۔

معاشرہ میں جہاں حوصلہ شکنی کرنے والے ہوتے ہیں وہاں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو حوصلہ افزائی کا سبب بن سکتے ہیں۔ ان میں سے ایک محترم عبدالرحیم صاحب اور ان کے صاحب زادگان جناب کاشف صاحب اور جناب غضنفر صاحب ہیں جنہوں نے اپنا کمپیوٹر روم راقم کے لئے وا کر دیا اور اس میں موجود ہر طرح کی سہولت کو استعمال کرنے کی اجازت دی۔ محترم عامر صاحب کی خدمات سرورق کی تزئین اور کمپوز شدہ مواد کی فارمیٹنگ کے لئے میرے سہارے رہے ہیں۔ ناصر خان صاحب کے پرخلوص مشورے پہلے روز سے آخری روز تک ساتھ تھے۔

Marfat.com

# حرف آغاز

شیشے کے گھر میں بیٹھ کر دوسروں پر سنگ باری کرنے والے ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب دمشق کے ناصرالدین البانی کے فکری مقلد ہونے کے باوجود خود کو غیر مقلدین میں شمار کرتے ہیں۔ تقریروں میں عالمی بھائی چارہ کا درس دیتے نہیں تھکتے۔ لیکن اسلاف، اکابرین امت اور فقہاء کے تیار کردہ سیدھے راستے کو اپنی فکری گمراہی کے سنگریزوں سے پاٹ دیا ہے۔ عام مسلمان ان کی فکری گمراہی اور چرب زبانی سے پریشان ہو جاتا ہے کہ اسلام کا اصل راستہ کہاں کھو گیا۔ اس راستہ کو ان کی گمراہی سے صاف کرنے کی اس سلسلہ میں سب سے پہلی کوشش ہے۔ تاکہ ان کی فکری گمراہی کے جال میں عام مسلمان نہ پھنس جائیں۔

بخاری و مسلم اور صحیح احادیث کی اوٹ میں دین اسلام کو مسخ کر کے پیش کرنے کی فرقہ لامذہبیہ کی پرانی عادت ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے اس روش پر چلتے ہوئے ذرا جدت اختیار کر لی ہے۔ عالمی بھائی چارہ ( آج تک اسلامی بھائی چارہ کی اصطلاح سننے میں آئی تھی لیکن ڈاکٹر صاحب عالمی بھائی چارہ متعارف کروا کے یہود و ہنود کے "مشکور ہو گئے) کا درس دیتے ہوئے ہر جگہ دین حق کی تردید اور اجماع امت سے انحراف ہی شروع نہیں کیا بلکہ اپنے قاعدہ اور اصول (بخاری و مسلم اور صحیح احادیث) سے بھی انحراف کر گئے۔ دوسروں سے یہی مطالبہ کرنے والے ڈاکٹر صاحب خود اکثر مسائل میں یہ کہہ کر آگے بڑھ گئے کہ قرآن وحدیث میں کہیں بھی اس کی ممانعت نہیں ہے۔ ڈاکٹر صاحب کو معلوم ہونا چاہیے کہ دین کے بہت سے مسائل ایسے ہیں جن کی قرآن وحدیث میں ممانعت نہیں لیکن ان کے کرنے کا سنت سے کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ اس لیے وہ دین اسلام میں ممنوع ہیں۔ انہیں تو اپنے دعویٰ کے مطابق حدیث میں اس کی ممانعت پیش کرنا چاہیے تھی۔ ورنہ بہت سی بدعات کو ان کے اس قاعدہ کے تحت جائز قرار دیا جا سکتا ہے۔ عقیدہ کے اس ناپ تول میں ڈاکٹر صاحب کو ایک ہی طرح کے باٹ رکھنے چاہیے تھے لیکن کمال چابک دستی اور الفاظ کے الٹ پھیر سے لینے اور دینے کے باٹوں میں تبدیلی کا فن انہی کا کام ہے۔ پھر بھی انہیں دعویٰ ہے کہ وہ

Marfat.com

درست راہ پر ہیں۔اسلام کوتختہ مشق بنانے کی بجائے انہیں چاہیے کہ اپنے پیشہ (اوزاروں سے چیر پھاڑ) کی طرف واپس آجائیں اوراسلام پررحم فرمائیں یاپھرڈاکٹری کی طرح اسلام کی بھی کسی ایسے ادارہ سے باقاعدہ تعلیم حاصل کریں جن لوگوں کی تعلیم اورفکر کا سلسلہ سند آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک مسلسل پہنچتا ہے۔نہ کہ درمیان میں منقطع ہوکرانگریزوں کی جھولی میں جاگرتا ہے۔

اسلامی بھائی چارہ (مواخات) توسنا تھا۔لیکن عالمی بھائی چارہ کادرس بہائیوں کے بعدڈاکٹر صاحب نے دیناشروع کردیا۔

ڈاکٹرصاحب سے پہلے بھی بہت سے متجددین اسلام میں پیوندکاری کی ناکام کوشش کرچکے ہیں۔ اسی لئے ہم نے ڈاکٹرذاکرصاحب کے ساتھ مختلف متجددین اوران کی چیدہ چیدہ فکری گمراہیوں کی نشاندہی کی ہے۔تاکہ ڈاکٹرذاکراوراسی طرح کے دیگرمتجددین سے متاثر ہوتے ہوئے یہ ضرور ذہن نشیں رہے کہ ان سب کے خیالات آپس میں کس قدرمربوط ہیں۔ڈاکٹرذاکرصاحب کی فکری گمراہی کے تجزیہ میں اکثرغیرمقلدین کے عقائد کا تذکرہ بھی آجائے گا۔جس کی وجہ یہ ہے کہ ڈاکٹرصاحب خودبھی غیرمقلد ہیں اورجان بوجھ کران مسائل کا ذکرکرتے ہیں جن میں امت مسلمہ اورغیرمقلدین کااختلاف چلاآرہاہے۔

نیزڈاکٹرذاکرنائیک صاحب جودوسروں کومسلکی بندھن توڑنے کی تلقین فرمارہے ہیں خودلامذہبیت کے جال میں پھنس کربعض اوقات اس طرح ہاتھ پاؤں مارتے ہیں کہ پڑھنے اورسننے والے کوان کی (حدیث نہ ملنے کی وجہ سے) بے چارگی پرترس آنے لگتاہے۔اوربعض جوابات اتنے احمقانہ ہوتے ہیں کہ ان کی عقل پرشک ہونے لگتاہے۔

یوں محسوس ہوتاہے کہ غیرمقلدین کے وہ تمام مسائل جن میں وہ امت مسلمہ سے اختلاف کرتے ہیں مفروضہ سوالوں کی شکل میں جان بوجھ کرعام سامعین کے سامنے لائے جارہے ہیں۔تاکہ ان کا ذہن بھی منتشر ہوجائے۔چنانچہ اس کتاب میں غیرمقلدین کی طرف سے کئے جانے والے اکثراعتراضات کے جوابات دُرِّشتی کی شکل میں موجودہیں۔جن کے مطالعہ کے بعدعام شخص بھی

Marfat.com

تقلید۔اجتہاد اور ضعیف احادیث کے بارے میں مطمئن ہوسکتا ہے۔

اکثر لوگ نائیک صاحب کے حافظہ کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتے ۔ان کے مجہول حافظے کا یہ حال ہے کہ کہیں تو آیات اور موقع محل کے درمیان ربط نہیں ہوتا۔اور کبھی سیاق وسباق کا لحاظ کئے بغیر حوالہ پیش فرماتے ہیں۔ان کی تقاریر میں ایسے نوادرات تلاش کرنے سے مل جاتے ہیں۔جن لوگوں نے حافظے کی مثالیں نہیں دیکھیں یا نہیں سنیں ان کو نائیک صاحب کی رفتارِ گفتار پر حیران ہونے کا حق ہے۔ورنہ مدارس کے حفظ کے مقابلوں میں ہی دیکھ لیں۔چھوٹے چھوٹے بچے ایسی روانی سے آیات قرآنی سناتے ہیں کہ انسان انگشت بدنداں رہ جاتا ہے۔تفسیر کے مقابلہ میں صرف ترجمہ بتایا جاتا ہے اور قرآن سے اس کی آیت تلاش کر کے سنانا ہوتی ہے۔مدارس کے طلباء عربی گرائمر صرف کی گردانیں اتنی روانی سے سناتے ہیں کہ سننے والے کی عقل دنگ رہ جاتی ہے۔حاضر جوابی اور فن مناظرہ میں وکیل اہلسنت حضرت مولانا مرتضٰی حسن چاندپوریؒ، امام اہلسنت حضرت مولانا عبدالشکور لکھنویؒ، حضرت مولانا محمد منظور نعمانی سنبھلیؒ، حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ، حضرت مولانا دوست محمد قریشیؒ وغیرہم جیسی شخصیتیں محتاج تعارف نہیں۔حضرت مولانا عبدالستار تونسوی صاحب دامت برکاتہم کو جنہوں نے بالمشافہ سنا ہے ان کے سامنے نائیک صاحب تو بالکل ہیچ ہیں۔

اس کتاب میں صحاح ستہ کے مترجم علامہ وحید الزماں۔نواب صدیق حسن۔نواب نورالحسن۔ثناءاللہ امرتسری وغیرہ جو کہ غیر مقلدین کے بڑوں میں شمار ہوتے ہیں ان کے بیسیوں حوالے ذکر کئے گئے ہیں۔نیز فرقہ محدثہ لامذہبیہ غیر مقلدیہ کے بیسیوں حوالے بھی درج کئے ہیں۔اگر یہ حضرات گمراہ تھے تو غیر مقلدین کو اجتماعی طور پر ان سے برأت کا اظہار کرنا چاہئے اور گمراہ کہنا چاہیے اور یہ کہنا چاہئے کہ یہ حضرات قرآن وحدیث کے نام پر جھوٹ بولتے رہے ہیں۔تب یہ سمجھا جائے گا کہ آپ واقعی دینی غیرت رکھتے ہیں ورنہ ہم احناف کو کوس لینے سے تو دینی خدمت اور حق گوئی کا فرض ادا نہ ہوگا۔

ہمیں معلوم ہے کہ کچھ حضرات کی طبیعت اس کتاب کا جواب دینے کے لئے مچل رہی ہوگی۔اس کتاب کا جواب دیتے ہوئے اس بات کا خیال رکھا جائے کہ جواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا

Marfat.com

قول وفعل متواتر صحیح مرفوع حدیث سے ثابت کیا جائے۔ الزامی جوابات آپ کی دلیل نہیں بن سکتے۔ نیز دیگر شرائط والی احادیث یا فقہی اختلافات بھی مقلدین اہل السنہ والجماعت کے لئے چھوڑ دیجئے۔ کیونکہ دعویٰ اہل حدیثیت کرنے والے کو اپنے موقف کے ثبوت میں صرف مرفوع صحیح صریح حدیث ہی پیش کرنی چاہئے۔ جس میں ان کے دعویٰ کی صراحت اور اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دوام موجود ہو یا وہ فعل آخر ہو۔ صحابہ کے اقوال ان کیلئے حجت نہیں اس لیے پیش کرنے کی ضرورت نہیں (اپنا عقیدہ ثابت کرنا ہے ہمارا نہیں) عقلی دلائل کی بھی گنجائش نہیں۔ صرف بخاری و مسلم کی صحیح ۔مرفوع اور صریح احادیث ہوں۔ کیونکہ باقی کتب کو ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب صحیح نہیں مانتے اور اسے صحاح کے درجہ میں شامل نہیں سمجھتے۔

جب صحابہ حجت نہیں۔ ائمہ اربعہ اور فقہاء سے دور کا بھی واسطہ نہیں، اجماع امت مانتے نہیں، تو ان کا دعویٰ کیسے ثابت ہوگا؟ اور حدیث کو پرکھنے کا معیار (علم اسماء الرجال) بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں۔ کسی امام کے کہنے سے کوئی حدیث صحیح حسن یا ضعیف وموضوع کیسے ہو سکتی ہے؟۔

☆ مولانا امین صفدر اوکاڑوی صاحبؒ اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں

اہل حدیث کا دعویٰ ہے کہ ہم قرآن اور حدیث کے سوا کوئی بات نہیں مانتے۔ ہم ان سے کہتے ہیں کہ آپ اپنا نام "اہل حدیث" قرآن وحدیث سے ثابت کریں۔ ہم ببانگ دہل کہتے ہیں کہ یہ اپنا نام قرآن وحدیث سے ثابت نہیں کر سکتے۔ کیونکہ نہ قرآن میں کسی فرقہ کا نام اہلحدیث ہے۔ نہ حدیث میں کسی فرقہ کا نام اہل حدیث ہے۔ یاد رکھیں کہ ان کا نام ان کی کسی دلیل شرعی سے ثابت نہیں۔ نہ قرآن میں کسی فرقہ کا نام اہل حدیث آیا ہے۔ نہ کسی حدیث میں کسی مذہبی فرقہ کا نام اہل حدیث آیا ہے۔ ہاں امتیوں کی کتابوں میں لفظ اہلحدیث یا اصحاب حدیث آیا ہے۔ لیکن وہ ایک علمی طبقے کے لیے ہے۔ اس فرق کو سمجھئے۔ ایک ہے علمی طبقہ۔ ایک ہے مذہبی فرقہ۔ آپ مسلمان ہیں۔ آپ کے ہاں جو بچہ پیدا ہوا وہ بھی مسلمان ہے خواہ ابھی بولتا ہے یا نہیں بولتا۔ آپ کا پڑھا لکھا بھی مسلمان ہے ان پڑھ بھی مسلمان ہے۔ لیکن ایک لفظ ہے مفسر جو قرآن پاک کی تفسیر کرنے والا ہے۔ اب آپ

Marfat.com

کسی مذہبی فرقہ کا نام مفسر رکھ لیں کہ ان کا پڑھا لکھا بھی مفسر اور اَن پڑھ بھی مفسر، جاہل بھی مفسر، عورت بھی مفسر اور بچہ بھی مفسر، اندازہ لگائیں کہ یہ اس لفظ کا کتنا بڑا مذاق ہے۔ مفسر تو ایک علمی طبقہ کا نام ہے وہ کسی مذہبی فرقہ کا نام نہیں ہے اب کوئی فریق اٹھ کر اپنے فرقہ کا نام اہل منطق رکھ لے آتا کچھ بھی نہ ہو اس کا پڑھا لکھا بھی اہل منطق اور اس کا جاہل بھی اہل منطق تو یہ ایک مذاق ہے۔

اہل حدیث کا لفظ انگریز کے دور سے پہلے کی کتابوں میں محدث کے معنیٰ میں آیا ہے، ان کو تو حق بھی نہیں اہلحدیث لکھنے کا کیونکہ یہ نام نہ قرآن میں ہے نہ حدیث میں ہے تاہم اگر یہ حضرات اہل حدیث بمعنیٰ محدث لیتے ہیں تو ان سے پوچھا جا سکتا ہے کہ محدث کی کیا شرائط ہیں؟ کیا آپ کی ہر عورت میں وہ شرائط موجود ہیں؟ آپ کے ہر بچہ میں وہ شرائط موجود ہیں؟ آپ کے ہر دکاندار میں وہ شرائط موجود ہیں اگر وہ شرائط ثابت کر دیں تو ٹھیک ہے ہم اسے محدث مان لیں گے اگر شرائط نہ ہوں تو جیسے مرزا بغیر شرائط کے امام مہدی ہے، مرزا بغیر شرائط کے مسیح موعود ہے، تو جیسے مرزا کو مسیح موعود کہنے کا گناہ ہے اتنا ہی ان کو اہل حدیث کہنے کا ہے۔

☆ مولانا امین صفدر اوکاڑوی مرحوم ایک کتاب پر تقریظ میں تحریر فرماتے ہیں:

''اس دنیا میں اتفاق کے ساتھ ساتھ اختلافات بھی پائے جاتے ہیں۔ اختلافات کی تین قسمیں ہیں (۱) ضروریات دین میں اختلاف، اس اختلاف کو اسلام اور کفر کا اختلاف کہا جاتا ہے جیسے انکار ختم نبوت وغیرہ، اس اختلاف میں ہمارا امتیازی نام مسلمان ہے۔ (۲) دوسرا اختلاف سنت اور بدعت کا اختلاف ہے، یہ اختلاف مسلمان کہلانے والوں کا اندرونی اختلاف ہے اس میں ہمارا امتیازی نام اہل السنۃ والجماعت ہے اور ہمارے مخالف فرقے قدریہ، جبریہ وغیرہ اہل سنت سے خارج اور اہل بدعت میں شامل ہیں۔ (۳) تیسرا اختلاف اہل السنۃ والجماعت کے اندر فروعی اجتہادی مسائل کا اختلاف ہے، یہ اختلاف صحابہ میں بھی تھا، ائمہ میں بھی اس (اختلاف) میں جو خود اجتہاد کا اہل ہو اس پر اجتہاد واجب ہے اور جو اجتہاد کا اہل نہ ہو اس پر تقلید واجب ہے، اور جو شخص نہ اجتہاد کی اہلیت رکھتا ہو اور نہ ہی تقلید کرے اسے غیر مقلد کہتے ہیں اس پر تعزیر واجب ہے۔ ان (غیر مقلدین) میں

Marfat.com

سے ایک فریق نے تمام احادیث کو ماننے سے انکار کردیااورعوام میں اپنانام اہل قرآن رکھ لیا دوسرے فریق نے تقریباًاسی فیصد ایسی احادیث کوماننے سے انکار کردیاجن پرامت میں متواترعمل ہوتاچلاآرہاہے اوراس کے خلاف ایسی احادیث پرعمل شروع کیا جوعملی تواتروالی احادیث کے خلاف ہوں۔جیسے کوئی متواتر قرآن کوچھوڑکرشاذقراءتوں کی تلاوت شروع کردے اوراس فرقے نے اپنانام اہل حدیث رکھ لیا،اوراہل السنۃ والجماعۃ جوان احادیث پرعمل کرتے ہیں جس پرعمل متواتر ہےان کواہل الرائے کہہ دیا۔اورشاذ ومتروک روایات پرعمل کرنے کانام عمل بالحدیث رکھ لیا۔

حضرت مولانا سعیداحمد جلالپوری مدظلہ لکھتے ہیں۔

علامہ علاءالدین علی متقیؒ نے اپنی شہرۂ آفاق تصنیف کنزالعمال میں حضرت عبداللہ بن مسعودرضی اللہ عنہ سے ان انسان نماشیاطین کے دجل واضلال،فتنہ پردرسازشوں اوردجالی طریقہ کارکا تذکرہ کرتے ہوئے نقل فرمایاہے کہ:

”انظروا من تجالسون وعمن تأخذون دینکم۔فان الشیاطین یتصورن فی آخر الزمان فی صورالرجال۔فیقولون :حدثناواخبرنا۔واذاجلستم الی رجل فاسئلوہ عن اسمہ واسم ابیہ وعشیرتہ۔ فتفقدونہ اذاغاب۔“

(تاریخ مستدرک حاکم۔مسندفردوس دیلمی۔کنزالعمال۔صفحہ۲۱۴۔جلد۱۰)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعودرضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ تم لوگ یہ دیکھ لیا کروکہ کن لوگوں کے ساتھ بیٹھتے ہو؟اورکن لوگوں سے دین حاصل کررہے ہو؟ کیونکہ آخری زمانہ میں شیاطین انسانوں کی شکل اختیارکرکے انسانوں کوگمراہ کرنے آئیں گے اوراپنی جھوٹی باتوں کوسچاباورکرانے کے لیے من گھڑت سندیں بیان کرکے محدثین کی طرزپرکہیں گے:حدثناواخبرنا مجھے فلاں نے بیان کیا۔مجھے فلاں نے خبردی وغیرہ وغیرہ۔لہٰذاجب تم کسی آدمی کے پاس دین سیکھنے کے لیے بیٹھاکروتواس سے اس کا،اس کے باپ کااوراس کے قبیلے کانام پوچھ لیاکرو۔اس لیے کہ جب وہ غائب ہوجائے گاتوتم اس کوتلاش کروگے۔“

Marfat.com

قطع نظر اس روایت کی سند کے اس کا نفس مضمون صحیح ہے۔ بہر حال اس روایت میں چند اہم باتوں کی طرف متوجہ فرمایا گیا ہے۔ مثلاً:

ا۔ مسلمانوں کو ہر ایرے غیرے اور مجہول انسان کے حلقہ درس میں نہیں بیٹھنا چاہیے بلکہ کسی سے علمی استفادہ کرنے سے قبل اس کی پوری تحقیق کر لینا ضروری ہے کہ یہ آدمی کون ہے؟ کیسا ہے؟ کس خاندان اور قبیلہ سے تعلق رکھتا ہے۔ اور اس کا خاندانی پس منظر کیا ہے؟۔

۲۔ اس کے اساتذہ کون سے ہیں؟ کس درس گاہ سے اس نے علم حاصل کیا ہے؟۔

۳۔ اس کا علم خود رو اور ذاتی مطالعہ کی پیداوار تو نہیں؟ کسی گمراہ، بے دین، ملحد اور مستشرق اساتذہ کا شاگرد تو نہیں؟۔

۴۔ اس شخص کے اعمال و اخلاق کیسے ہیں؟ اس کے ذاتی اور نجی معاملات کیسے ہیں؟ کہیں یہ شعبدہ باز اور دین کے نام پر دنیا کمانے والا تو نہیں؟۔

۵۔ اس کا سلسلہ سند کیا ہے؟ یہ جھوٹا اور مکار تو نہیں؟ یہ جھوٹی اور من گھڑت سندیں تو نہیں بیان کرتا؟ کیونکہ محض سندیں نقل کرنے اور اخبرنا و حدثنا کہنے سے کوئی آدمی صحیح عالم ربانی نہیں کہلا سکتا، اس لیے کہ بعض اوقات مسلمانوں کا اعتماد حاصل کرنے کے لیے کافر و ملحد بھی اس طرح کی اصطلاحات استعمال کیا کرتے ہیں۔

لہٰذا مسلمانوں کو چاہیے کہ ہر مقرر و مدرس۔ واعظ یا ''وسیع معلومات'' رکھنے والے ''اسکالر'' و ''ڈاکٹر'' کی بات پر کان نہ دھریں۔ بلکہ اس کے بارہ میں پہلے مکمل تحقیق کر لیا کریں کہ یہ صاحب کون ہیں؟ اور ان کے علم و تحقیق کا حدود اربعہ کیا ہے؟ کہیں یہ منکر حدیث، منکر دین، منکر صحابہ، منکر معجزات، مدعی نبوت یا ان کا چیلہ چانٹا تو نہیں؟۔

چنانچہ ہمارے دور میں اس کی بہت سی مثالیں موجود ہیں کہ ریڈیو، ٹی وی یا عام اجتماعات میں ایسے لوگوں کو پذیرائی حاصل ہو جاتی ہے جو اپنی چرب زبانی اور ''وسعت معلومات'' اور تک بندی کی بناء پر مجمع کو مسحور کر لیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے بہت سے لوگ ان کے قائل۔ معتقد اور عقیدت مند ہو

Marfat.com

جاتے ہیں،ان کے بیانات ،دروس اور لیکچرز کا اہتمام کرتے ہیں،ان کی آڈیو،ویڈیو کیسٹیں ،سی ڈیز اور ڈی وی ڈیز بنا بنا کر دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔لیکن جب ان بے دینوں کا حلقہ بڑھ جاتا ہے اور ان کی شہرت آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہے تو وہ کھل کر اپنے کفر وضلال اور باطل وگمراہ کن عقائد ونظریات کا پرچار شروع کر دیتے ہیں۔تب عقدہ کھلتا ہے کہ یہ تو بے دین ،ملحد بلکہ زندیق اور دہریہ تھا اور ہم نے اس کے باطل وگمراہ کن عقائد ونظریات کی اشاعت وترویج میں اس کا ساتھ دیا اور جتنے لوگ اس کے دام تزویر میں پھنس کر گمراہ ہوئے یا آئندہ ہوں گے،افسوس! کہ ان کے گمراہ کرنے میں ہمارا مال ودولت اور محنت ومساعی استعمال ہوئی ہیں۔

اس کے علاوہ مسلمانوں کو اس بات کا بھی بطور خاص اہتمام کرنا چاہیے کہ مستند علماء اور اکابر اہل حق کے علاوہ کسی عام آدمی کو درس وتدریس کی مسند پر نہ بیٹھنے دیں اور نہ ہی اس کے حلقہ درس میں بیٹھیں۔کیونکہ حجۃ الاسلام امام غزالی فرماتے ہیں کہ:

"وانماحق العوام ان یؤمنوا ویسلموا ویشتغلوا بعبادتهم ومعایشهم ویترکوا العلم للعلماء۔ فالعامی لویزنی ویسرق کان خیرالہ من ان یتکلم فی العلم۔فانه من تکلم فی الله وفی دینه من غیر اتقان العلم وقع فی الکفر من حیث لایدری کمن یرکب لجة البحر وهو لایعرف السباحة۔"

ترجمہ۔"یعنی عوام کا فرض ہے کہ ایمان اور اسلام لا کر اپنی عبادتوں اور روزگار میں مشغول رہیں۔علم کی باتوں میں مداخلت نہ کریں۔اس کو علماء کے حوالہ کر دیں۔عامی شخص کا علمی سلسلہ میں حجت کرنا زنا اور چوری سے بھی زیادہ نقصان دہ اور خطرناک ہے۔کیونکہ جو شخص دینی علوم میں بصیرت اور پختگی نہیں رکھتا وہ اگر اللہ تعالیٰ اور اس کے دین کے مسائل میں بحث کرتا ہے تو بہت ممکن ہے کہ وہ ایسی رائے قائم کرے جو کفر ہو اور اس کو اس کا احساس بھی نہ ہو کہ جو اس نے سمجھا ہے وہ کفر ہے اس کی مثال اس شخص کی سی ہے جو تیرنا نہ جانتا ہو اور سمندر میں کود پڑے۔"

(احیاء العلوم۔صفحہ ۳۶۔جلد ۳)

Marfat.com

لہٰذا غیر مستند حضرات دین و مذہب میں دخل نہ دیں اور نہ ہی درس قرآن کی مسندوں پر بیٹھنے کی کوشش کریں۔ آج کل یہ فتنہ قریب قریب عام ہورہا ہے کہ ہر جاہل و عامی محض اردو کتب اور تراجم کی مدد سے درس قرآن دینے لگا ہے۔ جبکہ یہ بہت خطرناک ہے۔

اس سے دینی، مذہبی اور علمی اعتبار سے نوجوان نسل بہت ہی اضطراب کا شکار ہورہی ہے۔ کیونکہ وہ دین و مذہب کے بارہ میں علماء سے کچھ سنتے ہیں تو جدید اسکالروں سے کچھ اور۔ لہٰذا وہ اس کشمکش میں مبتلا ہوجاتے ہیں کہ صحیح کیا ہے اور غلط کیا ہے؟۔

(ماہنامہ بینات محرم الحرام ۱۴۳۰ھ۔ مطابق جنوری ۲۰۰۹ء)

حضرت مولانا جلال پوری صاحب دامت برکاتہم کے مذکورہ بالا مضمون کے تسلسل (تناظر) میں ایک اور اقتباس بھی ملاحظہ کرتے چلیں۔

ایک بیوروکریٹ نے اپنے سفرنامہ میں ایک سرکاری غیر ملکی دورے کا حال لکھتے ہوئے بیان کیا ہے کہ جب وہ حکومتی وفد کے ساتھ ایک ملک میں گئے۔ وہاں انہیں ایک تربیتی ادارہ کا دورہ کروایا گیا۔ لیکن اس کے بعض حصوں کو یہ کہہ کر چھوڑ دیا گیا کہ یہاں جانے کی اجازت نہیں۔

بیوروکریٹ صاحب کو تجسس ہوا۔ چنانچہ انہوں نے وہاں ایک عہدہ دار جن سے ان کی بے تکلفی ہو گئی تھی ادارہ کے ان حصوں کو دیکھنے کی خواہش ظاہر کی۔ کسی طرح ان کا وہاں داخلہ ہوگیا۔ موصوف یہ دیکھ کر بہت حیران ہوئے کہ وہاں کوئی ایسی چیز نہ تھی جسے غیر ملکی مہمانوں سے چھپایا جائے۔ مختلف کمروں میں طلباء اپنی پڑھائی میں منہمک تھے۔ ان کی حیرانی دیکھ کر گائیڈ نے بتایا کہ اس شعبہ میں دنیا کے مختلف ممالک سے ذہین ترین لوگوں کو اکٹھا کیا جاتا ہے۔ انہیں مختلف زبانیں سکھانے کے ساتھ مختلف مذاہب کی مکمل واقفیت کروائی جاتی ہے۔ ان لوگوں سے مختلف کام لئے جاتے ہیں۔ جس ملک میں بھیجنا ہوتا ہے اس ملک کے خاص علاقہ کے گلی۔ بازار۔ سڑکیں اور وہاں کے رہائشی حضرات کے نام پتا کے علاوہ ان کی مکمل معلومات اس شخص کو یاد کروائی جاتی ہیں۔ اس کے بعد اس شخص کو وہاں کے مکمل شناختی کاغذات اور ایک خطیر رقم کے بینک بیلنس کے ساتھ

Marfat.com

اس علاقہ میں بھیج دیا جاتا ہے۔وہ شخص مخصوص گلی میں بار بار چکر لگاتا ہے اور اِدھر اُدھر دیکھتا جاتا ہے۔جیسے کچھ پہچاننے کی کوشش کر رہا ہو۔پھر ایک پرانے دکاندار سے ایک ایسے شخص کا پوچھتا ہے جو مدت ہوئی وفات پا چکا ہے۔معلوم ہونے پر افسوس کا اظہار کرتا ہے۔پھر ایک اور صاحب کا پوچھتا ہے۔وہ بھی یقیناً انتقال کر چکے ہیں۔یوں اس دکاندار کی توجہ اس شخص کی طرف مبذول ہو جاتی ہے۔محلہ کے کچھ دیگر حضرات بھی اس نوجوان کا گہری نظروں سے مطالعہ کرنے لگتے ہیں۔ جو یہاں کے قدیم رہائشی حضرات کے شجرے تک انہیں سنا دیتا ہے۔کہ فلاں کا بیٹا کیا کر رہا ہے۔ فلاں صاحب آج کل کہاں ہیں۔جب اس سے استفسار ہوتا ہے کہ صاحب کچھ اپنا بھی اتا پتا بتاؤ کہ کہاں سے آئے ہو؟۔کس سے تعلق ہے؟۔اور اتنی درست معلومات کیسے ہیں؟۔تو وہ صاحب اپنا رٹا ہوا سبق دہرانے لگتے ہیں۔کہ یہاں جو فلاں صاحب رہتے تھے۔جب فوت ہوئے تو ان کے بیٹے اپنے بچوں کے ساتھ چلے گئے۔میں ان کا وہی پوتا ہوں۔لوگ یقین کر لیتے ہیں۔پھر اپنے فرضی دادا کے مکان کو حسرت سے دیکھتے ہوئے اسے خریدنے کا اظہار کرتے ہیں۔یوں موجودہ نرخ سے کئی گنا زیادہ رقم دے کر اپنے فرضی دادا کا مکان خرید لیتے ہیں۔کیونکہ موصوف نے علاقے والوں کو بتا دیا ہے کہ وہ بچپن میں اپنے والد کے ساتھ کسی غیر ملک چلے گئے تھے۔وہاں قسمت نے یاوری کی اور تعلیم حاصل کر کے کسی بڑے عہدے پر فائز ہیں یا کوئی بڑا کاروبار کر رہے ہیں۔اب اپنے آبائی وطن کی یاد ستائی تو سب کچھ چھوڑ کر واپس چلے آئے۔پھر سال دو سال یہاں رہتے ہیں۔علاقہ کی مسجد میں بلاناغہ حاضری دیتے ہیں۔مذہبی جلسوں میں آگے آگے ہوتے ہیں۔مسجد وغیرہ کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر مالی حصہ ڈالتے ہیں۔علاقہ میں رفاہی کاموں کو اپنی گرہ خاص سے مکمل کرواتے ہیں۔اور پھر پہلے مسجد کے کونے میں درس وتدریس کا سلسلہ شروع کرتے ہیں۔پھر بظاہر یہ بے ضرر سا سلسلہ تدریس ایک خاص نظریہ کی تبلیغ کے لئے وقف ہو جاتا ہے۔علاقہ کے لوگ ان کی تعلیم اور روپے پیسے سے پہلے ہی مرعوب ہوتے ہیں۔اب ان کی لچھے دار تقریروں کے گرویدہ بھی ہو جاتے ہیں۔یوں ان کی مخالفت کا دروازہ بند ہو جاتا ہے۔کچھ عرصہ بعد ایک حلقہ

Marfat.com

تیار کرکے۔یہ صاحب یہاں کی رہائش فروخت کرکے کسی دوسرے بڑے علاقہ یا شہر میں سکونت اختیار کرلیتے ہیں۔پھر وہاں بڑے پیمانہ پر اپنی تبلیغی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے لئے یہ میڈیا کے لئے اور میڈیا ان کے لئے وقف ہوجاتا ہے۔لوگوں کا بھی تانتا بندھا رہتا ہے۔اور یہ اپنی بے دینی اور الحاد کو لفاظی اور دانش وری کے لبادہ میں چھپائے لوگوں کا ایمان بگاڑتے چلے جاتے ہیں۔ اگر کوئی ان کی تفتیش کرتا ہے تو ان کی سابقہ جگہ کے لوگ انہیں وہاں کا رہائشی قرار دیتے ہیں۔حالانکہ یہ صاحب تو کسی دوسرے ملک سے درآمد کئے گئے تھے۔اس تفصیل کے بعد گائیڈ نے کہا تو صاحب اس شعبہ کا یہ مقصد ہے۔

بیوروکریٹ صاحب نے اپنے اس مطالعاتی دورہ میں جو کچھ دیکھا وہ بیان کردیا۔اس واقعہ کے پیچھے کتنی لمبی سازش بے نقاب ہوتی ہے خود اندازہ کرلیجئے۔

اس دور میں کسی سے متاثر ہوتے ہوئے ظاہری کمالات پر نظر ہوتی ہے اگرچہ باطنی طور پر وہ کتنا ہی نااہل ہو۔گذشتہ دنوں پاکستان میں انتہائی کم عرصہ میں لاکھ سے اوپر فروخت ہونے والی ایک کتاب میں فاضل مصنف نے جابجا البانی کے حوالے دیے ہیں کہ مشہور محدث البانی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے وغیرہ۔فاضل مصنف کو ایسی علمی اور تحقیقی کتاب کی احادیث کی صحت کے لئے متقدمین میں سے کسی محدث کا حوالہ دینا چاہئے نہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں سوءادبی کرنے والے غیر مقلد البانی کا۔جس نے احادیث کی دیگر کتب کے علاوہ مسلم شریف کی بھی بعض احادیث کو ضعیف قرار دے دیا۔اہل علم کو ''تناقضات الالبانی الواضحات مؤلف حسن بن علی السقاف ''کا ضرور مطالعہ کرنا چاہئے۔جس میں ناصرالدین البانی کے سینکڑوں تناقضات کا ذکر موجود ہے۔

ہندوپاکستان کے کئی جید علماء ڈاکٹر ذاکر نائیک سے صرف اس کی چرب زبانی کی وجہ سے متاثر ہیں۔کسی سے متاثر ہونے کو ماپنے کا ابھی تک کوئی آلہ تو ایجاد نہیں ہوا البتہ اس شخص کے بارے میں کسی کے جو خیالات ہوں وہی تاثر ہوتا ہے۔اسی سال ۲۰۰۹ء کے اوائل میں پاکستان کے ایک کثیرالاشاعت جریدہ کے ایک مخصوص کالم میں فاضل کالم نگار نے ڈاکٹر ذاکر نائیک کو مختلف چیزوں

Marfat.com

میں پروٹین کی مقدار کے حوالہ سے عصر حاضر کا مشہور محقق بتایا۔ حالانکہ یہ چیزیں بہت پہلے سے طے شدہ عام کتب میں مل جاتی ہیں۔ لیکن اسی جریدہ کے اپریل ۲۰۰۹ء کے شمارہ میں اسی فاضل کالم نگار نے اپنے کالم میں ذاکر نائیک صاحب کے بغیر وضو قرآن چھونے کے عقیدہ پر نقد کیا ہے۔ اگر فاضل کالم نگار اپنے سابقہ کالم میں ذاکر نائیک صاحب کی بطور محقق تعریف پر رجوع کا اعلان بھی فرما دیتے تو بہتر تھا تا کہ آئندہ کوئی ان کی اس تحریر سے متاثر نہ ہو۔ اسی طرح دنیا اسلام کے ایک بہت بڑے مدرسہ کی معروف شخصیت نے یہ فرمایا کہ ڈاکٹر صاحب دین کی خدمت کر رہے ہیں۔ ایسے ملتے جلتے الفاظ مسلمانوں کے ایک متبرک علاقہ کے مشہور واعظ صاحب نے بھی ادا کیے ہیں۔

مذکورہ بالا واقعات سے علماء کرام کی شان میں گستاخی کرنا مقصود نہیں صرف یہ بتانا مقصود ہے کہ وہ علماء کرام جن کا عوام میں مقبولیت کا ایک خاص مقام ہو انہیں اپنے تاثرات کا اظہار محتاط الفاظ میں کرنا چاہیے۔

اسی طرح بعض حضرات نے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ ڈاکٹر صاحب کے رد میں کتاب لکھ کر فضول کام میں اپنا وقت ضائع کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک نہ صرف ایک مشہور شخصیت ہے بلکہ وہ غیر مسلموں سے مناظروں کے ذریعے اسلام کی بہت خدمت کر رہا ہے۔ آپ زیادہ سے زیادہ مجھے یا دو چار مولویوں کو قائل کر لیں گے لیکن ڈاکٹر صاحب سے متاثر ہونے والی ایک پڑھی لکھی کثیر تعداد کو کیسے قائل کریں گے؟۔ اس کے جواب میں بلا تبصرہ ایک واقعہ پیش کرنا ہی کافی ہوگا۔

جب ۱۸۸۴ء میں مرزا غلام احمد قادیانی نے شہر لدھیانہ میں اپنی مجددیت کا اعلان کیا تو بہت سے لوگ اس کے ہمنوا ہو گئے۔ تو رئیس الاحرار مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانویؒ کے دادا مولانا محمد لدھیانویؒ کے بھائی مولانا مفتی عبداللہ لدھیانوی رحمہ اللہ نے اعلان کیا کہ مرزا غلام احمد قادیانی مجدد یا بزرگ نہیں بلکہ انتہاء درجہ کا ملحد اور زندیق ہے۔ اس کے جواب میں مرزا کے حامیوں نے کہا کہ تم مرزا غلام احمد قادیانی کی شہرت سن کر حسد میں مبتلا ہو گئے ہو۔ جب مفتی عبداللہ لدھیانویؒ

Marfat.com

۔ان کے بھائی مولانا محمد لدھیانوی ؒ اور مولانا شاہ عبدالعزیز لدھیانوی ؒ کے علاوہ لدھیانہ کے دیگر علماء کرام نے بھی مرزا قادیانی کے عقائد کی روشنی میں کفر کا فتویٰ صادر کیا تو علماء لدھیانہ کے فتویٰ کی ابتدائی طور پر کافی مخالفت ہوئی۔ کیونکہ اس وقت مرزا قادیانی عیسائی پادریوں کے مقابلے میں مناظر کی حیثیت سے شہرت پا چکا تھا۔ چنانچہ اس فتویٰ کی تصدیق کے لئے دارالعلوم دیوبند سے رابطہ کیا گیا۔ تو حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ اور حضرت مولانا محمد یعقوب نانوتوی رحمہ اللہ اور دیگر علماء ہندوستان نے اس فتویٰ پر تصدیقی دستخط ثبت فرمائے۔ یہ فتویٰ فتاویٰ قادریہ کے نام سے طبع ہوا۔ بعد کے واقعات نے مرزا غلام احمد قادیانی کے عقائد و عزائم کا پردہ چاک کر دیا۔

ع تاخیر ہوئی تو سبب تاخیر بھی تھا

کتاب لکھنے سے لے کر طباعت تک جن نشیب و فراز سے گزرنا پڑا وہ ایک الگ داستان ہے۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک کی خرافات سے آگاہی کے بعد ادھر ادھر نظر دوڑائی تو حیرانی ہوئی کہ ابھی تک ذاکر نائیک کی فکری گمراہی پر کوئی کام نہیں ہوا۔ اور تادم تحریر کوئی کام سامنے بھی نہیں آیا۔ چنانچہ مسلمانوں کو اس فتنہ سے خبردار کرنے کی غرض سے اپنی کم مائیگی اور سابقہ کتاب ''المنتخب من الاحادیث'' کی طباعت کے دل سوز تجربہ کے باوجود ہمت باندھ کر تیار ہو گیا۔ موضوع (عنوان) پر کام شروع کیا۔ ایک صاحب نے دلچسپی لی اور اس پراجیکٹ پر ہونے والے اخراجات میں حصہ دار بن گئے۔ لیکن کچھ عرصہ بعد یہ سوچ کر پیچھے ہٹ گئے کہ ایسے معروف شخص کے خلاف لکھنا کاروباری طور پر مفید نہ رہے گا۔ چنانچہ موصوف پسپا ہوتے ہوئے اس کاوش پر ہونے والے تمام اخراجات کو راقم کے کندھوں پر ڈال کر ایک طرف ہو گئے۔ ابھی اسی سے سنبھالا نہ ملا تھا کہ کمپوزر صاحب کی ہارڈ ڈسک خراب ہو گئی اور کمپوز شدہ تمام ڈیٹا ختم ہو گیا۔ کئی ماہ تک وہ بہانے بناتے رہے۔ بالآخر دوبارہ کمپوز کر کے دیا تو اس میں پہلے سے بھی زیادہ اغلاط تھیں۔ بہ امر مجبوری اسی پر اکتفاء کیا کیونکہ انہیں پیشگی اجرت ادا کی جا چکی تھی۔ پھر اس مسودہ پر دوبارہ سے محنت کی۔ ایک اور صاحب نے کمپوزنگ کا بیڑا اٹھایا لیکن پروفیشنل کمپوزر نہ ہونے کی وجہ سے وہ بھی راقم کے لئے آسانی

Marfat.com

کا سبب نہ بن سکے۔اس دوران راقم کی چھوٹی ہمشیرہ کے دماغ میں کینسر کے موذی مرض کی تین رسولیاں تشخیص ہوئیں۔انسان کی زندگی نہ تو کوئی کم کرسکتا ہے اور نہ ہی بڑھا سکتا ہے۔اگر زندگی کا سفر سکون سے کٹ جائے تو یہ اللہ تعالی کے بہت بڑی کرم نوازی ہے۔اسی جذبہ کے تحت اپنی ہمشیرہ کی تیمارداری میں کچھ وقت کٹ گیا۔اور وہ چھ ماہ بعد پرسکون طریقے سے سفر آخرت پر روانہ ہوکر اپنے خالق حقیقی سے جاملی۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔اللہ تبارک وتعالی اسے اپنے جوار رحمت مین جگہ عنایت فرمائے اور تقصیرات سے درگذر فرمائے۔آمین۔

اس امر ربی سے فراغت کے بعد کتاب کی طرف دوبارہ توجہ دی۔اس دوران یکے بعد دیگرے کئی حضرات نے اسے طبع کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔پھر کچھ تو نامعلوم وجوہات کی بناء پر اور بعض اعلانیہ وجوہات کی وجہ سے پیچھے ہٹ گئے اور راقم اس سفر پر پھر تنہا رہ گیا۔بقول قانی:

ع چہ پرسی از سر و سامان من عمریست چوں کاکل

بات چل رہی تھی ہمدردوں کی۔چنانچہ بعض ہمدردوں کا خیال تھا کہ اس کتاب کا مسودہ عقیدت کی پلیٹ میں سجا کر ان کے حضور پیش کر دیا جاتا تا کہ وہ خود اسے امت مسلمہ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے۔ان کے نام کی وجہ سے اس کتاب سے زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہوتے۔اور اس چھوٹے سے عمل کی وجہ سے اللہ تبارک وتعالیٰ صاحب تحقیق کو اجر اخروی سے اور طالب مال و جاہ کو اجر دنیاوی کے مستحق ٹھہراتے۔یوں دونوں حضرات کو بقدر نیت اپنا اپنا حصہ مل جاتا لیکن بقول اقبال مرحوم۔

نالہ ہے بلبل شوریدہ ترا خام ابھی
اپنے سینے میں اسے اور ذرا تھام ابھی

(بانگ درا)

راقم اس مسودہ پر کما حقہ کام نہیں کرسکا۔کیونکہ فقدان تو بہت سی چیزوں کا تھا لیکن کتابوں کا فقدان سب پر حاوی رہا۔ایسے میں خاص موضوعات پر سیر حاصل بحث کیسے ہوسکتی ہے۔اگر اللہ تبارک و تعالیٰ کو منظور ہوا تو اس کتاب کے آئندہ ایڈیشن میں کمی دور کرنے کی کوشش کی جائے گی۔امید ہے

Marfat.com

اس کتاب کے منظر عام پر آنے کے بعد ہمارے علماء کرام اپنے اپنے انداز میں اس موضوع پر مزید تفصیل سے لکھیں گے ع

اب جس کا جی چاہے وہی پائے روشنی ہم نے تو جی جلا کے سر راہ رکھ دیا

فقط

افقر الی اللہ الاحد الواحد

سید خلیق احمد ساجد

یوم الجمعہ۔۲۳۔ذی الحجہ ۱۴۳۰ھ

۱۱۔دسمبر ۲۰۰۹ء

Marfat.com

# تعارف ڈاکٹر ذاکر نائیک

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب 18 اکتوبر 1965ء کو انڈیا کے علاقہ تندل سٹریٹ شمالی دونگری بمبئی میں پیدا ہوئے۔ عیسائیوں کے سینٹ پیٹرز ہائی سکول سے میٹرک کیا۔ ہندوؤں کے کرشن چندر چلے رام کالج بمبئی سے ایف ایس سی کی۔ اور ٹوپی والا نیشنل میڈیکل کالج بمبئی سے ایم بی بی ایس کی ڈگری حاصل کی۔ ہندوؤں سے اتنی مناسبت پیدا ہوگئی کہ اکبر بادشاہ کے دین الٰہی کی طرح وحدت ادیان کا درس دینا شروع کر دیا۔

شیخ سعدیؒ نے گلستان سعدی میں ایک حکایت درج کی ہے۔

گِلے خوش بوئے در حمام روزے — رسید از دست محبوبے بدستم
بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری — کہ از بوئے دلآویز تو مستم
بگفتا من گلے ناچیز بودم — ولیکن مدتے با گُل نشستم
جمال ہم نشیں در من اثر کرد — وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

ایک روز حمام میں کسی دوست نے مجھے خوشبودار مٹی دی۔ میں نے مٹی سے کہا کہ تو مشک ہے یا عنبر کہ تیری دل آویز مہک سے میں بے خود ہو گیا ہوں۔ اس نے بزبان حال کہا کہ میں تو ایک بے فائدہ چیز تھی لیکن ایک مدت تک خوشبودار پھول کی صحبت میں رہی۔ پس ہم نشیں پھول کے جمال اور مہک ہی نے میرے اندر یہ اچھا اثر ظاہر کر دیا۔ اگر اس پھول کی صحبت نصیب نہ ہوتی تو میں بے فائدہ مٹی ہی رہتی۔

اور اکبر الہ آبادی مرحوم نے حالات حاضرہ کے مطابق اسے کچھ جدید کر دیا ہے۔

یکے ذی علم در اسکول روزے — فتاد از جانب پبلک بدستم
بدو گفتم کہ کفری یا بلائی — کہ پیش اعتقادات تو پستم
بگفتا مسلم مقبول بودم — ولے یک عمر با ملحد نشستم
جمال نیچری در من اثر کرد — وگرنہ من ہماں شیخم کہ ہستم

Marfat.com

ایک روز سکول میں ایک تعلیم یافتہ شخص عوام کی جانب سے میری طرف آ گیا۔ میں نے پوچھا کہ تو کافر ہے یا کوئی اور بلا۔ کہ میں بھی تیرے نظریات کے سامنے ہیچ ہوں۔ تو اس نے کہا کہ میں عام مسلمان ہی تھا لیکن میں ایک عرصہ تک بے دین کے ساتھ بیٹھتا رہا ہوں۔ ملحد کی گمراہ کن روشن خیالی کے نظریہ نے مجھ میں یہ انقلاب پیدا کیا ہے۔ (اگر میں اس ملحد کی صحبت اختیار نہ کرتا تو) میں وہی کامل مسلمان ہوتا۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب بھی فکر ولباس کی وضع وقطع کے لحاظ سے اس کا واضح ثبوت ہیں۔ علوم قرآنی سے بے بہرہ تو ہیں ہی۔ تفسیر بالرائے بھی کرتے ہیں۔ اگر یوں کہا جائے کہ تفسیر میں تحریف کرتے ہیں تو بے جا نہ ہوگا۔ علوم حدیث کی مبادیات سے بھی واقف نہیں۔ اباحیت پھیلانا چاہتے ہیں۔ غیر مقلدیت کا پرچار کرتے ہیں۔ یزیدیت کے داعی ہیں۔

حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر تو ہیں ہی گنہگار مسلمانوں کے لئے شفاعت بھی تسلیم نہیں کرتے۔ وحدت ادیان کا اتنا غلبہ ہے کہ اپنے آپ کو ہندو کہنا پسند کرتے ہیں۔ کیکڑے ویکڑے سب مرغوب ہیں۔ محیر العقول حافظے کا یہ حال ہے کہ قرآن میں ''غلمان'' کے لفظ سے لاعلم ہیں۔

احمد دیدات سے ۱۹۹۴ء میں ملاقات کے بعد ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں ''احمد دیدات بمبئی آئے تو میں نے اپنے پیشے کو جسم کے ڈاکٹر کے بجائے اس لائن میں اپنا لیا کیونکہ داعی کا پیشہ ڈاکٹر سے بہت بہتر ہے۔''

- ایک جولاہے کو سٹیل فکسر اور ایک ڈرائنگ ماسٹر کو آرکیٹکٹ کہنے سے اتنا فرق نہیں پڑے گا جتنا کہ ایک ایم بی بی ایس ڈاکٹر کو اسلامی سکالر کہنے سے۔ جبکہ وہ خود اقرار کرتا ہو کہ مجھے عربی آتی ہی نہیں۔ صرف انگلش لٹریچر پر گذارا ہے۔ نہ قرآن حفظ کیا اور نہ ہی حدیث کی تعلم حاصل کی۔
- اگر ڈاکٹر ذاکر صاحب کا طریقہ فکر اور جدید اسلام کے قواعد کا سلسلہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہے تو ان علماء۔ مدارس یا کتب کی نشاندہی کیجئے جو اس کی ترجمان ہیں۔ اگر دنیا میں کوئی فن بھی ماہرین فن کی صحبت اور تربیت کے بغیر صرف مطالعہ کتب سے حاصل نہیں ہو سکتا تو دین کا فہم اس

Marfat.com

اصول سے کیوں مستثنیٰ ہے؟۔علم چند کتابیں پڑھ لینے سے نہیں بلکہ اساتذہ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کرنے سے آتا ہے۔ورنہ پیُر۔پیُر (جانور)۔دَوُر۔طَوُر اور پیُر۔پیُر (دودھ)۔دُوُر۔طُوُر کا فرق استاد ہی سمجھائے گا۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب اپنی ایک تقریر میں کہتے ہیں:

''فرض کریں کسی شخص کو امراض قلب نے گھیر رکھا ہے۔وہ دل کا مریض ہے۔تو کیا اس صورت میں وہ کسی علم طب سے نا آشنا شخص کے مشورے کو اہمیت دے گا یا پھر امراض دل میں اختصاص کا درجہ رکھنے والے کسی نامور فزیشن کی رہنمائی کو زیادہ وقعت دے گا۔وہ اس ان پڑھ اور اناڑی شخص کی بجائے فطری بات ہے کہ دل کے سپیشلسٹ ڈاکٹر کے مشورے پر عمل کرے گا کیونکہ وہ اس کے مرض کی کیفیت کو جانتا ہے۔وہ اس کا بہتر معائنہ کر کے اسے تشخیص اور علاج کے لیے بہتر مشورہ دے گا جبکہ ایک انجان اور اناڑی شخص اسے مزید پریشانی سے دوچار کرنے کا موجب بن سکتا ہے''۔

ڈاکٹر صاحب کی تقریر کے آئینہ میں ان کی شخصیت کو دیکھ لیں کسی تبصرہ کی ضرورت باقی نہ رہے گی۔

Marfat.com

اس سے پہلے کہ ہم ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کی فکری گمراہیوں کا تجزیہ کریں۔ان سے پہلے بھی جو حضرات دین میں جدیدیت کا پیوند لگانے کی کوشش کر چکے ہیں۔ان کا مختصر تعارف علماء کرام کی زبانی آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ان متجددین کا اجمالی ذکر اس لئے کیا جا رہا ہے تا کہ قارئین کو معلوم ہو سکے کہ تنظیموں کے علیحدہ ہونے کے باوجود ان کے افکار الفاظ کے الٹ پھیر کے ساتھ آپس میں کس قدر مربوط ہیں۔

## ☆ فکر سر سیّد احمد خان ولد میر تقی خان کے چند اہم نکات

- ☆ ملائکہ اور شیطان کوئی الگ مخلوق نہیں۔یہ انسان میں خیر و شر کی قوتوں کے نام ہیں۔
- ☆ جنات سے جنگلی اور وحشی انسان مراد ہیں۔
- ☆ کسی نبی سے کسی قسم کا معجزہ مافوق الفطرت اور خلاف عقل واقع نہیں ہوا۔
- ☆ قرآن مجید میں انبیاء سے منسوب محیر العقول واقعات محض قویٰ انسانی کی قوت کا مظہر ہیں۔
- ☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بن باپ پیدا نہیں ہوئے کیونکہ قانون فطرت کے برخلاف ایسا نہیں ہو سکتا۔
- ☆ ٹٹ پونجیئے عربی مدرسوں سے ہماری کوئی قومی عزت نہیں۔اس سے کاہل۔مال مردم خور۔بے محنت اور خیرات کی روٹی کھانے والے ملانوں کا گروہ بڑھتا جائے گا۔
- ☆ اعلیٰ عہدے صرف لائق انگریزی دانوں کو دیے جانے کی پالیسی میں سختی ہونی چاہیے۔
- ☆ خدا لارڈ میکالے کو بہشت نصیب کرے۔اس سے زیادہ ہندوستان کو بھلائی پہنچانے والا کوئی اور نہیں۔
- ☆ ہندوستان میں برٹش گورنمنٹ خدا کی طرف سے ایک رحمت ہے۔اس کی اطاعت اور فرمانبرداری اور نمک حلالی خدا کی طرف سے ہمارا فرض ہے۔
- ☆ ہندو اور مسلمان ایک مذہبی لفظ ہے ورنہ ہندو۔مسلمان اور عیسائی بھی جو ہندوستان میں رہتے ہیں سب ایک ہی قوم ہیں۔

Marfat.com

(افکار سرسیّد مرتبہ ضیاء الدین لاہوری۔ مزید تفصیل کے لئے نقش سرسیّد۔ سرسیّد کی کہانی ۔ حیات سرسیّد۔)

قرآن مجید کی فصاحت بے مثل کو معجزہ سمجھنا ایک غلط فہمی ہے۔ فأتوا بسورة من مثله کا یہ مقصد نہیں ہے۔ (تصانیف احمدیہ۔ حصہ ا ۔ جلدا ۔ صفحہ ۲۱)

جس مجموعہ مسائل واحکام واعتقادات وغیرہ پر فی زماننا اسلام کا اطلاق کیا جاتا ہے وہ یقیناً مغربی علوم کے مقابلہ میں قائم نہیں رہ سکتا۔ (بروایت حالی۔ حیات جاوید۔ جلدا ۔ صفحہ ۲۲۵)

میں فرض سمجھتا ہوں کہ جو لوگ لکھے پڑھے ہیں (میں اپنے تئیں لکھے پڑھوں میں نہیں سمجھتا) وہ حال کے علوم جدیدہ کا مقابلہ کریں اور اسلام کی حمایت میں کھڑے ہوں اور مثل علماء سابق کے یا تو مسائل حکمت جدید کو باطل کر دیں یا مسائل اسلام کو ان کے مطابق کر دیں کہ اس زمانہ میں صرف یہی صورت حمایت اور حفاظت اسلام کی ہے۔ (مقالات سرسیّد۔ صفحہ ۱۰)

## ☆ مفسرین کی کتابیں

تمام مفسرین کی سوائے معتزلہ کے یہ عادت ہے کہ اپنی تفسیروں میں محض بے سند اور افواہی روایتوں کو بلا تحقیق لکھتے چلے جاتے ہیں اور ذرا بھی تحقیق کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ (ترقیم فی قصہ اصحاب الکہف والرقیم۔ مطبع مفید عام آگرہ۔ صفحہ ۱۲)

تفسیروں اور سیر کی کتابوں میں خواہ وہ تفسیر ابن جریر ہو یا تفسیر کبیر وغیرہ اور خواہ وہ سیرۃ ابن اسحاق ہو خواہ سیرت ابن ہشام اور خواہ وہ روضۃ الاحباب ہو یا مدارج النبوۃ وغیرہ۔ ان میں تو اکثر ایسی لغو اور نامعتبر روایتیں اور قصے مندرج ہیں جب کا نہ بیان کرنا ان کے بیان کرنے سے بہتر ہے۔ (آخری مضامین۔ صفحہ ۱۳۵)

## ☆ قرآن مجید میں ناسخ ومنسوخ

ہم ان باتوں پر اعتقاد نہیں رکھتے اور یقین کرتے ہیں کہ جو کچھ خدا کی طرف سے اترا وہ بے کم و کاست موجودہ قرآن میں ہے۔ جو درحقیقت آن حضرت صلعم کے زمانہ حیات میں تحریر ہو چکا تھا موجود

Marfat.com

ہے اور کوئی حرف بھی اس سے خارج نہیں ہے اور نہ قرآن مجید کی کوئی آیت منسوخ ہے۔
(تفسیر القرآن۔جلد ا ۔صفحہ ۱۶۳)

ہم نے تمام قرآن میں کوئی ایسا حکم نہیں پایا اور اس لئے ہم کہتے ہیں کہ قرآن میں ناسخ و منسوخ نہیں ہے۔(تفسیر القرآن۔جلد ا ۔صفحہ ۱۶۷)

میں اس بات کا قائل نہیں ہوں کہ یہودیوں اور عیسائیوں نے اپنی کتب مقدسہ میں تحریف لفظی کی ہے اور نہ علمائے متقدمین و محققین اس بات کے قائل تھے۔مگر علمائے متاخرین اس بات کے قائل ہیں کہ یہودیوں اور عیسائیوں نے اپنی کتب مقدسہ میں تحریف و تبدیل کی ہے۔
(تفسیر القرآن۔جلد ا۔صفحہ ۴)

## ☆ کتب احادیث کی روایات

تمام کتب احادیث اور بالتخصیص کتب تفاسیر اور سیر اس قسم کی روایات کا مجموعہ ہیں جن میں صحیح اور غیر صحیح اور قابل تسلیم اور نا قابل تسلیم حدیثیں اور روایتیں مندرج ہیں۔(آخری مضامین۔صفحہ ۱۳۰)

تمام کتب مذہبیہ جو اس زمانہ تک موجود ہیں ہزاروں غلطیوں سے معمور ہیں۔کوئی ایک کتاب بھی ہمارے ہاتھ میں ایسی نہیں آتی جس میں کوئی نہ کوئی ایسی بڑی غلطی ہمارے سامنے نہ آتی ہو جو اسلام کی سچی اور صحیح حقیقت کو وہمی اور خیالی امر کی طرف مائل نہ کر دیتی ہو۔
(بحوالہ مجموعہ لیکچرز و سپیچز نواب محسن الملک۔طبع نول کشور پرنٹنگ پریس۔صفحہ ۳۶۷)

غرض کہ اب فن سیر کی تمام کتابیں، کیا قدیم کیا جدید مثل ایسے غلہ کے انبار کے ہیں۔جس میں سے کنکر، پتھر، کوڑا کرکٹ کچھ چنا نہیں گیا اور ان میں تمام صحیح و موضوع، جھوٹی اور سچی۔سند اور بے سند۔ضعیف و قوی۔مشکوک و مشتبہ روایتیں مخلوط اور گڈمڈ ہیں۔(خطبات احمدیہ۔صفحہ ۸)

## ☆ اجتہاد اور فقہ

اس معصوم اور سیدھے سادھے، سچے اور نیک طبیعت والے پیغمبر نے جو خدا تعالیٰ کے احکام بہت سدھاوٹ و صفائی و بے تکلفی سے جاہل، ان پڑھ۔بادیہ نشین عرب کی قوم کو پہنچائے تھے اس میں وہ

Marfat.com

نکتہ چینیاں باریکیاں گھسیڑی گئیں اور وہ مسائل فلسفیہ اور منطقیہ ملائی گئیں کہ اس میں اس صفائی اور سدھاوٹ اور سادہ پن کا مطلق اثر نہیں رہا۔ بہ مجبوری لوگوں کو اصلی احکام کو جو قرآن و معتمد حدیثوں میں تھے چھوڑنا پڑا۔ اور زید و عمرو کے بنائے ہوئے اصول کی پیروی کرنی پڑی۔ (تہذیب الاخلاق۔ جلد ۲ ۔ صفحہ ۱۴۹)

## ☆ تقلید کا عمل

یہ بات سچ ہے کہ ہم کو متعدد مسائل میں مسلمانوں سے اختلاف ہے۔ ہم تقلید کو تسلیم نہیں کرتے۔ ہ مذہب کو تقلیداً قبول کرنے سے تحقیقاً اس پر ایمان لانا بہتر جانتے ہیں اور اسی طرح اور بہت سے مسائل اعتقادی و تمدنی ہیں جن سے یا جن کے طرز بیان و طریقہ استدلال سے ہم کو اختلاف ہے۔ (مقالات سرسیّد۔ جلد ۱۰ ۔ صفحہ ۲۰۷)

جس قدر نقصان اسلام کو تقلید نے پہنچایا ہے اتنا کسی چیز نے نہیں پہنچایا۔ سچے اسلام کے حق میں تقلید سنکھیا سے بھی زیادہ زہر قاتل ہے۔ بلاشبہ ہم نے علماء کو مثل یہود و نصاریٰ کے اربابا من دون ٥ اللہ سمجھ لیا ہے۔ (خطوط سرسیّد۔ صفحہ ۱۰۰)

ٹھیٹ مذہب اسلام کی رو سے ہر ایک شخص کو آزادی ہے کہ خود قرآن مجید کے احکام پر غور کرے اور ٥ جو ہدایت اس میں پائے اس پر عمل کرے۔ کوئی شخص کسی دوسرے کی رائے اور اجتہاد اور سمجھ کا پابند نہیں ہے..... ہر شخص آپ اپنے لیے مجتہد ہے۔ (خطبات احمدیہ۔ صفحہ ۱۸۲)

میں سچ اپنے دل کا حال کہتا ہوں کہ اگر خدا مجھ کو ہدایت نہ کرتا اور تقلید کی گمراہی سے نہ نکالتا اور میں خود تحقیقات حقیقت اسلام کی طرف متوجہ نہ ہوتا تو یقینی مذہب کو چھوڑ دیتا۔ (خطوط سرسیّد۔ مرتبہ سید راس مسعود۔ مطبع نظامی پریس بدایوں۔ صفحہ ۹۳)

## ☆ نیچری

جو ہمارے خدا کا مذہب ہے وہی ہمارا مذہب ہے۔ خدا نہ ہندو ہے نہ عرفی مسلمان۔ نہ مقلد نہ ٥ لامذہب۔ نہ یہودی نہ عیسائی۔ وہ تو پکا چھٹا ہوا نیچری ہے۔ وہ خود اپنے کو نیچری کہتا ہے۔ پھر اگر ہم

Marfat.com

بھی نیچری ہوں تو اس سے زیادہ ہم کو کیا فخر ہے۔(مقالات سرسیّد۔جلد۱۵ ۔صفحہ۱۴۷)

جتنے پیغمبر گزرے سب نیچری تھے۔خدا خود نیچری ہے۔جب لوگوں نے نیچر کے قوانین کو چھوڑا تب ہی اس نے پیغمبر بھیجا۔جو پیغمبر آیا اس نے کیا کیا؟۔پھر لوگوں کو نیچر کا رستہ بتایا اور جتنا بگاڑا تھا اتنے کو پھر سنوارا۔جب موسیٰ سے نیچرلسٹ (Naturalist) کو لوگوں نے مجنون کہا تو پھر ہم کس گنتی میں ہیں؟۔ہم کو جو چاہیں کہیں۔(مقالات سرسیّد۔جلد۱۵ ۔صفحہ۱۵۲)

## ☆ وحی اور الہام

- جس طرح کہ انسان میں اور قویٰ ہیں اسی طرح ملکہ وحی والہام بھی اس میں ہے.....ملکہ الہام ووحی بھی بعض انسانوں میں معدوم ہوتا ہے۔بعض میں کم ہوتا ہے۔بعض میں زیادہ اور بعض میں بہت زیادہ۔(مقالات سرسیّد۔جلد۱۳ ۔صفحہ۳۸۸)
- مطلق وحی آنا صرف انبیاء ہی پر منحصر نہیں ہے بلکہ انبیاء کے سوا مقدس لوگوں پر بھی وحی آتی ہے۔ (تبیین الکلام۔جلد۱ ۔صفحہ۷)

## ☆ کلام اللہ کا نزول

- ہم اس بات سے انکار نہیں کرتے کہ انبیاء اور اولیاء کوئی غیبی آواز نہیں سنتے۔سنتے ہوں گے۔مگر وہ خدا کی آواز نہیں ہے۔بلکہ وہ اس القاء کا اثر ہے جو ان پر ہوا ہے اور وہ ان ہی کے نفس کی آواز ہے جو ان کے کان میں آئی ہے۔وہ بیداری میں اسی طرح آواز کو سنتے ہیں جیسے کہ سوتے میں خواب دیکھنے والا سنتا ہے یا جیسے کہ بعضی دفعہ لوگوں کو جو کسی خیال میں مستغرق ہیں۔بغیر کسی بولنے والے کے کان میں آواز آتی ہے۔(تفسیر القرآن۔جلد۳ ۔صفحہ۲۳۹)

## ☆ ملائکہ واجنہ وشیطان

قرآن مجید سے فرشتوں کا ایسا وجود جیسا کہ مسلمانوں نے اعتقاد کر رکھا ہے،ثابت نہیں ہے۔بلکہ برخلاف اس کے پایا جاتا ہے.....فرشتے نہ کوئی جسم رکھتے ہیں اور نہ دکھائی دیتے ہیں۔ان کا ظہور

Marfat.com

بلاشمول مخلوق موجود کے نہیں ہوسکتا۔(تفسیر القرآن۔جلدا ۔صفحہ۴۹)

جن فرشتوں کا قرآن میں ذکر ہے ان کا کوئی اصلی وجود نہیں ہوسکتا۔ بلکہ خدا کی بے انتہا قوتوں کے ظہور کو اور ان قویٰ کو جو خدا نے اپنی تمام مخلوق میں مختلف قسم کے پیدا کئے ہیں۔ ملک یا ملائکہ کہا ہے۔(تفسیر القرآن۔جلدا ۔صفحہ۴۹)

## ☆جبریل کی حقیقت

وحی تو وہی ہوتی ہے جو خدا سے پیغمبر کو دی جاتی ہے۔ مگر مفسرین نے اس کا بیان کہ وہ کیونکر دی جاتی ہے ٹھیک طور پر نہیں کیا۔ انہوں نے خدا اور رسول کو دنیا کے بادشاہ اور وزیر کی مانند اور وحی کو بادشاہ کے کلام یا حکم یا پیغام کی مانند سمجھا ہے۔ اور جبریل کو ایک مجسم فرشتہ "بادشاہ وزیر میں ایلچی پیغام لے جانے والا" قرار دیا ہے۔(تفسیر القرآن۔جلدا ۔صفحہ۲۶)

خدا اور پیغمبر میں کوئی واسطہ نہیں ہے۔ خود خدا ہی پیغمبر کے دل میں وحی جمع کرتا ہے۔ وہی پڑھتا ہے وہی مطلب بتاتا ہے۔ اور یہ سب کام اسی فطری قوت نبوت کے ہیں جو خدا تعالیٰ نے مثل دیگر قویٰ انسانی کے انبیاء میں بمقتضائے ان کی فطرت کے پیدا کی ہے۔ اور وہی قوت ناموس اکبر ہے اور وہی قوت جبریل پیغامبر۔(تفسیر القرآن۔جلدا ۔صفحہ۳۰)

قرآن مجید میں جن کو ملائکہ حفظہ کہا گیا ہے وہی کراماً کاتبین ہی..... حفظہ سے مراد کوئی وجود خارج از انسان مراد نہیں ہے۔ بلکہ حفظہ کا اور کراماً کاتبین کا جن کو مفسرین متحد مانتے ہیں صرف قویٰ انسانی پر اطلاق ہوا ہے۔(تفسیر القرآن۔جلد۷ ۔صفحہ۴۴)

## ☆جنوں کی مخلوق

جہاں جن کے لفظ کا فی الواقع ایک مخلوق مستقل پر اطلاق ہوا ہے اس سے جنگلی اور وحشی انسان مراد ہیں۔ جو پوری پوری تمدنی حالت میں نہیں ہیں۔(تفسیر القرآن۔جلد۵ ۔صفحہ۱۶۵)

ان وحشی اور جنگلی اور پہاڑی آدمیوں پر جو حضرت سلیمانؑ کی سرکار میں عمارت کے لئے پہاڑ سے پتھر لاتے اور جنگلوں سے لکڑی کاٹنے کا کام کرتے تھے۔ قرآن مجید میں جن کا اطلاق

Marfat.com

ہوا ہے۔(تفسیر القرآن۔جلد۵ ۔صفحہ۱۶۷)

## ☆ شیطان کی اصلیت

○ میں شیطان کے وجود کا قائل ہوں مگر انسان ہی میں وہ موجود ہے۔خارج عن الانسان نہیں ۔ (تہذیب الاخلاق۔جلد۲ ۔صفحہ۳۳۱)

○ لفظ شیطان سے اگر کوئی وجود خارج من الانسان مراد لیا جائے تو ضرور قرآن مجید کو نعوذ باللہ غلط یا خلاف واقعہ ماننا پڑے گا۔کیونکہ حقیقت میں کوئی وجود خارجی مغوی للانسان موجود نہیں ہے ۔ (تہذیب الاخلاق۔جلد۲ ۔صفحہ۲۱۱)

○ جو لوگ اس کے قائل ہوئے ہیں انہوں نے خود اپنی صورت ہی آئینہ میں دیکھی ہے۔(تہذیب الاخلاق۔جلد۲ ۔صفحہ۲۱۱)

## ☆ معجزات و کرامات پر اعتقاد

○ انسان کے دین اور دنیا اور تمدن و معاشرت بلکہ زندگی کی حالت کو کرامت اور معجزہ پر یقین یا اعتقاد رکھنے سے زیادہ خراب کرنے والی کوئی چیز نہیں ہے۔(مقالات سرسیّد۔جلد۱ ۔صفحہ۱۲۳)

## ☆ آتش نمرود

○ حالانکہ قرآن مجید کی کسی آیت میں اس بات پر نص نہیں ہے کہ حضرت ابراہیمؑ درحقیقت آگ میں ڈالے گئے تھے۔بے شک ان کے لیے آگ دہکائی گئی تھی اور ڈرایا گیا تھا کہ ان کو آگ میں ڈال کر جلا دیں گے ۔مگر یہ بات کہ درحقیقت وہ آگ میں ڈالے گئے ،قرآن مجید سے ثابت نہیں ہے۔(تفسیر القرآن۔جلد۸ ۔صفحہ۲۰۶۔۲۰۸)

○ خدا نے ہم کو قانون فطرت یہ بتایا کہ آگ جلا دینے والی ہے۔پس جب تک یہ قانون فطرت قائم ہے اس کے برخلاف ہونا ایسا ہی ناممکن ہے جیسے کہ قولی وعدہ کے برخلاف ہونا ناممکن ہے۔ (تحریر فی اصول التفسیر۔صفحہ۴۰)

Marfat.com

## ☆مردہ پرندوں کا احیاء

یہ قصہ.....ایک رویا حضرت ابراہیمؑ کا ہے۔انہوں نے رویا میں خدا سے کہا کہ مجھ کو دکھلا یا بتا کہ تو کس طرح مردے کو زندہ کرے گا۔پھر خواب ہی میں خدا کے بتلانے سے انہوں نے چار پرند جانور لیے اوران کا قیمہ کر کے ملا دیا اور پہاڑوں پر رکھ دیا۔پھر بلایا تو وہ سب جانور الگ الگ زندہ ہو کر چلے آئے اوران کے دل کو مردوں کے زندہ ہونے سے، جن کے اجزا بعد مرنے کے عالم میں مخلوط ومنتشر ہو جاتے ہیں طمانیت ہوگئی۔(تفسیر القرآن۔جلد ا ۔صفحہ ۲۹۲)

## ☆حضرت یونس علیہ السلام کے معجزات

حضرت یونسؑ کے قصے میں اس بات پر قرآن مجید میں کوئی نص صریح نہیں ہے کہ درحقیقت مچھلی ان کو نگل گئی تھی۔(تحریر فی اصول التفسیر۔مطبع مفید عام آگرہ۔صفحہ ۵۷)

## ☆حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات

عیسائی اور مسلمان دونوں خیال کرتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ صرف خدا کے حکم سے عام انسانی پیدائش کے برخلاف بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے۔(تفسیر القرآن۔جلد ۲ ۔صفحہ ۲۲)

## ☆آسمان پر زندہ اٹھ جانا

حضرت عیسیٰ کو یہودیوں نے نہ سنگ بار کر کے قتل کیا۔نہ صلیب پر قتل کیا بلکہ وہ اپنی موت سے مرے اور خدا نے ان کے درجہ اور مرتبہ کو مرتفع کیا۔(تفسیر القرآن۔جلد ۲ ۔صفحہ ۴۸)

## ☆آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات

بہت بڑا گروہ علماء کا اس بات کا قائل ہے کہ معراج ابتدا سے انتہا تک حالت بیداری میں اور بجسدہ ہوئی تھی مگر اس کے ثبوت کے لیے ان کے پاس ایسی ضعیف دلیلیں ہیں جن سے امر مذکور ثابت نہیں ہو سکتا۔(تفسیر القرآن۔جلد ۶ ۔صفحہ ۷۵)

قرآن مجید میں کہیں بیان نہیں ہوا ہے کہ اسرا یا معراج بجسدہ وحالت بیداری میں ہوئی تھی۔

Marfat.com

(تفسیر القرآن۔جلد۶ ۔صفحہ۸۰)

ہ شق قمر کا ہونا محض غلط ہے اور بانی اسلام نے کہیں اس کا دعویٰ نہیں کیا۔(تصانیف احمدیہ۔ مطبع انسٹیٹیوٹ، پریس علی گڑھ۔حصہ ا ۔جلد ا ۔صفحہ۲۱)

## ☆حجر اسود کا ورود

ہ جو حدیثیں نسبت حجر اسود کے بارے میں وارد ہیں کہ وہ بہشت کا پتھر ہے اور چنیں وچناں۔ وہ ضعیف ہیں۔سند کامل نہیں رکھتیں۔(خطوط سرسیّد۔صفحہ۸۲)

جو بات محقق ہے وہ یہ ہے کہ خانہ کعبہ کی بناء ہونے سے پہلے یہ حجر اسود ایک میدان میں اکیلا پڑا ہوا تھا۔(خطبات احمدیہ۔صفحہ۱۲۸)

صحیح بات صرف اس قدر ہے کہ یہ پتھر جبل ابوقبیس کا ''جو مکہ کہ پاس ہے'' ایک پتھر ہے۔(خطبات احمدیہ۔صفحہ۳۱۲)

## ☆زمزم

ہ زمزم کی نسبت ایسی ایسی دور از کار روایتیں مشہور ہیں جن میں سے ایک بھی معتبر اور مذہب اسلام کے بموجب صحیح نہیں ہے۔جتنا کہ یہ چشمہ پرانا ہے اور اسی قدر تقدس آمیز اور تعجب خیز مبالغہ سے وہ روایتیں بنائی گئی ہیں۔(الخطبات الاحمدیہ علی العرب والسیرۃ المحمدیہ۔مطبع مسلم پرنٹنگ ورکس لاہور۔صفحہ۳۳۶)

## ☆طوفان نوح علیہ السلام

ہ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے ہاں کے علماء نے صرف یہودیوں کی پیروی کر کے طوفان کا عام ہونا قرآن مجید سے نکالنا چاہا تھا ورنہ ہمارے قرآن مجید سے عام ہونا طوفان کا نہیں پایا جاتا۔(تبیین الکلام فی تفسیر التوراۃ والانجیل علی ملۃ الاسلام۔مطبع پرائیویٹ پریس سرسیّد غازی پور علی گڑھ۔جلد۲۔ صفحہ۳۱۲)

Marfat.com

## ☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ امام مہدی

ہمارے نزدیک تو نہ حضرت عیسیٰ آسمان پر سے اترنے والے ہیں۔ نہ مہدی موعود پیدا یا ظاہر ہونے والے ہیں۔ (آخری مضامین۔ مرتبہ امام الدین گجراتی۔ مطبع رفاہ عام پریس لاہور۔ صفحہ ۱۰۴)

مہدی کے آنے کی کوئی پیش گوئی مذہب اسلام میں ہے ہی نہیں۔ بلکہ وہ سب ایسی ہی جھوٹی روایتیں ہیں جیسے کہ دجال اور مسیح کے آنے کی۔ (تہذیب الاخلاق۔ جلد ۲ ۔ صفحہ ۴۳۲)

## ☆ یاجوج وماجوج کی ماہیت

ہمارے نزدیک..... یاجوج وماجوج تاتاری ترکوں کی ایک قوم تھی۔ اور اب بھی ہے۔ جو چین کے کنارہ پر آباد تھی۔ جن کے فسادات اور لوٹ مار روکنے کو چین کے ایک بادشاہ نے ایک دیوار بنائی تھی جواب بھی ٹوٹی پھوٹی موجود اور عجائبات دنیا میں شمار ہوتی ہے۔ اور قوم یاجوج ماجوج نہ کہیں قید ہے اور نہ کہیں بند ہے۔ (ازالۃ الغین ۔ صفحہ ۱۲)

اب اس زمانہ میں تمام تاتار پر جو یاجوج وماجوج کی قوم ہے، چینیوں کی عمل داری ہے۔ جو چینی ترکستان کے نام سے موسوم ہے۔ یاجوج وماجوج یعنی تاتاری قوم تمام دنیا میں پڑے پھرتے ہیں۔ نہ کسی کے کان بڑے ہیں اور نہ کسی کا گوشت کھاتے ہیں۔ خاصے بھلے چنگے آدمی ہیں۔ (ازالۃ الغین عن ذی القرنین۔ مطبع مفید عام اکبر آباد۔ صفحہ ۲۵)

قرب قیامت کے یاجوج وماجوج کا نکلنا عیسائیوں اور یہودیوں کا اعتقاد ہے۔ قرآن مجید سے اس کا کچھ ثبوت نہیں۔ (تفسیر القرآن۔ جلد ۸ ۔ صفحہ ۲۵۳)

## ☆ عذاب قبر

اگر عذاب قبر میں گنہ گاروں کی نسبت سانپوں کا چمٹنا اور کاٹنا بیان کیا جائے تو اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ درحقیقت سچ مچ کے یہ سانپ جن کو ہم دنیا میں دیکھتے ہیں۔ مردے کو چمٹ جاتے ہیں۔ بلکہ جو کیفیت کہ گناہوں سے روح کو حاصل ہوتی ہے اس کا حال انسانوں میں اس رنج وتکلیف ومایوسی

Marfat.com

کی مثال سے پیدا کیا جاتا ہے جو دنیا میں سانپوں کے کاٹنے سے انسان کی ہوتی ہے۔عام لوگ اور کٹ ملا اس کو واقعی سانپ سمجھتے ہیں۔(تہذیب الاخلاق۔مرتبہ منشی فضل الدین۔طبع مصطفائی پریس لاہور۔جلد۲ ۔صفحہ۱۶۵)

## ☆ لامذہبی اور اسلام

اسلام ایک سیدھا سادھا بے کھسر و سیع مذہب ہے۔کہ لامذہبی بھی جو لوگوں نے اپنے خیال میں سمجھ رکھی ہے درحقیقت اسلام ہی کا ایک نام ہے۔عدم محض کا تو وجود ہی نہیں ہے۔پس لامذہب بھی کوئی نہ کوئی مذہب رکھتا ہوگا اور وہی اسلام ہے۔(مقالات سرسیّد۔جلد۱ ۔صفحہ۱۷)

## ☆ سمت قبلہ

نماز کے لیے کسی طرف منہ کرنا اور سمت قبلہ ٹھہرانا اسلام کے اصلی اور لازمی احکام میں سے نہیں ہے۔(تفسیر القرآن۔طبع انسٹیٹیوٹ پریس علی گڑھ۔جلد۸ ۔صفحہ۲۰۵)

## ☆ اہل کتاب کا ذبیحہ

.....میں نے یہ بات لکھی اور اس پر عمل بھی کیا کہ عیسائیوں کے ہاتھ کے مارے ہوئے جانور کو جس طرح پر کہ ان کے علماء کے نزدیک مارنا درست ہو اور گو وہ طریقہ کیسا ہی ہمارے مذہب کے طریق ذبح سے مختلف یا متناقض ہو اور اگر بموجب ہمارے اصول مذہب کے اس پر ذبیحہ کا اطلاق ہی نہ ہو سکتا ہو، کھانا شرعاً درست ہے۔(مسافرانِ لندن۔مرتبہ شیخ اسماعیل پانی پتی۔طبع مجلس ترقی ادب لاہور۔صفحہ۱۶۱)

اگر اہل کتاب کسی جانور کی گردن توڑ کر مار ڈالنا یا سر پھاڑ کر مار ڈالنا زکوٰۃ سمجھتے ہوں تو بھی اس کا کھانا درست ہے۔(احکام طعام اہل کتاب۔طبع منشی نول کشور کانپور۔صفحہ۱۷)

## ☆ عیسائیوں کے ساتھ دوستی

قرآن مجید کے موافق اگر کوئی فرقہ ہمارا دوست ہو سکتا ہے تو وہ عیسائی ہیں۔(مکتوبات سرسیّد۔صفحہ۲۱)

Marfat.com

## ☆مرزا غلام احمد قادیانی کا الہامی دعویٰ

حضرت مرزا صاحب کی نسبت زیادہ کدوکاوش کرنی بے فائدہ ہے۔ایک بزرگ زاہد۔نیک بخت آدمی ہیں۔جو کچھ خیالات ان کو ہو گئے ہیں، ہو گئے ہوں۔بہت سے نیک آدمی ہیں جن کو اس قسم کے خیالات پیدا ہو چکے ہیں۔ہم کو ان سے نہ کچھ فائدہ ہے نہ کچھ نقصان۔ان کی عزت اور ان کا ادب کرنا بسبب ان کی بزرگی اور نیکی کے لازم ہے۔ان کے خیالات کی صداقت وغیر صداقت سے بحث محض بے فائدہ ہے۔ہمارے مفید صرف ہمارے اعمال ہیں۔ان کے اچھے ہونے پر کوشش چاہیے۔(خطوط سرسیّد۔صفحہ ۳۴۲)

## ☆ مودودی صاحب

☆مودودی صاحب کہتے ہیں۔

''میں نے دین کو حال یا ماضی کے اشخاص سے سمجھنے کی بجائے ہمیشہ قرآن وسنت ہی سے سمجھنے کی کوشش کی ہے۔اس لئے میں کبھی یہ معلوم کرنے کے لئے کہ خدا کا دین مجھ سے اور ہر مومن سے کیا چاہتا ہے کہ دیکھنے کی کوشش نہیں کرتا کہ فلاں اور فلاں بزرگ کیا کہتے ہیں۔بلکہ صرف یہ دیکھنے کی کوشش کرتا ہوں کہ قرآن کیا کہتا ہے اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) نے کیا کہا''۔

(روئیداد جماعت اسلامی حصہ سوم۔صفحہ ۳۷)

## مودودی صاحب کا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بارے میں عقیدہ

''رسول خدا کے سوا کسی انسان کو معیار حق نہ بنائے۔کسی کو تنقید سے بالاتر نہ سمجھے۔کسی کی ذہنی غلامی میں مبتلا نہ ہو۔ہر ایک کو خدا کے بتائے ہوئے اسی معیار کامل پر جانچے اور پرکھے اور جو اس معیار کے لحاظ سے جس درجہ میں ہو اس کو اسی درجہ میں رکھے''۔(دستور جماعت اسلامی پاکستان۔صفحہ ۱۴)

مزید ارشاد ہے۔

''معیار حق تو صرف اللہ کا کلام اور اس کے رسول کی سنت ہے۔صحابہ معیار حق نہیں ہیں بلکہ اس

Marfat.com

معیار پر پورے اترتے ہیں۔اس کی مثال یہ ہے کہ کسوٹی سونا نہیں ہے لیکن سونے کا سونا ہونا کسوٹی پر کسنے سے ثابت ہوتا ہے"۔(ترجمان القرآن۔اگست ۱۹۷۶ء صفحہ ۲۸۰/۴۰)

## ☆ مودودی صاحب کا انبیاء کی عصمت کے بارے میں عقیدہ

"عصمت انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے لوازم ذات سے نہیں۔اور ایک لطیف نکتہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بالارادہ ہر نبی سے کسی نہ کسی وقت اپنی حفاظت اٹھا کر ایک دو لغزشیں ہو جانیدی ہیں"۔ (تفہیمات۔جلد۲۔صفحہ ۵۷۔طبع ششم۔)

## ☆ مودودی صاحب کا اصول حدیث کے بارے میں عقیدہ

"اصول روایت کو تو چھوڑیئے کہ اس دور تجدید میں اگلے وقتوں کی بکواس کون سنتا ہے"۔(ترجمان القرآن جلد ۱۴۔شمارہ ۲۔صفحہ ۱۱۱)

مزید فرماتے ہیں۔

"آپ کے نزدیک ہر اس روایت کو حدیث رسول جان لینا ضروری ہے جسے محدثین سند کے لحاظ سے صحیح قرار دیں لیکن ہمارے نزدیک یہ ضروری نہیں.....دین کا فہم جو ہمیں حاصل ہوا ہے اس کا لحاظ بھی کیا جائے اور حدیث کی وہ مخصوص روایت جس معاملہ سے متعلق ہے اس معاملہ میں قوی تر ذرائع سے جو سنت سے ثابت ہو ہم کو معلوم ہو اس پر بھی نظر ڈالی جائے۔علاوہ بریں اور بھی متعدد پہلو ہیں جن کا لحاظ کیے بغیر ہم کسی حدیث کی نسبت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کر دینا درست نہیں سمجھتے"۔(رسائل ومسائل۔جلد اول۔صفحہ ۲۹۰)

☆ مودودی صاحب کے نزدیک "حنفی۔سنی۔دیوبندی۔اہل حدیث۔بریلوی۔شیعہ وغیرہ جہالت کی پیداوار ہیں"۔(خطبات مودودی۔صفحہ ۱۲۸)

مودودی صاحب فرماتے ہیں۔

"ہمارا ایمان ہے کہ اس ایک دعوت اور طریقہ کار کے علاوہ دوسری تمام دعوتیں اور طریقہائے کار سراسر باطل ہیں"۔(ترجمان القرآن۔جلد ۲۶۔شمارہ ۳۔صفحہ ۱۱۱)

Marfat.com

## ☆جماعت اسلامی کے طریقہ کار

جماعت اسلامی کے طریقہ کار کے بارے میں مودودی صاحب فرماتے ہیں۔

''تخریبی تنقید کے بغیر وہ الفت وشیفتگی دور نہیں کی جاسکتی جو لوگوں کو رائج الوقت خیالات اور طریقہائے عمل سے طبعی طور پر ہوا کرتی ہے۔ لہٰذا تخریب کے بغیر یا ناکافی تخریب کے ساتھ نئی تعمیر کا نقشہ پیش کر دینا سراسر نادانی ہے''۔ (ترجمان القرآن۔ جلد ۱۴۔ شمارہ ۲۔ صفحہ ۱۳۴)

## ☆ مودودی صاحب کا مذہب

مودودی صاحب اپنے مذہب کے بارے میں فرماتے ہیں۔

○ ''میں نہ مسلک اہل حدیث کو اس کی تمام تفصیلات کے ساتھ صحیح سمجھتا ہوں اور نہ حنفیت یا شافعیت ہی کا پابند ہوں''۔ (رسائل ومسائل۔ جلد اول۔ صفحہ ۲۳۵)

## ☆تقلید کے بارے میں مودودی صاحب کی رائے۔

○ ''میرے نزدیک صاحب علم آدمی کے لئے تقلید ناجائز اور گناہ بلکہ اس سے بھی شدید تر چیز ہے''۔ (رسائل ومسائل۔ جلد اول۔ صفحہ ۲۴۴)

''میں نے دین کو حال یا ماضی کے اشخاص سے سمجھنے کی بجائے ہمیشہ قرآن وسنت سے سمجھنے کی کوشش کی ہے''۔ (ترجمان القرآن۔ مارچ تا جون ۱۹۴۵ء)

''تم سے یہ کس نے کہا کہ قرآن کو ہاتھ نہ لگاؤ اور اپنے لیے انسانوں کی لکھی ہوئی کتابوں کو کافی سمجھو۔ اس بازپرس کے جواب میں امید نہیں کہ کسی عالم دین کو کنز الدقائق اور ہدایہ اور عالمگیری کے مصنفین کے دامنوں میں پناہ مل سکے گی''۔ (حقوق الزوجین۔ صفحہ ۹۶)

☆مودودی صاحب بڑی ڈاڑھی کے بارے میں لکھتے ہیں۔ ''اس قسم کی چیزوں کو سنت قرار دینا اور پھر ان کی اتباع پر اصرار کرنا ایک سخت قسم کی بدعت اور خطرناک تحریف دین ہے۔

○ (رسائل ومسائل۔ صفحہ ۲۰۸)

Marfat.com

☆ مودودی صاحب رسائل ومسائل جلداول۔صفحہ۱۸۵پر فرماتے ہیں کہ حدیث میں صرف ڈاڑھی رکھنے کا حکم ہے۔جتنی بھی رکھی جائے حدیث پر عمل ہوجائے گا۔اسی طرح زکوۃ کی تملیک کے بھی قائل نہیں۔ترجمان القرآن ۔نومبر۱۹۵۴ء ۔صفحہ۱۲۶پر مفروضہ استفتاء کے تحت جمع بین الاختین (ایک وقت میں دو بہنوں کو نکاح میں رکھنا) کے بارے میں نص قرآنی کے خلاف فتویٰ دیا۔اسی طرح ترجمان القرآن ۔اگست۱۹۵۵ء میں بوقت ضرورت جواز متعہ کا فتویٰ شائع فرمایا۔ حالانکہ پوری امت کا اس پر اجماع ہے کہ متعہ قیامت تک کے لئے حرام ہے۔اور متعہ مروجہ اسلام میں ایک لمحہ کے لئے بھی حلال نہیں ہوا۔بعض حضرات نے جواز ثابت کرنے کے لئے ایک فرضی صورت پیش کی کہ اگر سمندری حادثہ میں کسی بے آباد جزیرہ پر ایک مرد اور عورت پہنچ جائیں جہاں ان کے علاوہ کوئی اور نہ ہو۔تو پھر وہ کیا کریں گے؟۔جواز ثابت کرنے والوں نے یہ نہ سوچا کہ اگر یہ مرد اور عورت ماں بیٹا یا بہن بھائی ہوں تو پھر یہ کیا تاویل کریں گے؟۔

مودودی صاحب کے نزدیک ''یہ دعویٰ کرنا صحیح نہیں ہے کہ بخاری میں جتنی احادیث درج ہیں ان کے مضامین کو بھی جوں کا توں بلاتنقید قبول کرلینا چاہیے''۔(ترجمان القرآن۔اکتوبر ۔نومبر ۱۹۵۲ء صفحہ۱۱۷)

''آپ کے نزدیک ہر اس روایت کو حدیث رسول مان لینا ضروری ہے جسے محدثین سند کے اعتبار سے صحیح قرار دیں۔لیکن ہمارے نزدیک یہ ضروری نہیں ہے۔ہم سند کی صحت کو حدیث کے صحیح ہونے کی لازمی دلیل نہیں سمجھتے .....اس کے ساتھ ہم یہ بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ متن پر غور کیا جائے۔قرآن وحدیث کے مجموعی علم سے دین کا جو فہم ہمیں حاصل ہوا ہے اس کا لحاظ بھی کیا جائے''۔

(رسائل ومسائل حصہ اول صفحہ۲۹۰)

''لیکن فن حدیث کی ان کمزوریوں کی بناء پر جن کا میں نے ذکر کیا ہے ہم اس امر کا التزام نہیں کرسکتے کہ محض علم روایت کی بہم پہنچائی ہوئی روایات پر پورا پورا اعتماد کرکے ہر اس حدیث کو ضرور ہی حدیث رسول تسلیم کرلیں جسے اس علم کی رو سے صحیح قرار دیا گیا ہو''۔(رسائل ومسائل حصہ اول صفحہ۲۹۲)

Marfat.com

## ☆ مودودی صاحب کا دجال کے بارے میں عقیدہ

پوری امت کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس پیش گوئی کے سچا ہونے پر اجماع ہے کہ قرب قیامت میں دجال آئے گا۔ لیکن مودودی صاحب کہتے ہیں ساڑھے تین سو سال گزرنے پر بھی دجال ظاہر نہیں ہوا۔ اس سے اس کی حقیقت واضح ہوگئی۔ (رسائل ومسائل۔ صفحہ ۵۵)

نیز فرماتے ہیں۔ ''کانا دجال وغیرہ تو افسانے ہیں جن کی کوئی شرعی حیثیت نہیں''۔ (رسائل ومسائل ۔جلد اول۔ صفحہ ۴۸)

## ☆ مرزائی

☆ مودودی صاحب کی ہدایات اور دستخط سے جماعت اسلامی ذیلدار پارک اچھرہ لاہور کے پیڈ پر ایک خط ۱۹۶۸۔۱۔۲۹ کو بحوالہ ۲۲۷ جاری کئے گئے۔ جس میں وہ مرزائیوں کی لاہوری جماعت کو کافر نہیں مانتے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**جماعت اسلامی پاکستان**

۵۔اے ذیلدار پارک اچھرہ لاہور

فون نمبر ۲۵۰۷

حوالہ 227

تاریخ 2/9/10/68

محترمی و مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ

آپ کا خط ملا۔ مرزائیوں کی لاہوری جماعت کفر و اسلام کے درمیان معلق ہے۔ یہ نہ ایک مسلمی نبوت سے بالکل برأت ہی ظاہر کرتی ہے کہ اس کے افراد کو مسلمان قرار دیا جا سکے۔ نہ اس کی نبوت کا مان افراز ہی کرتی ہے کہ اس کی تکفیر کی جا سکے۔

خاکسار

غلام علی

معاون خصوصی مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی

یہ جواب میری ہدایات کے مطابق ہے

ابوالاعلیٰ

Marfat.com

## ☆ مودودی صاحب کا تقلید کے بارے میں عقیدہ

مودودی صاحب قرآن وسنت کے اتنے شیدائی ہیں کہ کسی کی تقلید کو جائز نہیں سمجھتے حتی کہ ماضی کے اشخاص صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین۔ائمہ مجتہدین۔سلف صالحین میں سے کسی سے بھی دین سمجھنا اپنے لیے جائز نہیں سمجھتے۔بلکہ قرآن وسنت سے براہ راست سمجھنے کے قائل ہیں۔گویا اشخاص ماضی اور بزرگان دین قرآن وسنت کو ہاتھ نہ لگاتے تھے۔اور ہدایہ۔کنز۔اور عالمگیری کے مصنفین خلاف قرآن اپنی کتابوں میں درج کر گئے۔جس کے باعث کسی عالم دین کو اس باز پرس کے جواب میں ان کے دامن میں پناہ نہ ملے گی۔کہ تم نے قرآن کو ہاتھ نہ لگایا تھا۔اور ان کتابوں میں جو کہ خلاف قرآن تھیں اس کو مانتے رہے۔العیاذ باللہ۔

اگر کسی صحابی کی تقلید جائز نہیں بلکہ گناہ سے شدید تر ہے تو مودودی صاحب کی اطاعت وتقلید کیوں ضروری ہو؟۔

مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمہ اللہ احسن الفتاویٰ جلد ا۔صفحہ ۳۰۶ پر فرماتے ہیں۔

دنیا میں کوئی فن بھی کسی ماہر استاد کی تربیت کے بغیر حاصل نہیں کیا جاسکتا۔کوئی شخص دنیا بھر کی طب قدیم وجدید کی تمام کتابوں کا مطالعہ کر لے مگر جب تک وہ ماہرین فن سے تربیت حاصل نہ کرے اسے علاج کی اجازت نہیں دی جاتی۔گھر بیٹھے وکالت کا نصاب پڑھ لینے سے کوئی وکیل نہیں بن سکتا۔صرف کتابوں کے مطالعہ سے کبھی کوئی انجینئر نہیں بنا۔نہ ہی کوئی خوانِ نعمت پڑھ کر باورچی یا حلوائی بن سکا۔ہر علم وفن کے لیے ماہر استاد کی ضرورت ہے۔اسی طرح قرآن وحدیث سمجھنے کے لیے رجال اللہ کی اس جماعت کی کتابوں کا مطالعہ کافی نہیں بلکہ ان سے بالمشافہہ باقاعدہ تعلیم حاصل کیے بغیر قرآن وحدیث کا علم حاصل نہیں ہوسکتا۔حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بالمشافہہ علم حاصل کیا پھر ان سے تابعین نے بالمشافہہ تعلیم پائی اور ان سے تبع تابعین نے۔اسی طرح بامشافہہ تعلیم وتعلّم کا یہ سلسلہ چلا آرہا ہے۔کسی ماہر استاد سے بالمشافہہ تعلیم پائے بغیر قرآن وحدیث سمجھنے کا دعویٰ بالکل باطل ہے۔اگر کتاب سمجھنے کے لئے معلم کی ضرورت نہیں تو اللہ

Marfat.com

تعالیٰ نے آسمانی کتابوں کو سمجھانے کے لئے رسولوں کو معلم کیوں بنایا؟۔ ویسے ہی کتاب نازل کر دی جاتی۔ لوگ خود ہی اسے سمجھ کر اس پر عمل کرتے رہتے۔

صحیح بخاری میں حدیث ہے کہ علم کسی سیکھے بغیر حاصل نہیں ہو سکتا۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔

وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من یرداللہ بہ خیرایفقھہ فی الدین وانماالعلم بالتعلم (صحیح بخاری باب العلم قبل القول والعمل )قال الحافظ رحمہ اللہ تعالیٰ ھوحدیث مرفوع ایضااوردہ ابن ابی عاصم والطبرانی من حدیث معاویۃ ایضابلفظ یاایھاالناس تعلموا انماالعلم بالتعلم والفقہ بالتفقہ ومن یرداللہ بہ خیرا یفقھہ فی الدین اسنادہ حسن لان فیہ مبھمااعتضدبمجیئہ من وجہ أخروروی البزارنحوہ من حدیث ابن مسعود موقوفاورواہ ابونعیم الاصبھانی مرفوعاوفی الباب عن ابی الدرداء وغیرہ فلایغتربقول من جعلہ من کلام البخاری والمعنی لیس العلم المعتبرالاالماخوذمن الانبیاء وورثتھم علی سبیل التعلم

(فتح الباری۔ جلد ا صفحہ ۱۴۷)

☆ مودودی صاحب نے اپنی تحریر میں حضرت عثمانؓ بھی پر طعن کیا ہے۔ جس کا مختصر جواب پیش ہے۔ جو حضرت مولانا عبدالستار تونسوی دامت برکاتہم نے عادلانہ دفاع میں تحریر فرمایا ہے۔

## ☆ اقرباء کو مال دینے کا الزام

اقرباء کو مال دینے کے الزام کی صفائی خود حضرت عثمانؓ نے فرمادی تھی۔ کہ میں اپنے ذاتی مال سے دیتا ہوں۔ حتی کہ یہاں تک فرمایا کہ میں اپنا خرچ بھی اپنے ذاتی مال سے کرتا ہوں۔ بیت المال سے اپنے لیے یا اپنے اقرباء کے لیے ایک پیسہ تک نہیں لیتا۔ یہ ملحد لوگ بہتان اور غلط الزام لگاتے ہیں۔ (طبری صفحہ ۳۸۵ جلد ۳) غور فرمایئے۔ جو چیز ملحد و بے دین لوگ بطور بہتان حضرت عثمانؓ کے خلاف کہتے تھے۔ اور اس کی تردید و صفائی بھی خود حضرت عثمانؓ نے اس وقت کر دی تھی اسی کو آج کے محقق و جدید مجتہد قوم کے سامنے اس طور سے پیش کرتے ہیں کہ گویا یہ ایک ایسی حقیقت ہے جو

Marfat.com

تواتر وتوارث سے ثابت شدہ ہے۔اور قرآن مجید کی طرح نا قابل انکار۔سبحانك هذابهتان عظيم۔

اسی طرح یہ بات کہ حضرت عثمانؓ نے اپنے اقرباء کو عہدے دیے۔یہ بھی ایک بے جا اور غلط اعتراض ہے۔کیونکہ حضرت عثمانؓ کے عمال وعہدے داروں کی تعداد پچیس سے تیس کے درمیان ہے۔ جن میں سے صرف دو یا تین عامل ہی آپ کے رشتہ دار ہیں۔باقی سب دوسرے خاندانوں سے ہیں۔

حضرت عثمانؓ کے عاملوں کی فہرست حسب ذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | عبداللہ بن الحضرمی | عاملِ مکہ |
| ۲۔ | یعلی بن امیہ تمیمی | یمن |
| ۳۔ | قاسم بن ربیعہ | طائف |
| ۴۔ | ابوالاعور بن سفیان سلمی | اردن |
| ۵۔ | حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ (صحابی) | کوفہ |
| ۶۔ | حبیش | مامبذان |
| ۷۔ | حبیب بن مسلمہ فہری | قنسرین |
| ۸۔ | جریر بن عبداللہ بجلیؓ (صحابی) | قرقیسیا |
| ۹۔ | حکیم بن سلامہ الخزامی | موصل |
| ۱۰۔ | سعید بن قیس | رے |
| ۱۱۔ | سائب بن اقرع | اصفہان |
| ۱۲۔ | اشعث بن قیس الکندیؓ (صحابی) | آذربائیجان |
| ۱۳۔ | عبداللہ بن ربیعہ العنزی الجند | |
| ۱۴۔ | عبدالرحمٰن بن خالد بن ولیدؓ | حمص |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵۔ | علقمہ بن حکیم کنعانی | فلسطین |
| ۱۶۔ | عتبہ بن النہاس | حلوان |
| ۱۷۔ | عبداللہ بن سعد بن ابی سرحؓ | مصر |
| ۱۸۔ | عبداللہ بن عامر بن کریز امویؓ | بصرہ |
| ۱۹۔ | حضرت معاویہ بن ابوسفیانؓ | شام |
| ۲۰۔ | مالک بن حبیب الیربوعی | باہ |
| ۲۱۔ | النسیر | ہمدان |

---

ان عاملوں کے علاوہ دوسرے عہدہ داران

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | ابوالدرداءؓ (صحابی) | قاضی دمشق |
| ۲۔ | جابرالمزنی | برخراجِ سواد |
| ۳۔ | زید بن ثابتؓ (صحابی) | قاضی مدینہ منورہ |
| ۴۔ | سماک انصاری | برخراجِ سواد |
| ۵۔ | القعقاعؓ بن عمرو (صحابی) | امیر افواج کوفہ |
| ۶۔ | عقبہ بن عمرو | محافظ بیت المال |
| ۷۔ | مروان بن الحکم اموی | کاتب |

---

اس ساری فہرست میں بنوامیہ کے صرف تین آدمی ہیں۔

جن میں سے حضرت معاویہؓ کو حضرت عمرؓ نے عامل بنایا تھا۔ حضرت عثمانؓ نے تو بنوامیہ کے صرف دو آدمی رکھے۔ باقی تمام عامل وعہدے دار دوسرے قبائل کے تھے۔ ان دو حضرات کے علاوہ بنوامیہ میں سے حضرت سعید بن العاص اور حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہما کو عامل بنا کر لوگوں کی جائز یا

Marfat.com

ناجائز شکایات کی بناء پر حضرت عثمانؓ نے خود معزول فرمادیا تھا۔صرف ایک رشتہ دار حضرت عبداللہ بن سعد بن ابی سرحؓ جو بنوامیہ میں سے تو نہیں ہاں حضرت عثمانؓ کے سوتیلے مادری بھائی تھے۔ان کو برقرار رکھا۔کیونکہ وہ بہت بہادر اور امور سلطنت میں انتظامی صلاحیتوں کے مالک تھے۔اور بری اور بحری لڑائیوں میں بڑے بڑے کارہائے نمایاں انجام دے چکے تھے۔جن کے باعث ان کو برقرار رکھا گیا۔

یہ بات بھی مخفی نہ رہے کہ حضرت عثمانؓ کے عہد کے اکثر و بیشتر عمال ایسے تھے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم یا صدیق اکبرؓ یا فاروق اعظمؓ کے مقرر کردہ اور کسی نہ کسی عمل پر مامور و تعینات کردہ تھے۔جن کو حضرت عثمانؓ نے ہٹادینا مناسب نہ سمجھا۔بلکہ ان کو باقی و برقرار رکھنا باعث سعادت جانا۔کیونکہ ان لوگوں کی صلاحیتوں اور قابلیتوں کے باعث صحابہ کرامؓ مہاجرین اولین اور انصار مدینہ کو ان عہدے داروں اور عاملوں کے خلاف کوئی شکایت یا اعتراض و ناراضگی نہ تھی۔جس کی وجہ یہ تھی کہ ان ہی حضرات سابقین اولین مہاجرین و انصار کی موجودگی میں ان کے سامنے خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عتاب بن اسید اموئؓ نوجوان کو مکہ معظمہ کا عامل بنایا۔جو اپنی وفات تک عمر بھر اسی عہدہ پر رکھے گئے۔حتیٰ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صدیق اکبرؓ نے بھی ان کو برقرار رکھا۔اسی طرح آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام انصار و مہاجرین سابقین اولین پر حضرت اسامہ بن زیدؓ کو جو غلام آزاد شدہ کے بیٹے اور کم عمر نوجوان تھے امیر لشکر بنادیا۔تو صحابہ کرامؓ پر یہ تہمت ہے کہ وہ فتح مکہ کے بعد مسلمان ہونے والوں کی امارت و حکومت کو ناپسند یا ناجائز سمجھتے تھے۔کیونکہ جب ان حضرات کے سامنے خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عتابؓ و حضرت اسامہؓ کو عامل و امیر بنایا تھا پھر وہ کیسے اس کو ناجائز کہتے یا ناپسند کر کے اعتراض و شکایت کرتے۔

مودودی صاحب کے بعض معتقدین کہتے ہیں کہ مودودی صاحب نے صحابہؓ اور انبیاء علیہم السلام کے بارے میں جو قابل اعتراض باتیں لکھیں ہیں وہ ان کی اپنی نہیں بلکہ انہوں نے دوسروں کے حوالے نقل کیے ہیں۔(بعض قابل اعتماد ذرائع سے انکشاف ہوا ہے کہ مودودی صاحب کی کتاب

Marfat.com

خلافت وملوکیت مشہور شیعہ مطہر علی کی عربی کتاب ''منہاج الکرامۃ ومعرفۃ الامامۃ'' کا ترجمہ ہے۔)
یاد رہے حوالہ لانا اور بات ہے اور حوالہ بنانا الگ بات ہے۔ چنانچہ حضرت مولانا عبدالستار تونسوی صاحب مدظلہ اپنی کتاب مدلل جواب میں لکھتے ہیں:

ایک ہوتا ہے حوالہ لانا یا حوالہ نقل کرنا اور ایک ہوتا ہے حوالہ بنانا یا حوالہ میں تحریف کرنا۔ حوالہ لانے اور حوالہ بنانے میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔ اہل حق نے کتاب وسنت کے نصوص کی تعبیر وتفسیر اور معنی ومقصد وہی صحیح سمجھا ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول وعمل سے بیان فرمایا ہے۔ یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سمجھا سمجھایا اور عملی صورت میں اختیار کیا۔ جیسے کہ قرآن مجید اور احادیث طیبہ کے الفاظ بھی صحابہ کرامؓ اور ان کے تلامذہ تابعین۔ تبع تابعین۔ ائمہ مجتہدین وسلف صالحین کے ذریعہ نقل ہوتے آئے ہیں۔ اسی طرح ان کے معانی اور تعبیر وتفسیر بھی انہی حضرات کے ذریعہ امت میں محفوظ ومنقول چلے آرہے ہیں۔ اب اگر کوئی شخص الفاظ نصوص تو صحابہؓ وائمہ دین کے نقل کردہ مانے۔ اور ان پر اعتماد واعتبار کرے۔ مگر ان کے معانی ومقاصد اور ان کی تعبیر وتفسیر ان بزرگان کی بیان کردہ کو بے اعتبار وبے کار جانے تو ایسا شخص ان الفاظ کے ذریعہ ایک جدید حوالہ بنانے والا اور حوالہ کی تحریف کرنے والا ہے۔ حوالہ نقل کرنے اور حوالہ لانے والا ہرگز نہیں ہے۔

حوالہ نقل کرنا اور حوالہ لانا تو وہ ہے جو کہ نصوص کے الفاظ اور ان کے منقولہ وماثورہ معانی اور جملہ نصوص متعلقہ کی چھان بین اور تحقیق وتفتیش کے بعد بطور نتیجہ وخلاصہ لایا جاوے۔ اور حوالہ بنانا یہ ہوتا ہے کہ بعض نصوص کے الفاظ کو لے کر ان کا از خود معنی تیار کر لیا جاوے۔ اور دیگر نصوص متعلقہ سے روگردانی کر لی جائے۔ جملہ نصوص متعلقہ میں جس قدر بعد ومخالفت ہو جائے اس کی پرواہ نہ کی جائے اور نصوص کی منقولہ ومتفقہ تعبیر وتشریح کو درخور اعتناء نہ سمجھا جائے۔

مودودی صاحب کے معتقدین ان کی تصنیفی خدمات کے بھی بہت معترف ہیں۔ اس کا حال حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ اپنی عربی کتاب الاستاذ المودودی وشیء من حیاتہ

Marfat.com

وافکارہ میں یوں بیان فرماتے ہیں۔

كماهو لايجيد اللغةالعربيةلاخطابةً ولاكتابةً ولاقراء ةً ماعدافهم، وكل ماظهر من تآليفه بالعربية فهومترجم من الأرد ويةبقلم الشيخ مسعودعالم الندوى و تلاميذه ،وكل رسائله بالعربية من هذا القبيل وإن كان مكتوباعليها"تاليف المودودى"دعايةً وادعاءً ، ظن القوم وخصوصاًعلماء بلادالعرب والسعودية أنه نفسه ألفه بالعربية الفصحى بالأسلوب الأدبى الرائع المتين،

(الاستاذالمودودى صفحہ ۱۰)

اورمودودی صاحب کوعربی بھی اچھی نہیں آتی تھی ۔نہ بولنے میں،نہ لکھنے میں اورنہ پڑھنے میں سوائے سمجھنے کے۔اورمودودی صاحب کی جتنی تالیفات عربی میں ہیں وہ ساری کی ساری مولانا مسعودعالم ندوی اوران کے شاگردوں ذریعے اردو سے عربی میں ترجمہ کروائی گئی ہیں۔

اسی طرح ان کے عربی کتابچوں کا بھی یہی حال ہے۔اگرچہ ان پرتالیف المودودی لکھا ہوا ہے۔کئی لوگوں کا خصوصاسعودیہ اورعربی ممالک کے علماء کا یہ گمان ہے کہ یہ عربی کتب مودودی نے خود فصیح عربی اسلوب میں تحریر کئے ہیں۔(حالانکہ ایسانہیں ہے)۔

## ☆جاوید غامدی کے گمراہ کن عقائد

☆یہ بالکل قطعی ہے کہ قرآن کی ایک ہی قراءت ہے۔اس کے علاوہ سب قراءتیں فتنہ عجم کی باقیات ہیں۔(میزان۔صفحہ۳۲)

☆اس (حدیث) سے دین میں کوئی عقیدہ وعمل کا کوئی اضافہ نہیں ہوتا۔(میزان۔صفحہ۶۴)

☆کسی کوکافرقراردینا ایک قانونی معاملہ ہے۔پیغمبراپنے الہامی علم کی بنیادپرکسی گروہ کی تکفیر کرتا ہے۔یہ حیثیت اب کسی کوحاصل نہیں۔(ماہنامہ اشراق۔دسمبر۲۰۰۰ء۔صفحہ۵۴)

- ☆ریاست اگرچاہے تو حالات کی رعایت سے کسی چیز کوزکوٰۃ سے مستثنیٰ قراردے سکتی ہے۔اورجن چیزوں سے زکوٰۃ وصول کرے ان کے لئے عام دستور کے مطابق کوئی نصاب بھی مقرر کرسکتی ہے۔

Marfat.com

(قانون عبادت۔صفحہ۱۱۹)

☆فقہاء کی یہ رائے (کہ ہر مرتد کی سزا قتل ہے) محل نظر ہے۔(برہان۔صفحہ۱۴۰)

☆عورت مردوں کی امامت کروا سکتی ہے۔(ماہنامہ اشراق۔مئی ۲۰۰۵ء۔صفحہ۳۵)

☆عورت نکاح خواں بن سکتی ہے۔(www.urdu.understandingislam.org)

☆مرد اور عورت برابر کھڑے ہو کر جماعت یا انفرادی دونوں طرح سے نماز ادا کر سکتے ہیں۔اس سے دونوں کی نماز میں کوئی نقص واقع نہیں ہوتا۔

(www.urdu.understandingislam.org)

☆اجنبی مردوں کے سامنے عورت بغیر چادر یا بغیر دوپٹہ یا اوڑھنی سر پر لئے آ جا سکتی ہے۔

.....دوپٹہ ہمارے ہاں مسلمانوں کی تہذیبی روایت ہے۔اس کے بارہ میں کوئی شرعی حکم نہیں ہے۔ دوپٹے کو اس لحاظ سے پیش کرنا کہ یہ شرعی حکم ہے اس کا کوئی جواز نہیں۔(ماہنامہ اشراق۔مئی ۲۰۰۲ء۔صفحہ۴۷)

☆یہ (شراب نوشی پر اسّی کوڑوں کی سزا) شریعت ہرگز نہیں ہو سکتی۔(برہان۔صفحہ۱۳۸)

☆یہ بالکل قطعی ہے کہ منکرین حق (کافروں) کے خلاف جنگ اور اس کے نتیجے میں مفتوحین پر جزیہ عائد کر کے انہیں محکوم اور زیر دست بنا کر رکھنے کا حق اب ہمیشہ کے لئے ختم ہو گیا۔(میزان۔ صفحہ۲۷۰)

☆ان علاقوں میں جہاں سور کا گوشت بطور خوراک استعمال نہیں کیا جاتا وہاں اس کی کھال اور دوسرے جسمانی اعضاء کو تجارت اور دوسرے مقاصد کے لئے استعمال کرنا ممنوع قرار نہیں دیا جا سکتا۔(ماہنامہ اشراق۔اکتوبر ۱۹۹۸ء۔صفحہ۷۹۔میزان۔صفحہ۳۲۰)

☆موسیقی انسانی فطرت کا جائز اظہار ہے۔اس لئے اس کے مباح ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔(ماہنامہ اشراق۔مارچ ۲۰۰۴ء۔صفحہ۸)

☆پیغمبروں کے دین میں موسیقی یا آلات موسیقی کو کبھی ممنوع نہیں قرار دیا گیا۔بیشتر مقامات پر اللہ

Marfat.com

کی حمد وثناء کے لئے موسیقی کے استعمال کا ذکر آیا ہے۔(ماہنامہ اشراق۔۱۹۹۶ء۔صفحہ ۶۱)

○ ☆ہمارے نزدیک ڈاڑھی رکھنے کا حکم دین میں کہیں بیان نہیں ہوا۔لہٰذا دین کی رو سے ڈاڑھی رکھنا ضروری نہیں۔ (www.urdu.understandingislam.org)

○ ☆مسلمان لڑکی کی شادی ہندو لڑکے سے جائز ہے۔

(www.urdu.understandingislam.org)

○ ☆ہم جنس پرستی ایک فطری چیز ہے اس لئے جائز ہے۔(غامدی کے ادارہ ''المورد'' کا انگریزی مجلّہ'' RENAISSANCE شمارہ اگست ۲۰۰۵)

○ ☆قیامت کے قریب کوئی امام مہدی نہیں آئے گا۔(ماہنامہ اشراق۔جنوری ۱۹۹۶ء۔صفحہ ۶۰)

○ ☆مسجد اقصیٰ پر مسلمانوں کا نہیں اس پر صرف یہودیوں کا حق ہے۔(ماہنامہ اشراق۔جولائی اگست ۲۰۰۳ء اور مئی جون ۲۰۰۴ء)

☆تصوف فی الواقع ایک متوازی دین ہے۔(برہان۔صفحہ ۱۰۰)

☆اقامت دین یعنی دین کو قائم کرنے اور دین میں شریعت کا نفاذ کرنے کا کوئی شرعی حکم موجود نہیں ہے۔(برہان۔صفحہ ۱۴۷)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد کسی کو کافر قرار نہیں دیا جاسکتا۔(ماہنامہ اشراق۔ دسمبر ۲۰۰۰ء۔صفحہ ۵۴)

☆نزول عیسیٰ کا انکار۔(ماہنامہ اشراق۔جنوری ۱۹۹۶ء۔صفحہ ۶۰)

☆دجال کا خروج ہمارے نزدیک یاجوج وماجوج کا بیان ہے۔دجال ایک اسم صفت ہے جس کے معنیٰ بہت بڑے فریب کار کے ہیں۔(ماہنامہ اشراق۔جنوری ۱۹۹۶ء۔صفحہ ۶۱)

☆اب کسی ہندو کے بارے میں یقین کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا کہ اس نے شرک کی حقیقت واضح ہوجانے کے بعد بھی شرک ہی کو بطور دین اپنا رکھا ہے۔لہٰذا اسے مشرک نہیں قرار دیا جاسکتا۔(ماہنامہ اشراق۔دسمبر ۲۰۰۰ء۔صفحہ ۵۵)

Marfat.com

☆دورحاضر کے اس متجددین کے بارے میں حضرت مولانا مفتی عبدالواحد صاحب ''تحفہ غامدی ''میں رقم طراز ہیں کہ۔

جاوید غامدی صاحب اپنی نامزد ''دبستان شبلی'' کے ایک رکن جناب امین احسن اصلاحی صاحب کے خوشہ چینوں میں سے ہیں۔خود لکھتے ہیں۔

''میں نے امین احسن کو سب سے پہلے 1973ء میں دیکھا اور پھر کسی اور طرف نہیں دیکھا۔میرے لیے اس وقت ان کا دروازہ ''درنکشودہ'' ہی تھا۔لیکن میں نے ہمت کی اور اس دروازے پر بیٹھ گیا''۔

''پھر وہ دروازہ کھلا اور اس طرح کھلا کہ گویا اپنے ہی گھر کا دروازہ بن گیا۔اس دن سے آج تک علم و عمل کی جو دولت بھی ملی ہے خدا کی عنایت سے اور اسی دروازے سے ملی ہے''۔(مقامات)

اور انجام کار یہاں تک لکھتے ہیں:

''فکر فراہی و اصلاحی میرے نزدیک.....ان اصولوں کا نام ہے جو فراہی و اصلاحی نے قرآن و سنت میں تفقہ اور ان سے اخذ و استنباط کے لیے اختیار کیے ہیں۔ان اصولوں کو میں بالکل صحیح سمجھتا ہوں اور اپنی تحقیق میں ہمیشہ انہیں پیش نظر رکھتا ہوں۔''(اشراق:جون 93ء ص 43)

غامدی صاحب کے برعکس ہمارا جس گروہ سے تعلق ہے اس کے بارے میں غامدی صاحب لکھتے ہیں:

''ایک گروہ اس بات پر مصر ہوا کہ نہ دین کو خاص اپنے مکتب فکر کے اصول و مبادی اور اپنے اکابر کی رایوں سے بالاتر ہو کر اور براہ راست قرآن و سنت سے سمجھنا ممکن ہے اور نہ مغربی تہذیب اور اس کے علوم اس کے مستحق ہیں کہ وہ کسی پہلو سے اہلِ دین کی نظروں میں ٹھہریں۔اس گروہ کے بڑوں میں قاسم نانوتوی، رشید احمد گنگوہی، محمود الحسن دیوبندی، انور شاہ کاشمیری، حسین احمد مدنی، اشرف علی تھانوی اور شبیر احمد عثمانی کے نام بہت نمایاں ہیں۔''(مقامات ص 18)

اس عبارت میں غامدی صاحب نے ''اکابر کی رایوں'' کی اصطلاح استعمال کی ہے۔جو اہل زبان کے لیے بہت کوفت کا سبب ہے۔یہاں لفظ ''آراء'' کا استعمال مناسب تھا۔(از مؤلف خلیق

Marfat.com

بخاری عفی عنہ)

اوراس گروہ کے بارے میں غامدی صاحب کا فیصلہ ہے:

''اس گروہ کی عمر پوری ہو چکی۔ اس کی مثال اب اس فرسودہ عمارت کی ہے جو نئی تعمیر کے وقت آپ سے آپ ویران ہو جائے گی۔''

## ☆ غامدی صاحب اور اکابر امت

غامدی صاحب اکابر اور امت کے اتفاق کو بھی رد کر دیتے ہیں جب کہ امین احسن اصلاحی صاحب لکھتے ہیں:

''کسی اجتہاد پر اجتماع ہو جانے کے بعد اس کی حیثیت صرف ایک رائے کی نہیں رہ جاتی بلکہ وہ شریعت کے نصوص کی طرح ایک حجت شرعی بن جاتا ہے جس کی مخالفت کسی کے لیے جائز نہیں۔''

(اسلامی قانون کی تدوین:60)

''اسی طرح ائمہ اربعہ اگر کسی ایک بات پر متفق ہوں تو اس کی حیثیت بھی محض ایک رائے کی نہیں رہ جاتی۔ اگر چہ ہم اس کو اصطلاحی اجماع کا درجہ نہ دے سکیں اور اس سے اختلاف کرنے کو نا جائز نہ ٹھہرائیں۔ (اسلامی قانون کی تدوین:62)

اصلاحی صاحب کی عبارتوں سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ اگر تمام ائمہ مجتہدین کسی ایک بات پر متفق ہوں تو اس سے اختلاف جائز نہیں خواہ ان کی دلیل بظاہر غلط ہی معلوم ہوتی ہو۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ائمہ اربعہ بھی اگر کسی ایک بات پر متفق ہوں تو وہ محض ایک رائے نہیں بلکہ اس سے کچھ اوپر درجہ رکھتی ہے۔ یہ حضرات وہ اکابر ہیں جو خود جاوید غامدی صاحب کے بقول ''علم دین میں مسلمہ حیثیت کے حامل تھے۔'' تو علم دین کے میدان میں بارہ تیرہ صدیوں سے مسلمہ حیثیت کے حامل حضرات جن کی متفق بات محض ایک رائے سے کہیں اونچا درجہ رکھتی ہے۔ اگر امین احسن اصلاحی صاحب اور غامدی صاحب اپنی محض ایک رائے کی بنا پر اس کی مخالفت کریں بلکہ اجماعی مسئلہ کی بھی مخالفت کریں تو ہم اس کے علاوہ اور کیا کہیں کہ ؎ لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

Marfat.com

## ☆ مرتد کی سزا کے بارے میں موقف

غامدی صاحب لکھتے ہیں کہ:

''ارتداد کی سزا کا یہ مسئلہ ایک حدیث کا مدعا نہ سمجھنے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ ابن عباسؓ کی روایت سے یہ حدیث بخاری میں اس طرح نقل ہوئی ہے۔ مَنْ بَدَّلَ دِیْنَہٗ فَاقْتُلُوْہُ (جو شخص اپنا دین تبدیل کرے اسے قتل کر دو)''

ہمارے فقہاء اسے بالعموم ایک حکم عام قرار دیتے ہیں جس کا اطلاق ان کے نزدیک ان سب لوگوں پر ہوتا ہے جو زمانۂ رسالت سے لے کر قیامت تک اس زمین پر کہیں بھی اسلام کو چھوڑ کر کفر اختیار کریں گے۔ ان کی رائے کے مطابق ہر وہ مسلمان جو اپنی آزادانہ مرضی سے کفر اختیار کرے گا اسے اس حدیث کی رو سے لازماً قتل کر دیا جائے گا۔ اس معاملے میں ان کے درمیان اگر کوئی اختلاف ہے تو بس یہ کہ قتل سے پہلے اُسے توبہ کی مہلت دی جائے گی یا نہیں اور اگر دی جائے گی تو اس کی مدت کیا ہونی چاہیے۔ فقہائے احناف البتہ عورت کو اس حکم سے مستثنیٰ قرار دیتے ہیں۔ ان کے علاوہ باقی تمام فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ ہر مرتد کی سزا خواہ وہ عورت ہو یا مرد اسلامی شریعت میں قتل ہی ہے۔'' (برہان ص 127)

غامدی صاحب کی یہ ساری عبارت ہم نے یہ دکھانے کے لیے نقل کی ہے کہ خود غامدی صاحب اس بات کے معترف ہیں کہ مرتد کی بطور حد سزائے موت کے تمام فقہاء قائل ہیں۔ آگے ان سب کے بارے میں غامدی صاحب فتویٰ دیتے ہیں:

''لیکن فقہاء کی یہ رائے کسی طرح صحیح نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حکم تو بے شک ثابت ہے مگر ہمارے نزدیک یہ کوئی حکم عام نہ تھا بلکہ صرف انہی کے ساتھ خاص تھا جس میں آپ کی بعثت ہوئی اور جن کے لیے قرآن مجید میں اُمیین یا مشرکین کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے۔'' (برہان ص 127)

Marfat.com

## ☆ قرأت قرآنیہ کا انکار

پوری امت کا اس پر اتفاق واجماع ہے کہ قرآن پاک کی قرأت کی مختلف نوعیتیں ہیں جن میں سے کئی ایک کا تعلق الفاظ کی ادائیگی سے ہے۔ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں اور اسلامی دنیا میں تواتر سے لاکھوں افراد ان کے پڑھنے پڑھانے میں لگے ہوئے ہیں۔ ان کی بنیاد پر قرآن میں کسی قسم کا کوئی جھگڑا پیدا نہیں ہوا۔ لیکن تیرہ صدیوں بعد علامہ شوکانی، نواب صدیق حسن خان اور امین اصلاحی اور جاوید غامدی جیسے لوگ پیدا ہوئے جن کو پوری امت گمراہی میں مبتلا نظر آئی اور انہوں نے ان قرأتوں کے انکار میں اپنی ہدایت سمجھی۔

غامدی صاحب کے استاذ امین اصلاحی صاحب تو یہ فرماتے ہیں:

''غور کرنے سے یہ بات بھی سامنے آئی کہ قرأتوں کا اختلاف دراصل قرأتوں کا اختلاف نہیں بلکہ اکثر و بیشتر تاویل کا اختلاف ہے۔ کسی صاحبِ تاویل نے ایک لفظ کی تاویل کسی دوسرے لفظ سے کی اور اس کو قرأت کا اختلاف سمجھ لیا۔ حالانکہ وہ قرأتوں کا اختلاف نہیں بلکہ تاویل کا اختلاف ہے۔ مثلاً سورہ تحریم میں بعض لوگوں نے فَقَدْ زَاغَتْ بھی پڑھا۔ صاف معلوم ہوتا ہے کہ جس نے بھی یہ پڑھا ہے اس نے یہ قرأت نہیں بتائی بلکہ اپنے نزدیک اس نے فَقَدْ صَغَتْ کی تاویل کی ہے لیکن لوگوں نے اس کو بھی قرأت سمجھ لیا۔'' (تدبر فروری 83ء)

غامدی صاحب لکھتے ہیں:

''قرآن صرف وہی ہے جو مصحف میں ثبت ہے اور جسے مغرب کے چند علاقوں کو چھوڑ کر پوری دنیا میں اُمت مسلمہ کی عظیم اکثریت اس وقت تلاوت کر رہی ہے۔ یہ تلاوت جس قرأت کے مطابق کی جاتی ہے اس کے سوا کوئی دوسری قرأت نہ قرآن میں ہے اور نہ اسے قرآن کی حیثیت سے پیش کیا جا سکتا ہے۔'' (میزان ص 25)

''لہٰذا یہ بالکل قطعی ہے کہ قرآن کی ایک ہی قرأت ہے جو ہمارے مصاحف میں ثبت ہے۔ اس کے علاوہ اس کی جو قرأتیں تفسیروں میں لکھی ہوئی ہیں یا مدرسوں میں پڑھی اور پڑھائی جاتی ہیں یا بعض

Marfat.com

علاقوں میں لوگوں نے اختیار کر رکھی ہیں وہ سب اسی فتنہ عجم کی باقیات ہیں جس کے اثرات سے ہمارے علوم کا کوئی شعبہ، افسوس ہے کہ محفوظ نہیں رہ سکا۔" (میزان ص 32)

## ☆ رجم کی سزا کا انکار

اسلام میں شادی شدہ زانی کی سزا رجم ہے اور اس پر پوری اُمت کا اتفاق و اجماع ہے اور امین احسن اصلاحی صاحب کے بقول اس (اجماع) کی مخالفت کسی کے لیے جائز نہیں لیکن خود اصلاحی صاحب یہاں اجماع کی مخالفت کرتے ہیں اور غامدی صاحب ان کی مکمل تائید کرتے ہیں بلکہ انہوں نے اپنی کتاب برہان میں "رجم کی سزا" کے عنوان سے کچھ مضامین لکھے ہیں جو ان کے بقول "ان تنقیدوں کے جواب میں لکھے گئے ہیں جو رجم کی سزا کے بارے میں استاذ امام امین احسن اصلاحی کے اس مؤقف پر ہوئی ہیں جو انہوں نے اپنی تفسیر تدبر قرآن میں بیان کیا ہے۔" (برہان ص 34)

اجماع ثابت ہونے کے بعد اب دیکھنے کی چیز یہ ہے کہ اصلاحی اور غامدی صاحب بلکہ ان کے بھی امام جناب حمید الدین فراہی صاحب اس اجماع کی مخالفت کیوں کرتے ہیں۔

یہ تینوں حضرات یہ بات تو مانتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں بعض لوگوں کو رجم کیا گیا لیکن ان کا کہنا یہ تھا کہ وہ رجم زنا کی حد کے طور پر نہیں تھا بلکہ فساد اور سرکشی کی سزا کے طور پر تھا۔

(رجم کے بارے میں تفصیل امین اصلاحی صاحب کے ذیل میں صفحہ !!! پر ملاحظہ فرمائیں)

## ☆ قرآن کے قانون وراثت میں دخل اندازی

باپ کی موجودگی میں تنہا لڑکیوں کو جب وہ دو یا زائد ہوں قرآن کے مطابق کل ترکہ کا دو تہائی ملے گا۔ اس پر ائمہ اربعہ سمیت امت کے تمام مجتہدین کا اجماع و اتفاق ہے۔ خود غامدی صاحب اس اتفاق کو یوں نقل کرتے ہیں:

"فقیہانِ کرام اس بات پر متفق ہیں کہ لڑکیوں کے حصے بہر صورت پورے ترکے میں سے دیئے جائیں گے۔ ان حضرات کی یہی غلطی ہے جس کی وجہ سے انہیں عول کا وہ عجیب و غریب قاعدہ ایجاد کرنا پڑا ہے جس کو ماہرین فقہ و قانون کی بوالعجبیوں میں قیامت تک بلند ترین مقام حاصل رہے گا۔

Marfat.com

کسی شخص نے کبھی علمی دنیا کے عجوبوں کی تاریخ مرتب کرنا شروع کی تو ہمیں یقین ہے کہ ہمارے علم میراث کی یہ یادگار اس میں سرفہرست ہوگی۔

حیرت ہوتی ہے کہ اسلوبِ بیان کی نزاکتوں کو سمجھنے اور آیات پر غور و تدبر کرنے کی بجائے ان حضرات نے یہ چیستان اللہ تعالیٰ سے منسوب کر دیا ہے اور اس کی دریافت کا سہرا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سر باندھا ہے۔ اس پر اس کے سوا اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو معاف فرمائے۔"

(میزان سابقہ ایڈیشن حصہ اول ص 50)

اب مثلاً میت کے وارثوں میں ایک شوہر ہو، والد اور والدہ ہوں اور دو بیٹیاں ہوں تو آیت کے ظاہری مفہوم کے مطابق شوہر کو کل ترکہ کا چوتھا حصہ۔ والدین میں سے ہر ایک کو چھٹا حصہ اور بیٹیوں کو کل ترکہ کا دو تہائی ملے گا۔ اگر ہم ترکہ کے کل بارہ حصے کریں تو ان میں سے شوہر کو تین حصے، والدین میں سے ایک ہر ایک کو دو دو حصے اور دو لڑکیوں کو آٹھ حصے ملیں گے۔ یہ کل پندرہ حصے بنتے ہیں۔ اب دشواری یہ ہوئی کہ بارہ میں سے پندرہ نہیں نکل سکتے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس دشواری کا یہ حل بتایا کہ بجائے بارہ کے اصل مسئلہ پندرہ کو قرار دیا جائے جس سے وارثوں کی میراث اگرچہ کچھ کم ہو جائے گی لیکن اصل تناسب برقرار رہے گا۔ اس حل اور طریقہ کا نام عول کا طریقہ ہے۔ بعد کے تمام فقہاء و مجتہدین نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے تعلیم کردہ اس طریقہ کو اختیار کیا اور یہ طریقہ ریاضی کے قواعد کے عین مطابق ہے۔

میراث میں عول کے مسئلہ کو ریاضی کے قواعد کے موافق پرکھنے کے لیے یوں سمجھیں کہ ایک شخص کل بارہ ہزار روپے کی رقم چھوڑ کر مرا جب کہ اس کے قرض خواہوں میں سے ایک کا قرض تین ہزار، دوسرے کا دو ہزار، تیسرے کا دو ہزار، چوتھے کا چار ہزار ہے۔ اب ظاہر ہے یہی کیا جائے گا کہ بارہ ہزار کو پندرہ حصوں میں تقسیم کریں گے تو ہر حصہ بجائے ہزار کے آٹھ سو پر مشتمل ہوگا اور قرض کی ادائیگی اس طرح کی جائے گی کہ دو ہزار والے کو سولہ سو اور تین ہزار والے کو چوبیس سو اور چار ہزار والے کو بتیس سو دیئے جائیں گے۔

Marfat.com

یہ سیدھی سی بات تھی جو قرآن سے بلاتکلف سمجھ میں آتی ہے اور صحابہ و مجتہدین یہی بات کہتے ہیں۔ صرف حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی رائے یہ تھی کہ شوہر اور والدین کو ان کے پورے حصے دینے کے بعد باقی جو پانچ حصے بچتے ہیں صرف وہی ان دو لڑکیوں کو دینے ہیں۔ (حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تو مقرر حصہ والوں کے حصے دینے کے بعد باقی کل لڑکیوں کو دیتے ہیں۔ جب کہ غامدی صاحب لڑکیوں کو باقی کا بھی صرف دو تہائی دیتے ہیں) لیکن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی رائے سے کوئی ایک آدمی بھی متفق نہیں تھا۔ خود غامدی صاحب نقل فرماتے ہیں:

''(حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے شاگرد) عطاؒ کہتے ہیں میں نے عرض کیا اے ابن عباس! مجھے اور آپ کو اس کا کیا فائدہ؟ ہم دنیا سے رخصت ہوئے تو ہماری میراث بھی اسی طریقے کے مطابق تقسیم کی جائے گی جو لوگوں نے ہماری رائے کے خلاف اختیار کر رکھا ہے۔'' (میزان ص53 سابق ایڈیشن)

لیکن جناب سخن شناسی تو غامدی صاحب پر ختم ہے لہٰذا فیصلہ جاری فرماتے ہیں:

''کسی رقم میں سے دو تہائی اور نصف بیک وقت ادا کرنا کسی طرح ممکن نہیں۔ تقسیم کی یہ صورت انگلی اٹھا کر بتا دیتی ہے کہ لڑکیوں کا یہ حصہ بھی باقی روپے ہی میں سے دیا جائے گا۔ بڑا ظلم کرے گا وہ شخص جو ان جملوں کا یہ مطلب سمجھے کہ قائل نے لڑکیوں کو بہر حال پوری رقم کا دو تہائی دینے کے لیے کہا ہے اور چونکہ اس ہدایت کے مطابق روپے کو تقسیم کرنا ممکن نہیں ہے اس لیے ذوا ضعاف اقل نکال کر حصوں میں ایک جیسی کمی کر دینا چاہیے۔ کلام کا یہ منشا اگر کوئی کہنے والے سے منسوب کرتا ہے تو اس سے اپنی سخت ناشناسی ہی کا ثبوت نہیں دیتا قائل کے بارے میں دوسروں کو یہ رائے قائم کرنے پر مجبور کرتا ہے کہ وہ پہیلیوں کی زبان میں بات کرتا ہے۔'' (میزان: ص49)

## ☆ کلالہ کی غلط تفسیر

''کلالہ کے تین معنی ہیں: یہ اس شخص کے لیے اسم صفت ہے جس کے پیچھے اولاد اور والد دونوں میں سے کوئی نہ ہو اور ان پسماندگان کے لیے بھی جن کا تعلق مرنے والے سے اولاد اور والد کا نہ ہو۔ اس

Marfat.com

کا اطلاق اس قرابت پر بھی ہوتا ہے کہ جو اولاد اور والد کی طرف سے نہ ہو۔" (میزان: ص 173)

"پہلے معنی یعنی اس شخص کے لیے جس کے پیچھے اولاد اور والد دونوں میں سے کوئی نہ ہو اس کا استعمال اگرچہ اصول عربیت کے مطابق ہے لیکن اس کی کوئی نظیر کلام عرب میں ہم کو نہیں مل سکی۔" (میزان: ص 174)

"جہاں تک پہلے معنی کا تعلق ہے فقہاء نے اگرچہ یہاں بالاتفاق وہی مراد لیے ہیں لیکن آیت میں دلیل موجود ہے کہ یہ معنی یہاں مراد لینا کسی طرح ممکن نہیں ہے۔ (میزان: ص 176)

غامدی صاحب جس کو حجت کہیں وہ قطعی ہوتی ہے اور جس دلالت کو یہ تسلیم کریں وہ دلالت قطعی ہی ہوتی ہے۔

ان حضرات کے نزدیک حجت قطعی کی جو حقیقت ہے اس کو سمجھنے کے بعد اب تعجب کیجئے کہ یہ دونوں یعنی اصلاحی اور غامدی صاحبان اس بات کے قائل ہیں کہ قرآن کے الفاظ کی دلالت اپنے معانی پر قطعی ہے لیکن غامدی صاحب کا دعویٰ ہے کہ اس مقام پر کلالہ کا پہلا معنی لینا کسی طرح بھی ممکن نہیں جب کہ اصلاحی صاحب یہاں پہلا معنی ہی لینے پر مصر ہیں اور اپنی تفسیر تدبر قرآن میں آیت کا یہ ترجمہ کرتے ہیں۔

"اگر کسی مرد یا عورت کی وراثت اس حال میں تقسیم ہو کہ نہ اس کے اصول میں کوئی ہو نہ فروع میں اور ایک بھائی یا ایک بہن ہو تو..... (تدبر قرآن: ص 31 ج 2)

اور سورہ نساء کی آخری آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"کلالہ سے مراد وہ مورث ہے جس کے نہ اصول میں کوئی ہو نہ فروع میں۔ صرف بھائی بہن وغیرہ ہوں۔" (تدبر قرآن: ص 211 ج 2)

لیجئے "دبستان شبلی" کے یہ درخشندہ ستارے جن کو اس دور کی امامت حاصل ہے حجت قطعی اور دلالت قطعی کے ہتھیاروں سے لیس ہو کر آپس میں ہی دست و گریبان ہو گئے۔ ہمیں تو اسی میں عافیت نظر آتی ہے کہ ان دونوں سے الگ ہو کر صحابہؓ کے دامن کو تھام لیں۔

Marfat.com

ابوبکر جصاص رحمہ اللہ احکام القرآن میں ذکر کرتے ہیں:

(الف) عن الحسن بن محمد قال سالت ابن عباس عن الكلالة فقال من لاولدله ولا والد

حسن بن محمد کہتے ہیں میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے (قرآن میں مذکور) کلالہ کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا اس سے مراد وہ شخص ہے جس کی نہ اولاد ہو اور نہ والد ہو۔ (یعنی جس کے اصول وفروع میں نہ ہوں)

(ب) روى طاؤس عن ابن عباس قال كنت آخر الناس عهدا بعمر بن الخطاب فسمعته يقول القول ماقلت قلت و ماقلت قال الكلالة من لا ولد له

طاؤس حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا قول نقل کرتے ہیں کہ میں لوگوں میں سب سے آخر میں حضرت عمر رضی اللہ سے ملاقات کرنے والا تھا تو میں نے ان کو وہی بات کہتے سنا جو خود میں کہتا تھا۔ طاؤس کہتے ہیں میں نے پوچھا آپ کیا کہتے تھے؟ فرمایا (میں یہ کہتا تھا کہ) کلالہ سے مراد وہ شخص ہے جس کی اولاد نہ ہو۔

رہی یہ بات کہ پہلے معنی میں استعمال کی کوئی نظیر غامدی صاحب کو کلام عرب میں نہیں مل سکی تو یہ دوسروں سے پوچھ لیتے۔ انما شفاء العی السؤال

امام رازی رحمہ اللہ فرزدق کا یہ شعر نقل کرتے ہیں اور فرزدق بھی ان شعراء عرب میں سے ہیں جن کا کلام حجت مانا جاتا ہے۔

ورثتم قناة الملك لا عن كلالة عن ابني مناف عبد شمس و هاشم

امام رازی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ فرزدق نے اس شعر میں کلالہ کا استعمال مورث کے لیے کیا ہے۔

فان معناه انكم ماورثتم الملك عن الاعمام بل عن الآباء فسمى العم كلالة وهو ههنا مورث لاوارث۔

ترجمہ: کیونکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ تم نے ملک چچاؤں سے میراث میں نہیں پایا۔ بلکہ آباء سے پایا

Marfat.com

ہے۔فرزدق نے اس شعر میں چچا کو کلالہ کہا جو یہاں مورث ہے وارث نہیں ہے۔

## ☆ مزید بے اعتدالیاں:

غامدی صاحب کی مزید بے اعتدالیاں اُن کی کتاب ''میزان'' میں ملاحظہ کریں

غامدی صاحب لکھتے ہیں:

''سنت سے ہماری مراد دین ابراہیمؑ کی وہ روایت ہے جسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تجدید واصلاح کے بعد اس میں بعض اضافوں کے ساتھ اپنے ماننے والوں میں دین کی حیثیت سے جاری فرمایا ہے۔

اس ذریعہ سے جو دین ملا ہے وہ یہ ہے۔

1۔ اللہ کا نام لے کر دائیں ہاتھ سے کھانا پینا۔

2۔ ملاقات کے موقع پر السلام علیکم اور اس کا جواب۔

3۔ چھینک آنے پر الحمد اللہ اور اس کے جواب میں یرحمک اللہ۔

4۔ نومولود کے دائیں کان میں اذان یا بائیں میں اقامت۔

5۔ مونچھیں پست رکھنا۔

6۔ زیر ناف کے بال مونڈنا۔

7۔ بغل کے بال صاف کرنا۔

8۔ لڑکوں کا ختنہ کرنا۔

9۔ بڑھتے ہوئے ناخن کاٹنا۔

10۔ ناک، منہ اور دانتوں کی صفائی۔

11۔ استنجا۔

12۔ حیض ونفاس میں زن وشو کے تعلق سے اجتناب۔

13۔ حیض ونفاس کے بعد غسل۔

Marfat.com

14۔ غسل جنابت۔
15۔ میت کا غسل۔
16۔ تجہیز و تکفین۔
17۔ تدفین۔
18۔ عیدالفطر۔
19۔ عیدالاضحیٰ۔
20۔ اللہ کا نام لے کر جانوروں کا تزکیہ۔
21۔ نکاح وطلاق اور ان کے متعلقات۔
22۔ زکوٰۃ اور اس کے متعلقات۔
22۔ نماز اور اس کے متعلقات۔
24۔ روزہ اور صدقہ فطر۔
25۔ اعتکاف۔
26۔ قربانی۔
27۔ حج وعمرہ اور اس کے متعلقات۔

سنت یہی ہے اور اس کے بارے میں یہ بالکل قطعی ہے کہ ثبوت کے اعتبار سے اس میں اور قرآن میں کوئی فرق نہیں۔ وہ جس طرح صحابہ کے اجماع اور قولی تواتر سے ملا ہے یہ اسی طرح ان کے اجماع اور عملی تواتر سے ملی ہے اور قرآن ہی کی طرح ہر دور میں اُمت کے اجماع سے ثابت قرار پائی ہے۔

دین لاریب، انہی دو صورتوں میں ہے۔ اس کے علاوہ کوئی چیز دین ہے نہ اسے دین قرار دیا جاسکتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و فعل اور تقریر و تصویب کے اخبار آحاد جنہیں بالعموم "حدیث" کہا جاتا ہے ان کے بارے میں ہمارا نقطہ نظر یہ ہے کہ ان سے دین میں کسی عقیدہ و عمل کا

Marfat.com

ہرگز کوئی اضافہ نہیں ہوتا۔ دین سے متعلق جو چیزیں ان میں آئی ہیں وہ درحقیقت قرآن وسنت میں محصور اسی دین کی تفہیم وتبیین اور اس پر عمل کرنے کے لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ کا بیان ہیں۔ حدیث کا دائرہ یہی ہے چنانچہ دین کی حیثیت سے اس دائرے سے باہر کی کوئی چیز نہ حدیث ہوسکتی ہے اور نہ محض حدیث کی بنیاد پر اسے قبول کیا جاسکتا ہے۔ (میزان: ص 11-9)

جس طرح خبر واحد سے ثابت نہیں ہوتا اس طرح سنت بھی اس سے ثابت نہیں ہوتی۔ سنت کی حیثیت دین میں مستقل بالذات ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسے پورے اہتمام، پوری حفاظت اور پوری قطعیت کے ساتھ انسانوں تک پہنچانے کے لیے مکلّف تھے۔ اخبار آحاد کی طرح اسے لوگوں کے فیصلے پر نہیں چھوڑا جاسکتا کہ وہ چاہیں تو اسے آگے منتقل کریں اور چاہیں تو نہ کریں۔"

(میزان: ص 67)

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ اس کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔

پہلی اور اہم بات تو یہ ہے کہ حدیث وسنت کے الفاظ ایک شرعی اصطلاح ہیں اور شریعت کوئی آج کی چیز نہیں ہے بلکہ اس کا وجود چودہ صدیوں سے ہے۔ اس لیے یہ بات بالکل واضح ہے کہ اس اصطلاح کے بارے میں ہمیں دیکھنا ہوگا کہ صحابہ وتابعین اور ائمہ مجتہدین کے نزدیک ان کے کیا مفاہیم تھے۔

سنت وحدیث کا جو مفہوم اور حکم غامدی صاحب بتا رہے ہیں اسلاف اس سے بالکل متفق نہیں۔ وہ سنت کے لیے تواتر عملی اور اجماع کے ہونے کی کوئی شرط عائد نہیں کرتے اور نہ ہی یہ کہتے ہیں کہ خبر واحد جب کہ وہ قبولیت کی شرائط پر پوری اُترتی ہو اس سے دین میں کسی عمل تک کا بھی اضافہ نہیں ہوتا۔

دوسری بات یہ ہے کہ جہاں تک صحابہؓ کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دین کی کوئی بات اخذ کرنے کا تعلق ہے تو وہ اس کے حق میں قطعی الثبوت تھی خواہ اس کا تعلق عقائد سے ہو یا اعمال سے ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے براہِ راست اخذ کرنے والوں کے حق میں اس کے ظنی الثبوت ہونے کا

Marfat.com

شائبہ بھی نہ تھا لہٰذا ان کے حق میں متواتر عملی اور خبر واحد کی کوئی تفریق نہ تھی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جو بات بھی قابل اخذ اور قابل اتباع تھی وہ ان کے حق میں سنت تھی خواہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زبانی بتائی ہو یا کر کے دکھائی ہو یا کسی سے ہوتے ہوئے دیکھ کر سکوت کیا ہو۔

پھر وہ امور جن کی معاشرے کے سب یا بہت سے افراد کو ضرورت پیش آتی ہو تو ظاہر ہے کہ وہ سب ہی اس پر عمل کریں گے اور اس کی شرعی حیثیت کا اعتقاد بھی رکھیں گے اور نسل در نسل وہ کام ہوتے رہیں گے۔ ان کا تذکرہ بھی زیادہ ہوگا اور ان کی تعلیم بھی زیادہ ہوگی۔

بعض وہ امور جن کی ضرورت معاشرے کے بعض افراد کو کبھی کبھی پیش آتی ہے مثلاً خرید و فروخت کے بعض احکام۔ ظاہر ہے کہ ان کا تذکرہ بھی کم ہوگا اور ان پر عمل بھی کبھی کبھی ہوگا۔

غرض وہ امور عام ہوں یا امور خاص ہوں صحابی کے حق میں وہ سب ہی سنت ہیں اور جب اُمت کے ایک طبقہ کے حق میں ان کی یہ حیثیت تھی تو باقی طبقوں میں بھی مختلف نہ ہوگی۔ وہ سب امور ان کے حق میں بھی سنت ہوں گے۔ صرف اتنا فرق ہوگا کہ صحابہ کے حق میں تو وہ قطعی الثبوت تھے اور باقی طبقوں میں اگر وہ باتیں تواتر سے پہنچیں تو ان کے حق میں بھی قطعی الثبوت ہوں گی ورنہ جب نقل کرنے والے واسطے قابل اعتماد ہیں تو ظنی الثبوت ہوں گی یعنی گمان غالب ہوگا کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہیں اور ان پر عمل کرنا اور ان کو قبول کرنا دین میں واجب ہے۔

تیسری بات یہ کہ بعض وہ چیزیں جو دین ابراہیمی میں شامل تھیں اور جنہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ماننے والوں میں دین کی حیثیت سے جاری فرمایا ہے۔ ان کو غامدی صاحب نے سنت کی فہرست میں شامل ہی نہیں کیا جن میں سے ایک ٹھوڑی سے نیچے مشت بھر ڈاڑھی رکھنا بھی ہے اس پر امت کا تواتر عمل بھی موجود ہے اور جن حدیثوں میں مونچھوں کے کتروانے کا حکم ہے (جس کو غامدی صاحب نے سنت میں شامل کیا ہے) انہی بہت سی حدیثوں میں اس کے ساتھ ڈاڑھی بڑھانے کا بھی حکم ہے۔

Marfat.com

## ☆ حیات عیسیٰ علیہ السلام کا انکار

ماہنامہ اشراق اپریل 1995ء صفحہ 45 پر غامدی صاحب لکھتے ہیں:

''سیدنا مسیح علیہ السلام کے بارے میں جو کچھ قرآن مجید سے سمجھ سکا ہوں وہ یہ ہے کہ ان کی روح قبض کی گئی اور اس کے فوراً بعد ان کا جسد مبارک اٹھا لیا گیا تھا کہ یہود اس کی بے حرمتی نہ کریں۔ یہ میرے نزدیک ان کے منصب رسالت کا ناگزیر تقاضا تھا۔ چنانچہ قرآن مجید نے اسے اسی طرح بیان کیا ہے۔ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَ رَافِعُكَ اِلَیَّ اس میں دیکھ لیجئے توفی وفات کے لیے اور ''رفع'' اس کے بعد رفع جسم کے لیے بالکل صریح ہے۔''

اشراق جولائی 1994ء صفحہ 32 پر لکھتے ہیں:

''حضرت مسیح کو یہود نے صلیب پر چڑھانے کا فیصلہ کر لیا تو فرشتوں نے ان کی روح ہی قبض نہیں کی ان کا جسم بھی اٹھا کر لے گئے۔ مبادا یہ سر پھری قوم ان کی توہین کرے۔''

☆ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زندہ آسمان پر اٹھا لیا جانا اور قرب قیامت میں دوبارہ نازل ہونا اُمت کے اجماعی عقیدوں میں سے ہے اور نزولِ مسیح علیہ السلام کا مضمون تواتر سے ثابت ہے)۔

## ☆ نظریہ تصوف اور غامدی صاحب

غامدی صاحب عربی اشعار کی کچھ واقفیت اور اسلوب بیان کی نزاکتوں کے اختراع کو اپنی پونجی بنا کر عالمگیر منصف بن گئے ہیں اور ان کے قلم نے یہ فیصلہ بھی صادر کر دیا ہے کہ امام غزالی، حضرت مجدد الف ثانی، حضرت شاہ ولی اللہ، حضرت سید احمد شہید اور شاہ اسمٰعیل شہید اور سلسلہ تصوف سے منسلک تمام ہی حضرات عالمگیر ضلالت و گمراہی میں مبتلا تھے۔

لکھتے ہیں:

''اس لحاظ سے دیکھا جائے تو اللہ کی ہدایت یعنی اسلام کے معاملے میں تصوف وہ عالمگیر ضلالت ہے جس نے دنیا کے ذہین ترین لوگوں کو متاثر کیا ہے۔'' (برہان: ص 156)

یہ ایک تفصیل طلب مسئلہ ہے جس پر علماء کرام نے ضخیم کتب تحریر فرمائیں ہیں۔ جن کی خواہش

Marfat.com

ہومطالعہ فرمالیں۔غامدی صاحب کا اتنے بڑے حضرات کو گمراہ اور ضلالت میں مبتلا کہنا دراصل خود غامدی صاحب ہی کے ضال ہونے کی دلیل ہے۔

## ☆ڈاکٹر اسرار صاحب

دین اسلام میں اصلاح کے ایک اور داعی جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے بارے میں حضرت مولانا مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ لکھتے ہیں۔

کسی دینی تحریک کے سربراہ کے لیے جو اوصاف ضروری ہیں ڈاکٹر اسرار صاحب ان کا خلاصہ یہ نکالتے ہیں: ایک یہ کہ وہ باضابطہ اور مستند عالم دین ہو اور دوسرے یہ کہ متقی اور مزکی ہو۔(جماعت شیخ الہند اور تنظیم اسلامی 522)

لیکن ڈاکٹر اسرار صاحب ان اوصاف کو ضروری سمجھتے نہیں اور لکھتے ہیں:

''ان میں سے دوسری چیز (یعنی تزکیہ نفس) تو کسی ناپ تول میں آنے والی نہیں ہے اور اس کا علم سوائے اللہ کے اور کسی کو نہیں ہوسکتا۔لہٰذا آخری تجزیے میں شرط واحد یہ رہ جاتی ہے کہ علم دین کا حصول مروجہ معیارات کے مطابق ہو اور مسلمۃ المقام علماء سے سند فراغت حاصل کی ہو۔اس پر سب سے پہلی گزارش تو راقم کی یہ ہے کہ کسی ایک ہی ایسے بڑے فتنے کا نام بتادیا جائے جس کا آغاز کرنے والے مستند عالم دین اور مسلم حیثیت کے مالک علماء کرام کے فیض یافتہ نہ ہوں۔چنانچہ کیا مسلم انڈیا کی تاریخ کے سب سے بڑے فتنے یعنی دین الٰہی کے مصنف ابوالفضل اور فیضی مسلم عالم دین نہ تھے۔اسی طرح عہد حاضر کے عظیم فتنوں کے بانیوں میں سے کیا سرسید احمد خان مرحوم وقت کے اعلیٰ ترین معیارات کے مطابق عالم دین اور بہترین علماء کے فیض یافتہ نہ تھے؟ کیا نورالدین بھیروی نے وقت کے چوٹی کے علماء سے کسب علم نہیں کیا تھا؟ (اور واضح رہے کہ غلام احمد قادیانی کی گمراہی میں اصل دخل اسی شخص کو حاصل تھا) کیا مولوی عبداللہ چکڑالوی اور علامہ اسلم جیراجپوری علماء میں سے نہ تھے؟ (غلام احمد پرویز کا ذکر چھوڑ دیجئے کہ وہ ان ہی اصحاب ثلاثہ یعنی سرسید، علامہ جیراجپوری اور عبداللہ چکڑالوی کا خوشہ چین ہے خود کچھ نہیں) مزید قریب آکر دیکھئے کیا مولانا امین احسن

Marfat.com

اصلاحی مدرسۃ الاصلاح اعظم گڑھ کے سند یافتہ فارغ التحصیل اور پھر علامہ فراہی ایسے محقق قرآن اور محدث، مبارکپوری ایسے عالم وشارح، حدیث نبویؐ کے فیض یافتہ نہیں ہیں؟ اس سے بھی زیادہ قریب اس کی مثال درکار ہو تو کیا ڈاکٹر مسعود الدین عثمانی باضابطہ سند یافتہ (فاضل علوم دینیہ) اور خود حضرت مولانا بنوریؒ کے فیض یافتہ نہیں ہیں؟

مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ لکھتے ہیں: ہمیں حیرت ہے کہ ڈاکٹر صاحب کو یہ پوچھنے کی ضرورت پیش آئی کہ کوئی ایسا بڑا فتنہ بتا دیا جائے جس کا آغاز کرنے والا مستند عالم دین اور مسلم حیثیت کے مالک علماء کرام کا فیض یافتہ نہ ہو۔ لیجئے ان ہی کے پیشوا مودودی صاحب کا اٹھایا ہوا فتنہ اور ان کا پورا لٹریچر اور اس کو قبول کرنے والی جماعت۔

مولانا یوسف بنوری رحمہ اللہ کا قلم ہمارے اس دعویٰ کی تائید کرتا ہے۔

"..... لیکن اتنا اندازہ نہ تھا کہ یہ فتنہ عالمگیر صورت اختیار کرے گا اور اکثر عرب ممالک میں یہ فتنہ بری صورت اختیار کرے گا اور دن بدن ان کے شاہکار قلم سے نئے نئے شگوفے پھوٹتے رہیں گے۔ صحابہ کرام اور انبیاء کرام علیہم السلام کے حق میں ناشائستہ الفاظ استعمال ہوں گے۔ آخر تفہیم القرآن اور خلافت وملوکیت اور ترجمان القرآن میں روز بروز ایسی چیزیں نظر آئیں کہ اب معلوم ہوا کہ بلاشبہ ان کی تحریرات وتالیفات عہد حاضر کا سب سے بڑا فتنہ ہے۔ اگرچہ چند مفید ابحاث بھی آ گئی ہیں۔ وَاِثْمُهُمَا اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا والی بات ہے۔ اب حالت یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ سکوت جرمِ عظیم معلوم ہوتا ہے اور چالیس سال جو مجرمانہ سکوت کیا اس پر بھی افسوس ہوا اور اب وقت آ گیا ہے کہ بلاخوف لومۃ لائم الف سے یاء تک ان کی تالیف وتحریرات کو مطالعہ کر کے جو حق وانصاف ودین کی حفاظت کا تقاضا ہو وہ پورا کیا جائے۔ واللہ سبحانہ ولی التوفیق (ص 58 مودودی صاحب اور ان کی تحریرات کے متعلق چند اہم مضامین)

مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ جن کے تقوے کے ڈاکٹر صاحب بھی معترف ہیں (دیکھئے ص 27 جماعت شیخ الہند اور تنظیم اسلامی) وہ مودودی صاحب کے بارے میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

''یہ جماعت گمراہ جماعت ہے۔اس کے عقائد اہل سنت والجماعت اور قرآن وحدیث کے خلاف ہیں۔اس جماعت کی کوشش اس اسلام کے لیے نہیں جو کہ حقیقی ہے بلکہ ایک نام نہاد مودودی صاحب کے اختراعی اور نئے اسلام کے لیے ہے۔یہ لوگ عام مسلمانوں کو دھوکا دینے اور اپنا ہمدم بنانے کے لیے اسلام اور دین کا نام لیتے ہیں۔ناواقف لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ اصلی اور دیندار ہیں۔ان کے رسالوں اور کتابوں میں دینی پیرائے میں وہ بددینی اور الحاد کی باتیں مندرج ہیں جن کو ظاہر بین اور ناواقف انسان سمجھ نہیں سکتا اور بالآخر اس اسلام سے جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لائے تھے اور امت محمدیہ جس پر ساڑھے تیرہ سو برس سے عمل پیرا رہی ہے بالکل علیحدہ اور بیزار ہو جاتا ہے۔آپ حضرات سے امیدوار ہوں کہ اس فتنہ سے مسلمانوں کو بچانے کے لیے سکوت اور غفلت اور چشم پوشی کو روانہ رکھیں۔''

مودودی صاحب کے مستند عالم اور مسلم حیثیت کے مالک علماء کرام کے فیض یافتہ نہ ہونے کی شہادت مولانا یوسف بنوری رحمہ اللہ سے سنئے:

''اس قسم کے لوگوں میں سے آج کل کی ایک مشہور شخصیت جناب ابوالاعلیٰ مودودی کی ہے جو بچپن ہی سے طباع وذہین مگر معاشی پریشانی میں مبتلا تھے۔ابتداء میں اخبار بجنور میں ملازم ہوئے اور پھر دہلی میں جمعیت علماء ہند کے اخبار مسلم سے وابستہ رہے۔پھر چند سالوں کے بعد اخبار الجمعیۃ دہلی میں ملازم ہوئے جو جمعیت علماء ہند کا ترجمان تھا۔دہلی سے نکالتا تھا۔غالباً سہ روزہ تھا۔تاریخ کے جواہر پاروں کے عنوان سے ان کے مضامین بہت آب وتاب سے نکلتے تھے۔اس طرح مودودی صاحب کی قلمی تربیت مولانا احمد سعید صاحب کے ذریعہ ہوتی گئی۔والد مرحوم کی وفات کی وجہ سے اپنی تعلیم نہ صرف یہ کہ مکمل نہ کر سکے بلکہ بالکل ابتدائی عربی تعلیم کی کتابوں میں رہ گئے، نہ جدید تعلیم سے بہرہ ور ہو سکے۔پرائیویٹ انگریزی تعلیم حاصل کی اور انگریزی سے کچھ مناسبت ہو گئی۔اس دور کے اچھے لکھنے والوں کی کتابوں اور تحریرات اور مجلات وجرائد سے بہت فائدہ اٹھایا اور قلمی قابلیت روز افزوں ہوتی گئی۔بدقسمتی سے نہ کسی دینی درس گاہ سے فیض حاصل کر سکے نہ جدید علوم کے

Marfat.com

گریجویٹ بن سکے، نہ کسی پختہ کار عالم دین کی صحبت نصیب ہوسکی اور ایک مضمون میں خود اس کا اعتراف کیا ہے جو عرصہ ہوا کہ ہندوستان متحدہ میں مولانا عبدالحق مدنی مراد آبادی کے جواب میں شائع ہوا تھا۔ بلکہ بدقسمتی سے نیاز فتح پوری جیسے ملحد و زندیق کی صحبت نصیب رہی ان کی صحبت و رفاقت سے بہت کچھ غلط رجحانات و میلانات پیدا ہو گئے۔" (ص 54 مودودی صاحب اور ان کی تحریرات سے متعلق چند اہم مضامین)

حضرت مولانا مفتی عبدالواحد صاحب فرماتے ہیں: عجیب اتفاق دیکھئے کہ ڈاکٹر اسرار صاحب نے جتنے فتنہ گروں کے نام گنوائے ہیں ان میں فتنہ کی جڑ پہلے سے موجود تھی۔ یعنی اجتہاد کی اہلیت نہ ہونے کے باوجود ترک تقلید اور اپنے کو کسی دوسرے اہل اجتہاد کی رہنمائی کا محتاج نہ سمجھنا۔ جب اپنے اندر اہلیت و صلاحیت نہ ہو اور دوسرے اہل کی رہنمائی بھی قبول نہ کرے تو اس بات کو سمجھنا کچھ بھی مشکل نہیں کہ ایسے لوگ فتنے ہی اٹھائیں گے اور شیطان کے آلہ کار بنیں گے۔ یہی مرض مودودی صاحب میں بھی تھا اور اسی مرض کو ڈاکٹر اسرار صاحب بھی اپنے ساتھ چمٹائے ہوئے ہیں بلکہ اپنی جماعت کے لیے بھی اس کو پسند کرتے ہیں اور وہ چونکہ اس کو مرض ہی نہیں سمجھتے بلکہ ایک نوع کا کمال سمجھتے ہیں اس لیے وہ اپنے مرض کی صحیح تشخیص کرنے سے عاجز ہیں۔

یہاں جو ذکر کیا گیا کہ ڈاکٹر اسرار صاحب میں دینی قیادت کے ضروری اوصاف نہیں ہیں تو اس اجمال کی تفصیل آگے ملاحظہ کیجئے۔

"حقیقت و ماہیت ایمان" کے عنوان سے ڈاکٹر اسرار صاحب کی ایک آڈیو کیسٹ دستیاب ہے۔ اس میں وہ فرماتے ہیں:

"قانونی مومن (یعنی جس نے زبان سے کلمہ پڑھ لیا ہو اس) کی باطنی اعتبار سے تین کیفیتیں ہیں۔

1۔ دل میں مثبت طور پر ایمان ہو۔ اس کو وہ حقیقی ایمان اور Plus Value سے تعبیر کرتے ہیں۔

2۔ پہلی کے برعکس یعنی دل میں کفر ہو۔ یہ منافق ہے اور اس کو Minus Value سے تعبیر کرتے ہیں۔

Marfat.com

3۔ان دونوں کے بین بین Zero Value ہے کہ نہ دل میں مثبت طور پر ایمان ہو اور نہ منفی طور پر نفاق ہو بلکہ ایک خلا کی کیفیت ہے اندر کچھ بھی نہیں۔ہم میں سے اکثر کا حال یہی ہے۔یہ پونجی وراثت میں ملی ہے لیکن دلوں کو ٹٹولیں تو یقین قلبی والا ایمان نہیں۔الا ماشاءاللہ۔

اس کی دلیل سورۃ حجرات کی آیت 14 میں ہے:

ترجمہ:''بدوی کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے۔آپ کہہ دیجئے تم ایمان نہیں لائے لیکن تم یوں کہو کہ ہم فرمانبردار ہوئے اور ابھی تک داخل نہیں ہوا ایمان تمہارے دلوں میں۔''

بعض لوگوں کو یہ مغالطہ لگا ہے کہ یہ منافقین کا ذکر ہے۔لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے اور یہ مغالطہ بھی نہیں ہونا چاہیے کہ پھر تو یہ منافق ہوئے کہ ظاہر میں اسلام ہے اور دل میں ایمان نہیں کیونکہ آگے اعمال کے قبول ہونے کا فرمان ہے۔

ترجمہ:''اور اگر تم اطاعت کرو اللہ کی اور اس کے رسول کی تو نہیں کمی کرے گا تمہارے اعمال میں سے کچھ بھی۔''

جب کہ منافق کا تو کوئی بھی عمل مقبول نہیں۔

اگرچہ قانون تو یہی بنتا ہے کہ اگر ایمان نہیں تو اطاعت مقبول نہ ہو لیکن اللہ اپنی شان غفاری و رحیمی کی وجہ سے قبول کر لیتے ہیں۔''(کیسٹ حقیقت و ماہیت ایمان نمبر 4)

☆زیرو ویلیو

اوپر جس Zero Value کا ذکر ہوا ہے اس کے بارے میں ڈاکٹر اسرار صاحب کہتے ہیں:

''اگرچہ قانون تو یہی بنتا ہے کہ اگر ایمان نہیں تو اطاعت قبول نہ ہو لیکن اللہ اپنی شان غفاری و رحیمی کی وجہ سے قبول کر لیتے ہیں۔''

''لیکن اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ اطاعت کلی ہو جزوی نہ ہو۔الا یہ کہ کسی وقت جذبات و ہیجان میں مبتلا ہو کر کوئی لغزش ہو جائے اور نہایت پشیمانی کے ساتھ رجوع کرے،توبہ کرے تو اور بات ہے۔اللہ نے اس کی توبہ کو قبول کرنے کا ذمہ لیا ہے۔اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ

Marfat.com

لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ (سورہ نساء:17)

اس کے مقابلے میں ایک معصیت سوچ سمجھ کر Calculations کر کے مستقل ڈیرا ڈال کر کی تو ایسا ایک گناہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جہنمی بنانے کے لیے کافی ہے۔ بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّ أَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْئَتُهٗ وہ گناہ جو انسان کا احاطہ کرے وہ معاشی گناہ ہے کیونکہ یہ اکل حرام ہے جو ریشے ریشے میں سرایت کر جاتا ہے۔ (کیسٹ حقیقت وماہیت ایمان۔ کیسٹ ایمان اور اسلام)

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ جواب میں فرماتے ہیں۔

اگر تو ''سوچ سمجھ کر مستقل ڈیرا ڈال کر'' سے مراد یہ ہے کہ وہ معصیت کے جائز اور حلال ہونے کا اعتقاد کر لیتا ہے یا شریعت کے حکم کے استخفاف اور استہزاء کی نظر سے دیکھتا ہے تو یہ کفر ہے اور اس کفر کی بدولت وہ ہمیشہ کا جہنمی ہوگا۔

اور اگر مراد حلت کے اعتقاد اور استخفاف کے بغیر ہی وہ کسی معصیت کا برابر ارتکاب کیے جاتا ہے اور دل میں کفر نہیں آیا تو ڈاکٹر صاحب کے قاعدے کے مطابق وہ ہمیشہ کا جہنمی ہوگا۔ کیونکہ ڈاکٹر اسرار صاحب ایمان تو اس کے دل میں مانتے ہی نہیں۔ نفاق نہ ہونے کی وجہ سے اللہ نے اس کے اسلام کو اطاعت کلی کی شرط کے ساتھ قبول کیا تھا۔ اطاعت کلی پائی نہیں گئی کیونکہ معصیت کا ارتکاب یہاں کسی وقتی ہیجان کے زیر اثر نہیں بلکہ سوچ سمجھ کر ہے۔ لہٰذا وہ اسلام بھی مقبول نہیں رہا اور وہ ہمیشہ کا جہنمی بن گیا۔ لیکن اہل سنت کا عقیدہ اس سے مختلف ہے۔

آدمی کا کسی معصیت پر اصرار کرنا، ہوسکتا ہے کہ ترقی کرتے کرتے اس کو کفر تک لے جائے۔ لیکن اہل سنت کا یہ عقیدہ ہے کہ جب تک اس کے اندر کفر نہیں آجاتا اس کے اندر جو ایمان وتصدیق ہے اس کی وجہ سے وہ آخر کار جہنم سے نکال لیا جائے گا۔

آگے حدیث مذکور ہے جس سے ڈاکٹر اسرار صاحب کا عقیدہ باطل ہونا ظاہر ہوتا ہے۔

ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو آپ ایک سفید کپڑا اوڑھے سوئے ہوئے تھے۔ میں دوبارہ آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم جاگ چکے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے فرمایا جو بندہ بھی لا الٰہ الا اللہ کہے پھر اس پر مر جائے تو جنت میں داخل ہوگا۔ میں نے کہا اگر چہ اس نے زنا کیا ہو؟ اگر چہ اس نے چوری کی ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر چہ اس نے زنا کیا ہو، اگر چہ اس نے چوری کی ہو۔ میں نے کہا اگر چہ اس نے زنا کیا ہو؟ اگر چہ اس نے چوری کی ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر چہ اس نے زنا کیا ہو اگر چہ اس نے چوری کی ہو۔ میں نے پوچھا اگر چہ اس نے زنا کیا ہو؟ اگر چہ اس نے چوری کی ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر چہ اس نے زنا کیا ہو، اگر چہ اس نے چوری کی ہو ابوذر کی ناک خاک آلود ہونے کے باوجود۔ (یعنی ابوذر کے نہ چاہنے کے باوجود بھی)

''الادخل الجنة'' کے قول کے تحت ملا علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

اس میں بشارت ہے کہ انجام کار جنت میں داخل ہوگا۔ اگر چہ اس کے گناہ کثیر ہوں۔ لیکن اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کی مرضی پر ہوگا۔ چاہیں گے تو اس کو معاف فرما کر جنت میں داخل فرمائیں گے اور چاہیں گے تو اس کے گناہوں کے بقدر عذاب دیں گے پھر اس کو جنت میں داخل کریں گے۔

نیز اس حدیث میں ایسی کوئی قید نہیں کہ جس سے معلوم ہو کہ یہ زنا اور سرقہ وہ ہے جو وقتی ہیجان کے باعث ہو گیا یا کہ وہ سوچ سمجھ کر کیا ہو۔ نہ ہی یہ کہیں مذکور ہے کہ اس معصیت کا ارتکاب اتفاقیہ کبھی ہو گیا ہو یا کہ اصرار اور تکریر کے ساتھ۔ پھر یہ کہ زنا اور سرقہ دونوں ہی ایسی معصیتیں ہیں جو عام طور پر سوچ سمجھ کر کی جاتی ہیں اور جن سے حاصل ہونے والی آمدنی بھی یقیناً حرام ہے۔ اکل حرام کے باوجود حدیث سے اس بات کا امکان ملتا ہے کہ اس کی موت لا الٰہ الا اللہ پر آئے یعنی یہ تصدیق اس کے دل میں موجود ہو۔

## ☆ نظریہ ارتقاء اور ڈاکٹر اسرار صاحب

نظریہ ارتقاء کے قائلین کے نزدیک حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق اس طرح نہیں ہوئی کہ پہلے مٹی گارے سے ان کا پتلا بنایا گیا ہو پھر اس میں روح پھونکی گئی ہو بلکہ ان کے نزدیک آدم اور حوا علیہما السلام انسانوں سے مشابہ بندروں کی اولاد تھے اور بندر بھی ہمیشہ سے بندر نہیں تھے بلکہ وہ اس سے

Marfat.com

پہلے کمتر درجے میں تھے۔ان کے نزدیک دنیا میں حیات کی ابتداء ایک خلیاتی (Unicellular) صورت میں شروع ہوئی جو کروڑوں اربوں سالوں میں مختلف جانداروں میں ارتقائی منازل طے کر کے انسان تک پہنچی۔ یہ نظریہ محض ایک مفروضہ ہے اور پہلے خیال تھا کہ حیات کا ابتدائی مظہر ایبا (Amoeba) ہے۔لیکن نظریہ ارتقاء والوں کی سوچ مزید ترقی کر کے ایبا سے آگے نکل کر وائرس (Virus) تک پہنچ گئی ہے۔

ڈاکٹر اسرار صاحب کی ایک ریکارڈ شدہ تقریر ''قرآن اور نظریہ ارتقاء'' کے نام سے دستیاب ہے۔ اس تقریر میں نظریہ ارتقاء کو قبول کرتے ہوئے:

ڈاکٹر اسرار صاحب نے قرآن پاک کے ان الفاظ سے استدلال کیا ہے:

خَلَقَكُمْ مِنْ تُرَابٍ۔ مِنْ طِيْنٍ لَازِبٍ۔ مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَاٍ مَسنُوْنٍ

ڈاکٹر صاحب نے ان الفاظ سے یہ سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ آخر کہیں تراب اور کہیں طین اور کہیں طین لازب اور کبھی صلصال کا ذکر ہے تو اس میں کسی بات کی طرف اشارہ ہے۔پھر یہ نتیجہ نکالا کہ کیچڑ سوکھی اور مٹی کھنکھانے لگی یعنی اس میں خمیر پیدا ہوا اور اس سے پہلا ذی حیات ایبا Amoeba وجود میں آیا اور ایبا عام طور پر جوہڑوں اور تالابوں میں پایا جاتا ہے۔

ارتقاء کے مجوزہ ماہرین حیاتیات کے نزدیک حیات کی ابتداء وائرس Virus سے ہوئی ہے۔وائرس کی دریافت سے پہلے ایبا Amoeba کو ابتدائی مظہر سمجھا جاتا تھا لیکن اب وائرس کی سادہ تر ترکیب کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کو یہ مقام دیا گیا ہے۔

''ایبا سے انسان تک'' کی تعبیر عام طور پر استعمال کی جاتی ہے۔گویا کہ یہ ارتقاء کی عظیم وسعت کو محیط ہے لیکن یہ درست نہیں کیونکہ ایبا سے بھی مقدم تر حیات کے ابتدائی مراتب کا وسیع میدان موجود ہے۔یک خلیاتی جانداروں میں فلیجلا اب پوری دنیا میں ایبا کی جنس ھائی زوپوڈا کے مقابلے میں قدیم تر مانی جاتی ہے اور غالباً ایبا کے اجداد میں سے ہے۔

پھر ماہرینِ حیاتیات کے نزدیک وائرس کا وجود مٹی، کیچڑ یا کھنکھاتی مٹی کا بھی محتاج نہیں تھا۔''اور

Marfat.com

اس لیے یہ عمل شروع ہو گیا ہوگا۔ ابتدائی فضائی گیس، برق اور ماورائے بنفشی روشنی کی موجودگی میں متحد ہو کر سادہ نامیاتی مرکبات میں تبدیل ہو گئی ہو گی۔ جوں جوں زمین ٹھنڈی ہوتی گئی، آبی بخارات جم کر تالاب، دریا اور سمندروں میں منتقل ہو گئے ہوں گے۔ سادہ نامیاتی مواد ان پانیوں میں لاکھوں سالوں میں جمع ہوتے گئے ہوں گے۔ اس یخنی (منجمد) کے مرکبات کے بارے میں توقع کی جاتی ہے کہ انہوں نے ایک دوسرے میں عمل کر کے مختلف کیمیائی چیزیں بنائی ہوں گی۔ ہم یہ فرض کر چکے ہیں حیات کی ابتدائی صورتوں نے ان محیط سمندر کے نامیاتی مرکبات کو اپنی زندگی اور تناسل کے لیے استعمال کیا ہوگا۔"

اس سارے کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ:

1۔ نظریہ ارتقاء ابھی تک محض ایک مفروضہ اور قیاس آرائی ہے اور اگرچہ اس کے لیے کچھ شواہد بھی ذکر کیے گئے ہیں لیکن وہ خود کامل اور تام نہیں۔ خصوصاً عالم حیوانات اور اس میں بھی بالخصوص انسان کے بارے میں تو یہ ابھی مفروضہ اور قیاس آرائی سے زیادہ کچھ نہیں۔

2۔ حیات کی ابتداء وائرس سے ہوئی جس کے وجود کے لیے مٹی وغیرہ کی حاجت نہیں تھی۔ محض ایک مفروضہ اور وہ بھی متروک ہو گیا۔ اس کی بنیاد پر قرآن وحدیث کی تصریحات کو نظر انداز کرنا اور بلاوجہ دور از کار تاویلات کرنا ڈاکٹر اسرار صاحب کی بڑی زیادتی ہے جس میں وہ کسی بھی درجہ میں معذور نہیں ٹھہرتے۔

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ فرماتے ہیں۔

نظریہ ارتقاء قرآن وحدیث کی واضح تصریحات میں باطل ہے۔ جیسا کہ سورۃ آل عمران آیت 59 میں ہے۔ ان مثل عیسیٰ عنداللہ کمثل آدم خلقہ من تراب۔ بے شک عیسیٰ علیہ السلام کی مثال اللہ کے نزدیک آدم کی مثال جیسی ہے۔ اللہ نے آدم کو مٹی سے پیدا کیا۔

علامہ رازیؒ نے تفسیر کبیر میں لکھا ہے" کہ مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ آیت نجران کے وفد کے حضور کے پاس آنے کے وقت نازل ہوئی۔ ان کے شبہات میں سے ایک یہ تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ

Marfat.com

السلام کے بشری والدنہ تھے تو لازم ہے کہ اللہ ہی والد ہیں۔ پس آپ نے فرمایا کہ آدم علیہ السلام کے نہ باپ تھے نہ ماں۔ ان کے لیے لازم نہ ہوا کہ وہ اللہ کے بیٹے ہوں تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں یہ کیسے لازم ہوا"۔

اس آیت کی رو سے حضرت آدم علیہ السلام کے ماں باپ نہ تھے۔ لیکن نظریہ ارتقاء کی رو سے ان کے ماں باپ ہونا چاہییں۔

سورۃ الم سجدہ آیت نمبر 7 اور 8 میں ہے وبدا خلق الانسان من طین ۔ثم جعل نسلہ من سلالة من ماء مهين ۔ اس میں حضرت آدم علیہ السلام کو گارے سے بنانے کا ذکر ہے اور نسل کی تخلیق نطفے سے کی۔ یعنی دونوں کی تخلیق جدا جدا طریقے سے ہوئی۔ اس طرح بھی نظریہ ارتقاء غلط ہو گیا کیونکہ آدم علیہ السلام کا بھی نطفہ سے پیدا ہونا ضروری ہے۔ اسی طرح حضرت حوا علیہا السلام بھی نطفہ سے پیدا نہیں ہوئیں جبکہ نظریہ ارتقاء کے مطابق وہ بھی نطفہ سے پیدا ہوئیں۔

الغرض ارتقائی طریقہ سے تخلیق انسانی کا نظریہ اور عقیدہ قرآن وحدیث کے بالکل خلاف ہے۔

## ☆ تصور دین و مذہب

ڈاکٹر اسرار صاحب اپنے تصور دین و مذہب کے بارے میں لکھتے ہیں:

"دین اپنی فطرت کے اعتبار سے غلبہ چاہتا ہے۔ وہ دین درحقیقت دین ہے ہی نہیں جو غالب نہ ہو۔ چنانچہ انگریز کے دورِ غلامی میں جس دین کی اصل حکمرانی تھی وہ دین انگریز تھا۔ تاج برطانیہ کے نمائندے کی حیثیت سے مطاع مطلق برطانوی پارلیمان تھی۔" (ص 92 مطالبات دین)

"معلوم ہوا کہ ہر نظام غلبہ چاہتا ہے اور اگر اسلام محض مذہب نہیں بلکہ دین ہے جیسا کہ فی الواقع وہ ہے۔ "ان الدین عند اللہ الاسلام" تو اس کو غلبہ درکار ہے۔ یہ منزل انگریزوں کی دوسو سالہ غلامی کی وجہ سے ہمارے ذہنوں سے اوجھل ہو گئی تھی۔

میں بڑے عزم کے ساتھ کہتا ہوں کہ اسلام جب غالب ہوتا ہے تو دین ہوتا ہے اور جب مغلوب ہوتا ہے تو صرف مذہب رہ جاتا ہے۔" (ص 186 جماعت شیخ الہند اور تنظیم الاسلام)

Marfat.com

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ جواب میں لکھتے ہیں۔

ڈاکٹر اسرار صاحب کا یہ بات کہنا بوجوہ ذیل غلط ہے۔ ان ہی وجوہ سے ڈاکٹر صاحب کی بیان کردہ تفریق میں مضمر مفاسد بھی ظاہر ہو جائیں گے۔

(1) لغت والے ایسی کوئی تفریق نہیں کرتے۔

(2) اسلام کے ابتدائی دور میں یعنی مکی دور میں جب کہ مسلمانوں کو اور اسلام کو غلبہ حاصل نہ تھا اس وقت بھی قرآن پاک نے اسلام کو دین کہا۔ دیکھئے سورۃ کافرون میں ہے۔ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ اسی طرح سورہ یونس میں ہے:

ترجمہ: ''کہہ دے کہ اے لوگو! اگر تم شک میں ہو میرے دین سے تو میں عبادت نہیں کرتا جن کی تم عبادت کرتے ہو اللہ کے سوا اور لیکن میں عبادت کرتا ہوں اللہ کی جو کھینچ لیتا ہے تم کو اور مجھ کو حکم ہے کہ رہوں ایمان والوں میں اور یہ کہ سیدھا کر منہ اپنا دین پر حنیف ہو کر۔''

ترجمہ: ''ہم نے اتاری ہے تیری طرف ایک کتاب ٹھیک ٹھیک سو بندگی کر اللہ کی خالص کر کے اس کے واسطے دین۔''

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ جواب میں مزید لکھتے ہیں۔

ڈاکٹر اسرار صاحب کی مذکورہ بالا عبارت کا یہ نتیجہ نکالنا مشکل نہیں کہ چونکہ انگریز کے دورِ غلامی میں اسلام غالب نہیں تھا لہٰذا ہندوستان کے مسلمانوں کا وہ دین نہ رہا تھا بلکہ ان کا دین، دین انگریز تھا اور ان کا مطاع مطلق برطانوی پارلیمان تھی اور ایسا نتیجہ کیوں نہ نکلے جب کہ ڈاکٹر اسرار صاحب فرماتے ہیں۔

''دین اصل میں اس سے بحث کرتا ہے کہ مطاع کون ہے، حاکم کون ہے، حاکمیت کس کی ہے، قانون کس کا چلے گا، مرضی کس کی چلے گی اور وہ حاکمیت کس طرح روبعمل ہوگی۔ کس کے واسطے سے ہوگی، کون اس کا نمائندہ ہوگا۔'' (ص 96 مطالبات دین)

جب یہ تمام امور مثلاً حکمران انگریزوں کے نظام میں موجود تھے اور وہ نظام ہندوستان میں عملاً رائج

Marfat.com

تھا تو معلوم ہوا کہ ہندوستانیوں کا بشمول مسلمانوں کے دین، دین انگریز تھا اور دین اسلام محض چند عقائد اور چند رسوم کا مجموعہ بن کر مذہب میں تبدیل ہو گیا تھا۔ ان کا مطاع مطلق برطانوی پارلیمان تھی اور اس کی مرضی چلتی تھی۔

ڈاکٹر اسرار صاحب نے الفاظ کے الٹ پھیر میں نہ صرف یہ کہ مسلمانوں کی تحریک وجدوجہد آزادی کی پوری تاریخ کو طاق نسیان پر رکھ دیا ہے بلکہ مسلمانوں پر اپنے دین کو ترک کرنے اور دین انگریز کو اختیار کرنے اور برطانوی پارلیمان کو مطاع مطلق ماننے کی العیاذ باللہ، تہمت بھی لگائی ہے۔ حالانکہ مسلمانوں کی بحیثیت مجموعی جدوجہد آزادی شروع سے آخر تک رہی۔ تحریک شہیدین (یعنی سید احمد شہیدؒ اور شاہ اسماعیل شہید رحمہ اللہ)، تحریک مجاہدین، 1857ء کی جنگ آزادی، تحریک خلافت، تحریک ریشمی رومال، تحریک پاکستان۔ یہ سب تحریکیں اور کاوشیں آخر کس کو مطاع مطلق مان کر تھیں۔ اگر برطانوی پارلیمان ہی ان کی مطاع مطلق تھی تو کیا یہ سب قربانیاں اسی کی اطاعت میں تھیں؟ ڈاکٹر صاحب کو اختیار ہے کہ وہ تحریک پاکستان کے اسباب کو معاشرتی و معاشی کہیں لیکن وہ اس سے انکار نہیں کر سکیں گے کہ مسلمان عوام سے ووٹ، اسلام، اسلامی آئین اور اسلامی نظام کے نام پر لیے گئے تھے۔ جب مسلمانوں کے دلوں میں اسلامی آئین جاگزیں تھا اور وہ اس کے لیے قربانیاں دے رہے تھے تو یہ تو نہیں ہو سکتا کہ انگریز کا آئین بھی ان کے دلوں میں پیوست تھا۔ کیونکہ ان دونوں کے درمیان منافات ہے تو جب تک کسی کو مطاع مطلق تسلیم نہ کیا جائے اس کا دین قبول نہ ہوگا۔ لہٰذا ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ مسلمانوں نے بحیثیت مجموعی دین انگریز کو کبھی قبول نہیں کیا اور ہم سمجھتے ہیں کہ انگریزی دین اور انگریزی قانون کے درمیان فرق ڈاکٹر صاحب پر مخفی نہیں ہوگا اور مسلمانوں کی مجموعی و انفرادی کوششیں بھی اس لیے تھیں کہ انگریزی قانون کی جگہ اسلامی قانون آئے۔

حدیث میں آتا ہے کہ جب میت کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور اس کے پاس منکر نکیر آتے ہیں تو یہ پوچھتے ہیں۔ ما دینك (تیرا دین کیا ہے؟) مومن مسلم ہو تو جواب دیتا ہے۔ دینی الاسلام (میرا

Marfat.com

دین اسلام ہے) ڈاکٹر اسرار صاحب کے قول کے مطابق جب اسلام مغلوب ہو چکا تو مسلمان کا دین اسلام تو نہ رہا۔ پھر نہ جانے انگریزوں کے آنے کے وقت سے اب تک مرنے والے مسلمان ان کو کیا جواب دیتے ہوں گے؟۔

تصور دین کے بارے میں ڈاکٹر اسرار صاحب ذہنی انتشار کا شکار ہیں۔ دین کا مطلب کبھی وہ کچھ بتاتے ہیں اور کبھی کچھ بتاتے ہیں۔ مثلاً:

1۔ اپنی کتاب ''مطالبات دین'' کے ص 92 پر لکھتے ہیں۔

''دین اللہ یہ ہے کہ صرف اللہ کو مطاع و حاکم مطلق اور حقیقی مقنن تسلیم کر کے اس کی جزا کی امید اور اسی کی سزا سے خوف کرتے ہوئے صرف اسی کے قانون، اسی کے ضابطے اور اسی کی دی ہوئی شریعت کے مطابق اپنے انفرادی و اجتماعی معاملات کو انجام دیا جائے۔ بالفاظ دیگر صرف اور صرف اس کی کامل اطاعت میں پوری زندگی کو جکڑ دیا جائے۔''

یہاں دین کا مطلب خاص طرز اور ضابطہ کے مطابق عمل کرنا، معاملات سرانجام دینا اور زندگی بسر کرنا بتایا ہے۔

2۔ مطالبات دین کے ص 91 پر لکھتے ہیں:

''دین اسلام کے معنی ہیں ایک پورا نظامِ زندگی اور مکمل ضابطہ حیات جس میں ایک ہستی یا ادارے کو مطاع، مقنن اور حاکم مطلق مان کر اس کی جزا کی اُمید اور سزا کے خوف سے اس کے عطا کردہ یا جاری و نافذ کردہ قانون اور ضابطے کے مطابق اس ہستی (یا ادارے) کی کامل اطاعت کرتے ہوئے زندگی بسر کی جائے۔

لہٰذا دیکھ لیجئے یہاں بادشاہی کے اس پورے نظام کو جو بادشاہ کی حاکمیت کی بنیاد پر مصر میں رائج تھا دین الملک سے تعبیر کیا گیا۔''

یہاں ڈاکٹر اسرار صاحب نے دین کا مطلب رائج ضابطہ حیات اور نظام زندگی بتایا ہے جس کے مطابق زندگی بسر کرنی ہے۔ ظاہر ہے کہ ضابطہ حیات اور نظام زندگی اور چیز ہے اور اس کے مطابق

Marfat.com

زندگی بسر کرنا اور اس پر عمل کرنا اور چیز ہے۔

3۔ مطالبات دین ص 96 پر لکھتے ہیں:

''دین اصل میں اس سے بحث کرتا ہے کہ مطاع کون ہے، حاکم کون ہے، حاکمیت کس کی ہے، قانون کس کا چلے گا، مرضی کس کی چلے گی اور وہ حاکمیت کس طرح روبعمل ہوگی، کس کے واسطے ہوگی، کون اس کا نمائندہ ہوگا۔''

یہاں ڈاکٹر اسرار صاحب نے دین کو آئین (Constitution) کے معنی میں بتایا ہے۔ آئین تو ایک فکری چیز ہے جس پر ایک نظام قائم کیا جاتا ہے اور لوگ اس نظام کے مطابق عمل کرتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک چیز دوسرے سے جدا حقیقت رکھتی ہے۔

4۔ مطالبات دین ص 95 پر لکھتے ہیں:

''دین حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک سب انبیاء و رسل کا ایک ہی رہا ہے۔ اس میں کسی دور میں بھی قطعاً کوئی فرق واقع نہیں ہوا۔ سب کا دین ایک ہی ہے۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان کامل توحید کے ساتھ۔ ملائکہ، نزول کتب اور ارسال انبیاء پر ایمان اور بعث بعد الموت، حشر و نشر، حساب کتاب، جزا و سزا اور جنت و دوزخ یعنی آخرت میں پیش آنے والے تمام احوال پر ایمان اور اس بات پر ایمان کہ حاکم مطلق صرف اللہ ہے۔ وہی مقنن حقیقی ہے۔''

ڈاکٹر صاحب نے یہاں دین کو آئین کے معنی تو دیئے ہیں لیکن اس کے ساتھ بہت سی ایسی باتیں بھی شامل کر دی ہیں جن کا اصل موضوع سے کوئی تعلق ہی نہیں۔ وہ خود ہی ص 96 پر وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''دین اصل میں اس سے بحث کرتا ہے کہ مطاع کون ہے، حاکم کون ہے، حاکمیت کس کی ہے، قانون کس کا چلے گا.....الخ۔''

اب سابقہ انبیاء و رسل پر ایمان لانا، سابقہ کتابوں پر ایمان لانا، حضرت جبرائیل علیہ السلام کے علاوہ دیگر فرشتوں پر ایمان لانا، تقدیر پر ایمان لانا ان باتوں کا ڈاکٹر اسرار صاحب کے بتائے ہوئے اصل

Marfat.com

موضوع سے تو کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ آگے لکھتے ہیں۔

تصور دین کے بارے میں ڈاکٹر اسرار صاحب کے انتشارِ ذہنی اور دیگر اغلاط سے قطع نظر کرتے ہوئے ہم ان کے دیئے ہوئے تصورِ اقامت دین کو دیکھتے ہیں تو وہ بھی گمراہی سے خالی نہیں ہے۔

ڈاکٹر اسرار صاحب نے اقامت دین کے لیے اس آیت سے استدلال کیا ہے۔

ترجمہ: ''اے مسلمانو! تمہارے لیے ہم نے مقرر کیا از جنس دین وہی جس کی وصیت کی تھی نوحؑ کو اور جو وحی کیا گیا ہے اے نبی تیری جانب اور جس کی وصیت کی تھی ہم نے ابراہیمؑ کو اور موسیٰؑ کو اور عیسیٰؑ کو کہ دین کو قائم کرو۔'' (سورہ شوریٰ:13)

بعد میں لکھتے ہیں:

''اس بحث کا خلاصہ یہ نکلا کہ جو دین اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح، حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ علیہم الصلوٰۃ والسلام پر نازل کیا تھا اور خاتم النبیین و والمرسلین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر تکمیل پایا اس کے نزول کا مقصد تھا اس دین اللہ کا بالفعل قیام ونفاذ۔ چنانچہ آیت کے اگلے ٹکڑے میں فرمایا کہ ان اقیموا الدین (دین کو قائم کرو) یعنی بالفعل نافذ ہو۔ (اللہ تعالیٰ کی حاکمیت مطلقہ) کے مطابق تمام معاملات طے ہوں، تمام امور کا تصفیہ کیا جائے، کسی کام کو حرام وحلال، جائز وناجائز قرار دینے کا اللہ کو کامل مختار ومجاز تسلیم کیا جائے۔ اس سے سرمو انحراف نہ کیا جائے۔ جب تک امر واقعہ میں یہ صورتحال عملاً نافذ نہیں ہوتی اس وقت تک دین کے قیام کا مقصد پورا نہیں ہوتا جو انزال وحی، ارسال کتب اور بعثت انبیاء ورسل کا بنیادی واساسی مقصد ہے۔ (مطالبات دین ص 94)

اور امر واقعہ میں یہ صورتحال عملاً اس وقت نافذ سمجھی جائے گی جب کسی علاقہ میں اسلامی نظام پر مبنی اسلامی حکومت قائم ہو جائے جیسا کہ خود ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں:

''تیسرے یہ کہ وہ اللہ کے کلمے کی سربلندی اور اس کے دین حق کے بالفعل قیام اور غلبے کے لیے تن من دھن سے کوشاں ہو۔ اس کے لیے قرآن حکیم کی چار اساسی اصطلاحات ہیں۔ تکبیر رب،

Marfat.com

اقامت دین، اظہار دین الحق علی الدین کلہ اور حدیث نبویؐ میں ایک پانچویں اصطلاح وارد ہوئی ہے۔لِتَکُوْنَ کَلِمَۃُ اللّٰہِ ھِیَ الْعُلْیَا اور.....

تین عام فہم تعبیرات ہیں۔ قیام حکومت الٰہیہ، نفاذ نظام اسلامی اور اسلامی انقلاب۔" (ص109 جماعت شیخ الہند اور تنظیم اسلامی)

ڈاکٹر اسرار صاحب نے جس آیت سے استدلال کیا ہے ان کے بقول اس میں پانچ اولوالعزم پیغمبروں کو اقامت دین کا حکم ہوا۔ بالفاظ دیگر ان کو حکومتی سطح پر اسلامی انقلاب برپا کرنے اور حکومت الٰہیہ قائم کرنے کا حکم ہوا لیکن تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ ان کی جانب سے حکومت قائم کرنے کی کوئی بھی کوشش منقول نہیں۔

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم میں سے صرف چند افراد مسلمان ہوئے۔ان کے اپنے گھر والوں میں سے بعض افراد کفر پر قائم رہے۔ وہ اپنی کوشش سے حکومت الٰہیہ قائم نہ کر سکے۔ اللہ تعالیٰ نے محض اپنی قدرت سے کافر قوم کو غرق کر دیا پھر جو چند مسلمان تھے ان کی تعداد ہی اتنی قلیل تھی کہ کسی حکومت کی تشکیل کی ضرورت ہی نہ رہی تھی۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی میدان تیہ میں وفات ہوئی۔ نہ کوئی شہر تھا نہ ملک تھا۔ حکومت الٰہیہ کیا قائم ہوتی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے والے چند لوگ تھے۔ یہود جان کے دشمن بن گئے تو آپ کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا گیا۔ ایسے میں اسلامی حکومت و ریاست قائم کرنے کی کوشش کیسے متصور ہو سکتی ہے؟

مکہ مکرمہ میں ہجرت سے قبل نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کی جانب سے اسلامی حکومت قائم کرنے کی کوئی شعوری اور بلا واسطہ محنت مفقود ہے۔ مشرکین مکہ جب جان کے درپے ہو گئے تو مجبوراً ہجرت کرنا پڑی۔ مدینہ منورہ میں حکومت الٰہیہ قائم ہوئی تو وہ محض عطیہ خداوندی تھی۔

ہماری اس بات پر اکثر یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ حکومت قائم کرنے کے لیے کوشش تو ابتداء ہی سے کرنی ہو

Marfat.com

گی۔اس سے تو ہمیں انکار نہیں لیکن جب حکم تو یہ ہو کہ دین بالفعل نافذ ہو یعنی بالفعل حکومت الٰہیہ قائم کرو تو معاملہ اگر ابتدائی تبلیغ پر رک جائے اور حکومت بالفعل قائم نہ ہو تو اس کو حکم پورا کرنا نہیں کہتے۔

ڈاکٹر اسرار صاحب بھی مجبور ہو کر یہی عذر بتاتے ہیں۔لہٰذا لکھتے ہیں:

''قرآن حکیم میں تدبر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت (حضرت نوح علیہ السلام) پر ان کے گھر والے ہی ایمان لائے تھے۔اس میں ایک بیٹے نے دعوتِ حق قبول نہیں کی تھی۔وہ کفر پر ہی اڑا رہا تھا۔ ممکن ہے کہ چند انگلیوں پر گنے جانے والے اور لوگ بھی ایمان لائے ہوں۔بہر حال ساتھی نہ ملے۔ جمعیت فراہم نہیں ہوئی، اگلا قدم کیسے اُٹھتا، اعوان و انصار نہ ہوں تو ان کی منزل کی طرف پیش رفت کیسے ہو۔لیکن نوح علیہ السلام کی استقامت و مصابرت دیکھئے کہ ساڑھے نو سو برس دعوت و تبلیغ میں لگا دیئے اور کھپا دیئے اور اپنے فرض منصبی کو ادا کر دیا۔'' (ص 197 جماعت شیخ الہند اور تنظیم اسلامی)

لیکن ہم یہ سمجھتے ہیں کہ عام عقل والا شخص بھی اس کو تسلیم نہیں کرے گا کہ حکم تو دیا گیا ہو ایک نظام برپا کرنے کا تا کہ عبادت اور شہادت حق علی الناس بکماله ادا ہو سکیں اور حضرت نوح علیہ السلام اس کو پورا بھی نہ کر پائیں پھر بھی وہ اپنے فرض منصبی کو ادا کرنے والے کہلائیں۔کتنے ہی لوگ ہیں جو محض اجتماعی نظام کی برکتوں کے مشاہدہ سے ہی متاثر ہوتے ہیں۔ان کو یہ موقع بھی فراہم نہ ہوا اور ڈاکٹر صاحب کے اپنے فلسفہ کے علی الرغم باوجود اس کے کہ عبادت بھی ناقص کی، شہادت حق بھی پورا نہیں کیا اور نظام اسلامی برپا کرنا تو بہت ہی دور رہا لیکن پھر بھی اقیمو الدین پر پورا عمل ہو گیا اور فرض منصبی بکمالہ ادا ہو گیا۔اللہ تعالیٰ ایسی ناقص سمجھ سے محفوظ رکھیں۔

جب ڈاکٹر صاحب کے بتائے ہوئے معنی درست ثابت نہیں ہوئے تو اب ہم درست معنی نقل کرتے ہیں۔

روح المعانی میں ہے:

لم یبعث نبی الا امر باقامة الصلوٰة وایتاء الزکوٰة و الاقرار باللّٰه تعالیٰ و طاعة

Marfat.com

سبحانه و ذالك اقامة الدين۔

ترجمہ: ''کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا مگر یہ کہ اس کو نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور اللہ تعالیٰ کو ماننے اور اس کی اطاعت کرنے کا حکم دیا گیا اور یہی اقامت دین ہے۔''

نیز روح المعانی میں ہے:

ای دین الاسلام الذی ھو توحید اللّٰہ تعالیٰ و طاعته و الایمان بکتبه ورسله و بیوم الجزاء و سائر مایکون العبدبه مومنا والمراد باقامته تعدیل ارکانه و حفظه من ان یقع فیه زیغ و المواظبة علیه۔

ترجمہ: ''دین اسلام ہے جو اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی اطاعت ہے اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں اور یومِ جزا اور وہ تمام باتیں جن سے ایک بندہ مومن بنتا ہے ان پر ایمان لانا ہے۔ اور دین کی اقامت سے مراد اس کے ارکان کی اچھے طریقے سے پابندی ہے اور دین کی اس بات سے حفاظت کرنا ہے کہ اس میں کوئی کجی واقع ہو اور اسی پر ہمیشگی کرنا ہے۔''

ڈاکٹر اسرار صاحب مودودی صاحب کے اتباع میں عبادت کا بھی کچھ اور ہی مطلب بتاتے ہیں حالانکہ ان کے پاس اس کی کوئی شرعی دلیل موجود نہیں۔ اس کے لیے نصوص کے باوجود اول تو انہوں نے قرآن وسنت میں نماز، روزے وغیرہ کو عبادت کہنے ہی کی نفی کر دی۔ لکھتے ہیں:

''عملی ستون چار ہیں۔ نماز، روزہ، حج اور رمضان کے روزے۔ ان ہی کو ہم عبادات کہہ دیتے ہیں۔ اگرچہ پورے قرآن مجید میں ان کے لیے لفظ عبادت کہیں نہیں آیا، عبادت کا لفظ اسی مفہوم میں ہے جس کی میں نے تشریح کی ہے۔'' (مطالبات دین ص 14)

حالانکہ ان کے لیے کتاب وسنت میں کہیں بھی عبادات کا لفظ استعمال نہیں ہوا حدیث میں ان کو ارکان اسلام کہا گیا ہے عبادات نہیں۔ (میثاق جون 83ء)

اور عبادت کا جو تصور پوری امت میں رہا ہے اس کو وہ محدود بلکہ مسخ شدہ تصور کہتے ہیں۔ نماز کو ہم عبادت سمجھتے ہیں۔ روزہ عبادت ہے۔ زکوٰۃ عبادت ہے۔ حج عبادت ہے۔ بلاشبہ یہ

Marfat.com

عبادات ہیں۔لیکن جب عبادت کو ان میں منحصر کرلیا جائے اور جب یہ سمجھ لیا جائے گا کہ بس ان کو ادا کرنے سے عبادت کا حق ادا ہو گیا تو تصور دین محدود ہی نہیں بلکہ مسخ ہو جائے گا۔" (ص 18 مطالبات دین)

ڈاکٹر اسرار صاحب کے نزدیک ارکان اربعہ اصل عبادت کے لیے مددگار ہیں خود اصل عبادت نہیں۔لکھتے ہیں:

"عبادت، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج میں محدود و منحصر نہیں بلکہ جیسا کہ میں بعد میں عرض کروں گا یہ وہ اعمال ہیں جو پوری زندگی کو خدا کی زندگی اور غلامی میں دینے کے لیے انسان کو تیار کرتے ہیں۔ یہ چیزیں حقیقی عبادت کی ادائیگی میں مدد و معاون بنتی ہیں۔ان کے ذریعے سے انسان میں وہ قوتیں پیدا ہوتی ہیں جو اس عظیم عبادت کے حقوق کو ادا کرنے کی صلاحیت پیدا کرتی ہیں۔ یہ وہ چیزیں ہیں کہ جن کو اگر انسان اپنی زندگی میں قائم کرلے تب اس کے لیے آسان ہوگا کہ وہ اپنی پوری زندگی میں اس روش کو اختیار کرلے جس کا نام عبادت ہے۔" (ص 19 مطالبات دین)

"اس سلسلہ میں جو سب سے زیادہ محدود تصور ہے اور جو ہمارے ہاں سب سے زیادہ عام ہے اور جو عوام الناس کے ذہنوں میں صدیوں کے انحطاط کے بعد پوری طرح راسخ ہو گیا ہے وہ یہی ہے کہ عبادت سے مراد نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج ہے اور بس یہ ہیں عبادات۔باقی زندگی عبادت سے خارج ہے۔" (ص 22 مطالبات دین)

اس سے ذرا وسیع تصور جو پیدا ہوا ہے اور خوش قسمتی سے اس دور میں بہت سے اہلِ قلم کی کاوشوں، کوششوں کے نتیجے میں اب یہ بات ہمارے پڑھے لکھے طبقہ کی اچھی خاصی تعداد کے سامنے واضح ہو چکی ہے کہ عبادت پوری زندگی میں کامل اطاعت کا نام ہے۔ (ص 19 مطالبات دین)

ڈاکٹر صاحب نے جن بہت سے اہل قلم کا ذکر کیا ہے ان میں سرفہرست جناب مودودی صاحب ہیں جن کے بارے میں ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں:

"مولانا مرحوم (مودودی صاحب) میرے والد کی عمر کے تھے۔ پھر میرے محسن بھی تھے کہ ان کی

Marfat.com

تصانیف کے مطالعہ سے مجھے دین کا صحیح مفہوم اور ایک مسلمان کی دینی ذمہ داریوں کا شعور حاصل ہوا تھا۔" (میثاق ستمبر 84ء ص28)

دیکھئے مودودی صاحب تفہیمات جلد اول میں رقم طراز ہیں:۔

"غلط کہتا ہے جو کہتا ہے کہ عبادت صرف تسبیح و مصلیٰ اور مسجد و خانقاہ تک محدود ہے۔ مومن صالح صرف اسی وقت تک عبادت گزار نہیں ہوتا جب وہ دن میں پانچ وقت نماز پڑھتا ہے اور بارہ مہینوں میں ایک مہینے کے روزے رکھتا ہے اور سال میں ایک وقت زکوٰۃ دیتا ہے اور عمر بھر میں ایک بار حج کرتا ہے۔ بلکہ درحقیقت اس کی ساری زندگی عبادت ہی عبادت ہے۔ جب وہ کاروبار میں حرام کے فائدوں کو چھوڑ کر حلال کی روزی پر قناعت کرتا ہے تو کیا وہ عبادت نہیں کرتا؟ جب وہ معاملات میں ظلم و جھوٹ اور فریب اور دغا سے پرہیز کر کے انصاف اور راست بازی سے کام لیتا ہے تو کیا یہ عبادت نہیں ہے؟ پس حق یہ ہے کہ اللہ کے قانون کی پیروی اور اس کی شریعت کے اتباع میں انسان دین اور دنیا کا جو کام بھی کرتا ہے وہ سراسر عبادت ہے۔ حتیٰ کہ بازاروں میں اس کی خرید و فروخت اور اپنے اہل و عیال میں اس کی معاشرت اور اپنے خالص دنیاوی اشغال میں اس کا انہماک بھی عبادت ہے۔" (تفہیمات جلد اول ص 67 طبع جدید)

نیز لکھتے ہیں:

"افسوس کہ عبادت کے اس صحیح اور حقیقی مفہوم کو مسلمان بھول گئے۔ انہوں نے چند مخصوص اعمال کا نام عبادت رکھ لیا اور سمجھے کہ بس انہی اعمال کو انجام دینا عبادت ہے اور انہی کو انجام دے کر عبادت کا حق ادا کیا جا سکتا ہے۔ اس عظیم الشان غلط فہمی نے عوام و خاص دونوں کو دھوکے میں ڈال دیا ہے۔"

(تفہیمات جلد اول ص 71 طبع جدید)

لیجئے ڈاکٹر اسرار صاحب کے تصور عبادت کی جڑیں بھی مودودی صاحب سے جا ملیں۔

ایک غیر فرض کام کو فرض عین قرار دیتے ہوئے ڈاکٹر اسرار صاحب لکھتے ہیں:

"وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ"

Marfat.com

ہر انسان پر حجت قائم کردی ہے کہ خواہ وہ کتنی ہی کم اور کیسی ہی معمولی استعداد کا حامل کیوں نہ ہو، فلسفہ و منطق اور علوم وفنون سے کتنا ہی نابلد اور زبان وادب کی نزاکتوں اور پیچیدگیوں سے کتنا ہی ناواقف کیوں نہ ہو وہ قرآن سے تذکر کرسکتا ہے بشرطیکہ اس کی طبع سلیم اور فطرت صحیح ہو اور ان میں ٹیڑھ اور کجی راہ نہ پا چکی ہو اور وہ قرآن کو پڑھتے ہوئے اس کا سادہ مفہوم روانی کے ساتھ سمجھتا چلا جائے۔

لیکن تذکرہ بالقرآن کے لیے بھی عربی زبان کا بنیادی علم بہر حال ناگزیر ہے اور متن کے ساتھ ساتھ قرآن کے کسی مترجم نسخے میں ترجمہ دیکھتے رہنا اس مقصد کے لیے قطعاً ناکافی ہے اور اس میں پوری دیانت داری کے ساتھ یہ سمجھتا ہوں کہ عربی کی اس قدر تحصیل کہ انسان قرآن مجید کا ایک رواں ترجمہ از خود سمجھ سکے اور تلاوت کرتے ہوئے بغیر متن سے نظر ہٹائے اس کے سرسری مفہوم سے آگاہ ہوتا چلا جائے۔ ہر پڑھے لکھے مسلمان کے لیے فرض عین کا درجہ رکھتا ہے۔

.....اور میں نہیں سمجھتا کہ ایک ایسا مسلمان جس نے کچھ بھی پڑھا لکھا ہو کجا یہ کہ غیر ملکی زبان تک سیکھی ہو، بی اے، ایم اے پاس کیا ہو، ڈاکٹری اور انجینئرنگ جیسے مشکل علوم وفنون حاصل کیے ہوں وہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں اتنی سی عربی نہ سیکھنے پر کیا عذر پیش کرسکے گا جس سے وہ اس کے کلام پاک کا فہم حاصل کرسکتا۔ حضرات! میں پورے خلوص اور خیر خواہی کے ساتھ آپ سے یہ عرض کرتا ہوں کہ ایسے لوگوں کا عربی سیکھ کر قرآن کا فہم حاصل کرنے سے باز رہنا اللہ کے کلام کا تمسخر اور استہزاء ہی نہیں بلکہ اس کی تحقیر وتوہین ہے اور آپ خود سوچ لیں کہ اپنے اس طرزِ عمل سے ہم اپنے آپ کو اللہ کی کیسی شدید باز پرس اور کتنی سخت عقوبت کا مستحق بنا رہے ہیں۔ (مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق ص 34-35)

مولانا یوسف بنوری رحمہ اللہ کے اصلاح کرنے کے بعد ڈاکٹر اسرار صاحب کی ایک اور عبارت یوں ہے:

"لیکن پڑھے لکھے لوگ جنہوں نے تعلیم پر زندگیوں کا اچھا خاصا عرصہ صرف کردیا ہو اور دنیا کے

Marfat.com

بہت سے علوم وفنون حاصل کیے ہوں مادری نہیں بلکہ غیر ملکی زبان بھی سیکھی ہوں اگر قرآن مجید کو بغیر سمجھے پڑھیں تو عین ممکن ہے کہ وہ قرآن کی تحقیر وتوہین اور تمسخر واستہزاء کے مجرم گردانے جائیں اور اس اعراض عن القرآن کی سزا تلاوت کے ثواب سے بڑھ جائے۔" (خط کشیدہ الفاظ حضرت مولانا یوسف بنوری رحمہ اللہ کے بتائے ہوئے ہیں)

اس دوسری عبارت میں ڈاکٹر اسرار صاحب نے ان لوگوں کا ذکر کیا ہے جو پڑھے لکھے ہوں اور جنہوں نے تعلیم پر زندگیوں کا اچھا خاصا عرصہ صرف کیا ہو اور دنیا کے بہت سے علوم وفنون حاصل کیے ہوں، مادری نہیں بلکہ غیر ملکی زبانیں بھی سیکھی ہوں جب کہ پہلی عبارت جو کہ قرآن مجید کے حقوق میں موجود ہے اس میں ہر اس مسلمان کو شامل کیا ہے جس نے کچھ بھی پڑھا لکھا ہو۔

حضرت مولانا بنوری رحمہ اللہ کے الفاظ پر ایک اور نظر ڈالیں۔

"اگر قرآن مجید کو بغیر سمجھے پڑھیں گے تو عین ممکن ہے.....الخ"

مولانا یوسف بنوری رحمہ اللہ نے یہ کہیں نہیں فرمایا کہ یہ سمجھنا بھی صرف عربی سیکھنے سے ہو محض ترجمہ دیکھنا کافی نہ ہو۔ اس لیے ڈاکٹر صاحب کا یہ فرمانا کہ تذکر بالقرآن کے لیے بھی عربی زبان کا بنیادی علم بہر حال ناگزیر ہے اور متن کے ساتھ ساتھ قرآن کے کسی مترجم نسخے میں ترجمہ دیکھتے رہنا اس مقصد کے لیے قطعاً ناکافی ہے۔ محض بے دلیل بات ہے۔ اگر یہ ایسا ہی ناگزیر تھا تو خاندان ولی اللہ اور پھر شیخ الہند رحمہ اللہ اور دیگر اکابرین کو ترجمہ کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی بلکہ اس طرح سے تو انہوں نے گویا ایک "فرض عین" کے ترک کرانے میں اعانت کی۔ آخر ترجمہ سے استفادہ بھی تو وہی لوگ کریں گے جو کچھ پڑھے لکھے ہوں۔

اصل چیز تو قرآن پاک کو سمجھنا ہے۔ خواہ وہ عربی اور دیگر علوم ضروریہ سیکھ کر ہو یا ترجمہ دیکھ کر یا کسی عالم سے ترجمہ کروا کر۔ اب اس دور میں دیکھا جائے تو احوط طریقہ کسی عالم سے ترجمہ کروا کر سمجھنا ہے۔ عربی زبان سیکھ بھی لے تب بھی اس سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ بات صرف الفاظ کی نہیں ہوتی بلکہ ان الفاظ اور اس کلام کی مراد کو بھی سمجھنا اصل مرحلہ ہوتا ہے۔ اُردو زبان کی کتنی عبارتیں ایسی

Marfat.com

ہیں جن کو ایک عام اردو پڑھا لکھا شخص نہیں سمجھ سکتا، تو قرآن کی عبارت کو محض عربی کے کچھ بنیادی قواعد سیکھ کر کیسے مطمئن ہوسکتا ہے کہ ہر شخص اس کو اور اس کی مراد کو سمجھ۔ لے گا۔ بلکہ یہ تو عام مشاہدہ ہے کہ کتنے ہی لوگ عربی کے کچھ قواعد سیکھ کر قرآن میں اپنی رائے دینے پر جری ہو جاتے ہیں اور ہمچو ما دیگرے نیست کا نعرہ لگانے لگتے ہیں۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ تذکرہ ہوگا قرآن پاک کے ترجمہ کو سمجھنے سے اور ترجمہ سمجھنے کے متعدد طریقے ہیں۔ کسی ایک طریقے میں تذکر کو مقید کر دینا درست نہیں اور جب یہ درست نہیں تو عربی زبان کا بنیادی علم سیکھنا تذکرے کے لیے شرط بھی نہیں اور جب شرط نہیں تو فرض عین بھی نہیں۔ باقی رہی عربی زبان کی فضیلت تو وہ مسلم ہے اور اگر قرآن وحدیث سمجھنے کی غرض سے عربی زبان کی تحصیل کے لیے ترغیب دی جائے تو انتہائی مناسب ہے لیکن اس کے ساتھ کسی اچھے عالم یا بصورت دیگر کسی معتبر تفسیر کی احتیاج بھی مدنظر رہے۔ یہ محض تذکر کے لیے بھی موجودہ دور میں ضروری ہے۔

## ☆ مزارعت

مزارعت کے بارے میں ڈاکٹر اسرار صاحب لکھتے ہیں:

''اس مسئلہ میں فقہاء امت کے درمیان میں اختلاف ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کے نزدیک ہر قسم کی مزارعت حرام ہے۔ Absentee Landloreism کا ان کی رائے میں اسلام میں کوئی امکان سرے سے موجود نہیں۔ بعض دوسرے فقہاء نے ان احادیث پر غور کرنے کے بعد اس میں استحسان اور مصالح مرسلہ کے اصول کے تحت کچھ گنجائشیں نکالی ہیں اور یہ بھی میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ اس دور کے خاص حالات میں ایک موجود الوقت نظام کو کلیتًا بدلنا ممکن نہ تھا، لہٰذا کچھ ناگزیر شرائط کے ساتھ ان کی گنجائش پیدا کی گئی۔ ورنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو مزارعت پر لفظ ربوٰ کا اطلاق کیا ہے..... ہمارے ہاں مزارعت کی جو شکلیں رائج ہیں اس میں بھی مالک بیج اور بہت سی دوسری چیزوں میں شامل ہوتا ہے۔ یہ اس حرام کو حلال بنانے کے لیے کچھ اضافی شرائط عائد کی گئی ہیں۔ ورنہ امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کا فتویٰ آنکھیں کھول دینے کے قابل ہے۔ مجھے امام

Marfat.com

صاحب کی اس رائے سے کاملۃً اتفاق ہے۔'' (اسلام کا معاشی نظام ص27-28)

''یہ بات قابل توجہ ہے کہ جب ہماری اکثریت امام ابوحنیفہ کی فضیلت بیان کرتی ہے تو ان کو امام اعظم اور سید الفقہاء قرار دیتی ہے اور ان کے بعض فتاویٰ کو درست ثابت کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگایا جاتا ہے مگر ''میٹھا میٹھا ہپ اور کڑوا کڑوا تھو'' کے مصداق ایسے اہم معاملات پر ان کے فتویٰ کو سرے سے کوئی اہمیت نہیں دی جاتی۔'' (حاشیہ اسلام کا معاشی نظام 28)

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ لکھتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کی یہ عبارت کئی اعتبار سے قابل اعتراض ہے۔ اول تو ان کا اندازِ تکلم نہایت غیر منصفانہ ہے بلکہ سوقیانہ ہے۔ ان کے الفاظ تو ملاحظہ فرمائیں۔

(i) ''چونکہ اس دور کے خاص حالات میں ایک موجود الوقت نظام کو کلیتاً بدلنا ممکن نہ تھا لہٰذا کچھ ناگزیر شرائط کے ساتھ ان کی گنجائش پیدا کی گئی تھی ورنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تو مزارعت پر لفظ ربوٰ کا اطلاق کیا ہے۔''

(ii) ''یہ اس حرام کو حلال بنانے کے لیے کچھ اضافی شرائط عائد کی گئی ہیں ورنہ امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کا فتویٰ آنکھیں کھول دینے کے لیے کافی ہے۔''

(iii) ''مجھے امام صاحب کی اس رائے سے کاملۃً اتفاق ہے۔''

(iv) ''مگر میٹھا میٹھا ہپ اور کڑوا کڑوا تھو کے مصداق ایسے اہم معاملات پر ان کے فتوے کو سرے سے کوئی اہمیت نہیں دی جاتی۔''

اندازہ کیجئے ڈاکٹر اسرار صاحب کی جانب سے یہ سب کچھ اس اعتراف کے بعد ہے۔ ''میں یہ بات کئی بار عرض کر چکا ہوں اور آج پھر اس کا اعادہ کر رہا ہوں کہ میں عالم دین ہونے کا ہرگز مدعی نہیں ہوں۔ مجتہد ہونا تو بہت دور کی بات ہے فقہ کے متعلق میرا مطالعہ محدود ہے۔'' (میثاق 84ء ص44)

اور فقہ ہی کیا ڈاکٹر اسرار صاحب کو نہ تو اصولِ فقہ کا پتا ہے، نہ اصولِ حدیث کا پتا ہے، نہ ہی علم حدیث پر ان کو دسترس حاصل ہے، نہ ان کو یہ معلوم ہے کہ اصول فتاوی کیا ہیں۔ ہاں ان کو اسلاف پر زبان

Marfat.com

طعن دراز کرنے کا پتا ہے۔

مزارعت کے بارے میں صحابہ رضی اللہ عنہم کے دور میں دو رائیں تھیں۔

جہاں ایک طرف حضرت امام صاحب رحمہ اللہ کی دلیل نَهٰى عَنِ الْمُخَابَرَةِ جیسی حدیث ہے وہاں دوسرے مجتہدین کی دلیل دوسری بہت سی روایتیں ہیں۔ مشکوٰۃ میں باب المساقاة والمزارعة کے تحت دیکھیں تو یہ احادیث ہیں:

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے یہود کو خیبر کے کھجور کے باغ اور اس کی زمین اس شرط پر دی کہ وہ اپنے مال سے اس پر کام کریں گے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اس کے پھل کا نصف ہوگا۔'' (رواہ مسلم)

''اور بخاری کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود کو خیبر کی زمین عطا کی کہ وہ اس پر کام کریں اور زراعت کریں اور اس کی پیداوار میں سے ان کے لیے نصف ہوگا۔

## ☆ ڈاکٹر اسرار صاحب کی قلابازی

ایک طرف ڈاکٹر اسرار صاحب مزارعت کے ربٰو ہونے کی وجہ سے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے کاملۃً اتفاق کرتے ہیں لیکن دوسری طرف خراجی زمین کو مزاعت پر دینے کو جائز سمجھتے ہیں اور وہ بھی محض اس وجہ سے کہ زمین دینے والا ایک فرد نہیں ہے بلکہ ریاست ہے۔ لکھتے ہیں:

''اس زمین کے مزارع ریاست کے مزارع ہوں گے اور یہ مزارعت موروثی چل سکتی ہے۔''
(میثاق اپریل 85ء)

بھلا بتایئے ایک معاملہ کی حرمت کی وجہ جب معلوم ہوگئی کہ ربٰو یعنی سود ہے تو کیا کسی ریاست کو خواہ وہ اسلامی ریاست ہی ہو یہ حق حاصل ہے کہ وہ سودی معاملہ کرے۔ دین اسلام میں تو ایسی کوئی بات ثابت نہیں ہے۔

## ☆ مضاربت

اسلام کا معاشی نظام ص 26 پر ڈاکٹر اسرار صاحب مضاربت کے بارے میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

''ایک شخص محنت کرسکتا ہے، دکان چلاسکتا ہے مگر اس کے پاس سرمایہ نہیں ہے اور کسی دوسرے شخص کے پاس زائد سرمایہ موجود ہے۔ اب یہ دونوں مل کر کام کرتے ہیں۔ ایک کی محنت ہوگی دوسرے کا سرمایہ۔ اس صورت میں محنت اور سرمایہ کا امتزاج وجود میں آئے گا اور اس کا نام مضاربت ہے۔ یہ دین میں جائز تو ہے مگر پسند نہیں مثلاً طلاق۔ اگر کسی کے پاس سرمایہ ہی اتنا ہے کہ جس پر خود اس کی معیشت کا دارومدار چل سکتا ہے تو وہ خود دکان لگائے، محنت کرے اور رزق حلال کمائے۔ لیکن اگر کسی شخص کے پاس اپنی ضروریات کے لیے کوئی اور ذریعہ موجود ہے اور وہ فاضل سرمایہ اپنے ایسے بھائی کو دے رہا ہے جو سرمایہ نہ ہونے کے باعث کسی اور کے سرمائے پر کام کرنے پر مجبور ہے لیکن یہ اس کی مجبوری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے سرمایہ کی بنیاد پر اس کی محنت میں حصہ ڈالتا ہے..... .....الخ''

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ فرماتے ہیں کہ یہاں پر ڈاکٹر اسرار صاحب نے دو غلطیاں کی ہیں۔

(1) مضاربت کی تعریف جو کتب فقہ میں ملتی ہے وہ یوں ہے۔ عقد الشرکة بمال من احد الجانبین و العمل من الجانب الآخر یعنی ایسا عقد شرکت جس میں ایک جانب سے سرمایہ اور دوسری جانب سے محنت ہو۔ لیکن اس میں ''زائد سرمایہ'' کی کوئی قید نہیں جو کہ ڈاکٹر صاحب کے کلام میں موجود ہے اور وہ یہ کہ ''اور کسی دوسرے شخص کے پاس زائد سرمایہ موجود ہے۔'' اب چونکہ یہ قید لگا چکے اس لیے یہ سوال پیدا ہوسکتا ہے کہ کسی کے پاس سرمایہ تو ہو لیکن زائد نہیں تو اس کے بارے میں یہ ہدایت کی کہ ''وہ خود دکان لگائے، محنت کرے اور رزق حلال کمائے۔'' اب اگر کوئی یہ سوال کر بیٹھے کہ اگر اس کے پاس اپنی معیشت کے بقدر سرمایہ ہے لیکن وہ دکانداری اور تجارت کے طریقوں سے ناواقف ہے یا مثلاً عورت ہے یا یہ کہ اس کی طبیعت اور ذہن اس میں نہیں چلتا یا مثلاً یہ کہ اس کے پاس وقت نہیں ہے مثلاً وہ طالب علم ہے یا عالم ہے یا بغیر معاوضہ کے تبلیغ کرنا چاہتا ہے یا کم تنخواہ پر ملازم ہے تو پھر کیا کرے؟۔ ڈاکٹر صاحب نے اس تیسری صورت کے لیے تو گنجائش ہی نہیں

Marfat.com

چھوڑی۔

اسی بات کوصاحب ہدایہ نے اس طرح ذکر کیا ہے۔وھی مشروعة للحاجة الیھا فان الناس بین غنی بالمال غبی عن التصرف فیه و بین مھتد فی التصرف صفر الید عنه فمست الحاجة الی شرع ھذا النوع من التصرف لینتظم مصلحة الغبی والذکی والفقیر والغنی۔ یہ حاجت کی بناء پر مشروع ہے کیونکہ لوگوں میں ایسے بھی ہوتے ہیں جو مالدار ہوں لیکن مال میں تصرف سے غبی ہوں اور ایسے بھی ہوتے ہیں جو کام کے طریقے خوب جانتے ہیں لیکن خالی ہاتھ ہوتے ہیں۔تو حاجت اس نوع کے تصرف کی مشروعیت کا باعث ہوئی تا کہ غبی اور ذکی اور فقیر اور غنی کی مصلحت کا انتظام ہو۔

دوسری بات یہ ہے کہ کیا یہ بھی کوئی شرط ہے کہ صاحب محنت کا اپنا سرے سے کوئی سرمایہ نہ ہو؟ حالانکہ یہ صورت بھی مضاربت کی ممکن ہے کہ محنت والے کا اپنا سرمایہ بھی اسی کام میں لگا ہو۔

رہی یہ بات کہ یہ دین میں پسندیدہ نہیں تو دعویٰ بلا دلیل ہے۔کیونکہ ایسی کتنی ہی صورتیں ہیں جن میں ایک شخص دوسرے کی محنت کے بل بوتے پر خوب کماتا ہے۔کاروباری اداروں میں اور دکانوں میں ملازمت،اسی طرح کارخانوں میں ملازمت۔اگر ''قل العفو'' کے تحت مضاربت ناپسندیدہ ہے تو یہ سب صورتیں بھی ناپسندیدہ ہونی چاہئیں۔کیونکہ اگر ضرورت سے زائد سرمایہ ان ملازمین کو دے دیا جائے تو یہ بھی اپنے طور پر کوئی کاروبار یا دھندا کر کے سرمایہ دار کو نفع میں شریک کرنے پر راضی ہوتے ہیں۔

ہدایہ اور اس کی شرح عنایہ میں ہے کہ مضاربت سنت اور اجماع سے ثابت ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث فرمائے گئے اس حال میں کہ لوگ اس کا ارتکاب کرتے تھے اور آپ نے ان کی تقریر فرمائی جیسا کہ روایت ہے کہ ابن عبدالمطلب جب مضاربت کے طور پر مال دیتے تھے تو مضاربت پر شرط لگاتے تھے کہ وہ اس کو لے کر سمندری سفر پر نہ جائے،کسی وادی میں نہ اُترے اور اس سے کسی جاندار کو نہ خریدے اور اگر اُس نے ایسا کیا تو ضامن ہوگا۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پہنچی تو

Marfat.com

آپ نے اس کو پسند فرمایا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریر ایسے امر پر جس کا آپ نے معائنہ کیا ہو سنت کی اقسام میں سے ہے جیسا کہ معلوم ہے اور صحابہ کا بغیر کسی انکار کے اس پر تعامل رہا ہے تو یہ اجماع ہوا اور ان صحابہ میں حضرت عمر اور ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہم ہیں۔

اب ایک کام جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بلکہ آپ کے چچا کرتے ہوں اور فقہاء صحابہ کرتے ہوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے غیر پسندیدہ ہونے کی نہ کوئی تصریح کی ہو اور نہ ہی اس کا کوئی اشارہ دیا ہو اور کسی طرف سے نکیر بھی نہ ہو، اس کے بارے میں یہ کہنا کہ دین میں ناپسندیدہ ہے دین میں ناجائز دخل اندازی ہے۔

## ☆خراجی زمین

خراجی زمین کے بارے میں ڈاکٹر اسرار صاحب لکھتے ہیں۔

"..... فقہ حنفی کی رو سے ہمارے بعض علماء کی نہایت ہی قابل غور اور فکر انگیز رائے یہ ہے کہ پاکستان کی اکثر و بیشتر قابل کاشت اراضی خراجی زمینیں ہیں عشری نہیں ہیں۔ خراجی زمین کا مطلب یہ ہے کہ جس ملک کو مسلمانوں نے فوجی قوت سے فتح کیا ہو وہاں کی زمینیں انفرادی ملکیت میں نہیں رہتی بلکہ وہ حکومت کی اجتماعی ملکیت ہو جاتی ہیں اور ہمیشہ کے لیے ہو جاتی ہیں۔ اگر کسی وقت کوئی دوسری قوم ملک پر قابض ہو جائے لیکن جب مسلمان اسے دوبارہ حاصل کر لیں یا وہ ملک آزاد ہو جائے تو پھر بھی زمین کی حیثیت خراجی رہے گی۔ گویا جو زمینیں ایک مرتبہ خراجی ہو گئیں وہ ہمیشہ خراجی رہیں گی۔ اس زمین کے مزارع ریاست کے مزارع ہوں گے اور یہ مزارعت موروثی چل سکتی ہے۔ کوئی زمیندار مالک بن کر ان پر قابض نہیں رہ سکتا۔ اب یہ مسئلہ بھی انتہائی غور اور حل طلب ہے۔ اس پر غور و فکر ہونا اور اسلام کی منشاء کے مطابق ہمارے یہاں کے کاشتکاری کے موجودہ نظام کو استوار کرنا لازم و لابدمنہ ہے جس کے بغیر یہاں نہ صحیح طور پر جمہوریت آسکتی ہے اور نہ ہی اسلامی نظام قائم و نافذ ہو سکتا ہے اور نہ ہی اس کی برکات سے ہمارا ملک فیض یاب ہو سکتا ہے۔" (میثاق اپریل 85ء ص 15-16)

Marfat.com

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ لکھتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کی لاعلمی دیکھئے کہ وہ اراضی کے خراجی ہونے کا بڑے شدومد سے بیان دیتے ہیں جب کہ ان کو یہ معلوم نہیں ہے کہ خراجی زمین تو مملوکہ زمین ہوتی ہے جس کے مالک کو زمین کا ٹیکس جس کو خراج کہتے ہیں دینا پڑتا ہے۔ اگر زمین مملوکہ نہ ہو، وقف ہو تو اراضیٔ بیت المال یا اراضیٔ وقف کہلاتی ہے۔

ڈاکٹر اسرار صاحب نے جن بعض علماء کی رائے نقل کی ہے انہوں نے بھی اراضی کو خراجی نہیں بلکہ اراضی بیت المال کہا ہے۔ مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ نے اپنے رسالہ میں ذکر کیا ہے کہ اراضی ہند نہ عشری ہیں اور نہ خراجی بلکہ اراضی حوزہ ہیں۔ یعنی حکومت کے بیت المال کی ملکیت ہیں کسی کی شخصی ملکیت نہیں ہیں۔ (اسلام کا اقتصادی نظام ص401)

## ☆نیم تقلیدی فلسفہ

ڈاکٹر اسرار صاحب اپنے نیم تقلیدی فلسفہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

''تقلید جامد اور اجتہاد مطلق کے درمیان ہمیں ایک معتدل راستہ اختیار کرنا ہوگا۔ تقلید جامد سے میری کیا مراد ہے؟ یہ کہ بس ایک فقہ کو اس طرح پکڑ کر بیٹھے ہیں کہ اس سے ذرا بھی اِدھر یا اُدھر نہ خود ہوں گے نہ برداشت کریں گے۔ انسان اس معاملہ میں اتنا زود حس اور الرجک ہو جائے کہ کسی دوسرے فقہ کی کوئی بات سامنے آئے تو وہ یہ سمجھے کہ میں کوئی اور ہوں اور یہ کوئی اور ہے۔ یہ حقیقت وحدت امت کے لیے سخت نقصان دہ ہے۔ رہا عوام کا معاملہ تو ان کے بارے میں، میں کہوں گا کہ اتباع رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نیت سے کسی ایک فقہ کو مستقلاً اختیار کر لیں تو مطلقاً کوئی حرج نہیں۔ البتہ ان پر یہ بات واضح کر دینی ضروری ہے کہ اہل سنت کے تمام مسالک مبنی بر کتاب وسنت ہیں۔ تاکہ دوسرے مسلک کے پیروکاروں کے متعلق ان کے دلوں میں غیریت کا احساس بالکل پیدا نہ ہو۔ رہا ان حضرات کا معاملہ جو دین کے خادم ہیں، جو میدان میں آکر خدمت کر رہے ہیں، جن کے سامنے اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور احیائے دین کی منزل ہے انہیں تو یقیناً اس تقلید جامد سے نکلنا پڑے گا۔''

Marfat.com

(جماعت شیخ الہند اور تنظیم اسلامی ص 367/368)

".....جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ یہی ہدایت میں نے تنظیم اسلامی کے رفقاء کو دی ہے۔ فقہی مسائل کے بارے میں، میں اپنی رائے کے اظہار سے بھی حتیٰ الامکان گریز کرتا ہوں البتہ میرا ایک مزاج ہے۔ میں اسے چھپانا نہیں چاہتا۔ میں مقلد محض نہیں ہوں۔ میں نیم مقلد ہوں۔ میں ان پانچوں ائمہ کا مقلد ہوں۔ ان پانچوں دائروں سے باہر جانے کو میں غلط سمجھتا ہوں۔ یہ ہماری مشترک متاع ہے۔ ان دائروں کے اندر اندر جس کی رائے کو بھی اقرب الی السنة اور اقرب الی الصواب سمجھتا ہوں اس کی رائے کو ترجیح دیتا ہوں۔ میرے مزاج، میری افتاد طبع اور میری احتیاط کا اندازہ اس واقعہ سے لگائیے کہ آپ کے اس شہر لاہور ہی کی نہیں بلکہ عالم اسلام کی مشہور علمی درسگاہ اور دارالعلوم کی ایک جید شخصیت عالم دین شیخ الحدیث کی خدمت میں آج سے قریباً ڈھائی سال قبل میں نے حاضر ہو کر اپنی تمام کتابیں ان کے قدموں میں ڈال دیں اور ان سے عرض کیا کہ اگر ان میں سے آپ کسی ایسی بات کی نشان دہی فرما دیں جو ائمہ اربعہ اور امام بخاری رحمہم اللہ کے دائرے سے باہر کی ہے تو میں ان کو اپنی کتابوں سے حذف کر دوں گا۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اسلام صرف حنفیت میں منحصر ہے تو میرا راستہ اور ہے اور آپ کا اور۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسی بات کیسے کہہ سکتے ہیں جب کہ ہم ان سب کو اہل سنت کے ائمہ تسلیم کرتے ہیں؟ تو میں نے عرض کیا کہ میں ان شاء اللہ ان تمام باتوں سے رجوع کر لوں گا جو امت کے مسلمہ ان پانچ ائمہ عظام کے دائرے سے باہر کی ہوں گی۔ (جماعت شیخ الہند اور تنظیم اسلامی ص 371)

ڈاکٹر اسرار صاحب کا یہ کہنا کہ "تقلید جامد وحدت امت کے لیے سخت نقصان دہ ہے"۔ تو کیا شتر بے مہار کی طرح ہر جگہ منہ مارنا یہ وحدت امت کے لیے بہت مفید ہے؟۔

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ احتساب کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

(1) ڈاکٹر صاحب نے لکھا ہے۔ "ان (پانچوں) دائروں کے اندر اندر جس کی رائے کو بھی اقرب الی السنة اور اقرب الی الصواب سمجھتا ہوں اس کی رائے کو ترجیح دیتا ہوں۔"

Marfat.com

لیجئے چیونٹی کو بھی پر لگ گئے کہاں تو وہ یہ کہتے نہیں تھکتے کہ ''میں یہ بات کئی بار عرض کر چکا ہوں اور آج پھر اس کا اعادہ کر رہا ہوں کہ میں عالم دین ہونے کا ہرگز مدعی نہیں ہوں۔ مجتہد ہونا تو بہت دور کی بات ہے فقہ کے متعلق میرا مطالعہ محدود ہے۔'' (میثاق: 84ء ص 44)

یعنی نہ عالم ہیں نہ فن حدیث پر کچھ عبور ہے، نہ فقہ اور اصول فقہ سے کچھ ممارست ہے۔ لیکن اب سبحان اللہ ایسے پر لگ گئے ہیں کہ مجتہدین کے اقوال اور ان کے دلائل کو پرکھ سکتے ہیں اور ان کے درمیان فیصلہ کر سکتے ہیں کہ کس کی بات درست ہے اور سنت کے زیادہ قریب ہے۔

(2) الحمدللہ مسلمانوں میں چاروں فقہوں کا احترام موجود ہے اور مسلمان سب کو اہلسنّت میں سے شمار کرتے ہیں اور بعض مسائل کے اختلاف کے باوجود ان میں یہ تصور سرے سے نہیں ہے کہ میں کوئی اور ہوں اور یہ کوئی اور ہے۔

ہاں ہمارے ہاں ایک طبقہ ایسا پیدا ہوا ہے جو اپنے آپ کو اہل حدیث کہلواتا ہے اور تقلید کو شرک کہتا ہے۔ اس طبقہ کی وجہ سے امت کے اندر انتشار پھیلا۔

ڈاکٹر اسرار صاحب بھی چونکہ بوجوہ کسی ایک مجتہد کی تقلید کے پابند نہیں رہنا چاہتے اس لیے ان کو اس طبقہ کے ساتھ ایک مناسبت اور ہمدردی ہے اس لیے لکھتے ہیں:

''البتہ چونکہ مسالک اربعہ کے پیروؤں میں سے تو ہمارے یہاں شاید احناف کے سوا شاذ ہی کسی اور مسلک کے لوگ موجود ہوں لیکن اہل سنت کا ایک اور گروہ برصغیر پاک و ہند میں معتدبہ تعداد میں موجود ہے جو غیر مقلد یا اہلحدیث یا سلفی المسلک الغرض مختلف ناموں سے موسوم ہے..... اور اگرچہ یہ واقعہ ہے کہ یہ صرف ایک مسلک ہے، کوئی معین مذہب نہیں اور اصولی طور پر اس میں کسی معین مجتہد کی تقلید خارج از بحث ہے تاہم اکثر و بیشتر مسائل میں یہ حضرات امام بخاریؒ کے اجتہادات ہی کا اتباع کرتے ہیں۔ چنانچہ کچھ حضرات انہیں طنزاً مقلدین بخاریؒ کے نام سے بھی موسوم کرتے ہیں۔

اور جیسا کہ میں نے اپنی زیر بحث تقریر میں عرض کیا تھا امام بخاریؒ وہ شخصیت ہیں جن کے مرتب کردہ

Marfat.com

مجموعہ احادیث کو جملہ اہلسنّت اصح الکتب بعد کتاب اللہ تسلیم کرتے ہیں۔ مزید براں اکابر علمائے احناف نے ان کی فقاہت کو خراجِ تحسین ادا کیا ہے لہٰذا میں نے اپنی ذات کی حد تک نیم تقلید کا جو دائرہ بنایا ہے اس میں ائمہ اربعہ کے ساتھ ساتھ امام بخاریؒ کو بھی شامل کیا ہے۔ (میثاق 84ء ص29,30)

ڈاکٹر صاحب اپنے مزاج کے ہاتھوں مجبور ہیں۔ لکھتے ہیں۔ ''میرا ایک مزاج ہے۔ میں اسے چھپانا نہیں چاہتا۔ میں مقلد محض نہیں۔ میں نیم مقلد ہوں۔'' (ص 271۔ جماعت شیخ الہند اور تنظیم اسلامی)

ڈاکٹر اسرار صاحب کی سوچ یہ ہے کہ دعوت الی اللہ کے کام کرنے والے میں کوئی فقہی لیبل چسپاں نہ ہونا چاہیے۔ لکھتے ہیں۔ ''دعوت اللہ کی طرف ہو۔ اس کے ساتھ ہی داعی کی سیرت و کردار علم صالح کا مظہر ہو۔ مزید برآں وہ اپنے آپ کو مسلمان سمجھے، مسلمان کہلائے۔ کسی فقہی مسلک کی طرف نہ دعوت ہو اور نہ ہی اس کا لیبل چسپاں ہو۔'' (میثاق اگست 84ء ص27)

ان دو وجہوں میں سے پہلی وجہ تو بے وزن ہے کیونکہ محض کسی کا خاص مزاج ہونا کوئی دلیل نہیں ہے۔ مزاج کو شریعت کے تابع کیا جاتا ہے شریعت کو مزاج کے تابع نہیں کیا جاتا۔ رہی دوسری وجہ تو یہ پہلی سے بھی زیادہ بے وزن ہے۔ امام غزالی پر شافعی ہونے، ابن تیمیہ اور محمد بن عبدالوہاب پر حنبلی ہونے، شاہ ولی اللہ اور سید احمد شہید اور مولانا الیاس پر حنفی ہونے کا لیبل چسپاں تھا لیکن اس سے ان کے کام اور ان کی دعوت کو کچھ بھی نقصان نہیں ہوا۔

غرض ڈاکٹر اسرار صاحب کا نیم تقلیدی فلسفہ اپنی بنیاد اور آثار دونوں کے لحاظ سے بے وزن تو ہے ہی، خطرناک بھی ہے۔ اسی سے ڈاکٹر صاحب کے وہ افکار و نظریات پھوٹے ہیں جن کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب اپنے منابع فہم قرآن کے بارے میں لکھتے ہیں۔

''اور الحمدللہ کہ ان دروس و خطابات کے ذریعے قرآن کے جس فہم و فکر کی اشاعت ہو رہی ہے وہ کسی

Marfat.com

ایک لکیر کے فقیر یا کنوین کے مینڈک کی مانند نہیں ہے بلکہ اس میں کم از کم چار منبعوں سے پھوٹنے والے سوتوں کا قران السعداء موجود ہے۔ یعنی:

ایک: حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ اور شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کا رسوخ فی العلم۔

دوسرے: ڈاکٹر محمد اقبال مرحوم اور ڈاکٹر رفیع الدین مرحوم کی جدید فلسفہ وسائنس اور جدید سیاست و اقتصادیات کے ضمن میں تنقیدی بصیرت۔

تیسرے: مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم اور مولانا ابوالاعلیٰ مودودی مرحوم کا جذبہ حرکت وعمل اور تصور جہاد فی سبیل اللہ۔ (مودودی صاحب کے تصور جہاد کی تفصیل ''الجہاد فی الاسلام'' اسی کتاب کے صفحہ 313 پر ملاحظہ ہو)

چوتھے: مولانا حمید الدین فراہی اور مولانا امین احسن اصلاحی کا تعمق وتدبر قرآن کا اسلوب ومنہاج۔

(جماعت شیخ الہند اور تنظیم اسلامی ص 24)

ڈاکٹر اسرار صاحب کی فکر دیکھئے۔ اگر کوئی شخص صرف مولانا محمود حسن اور مولانا شبیر احمد عثمانی کی تفسیر تک محدود رہے تو وہ اس کو لکیر کا فقیر اور کنوین کا مینڈک سمجھتے ہیں۔ اب ان کے فہم قرآن کے دیگر منابع پر بھی نظر ڈال لیجئے:

ڈاکٹر اسرار صاحب نے تصور دین اور تصور عبادات مودودی صاحب ہی سے اخذ کیے ہیں اور ان تصورات کے غلط ہونے کو ہم تفصیل سے بیان کر چکے ہیں۔

اسی طرح ڈاکٹر صاحب نے اپنے لیے جو نیم تقلیدی فلسفہ ایجاد کیا ہے اس کی اصل فکر بھی انہوں نے مودودی صاحب سے ہی حاصل کی ہے۔

## ☆ اُمی اُمتی

(حضرت مولانا یوسف لدھیانوی شہیدؒ اپنی کتاب ''دور حاضر کے تجدد پسندوں کے افکار'' میں لکھتے ہیں)

ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے اپنے خطاب میں بھی اور اپنے وضاحتی نوٹ میں بھی اپنے لیے ''امی نبی

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کا امی امتی'' کی اصطلاح استعمال فرمائی ہے چنانچہ وضاحتی نوٹ میں اپنے رفیق شیخ جمیل الرحمٰن کا تذکرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

''اس سب کے باوصف یہ اندازہ تو جملہ قارئین ''میثاق'' کو ہو ہی گیا ہوگا کہ وہ بھی بالکل میری طرح، اُمی نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم) کے اُمی امتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ میری طرح ان کی تحریروں میں بھی بعض فاش غلطیاں رہ جاتی ہیں۔ ادھر میرے ''ان پڑھ'' ہونے کا یہ عالم ہے کہ.....''

(میثاق دسمبر 1984ء ص 8)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب مقدس..... اُمی..... مدح کے لیے ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمیت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی ایک مستقل دلیل ہے لیکن کسی امتی کے حق میں تو یہ لفظ بطور مدح استعمال نہیں ہوتا۔ (الا یہ کہ اللہ تعالیٰ کے کسی بندے کو علم لدنی سے سرفراز فرمایا گیا ہو) اب اگر ''اُمی نبی کا اُمی امتی'' میں اُمی کا لفظ مدح کے لیے ہے تو ڈاکٹر صاحب پر اس لفظ کا اطلاق کیسے ہوتا ہے؟ اور اگر یہ ''کسر نفسی'' کے لیے ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ساتھ ملانے کی کیا تک ہے؟..... علاوہ ازیں اُمی تو اس شخص کو کہتے ہیں جو لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو، اس اعتبار سے بھی اس کا اطلاق ڈاکٹر صاحب پر محض تک بندی ہے۔ الغرض اگر ڈاکٹر صاحب ''اُمی نبی کا جاہل یا بے علم امتی'' لکھتے تو صحیح تھا مگر ''اُمی نبی کا اُمی امتی'' لکھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں سوءادب کا پہلو رکھتا ہے۔

بظاہر یہ ایک لفظی سا مناقشہ ہے لیکن ایک تو معاملہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی کا ہے اس لیے اس پر تنبیہ ضروری ہے۔ دوسرے یہ کہ ڈاکٹر صاحب (اپنی تمام خوبیوں کے باوصف) چونکہ علم راسخ نہیں رکھتے اس لیے معمولی علمی تعبیرات میں بھی ان سے کیسی کیسی لغزشیں ہوتی ہیں جن میں ان کو تنبہ بھی نہیں ہوتا۔

## ☆ ڈاکٹر رفیع الدین صاحب کے افکار:

1۔ ڈاکٹر اسرار صاحب نے نظریہ ارتقاء اور اس کے دلائل کو ڈاکٹر رفیع الدین صاحب سے حاصل کیا

Marfat.com

ہے جس کو انہوں نے تفصیل سے اپنی کتاب ''قرآن اور علم جدید'' میں لکھا ہے۔ قرآن وحدیث سے اس کا بطلان ہم ثابت کر چکے ہیں۔

2-تَعْرُجُ الْمَلٰئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ۔ (سورۃ معارج)

چڑھیں گے اس کی طرف (یعنی پیشی کے لیے حاضر ہوں گے) فرشتے اور لوگوں کی روحیں (قیامت کے) اس دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے۔

ڈاکٹر رفیع الدین صاحب اس آیت کا کچھ اور ہی مطلب بتاتے ہیں کہتے ہیں کہ ''یہاں یہ بتایا گیا ہے کہ کائنات کا ارتقاء قوانین قدرت کا ارتقاء ہے۔ یہاں ان قوانین قدرت کو ملائکہ کہا گیا ہے کیونکہ ان کے عمل پر ملائکہ مامور ہیں۔ جب زندگی بلند سطحوں کی طرف ارتقاء کرتی ہے تو وہ نئے قوانین کے عمل کی زد میں آجاتی ہے اور پھر نئے بلند سطحوں کے ملائکہ اس پر مامور ہوتے ہیں۔ یہی فرشتوں کا عروج الی الحق ہے اور یہاں روح سے مراد زندگی ہے جو جمادات، نباتات، حیوانات اور انسان میں موجود ہے اور رفتہ رفتہ ارتقائی مدارج طے کر کے آگے بڑھ رہی ہے۔ یہی زندگی کا عروج الی الحق ہے۔

اس لیے ڈاکٹر رفیع الدین اس آیت کا ترجمہ یوں کرتے ہیں۔

اور اس کی طرف وہ قوتیں جو قوانین قدرت کے عمل کو حرکت میں لانے کے لیے مامور ہیں اور زندگی، یہ دونوں چیزیں ارتقاء کرتی ہیں ایسے ایک دور میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہوتی ہے۔

(قرآن اور علم جدید)

3-وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَ اَشْهَدَهُمْ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا۔ (سورہ اعراف:172)

اور جب نکالا تیرے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد اور اقرار کرایا ان سے ان کی جانوں پر کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں سب بولے ہاں کیوں نہیں۔ (سورہ اعراف 172)

Marfat.com

ڈاکٹر رفیع الدین صاحب لکھتے ہیں۔

''ظاہر ہے کہ ایسا وعدہ جو خدا نے ہمیں بھلا دیا ہے ہمارے لیے باعث حجت نہیں ہوسکتا لیکن ہماری فطرت کے اندر خدا کی عبادت کی خواہش کا موجود ہونا خدا کی ربوبیت کا ایک ایسا اقرار ہے جو انکار میں بدل نہیں سکتا۔

یہ آیت کسی واقعہ کو بیان نہیں کرتی بلکہ ایک واقعہ کی شکل میں فطرت انسانی کے ابدی اور ازلی حقائق کو بیان کرتی ہے۔'' (قرآن اور علم جدید)

جس واقعہ کا ہونا حدیث سے ثابت ہے اور قرآن کا ظاہر الفاظ بھی جس کا متقاضی ہے اور پوری امت جس پر متفق رہی ہے ڈاکٹر رفیع الدین صاحب اس واقعہ کا ہی انکار کر رہے ہیں حالانکہ اگر ہم بھول گئے تو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب سے اور اپنے رسولوں کی وساطت سے ہمیں وہ واقعہ یاد دلایا ہے اور انسانی فطرت کے اندر خدا کی عبادت کی خواہش اس واقعہ کے وقوع پر ایک بڑا قرینہ ہے۔

4- حضرت آدم علیہ السلام اور فرشتوں کے قصہ کے وقوع کا انکار کرتے ہوئے ڈاکٹر رفیع الدین صاحب لکھتے ہیں:

''خدا کو اس بات کی حاجت نہیں کہ وہ فرشتوں سے اپنے عزائم اور مقاصد کے بارے میں کوئی گفتگو یا مشورہ کرے اور نہ فرشتوں کا یہ مقام ہے کہ وہ خدا پر دبی زبان سے بھی اعتراضات کریں اور پھر اللہ تعالیٰ کو اس بات کی ضرورت نہیں کہ فرشتوں کو اپنے اعتراضات میں برسر غلط ثابت کرنے کے لیے ایک ایسے علم میں آدم کے ساتھ ان کے مقابلہ کا امتحان منعقد کرے جو فریقین کو اسی کی طرف سے عطا کیا گیا ہو..... نہ فرشتوں کا سجدہ کرنا زمین پر سر ٹیکنے کے مترادف ہے اور نہ ابلیس کا انکار سر ٹیکنے سے انکار ہے۔ پھر جنت عالم حقیقی کی چیز ہے عالم مادی کی نہیں۔'' (قرآن اور علم جدید)

یہ چند مثالیں ہیں ورنہ تو ڈاکٹر رفیع الدین صاحب نے اپنی کتاب قرآن اور علم جدید میں اہلسنت کے بہت سے عقائد کو ترک کر کے فلسفیوں کے سے تصورات کو اختیار کیا ہے۔

Marfat.com

## ☆ امین احسن اصلاحی صاحب کا تدبر قران:

ڈاکٹر اسرار صاحب کے فہم قرآن کا ایک منبع امین احسن اصلاحی صاحب کا تدبر قرآن کا اسلوب و منہاج ہے۔اس اسلوب و منہاج کو اصلاحی صاحب کی اپنی تحریر میں پڑھیے اور ہوا کا رخ دیکھیے۔

## ☆ حدیث کی تنقیص کا پہلا طریقہ:

''(رہنمائی کی صورت) یہ ہوگی کہ ایک آیت پر اس کے الفاظ کی روشنی میں پوری طرح غور کیا۔ قرآن مجید میں جو آیات اس کی مماثل ہیں ان کی روشنی میں بھی اس کو اچھی طرح دیکھ لیا۔سیاق و سباق اور عمود و نظم کے پہلو سے بھی اس پر نگاہ ڈال لی لیکن ان تمام باتوں کے بعد بھی پوری تشفی نہیں ہوتی۔الفاظ کچھ چاہتے ہیں لیکن صاف نہیں معلوم ہوتا کیا چاہتے ہیں؟ اب ہم احادیث اور اقوال صحابہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور کوئی ایسی بات پا لیتے ہیں جس سے اس آیت کا تمام عالم روشن ہو جاتا ہے۔الفاظ کو اس کے بعد کسی بات کا انکار نہیں رہ جاتا۔نظم اور سیاق کلام سب کا حق ادا ہو جاتا ہے۔تو اس بات کو اگر وہ صحیح طریقہ سے منقول ہوگی قبول کر لیں گے۔(مبادی تدبر قرآن ص 145-147)

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ لکھتے ہیں۔

یہاں اسلاف کے طریقہ تفسیر اور اصلاحی صاحب کے طریقہ تفسیم میں جو فرق ہے وہ یہ ہے کہ اسلاف تو حدیث کو اس کے مرتبہ میں قرآن کا شارح اور مفسر سمجھتے ہیں اور جہاں قرآن کی تفسیر قرآن سے نہ ہو سکتی ہو حدیث سے ہوتی ہو وہاں حدیث ہی کو مفسر قرار دیتے ہیں لیکن اصلاحی صاحب حدیث کو قرآن کا شارح اور مفسر نہیں مانتے بلکہ وہ اس بات کے قائل ہیں کہ جہاں قرآن کی تفسیر فقط قرآن سے کرنے میں کامیابی نہ ہو وہاں وہ قرآن کی تفسیر کرنے میں حدیث سے مدد تو لیں گے لیکن پھر بھی حدیث کو مفسر اور شارح کے طور پر نہیں لیں گے اور یہ مدد بھی اس لیے نہیں کہ حدیث کو تفسیر میں دخل ہے بلکہ محض اس لیے کہ اپنے غور و فکر سے وہ جس نتیجہ تک پہنچے ہیں اور اس کے بارے میں کچھ کھٹک ہے تو وہ کھٹک دور ہو جائے اور اطمینان ہو جائے کہ ان کا غور و فکر صحیح ہے اور صحیح نتیجہ دے رہا

Marfat.com

ہے۔اس لیے وہ جس حدیث سے فائدہ اٹھاتے ہیں اس کا احسان نہیں مانتے اور اس کو تفسیر کے طور پر ذکر نہیں کرتے۔

اصلاحی صاحب ایسا کیوں کرتے ہیں۔اس کی وجہ وہ خود لکھتے ہیں۔

''اگر ان روایات کی تحقیق وتنقید کر کے ان کے اندر جو مغز ہے اس کو الگ بھی کیا جا سکے جب بھی تنہا انہی کو تفسیر میں فیصلہ کن چیز قرار دینا کسی طرح صحیح نہیں ہو سکتا۔اس لیے کہ یہ روایات صحت کے معیار پر پوری اترنے کے بعد بھی ظن کے شائبہ سے پاک نہیں ہو سکتی ہیں۔اس لیے اگر قرآن مجید کی تفسیر میں تنہا انہی کو فیصلہ کن چیز مان لیا جائے تو قرآن مجید کی قطعیت کو نقصان پہنچے گا اور یہ چیز کسی طرح بھی گوارا نہیں کی جا سکتی۔دوسرے شواہد ودلائل کے ساتھ مل کر تو بلاشبہ یہ روایات قرآن مجید کے صحیح مفہوم کی تعیین میں بہت زیادہ مددگار ہو سکتی ہیں لیکن تنہا انہی کی مدد سے کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔''

اصلاحی صاحب نے اس طرح سے کھل کر یہاں حدیث کی تنقیص کی ہے اس کی مزید تفصیل ان کی کتاب مبادی تدبر حدیث میں موجود ہے۔کیا ہی عجیب بات ہے کہ ان کے غور وفکر کو تو قطعیت حاصل ہو اور حدیث صحیح ہونے کے باوجود بھی تفسیر میں اس وجہ سے قابل اعتبار نہ ٹھہرے کہ وہ ظن کے شائبہ سے پاک نہیں۔اصل بات یہ ہے کہ اصلاحی صاحب نے نہ تو قطعیت کے معنی کو سمجھا ہے اور نہ ہی حدیث میں ظنیت کے معنی سے انصاف کیا ہے۔اس کے بارے میں مزید تفصیل کتاب ''تحفہ اصلاحی'' میں موجود ہے۔

## اصلاحی صاحب کا حدیث کی تنقیص کا دوسرا طریقہ:

''صحیح راہ یہی ہے کہ آدمی.....صرف قرآن کو اپنی تمام توجہ کا مرکز بنائے۔اس کی ایک ایک آیت بلکہ ایک ایک لفظ پر تدبر کرے۔ٹھیک مفہوم متعین کرے۔طبیعت میں جو سوال پیدا ہوا اس پر بار بار غور کرے جو بات سمجھ میں آئے اس کے نظائر وشواہد تلاش کرے۔سیاق وسباق سے اس کی مطابقت معلوم کرے، نظم کے اعتبار سے اس کا موقع ومحل دیکھے۔عمود کلام کے پہلو سے اس کی مناسبت کو جانچے پھر اس پر خود اپنی طرف سے شکوک وشبہات وارد کرے اور جب دیکھ لے کہ اس نے جو بات

Marfat.com

سمجھی ہے بالکل پکی ہے اس میں کسی پہلو سے کوئی خامی نہیں ہے تب تفسیروں میں اس کو دیکھے اور ہمیشہ صحیح روایات پر نگاہ رکھے۔ ضعیف اور کمزور روایات کو جن سے کتب تفسیر بھری ہوئی ہیں کبھی ہاتھ نہ لگائے۔ ان شاء اللہ صحیح روایات سے اس کی تائید ہوگی اور اپنے دل میں ایک ایسی خوشی کا جوش محسوس کرے گا جس میں اطمینان، بلندی اعتماد اور عشق و محبت قرآن کی نہیں معلوم کتنی کیفیتیں ملی ہوئی ہوں گی۔

لیکن فرض کیجئے یہ سارے جتن کرنے کے بعد آپ کسی آیت کے بارے میں ایک نتیجہ تک پہنچے اور جب تفسیر کی کتابوں کو دیکھا تو معلوم ہوا کہ صحیح حدیثیں اور سلف کے اقوال آپ کے اختیار کردہ مطلب کے خلاف ہیں اور کوئی ادنی تائید بھی آپ کے ساتھ نہیں ہے تو اس وقت کیا کریں گے۔؟ کیا روایات اور اقوال سلف کو چھوڑ کر اپنی بات پر جم جائیں گے؟ نہیں! طالب صادق کی راہ یہ نہیں ہے بلکہ آپ ان احادیث اور اقوال کی روشنی میں اپنی تاویل پر دوبارہ غور کریں گے۔ اس صورت میں گمان غالب تو یہی ہے کہ اگر آپ غلطی پر ہوں گے تو آپ کی غلطی خود واضح ہو جائے گی۔ لیکن فرض کیجئے آپ نے یہ مرحلہ بھی طے کر لیا مگر آپ کو اپنی ہی تاویل صحیح معلوم ہوتی ہے۔ اب کیا کریں گے؟ اب خود حدیث پر غور کریں گے۔ اس کو ہر پہلو سے پرکھیں گے۔ ہر کسوٹی پر جانچیں گے۔ ان شاء اللہ یہ چیز مفید ثابت ہوگی۔ یا تو آپ کی تاویل کا ضعف واضح ہو جائے گا یا حدیث کی اصل حقیقت واضح ہو جائے گی لیکن طالب کے لیے یہ مرحلے نہایت سخت ہیں اور ان میں صبر و ثبات کی ضرورت ہوتی ہے۔ عجلت اور تیز گامی اس منزل میں معصیت ہے۔ اس طرح کے مواقع پر عرصہ تک توقف کرنا چاہیے اور پھر سب سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی چاہیے۔ جب قلب پوری طرح سے ایک بات کے لیے کھل جائے کسی طرح کی بھی کوئی خلش باقی نہ رہ جائے تو اس بات کو اختیار کر لینا چاہیے اور پھر اس امر کی ذرا بھی پروا نہیں کرنی چاہیے کہ کوئی چیز اس کے خلاف ہے۔ (مبادی تدبر قرآن 55-54)

یہاں بھی اصلاحی صاحب اپنے غور و فکر کو صحیح حدیث پر ترجیح دے رہے ہیں۔ اگرچہ اس صحیح حدیث پر

Marfat.com

دوبارہ نئے سرے سے غور بھی کر لیا ہو اور ہر پہلو سے اس کو چھان پھٹک بھی لیا ہو۔ کیا یہی وہ تدبر قرآن کا اسلوب ہے جس پر ڈاکٹر اسرار صاحب فخر کر رہے ہیں۔

امین اصلاحی صاحب لکھتے ہیں:

''کسی اجتہاد پر اجماع ہو جانے کے بعد اس کی حیثیت صرف ایک رائے کی نہیں رہ جاتی بلکہ وہ شریعت کے نصوص کی طرح ایک حجت شرعی بن جاتا ہے جس کی مخالفت کسی کے لیے جائز نہیں۔''

(اسلامی قانون کی تدوین:60)

یہ بات واضح ہے کہ شادی شدہ زانی کی سزا رجم ہے اور اس پر پوری امت کا اتفاق و اجماع ہے اور امین احسن اصلاحی صاحب کے بقول اس کی مخالفت کسی کے لیے جائز نہیں بلکہ خود اصلاحی صاحب یہاں اجماع کی مخالفت کرتے ہیں۔

امین احسن اصلاحی صاحب کے استاد مولانا حمید الدین فراہی لکھتے ہیں:

''جن احادیث کا ماخذ معلوم کرنے میں علماء کو اشتباہ ہوا ہے ان میں وہ حدیث بھی ہے جو حد زنا کے باب میں وارد ہوئی ہے یعنی حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ یہ حدیث:

ترجمہ: ''اگر زانی غیر شادی شدہ ہو تو سزا سو کوڑے اور ایک سال کی جلا وطنی ہے اور اگر زانی شادی شدہ ہو تو سزا سو کوڑے اور رجم کی ہے۔''

فی الجملہ یہ ثابت ہوتا ہے کہ جب جرم ایک سے زیادہ مرتبہ صادر ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شادی شدہ لوگوں کو عبرت کے لیے سخت سزا دی اور غیر شادی شدہ لوگوں کو نسبتاً خفیف سزا دی۔ اس لیے حدیث میں لفظ ثُمَّ (پھر) واقع ہوا ہے۔ بعض حدیثوں میں جو ابوداؤد میں آئی ہیں ان سے بھی ثُمَّ ہی کا مفہوم مراد ہے اور عربی میں کبھی کبھی واؤ اسی معنی میں استعمال ہوتی ہے۔'' (ماہنامہ اشراق مارچ 88ء ص 39-38)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں رجم کے جو دو تین واقعات پیش آئے مثلاً ماعز رضی اللہ عنہ اور غامدیہ رضی اللہ عنہا کا وغیرہ۔ تو تفتیش و جستجو کے باوجود یہ بات نہیں ملتی کہ ان کو پہلی مرتبہ زنا کرنے پر کوڑے

Marfat.com

لگے ہوں اور اس پر بھی باز نہ آنے پر اور دوبارہ ارتکاب کرنے پر ان کو رجم کیا گیا ہو بلکہ ان کو پہلی ہی دفعہ اور وہ بھی ان کے خود آ کر متعدد بار اعتراف جرم کرنے اور پاک صاف کرنے کے مطالبہ پر رجم کیا گیا تو بظاہر ان کی جانب سے حدود اللہ کے مقابلہ میں سرکشی نہ پائی گئی۔ لہٰذا فراہی اور اصلاحی صاحبان کے ضابطہ کے مطابق ان کو رجم کی سزا نہیں ہونی چاہیے تھی۔ اس مشکل کے حل کے لیے اصلاحی صاحب نے پہلے تو ضابطہ نکالا کہ ''رجم یعنی سنگسار کرنا ہمارے نزدیک تقتیل کے تحت داخل ہے اس وجہ سے وہ غنڈے اور بدمعاش جو شریفوں کی عزت و ناموس کے لیے خطرہ بن جائیں جو اغواء اور زنا کو پیشہ بنالیں جو دن دیہاڑے لوگوں کی عزت و آبرو پر ڈاکے ڈالیں اور کھلم کھلا زنا بالجبر کے مرتکب ہوں ان کے لیے رجم کی سزا اس مفہوم میں داخل ہے۔'' (تدبر قرآن 272:2)

پھر یہ حضرات اس کے درپے ہوئے کہ ان بے چاروں کو نہایت خطرناک قسم کے بدمعاش ثابت کیا جائے۔ اس لیے فراہی صاحب لکھتے ہیں:

''چونکہ وہ بہت بڑے گناہ کا مرتکب ہوا اور اس کی بداخلاقی حد سے بڑھی ہوئی تھی یـنـب نبیب التیس'' (اشراق: مارچ 88ء ص 39)

اور اصلاحی صاحب لکھتے ہیں:

''ماعز کے بارے میں کتابوں میں جو روایات ملتی ہیں ان میں نہایت عجیب قسم کا تناقض ہے۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بڑا بھلا مانس آدمی تھا اور بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک نہایت بد خصلت غنڈا تھا۔ میری رہنمائی کے لیے یہ بات کافی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو رجم کی سزا دلوائی۔ اس وجہ سے میں ان روایات کو ترجیح دیتا ہوں جن سے اس کا وہ کردار سامنے آتا ہے جس کی بنا پر یہ مستحق رجم ٹھہرا۔'' (تدبر قرآن: ص 505 ج 4)

دیکھئے اصلاحی صاحب کو چاہیے تھا کہ وہ دلائل و واقعات سے ماعزؓ کا سرکش ہونا ثابت کرتے اور پھر یہ ثابت کرتے کہ ان کو رجم کی سزا حدود اللہ کے مقابلہ میں سرکشی کرنے اور فساد کرنے پر دی گئی۔ اس کے بجائے رجم کی سزا کی بنیاد پر ماعزؓ کی بدکرداری اور فساد و سرکشی ثابت کر رہے ہیں۔

Marfat.com

دعوے کو دلیل سے ثابت کرنے کی بجائے وہ دعوے کو ہی دلیل بنا رہے ہیں۔

پھر اصلاحی صاحب کی نظر میں ماعزؓ اور غامدیہؓ کا کردار کیا ہے؟ اس کی تفصیل بھی پڑھیے۔

''اس عہد کی تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ جاہلیت میں بہت سی ڈیرے والیاں ہوتی تھیں جو پیشہ کراتی تھیں اور ان کی سرپرستی زیادہ تر یہودی کرتے تھے جو ان کی آمدنی سے فائدہ اٹھاتے تھے۔ اسلامی حکومت قائم ہو جانے کے بعد ان لوگوں کا بازار سرد پڑ گیا لیکن اس قسم کے جرائم پیشہ آسانی سے باز نہیں آتے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اسی قماش کے کچھ مرد اور بعض عورتیں جو زیر زمین یہ پیشہ کرتے رہے اور تنبیہہ کے باوجود باز نہیں آئے۔ بالآخر جب وہ قرآن کی گرفت میں آئے تو مائدہ کی اسی آیت کے تحت آپ نے ان کو رجم کرایا۔'' (تدبر قرآن ص 506 ج 4)

اصلاحی صاحب کی مزید تحقیق ملاحظہ ہو۔ فرماتے ہیں:

''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس (یعنی ماعز) کی شرارتوں کی رپورٹ ملتی رہی لیکن چونکہ کسی صریح قانون کی گرفت میں یہ نہیں آیا تھا اس وجہ سے آپ نے کوئی اقدام نہیں کیا۔ بالآخر یہ قانون کی گرفت میں آ گیا۔ آپ نے اس کو بلوا کر تیکھے انداز میں پوچھ گچھ کی۔ وہ تاڑ گیا کہ اب بات چھپانے سے نہیں چھپ سکتی اس وجہ سے اس نے اپنے جرم کا اقرار کر لیا۔ جب اقرار کر لیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے رجم کا حکم دے دیا۔'' (تدبر قرآن: 506/4)

اب کوئی اصلاحی صاحب کے استاد فراہی صاحب سے ہی پوچھے کہ ماعزؓ اور غامدیہؓ کے مسلمان ہونے میں تو کوئی شک نہیں ہے۔ کیونکہ ان کی نماز جنازہ بھی پڑھی گئی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی توبہ کے عظیم ہونے کی خبر بھی دی۔ کیا خود مسلمان ہونے کے بعد بھی وہ ڈیرے چلاتے تھے اور بدمعاشیاں کرتے تھے؟ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو تنبیہہ کس وقت کی تھی؟ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم قانون کی کون سی شق کے تحت ان کے خلاف اقدام سے باز رہنے پر مجبور تھے؟ پھر وہ قانون کی گرفت میں کس طرح سے آئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کن لوگوں کے ہاتھ ماعزؓ کو گرفتار کرایا؟ اور کیا ماعزؓ ایسا بزدل قسم کا بدمعاش غنڈا تھا کہ تنبیہہ سے باز تو نہیں آیا محض ایک تیکھی نظر سے

Marfat.com

اس نے سب کچھ اُگل دیا؟ اور سزا سے پہلے اس غنڈے بدمعاش نے توبہ کس وقت کی تھی یا کسی سرکش مجرم کی سزا خود بخود اس کی توبہ بن جاتی ہے۔ اگرچہ اس کی جانب سے توبہ کے کچھ آثار بھی ظاہر نہ ہوں؟

کیا اصلاحی صاحب کی نظر میں ان سوالات کو حل کرنا قابل التفات نہیں اور کیا فراہی صاحب اور اصلاحی صاحب کی شخصیتیں ایسی ہیں جن کے دعوے دلیل کے محتاج نہیں ہوتے۔

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ لکھتے ہیں۔

ماعز اسلمی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ مسلم ہے کہ وہ مسلمان تھے اور اسلام کی حالت میں ان کی وفات ہوئی۔ حالت اسلام میں رجم کے واقعہ سے پہلے بھی یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں حاضر ہوئے ہیں اور اسد الغابہ فی معرفتہ الصحابہ میں علامہ ابن اثیرؒ لکھتے ہیں کہ کتب لہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کتابا باسلام قومہ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ان کی قوم کے اسلام کی تحریر لکھوا کر دی۔ ان کے رجم کیے جانے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کیا اللہ تعالیٰ نے ماعز بن مالک کو بخش دیا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لقد تاب توبۃ لو قسمت بین امۃ لوسعتھم یعنی انہوں نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر وہ ایک جماعت کے درمیان تقسیم کر دی جائے تو اس کی نجات کے لیے کافی ہو جائے۔

اتفاق سے ان سے زنا سرزد ہو گیا تھا ورنہ ویسے وہ بھلے آدمی تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پوچھنے پر ان کے اپنے لوگوں نے کہا مانعلم باسا یعنی (یہ بھلے آدمی ہیں) ہمیں ان میں کسی برائی کا علم نہیں۔ زنا کے ارتکاب سے وہ بے چین ہو گئے۔ زنا کی حد کا انہیں علم نہ تھا اور نہ ان کے آس پاس کے لوگوں کو اس کا علم تھا۔ البتہ کسی نے ان کو مشورہ دیا کہ اس کا ذکر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جا کر کرو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں توبہ کی کوئی صورت بتائیں گے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ میں حیثیت حاکم اور قاضی کی بھی تھی۔ قاضی اور حاکم کے سامنے اگر کوئی شخص چار مرتبہ زنا کا اقرار کر لے تو اس سے جرم ثابت ہو جاتا ہے اور پھر حد کو لامحالہ نافذ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے اپنی بے چینی میں نبی

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر زنا کا اقرار کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو لوٹا دیا لیکن وہ بار بار آ کر اسی طرح اعتراف کرتے رہے۔ چار مرتبہ کے اقرار کے بعد اور دیگر ضروری تفتیش کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے رجم کا فیصلہ دیا۔ اس سزا کا ان کو پہلے سے وہم وگمان بھی نہ تھا۔ جب ان کو پتھر لگے تو یہ بھاگے لیکن لوگوں نے ان کو نہ چھوڑا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو علم ہوا تو فرمایا کہ تم نے ان کو چھوڑ کیوں نہ دیا۔

ماعز اسلمی رضی اللہ عنہ کے کردار کی بھلائی اور وقتی گناہ پر سچی ندامت اور بے چینی اور توبہ ہی اس بات کا سبب تھی جو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائی کہ:

والذی نفسی بیده انه الآن لفی انهار الجنة ینغمس فیها

ترجمہ: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ ماعزؓ اس وقت جنت کی نہروں میں غوطے لگا رہا ہے۔''

یہ سب کچھ اس وجہ سے تھا کہ ماعزؓ مسلمان تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف بھی تھے۔ لیکن اصلاحی صاحب یہ ماننے کے باوجود کہ ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف اپنی جگہ بڑا شرف ہے اور ایک مسلمان کی سب سے بڑی سعادت ہے۔'' (مبادی تدبر حدیث 5) یہ ماننے کو تیار نہیں کہ اس کا کردار و ایمان پر بھی اثر پڑتا ہے۔ حالانکہ حدیث میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خیر امتی قرنی (میری امت میں بہترین لوگ میرے زمانے والے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

## ☆ قرآن پاک کی قرأت

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ لکھتے ہیں۔

پوری امت کا اس پر اتفاق و اجماع ہے کہ قرآن پاک کی قرأت کی مختلف نوعیتیں جن میں سے کئی ایک کا تعلق الفاظ کی ادائیگی سے ہے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں اور اسلامی دنیا میں تواتر سے لاکھوں افراد ان کے پڑھنے پڑھانے میں لگے ہیں اور ان کے مطابق تصنیف شدہ

Marfat.com

ہزاروں کتابیں موجود ہیں یہاں تک کہ ان کے مطابق طبع شدہ قرآن پاک بھی کھلے عام فروخت ہوتے ہیں اور لوگ ان میں سے پڑھتے ہیں۔

تیرہ صدیوں تک امت ان قرأتوں کو مانتی رہی ہے اور پڑھتی پڑھاتی چلی آئی ہے اور ان کی بنیاد پر قرآن میں کسی قسم کا کوئی جھگڑا پیدا نہیں ہوا۔ لیکن تیرہ صدیوں کے بعد علامہ شوکانی، نواب صدیق حسن خان اور امین احسن اصلاحی جیسے لوگ پیدا ہوئے ہیں جن کو پوری امت گمراہی میں مبتلا نظر آئی اور انہوں نے ان قرأتوں کے انکار میں اپنی ہدایت سمجھی۔

امین احسن اصلاحی صاحب تو یہ فرماتے ہیں:

''غور کرنے سے یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ قرأتوں کا اختلاف دراصل قرأتوں کا اختلاف نہیں بلکہ اکثر و بیشتر تاویل کا اختلاف ہے۔ کسی صاحب تاویل نے ایک لفظ کی تاویل کسی دوسرے لفظ سے کی اور اس کو قرأت کا اختلاف سمجھ لیا گیا حالانکہ وہ قرأتوں کا اختلاف نہیں بلکہ تاویل کا اختلاف ہے۔ مثلاً سورہ تحریم میں بعض لوگوں نے فَقَدْ زَاغَتْ بھی پڑھا۔ صاف معلوم ہوتا ہے کہ جس نے بھی یہ پڑھا ہے اس نے یہ قرأت نہیں بتائی بلکہ اپنے نزدیک اس نے فَقَدْ صَغَتْ کی تاویل کی ہے۔ لیکن لوگوں نے اس کو بھی قرأت سمجھ لیا۔'' (تدبر فروری 83ء)

اب دیکھئے اصلاحی صاحب فرماتے ہیں کہ یہ تاویل کا اختلاف تھا۔ ایک معلم نے قرآن کے ایک لفظ کا مطلب بتایا لیکن شاگرد سب کے سب ایسے باکمال نکلے کہ انہوں نے مطلب بتانے والے لفظ کو خدا کی جانب سے نازل شدہ سمجھ کر علیحدہ قرأت بنالیا اور صرف کسی ایک استاد کے شاگردوں نے ایسا نہیں کیا بلکہ اور بہت سے حضرات کے شاگردوں نے ایسا کیا اور یہ غلطی پوری امت میں پھیل گئی اور اس نے پورے فن کا روپ دھار لیا۔ اس کے بارے میں ہزارہا کتابیں لکھیں اس کے باوجود کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے۔

اُمت نے متعدد قرأتوں کو کیسے اپنایا اس کے بارے میں امین احسن اصلاحی صاحب یوں فرماتے ہیں:

Marfat.com

''ہمارے نزدیک اس اختلاف قرأت کے مسئلہ پر بھی لوگوں نے صحیح نہج سے غور نہیں کیا۔ اس وجہ سے غلط فہمیاں پیدا ہوئیں۔ عام طور پر مشہور ہے کہ قرآن مجید کی سات قرأتیں ہیں۔ یہ غلط فہمی غالباً اس حدیث سے پیدا ہوئی جو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ انزل القرآن علی سبعة احرف (قرآن سات حرفوں پر اتارا گیا ہے) سات حرفوں کے معنی اگر یہ لیے جائیں گے کہ قرآن کے تمام الفاظ سات طریقوں سے پڑھے جاسکتے ہیں تو اس صورت میں قرآن ایک معمہ بن کر رہ جائے گا۔ لیکن جو لوگ قرأتوں کے اختلاف کو بڑی اہمیت دیتے ہیں وہ بھی یہ دعویٰ نہیں کر سکتے کہ قرآن کے کسی لفظ کی قرأت سات طریقوں سے کی گئی ہے۔ ابن جریرؒ قرأتوں کے اختلاف نقل کرنے میں بڑے فیاض واقع ہوئے ہیں لیکن انہوں نے بھی کسی لفظ کی دو تین سے زیادہ قرأتیں شاید ہی نقل کی ہوں۔

سبعة احرف سے کیا مراد ہے اس میں علمائے فن کا اختلاف ہے۔ اس کے متعلق چالیس سے زیادہ قول ہیں جن میں سے ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ متشابہات میں سے ہے۔ علامہ سیوطیؒ نے اسی قول کو ترجیح دی ہے۔ اس قدر اختلاف کی صورت میں سبعة احرف سے سات قرأتیں مراد لینا اور اس پر اصرار کرنا کس طرح جائز ہو سکتا ہے۔

پھر یہ بات بھی یاد رکھیے کہ بعض علماء سات کے عدد کو متعین سات کے معنی میں نہیں بلکہ کثرت کے مفہوم میں لیتے ہیں اس لیے کہ ان کے نزدیک قرأتیں دراصل بیس ہیں۔ ہمارے نزدیک قرأتوں کے اختلاف کو خلیفہ راشد سیدنا عثمان غنیؓ نے ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا تھا اور انہوں نے یہ عظیم کارنامہ تمام صحابہ کے اتفاق رائے سے انجام دیا۔ اس وجہ سے اس کو اجماع کی حیثیت حاصل ہے۔ اس کے بعد اس کے باقی رہنے کے لیے کوئی جواز نہیں ہے۔

سیدنا عثمانؓ کے دورِ خلافت میں جب یہ معلوم ہوا کہ مملکت کے بعض شہروں میں قرآن کے بعض الفاظ کی قرأت مختلف طریقوں سے ہوتی ہے تو آپؓ نے قرآن کے تمام اصحاب علم صحابہ کرام کو جمع کر کے ان کے سامنے تمام مختلف فیہ الفاظ کو رکھا اور ایک ایک پر بحث کر کے اتفاق رائے سے لوگوں

Marfat.com

کواس قرأت پر جمع کر دیا جو قریش کی قرأت تھی۔اس لیے کہ یہ بات نص قرآن سے ثابت ہے کہ قرآن قریش کی زبان میں نازل ہوا ہے پھر اس قرأت کے مطابق قرآن کے نسخے لکھوا کر مختلف شہروں میں بھجوا دیئے گئے کہ لوگ اس قرأت کی پیروی کریں، ہمارے ہاتھوں میں جو مصحف ہے وہ اسی قرأت پر ہے۔اس قرأت کو قرأت حفص کہتے ہیں۔متواتر قرأت صرف یہی ہے جس پر خلیفہ راشد کی قیادت میں امت کا اجماع ہے۔اس کے مقابل میں دوسری قرأتوں کی حیثیت شاذ قرأتوں کی ہے جس کی متواتر قرأت کے مقابل میں کوئی اہمیت باقی نہیں رہتی۔(ترتیب: عبداللہ غلام احمد)

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ جواب میں لکھتے ہیں۔

امین احسن اصلاحی صاحب کی فن قرأت سے ناواقفیت کی انتہا دیکھئے کہ قرأت اور روایت کے درمیان فرق نہیں سمجھتے اس لیے اکثر جگہ قرأت حفص کہتے ہیں حالانکہ اختلاف کی نسبت اگر امام کی طرف ہو تو قرأت ہے اور راوی کی طرف ہو تو روایت ہے۔عاصم رحمہ اللہ امام و قاری ہیں لہٰذا ان کی طرف اضافت و نسبت کر کے قرأت کہیں گے۔شعبہؒ اور حفصؒ امام عاصمؒ کے دو راوی یعنی شاگرد ہیں۔ان کی طرف جب نسبت ہوگی تو روایت کہلائے گی۔لہٰذا روایت حفص یا روایت شعبہ کہیں گے۔

اصلاحی صاحب نے حضرت عثمانؓ کے واقعہ کو بھی غلط رنگ میں پیش کیا ہے۔اصل قصہ یہ ہوا کہ حضرت حذیفہ بن یمانؓ آرمینیا اور آذربائیجان کے محاذ پر جہاد میں مشغول تھے۔وہاں انہوں نے دیکھا کہ لوگوں میں قرآن کریم کی قرأتوں کے بارے میں اختلاف ہو رہا ہے چنانچہ مدینہ طیبہ واپس آتے ہی وہ سیدھے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے اور جا کر عرض کیا کہ امیر المومنین! قبل اس کے کہ یہ امت اللہ کی کتاب کے بارے میں یہود و نصاریٰ کی طرح اختلافات کا شکار ہو، آپ اس کا علاج کیجئے۔حضرت عثمانؓ نے پوچھا کیا بات ہے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جواب میں کہا کہ میں آرمینیا کے محاذ پر جہاد میں شامل تھا۔وہاں میں نے دیکھا کہ شام کے لوگ حضرت ابی بن کعبؓ کی قرأت پڑھتے ہیں جو اہل عراق نے نہیں سنی ہوتی اور اہلِ عراق حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی قرأت پڑھتے ہیں جو اہلِ شام نے نہیں سنی ہوتی۔اس کے نتیجہ میں ایک دوسرے کو کافر قرار دے

Marfat.com

رہے ہیں۔

حضرت عثمانؓ خود بھی اس خطرے کا احساس پہلے ہی کر چکے تھے۔ انہیں یہ اطلاع ملی تھی کہ خود مدینہ طیبہ میں ایسے واقعات پیش آئے ہیں کہ قرآن کریم کے ایک معلم نے اپنے شاگردوں کو ایک قرأت کے مطابق پڑھایا اور دوسرے معلم نے دوسری قرأت کے مطابق۔ اس طرح مختلف اساتذہ کے شاگرد جب باہم ملتے تو ان میں اختلاف ہوتا اور بعض مرتبہ یہ اختلاف اساتذہ تک پہنچ جاتا اور وہ بھی ایک دوسرے کی قرأت کو غلط قرار دیتے۔ جب حضرت حذیفہ بن یمانؓ نے بھی اس خطرے کی طرف توجہ دلائی تو حضرت عثمانؓ نے جلیل القدر صحابہ کو جمع کر کے ان سے مشورہ کیا۔

حضرت علیؓ نے فرمایا کہ حضرت عثمانؓ کے بارے میں کوئی بات ان کی بھلائی کے سوا نہ کہو۔ کیونکہ اللہ کی قسم انہوں نے مصاحف کے معاملے میں جو کام کیا وہ ہم سب کی موجودگی میں کیا۔ انہوں نے ہم سے مشورہ کرتے ہوئے پوچھا کہ ان قرأتوں کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ کیونکہ مجھے یہ اطلاعات ملتی رہی ہیں کہ بعض لوگ دوسروں سے کہتے ہیں کہ میری قرأت تمہاری قرأت سے بہتر ہے۔ حالانکہ یہ ایسی بات ہے جو کفر کے قریب تک پہنچتی ہے۔ اس پر ہم نے حضرت عثمانؓ سے کہا پھر آپ کی کیا رائے ہے؟ انہوں نے فرمایا میری رائے یہ ہے کہ ہم سب لوگوں کو ایک مصحف پر جمع کر دیں تا کہ پھر کوئی اختراق و اختلاف باقی نہ رہے۔ ہم سب نے کہا آپ نے بڑی اچھی رائے قائم کی ہے۔ (کتاب المصاحف لابن ابی داؤد)

یہ بات کہیں نہیں ملتی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قرأتوں کے اختلاف کو ختم کیا بلکہ حضرت عثمانؓ نے ایسے نسخے تیار کروائے جو قرأتوں کے معیار بن سکیں۔ چنانچہ تمام متواتر قرأت رسم مصحف عثمان رضی اللہ عنہ کے مطابق ہیں۔

## ☆ حدیث و سنت اور اصلاحی صاحب

حدیث و سنت کے بارے میں امین احسن اصلاحی صاحب لکھتے ہیں:

"حدیث اور سنت کو لوگ عام طور پر بالکل ہم معنی سمجھتے ہیں۔ یہ خیال صحیح نہیں ہے۔ حدیث اور سنت

Marfat.com

میں آسمان وزمین کا فرق ہے اور دین میں دونوں کا مرتبہ ومقام الگ الگ ہے۔ان کو ہم معنی سمجھنے سے بڑی پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہے۔(مبادی تدبر حدیث:ص19)

ان دونوں اصطلاحوں کے جمہور محدثین وفقہاء مترادف ہونے کے قائل ہیں۔مندرجہ ذیل حوالہ جات اس پر شاہد ہیں:

رہی سنت تو اکثر اس کا اطلاق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیے گئے قول، فعل یا تقریر پر کیا جاتا ہے اور یہ علمائے اصول کے نزدیک حدیث کے مترادف ہے۔(توجیہ النظرص:3)

سنت معتاد اور چلے ہوئے طریقے کو کہتے ہیں اور اصول میں اس سے مراد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قول، فعل اور تقریر ہے۔(کتاب التحریر لابن ھمام)

لغت میں سنت عادت کو کہتے ہیں اور شرع میں یہ دو معنی کے لیے مشترک ہے۔ایک نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صادر شدہ قول، فعل یا تقریر اور دوسرے وہ کام جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بلا وجوب مواظبت کی ہو۔(تعریفات سید شریف جرجانی)

رہا سنت کا شرعی معنی تو اہل شرع کی اصطلاع میں یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول فعل اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریر کو کہتے ہیں۔(ارشاد الفحول للشوکانی)

رہا شرعاً تو سنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، فعل اور تقریر کو کہتے ہیں اور معنی عام کے اعتبار سے اہل لغت کے عرف میں اس کا اطلاق واجب اور غیر واجب پر بھی ہوتا ہے.....دلائل میں حدیث سے مراد وہ قول، فعل اور تقریر ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن کے علاوہ صادر ہوئی ہو۔(حصول المامول من الاصول۔نواب صدیق حسن خان)

یہاں سنت سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال اور افعال اور احوال ہیں جن کو شریعت، طریقت اور حقیقت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔(مرقاۃ المفاتیح لملا علی قاری)

لغت میں سنت طریقے اور عادت کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں نفلی عبادت میں اس کا استعمال ہوتا ہے اور دلائل میں اس سے مراد نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صادر ہونے والا قول جس کو حدیث بھی کہتے ہیں۔

Marfat.com

یا فعل یا تقریر ہے۔(التلویح لسعد الدین التفتازانی)(علامہ تفتازانی رحمہ اللہ کے قول کے مطابق حدیث اخص اور سنت اعم ہے)

حدیث اور سنت کے الفاظ فن حدیث میں بطور اصطلاح کے استعمال ہوتے ہیں اور ہر صاحب فن کو اختیار ہوتا ہے کہ وہ اپنے لیے اصطلاح خود وضع کرے۔ کسی دوسرے کو اس پر اعتراض کرنے کا حق نہیں ہوتا۔ اصلاحی صاحب نے اس طور سے بھی اپنی حدود سے تجاوز کیا اور مسلمہ اصول کے برخلاف ایسی بات پر (یعنی سنت وحدیث کے مترادف اصطلاحات وضع کیے جانے پر) اعتراض کیا۔ حالانکہ قاعدہ ہے کہ لامشاحة فی الاصطلاح

امین احسن اصلاحی صاحب حدیث دشمنی کی تائید میں لکھتے ہیں:

''اس صورت حال کو سامنے رکھتے ہوئے یہ بات ذرا بھی تعجب انگیز معلوم نہیں ہوتی کہ امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے لاکھوں حدیثوں کے انبار میں سے چند ہزار حدیثیں پائی ہیں جن سے ان کے مجموعے تیار ہوئے ہیں۔'' (ص 137، مبادی تدبر حدیث)

''صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے متعلق یہ بات مشہور عوام وخواص ہے کہ ان دونوں کتابوں میں جو چند ہزار حدیثیں لی گئی ہیں وہ لاکھوں حدیثوں کے انبار میں سے چھانٹ کر لی گئی ہیں۔ ذرا اندازہ کیجیے ان عظیم خادمانِ حدیث کی اس محنت شاقہ کا جو رطب ویابس روایات کے انبار میں سے چند ہزار جواہر ریزوں کو چھانٹنے میں ان کو برداشت کرنی پڑی ہوگی.....الخ'' (ص 152 مبادی تدبر حدیث)

امین احسن اصلاحی صاحب کی ان عبارات سے پڑھنے والے کو جو تاثر ملتا ہے وہ یہ ہے کہ امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ کے زمانے میں جھوٹی اور ناقابل اعتبار حدیثوں کی اتنی کثرت ہو چکی تھی کہ لاکھوں کی تعداد میں تھیں اور ان دونوں حضرات کو بہت ہی زیادہ محنت شاقہ کے بعد صرف یہ چند ہزار حدیثیں ملیں جو انہوں نے اپنی کتابوں میں درج کیں۔

تاریخی حقائق تو یہ ہیں:

Marfat.com

(1) امام نوویؒ نے بھی بخاریؒ کا یہ نقل کیا ہوا قول ذکر کیا ہے کہ مجھے ایک لاکھ صحیح اور دو لاکھ غیر صحیح حدیثیں یاد ہیں۔ (توجیہ النظر صفحہ 93)

(2) حازمیؒ اور اسماعیلیؒ نے بخاریؒ کا یہ قول نقل کیا کہ جو صحیح حدیثیں میں نے (اپنی کتاب میں) ذکر نہیں کیں وہ (ذکر کی ہوئی سے) زیادہ ہیں۔ (توجیہ النظر صفحہ 92)

(3) امام بخاری رحمہ اللہ کا قول ہے۔ ''میں نے اپنی کتاب جامع میں صرف صحیح احادیث درج کی ہیں اور میں نے صحیح حدیثوں کا ایک بڑا مجموعہ اس خوف سے درج نہیں کیا کہ کتاب بہت طویل ہو جائے گی۔ (توجیہ النظر صفحہ 91)

(4) امام مسلمؒ کے اس فعل پر کہ ایک کتاب میں صحیح احادیث جمع کیں جب عتاب کیا گیا اور کہا گیا کہ اس سے تو اہل بدعت کو یہ طریقہ ہاتھ آ جائے گا کہ جب ان کے خلاف کسی حدیث سے استدلال کیا جائے گا تو کہیں گے یہ حدیث (کتاب) صحیح میں نہیں ہے تو مسلم رحمہ اللہ نے جواب دیا کہ میں نے اس کتاب میں حدیثیں نقل کیں اور کہا کہ یہ حدیثیں صحیح ہیں اور یہ نہیں کہا کہ جو حدیثیں میں نے اس کتاب میں نقل نہیں کیں وہ صحیح نہیں ہے۔

(5) امام مسلمؒ نے اپنی صحیح میں ذکر کیا کہ ایسا نہیں ہے کہ ہر وہ حدیث جو میرے نزدیک صحیح ہے اس کو میں نے اس کتاب میں درج کیا ہے یہاں تو میں نے صرف وہ حدیثیں جمع کی ہیں جن پر (میرے اساتذہ کا) اتفاق ہوا۔ (فتح الملہم شرح مسلم ج 2، ص 44)

امین اصلاحی صاحب ائمہ حدیث پر طعن کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

جہاں تک دوسرے ائمہ مثلاً امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ، امام ابو حنیفہؒ اور قاضی ابو یوسفؒ وغیرہ کا تعلق ہے تو ان کا مسلک نہایت ضعیف ہے۔ ان تمام لوگوں نے مختلف تاویلوں سے ان مبتدعین کی روایتوں کو قبول کیا ہے۔ بعض نے کہا کہ جو گمراہی تاویل کے راستے سے پیدا ہوتی ہے جب اس کے حامل کو ہم کافر نہیں کہتے تو اس کی روایت کو بھی رد نہیں کرنا چاہیے۔ ان کے نزدیک ایک مؤوّل صریح کفر کا مرتکب نہیں ہوتا۔ ان کا موقف نہایت بودا ہے۔ اس لیے کہ کفر کا اظہار تو بالعموم تاویل ہی کے

Marfat.com

ذریعے کیا جاتا ہے۔صریح کفر کا اظہار تو شاذ و نادر ہی ہوتا ہے۔شیعہ،خوارج،مرجیہ،قدریہ ایسے جتنے بھی گروہ ہیں تو وہ اپنی تاویل کو دین سمجھتے ہیں اور اسے دین سمجھ کر ہی اپناتے اور اختیار کرتے ہیں۔آج بھی دیکھئے جتنی گمراہیاں دین میں پیدا کی جارہی ہیں وہ صریح کفر کے راستے سے نہیں بلکہ تاویل کے راستے سے آرہی ہیں۔ہمارے نزدیک ان ائمہ کی یہ رعایت معصومانہ ہے۔اس لیے کہ ان کے مضمرات کو پوری طرح سے نہیں پرکھا گیا ہے۔

بعض حضرات داعی اور غیر داعی مبتدع میں فرق کرتے ہیں۔وہ کہتے ہیں کہ جو اپنی بدعت کا داعی ہو اس کی روایت نہیں لی جائے گی لیکن جو داعی نہ ہو اس کی روایت لینے میں کوئی قباحت نہیں۔یعنی ایک راوی خواہ کٹر سے کٹر خارجی ہو یا کٹر سے کٹر شیعہ ہو تو اس کی روایت لینے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ وہ اپنے مسلک کا کھلم کھلا داعی نہ ہو۔لیکن سوچنے کی بات ہے کہ کیا یہ معقول رائے ہے۔جب ایک چیز اس کا جزو ایمان و دین ہے تو لامحالہ جب وہ بات کرے گا تو وہی کرے گا جو اس نے اپنے مسلک کے ائمہ سے سنی ہوگی اور نقل کرے گا تو ان ہی کی بات نقل کرے گا۔اس لیے ان لوگوں کی یہ رائے بھی ہمارے نزدیک کوئی حقیقت نہیں رکھتی۔

(پھر مودودی صاحب کی صفائی پیش کرتے ہوئے یہ کیوں کہا جاتا ہے کہ صحابہؓ کے بارے میں یہ ان کے عقائد نہیں بلکہ یہ تو انہوں نے تاریخ بیان کی ہے۔اب مودودی صاحب مذکورہ بالا قاعدہ سے بالا کیوں ہیں؟۔خلیق عفی عنہ)

امین اصلاحی صاحب آگے لکھتے ہیں کہ:

اسی طریقہ سے ایک گروہ یہ تخصیص کرتا ہے کہ خاص نوعیت کے مبتدعین سے تو بے شک روایت نہیں لی جائے گی البتہ ان کے ماسوا جو ہیں ان سے روایت لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کون یہ امتیاز کرتا چلے گا کہ گمراہی کا درجہ کیا ہے؟ کس کے پاس یہ پیمانہ ہے کہ اس سے یہ ناپ کر فیصلہ کرلیا جائے کہ یہ راوی اس درجے کا گمراہ ہے یا نہیں۔جو بھی کہنا ہے بالکلیہ ہی کہنا چاہیے۔چنانچہ یہ حضرات روافض کے ایک مخصوص گروہ کے سوا باقی تمام مبتدعین سے روایت لینا جائز سمجھتے

Marfat.com

ہیں۔

یہ منفعلانہ ذہنیت آہستہ آہستہ لوگوں پر اس طرح غالب آ گئی کہ ائمہ فن تک نے مبتدعین سے روایت لینے کو مجبوری بنالیا جس کے نتیجے میں ان کے مرتب کردہ نسخوں میں بکثرت روایات اہل بدعت سے آگئیں اور اس وقت ان کی تحقیق نہایت دقت طلب ہو چکی ہے۔ الکفایة فی علم الروایة میں علی بن المدینی کا ارشاد نقل ہوا ہے کہ:

''اگر میں اہل بصرہ کو مسئلہ قدر کی بنا پر اور اہل کوفہ کو تشیع کی بنا پر چھوڑ دوں تو حدیث کی کتابیں ویران ہو کر رہ جائیں۔'' (مبادی تدبر حدیث، ص 139/40)

حضرت مفتی عبدالواحد صاحب مدظلہ اس کے جواب میں فرماتے ہیں کہ:

امین احسن اصلاحی صاحب کا یہ سارا کلام ائمہ مجتہدین کی تغلیط بلکہ کسی قدر توہین سے بھی بھرا ہوا ہے۔ کوئی متبحر فی العلم ہو تو اس کے لیے اس کی گنجائش ہے کہ وہ دلائل کی قوت کی بنا پر کسی ایک قول کو ترجیح دے۔ لیکن امین احسن اصلاحی جن کے تبحر علمی کی حقیقت گزشتہ اوراق میں آشکار ہو چکی ہے اگر واقعی دلائل سے قطع نظر کر کے ائمہ مجتہدین خصوصاً امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ (جو کہ خیر القرون میں سے ہیں اور سنت و حدیث کے مسلمہ امام ہیں) کی ایسی تغلیط کریں اور مندرجہ ذیل Remarks دیں تو ان کی اپنی حرماں نصیبی پر سوائے افسوس کے اور کیا کیا جائے۔ ذرا Remarks تو ملاحظہ ہوں۔

الف: ''جب وبائے عام ہو تو محتاط آدمی بھی اس سے کچھ نہ کچھ زخم اٹھا ہی لیتا ہے۔''

ب: ''ان تمام لوگوں نے مختلف تاویلوں سے ان مبتدعین کی روایت کو قبول کر لیا۔''

ج: ''ان کا موقف نہایت بودا ہے۔''

د: ''ہمارے نزدیک ان ائمہ کی یہ رعایت نہایت معصومانہ ہے اس لیے کہ اس کے مضمرات کو پوری طرح سے نہیں پرکھا گیا ہے۔''

عقل اس کو تسلیم نہیں کرتی کہ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ وغیرہما جیسے حضرات مجتہدین جن

Marfat.com

کی فقاہت اور جن کا فہم قرآن وسنت اور جن کی اصول دین میں کمال معرفت ہر دور میں مسلم رہی ہے وہ ایسے بھولے بھالے اور معصوم ہوں کہ انہوں نے اپنے بھولپنے اور معصوم پنے میں ایسے اصول وضوابط کو اختیار کیا جن کے نتائج ومضمرات کو انہوں نے پوری طرح پرکھا ہی نہیں یا وہ ایسے کمزور کردار کے لوگ تھے کہ وبائے عام سے متاثر ہو کر کچھ زخم کھا بیٹھے اور غلط روش کو تاویلیں کر کے صحیح بنانے کے درپے ہوئے۔ خیر القرون کا دور ہو، چوٹی کے مجتہدین ہوں اور گمراہی سے متاثر ہو کر انتہائی بودا موقف اختیار کریں یہ بات عقل ہی کے خلاف ہے اور قائل کی بے عقلی پر دلیل ہے۔

## ☆ اصلاحی صاحب کا طریقہ تفسیر

امین احسن اصلاحی صاحب سلف کا طریقہ تفسیر ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''انہی وجوہ سے سلف کا طریقہ تفسیر یہ رہا ہے کہ پہلے وہ قرآن کو خود قرآن کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کرتے، اس کے بعد اگر کوئی مشکل باقی رہ جاتی تو اس کا حل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال میں تلاش کرتے۔ اس کے بعد بھی اگر معاملہ کا کوئی گوشہ محتاج توضیح رہ جاتا تو اس کے لیے صحابہ رضی اللہ عنہم کے آثار واقوال سے مدد لیتے۔ کیونکہ قرآن مجید جن لوگوں کے حالات وواقعات پر پورا اُترا اور جن کو اس نے سب سے پہلے مخاطب کیا وہ قرآن مجید کے اسرار وحکم اور اس کے رموز و حقائق کو جس خوبی کے ساتھ سمجھ سکتے تھے اس خوبی کے ساتھ دوسرے لوگ جن کو وہ حالات میسر نہیں ہیں کسی طرح نہیں سمجھ سکتے۔ علامہ سیوطیؒ الاتقان میں تفسیر کا طریقہ یہ بتاتے ہیں:

''علماء نے کہا ہے کہ جو شخص قرآن مجید کی تفسیر کرنا چاہے وہ پہلے قرآن مجید سے تفسیر کرے۔ اس میں جو چیز ایک جگہ مجمل ہے دوسری جگہ اس کی تفسیر کر دی گئی ہے اور جو بات ایک جگہ مختصر ہے دوسرے مقام پر بالکل مفصل ہے۔ ابن جوزی نے ایک کتاب لکھی ہے جس میں قرآن کی ان تمام آیات سے تعرض کیا ہے جو ایک جگہ مجمل اور دوسری جگہ مفصل ہیں اور میں نے خود مجمل کے بیان میں اس کی بعض مثالوں کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اگر کہیں اس میں کامیابی نہ ہو (یعنی قرآن کی تفسیر خود قرآن سے نہ ہو سکے) تو سنت میں اس کی تفسیر تلاش کرے کیونکہ سنت قرآن کی شارح اور مفسر ہے۔

Marfat.com

حضرت امام شافعیؒ نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے قرآن دیا گیا اور اس کی مثل بھی اس کے ساتھ یعنی سنت۔ پس اگر سنت میں بھی نہ پائے تو صحابہؓ کے اقوال کی طرف متوجہ ہو کیونکہ وہ اس کے سب سے بڑھ کر جاننے والے ہیں۔ اس لیے کہ انہوں نے نزول قرآن کے تمام قرائن وحالات کا خود مشاہدہ کیا ہے۔ نیز فہم کامل اور علم صحیح وعمل صالح سے بھی آراستہ تھے۔"

تفسیر کا یہ طریقہ بالکل فطری ہے۔ اصلی چیز خود قرآن مجید کے الفاظ اور اس کی اپنی توضیحات ہیں اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے اور تیسرا درجہ اقوال صحابہ ہے۔

اس سے یہ حقیقت واضح ہوگئی کہ جو لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریحات اور صحابہؓ کے اقوال کی روشنی میں قرآن مجید کو سمجھنا چاہتے ہیں اس میں تفسیر کے لیے اصل الاصول خود قرآن مجید کے الفاظ اور اس کی توضیحات ہی کو قرار دیا گیا ہے کہ القرآن یفسر بعضه بعضا ہاں اگر کوئی بات ایسی ہے جو خود قرآن مجید سے صاف نہیں ہو رہی تو اس کے لیے آدمی کہاں جائے گا؟ ایک آزاد خیال سے آزاد خیال آدمی بھی سوال کا جواب یہی دے گا کہ ایسی مشکلات میں بہترین رہنمائی سنت رسول اور اقوالِ صحابہ کی رہنمائی ہی سے ہو سکتی ہے۔ لیکن اس رہنمائی کی صورت کیا ہوگی؟ یہ ہوگی کہ ایک آیت پر اس کے الفاظ کی روشنی میں پوری طرح غور کیا..... قرآن مجید میں جو آیات اس کی مماثل ہیں ان کی روشنی میں پوری طرح غور کیا..... قرآن مجید میں جو آیات اس کی مماثل ہیں ان کی روشنی میں بھی اس کو اچھی طرح دیکھ لیا۔ سیاق وسباق اور عمود ونظم کے پہلو سے بھی اس پر نگاہ ڈال لی۔ لیکن ان تمام باتوں کے بعد بھی پوری تشفی نہیں ہوتی۔ الفاظ کچھ چاہتے ہیں، لیکن صاف نہیں معلوم ہوتا کیا چاہتے ہیں۔ اب ہم احادیث اور اقوالِ صحابہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور کوئی ایسی بات پا لیتے ہیں جس سے اس آیت کا تمام عالم روشن ہو جاتا ہے، الفاظ کو اس کے بعد کسی بات کا انتظار نہیں رہ جاتا۔ نظم اور سیاق کلام سب کا حق ادا ہو جاتا ہے تو اس بات کو اگر وہ صحیح طریقہ سے منقول ہوگی قبول کر لیں گے۔ (مبادی تدبر قرآن: ص 145 تا ص 147)

حضرت مفتی عبدالواجد صاحب مدظلہ فرماتے ہیں۔

Marfat.com

اصلاحی صاحب نے سلف کے طریقہ تفسیر کو الاتقان کے حوالہ سے ذکر کیا اور اس کو فطری قرار دیا اور اپنی طویل عبارت سے یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ وہ بھی اسی طریقہ پر کاربند ہیں۔ لیکن ہمیں اسلاف کے طریقہ تفسیر اور اصلاحی صاحب کے طریقہ تفسیر میں کچھ فرق نظر آتا ہے اور اور وہ یہ ہے کہ اسلاف تو حدیث کو اس کے مرتبہ میں قرآن کا شارح اور موضح سمجھتے تھے اور جہاں قرآن کی تفسیر قرآن سے نہ ہو سکتی ہو وہاں حدیث کو ہی مفسر قرار دیتے تھے۔ اس کے برخلاف اصلاحی صاحب حدیث کو قرآن کا شارح و مفسر نہیں مانتے بلکہ وہ اس بات کے قائل ہیں کہ جہاں قرآن کی قرآن سے تفسیر کرنے میں کامیابی نہ ہو وہاں ہم قرآن کی تفسیر کرنے میں حدیث سے مدد تو لیں گے لیکن حدیث کو تفسیر و شارح کے طور پر نہیں لیں گے اور یہ مدد بھی اس لیے نہیں کہ حدیث کو تفسیر میں دخل ہے بلکہ محض اس لیے کہ اپنے غور و فکر سے جس نتیجہ تک ہم پہنچے ہیں اور اس کے بارے میں کچھ کھٹک ہے تو وہ کھٹک دور ہو جائے۔

امین احسن اصلاحی صاحب نے سلف کے طریقہ سے جو لطیف انحراف کیا ہے اس کی وجہ وہ خود بتاتے ہیں کہ الفاظ قرآن کی دلالت قطعی ہے۔ جب کہ حدیث (خبر واحد) ظنی ہے۔ لکھتے ہیں۔

''اگر ان روایات کی تحقیق و تنقید کر کے ان کے اندر جو مغز ہے اس کو الگ بھی کیا جا سکے جب بھی تنہا ان ہی کو تفسیر میں فیصلہ کن چیز قرار دینا کسی طرح صحیح نہیں ہو سکتا۔ اس لیے کہ یہ روایات صحت کے معیار پر پوری اترنے کے بعد بھی ظن کے شائبہ سے پاک نہیں ہو سکتی ہیں۔ اس لیے اگر قرآن مجید کی تفسیر میں تنہا ان ہی کو فیصلہ کن چیز مان لیا جائے تو قرآن مجید کی قطعیت کو نقصان پہنچے گا اور یہ چیز کسی طرح بھی گوارا نہیں کی جا سکتی۔ دوسرے دلائل و شواہد کے ساتھ مل کر تو بلاشبہ یہ روایات قرآن مجید کے صحیح مفہوم کی تعیین میں بہت زیادہ مددگار ہو سکتی ہیں لیکن تنہا ان ہی کی مدد سے کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔'' (مبادی تدبر قرآن ص 166)

قرآن کے قطعی الدلالۃ ہونے سے اصلاحی صاحب کی کیا مراد ہے؟ اس کی وضاحت انہوں نے رسالہ تدبر میں اس طرح کی ہے۔

Marfat.com

"فہم قرآن کے لیے ایک اور اصول جس کو ماننا ضروری ہے یہ ہے کہ قرآن قطعی الدلالۃ ہے یعنی قرآن مجید کے الفاظ کے لغوی معنی ان کے مفہوم کی طرف ٹھیک ٹھیک رہنمائی کرتے ہیں۔ یہ بات نہیں ہے کہ قرآن مجید نے جو لفظ استعمال کیا ہو وہ اگرچہ ایک خاص معنی دے رہا ہو لیکن قرآن اس کو نظر انداز کر کے مراد اس سے مختلف لے رہا ہو یا قرآن کا بیان بادی النظر میں تو ہر قاری کو کچھ معلوم ہوتا ہو لیکن اصل میں قرآن کا مفہوم اس سے مختلف ہو جو ہر پڑھنے والا اس سے سمجھتا ہے۔" (تدبر نمبر 2 ص 12)

قرآن میں موجود لفظ "قروء" حیض اور طہر دونوں میں یکساں استعمال ہوتا ہے۔ اس طرح لفظ "کلالہ" جس کا اطلاق تین معنی پر ہوتا ہے۔ ایسا شخص جس نے نہ اولاد چھوڑی نہ والد، دوسرے ایسا وارث جو میت کی نہ اولاد ہو اور نہ والد۔ تیسرے وہ قرابت جو اولاد اور والد کی طرف سے نہ ہو۔ ان مثالوں سے معلوم ہوا کہ قرآن کا ہر مقام قطعی الدلالۃ نہیں بلکہ اس کے بعض مقام ظنی الدلالۃ بھی ہیں اور ایسے مقام میں تنہا حدیث کو قرآن کی تفسیر کے طور پر لینا رائج ہے۔

## ☆ چند دیگر متجددین

## غلام احمد پرویز

غلام احمد پرویز بٹالوی نگران ماہنامہ طلوع اسلام کی تجدید اسلام ملاحظہ ہو۔

☆ دین نے قیام صلوٰۃ کا حکم دیا تھا۔ مذہب میں یہ چیز پڑھنے کے مرادف بن گئی۔ (طلوع اسلام صفحہ ۴۶۔ جون ۱۹۵۰ء)

☆ مرکز ملت کو ان میں (جزئیات نماز میں) تغیر و تبدل کا حق ہوگا۔ (طلوع اسلام۔ صفحہ ۴۷۔ جون ۱۹۵۰ء)

☆ میرا دعویٰ تو صرف اتنا ہے کہ فرض نمازیں دو ہیں۔ جن کے اوقات بھی دو ہیں۔ باقی سب نوافل ہیں۔ (عباد اللہ اختر۔ طلوع اسلام۔ صفحہ ۵۸۔ اگست ۱۹۵۰ء)

☆ مذہب میں نماز۔ روزہ۔ صدقہ۔ خیرات اسی خوشامدانہ مسلک (یعنی منافقانہ زندگی کے

Marfat.com

خوشامدانہ مسلک) کے مظاہر بن جاتے ہیں۔(طلوع اسلام۔جنوری فروری۔صفحہ ۱۰۸۔۱۹۵۰ء)

☆عید کے دن بارہ بجے تک دس کروڑ روپے کا قومی سرمایہ ضائع ہوجاتا ہے۔اور یہ دس کروڑ ہر سال ضائع ہوتے ہیں۔(رسالہ قربانی۔از ادارہ طلوع اسلام)

☆عید کی صبح بارہ بجے تک قوم کا کس قدر روپیہ نالی میں بہہ جاتا ہے۔(طلوع اسلام۔صفحہ ا۔ستمبر ۱۹۵۰ء)

☆روایات (احادیث نبویہ) محض تاریخ ہیں۔(طلوع اسلام۔صفحہ ۴۹۔جولائی ۱۹۵۰ء)

☆روایاتِ حدیث کا پورا سلسلہ قرآن کے خلاف عجمی سازش ہے۔(طلوع اسلام۔صفحہ ۷۔اکتوبر ۱۹۵۲ء)

☆حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا قول وفعل حجت تو ہے مگر چونکہ ہم تک باوثوق ذرائع سے نہیں پہنچا اس لئے ظنی ہونے کی وجہ سے قابل اعتماد نہیں رہا۔(طلوع اسلام۔صفحہ ۴۹۔جولائی ۱۹۵۰ء)

☆حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جو احکام بیان فرمائے وہ صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے ساتھ مخصوص تھے۔ہر زمانہ کے لحاظ سے ان احکام میں تغیر وتبدل کیا جاسکتا ہے۔(معارف ۔جلد ۴۔صفحہ ۶۹۲۔طلوع اسلام۔صفحہ ۴۷۔جون ۱۹۵۰ء)

## ☆ڈاکٹر فضل الرحمن

(حضرت مولانا یوسف لدھیانوی شہیدؒ اپنی کتاب ''دور حاضر کے تجدد پسندوں کے افکار'' میں لکھتے ہیں)

اب دورِ جدید کے جس فتنہ کا ذکر آپ کے سامنے لایا جارہا ہے اسے جدید اصطلاح میں تجدد پسندی کہا جاتا ہے۔ہمارے یہاں اس تجدد پسندی کا تنظیمی مرکز فیلڈ مارشل ایوب خان کا بنایا ہوا ادارہ تحقیقات اسلامیہ (راولپنڈی) ہے۔جس کا ڈائریکٹر ڈاکٹر فضل الرحمٰن ہے (تھا) جس نے 1963ء سے 1968ء تک اپنے ملحدانہ عقائد کو مسلمانوں پر ٹھونسا۔ادارہ تحقیقات اسلامیہ نے ''اسلامی قانون'' کے موضوع پر ایک جامع کتاب کی تدوین کا فیصلہ کرلیا ہے (تھا)۔اس لیے وقت کی نزاکت کے

Marfat.com

پیش نظران کے ماہانہ فکر ونظر سے چند حوالے پیش کیے جارہے ہیں جس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ ادارہ سرے سے اسلام کا قائل ہی نہیں بلکہ اسے قرون وسطیٰ کی مخلوق تصور کرتا ہے، ملاحظہ کیجئے۔

''مسلمہ عقائد کے حامیوں کے پاس اسلام ضرور بچ رہا مگر کس حال میں؟ محض پوست، مغز سے محروم، ایک ظاہری رسمی ڈھانچہ روح سے عاری۔'' (فکر ونظر جلد 2 شمارہ 3 ص 153)

اور یہ کہ:

''اسلام غلو (انتہا پسندی) کے دو پاٹوں میں پس گیا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی قانون مبرم تھا جو راسخ العقیدہ گروہ کو اس بات پر مجبور کر رہا تھا کہ وہ ثبوتی (سائنسی) فکر کو نیست ونابود کر دے۔'' (فکر ونظر جلد 2 شمارہ 3 ص 156)

مزید برآں یہ کہ زندگی پر:

''اگر روایتی مذہبی تصورات واعمال، خالص دینوی جدید عقلیت اور سائنسی ذہنیت سے نہایت سختی سے الگ رکھے جائیں تو وہ کتنی دور تک اور کتنے گہرے قابل قبول ہو سکتے ہیں۔ یہ سوال کافی سوچ میں ڈالنے والا ہے۔ تجربہ یہ بتاتا ہے کہ یہ کبھی قابل قبول نہیں ہو سکتی جب تک کہ مذہب کو قطعی طور سے زندگی پر اپنی گرفت ڈھیلی کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ (فکر ونظر جلد 4 شمارہ 1 ص 15)

گویا جب تک مسلمان مسلمان رہیں گے اس وقت تک وہ جدید ترقی سے محروم رہیں گے۔ البتہ جب مذہب اسلام کا دامن ان کے ہاتھ سے چھوٹ جائے گا اس دن انہیں ترقی نصیب ہوگی۔ اس مقصد کے پیش نظر ادارہ تحقیقاتِ اسلامی نے ''روایتی اسلام'' کی جگہ ''ماڈرن اسلام'' پیش کیا اور اس کی ماڈرن تفسیر بھی کر ڈالی۔

لیجئے ملاحظہ ہو۔

''سنت نبوی کوئی متعین چیز نہ تھی نہ اس نے انسانی زندگی کی کوئی تفصیلی رہنمائی کی جیسا کہ عہد وسطیٰ کے اسلامی لٹریچر (حدیث وفقہ) سے سمجھ میں آتا ہے۔'' (فکر نظر جلد 1 شمارہ 1 ص 16)

ایک بہتان عظیم ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

''قدماء محدثین خود تسلیم کرتے ہیں کہ اخلاقی امثال، پند ونصائح اور جوامع الکلم کو آنحضرت صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کی طرف سے منسوب کر دینے میں کوئی حرج نہیں سمجھا گیا۔ خواہ یہ انتساب درست ہو یا نادرست، البتہ فقہ وعقائد کی احادیث کے متعلق سلسلہ روایت کا پوری صحت کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچنا ضروری خیال کیا جاتا تھا۔ اب قابل غور یہ ہے کہ ترک صحت کے اصول کو کسی سطح پر بھی تسلیم کر لیا جائے تو اسے کسی خاص دائرہ تک محدود رکھنا دشوار بلکہ ناممکن ہوگا۔'' (فکر و نظر جلد 1 شمارہ 5 ص 12)

حضرت مولانا یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

حاصل یہ کہ اخلاقی امثال، پند ونصائح اور جوامع الکلم کی احادیث تو معاذ اللہ خود محدثین کے اقرار سے مشکوک ہیں اور فقہ وعقائد کی احادیث ''قابل غور'' تکنیک سے مشکوک ہو گئیں۔ لہٰذا تمام احادیث کو زمانہ مابعد کی مخلوق فرض کرنا چاہیے۔

اصولی احادیث کے بارے میں ڈاکٹر فضل الرحمٰن کی سنیے:

''ہم نے جو مثالیں پیش کی ہیں وہ ان احادیث کی ہیں جنہیں ہم ''اصولی'' کہہ سکتے ہیں یعنی وہ احادیث جن پر مبادیات دین کی ساری عمارت کی بنیاد قائم ہے۔ اگر اجماع اور حدیث جیسے بنیادی اصولوں کے بارے میں احادیث تاریخی طور پر غیر صحیح ثابت ہو جائیں تو دوسری بیشتر احادیث کی صحت یقیناً معرض خطر میں پڑ جاتی ہے۔ (نظر جلد 1 شمارہ 7 ص 10)

حضرت مولانا یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

بلکہ بلفظ صحیح اسلام کی بنیاد اُکھڑ جانے سے خود اسلام ہی کا قصر بلند مسمار ہو کر رہ جاتا ہے اور یہی ادارہ تحقیقات اسلامی کے فتنہ کا مقصد ازلی اور ہدف اصلی ہے اور یہی درس حریت ادارہ کے مفکرین نے اپنے مغربی آقاؤں سے سیکھا ہے۔

بخاری، نسائی، ترمذی کے بارے میں ڈاکٹر فضل الرحمٰن کی سوچ ملاحظہ کیجیے:

''ایسی گمراہ کن حدیثیں منافقین نے ان کتابوں میں داخل کر دیں، جس طرح بخاری میں جمع قرآن

Marfat.com

کا پورا باب بنا کر داخل کر دیا اور مختلف مقامات پر اس کی حدیثیں ٹھونس دیں۔ یہی حال ترمذی، نسائی کا بھی کیا۔" (فکر و نظر جلد 2 شمارہ 2 ص 273)

حضرت مولانا یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

یہ توجیہہ بھی ممکن ہے کہ کتابیں اپنی اصل حالت پر ہوں جیسا کہ ان کا تواتر خود اس کا شاہد ہے مگر ادارہ تحقیقات اسلامیہ پر الحادی صفراء کا چونکہ غلبہ ہے اس لیے انہیں قند، زہر ہلاہل نظر آتا ہے۔

اب اجماع امت، امت مسلمہ، عقائد اسلامیہ اور اجماعی مسائل کے بارے میں ادارہ تحقیقات اسلامیہ کے ملاحدہ (ڈاکٹر فضل الرحمٰن وغیرہ) کے تصورات کا خلاصہ ملاحظہ کیجئے۔

"ہم یہ واضح کر چکے ہیں کہ اجماع کے بارے میں جو احادیث مروی ہیں ان کی تاریخی صحت نا قابل یقین ہے۔" (فکر و نظر جلد 1 شمارہ 7 ص 17)

"امام شافعیؒ کی روشن دماغی اور تیز طبعی نے ایک ایسا مشینی نظام پیدا کر دیا جس سے اسلام زندہ طاقت اور اپنی تقدیر کا خود مالک کی حیثیت میں نہیں رہا بلکہ ایک اثر پذیر وجود کی حیثیت سے زندگی کے تھپیڑوں کی نذر ہو گیا۔" (فکر و نظر جلد 1 شمارہ 1 ص 30)

"معراج نبوی جو متواترات دین سے ہے، کے بارے میں فرمایا جاتا ہے یہ ایسی توہمات پرستی کی جس کا قرآن مجید سے کوئی ثبوت نہیں ملتا ایک مثال ہے۔" (فکر و نظر جلد 1 شمارہ 1 ص 30)

"اسی طرح مسلمانوں کے ہاں شفاعت کے مشہور عام عقیدہ نے جو شکل اختیار کی وہ عیسائیوں کے کفارہ کے عقیدہ کا جواب تھا۔" (فکر و نظر جلد 1 شمارہ 1 ص 30)

(گویا مسلمانوں کے عقائد کافروں سے اخذ کردہ ہیں)

عقیدہ نزول عیسیٰ علیہ السلام: "یہ عقیدہ عیسائیت سے مستعار لیا گیا تھا اور کچھ عرصہ بعد اہلسنت والجماعت کے عقائد کا جزو بن گیا۔" (فکر و نظر جلد 1 شمارہ 12 ص 11)

"اس کی دوسری شکل وہ تھی جس نے شیعی حلقوں میں جنم لیا اور شروع کے صوفیاء کی کوششوں سے اہلسنت والجماعت کے عقیدہ میں جگہ پائی۔ یہ تھا مہدویت (آمد مہدی علیہ السلام) کا عقیدہ

Marfat.com

(فکر ونظر جلد 1 شمارہ 12 ص 11)

''قرآن کریم کی رو سے طلاقیں صرف تین مرتبہ الگ الگ وقفہ کے ساتھ ہو سکتی ہیں اور ایک عدت کے شروع میں ایک طلاق ہو سکتی ہے۔'' (فکر ونظر جلد 2 ص 224)

لہٰذا ہم نہایت دیانت داری کے ساتھ اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ یتیم پوتے کی اپنے دادا سے محرومی کسی صحیح بنیاد پر مبنی نہیں۔'' (فکر ونظر شمارہ 6 جلد 3 ص 417)

غنا اور سماع راگ گانے اور سننے کی شرعی حیثیت میں دو مسلک ہیں۔ ایک فقہاء کا جو عموماً اس کی حرمت کے قائل ہیں اور دوسرا محدثین کا جو اسے جائز سمجھتے ہیں اور اس باب کی تمام روایات کو ضعیف قرار دیتے ہیں۔ (فکر ونظر جلد 2 شمارہ 9 ص 566)

حضرت مولانا یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر فضل الرحمٰن کی (ادارہ تحقیقات اسلامیہ راولپنڈی) ملحدانہ چیرہ دستیوں نے بڑھتے بڑھتے صحیفہ مقدس اور وحی الٰہی پر ہاتھ ڈالا تھا اور اساتذہ مغرب کی تقلید میں یہاں تک کہہ دیا تھا کہ قرآن کا کوئی خارجی وجود نہیں تھا، نہ کوئی فرشتہ وحی لے کر آتا تھا۔ یہ سب نعوذ باللہ افسانے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وجدان اور ضمیر سے جو آواز اٹھتی تھی وہی وحی تھی اور وہی قرآن کہلاتا تھا۔''

یہ عقائد سرسید کے عقائد سے اخذ شدہ ہیں۔

(طلاق کے بارے میں تفصیل اسی کتاب کے صفحہ..... پر ملاحظہ ہو۔ اور غناء کے بارے میں تفصیل اسی کتاب کے صفحہ..... پر ملاحظہ ہو)

حضرت مولانا مفتی محمد یوسف لدھیانویؒ لکھتے ہیں۔

مثل مشہور ہے کہ بچھو سے کسی نے دریافت کیا کہ جناب کے معزز گھرانے میں ''نیش زنی'' کے فن میں سب سے بڑا ماہر کون ہے؟ اس نے سنجیدگی سے جواب دیا کہ جس کی پشت پر ہاتھ رکھ دیکھو، وہی سب سے بڑھ کر ماہر فن ثابت ہوگا۔

اسلام کا نام لے کر اسلام کو ڈسنا، اسے تحریفی نشتر لگانا، اس پر جرح وتنقید کی مشق کرنا اور محض

Marfat.com

مفروضات سے اس کے قطعی مسائل کو پامال کرنا ہر دور کے ملاحدہ اور زنادقہ کا طرہ امتیاز رہا ہے۔ پہلی صدی کے خوارج ہوں یا مابعد کے باطنیہ، تیسری صدی کے اصحاب العدل والتوحید ہوں یا دور حاضر کے ''ارباب فکر ونظر'' دوسری صدی کا ابن المقنع ہو یا چودھویں صدی کا اسلم جیراجپوری، اکبری دور کے ابوالفضل اور فیضی ہوں یا ہمارے دور کے ڈاکٹر فضل الرحمٰن اور پرویز، سب کا مشترک مقصد، مشترک نقطہ نظر اور مشترک سرمایہ اسلام کی مقدس چہار دیواری میں رخنہ اندازی کرنا ہے۔

چنانچہ ادارہ تحقیقات اسلامیہ راولپنڈی کی بزم فکر ونظر کے ایک رفیق عمر احمد عثمانی کی ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے متعلق مہذب زبان ملاحظہ ہو۔

''عقل انسانی اسے کسی طرح باور نہیں کرتی کہ ایک نو سال کی ''الہڑ لڑکی'' اپنے میکہ میں ان تمام علوم و فنون میں اس قدر مہارت کی مالک ہو سکتی ہے کہ اس کا علم پوری امت کی عورتوں سے بڑھ جائے۔''

(فکر ونظر جلد 1 شمارہ 9 مارچ 1964ء قسط دوم ص 48 مقالہ عمر احمد عثمانی)

## ☆ حنیف ندوی اور اصلاح اسلام:

(حضرت مولانا یوسف لدھیانوی شہیدؒ اپنی کتاب ''دور حاضر کے تجدد پسندوں کے افکار'' میں لکھتے ہیں)

ہمارے ''جدید مصلحین'' کا ایک طرۂ امتیاز یہ بھی ہے کہ وہ جب اسلام کے موضوع پر لکھتے اور بولتے ہیں تو اس بنا پر کہ ان کے سامنے یورپ کی پیدا کردہ غلط فہمیوں کا پورا طومار موجود ہوتا ہے۔ انہوں نے ایک مومن قانت کے نقطہ نظر سے نہیں بلکہ مغرب کی کور باطنی اور کور چشمی کی سیاہ عینک سے اسلام کا مطالعہ کیا ہوتا ہے۔ اس لیے انہیں اسلام کا ماضی ہمیشہ تاریک ہی تاریک نظر آتا ہے۔ انہیں غلط نگاہی کی بنا پر اسلام کے کارناموں میں غلطیاں ہی غلطیاں نظر آتی ہیں جنہیں دیکھ کر وہ عرق ندامت میں ڈوب ڈوب جاتے ہیں اور یکا یک ان کا لہجہ ایک ایسی معذرت پسندانہ پستی اختیار کر لیتا ہے گویا میدانِ حشر قائم ہے، نفسی نفسی کا عالم ہے، مگر انہیں صرف اپنے نامہ عمل کا نہیں بلکہ بدقسمتی سے اپنے اسلاف کی ''خطاؤں'' کا حساب گویا آج چکانا پڑ رہا ہے۔ انہی میں ایک غیر مقلد مولانا محمد حنیف

Marfat.com

ندوی بھی ہیں جن کی کتاب اساسیات اسلام، ادارہ ثقافت اسلامیہ کلب روڈ لاہور کی مطبوعہ ہے۔

''اساسیات اسلام'' کے مصنف کی زبانی ''اعتراف خطا'' کا یہ دل خراش منظر ملاحظہ ہو:

''صحت فکر اور علمی دیانت کا تقاضا ہے کہ تعمیر نو کے اس مرحلہ میں ہم اس حقیقت کو کھلے بندوں تسلیم کر لیں کہ عہد ماضی میں ہم سے غلطیاں بھی سرزد ہوئی ہیں۔ ہم نے غیر صحت مند تمدنی رجحانات کو نہ صرف اپنایا اور قبول کیا ہے بلکہ ان کی پرورش بھی کی ہے اور ایسے تصورات کو اسلامی سمجھ کر سینے سے چمٹائے بھی رکھا ہے جن کا اسلامی روح سے، اسلام کے مزاج سے اور اسلامی تعلیمات سے دور کا بھی تعلق ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ اس اعتراف سے دوگنا فائدے حاصل ہوں گے، ایک تو ماضی میں جو کچھ ہوا ہے اس کی جوابدہی سے بچ جائیں گے دوسرے اس تضاد سے ہم مخلصی حاصل کر لیں گے جو اسلام اور مسلمان کو مترادف سمجھ لینے سے پیدا ہو سکتا ہے۔'' (اساسیات اسلام، ص 119، 120)

حضرت مولانا یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

وہ کون سے امور تھے جن کا اسلامی روح، اسلام کے مزاج اور اسلام کی تعلیمات سے دور کا بھی تعلق ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے باوجود ہمارے اسلاف نے ان کو اسلامی سمجھ کر سینے سے چمٹائے رکھنے کی غلطی کی۔ یہ داستان خود مصنف کی زبانی سنئے:

''ہمارے ہاں علم الکلام پر اس حیثیت سے کام ہوا کہ یہ یونانی فلسفہ کی ایک شاخ ہے۔ تصوف، اسلام کے مقابلے میں ایک مستقبل بالذات نظام کی حیثیت سے اُبھرا جس کا دعویٰ یہ تھا کہ تعلق باللہ اور عبودیت و ولایت کے رشتوں کو ریاضت و مجاہدہ سے ہر ہر شخص براہ راست استوار کر سکتا ہے۔ اسی طرح فقہ کے معنی ہمارے ہاں یہ تھے کہ نئے نئے پیش آئندہ مسائل (میں) کتاب اللہ اور سنت کو بحیثیت مجموعی فکر و نظر کے سامنے رکھا جائے اور یہ دیکھا جائے کہ اس کی تعلیمات کی روشنی میں ان مسائل کا کیا حل نکلتا ہے اس کے بجائے یہ ہوا کہ فقہ ایک جداگانہ فن قرار پائی اور مسائل کے حل و کشود کے لیے ایسے اصول اور پیمانے وضع کیے گئے جو ایک طرف ان روحانی و اخلاقی اقدار سے بیگانہ تھے جن سے اسلامی فقہ ترتیب پاتی ہے اور دوسری طرف جن کی صحت کے بارے میں قیل و

Marfat.com

قال کی کافی گنجائش تھی۔اس پر مستزاد یہ کہ بغیر کسی اجتماعی اور معاشرتی ضرورت اور تقاضے کے شاخ در شاخ مسائل تراشے گئے۔اس اندازِ اجتہاد کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ فقہ جسے زندگی کے مسائل حل کرنا تھے، جسے فکر و کاوش کی تازہ کاریوں سے تہذیب و تمدن کے قافلے کو آگے بڑھانا تھا، اس طرح سے زندگی کی گرانباریوں میں اضافے کا سبب بنی۔" (اساسیات اسلام، ص120-121)

حضرت مولانا یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

لیجئے یہ تھیں ہمارے اسلاف کی دو غلطیاں یعنی علم عقائد، علم تصوف و سلوک اور علم فقہ و قانون جن پر مصنف عرق انفعال میں ڈوبے جاتے ہیں اور انہیں اپنے ماضی سے دست بردار ہوئے بغیر نہیں بن پڑتی۔اس سے قطع نظر کہ ان اکابر (متکلمین، صوفیا اور فقہائے امت) کے بارے میں "اساسیات اسلام" کے مصنف کا دامن غلط فہمیوں کے کتنے بڑے انبار کو سمیٹے ہوئے ہے، سوچنے کی بات یہ ہے کہ جب وہ اسلاف سے اس قدر "حسن ظن" رکھتے ہیں اور تیرہ صدیوں کی متاع عزیز پر اس قدر نادم اور منفعل ہیں تو "تعمیر نو" کے مرحلہ میں اسلام کی تشریح و تعبیر میں وہ عقل و خرد اور علم و دانش کے کیا گل کھلائیں گے اور ان کے اصول اور پیمانے کیا ہوں گے؟ دراصل یہ ہمارے سادہ لوح مصلحین کی مخصوص تکنیک ہے، انہیں چونکہ "روح اسلام" کو سامنے رکھ کر "آزاد اجتہاد" کی دعوت دینا ہے اس لیے وہ پہلے مرحلے پر ان تمام اصول و ضوابط سے چھٹکارا حاصل کر لیتے ہیں جو "آزاد اجتہاد" کی راہ میں رکاوٹ ثابت ہوتے ہیں۔جب علم عقائد و کلام غلط اور متکلمین کے ارشادات "یونانی فلسفہ کی شاخ" قرار پائیں گے تو آپ کسی مسئلہ میں ان کا حوالہ نہیں دے سکیں گے۔جب تصوف اسلام، اسلام سے جداگانہ ایک چیز تصور کیا جائے گا تو مادیت کے طوفان میں اکابر اولیاء کا جنہیں صوفیاء کہتے ہیں، حوالہ بے کار ہوگا اور جب فقہ کا رشتہ اسلام سے کاٹ دیا گیا تو آپ "آزاد اجتہاد" کے استنباط شدہ نتائج کے مقابلہ میں یہ نہیں کہہ سکیں گے کہ اس مسئلہ میں اسلام کا قانون (فقہ) تو یہ کہتا ہے، مسلمانوں کے اسلاف میں کیڑے نکالنا اور ان کے زریں کارناموں کو بھیانک شکل میں پیش کرنا ابلیس مغرب کا وہ تخریبی حربہ ہے جو انگریزی میں "اسلام کا مطالعہ" کرنے والوں

Marfat.com

کو اسلام کے بارے میں متذبذب کرنے کے لیے ایجاد کیا گیا اور اس کے بعد انہیں ''آزاد اجتہاد'' کے ذریعہ ''اصلاح اسلام'' کی پٹی پڑھائی گئی۔

## ☆فکر و نظر کا غلط زاویہ!

اب تصویر کا دوسرا رخ ملاحظہ فرمایئے۔آپ کو حیرت در حیرت ہوگی جب آپ یہ دیکھیں گے کہ وہی قلم جو اسلام کے علم عقائد، علم تصوف وسلوک اور علم فقہ وقانون پر ماتم کناں نظر آتا ہے اسی کو ہم دیکھتے ہیں کہ جاہلیت جدیدہ کے ''فن کاروں'' پر داد وتحسین کے پھول نچھاور کرنے میں وہ کسی بخل کا مظاہرہ نہیں کرتا۔

''ہمارے نزدیک ''فن کار'' کا درجہ ایک مصلح سے کم نہیں۔ یہ بسا اوقات برش اور قلم کی ایک جنبش سے ایسے عجیب وغریب نقوش اُبھار دیتا ہے جن سے قانون وآئین کی بے مائیگی کا اندازہ ہوتا ہے اور ایک اچھے خاصے مہذب وشائستہ معاشرہ کی وہ بھیانک غلطیاں فکر ونظر کے سامنے آموجود ہوتی ہیں، عام حالات میں جن کو محسوس نہیں کیا جاسکتا۔اسی طرح ایک مغنی شعلہ نوا اور مطرب جاں فزا دل میں طرب وانبساط کے بعض مرتبہ ایسے نازک گوشوں کو بیدار کرتا ہے جن کی بیداری سے زندگی کا پورا دبستان مہک اٹھتا ہے۔فنکار کی نگاہ احتساب معاشرہ کے عیوب ہی کو تلاش نہیں کرتی بلکہ اس کے لیے مرہم اور مداوے کا اہتمام بھی کرتی ہے۔صرف تفریح اور خوشی کے موتی ہی نہیں بکھیرتی، زندگی کی تمام نشاط آفرینیوں میں اضافہ کا موجب بھی بنتی ہے۔زندگی کو ولولہ تازہ بھی عطا کرتی ہے اور تہذیب وتمدن کو ادراک واحسان کے ان لطائف سے بھی مالا مال کرتی ہے جن کے بغیر زندگی ٹھس اور بے مقصد ہو کر رہ جاتی ہے۔غرض فن ایک ایسی حسین طاقت ہے اور ایک حسین قوت ہے اور اصلاح وتعمیر کا ایسا اسلوب ہے جو بہر حال کارگر ہوتا ہے۔'' (اساسیات اسلام، ص149)

یہ ہے فکر ونظر کا غلط زاویہ! جس سے اسلام کے مایہ ناز فرزند جن کی زندگی کا مشن خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے منشا کو سمجھنا اور سمجھانا تھا، خطاوار اور مجرم نظر آتے ہیں اور مہذب دنیا کے اوباش ''مصلح'' قرار دیئے جاتے ہیں:

Marfat.com

''بسوخت عقل زحیرت کہ این چہ بوالعجبی ست''

''فنونِ لطیفہ'' اگر چہ جاہلیت قدیمہ کی یادگار ہے مگر جدید جاہلیت نے ان بتان کہنہ کو ترقی یافتہ شکل دے کر ہوا و ہوس کے نئے صنم خانوں میں لا رکھا ہے اور آج کے روحانی و اخلاقی اقدار سے محروم انسان نے ''تفریح'' کے نام پر ان کی پرستش کے نئے اسلوب وضع کیے ہیں۔ ''اساسیات اسلام'' کے مصنف سے توقع کی جاسکتی تھی کہ مبادی فواحش کے خلاف علم جہاد بلند کریں گے لیکن فنون لطیفہ پر بحث کرتے ہوئے مصنف نے سینما، ٹیلی ویژن، تصویر سازی اور موسیقی کے جواز کا فتویٰ صادر فرمایا ہے، اس سلسلہ میں ان کے ''اجتہادی استدلال'' کا خلاصہ یہ ہے کہ چونکہ ان چیزوں کا رواج چل نکلا ہے، لہٰذا سائنس اور ٹیکنالوجی کے ان نتائج کو کسی بے جان فقہی بحث اور غیر مؤثر عدم جواز کے فتویٰ سے روکنا ممکن نہیں۔ اندریں صورت دین کے حکیمانہ اندازِ فکر کا داعیہ یہ ہے کہ ہم اپنے اجتہاد کو حریت پسندانہ اندازِ استدلال سے نکال کر افادیت و دانش کے وسیع تر سانچے میں ڈھالیں اور یوں سوچیں کہ اگر عہد جاہلیت کی بجائے اسلام آج نازل ہوتا تو ان مسائل کو کیونکر سلجھاپاتا۔ اگر فطرت گلے سڑے فضلات غذا کو دودھ جیسی مفید اور تروتازہ غذا میں بدل دینے پر قادر ہے اور دوا ساز مہلک و مضر اشیاء سے حیاتین تیار کر دینے پر قدرت رکھتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ ایک مجتہد، اجتہاد و تخلیق کے اس عملیہ سے کام نہ لے۔'' (اساسیات اسلام، صفحہ 149 تا صفحہ 151 ملخصاً)

حضرت مولانا یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

سوال یہ ہے کہ ''اساسیات'' کے ان مباحث کو سپرد قلم کرتے وقت مصنف نے موسس اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایات کا مطالعہ کیوں ضروری نہیں سمجھا؟ یا ''زمانہ سازی'' کے خمار میں وہ حکیم انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایات کو..... خاکم بدہن..... کوئی اہمیت دینے کے لیے کیوں تیار نہیں؟ ''ان چیزوں کا رواج چل نکلا ہے۔'' ۔ ''یہ ہمارے معاشرے میں زبردستی گھس آئی ہیں'' اور ''اب ان کو روک دینا ممکن نہیں'' ۔ ایسے فقرے لکھنے سے پہلے انہیں اسلام کی نفسیات پر غور کرنا چاہیے تھا کہ اسلام مشرق و مغرب کی تہذیبوں سے ٹکرا کر تاریخ کے دھارے بدلنے کا عادی ہے؟ یا خود تاریخ کے

Marfat.com

طوفانی ریلے میں بہہ جانے کا خوگر ہے؟ وہ ہر دور کی غلط روش کے خلاف سینہ تان کر کھڑا ہونے کی دعوت دیتا ہے؟ یا غلط تہذیب کے سانچے میں ڈھل جانے کی تلقین کرتا ہے؟ اسلام کو ایسے دوں ہمت، پست حوصلہ اور کوتاہ نظر لوگوں کی ضرورت نہیں جو جہاد زندگانی میں ''تو بزمانہ بساز'' کی کتاب کھول کر ناصحانہ وعظ کہنا شروع کر دیں۔ اسلام کو ایسے جوان ہمت، اولوالعزم، بلند نظر اور بہادر سپاہیوں کی ضرورت ہے جو روحانیت کی بھرپور ضرب سے، تاریخی جبریت اور مادی جدلیت کے سومنات کو مسمار کر ڈالیں۔ انسان کو لذت طلبی اور خواہش پرستی کے طلسم سے نکال کر اسے اعلیٰ قدروں سے آشنا کر دیں۔

## ☆جماعت المسلمین

مسعود احمد فرقہ غرباء اہلحدیث کا فرد تھا۔ وہ کوئی عالم بھی نہیں تھا۔ چند اردو کتابیں پڑھ کر ایک کتابچہ ''تلاش حق'' لکھا اور دوسرا رسالہ ''التحقیق فی جواب التقلید'' شائع کیا۔ ان میں اسلاف کے خلاف بدگمانی اور اکابر اہل اسلام پر بدزبانی میں خاص ریکارڈ قائم کیا۔ اہل حدیث فرقہ میں اس کی خوب عزت افزائی ہوئی۔

امام جماعت غرباء اہلحدیث مسعود احمد نے اہل حدیثوں کے فرقوں کی تفصیل لکھی ہے کہ ۶۵ سالوں میں یہ فرقہ ۹ فرقوں میں بٹ گیا۔

(۱) جماعت غرباء اہلحدیث ۱۳۱۳ھ۔

(۲) کانفرنس اہلحدیث ۱۳۲۸ھ۔

(۳) امیر شریعت صوبہ بہار ۱۳۳۹ھ۔

(۴) فرقہ ثنائیہ ۱۹۳۸ء۔

(۵) فرقہ حنفیہ عطائیہ ۳۰۔۱۹۲۹ء۔

(۶) فرقہ شریفیہ ۱۳۴۹ھ۔

(۷) فرقہ غزنویہ ۱۳۵۳ھ۔

Marfat.com

(۸) جمعیت اہلحدیث ۱۳۷۰ھ۔

(۹) انتخاب مولانا محی الدین ۱۳۷۸ھ۔

(بحوالہ خطبہ امارت۔ صفحہ ۲۶)

۱۳۸۵ھ میں اس نے غرباء اہل حدیث کی ایک ضمنی جماعت بنائی۔ اور اسے جماعت المسلمین کا نام دیا۔ ۱۳۹۵ھ میں ان سے علیحدہ ہو کر کوثر نیازی کالونی نارتھ ناظم آباد کراچی میں مستقل فرقہ کا اعلان کر دیا۔ پھر اپنی ہی کتاب تلاش حق میں کانٹ چھانٹ کر کے خلاصہ تلاش حق کے نام سے کتاب تیار کی۔ فرقہ مسعودیہ جماعت المسلمین کے عقائد ملاحظہ ہوں۔

قرآن ہر لحاظ سے ایک مکمل کتاب ہے۔ یہ ایک خوشنما جملہ تو ضرور ہے مگر حقیقت کچھ بھی نہیں۔ نہ نماز کا طریقہ اس میں ہے نہ کسی اور عمل کا۔ اور پھر وہ ہر لحاظ سے مکمل ہے۔ یہ عجیب بات ہے۔ (تفہیم الاسلام۔ صفحہ ۲۲۶)

قرآن کا اسلام تو بڑا آسان ہے۔ دعا مانگ لو صلوٰۃ ادا ہو گئی۔ پاکیزگی اختیار کر لو زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ (تفہیم الاسلام۔ صفحہ ۲۳۲)

قرآن پاک میں عریانیت کا درس ہے۔ (تفہیم الاسلام۔ صفحہ ۲۴۶)

قرآن پاک میں ایسی آیات پائی جاتی ہیں جس سے بظاہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی منزلت کو بڑا دھکا لگتا ہے۔ (تفہیم الاسلام۔ صفحہ ۲۴۷)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ لوگوں کے حساب کا وقت آ گیا ہے اور وہ ابھی تک غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ اعراض کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ حساب کا وقت قریب آ گیا ہے لیکن زمانہ شاہد ہے کہ تقریباً ایک ہزار چار سو سال گزر چکے۔ وقت حساب ابھی تک نہیں آیا۔ یہ کیسا قرب ہے۔ (تفہیم الاسلام۔ صفحہ ۲۶۴)

قرآن پاک کی قطعیت پر تو قرآن کی آیات سے بھی چوٹ پڑتی ہے۔ (تفہیم الاسلام۔ صفحہ ۲۵۵)

وہ مسلم رہ کر بھی قرآن مجید کا انکار کر سکتے ہیں۔ وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کو ایک مانتے ہیں۔

Marfat.com

فرشتوں پر کتب سماوی پر اور رسولوں پر ایمان ہے۔لیکن یہ قرآن وہ قرآن نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا۔اس میں تحریف ہو چکی ہے اور مسلمانوں کا جم غفیر اس تحریف پر ایمان رکھتا ہے۔اور قرآن کی عبارت بھی اس پر شاہد ہے۔(تفہیم الاسلام۔صفحہ ۲۶۹)

جماعت المسلمین الحمدللہ تقلید سے بالکل مبرا ہے۔ہم وہی کام کرتے ہیں جو سنت سے ثابت ہیں۔ ہمارے ہاں قیاس ورائے سے مسئلے نہیں بنتے لہٰذا ان شاء اللہ تقلید کا گذر نہیں ہوسکتا۔(جماعت المسلمین اور اہلحدیث۔صفحہ ۱۷)

خدا کی وحدانیت پر ایمان رکھنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر ایمان لانے کے باوجود بھی آپ مسلم نہیں۔اس لئے کہ آپ شرک کرنے کے مرتکب ہیں کیونکہ آپ نے تقلید کو داخل فی الدین کیا ہے۔اس کو واجب قرار دیا ہے اس لئے آپ شرک کے مرتکب ہوئے۔(خلاصہ تلاش حق۔ صفحہ ۱۴۱)

اگر سب (محدثین) نے مل کر کسی حدیث کو قرآن مجید کے خلاف نہیں سمجھا اور ہم ان کو قرآن مجید کے خلاف سمجھیں تو کیا یہ ہماری سمجھ کا قصور ہے یا ان سب اگلے پچھلے محدثین کی سمجھ کا قصور ہے؟۔(تفہیم الاسلام۔صفحہ ۲۶۰)

## ☆ چوہدری رفیق صاحب کی جدیدیت

جدید متفکرہ ڈاکٹر فرحت نسیم ہاشمی کی تنظیم الہدیٰ انٹرنیشنل گلبرگ لاہور میں عورتوں کو عربی گرائمر پڑھانے والے چوہدری رفیق صاحب جو اپنے نام کے ساتھ پروفیسر کا سابقہ لگاتے رہے۔ مودودی صاحب کی جدیدیت سے متاثر ہو کر جماعت اسلامی پھر امین اصلاحی اور بعد میں غامدی وغیرہ کے چنگل میں جا پھنسے۔جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور سے مولانا کی غیر استحقاقی سند حاصل کر کے اس گندگی سے باہر نکلنے کا سوچا اور غامدی کے خلاف کتاب لکھ دی۔اب موصوف اس کھوکھلی سند کی وجہ سے پروفیسر کے ساتھ ساتھ مولانا کا سابقہ بھی لگاتے ہیں۔جو لوگوں کو صرف دھوکہ دینے کی خاطر ہے ورنہ موصوف اب بھی اسی جدیدیت کی دلدل میں پھنسے ہوئے اپنی تحریر کے ذریعہ ذہنی

Marfat.com

گندگی کو باہر پھیلا رہے ہیں۔ان کی ایک کتاب ''فقہی مسلک کی حقیقت'' اسی کی آئینہ دار ہے ۔چوہدری صاحب کبھی پروفیسر رفیق کے نام سے لکھا کرتے تھے۔اب پروفیسر مولانا رفیق اور کبھی مولانا ابوزکی کے نام سے لکھ رہے ہیں۔

چوہدری صاحب اپنے جیسے آزاد خیال اکبر شاہ نجیب آبادی کی کتاب قول حق کے باب پنجم کے صفحہ 146 سے اپنی تائید کے لئے نقل کرتے ہیں۔

''صحابہ کرام کے زمانہ میں سینکڑوں مسائل ایسے تھے جن کے مختلف پہلوؤں پر لوگ الگ الگ عامل تھے.....وہ لوگ دینی مسائل میں اجتہادی اختلافات کے دونوں پہلوؤں کو حق جانتے اور دین کے معاملہ میں وسعت اور آسانی کا اعتقاد رکھتے ہوئے اس بات کو بہت ہی معیوب سمجھتے تھے کہ ایک پہلو کو اختیار کر کے اسی پر جم جائیں اور اس کے دوسرے جائز پہلو کو نا قابل عمل قرار دیں۔یہی وجہ تھی کہ ان کے زمانہ میں کوئی مذہبی فرقہ بندی نہ تھی۔نہ ان کو آج کل کے لوگوں کی طرح تقلید کے واجب ہونے کی خبر تھی.....ان میں سے ہر شخص فقیہ تھا۔لیکن ان کی فقہ نے اس طرح لوگوں کو لاتعداد مسائل کے جال میں نہیں جکڑا تھا۔جس طرح بعد کے فقہاء ہزار ہا اصلاحات ایجاد کرنے کے بعد بال کی کھال نکال نکال کر شریعت اسلام کو بڑی ہی ہیبت ناک اور نا قابل عمل چیز بنا دیا۔اگر کوئی شخص صرف وضو یا صرف غسل یا صرف پانی کے مسائل سے واقف ہونا چاہے تو ہمارے فقہاء کی مہربانی سے اس کو کئی مہینے بلکہ کئی سال اسی ایک مسئلہ کی بحث و مطالعہ کرنے سے فرصت نہ ملے گی اور اس مطالعہ کے بعد بھی وہ شاید مشکل ہی سے کوئی ایک پختہ عقیدہ قائم کر سکے گا۔تمام فقہی مسائل پر کما حقہ عبور حاصل کرنا تو انسان کی ایک پوری زندگی میں کسی طرح ممکن ہی نہیں۔عمل کرنے، مومن کامل بننے اور قرآن مجید میں تدبر کرنے کی مہلت نکالنے کا تو موقع کہاں؟ (فقہی مسلک کی حقیقت صفحہ ۳۵۔۳۶)

یہ اس بیسویں صدی کے مورخ کے خیالات ہیں جو چوہدری رفیق صاحب نے ترجمانی کے لئے پیش کئے ہیں۔لیکن ہمیں ایسے گمراہ مورخ اور اس کی تاریخ سے کوئی دلچسپی نہیں جو اسلاف کے کردار کو مسخ کر دے۔

Marfat.com

حضرت مولانا عاشق الٰہی بلند شہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

''بہت سے لوگ ایسے ہیں جو علم دین اور علم دنیا دونوں سے بے بہرہ ہیں۔اور بہت سے لوگ ایسے ہیں جو علوم عصریہ (سائنس۔آرٹس وغیرہ) کے پیچھے دوڑ لگاتے ہیں۔اوران میں ماہر ہوکر بڑی بڑی نوکریاں بھی حاصل کر لیتے ہیں۔لیکن ایمان اوراس کے تقاضوں سے بالکل نابلد ہوتے ہیں۔ناواقفوں سے اسلام کی باتیں سنتے ہیں۔پھران پر اعتراض کرتے ہیں۔ایمانیات کو سمجھنے کے لئے ایک گھنٹہ بھی خرچ نہیں کرتے۔ایسے لوگوں کو دشمنان دین طرح طرح کی ملحدانہ باتیں سمجھا دیتے ہیں۔کوئی تو وحدتِ ادیان کا قائل ہے۔یعنی اپنی جہالت سے یہ سمجھتا ہے کہ تمام مذاہب کا مقصود ایک ہی ہے گو راستے الگ الگ ہیں۔اس لئے ان کے خیال میں جو مذہب بھی اختیار کر لے نجات پا جائے گا۔(العیاذ باللہ)

بہت سے لوگ عیسائیوں اور یہودیوں سے پی ایچ ڈی کی ڈگری لیتے ہیں اور ڈگری بھی اسلامیات کی ہوتی ہے۔جب یہ لوگ یورپ اور امریکہ ان ڈگریوں کے لئے جاتے ہیں تو دشمنان دین ان کو اسلام پر اعتراض سمجھا دیتے ہیں۔اسلامی عقائد کو ان کے دلوں میں مشکوک کر دیتے ہیں اور ان لوگوں نے ڈگریوں کے یہ دھندے نکالے ہی اس لئے ہیں کہ مسلم نوجوانوں کو اسلام کے بارے میں شک کرنے والا بنا دیں۔اوران کے ایمان کو ان کے دلوں سے کھرچ دیں۔بعض جاہل کہتے ہیں کہ فلاں چیز اسلام کے بنیادی عقیدوں میں سے نہیں ہے۔اس لئے اس کا منکر ہو جائے تو کافر نہ ہوگا۔یہ انکی جاہلانہ باتیں ہیں۔بنیادی اور بے بنیادی کا فرق ملحدوں نے سمجھایا ہے۔جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ پر اوراس کے رسولوں پر ایمان لے آیا تو اللہ اور رسول کی ہر بات ماننا ضروری ہو گیا اور اسلامی عقائد میں داخل ہو گیا۔بعض لوگ اپنی جہالت سے کہتے ہیں کہ فلاں چیز قرآن میں نہیں ہے۔اس لئے اس کا ماننا ضروری نہیں ہے۔یہ بھی ملحدوں اور زندیقوں نے چلائی ہے۔اگر صاف صاف تصریح کے ساتھ کوئی چیز قرآن میں نہ ہو۔لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائی ہو۔تب بھی اس پر ایمان لانا فرض ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا نبی ماننا اور آپ کی کسی بات کے

Marfat.com

مانے سے انکاری ہوگئے اور یہ بہانہ کردیا کہ قرآن میں نہیں ہے۔یہ بھی تو بے دینی کی بات ہے۔اور جب آپ کی کسی بات کے صحیح ہونے میں شک کرلیا تو پھر آپ کے رسول ہونے پر کہاں یقین رہا۔

نئے دور کے تعلیم یافتہ نوجوان کالجوں میں پڑھتے ہیں اور یہود ونصاریٰ سے اسلامیات کی ڈگری لیتے ہیں۔قرآن وحدیث میں واردشدہ بہت سی چیزوں میں شک کرتے ہیں۔یاان کاانکار کرتے ہیں اور خود کو مسلمان بھی سمجھتے ہیں۔جاہل رہتے ہوئے مسلمان رہتے تو کیا ہی اچھا ہوتا۔ایمان تو برقرار رہتا۔ایسے علم کا ناس ہو جو خدا اور رسول کی باتوں میں شک پیدا کرے۔ایمان سب سے زیادہ قیمتی چیز ہے۔اس کو ضائع نہ ہونے دو''۔

آگے جاکر موصوف اپنی کتاب فقہی مسلک کی حقیقت کے صفحہ نمبر ۴۶ پر لکھتے ہیں

''چاروں ائمہ مجتہدین کا علم۔تقوی۔بصیرت اور اجتہاد مسلم تھا۔انہوں نے راہ حق میں بڑی عزیمت واستقامت دکھائی۔ان کو لائق شاگرد ملے۔جنہوں نے ان کی فقہ پھیلانے میں بڑا حصہ لیا۔انہی اسباب سے ان کو امت مسلمہ کی اکثریت کا اعتماد اور قبول عام حاصل ہوا''

یہی چوہدری صاحب اپنی اس کتاب کے صفحہ ۴۸ پر امام ابوحنیفہؒ کے بارے میں لکھتے ہیں۔

۱۲۰ھ میں جب آپ کے استاد امام حمادؒ کا انتقال ہوا تو لوگوں نے امام ابوحنیفہؒ کو ان کا جانشین بنا دیا۔آپ اپنی وفات تک پورے تیس سال درس وتدریس اور افتاء (فتویٰ دینے) کا کام کرتے رہے اس عرصے میں آپ نے ساٹھ ہزار سے زیادہ قانونی مسائل کے جوابات دیئے اور جو آپ کی زندگی ہی میں الگ الگ عنوانات کے تحت رکھے گئے۔امام ابوحنیفہؒ کا ایک کارنامہ یہ بھی ہے کہ انہوں نے قریباً چالیس علماء پر مشتمل ایک علمی کونسل بنائی جس کے سربراہ آپ خود تھے۔اس علمی کونسل نے نوے ہزار فتاویٰ اور آراء مرتب کیں جو ساتھ ساتھ تمام ملک میں پھیلتی جاتی تھیں۔

چوہدری صاحب کی ائمہ کے بارے میں رائے ملاحظہ کرنے کے بعد ان کے مقلدین کے بارے میں رائے ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

موصوف اپنی کتاب کے صفحہ ۸۸ پر ''مقلدین'' کے عنوان سے گوہر فشانی کر رہے ہیں۔

''یہ وہ لوگ ہیں جو مجتہدین اور فقہاء کے اجتہادات کو ان کے دلائل سمجھے بغیر مانتے اور ان پر اندھا اعتماد کرتے ہیں.....ان کا کام صرف اپنے امام اور اپنے مسلک کی تقلید کرنا ہے اور بس۔ اگر ان کے سامنے ان کے امام کی رائے یا ان کے مسلک کے فتوے کے خلاف قرآن وسنت کی نصوص اور واضح احکام بھی پیش کر دیئے جائیں تو یہ لوگ ان کو بھی یہ کہہ کر رد کر دیتے ہیں کہ یہ تو ہمارے امام یا ہماری فقہ کے خلاف ہے۔ اور ہمارے امام قرآن وحدیث کو بخوبی جانتے تھے اور ہم سے بہتر جانتے تھے''

☆ اس میں کیا شک ہے کہ ہمارے ائمہ حضرات جن کے تقویٰ اور علم کے موصوف خود بھی معترف ہیں وہ قرآن وحدیث کو ہم سے اور خاص طور پر معترض سے زیادہ جاننے والے تھے۔

ائمہ مجتہدین کا زمانہ ائمہ حدیث اور ائمہ جرح وتعدیل سے پہلے کا ہے۔ ائمہ مجتہدین نے جن روایتوں سے استدلال کیا ان تک روایت پہنچنے کے واسطے میں کوئی ضعف نہیں تھا۔ بالخصوص امام ابوحنیفہؒ کے اساتذہ یا تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تھے یا تابعین اور تبع تابعین رحمہم اللہ۔ اور اب ان کے بعد کے زمانہ میں روایتوں کے واسطہ میں کوئی ضعیف راوی آ گیا ہو تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ روایت واقعتاً ضعیف ہے کیونکہ بعد کے ائمہ جرح وتعدیل کا قول متقدمین ائمہ مجتہدین پر حجت نہیں بن سکتا۔

امام ذہبی نے اپنی کتاب تذکرۃ الحفاظ میں مشہور محدث یزید بن ہارون رحمہ اللہ کا قول نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک ہزار شیوخ کا زمانہ پایا اور ان سے حدیث لکھی۔ میں نے پانچ شیوخ سے زیادہ بڑا فقیہ، متقی اور عالم کوئی نہیں دیکھا۔ اور ان پانچ میں پہلے نمبر پر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ ہیں۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی ولادت ۸۰ھ اور وفات ۱۵۰ھ ہے۔ اس لیے آپ کے شیوخ یا تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہیں یا تابعین رحمہم اللہ۔ ملا علی قاری رحمہ اللہ نے شرح مسند ابی حنیفہ میں لکھا ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ نے چار ہزار اساتذہ سے حدیث حاصل کی۔ اور ایسے

Marfat.com

اساتذہ وشیوخ امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ کو بھی میسر نہیں آئے۔اس سے امام ابوحنیفہؒ کی ثقاہت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

ملاعلی قاری رحمہ اللہ نے اپنے رسالہ ''مناقب الامام الاعظم'' میں لکھا ہے کہ ایک مجلس میں امام اعظم ابوحنیفہؒ اور امام اعمشؒ دونوں موجود تھے۔کسی نے مسئلہ پوچھا تو امام ابوحنیفہ نے جواب دیا۔اس پر امام اعمش نے کہا کہ آپ نے یہ مسئلہ کہاں سے نکالا۔امام اعظم ابوحنیفہؒ نے امام اعمش سے سنی ہوئی پانچ احادیث بمع سند بیان کردیں۔انہوں نے کہا کہ بس کافی ہے۔میں نے جو احادیث سو دن میں سنائی تھیں آپ نے ایک لمحہ میں سنادیں۔پھر فرمایا ''یامعشر الفقهاء انتم الاطباء ونحن الصيادلة وانت ايهاالرجل اخذت بكلاالطرفين''۔

اے فقہاء کی جماعت! تم اطباء (یعنی علاج جانتے ہو۔یعنی احادیث سے مسائل نکالنا جانتے ہو) اور ہم پنساری ہیں (جس کے پاس دواء کا خام مال ہوتا ہے۔یعنی مسائل نہیں نکال سکتے) اور تم اے جوان (امام ابوحنیفہؒ) دونوں کے جامع ہو۔

چوہدری صاحب اپنی کتاب کے صفحہ نمبر ۹۱ پر ''تقلید کی تعریف'' کے عنوان سے لکھتے ہیں کہ ''فقہاء کرام نے تقلید کی یہ تعریف کی ہے۔کہ کسی شخص کے قول یا رائے کو اس کی دلیل سمجھے بغیر اختیار کرلینا۔''

چوہدری صاحب نے چونکہ اپنے نام کے ساتھ ''مولانا'' کا سابقہ دھوکہ دینے کی خاطر لگایا ہے۔اگر انہوں نے باقاعدہ علم دین حاصل کیا ہوتا تو انہیں معلوم ہوتا کہ تقلید کی یہ تعریف نہیں بلکہ یہ سمجھتے ہوئے کہ ائمہ کرام کے پاس ان مسائل کے دلائل موجود تھے اس اعتماد پر ان کے قول کو اختیار کرنا تقلید ہے۔

چوہدری صاحب اپنی اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۹۵ پر لکھتے ہیں ''بعد میں جب فقہی مسالک وجود میں آگئے اور لوگوں نے ائمہ مجتہدین.....مثلاً امام ابوحنیفہؒ امام مالکؒ امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ وغیرہم کی تقلید کرنی شروع کردی تو یہ تقلید شخصی بھی جائز ہوئی اور آج بھی جائز ہے۔عام لوگوں کے فقہی مسائل میں ان اماموں کا مقلد ہونا کوئی عیب یا قابل ملامت چیز نہیں ہے بلکہ ایک درست

Marfat.com

جائز اور صحیح بات ہے۔ البتہ اندھی اور جامد تقلید منع ہے۔

آپ چوہدری صاحب کی پریشان خیالی اور انتشار ذہنی ملاحظہ فرما چکے۔ اسی فکری انتشار کے مزید مظاہر بھی ملاحظہ فرماتے چلیں۔ موصوف کبھی تقلید کو جائز قرار دیتے ہیں کبھی اس پر نشتر چلانا شروع کر دیتے ہیں۔

چوہدری صاحب اپنی اس کتاب کے صفحہ ۱۰۱ پر لکھتے ہیں کہ ایسے شخص کے لیے کسی قاضی امام یا فقہ کی رہبری واجب ہے کیونکہ جب اس نے اسے صحیح اور حق مان لیا تو اب اسے چاہیے کہ اپنے اعتقاد کے مطابق عمل کرے۔ اسے تقلید شخصی بھی کہا جاتا ہے۔ جس کی وضاحت یہ ہے کہ جیسے کوئی شخص حنفی مسلک رکھتا ہے تو اسے صرف حنفی فقہ کی پیروی کرنی چاہیے..... اگر ایک امام یا فقہ کی پیروی لازمی نہ ہو اور عام لوگوں کو کسی وقت کسی بھی امام یا فقہ کی پیروی کی اجازت دے دی جائے تو وہ اس کے نتیجے میں خواہش پرستی اور اتباع نفس میں مبتلا ہو جائیں گے۔ وہ جس امام یا فقہ کا آسان اور سہل مسئلہ دیکھیں گے اسے اختیار کرنے لگ جائیں گے۔ اس طرح وہ شریعت کی اتباع اور پیروی کی بجائے اپنے نفس کی پیروی کریں گے جو کہ ممنوع ہے"

اس تقلید شخصی کا تجزیہ کرتے ہوئے چوہدری صاحب صفحہ ۱۰۴ پر لکھتے ہیں۔ کہ جب ایک چیز کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے واجب اور ضروری قرار نہیں دیا تو کسی شخص کا اپنے لئے اس چیز کو ضروری اور واجب قرار دے لینا شریعت میں جائز نہیں..... دوسری دلیل میں پہلی کمزوری یہ ہے کہ دین میں یہ امر پسندیدہ ہے کہ جب جائز کاموں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنا پڑے تو جو اس میں سے آسان تر اور سہل تر ہو اسے اختیار کر لیا جائے۔..... مذکورہ دلیل میں دوسری کمزوری یہ ہے کہ جب ایک عام شخص دو مجتہدین یا فقہاء یا علماء میں سے کسی ایک کی رائے یا اجتہاد پر عمل کرتا ہے تو اسے خواہش پرستی کا نام کیوں دیا جائے؟ یہ خواہش پرستی کیسے ہو گئی۔ کیونکہ جب ایک عامی دو اماموں یا دو فقہاء میں سے کسی ایک کے اجتہاد یا رائے کو معلوم کر کے اپنی ضرورت یا مصلحت کے تحت اس پر عمل کر رہا ہے تو وہ کسی امام یا فقیہ ہی کی پیروی کر رہا ہے۔

Marfat.com

لیجئے چوہدری صاحب اپنے سابقہ ائمہ مودودی۔ اصلاحی اور غامدی کی طرح پھر بہک گئے اور چند سطور کے بعد ہی تقلید کی مخالفت اور مقلد کو مجتہد بنانے پر تل گئے ہیں۔ آخر بلی تھیلے سے باہر آ ہی گئی۔ موصوف اپنے امام اور پیشوا کے بارے میں اسی کتاب کے صفحہ ۱۱۹ پر لکھتے ہیں ''مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی مرحوم نے اس بارے میں اپنا مسلک یوں بیان کیا ہے۔ میرا مسلک یہ ہے کہ ایک صاحب علم کو براہ راست کتاب وسنت سے حکم صحیح معلوم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے اور اس تحقیق وتجسس میں علمائے سلف کی ماہرانہ آراء سے بھی مدد نہیں لینی چاہئے۔ نیز اختلافی مسائل میں اسے ہر تعصب سے پاک ہو کر کھلے دل سے تحقیق کرنی چاہیے کہ ائمہ مجتہدین میں سے کس کا اجتہاد کتاب وسنت سے زیادہ مطابقت رکھتا ہے۔ پھر جو چیز حق معلوم ہو اسی کی پیروی کرنی چاہیے۔ (بحوالہ رسائل ومسائل جلد اول صفحہ نمبر ۱۸۹)

چوہدری صاحب صفحہ نمبر ۱۲۵ پر لکھتے ہیں ''حنفی مسلک رکھنے والوں کے لیے بھی ضرورت کے وقت کسی دوسری فقہ کے مطابق فتویٰ دینے اور اس پر عمل کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ جیسا کہ فتاویٰ عالمگیریہ اور ردالمحتار وغیرہ میں اس کی صراحت موجود ہے۔''

سر پر دستار رکھنے سے اگر علم منتقل ہو جاتا تو اساتذہ اور مدارس کی ضرورت ہی ختم ہو جاتی۔ موصوف نے غیر استحقاقی مولانا (غیر استحقاقی اس لیے کہ چوہدری صاحب نے بریلوی حضرات سے سند حاصل کی جبکہ یہ شروع سے ان کے عقائد کے خلاف ہیں اور بریلوی حضرات اِن کے امام مودودی۔ اصلاحی وغیرہ کے خلاف ہیں) کی سند کے ساتھ شاید علم کے حلول کا عقیدہ اپنایا ہے۔ ورنہ عام طالبعلم کو بھی معلوم ہے کہ مذکورہ بالا اصول مفتیان دین کے لیے ہے نہ کہ عامی مقلد کے لیے۔ جیسا کہ خود عبارت میں تصریح موجود ہے۔

مجتہدین یا فقہاء کی رائے میں موازنہ تو ان سے زیادہ علم والا ہی کر سکتا ہے۔ ایک عام آدمی کے لیے کیسے ممکن ہے جسے اصول اور فروع کا علم ہی نہ ہو۔ نہ ہی اجتہاد وقیاس کی تعریف کا پتا ہو۔ نہ جسے قرآن وسنت کی تعریف آتی ہو۔ وہ کیسے فرق کرے گا کہ فلاں مسئلہ قرآن وسنت کے زیادہ قریب

Marfat.com

ہے۔بسا اوقات محقق سے بھی خطاء سرزد ہو جاتی ہے۔آج کے دور میں ایک جج کے سامنے قانون دانی کی سند حاصل کیے بغیر ایک عام آدمی کو بولنے کی اجازت نہیں۔چہ جائیکہ وہ مختلف قوانین کا موازنہ شروع کر دے۔امام بخاریؒ باوجود اتنے بڑے محدث ہونے کے امام شافعیؒ کے مقلد تھے ۔اور چوہدری صاحب قرآن وحدیث سے ناواقف ہونے کے باوجود ترک تقلید کے قائل ہیں۔

چوہدری صاحب نے اپنی کتاب فقہی مسلک کی حقیقت لکھنے کی غرض بیان کرتے ہوئے صفحہ 139 پر لکھا ہے ''بعض ائمہ مسالک نے اپنے اپنے حالات کے مطابق کچھ آراء دی تھیں جن کی اندھی تقلید میں ان کو مستقل سمجھ لیا گیا۔یا بعض اجتہادات ہی سرے سے قابل اعتراض تھے ان پر نظر ثانی کر کے ان میں ترمیم کرنے کی ہمت کسی نے نہیں کی۔''

اس کے بعد چوہدری صاحب نے چند ایسے مسائل درج کیے ہیں جن کے جوابات علماء دے چکے ہیں لیکن اصل اعتراض تو فقہ حنفی پر ہے۔مودودی صاحب رسائل ومسائل میں الٹے سیدھے اور فرضی مسائل بنا لیں اور اجتہاد کر لیں تو انہیں کوئی اعتراض نہیں۔جبکہ موصوف نے شروع کتاب میں مجتہد کی جو شرائط لکھی ہیں اس پر خود ان کے امام مودودی صاحب اور امین اصلاحی صاحب بھی پورے نہیں اترتے۔

چوہدری صاحب آگے صفحہ 147 پر لکھتے ہیں ''خلاصہ بحث یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی خاص فقہی مسلک کو اختیار کر لیتا ہے تو اس کے بعد اس کے لیے یہ بات ہرگز لازم نہیں ہو جاتی کہ اب وہ کسی صورت میں بھی اپنے مسلک کے خلاف کسی بھی مسئلے میں کسی اور فقہ پر عمل نہیں کر سکتا۔یہ پابندی نہ تو کتاب اللہ نے لگائی ہے نہ سنت نبویؐ نے اس کا کوئی حکم دیا ہے نہ صحابہ کرام کے تعامل سے اس کا کوئی ثبوت ملتا ہے نہ ائمہ مجتہدین نے ایسی کوئی رائے دی ہے اور نہ محقق علماء اور فقہاء نے ایسا کوئی فتویٰ جاری کیا ہے۔بلکہ جب بھی کسی شخص کو کسی معاملے میں اپنے مسلک پر چلنے میں تنگی مشقت اور دشواری کا سامنا ہو تو اس کے لیے کسی دوسری فقہ پر جس میں اس معاملے میں آسانی اور سہولت موجود ہو عمل کر لینا چاہیے۔ایسا کرنا بالکل جائز معقول، مسنون اور شریعت کے منشاء کے عین مطابق ہے''۔

Marfat.com

کسی خاص فقہی مسلک کو اختیار کرنے کا فقہاء اور علماء ہی تو کہہ رہے ہیں۔ اور اگر اس کے خلاف چلنا ہے تو پھر تقلید ہی کہاں۔

چوہدری صاحب اپنی پریشان خیالی اور انتشار ذہنی کی وجہ سے خود ہی بھول گئے کہ اپنی اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۹۵ اور ۱۰۱ پر اس کے خلاف لکھ چکے ہیں۔ جدیدیت کے بھوت اور مولویت کے خوف نے انہیں اتنا بوکھلا دیا ہے کہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ پہلے کیا لکھا تھا۔ آگے کیا لکھ رہے ہیں اور لکھنا کیا چاہتے ہیں۔ چوہدری صاحب اپنے تعصب کا اظہار صفحہ نمبر ۱۴۹ پر یوں کرتے ہیں ''اندھی اور جامد تقلید کے فتنے نے اہل اسلام میں بے شمار خرابیوں کو جنم دیا۔ اس فتنے کی وجہ سے امت مسلمہ کو نا قابل تلافی نقصان پہنچا۔ اس سے مسلمانوں کی وحدت پارہ پارہ ہوگئی۔ ان کی مرکزیت اور خلافت کا خاتمہ ہوگیا۔ ان میں باہم تعصب اور عناد پیدا ہوگیا۔ اکابر پرستی اور فرقہ پرستی کی لعنت کو فروغ حاصل ہوا۔ ان میں باہمی جنگ وجدال شروع ہوگیا۔ وہ ایک دوسرے کو گمراہ کہنے لگے۔ ان میں جاہل اور بے عمل علمائے سوء کی کثرت ہوگئی۔ جہالت اور گمراہی عام پھیل گئی قرآن وسنت سے دوری ہوگئی''۔

چوہدری صاحب کو اپنے ان Remarks کی موجودگی میں جامعہ نظامیہ سے لی ہوئی مولانا کی سند واپس کر دینی چاہیے کیونکہ جامعہ نظامیہ والے بھی امام اعظم ابوحنیفہؒ کے اندھے مقلد ہیں۔ اور ایسی تقلید کی موجودگی میں بقول چوہدری صاحب کے جہالت اور گمراہی پھیلتی ہے۔ چوہدری صاحب کو زیب نہیں دیتا کہ وہ جہالت اور گمراہی کی سند لیے پھریں۔

چوہدری صاحب بزعم خویش جاہل اور بے عمل علماء سوء جن کی وجہ سے جہالت اور گمراہی پھیلی ان کا ذکر فرماتے ہیں۔

صفحہ نمبر ۱۶۶ پر چوہدری صاحب لکھتے ہیں ہر فرقے کے کٹر متعصب غالی اور اندھی اور جامد تقلید کے مرض میں مبتلا مولویوں نے دوسروں کو کافر کہنا شروع کر دیا..... سر سید احمد خان پر بھی کفر کا فتویٰ لگایا گیا..... امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کو مولانا انور شاہ کشمیری نے اپنی عربی کتاب ''مشکلات القرآن'' میں گمراہ قرار دیا ہے۔ اور ان کی تفسیر ''ترجمان القرآن'' پڑھنے سے لوگوں کو منع فرمایا

Marfat.com

ہے.....مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی مرحوم جن کو 1953 کی تحریک ختم نبوت میں ایک فوجی عدالت نے پھانسی کی سزا سنائی تھی۔ جو ان 31 علماء کرام میں شامل تھے جنہوں نے اسلامی دستور کے لیے 22 نکات مرتب کیے تھے۔ اور جنہوں نے اسلام پر اپنی 75 سے زیادہ عمدہ تصانیف کے علاوہ شہرہ آفاق تفسیر ''تفہیم القرآن'' کے نام سے 6 جلدوں میں لکھی ہے اور نہ جانے کیا کیا کہا تھا۔ تبلیغی جماعت کی ایک بہت بڑی علمی و روحانی شخصیت حضرت مولانا شیخ الحدیث محمد زکریا مدنی مکی مرحوم نے جماعت اسلامی کے پہلے امیر مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کے خلاف فتنہ مودودیت کے نام سے کتاب لکھی تھی یہ کتاب آج بھی رائے ونڈ کے سالانہ تبلیغی اجتماعات کے موقع پر وہاں فروخت ہوتی ہے۔ شاید یہ بھی تبلیغ کے نبوی طریق کار اور اکرام مسلم کا تقاضا ہے کہ اپنے مذہبی حلقے سے باہر دین کا کام کرنے والوں کو ''فتنہ'' قرار دیا جائے اور خود صحیح اور ضعیف ہر قسم کی رطب و یابس روایات اکٹھی کر کے اپنے پیروکاروں کے ہاتھوں میں ایک ایسا عجمی اردو قرآن تھما دیا جائے۔ جس کی وہ دن رات تلاوت کرتے رہیں اور اللہ کی کتاب کے فہم سے ان کو غافل کر دیا جائے۔ پھر اس خود ساختہ ''وحی'' کا نام کبھی ''تبلیغی نصاب'' رکھا جائے اور کبھی ''فضائل اعمال''۔

چوہدری صاحب کی جہالت ملاحظہ فرمایئے کہ انہوں نے حضرت علامہ انور شاہ کاشمیری رحمہ اللہ کی طرف وہ بات منسوب کر دی جو انہوں نے نہیں کی۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ چوہدری صاحب قیامت تک یہ بات علامہ انور شاہ کاشمیریؒ کے حوالہ سے ثابت نہیں کر سکتے۔ یہ نتیجہ ہے علماء دشمنی اور بغض کی انتہاء کا۔ عقیدت ایسی ہونی چاہیے کہ عقیدہ خراب نہ ہو۔ چوہدری صاحب کو معلوم ہی نہیں کہ سرسید کے عقائد کیا تھے؟ یا وہ ان سے تغافل مجرمانہ برت رہے ہیں۔ مودودی صاحب نے صحابہ کرام کی شان میں گستاخی کو تاریخی واقعات کی اوٹ میں رکھ دیا۔ شنید ہے کہ چوہدری صاحب کے ممدوح مودودی صاحب نے تحریک ختم نبوت کے بارے میں معافی مانگ کر اپنی پھانسی کی سزا معاف کروالی تھی۔

مودودی صاحب کی اسلام پر تصانیف اور تفسیر ''تفہیم القرآن'' کے بارے میں حضرت مولانا سرفراز خان صفدر رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ ''مودودی صاحب نے اسلام کی بزرگ ترین

Marfat.com

ہستیوں مثلاً حضرات انبیاء کرام علیہم السلام۔ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور ائمہ دین رحمہم اللہ کو (معاذ اللہ) اپنی تنقید کا نشانہ بنایا۔ حضرت آدم۔ حضرت موسیٰ۔ حضرت داؤد۔ حضرت یونس اور حضرت ابراہیم علیہم السلام کے بارے میں انہوں نے جو نازیبا کلمات اور نظریات پیش کئے ہیں وہ ان کی مایہ ناز تفسیر ''تفہیم القرآن'' میں موجود ہیں۔ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بارے میں اپنے دیگر مضامین کے علاوہ ''خلافت وملوکیت'' میں جو کچھ کہا ہے حقیقت یہ ہے کہ شیعہ حضرات سلجھے ہوئے انداز میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہتے اور نہ کہہ سکتے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ شیعہ کی پوری جماعت پاکستان بھر میں سو سال تک حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے وہ اعتماد نہ اٹھا سکتی تھی جو تنہا مودودی صاحب نے خلافت وملوکیت میں اٹھا کر اپنے نفس پر ظلم کر ڈالا ہے تو بے جا نہ ہوگا''۔ (مودودی صاحب کا ایک غلط فتویٰ اور ان کے چند دیگر غلط نظریات۔ صفحہ ۳۔۴)

رہا چوہدری صاحب کا فتنہ مودودیت کا اعتراض جو حضرت مولانا زکریا کاندھلوی رحمہ اللہ کی طرف منسوب ہے۔ امت مسلمہ نے انہیں یونہی تو شیخ الحدیث کا لقب نہیں دیا تھا۔ قارئین کو چاہیے کہ مودودی صاحب کے بارے میں کتاب کا مطالعہ فرمالیں پھر انصاف کرلیں کہ یہ صاحب امت کے لئے فتنہ تھے یا نہیں۔

چوہدری صاحب کی علمی بے بضاعتی کو ملاحظہ فرمائیے کہ انہیں یہ ہی معلوم نہیں کہ فتنہ مودودیت اصالتاً کوئی کتاب نہیں تھی بلکہ یہ حضرت شیخ الحدیث کا ایک خط تھا جو بعد کے ناشرین نے کتاب کی صورت میں شائع کر دیا۔ اس میں حضرت شیخ الحدیث کا کیا قصور ہے؟۔ لیکن چوہدری صاحب کو معلوم ہونا چاہیے کہ ؎ زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو

کے تحت اس کتاب کا یہ نام بالکل صحیح ثابت ہوا۔ مودودی صاحب پر اتنا کچھ لکھا جا چکا ہے کہ اسے یہاں دوبارہ نقل کرنا وقت کا ضیاع ہے۔

چوہدری صاحب کے بغض کی انتہاء دیکھیے وہ اپنی کتاب کے اسی صفحہ پر چند سطر بعد لکھتے ہیں ''دیوبند کے شیخ العرب والعجم والعالمین مولانا حسین احمد مدنی نے نظریہ قومیت کے بارے میں اپنے ایک

Marfat.com

مضمون میں مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کو ''ٹٹ پونجیا'' کے لقب سے نوازا تھا۔اوراس پر کوئی شرم محسوس نہیں کی تھی۔انہی مدنی صاحب مرحوم کے ایک شاگرد رشید مولانا غلام غوث ہزاروی ہوا کرتے تھے جو مولانا مودودی کو ''منشی مودودی'' کہتے تھے۔عام مذہبی جلسوں میں ان کو گمراہ کہتے۔ ان پر جھوٹے الزامات لگاتے اوران پر سب وشتم کیا کرتے تھے''۔

چوہدری صاحب کی جہالت ملاحظہ فرمایئے کہ انہوں نے مولانا غلام غوث ہزارویؒ کو حضرت مدنی رحمہ اللہ کا شاگرد بنادیا حالانکہ ان کا حضرت مدنیؒ سے تلمذ نہیں ہے۔بلکہ وہ حضرت مولانا انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ اور حضرت مفتی کفایت اللہ دہلوی رحمہ اللہ کے شاگرد ہیں۔

چوہدری صاحب اگر موچی گیٹ لاہور کے جلسوں میں شامل رہے ہوتے تو ''ٹٹ پونجیے'' کی اصطلاح سمجھ آجاتی۔مولانا ہزاروی کہتے تھے کہ مودودی میرے سامنے عربی کتاب کا ایک صفحہ بھی بغیر غلطی کئے نہیں پڑھ سکتا۔لہٰذا علم کے اعتبار سے ٹٹ پونجیے ہی تھے۔

چوہدری صاحب ہی اپنے امام مودودی کے بارے میں بتائیں کہ کس مدرسہ میں کب داخلہ لیا اور کہاں سے فراغت حاصل کی۔

چوہدری نیاز علی پولیس آفیسر نے پٹھانکوٹ میں ایک جگہ وقف کی جہاں ادارہ دارالاسلام بنایا گیا۔ اس میں محمد اسد نامی صاحب بھی تھے جنہوں نے انگریزی ترجمہ قرآن کیا۔وہاں مودودی صاحب کو بطور جرنلسٹ لکھا گیا تھا۔اس لئے انہیں منشی کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔

مودودی صاحب کا مزید تعارف حضرت بنوری رحمہ اللہ کے حوالہ سے اسی کتاب کے صفحہ 73 پر مودودی صاحب کے باب میں ملاحظہ فرمائیں۔

چوہدری صاحب نے اپنی کتاب ''فقہی مسلک کی حقیقت'' کے صفحہ 180 پر آج تک لکھے جانے والے تمام فتاویٰ کو غلط قرار دیا ہے کیونکہ متقدمین میں سے کسی کا طریقہ بھی ان کے طریقہ کے مطابق نہیں۔ملاحظہ کیجئے۔لکھتے ہیں:

''ہمارے ملک پاکستان کے ہر شہر کے دینی مدارس میں دارالافتاء موجود ہیں جہاں روزانہ سینکڑوں

Marfat.com

سوالات اور استفتاء آتے ہیں جن کے جوابات اور فتوے لکھے جاتے ہیں۔ان فتووں کی عبارتوں میں شاذ و نادر ہی قرآن کی کسی آیت یا حدیث نبوی کا حوالہ ہوتا ہے۔عام طور پر اپنے مسلک کی چند فقہی کتابیں مثلاً قدوری، ہدایہ، قاضی خان، عالمگیری اور شامی وغیرہ کا حوالہ دے کر فتویٰ لکھ دیا جاتا ہے کہ کذا فی الھدایہ و کذا فی الشامی۔کیونکہ اب ان کتابوں کو قرآن وحدیث کا مقام و مرتبہ حاصل ہو چکا ہے۔فتویٰ لکھنے کے مذکورہ طریقے کو بھی اندھی اور جامد تقلید کا نتیجہ قرار دیا جا سکتا ہے۔"

افسوس چوہدری صاحب خود بھی اسی اندھی اور جامد تقلید کے جال میں پھنس کر انہی حضرات سے اپنے مولانا ہونے کھوکھلی کی تصدیق کروا چکے ہیں۔اگرچہ یہ صرف لوگوں کو دھوکہ دینے کے لیے ہی تھی۔ کیا موصوف کی غیر مقلدیت اور جدیدیت کے اصول یہاں ہوا ہو گئے۔دنیا کو دکھانے کے لئے جو کاغذی سند حاصل کی ہے اس میں انہی حضرات کو اپنا استاد اور ممتحن بھی مانا ہے۔

چوہدری صاحب اپنی جہالت اور گمراہی کے آئینے میں مسلمانوں کے لیے کیا دیکھ رہے ہیں انہی کی کتاب کے صفحہ 186 پر ملاحظہ ہو۔"اندھی اور جامد تقلید کے نتیجے میں عام مسلمانوں میں جہالت اور گمراہی کثرت سے پھیل گئی۔چونکہ سارا دارومدار کسی خاص امام کی پیروی اور کسی مخصوص فقہ کی کتابوں پر تھا۔اس لیے قدرتی طور پر لوگوں کی توجہ قرآن وسنت سے ہٹنے لگی۔ان کے دلوں میں کتاب وسنت کی اہمیت کم ہوتی چلی گئی اور اس طرح قرآن وسنت سے دوری پیدا ہو گئی۔جو مسلمانوں کے زوال کا سبب بنی۔ظاہر ہے جہاں قرآن وحدیث سے دوری ہو گی وہاں جہالت اور گمراہی نہیں آئے گی تو اور کیا آئے گا"۔

ان کور چشموں کی چیرہ دستیوں پر ماتم کرنے کو جی چاہتا ہے۔یوں لگتا ہے کہ انہوں نے فقہ کی کسی کتاب کو ہاتھ بھی نہیں لگایا۔صرف سنی سنائی باتوں کو اندھا دھند نقل کرتے چلے جاتے ہیں۔کاش چوہدری صاحب صرف ہدایہ ہی کو چشم بصیرت سے پڑھ لیتے تو معلوم ہو جاتا کہ صاحب ہدایہ پہلے قرآن وحدیث پیش کرتے ہیں پھر عقلی دلیل دیتے ہیں۔جس سے فطری طور پر قرآن وسنت سے لگاؤ پیدا ہوتا ہے نہ کہ بے توجہی۔

Marfat.com

چوہدری صاحب اپنی جہالت ثابت کرنے کے لیے چند سطور آگے لکھتے ہیں۔

''خود ہمارے علماء کا طبقہ بھی ان اثرات بد سے محفوظ نہ رہ سکا۔اس کا کچھ اندازہ آپ مروجہ دینی نصاب ''درس نظامی'' پر ایک نظر ڈالنے سے بھی کر سکتے ہیں۔اہل علم سے یہ بات مخفی نہیں کہ اس آٹھ دس سالہ مذہبی کورس میں سب سے کم دورانیہ۔سب سے کم توجہ اور سب سے کم اہمیت قرآن وحدیث کو دی گئی ہے۔سارا زور فقہ، منطق، فلسفے اور صرف ونحو پر ہے۔یہی وجہ ہے کہ ایسے ماحول اور ایسی ذہنی فضا میں تیار ہو کر فارغ التحصیل ہونے والے علماء جب افتاء کی مسند پر بیٹھتے ہیں تو وہ مسائل اور استفتاء کے جواب میں قرآن وحدیث کے حوالے کہاں سے دیں گے؟ ان کا سارا سرمایہ اور پونجی تو اپنی فقہ کی وہ چند کتب ہیں۔جن کی عبارتیں نقل کر کے اسلامی شریعت کی ترجمانی کر دی جاتی ہے''۔

چوہدری صاحب نے سب کچھ معلوم ہونے کے بعد ان اثرات بد کو صرف اپنی ظاہری شہرت کے لیے قبول کیا تا کہ لوگ دھوکہ سے ان کی کتابیں خرید کر گمراہ ہو سکیں۔باقی رہا ان کی علمیت یا جہالت کا گراف تو وہ کسی مدرسہ کے ابتدائی طالب علم کے سامنے بیٹھ کر موصوف خود تیار کر سکتے ہیں۔جس سے انہیں بخوبی علم ہو جائے گا کہ جدیدیت کی اس راہ میں اسلاف کے طریقے سے انحراف کا نتیجہ دنیا وآخرت میں رسوائی کے علاوہ اور کیا ہو سکتا ہے۔ایک عام مستفتی کو بھلا کیسے معلوم ہوگا کہ قرآن کی آیت کے اشارۃ النص یا عبارۃ النص سے کیا ثابت ہو رہا ہے۔ایسے ہی حدیث کے راویوں کی جرح وتعدیل اسماء الرجال کی کتب میں کہاں تلاش کرتا پھرے گا۔

چوہدری صاحب نے ایک اعتراض مدارس کے نصاب پر کیا ہے۔کافی عرصہ سے متجددین بھی یہی اعتراض کر رہے ہیں۔جو بالکل درست نہیں۔کیونکہ درس نظامی میں پہلے سال کے علاوہ تمام سالوں میں حدیث کی کوئی نہ کوئی کتاب پڑھائی جاتی ہے۔

ثانیہ میں زاد الطالبین۔ثالثہ اور رابعہ میں ریاض الصالحین۔خامسہ میں آثار السنن۔سادسہ میں مسند الامام الاعظم۔سابعہ میں مشکوٰۃ المصابیح۔اور آخری سال میں صحاح ستہ۔موطین۔اور شرح معانی الآثار پڑھائی جاتی ہیں۔نیز قرآن وحدیث کو سمجھنے کے لئے جن علوم کی ضرورت ہے بتدریج

Marfat.com

ان میں مہارت پیدا کروائی جاتی ہے۔(اس کی تفصیل صفحہ۔۔۔۔۔پر موجود ہے)
اس کے بعد اب کوئی کور چشم ہی یہ اعتراض کر سکتا ہے کہ درس نظامی میں سب سے کم توجہ حدیث پر دی جاتی ہے۔

## ☆ تلفیق

چوہدری صاحب فقہی مسلک کی حقیقت کے صفحہ 147 پر لکھتے ہیں۔ ''خلاصہ بحث یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی خاص مسلک کو اختیار کر لیتا ہے تو اس کے بعد اس کے لیے یہ بات ہرگز لازم نہیں ہو جاتی کہ اب وہ کسی صورت میں بھی اپنے مسلک کے خلاف کسی بھی مسئلے میں کسی اور فقہ پر عمل نہیں کر سکتا۔ یہ پابندی نہ تو کتاب اللہ نے لگائی ہے اور نہ سنت نبوی نے اس کا کوئی حکم دیا ہے۔ نہ صحابہ کے تعامل سے اس کا کوئی ثبوت ملتا ہے۔ نہ ائمہ مجتہدین نے ایسی کوئی رائے دی ہے۔ نہ محقق علماء اور فقہاء نے ایسا کوئی فتویٰ جاری کیا ہے۔ بلکہ جب بھی کسی معاملے میں اپنے مسلک پر چلنے میں تنگی۔ مشقت اور دشواری کا سامنا ہو تو اس کے لیے کسی دوسری فقہ پر جس میں اس معاملے میں آسانی اور سہولت موجود ہو عمل کر لینا چاہیے۔ ایسا کرنا بالکل جائز۔ معقول۔ مسنون اور شریعت کے منشاء کے عین مطابق ہے۔ اصطلاح میں اسے تلفیق کہتے ہیں۔ اور ہر فقہی مسلک کے تمام بڑے بڑے فقہاء اور مجتہدین نے اس کی اجازت دی ہے''۔

چوہدری صاحب اسی کتاب کے صفحہ 124 پر لکھتے ہیں۔ ''تلفیق کے معنیٰ ''دو چیزوں کو ملانے'' کے ہیں۔ فقہی اصطلاح میں تلفیق کا مطلب یہ ہے کہ کسی اجتہادی مسئلے میں کسی مقلد کا اپنی فقہ چھوڑ کر دوسری فقہ کے مسئلہ کو اختیار کرنا تلفیق کہلاتا ہے۔ اور اسے انتقال مذہب بھی کہا جاتا ہے''۔

چوہدری صاحب اپنی کتاب کے اسی صفحہ پر لکھتے ہیں۔ ''جمہور فقہاء کرام نے ضرورت اور حاجت کے تحت کسی تنگی اور دشواری سے بچنے کی خاطر کسی دوسرت مسلک کے مسئلے یا کسی دوسرے امام کی رائے پر عمل کرنے کی اجازت دی ہے''۔

چوہدری صاحب اپنی کتاب کے اگلے صفحہ 125 پر لکھتے ہیں۔ ''فقہ حنفی کی مستند کتابوں میں تلفیق

Marfat.com

کو جائز قرار دیا گیا ہے اور حنفی مسلک رکھنے والوں کے لیے بھی ضرورت کے وقت کسی دوسری فقہ کے مطابق فتویٰ دینے اور اس پر عمل کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ جیسا کہ ''فتاویٰ عالمگیریہ'' اور ''ردالمحتار'' وغیرہ میں صراحت موجود ہے''۔

چوہدری صاحب فقہی مسلک کی حقیقت کے صفحہ 136 پر لکھتے ہیں کہ ''اس سے معلوم ہوا کہ عام آدمی کے لیے یہ پابندی نہیں کہ وہ ضرور کسی ایک فقہ کے مسئلے کی پابندی کرے''۔ آگے حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کی کتاب الاقتصاد فی التقلید والاجتہاد صفحہ 1 8 اور حضرت مولانا مفتی تقی عثمانی دامت فیوضہم کی کتاب تقلید کی شرعی حیثیت صفحہ 140-141 کا حوالہ دیا ہے کہ ان حضرات کے نزدیک بھی بعض حالات میں دوسری فقہ کا مسئلہ سخت ضرورت کے تحت لیا جاسکتا ہے۔

ہم اسے چوہدری صاحب کے حسن فہم پر قیاس کریں یا دیانت کشی پر محمول کریں انہوں نے یہ بتانا گوارہ نہیں کیا کہ یہ صرف مفتیان اور فقہاء کے لیے ہے نہ کہ عام مقلد کے لیے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں۔ ''ووجهه (أی وجه وجوب التقليد لمعين) انه لو جاز اتباع أی مذهب شاء لأفضى الى ان يلتقط رخص المذاهب۔ متبعا هواه۔ ويتخير بين التحليل والتحريم۔ والوجوب والجواز۔.....الخ''۔ (المجموع شرح المهذب۔ جلد ا۔ صفحہ ۵۵) یعنی کسی معین امام کی تقلید کے وجوب کی وجہ یہ ہے کہ اگر عام آدمی کو جس مذہب کی چاہے اتباع جائز ہو تو یہ ایسے شخص کے لیے اپنی خواہش نفس کی اتباع میں مختلف مذاہب کی رخصتیں تلاش کر کے ان پر عمل کرنے کا ذریعہ ہوگا۔ اور اسے حلال وحرام۔ وجوب وجواز کے درمیان اختیار ہوگا۔ اور یہ چیز شریعت کے بجائے نفس کی حاکمیت ماننے کا ذریعہ ہوگی۔ اس بناء پر اسے کسی ایک متعین امام کی تقلید لازم ہے۔

امام ابن تیمیہؒ کہتے ہیں۔ ''فی وقت يقلدون من يفسد النكاح وفی وقت يقلدون من يصح بحسب الغرض والهوىٰ۔ ومثل هذا لا يجوز باتفاق الائمة''۔

Marfat.com

یعنی اگر تقلید کو ضروری قرار نہ دیا جائے تو لوگ کبھی اپنی غرض وخواہش نفس کے مطابق اس کی تقلید کریں گے جو نکاح کو فاسد قرار دے ۔اور کبھی اس کی تقلید کریں گے جو اسے صحیح قرار دے اور یہ طریقہ ائمہ کے نزدیک بالاتفاق ناجائز ہے۔

علامہ ابن عابدین شامیؒ ردالمحتار جلد۴ صفحہ ۸۰ پر ایک واقعہ لکھا ہے کہ ایک شخص نے ایک محدث کے ہاں لڑکی کے لئے پیغام بھیجا۔محدث نے کہا کہ اس شرط پر لڑکی دیتا ہوں کہ رفع الیدین اور آمین بالجہر کروگے ۔اس نے شرط منظور کرلی اور نکاح ہوگیا۔جب یہ واقعہ ایک دوسرے عالم کو بتایا گیا تو انہوں نے افسوس سے تھوڑی دیر سر جھکانے کے بعد فرمایا کہ مجھے موت کے وقت اس شخص کا ایمان جاتے رہنے کا خطرہ ہے۔کیونکہ جس چیز کو وہ دین اور سنت سمجھ کر کر رہا تھا اسے کسی دلیل کے بغیر محض ایک دنیاوی چیز کے حصول کے لیے چھوڑ دیا۔

چوہدری صاحب اپنی اسی کتاب کے صفحہ 137 پر اپنے امام مودودی صاحب کا مسلک تحریر فرماتے ہیں۔''میرا مسلک یہ ہے کہ ایک صاحب علم آدمی کو براہ راست کتاب وسنت سے حکم صحیح معلوم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے اور اس تحقیق وتجسس میں علماء سلف کی ماہرانہ آراء سے بھی مدد لینی چاہیے۔نیز اختلافی مسائل میں اسے ہر تعصب سے پاک ہوکر کھلے دل سے تحقیق کرنی چاہیے کہ ائمہ مجتہدین میں سے کس کا اجتہاد کتاب وسنت سے زیادہ مطابقت رکھتا ہے۔پھر جو چیز حق معلوم ہو اس کی پیروی کرنی چاہیے''۔(بحوالہ رسائل ومسائل مولانا مودودی جلد اول صفحہ 189)

''میرے نزدیک ایک مذہب فقہی سے دوسرے مذہب فقہی میں انتقال صرف اس صورت میں گناہ ہے جب کہ یہ فعل خواہش نفس کی بناء پر ہو نہ کہ تحقیق کی بناء پر''۔(بحوالہ رسائل ومسائل صفحہ 244)

چوہدری صاحب فقہی مسلک کی حقیقت میں تقلید کے خلاف ہی زہر اگلتے رہے ہیں۔لیکن صفحہ 185 پر اکابرین امت کے بارے میں اپنا بغض یوں نکال رہے ہیں کہ حضرت شیخ الہند بھی تقلید کی لپیٹ میں آگئے۔مفتی شفیع صاحب تقلید جامد اور اکابر پرستی کے برے اثرات سے نہ بچ سکے۔مفتی تقی عثمانی صاحب بھی تقلید جامد سے بچ سکے۔

Marfat.com

چوہدری صاحب نے تقلید جامد کی بیڑیاں توڑنے والوں میں مفتی تقی عثمانی صاحب کا ذکر بھی کیا ہے اوراب ان کے پیچھے ہاتھ دھوکر پڑ گئے ہیں کہ وہ بھی تقلید جامد سے متاثر ہیں۔ اگر وہ تقلید جامد سے روکتے ہیں تو وہ کیسے اس کے اثرات سے متاثر ہو گئے۔ شاید تقلید جامد کے بھوت نے چوہدری صاحب کو زیادہ ہی حواس باختہ کر دیا ہے کہ انہیں کچھ سوجھ ہی نہیں رہا۔

؎ بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

## ☆ طلاق

چوہدری صاحب کو بھی اپنے جدیدیت زدہ اسلاف کی طرح مسلمانوں کے متفقہ فقہی مسائل کو اجماع کے خلاف بیان کرنے کا شوق چرایا ہے۔

چنانچہ اپنی اسی کتاب کے صفحہ 205 پر لکھتے ہیں ''ائمہ اربعہ سے جن فقہی مسائل میں اختلاف کیا گیا ہے۔ ان میں سے ایک مسئلہ ایک مجلس میں تین طلاقیں دینے کا مسئلہ ہے۔ ائمہ اربعہ کے نزدیک اگر کوئی شوہر اپنی بیوی کو ایک ہی مجلس میں تین بار یہ الفاظ کہہ دے کہ تجھے طلاق۔ طلاق۔ طلاق تو اس سے عورت پر تین طلاقیں پڑ جاتی ہیں۔ جس کے بعد وہ بیوی اس شوہر کے لیے حلال نہیں رہی۔ لیکن اہل ظاہر کے فقہاء و مجتہدین اور محدثین کی ایک جماعت (اہل حدیث) کے نزدیک ایسا کہنے سے اس عورت پر صرف ایک طلاق۔ طلاق رجعی واقع ہوگی اور خاوند کو بعد میں رجوع کا حق حاصل رہے گا'' (موصوف کے نزدیک اہل ظاہر کے فقہاء و مجتہدین سے مراد ابن حزم ظاہری۔ ابن تیمیہ۔ ابن قیم اور شوکانی وغیرہ ہیں۔ جس کا ذکر وہ گذشتہ صفحہ پر کر چکے ہیں)

ایک مجلس میں تین طلاق کے بارے میں چودہ صدیوں سے جو بات تواتر سے چلی آ رہی ہے وہ یہی ہے کہ تین طلاقیں تین ہو نگیں۔ حتی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی یہی حکم صادر فرمایا۔ اب موصوف اسے رجعی قرار دے کر لوگوں کو زنا کا مرتکب کیوں کرتے ہیں۔ کیا موصوف صحابی کو حجت نہیں مانتے۔ جبکہ سعودی عرب کی مجلس تحقیق نے کئی سو صفحات پر فتویٰ شائع کیا تھا کہ ایک مجلس میں ایک لفظ سے دی گئی تین طلاق۔ تین ہی شمار ہو نگیں۔ یہ فتویٰ عربی زبان میں خیر الفتاوی میں چھپ

Marfat.com

چکا ہے۔اس مسئلہ کی تفصیل اسی کتاب میں طلاق ثلاثہ کے عنوان سے صفحہ 353 پر ملاحظہ فرمالیں۔

## ☆تفصیل مسئلہ تملیک زکوٰۃ

چوہدری صاحب نے اپنے پیش رو مودودی صاحب کا ذکر کیا ہے کہ وہ زکوٰۃ میں تملیک کی شرط نہیں مانتے تھے اسی طرح ان کے دوسرے روحانی استاد امین احسن اصلاحی صاحب بھی تدبر القرآن میں سورۃ توبہ کی آیت نمبر 60 کے تحت زکوٰۃ کی تملیک کی شرط کے خلاف ہیں۔

جماعت اسلامی کے سابقہ امیر امین احسن اصلاحی صاحب نے ''ترجمان القرآن'' ذی الحجہ 1374 صفحہ نمبر 98 -399 پر بڑی شدومد سے ثابت کرتے ہیں کہ زکوٰۃ کی تملیک کی شرط فقہاء کی اختراع ہے جس کے لیے کوئی نص شرعی موجود نہیں۔مودودی صاحب اور اصلاحی صاحب اور ان کے پیروکاروں کے اعتراضات کا مدلل جواب ندوۃ العلماء کے مولانا عتیق قاسمی صاحب کی کتاب زکوٰۃ اور مسئلہ تملیک میں تفصیل موجود ہے۔جس میں مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ مفتی اعظم پاکستان کا رسالہ بھی شامل ہے۔

دور نبوت سے لے کر آج تک زکوٰۃ فقراء ومساکین میں تقسیم کی جاتی ہے۔انہیں مال زکوٰۃ کا مالک بنادیا جاتا ہے۔اسی کا نام فقہاء کے نزدیک ''تملیک فقیر'' ہے جسے تمام مسالک کے فقہاء نے ادائیگی زکوٰۃ کے لیے رکن یا شرط قرار دیا ہے۔علامہ علاءالدین ابوبکر بن مسعود کاسانی حنفی متوفی 578ھ بدائع الصنائع صفحہ نمبر 29 ج2 میں لکھتے ہیں۔

''زکوٰۃ کا رکن یہ ہے کہ نصاب کا ایک حصہ نکال کر اللہ کے حوالہ کیا جائے اس طور سے کہ مال کا مالک فقیر یا اس کے نائب یعنی عاملِ صدقہ کی ملکیت اور قبضہ میں وہ مال دے کر اس مال سے بالکل دست کش ہوجائے۔فقیر کی ملکیت اللہ کی جانب سے ہوتی ہے۔اور فقیر کو مالک بنانے اور فقیر کے حوالہ کرنے میں صاحب مال اللہ تعالیٰ کا نائب ہے۔اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے'' کیا لوگوں کو معلوم نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔اور وہی صدقات لیتا ہے۔.....

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔زکوٰۃ فقیر کی ہتھیلی میں جانے سے پہلے رحمٰن کے ہاتھ

Marfat.com

میں جاتی ہے۔.....اللہ تعالیٰ نے مالکین اموال کو ایتاءِ زکوٰۃ کا حکم دیا ہے۔ارشاد ہے آتوا الزکوٰۃ (اور زکوٰۃ دو) اور ایتاء (دینا) مالک بنانا (تملیک ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے انما الصدقات للفقراء" والی آیت میں زکوٰۃ کو "صدقہ" کا نام دیا ہے اور صدقہ کرنا مالک بنانا ہے..... اور اس لیے کہ زکوٰۃ ہماری اصل کو کلیتہً اللہ کے لیے کر دینا۔زکوٰۃ میں یہ صورت اسی وقت پیدا ہوتی ہے جب فقیر کے حوالہ کرنے بعد زکوٰۃ کے بہ قدر مال کی نسبت زکوٰۃ بندہ سے کلیتہً منقطع ہو جائے اور وہ خالص اللہ کے لیے ہو جائے۔زکوٰۃ میں قربت کا مفہوم ان کی ملکیت ختم کر کے اللہ کی طرف اس مال کے نکالنے میں ہے نہ کہ فقیر کو مالک بنانے میں۔ بلکہ فقیر کو مالک بنانا دراصل اللہ کو مالک بنانا دراصل اللہ کی جانب سے ہے اور صاحب مال اللہ تعالیٰ کی جانب سے نائب ہے"

فقہاء شافعیہ کے شیخ ابواسحاق شیرازی "المھذب صفحہ 231 جلد 1 میں لکھتے ہیں۔

"تمام صدقات کو آٹھ اصناف پر صرف کرنا واجب ہے.....اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے انما الصدقات للفقراء .....اس آیت میں تمام صدقات کی اضافت لام تملیک کے ذریعہ ان آٹھ اصناف کی طرف کی گئی ہے اور شرکت پر دلالت کرنے والے "واو" کے ذریعہ انہیں شریک بنایا گیا ہے۔اس سے معلوم ہوا کہ زکوٰۃ ان آٹھ اصناف کی ملکیت اور ان کے درمیان مشترک ہے۔

امام نووی شافعیؒ متوفی 676ھ المجموع شرح المھذب صفحہ 146 ج 6 طبع جدہ "فی الرقاب" کے بارے میں لکھتے ہیں۔

"امام شافعی اور ان کے شاگردوں نے فرمایا "فی الرقاب" کا حصہ مکاتب غلاموں پر خرچ کیا جائے گا۔یہی ہمارا مذہب ہے اور اکثر علماء اسی کے قائل ہیں..... ہمارے فقہاء نے اس طرح استدلال کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا قول (فی الرقاب) اللہ تعالیٰ کے قول (فی سبیل اللہ) کی طرح ہے اور (و فی سبیل اللہ) میں مجاہدین کو دینا واجب ہے اسی طرح یہاں (رقاب) کو دینا واجب ہوگا۔جو لوگ کہتے ہیں کہ اس حصہ سے غلام خرید لیے جائیں تو یہ تو غلاموں کو دینا ہوا، بلکہ ان کے مالکوں کو دینا ہوا نیز تمام اصناف میں ضروری ہے کہ (سہم) حصہ مستحق کے حوالہ کر دیا جائے اور اسے

Marfat.com

مالک بنادیا جائے۔لہذا یہاں بھی اسی طرح ہونا چاہیے کیونکہ شریعت نے ''رقاب'' کے لیے ایسی قید نہیں لگائی ہے جو دوسرے مصارف سے مختلف ہو''۔

شمس الدین مقدسی حنبلی (محمد بن مفلح متوفی 763ھ) کتاب الفروع صفحہ 619 ج2 میں لکھتے ہیں ''زکوٰۃ نکالنے میں یہ شرط ہے کہ جسے زکوٰۃ دی جائے اسے مالک بنادیا جائے۔لہذا یہ جائز نہ ہوگا کہ زکوٰۃ سے فقراء ومساکین کو صبح وشام کھانا کھلا دیا جائے۔زکوٰۃ سے میت کے اس قرض کی ادائیگی نہیں کی جائے گی جو قرض اپنی یا دوسرے کی مصلحت کے لیے میت نے (اپنی زندگی میں لیا ہو) یہ بات ابوعبید اور ابن عبدالبر نے نقل کی ہے۔کیونکہ میت میں صدقہ قبول کرنے کی اہلیت نہیں ہے۔ اسی طرح زکوٰۃ سے میت کی تکفین جائز نہیں ہے۔

ابن مفلح نے کتاب الفروع صفحہ 570 جلد 2 میں لکھا ہے کہ فقیر کے مالک ہونے اور زکوٰۃ کی ادائیگی کے لیے یہ شرط ہے کہ فقیر اس پر قبضہ کرلے۔قبضہ کرنے سے پہلے اس مال میں فقیر کا تصرف صحیح نہیں ہے۔

علامہ بہوتی حنبلی (منصور بن یونس ادریس متوفی 1046ھ) کشاف القناع عن متن الاقناع صفحہ 268-269 جلد 2 پر لکھتے ہیں زکوٰۃ پر فقیر کی ملکیت کے لیے اور صاحب مال کی زکوٰۃ ادا ہونے کے لیے اس پر فقیر کا قبضہ کرنا شرط ہے لہذا زکوٰۃ کے مال سے فقراء کو صبح وشام کا کھانا کھلا دینا کافی نہیں ہے۔کیونکہ یہ ''ایتاء'' (دینا) نہیں ہے۔اور نہ ہی زکوٰۃ سے کسی میت کا قرض ادا کیا جائے گا۔خواہ میت نے اپنی مصلحت کے لیے وہ قرض لیا ہو یا دوسروں کی مصلحت کے لیے۔یہ بات ابوعبید اور ابن عبدالبر نے اجماع کی صورت میں نقل کی ہے۔کیونکہ میت میں زکوٰۃ قبول کرنے کی اہلیت نہیں ہے۔جس طرح اگر صاحب مال زکوٰۃ سے میت کی تکفین کرے تو زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی ..... فقیر اور دوسرے مستحقین زکوٰۃ کا مال زکوٰۃ میں اس پر قبضہ کرنے سے پہلے تصرف صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ مستحقین زکوٰۃ قبضہ کرنے کے بعد ہی مال زکوٰۃ کے مالک بنتے ہیں۔

علامہ احمد بن محمد منصور اسکندری مالکیؒ (متوفی) 683ھ) معروف بہ ابن المنیر اپنی تصنیف

Marfat.com

الا نتصاف من الاکشاف (حاشیہ تفسیر کشاف) صفحہ 158-159 جلد دوم میں آخری چار مصارف زکوٰۃ پر ''لام'' کے بجائے (فی) داخل کرنے کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں ''پھر یہاں ایک اور راز ہے وہ زیادہ قوی اور قابل قبول ہے وہ یہ ہے کہ پہلے چار اصناف اس مال کے مالک بن جاتے ہیں جو انہیں دیا جاتا ہے۔ یہ لوگ مالکانہ طور پر اس مال کو لیتے ہیں اور آخر کے چار اصناف دیئے ہوئے مال کے پورے طور پر مالک نہیں ہوتے بلکہ وہ مال ان پر صرف کئے جانے کے بجائے ان سے وابستہ چند مصالح میں صرف کیا جاتا ہے۔

## ☆ بلا وضو قرآن چھونا

☆ جناب چوہدری صاحب اپنی اسی کتاب کے صفحہ 210 پر قرآن کو بغیر وضو چھونے سے متعلق بغیر کسی قرآن وحدیث کے حوالہ کے فتویٰ دے رہے ہیں جبکہ دوسروں کے فتویٰ میں قرآن و حدیث کا حوالہ چاہتے ہیں۔ چنانچہ وہ رقم طراز ہیں۔ ''ائمہ اربعہ اس بات پر متفق ہیں کہ قرآن کو چھونے کے لیے طہارت کی شرط ہے وہ وضو کے بغیر قرآن کو چھونے سے منع کرتے ہیں اور اسے ناجائز قرار دیتے ہیں لیکن ظاہری مسلک کے فقہاء و مجتہدین کے علاوہ محدثین کی ایک جماعت (اہل حدیث) کے نزدیک وضو کے بغیر بھی قرآن چھونے کی اجازت ہے''

غیر مقلدین کو محدثین کہنا دیکھا جائے تو کہنے والے کی جہالت کا آئینہ دار ہے کیونکہ معروف اہل حدیث طبقہ میں اکثریت فن حدیث سے لاعلم ہے۔ لہٰذا انہیں محدثین کی جماعت کہنا کیسے درست ہوسکتا ہے؟۔

☆ قرآن مجید اور احادیث سے ثابت ہے کہ قرآن کو چھونے کے لیے طہارت شرط ہے۔ صحابہ کرام اور تابعین عظام کا اسی پر عمل رہا ہے۔ اور اسی پر اجماع امت ہے۔ قرآن پاک کی آیت لا یمسّہ الا المطھرون (سورۃ واقعہ آیت 79) اس کی بڑی دلیل ہے۔ اس کے علاوہ احادیث میں متعدد جگہ قرآن کو بلا وضو چھونے کی ممانعت ہے۔ مستدرک حاکم 485 جلد 3 اور دار قطنی صفحہ 122 جلد اول میں حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے جب انہیں یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تو فرمایا کہ تم قرآن کو نہ چھونا مگر اس حالت میں کہ تم پاک ہو۔
مجمع الزوائد صفحہ 276 جلد اول میں طبرانی کے حوالہ سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن کو پاک آدمی کے سوا کوئی نہ چھوئے۔

موطا امام مالک صفحہ 185 پر حضرت عبداللہ بن ابوبکر بن حزم رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خط عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو لکھا تھا اس میں یہ بات بھی تھی کہ قرآن کو پاک آدمی کے سوا کوئی نہ چھوئے۔

دار قطنی صفحہ 123 جلد اول میں حضرت انس بن مالکؓ سے حضرت عمرؓ کا واقعہ نقل کیا ہے جس میں وہ اپنی بہن اور بہنوئی کے پاس گئے تو وہ سورۃ طٰہٰ کی تلاوت کر رہے تھے۔ انہوں نے قرآن کے صفحات کو ہاتھ نہ لگانے دیا اور کہا کہ تم ناپاک ہو۔ چنانچہ حضرت عمرؓ نے غسل کیا پھر سورۃ طٰہٰ پڑھی۔

رحمۃ الامۃ صفحہ 15 پر عبدالرحمٰن الشافعیؒ کا قول ہے کہ اجماعی طور پر بے وضو شخص کے لئے قرآن کا چھونا اور اٹھانا جائز نہیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام، تابعین عظام اور مجتہدین تو طہارت کے بغیر قرآن چھونے کو جائز نہیں سمجھتے لیکن آج کے متجد دین ہیں کہ بغیر کسی دلیل کے ان سب کی مخالفت کر رہے ہیں۔

نواب صدیق حسن خان غیر مقلد نے دلیل الطالب صفحہ ۲۵۲ پر اور نور الحسن خان غیر مقلد نے عرف الجادی صفحہ ۱۵ پر لکھا ہے کہ بغیر غسل کئے ناپاک آدمی کو قرآن چھونا۔ اٹھانا۔ رکھنا۔ ہاتھ لگانا جائز ہے۔
اس کے لئے کون سی صحیح صریح حدیث ان کے پاس موجود ہے۔ دعویٰ اہل حدیثیت کے باوجود حدیث پر عمل نہیں ہے۔ صحابہ کے فعل کو ویسے ہی قابل تقلید نہیں مانتے۔ جیسا کہ صفحہ نمبر 270 پر درج ہے۔

☆ علامہ ابن تیمیہ نے نقض المنطق صفحہ نمبر ۱۸ طبع ۱۹۵۱ء قاہرہ میں لکھا ہے۔ ہم اہل حدیث سے صرف وہی لوگ مراد نہیں لیتے جو محض اس کو سننے یا لکھنے یا روایت کرنے والے ہوں۔ بلکہ ہم اہل

Marfat.com

حدیث سے مراد وہ شخص لیتے ہیں جو اس کے حفظ و معرفت کا اہل و لائق اور اس کے ظاہر و باطن کو سمجھنے والا اور اس کے باطن و ظاہر پر عمل کرنے والا ہو۔

## ☆ وہابیت اور سلفیت

آج کل فرقہ غیر مقلد عربوں کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے وہابیت اور سلفیت کو اپنے لئے کلاہِ افتخار تصور کرنے لگا ہے۔ یہ جذبہ محبت ان خود غرض زر پرستوں کے دلوں میں اس وقت پیدا ہوا جب سے عرب کی زمین ''کالا سونا'' اگلنے لگی۔ اور اس کے بڑے بڑے ذخائر دریافت ہونے لگے۔ تب یکا یک یہ لوگ اہلحدیث سے وہابی اور سلفی بن گئے۔ جب کہ ان کے اکابر علماء ہمیشہ شیخ ابن عبدالوہاب اور ان کی دعوت سے زور دار انداز میں اپنی لاتعلقی اور برأت کا اظہار کرتے رہے۔ چنانچہ غیر مقلدین کے مولانا عبداللہ محدث غازی پوری جو شیخ الکل فی الکل میاں نذیر حسین دہلوی کے اجل تلامذہ میں سے تھے (شیخ الکل فی الکل غیر مقلدین نے خود لقب دیا ہے۔ نہ معلوم اس سے کیا مراد لیتے ہیں) انہوں نے اپنی کتاب براء اہل الحدیث والقرآن صفحہ ۸ پر لکھا ہے کہ ''ہم جماعت اہل حدیث کو وہابی کہنا بڑی غلطی ہے۔..... یہ عبدالوہاب نجدی جو وہابیوں کا مقتدا تھا۔ مذہباً حنبلی تھا اور اہل حدیث کسی مذہب کے مقلد نہیں ہیں۔ کیسے ممکن ہے کہ یہ لوگ ابن عبدالوہاب نجدی کے متبع ہو جائیں۔ (غیر مقلدین کے نزدیک علماء کی تقلید جائز نہیں۔ اتباع جائز ہے) اہل حدیث اور وہابیوں کے درمیان تو زمین و آسمان کا فرق ہے..... بلکہ گالی سے بدتر تصور کرتے ہیں۔ اس لئے ان کا ذکر اس لقب سے نہیں کرنا چاہیے''

یہی عبداللہ محدث غازی پوری اپنی دوسری کتاب ''الکلام النباہ فی رد حضرات من منع مساجد اللہ کے صفحہ نمبر ۷ پر لکھتے ہیں ''نیز ہم میں سے کسی کو پسند نہیں کہ اسے حنفی، شافعی، مالکی، یا حنبلی کہا جائے۔ تو محمد بن عبدالوہاب کی طرف اپنے انتساب کو کیسے گوارہ کر سکتے ہیں۔ یہ وہابیوں کا مقتدیٰ۔ حنبلی المذہب تھا اور اہل حدیث مقلدین کے کسی مذہب کی تقلید نہیں کرتے۔ اگر ہم ابن عبدالوہاب نجدی کی اتباع کریں تو یہ بڑی عجیب بات ہوگی اور اہلحدیث اور

Marfat.com

وہابیوں کے درمیان تو زمین وآسمان کا فرق ہے۔ہمیں نہیں معلوم کہ ہمیں وہابی کیوں کہا جاتا ہے۔ بہت غور کیا گیا مگر اس کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آئی۔ یہ لقب تو ہمارے نزدیک بڑا قبیح لقب ہے ہم اس کو گالی سے بدتر سمجھتے ہیں"

اس طائفہ محدثہ لامذہبیہ کے امام نواب صدیق حسن خان بھوپالی نے اپنی کتاب "التاج المکلل" میں شیخ محمد بن عبدالوہاب کا تذکرہ تحقیر آمیز الفاظ میں کیا ہے۔اور ترجمان الوہابیہ صفحہ ۵۱ میں نواب صاحب لکھتے ہیں جو شخص ہم کو وہابیوں کی طرف منسوب کرتا ہے گویا وہ ہم کو گالی دیتا ہے"۔ چنانچہ عصر حاضر کے غیر مقلدین جو شیخ محمد بن عبدالوہاب کی سلفی دعوت وتحریک سے اپنے انتساب پر فخر کرتے ہیں۔سراسر جھوٹ بولتے اور دھوکہ دیتے ہیں۔حالانکہ ان کے اکابر سلفیت کی طرف انتساب کو اپنے لئے گالی سمجھتے تھے۔

مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ امرتسری کا شمار غیر مقلدین کے چوٹی کے علماء میں ہوتا ہے۔ ہندوستان میں جمعیت اہل حدیث کے بانی تھے۔انہوں نے اپنی کتاب مذہب اہل حدیث صفحہ ۷۹ پر لکھا ہے "باوجود اس کے کہ ہمارا وہابیوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ہمیں ان ہی میں شمار کرنا اور ہمارے بارے میں یہ کہنا کہ ہم اسی کے متبع ہیں اور یہ کہ عبدالوہاب ہمارے مذہب کا بانی ہے۔صریح کذب بیانی اور ایذا رسانی ہے"۔

غیر مقلدین کے ایک اور بزرگ مولانا محمد اسماعیل صاحب اپنی کتاب حرکۃ الانطلاق الفکری میں لکھتے ہیں "وہابیت یا اہل وہاب کوئی مذہب نہیں ہے اور ہمیں پسند بھی نہیں کہ کوئی ہمیں ان کی طرف منسوب کرے" (صفحہ ۴۹۴)

## ☆ راہنمائے ترجمۃ القرآن

ڈاکٹر اسرار صاحب کے ایک معتقد جو چودھری رفیق صاحب سے بھی متاثر ہیں۔انہوں نے دین میں تجدید کے لیے نیا رخ اپنایا ہے۔فرماتے ہیں کہ آج تک قرآن پڑھنے پڑھانے والے اسے غلط پڑھتے ہیں۔

Marfat.com

ان کا کہنا یہ ہے کہ تمام قراء جو ''با زبرَ'' وغیرہ کہتے ہیں۔وہ غلط ہیں۔کیونکہ حرکت پڑھنے سے پہلے حرف بغیر حرکت ہونا چاہیے۔اور قراء اس پر زبر پڑھتے ہیں۔پھر انہوں نے درست صورت یہ نکالی کہ بے زبر پڑھا جائے۔کیونکہ ''بے'' پر کوئی حرکت نہیں۔

حالانکہ ان کی سوچ سراسر غلط ہے کیونکہ کسی بھی زبان کے کسی بھی حرف کو ساکن شروع نہیں کیا جاسکتا لامحالہ کوئی نہ کوئی اعراب پڑھنا پڑھے گا۔اور فتحہ سے اس لیے شروع کررہے ہیں کہ اسی طرح اہل لغت سے منقول ہے۔اور لغت میں قیاس وعقل کو دخل نہیں۔رہا ان کا اپنا اختراع کردہ تلفظ ''بے زبر بَ'' تو اس میں بھی ''بے'' کے نیچے زیر پڑھی جارہی ہے۔اور یہ بغیر حرکت کے نہیں۔

کسی استاذ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیے بغیر موصوف قاری بھی ہوگئے۔

موصوف نے امت کی قرآن سے دوری دیکھ کر اپنے دل میں درد محسوس کیا اور ایک کتاب تصنیف کردی۔لیکن اس کتاب نے درد کی دواء کرنے کی بجائے دیکھنے والے کو ایک نئے درد میں مبتلا کردیا کیونکہ موصوف نے دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کے استاذ حضرت مولانا سید محمد عبدالغفار ضیاء نگرامی ندوی صاحب کی مشہور کتاب ''مہمات الصرف والنحو'' کا ایک معجون مرکب تیار کیا تھا۔جس میں مولانا عبدالغفار ندوی کی دی ہوئی امثلہ کو بطور مشق استعمال کیا اور ان کے انوکھے اور منفرد اسلوب اور آسان مثالوں کو ان کا نام لیے بغیر اپنی طرف منسوب کرلیا۔نیز اسے نقل کرتے ہوئے صرف ونحو کے اصول وضوابط سے ہی پھسل گئے۔کسی نے سچ کہا ہے کہ نقل را عقل باید۔

ایک حلاق (حجام) روزانہ بادشاہ کا خط بنانے کے لئے شاہی محل جاتا تھا۔ایک روز جب وہ محل پہنچا تو کیا دیکھتا ہے کہ بادشاہ سلامت سوئے ہوئے ہیں۔اس حلاق نے نیند کی حالت میں ہی بادشاہ کا خط بنادیا۔جب بادشاہ بیدار ہوا تو اس کی ہنرمندی پر بہت خوش ہوا۔اور انعام کے طور پر اسے ''رئیس الحلاقین'' (حجاموں کا سردار) کا لقب دے دیا۔وہ حلاق خوشی خوشی گھر آیا۔اور اپنی بیوی کو یہ بات بتائی۔بیوی نے سن کر کہا کہ تم تو بیوقوف ہو۔بادشاہ کو تمہارے فن کے بارے میں کیا معلوم ہاں اگر تمام حجام مل کر تمہیں رئیس الحلاقین کا لقب دیتے تو پھر یہ قابل تعریف ہوتا۔

Marfat.com

موصوف نے رہنمائے ترجمۃ القرآن کے نام سے ایک کتاب عربی گرائمر سکھانے کی لئے تحریر فرمائی ہے جس کا نام ہی عربی گرائمر کے لحاظ سے درست نہیں۔ رہنما فارسی زبان کا لفظ ہے لہٰذا اسے صرف فارسی یا اردو ترکیب میں ہی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ لیکن موصوف نے اسے ترجمۃ القرآن کی طرف مضاف کر دیا۔ جس کی ترکیب عربی ہے۔ موصوف کی یہ ترکیب بالکل اسی طرح ہے جیسے بیرون بھاٹی گیٹ ایک صاحب نے اپنی دکان کا نام ''دارالماہی'' رکھا ہے۔ ''لکشمی کے المشہور چھولے'' بھی اکثر نظر آجاتے ہیں۔ ''المشہور خان بابا ہوٹل'' بھی اسی ترکیب کے مطابق رکھا جاتا ہے۔ ایک اور ستم ظریف نے اپنے پیٹرول پمپ پر ''ہذا پیٹرولیم'' کا سائن بورڈ لگا کر عربی دانی کا اظہار کیا ہے۔ اکبری دروازہ لاہور کے باہر ایک دستکاری سکھانے والے سکول نے اپنا نام ''دار الھنر'' رکھ کر اسے مشرف باعربی کر دیا ہے۔

لطف پر لطف ہے املا میں میرے یار کے یار
حاء حطی سے گدح لکھتا ہے ھوز سے ھمار

موصوف نے اپنی اسی کتاب کے صفحہ ۲۰ پر اعتراف کیا ہے کہ ''۱۹۸۷ء میں تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد کے ہاتھ پر بیعت کی''۔

موصوف اسی کتاب کے صفحہ ۲۹ پر لکھتے ہیں کہ ''جہاں تک قرآن مجید سے دوری کا تعلق ہے ہمارے ہاں فرقہ بندی۔ مسلک پرستی نے بھی کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی''۔

عجب بات ہے کہ موصوف کو ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی جماعت تنظیم اسلامی پر کوئی اعتراض نہیں۔ حالانکہ وہ بھی تو ایک مخصوص طرز فکر پر عمل پیرا ہے۔ لہٰذا تنظیم اسلامی میں شمولیت بھی فرقہ بندی ہونی چاہیے۔

پھر اسی صفحہ پر مزید فرماتے ہیں ''کسی نے فضائل اعمال سے تعلیم دینا شروع کر رکھی ہے''۔

موصوف کو معلوم ہونا چاہیے کہ فضائل اعمال کا ایک حصہ فضائل قرآن پر مشتمل ہے۔ اور اس کتاب میں صرف فضائل کی احادیث ہیں۔ تفرقہ میں ڈالنے والی کوئی بات نہیں۔ موصوف کو فضائل اعمال

Marfat.com

میں غالبا بائیس خلاف شرع مقامات ملے ہیں لیکن موصوف کی طرف سے تادم تحریر راقم کو ان قابل اعتراض مقامات کی نشاندہی سے محروم رکھا گیا ہے۔ ورنہ ان کی تشفی ضرور کروائی جاتی۔ شاید موصوف دل میں یہ خیال جمائے بیٹھے ہیں کہ کنویں سے دریا بڑا نہیں ہوتا۔

موصوف آگے فرماتے ہیں۔ ''یہی نہیں بلکہ اب تو لوگوں کے ذہنوں میں قرآن مجید کے بارے میں طرح طرح کے شکوک وشبہات ڈالے جارہے ہیں۔ مثلاً قرآن مجید آسان کتاب نہیں ہے کہ یہ کتاب عالموں کے پڑھنے کی ہے اس کتاب کو پڑھنے کے لئے ۱۸ علوم سیکھنے ہوں گے۔ تب کہیں جا کر کوئی قرآن پڑھنے اور سمجھنے کے قابل ہوگا''۔

پھر قرآنی آیت ولقدیسرناالقرآن للذکر فھل من مذکر بطور دلیل پیش کی ہے۔

حالانکہ کوئی بھی یہ نہیں کہتا کہ قرآن پڑھنا صرف عالموں کا کام ہے۔ جہاں تک اس آیت کا تعلق ہے تو اس میں قرآن کے نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان ہونے کا ذکر ہے۔ یعنی پچھلی قوموں کے واقعات سے عبرت پکڑنے کا بیان ہے۔ اس یہ مراد نہیں کہ یہ کتاب ہر طرح سے آسان ہے۔ اگر اس کے معانی ومفاہیم ہر طرح سے آسان ہوتے تو صحابہؓ کو قرآن کے الفاظ کے معانی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ پوچھنا پڑتے۔ مثلاً ایک صحابی کو آیت صوم میں لفظ الخیط الابیض اور الخیط الاسود کا معنی صحیح سمجھ میں نہ آیا اور وہ اسے دھاگا خیال کرتے رہے۔ بعد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا کہ اس سے مراد رات کی تاریکی اور صبح کی سفیدی ہے۔

تفسیر جلالین۔ کشاف۔ قرطبی۔ ابن کثیر۔ روح المعانی۔ بغوی۔ اور تفسیر کبیر وغیرہ میں ہے کہ ہم نے اس قرآن کو حفظ وقرآت کے لئے آسان کر دیا۔ دوسرا معنیٰ یہ ہے کہ اس کے الفاظ کو سہل اور آسان کر دیا تا کہ لوگ اس سے نصیحت حاصل کریں۔

اگر قرآن سمجھنے کا دارومدار صرف عربی جاننے پر ہوتا تو صحابہؓ جو اہل لغت تھے انہیں بعض آیات کے سمجھنے میں دشواری کا سامنا نہ ہوتا۔ اس مسئلہ پر تفصیلی بحث ڈاکٹر ذاکر صاحب کے باب میں ''قرآن سمجھنا علما کا کام ہے'' کے تحت صفحہ ۔۔۔۔۔۔ 186 پر ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں ''جو شخص اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہے اس کے لئے جائز نہیں کہ وہ اللہ کی کتاب کے متعلق کلام کرے اگر وہ لغات عرب کو نہیں جانتا''۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا۔ جو شخص عربیت سے ناواقف ہے وہ بسا اوقات ایک آیت پڑھتا ہے اور اسی طرح کسی لفظ کو پڑھتا ہے کہ وہ اس کے لئے باعث ہلاکت بن جاتا ہے۔

چنانچہ ہماری درخواست ان لوگوں سے بھی ہے جو عربی دانی کے شوق میں ان بے استادوں کے چُنگل میں پھنس گئے ہیں کہ اپنی عربی دانی کے لئے قرآن کو تختہ مشق نہ بنائیں۔

قرآن سے جہاں تک نصیحت حاصل کرنے کا تعلق ہے اس میں کسی عالم وغیر وعالم کی تخصیص نہیں کی جاتی البتہ جب قرآن کے علم کا ذکر کیا جاتا ہے تو اسے ان لوگوں کے ساتھ مخصوص کر دیا جاتا ہے جو مفہوم کلام پر مکمل طور پر حاوی ہو کر احکام کا استنباط کر سکیں۔ اور یہ تقسیم عمل کا اصول ہے۔

☆ ایک دفعہ مولانا امین صفدر اوکاڑوی صاحب اپنے لیکچر میں یہ بات سمجھا رہے تھے کہ ''کچھ لوگ قرآن وحدیث کو لغت کی کتابوں اور ترجمہ والی کتابوں سے سمجھنا چاہتے ہیں۔ یہ بات غلط ہے۔ قرآن حدیث اس طرح سمجھ نہیں آتا۔ اور جو اس طرح سمجھنے کی کوشش کرتا ہے اس کا وہی حال ہوتا ہے جو ایک سکھ کا ہوا تھا۔

پھر آپ نے یہ لطیفہ سنایا۔

ایک سکھ انگلینڈ چلا گیا۔ بھوک لگی، انگریزی پڑھا ہوا تو تھا نہیں۔ ڈکشنری اپنے ساتھ لے کر ہوٹل میں گیا۔ اس کو زبان کا گوشت چاہیے تھا۔ ڈکشنری کھولی تو کہتا ہے۔

(A PLATE OF LANGUAGES) کہ ایک پلیٹ زبانوں کی۔ چونکہ اس زبان کو جو منہ میں ہے انگریزی میں (TONGUE) کہتے ہیں۔ اور ایک وہ زبانیں ہیں۔ انگریزی ہے، پشتو ہے، عربی ہے اور اردو ہے۔ ان کو (Languages) کہتے ہیں۔ اب سکھ صاحب اپنی طرف سے پھول رہے ہیں کہ میں بڑا انگریزی دان ہوں کہ ''اے پلیٹ آف لینگویجز'' اب وہ انگریزی والے سوچیں کہ بھائی کہاں سے لا کر رکھیں ایسی ڈش جس میں تھوڑی سی پشتو ہو، تھوڑی سی

Marfat.com

پنجابی ہو ،تھوڑی سی انگریزی اور تھوڑی سی عربی ہو۔یہ بیوقوف کہاں سے آگیا ہے۔کوئی دوسرا سکھ بیٹھا ہوا تھا۔اس سے ہوٹل والوں نے پوچھا کہ یہ کیا کہتا ہے؟۔اس نے کہا اسے زبان کا گوشت چاہیے۔وہ اسے دے دی جب کھالی اب ذرا چٹخارہ لگا ایک پلیٹ کی اور ضرورت تھی۔تو پھر ڈکشنری کھولی اور لفظ ''اور'' کی انگریزی تھی (and)۔تو کہتا ہے (one plate and)۔پھر وہ بے چارے پریشان ہوگئے کہ یہ مصیبت کہاں سے آگئی ہے۔بہرحال لے آئے۔پیٹ بھر گیا۔اب پھل دیکھا کہ چاروں طرف ''آلو بخارا'' تھا۔پھر لغت کھولی۔اب بخار کے لفظ کا معنیٰ لکھا تھا (Fever) اور آلو کا (Potato)۔تو کہتا ہے (A Plate of Potato fever)۔

جو لوگ اسلام کو اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی بجائے صرف لغت کی کتاب سے حل کرنا چاہتے ہیں ایسے سکھوں سے ہمارا واسطہ پڑ گیا ہے۔دعا کرو اللہ تعالیٰ ایسے سکھوں سے اپنے دین کی حفاظت فرمائے۔

یاد رکھئے علم کتابیں پڑھ لینے سے نہیں بلکہ استاد سے سیکھنے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ورنہ پُر۔شِیر (جانور)۔دَوْر۔طَوْر اور پِیر۔شِیر (دودھ)۔دُوْر۔طُوْر کا فرق کیسے معلوم ہوگا؟۔

سب مانتے ہیں کہ علم طب کی ابتدائی چیزیں سیکھے بغیر میڈیکل کی اصطلاحات سمجھ نہیں آسکتیں اور اس پر کوئی ناراض بھی نہیں ہوتا۔لیکن قرآن وحدیث کی اصطلاحات کے بارے میں الجھنا اور اس پر یہ کہنا کہ ہمیں مطمئن نہیں کرتے غلط ہے۔کیونکہ نہ تو پوچھنے والے میں اتنی استعداد ہے۔نہ اسے اس بارے میں کچھ علم ہے۔اور نہ ہی اس کی اسے ضرورت ہے۔اگر ضرورت سمجھے تو باقاعدہ علم حاصل کرے۔

باقی رہی یہ بات کہ قرآن پڑھنے کے لئے اٹھارہ علوم کی ضرورت ہے تو یہ بات مفسر سے متعلق تو ہو سکتی ہے نہ کہ صرف قرآن پڑھنے کے لئے۔اور صاف ظاہر ہے کہ قرآن کی تفسیر کرنے کے لئے ان علوم کے بغیر چارہ کار نہیں۔موصوف نے تو کسی سے سن کر طنزاً اٹھارہ علوم کا لکھ دیا ہے شائد انہیں خود بھی معلوم نہیں (موصوف کا ایک اشتہار اس کا ثبوت ہے جس میں بے جوڑ علوم (فلسفہ اور منطق)

Marfat.com

کے تحت ترجمہ قرآن سکھایا جارہا ہے)۔البتہ ہم قارئین کے افادہ کے لئے ان علوم کی تفصیل درج کئے دیتے ہیں۔

حضرت مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمہ اللہ نے الشیخ احمد بن مصطفیٰ المعروف طاش کبریٰ زادہ کی کتاب ''مفتاح السعادۃ ومصباح السیادۃ'' کے حوالہ سے قرآن کی تفسیر لکھنے والے کے لئے مندرجہ ذیل پندرہ علوم میں مہارت تامہ کا ہونا ضروری قرار دیا ہے۔

(۱)لغت۔(۲)نحو۔(۳)صرف۔(۴)اشتقاق۔(۵)معانی۔(٦)بیان۔(۷)بدیع۔(۸)علم القراءات۔(۹)اصول الدین۔(۱۰)اصول فقہ۔(۱۱)اسباب النزول والقصص۔(۱۲)ناسخ منسوخ۔(۱۳)فقہ۔(۱۴)احادیث۔(۱۵)علم الموہبۃ۔(احسن الفتاویٰ۔جلد۱۔صفحہ۵۰۱)

صرف ونحو اور اشتقاق کا تعلق گرائمر سے ہے۔علم معانی۔بیان اور بدیع کا تعلق بلاغت سے ہے۔

علم الموہبۃ سے مراد وہ غیبی اور القائی اشارات ہیں جو اللہ تعالیٰ اپنے مقرب بندوں کو عطا کرتے ہیں۔اور یہ غیبی اور القائی اشارات ایسے شخص کو کیسے عطا ہو سکتے ہیں جس کی دینی تعلیم کا سلسلہ سندا حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک نہ پہنچتا ہو۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن مجید کی صرف ایک آیت میں ہی بلاغت کی اکیس انواع کا استعمال کیا ہے۔و قیل یارض ابلعی ماء ك ویسماء اقلعی و غیض الماء وقضی الامر واستوت علی الجودی وقیل بعداللقوم الظلمین ۔(پارہ۱۲۔ سورۃ ھود۔آیت۴۴)

اس آیت میں بلاغت کی جن اکیس انواع کا استعمال ہوا ہے۔کسی مدرسہ میں داخلہ لئے بغیر موصوف انہیں کیا سمجھیں گے اور دوسروں کو کیا سمجھائیں گے؟۔

موصوف نے مذہبی مدرسوں کو بھی خاصی جھاڑ پلائی ہے کہ ان کا ترجمے سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

شاید موصوف یہ چاہتے ہیں کہ سات آٹھ سالہ بچے کو نورانی قاعدہ کے ساتھ ساتھ خاصیات ابواب بھی یاد کروائی جائیں۔تف ہے جناب کے سوء ظن پر۔حالانکہ سب جانتے ہیں کہ حفظ کے بعد مدرسہ کے پہلے سال میں عربی گرائمر ہی شروع کروائی جاتی ہے۔پھر رفتہ رفتہ ترجمہ اور تفسیر پڑھائے

Marfat.com

جاتے ہیں۔ مثلاً تفسیر جلالین اور تفسیر بیضاوی وغیرہ اور بتدریج مکمل ترجمہ قرآن۔

موصوف نے خود تو کسی سے باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کی البتہ جدیدیت زدہ چند حضرات سے گاہے بگاہے عربی گرائمر کے درس سنے ہیں جن میں عبدالرزاق بٹر صاحب۔ پروفیسر احمد ایاز صاحب۔ ڈاکٹر اسرار صاحب۔ ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب اور لطف الرحمٰن صاحب شامل ہیں۔ موصوف نے آخر الذکر کو تنظیم اسلامی کے تعلق کی بناء پر سب سے زیادہ مستقل وقت دیا جو ایک ماہ پر مشتمل تھا۔ حالانکہ موصوف سالہا سال تک صرف ونحو پڑھنے اور پڑھانے والوں کی گرد کو بھی نہیں پہنچ سکتے۔

کھولی جو زباں ہم نے تو ہو جائے گا چرچا سنبھلے گا ندامت کا پسینہ نہ جبیں سے

ان کی کتاب میں موجود عربی قواعد کی اغلاط میں سے بطور مشتے از خاک چند ایک آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں۔

موصوف نے اسم کی تین قسمیں بیان فرمائی ہیں۔ (۱) معرب (منصرف)۔ (۲) غیر منصرف۔ (۳) مبنیٰ۔

حالانکہ اسم کی تین نہیں بلکہ دو اقسام ہیں۔ معرب اور مبنی۔ علاوہ ازیں درست لفظ مبنی بکسر النون ہے اور موصوف نے مبنیٰ بفتح النون ذکر کیا ہے۔ جن کو مبنی کے اصل تلفظ کا بھی علم نہ ہو وہ قرآن کے فصیح و بلیغ الفاظ کا ترجمہ و تفسیر کیسے بیان کریں گے؟۔

اس کے علاوہ مبنی کی مثالوں میں عیسیٰ اور موسیٰ کو بھی شامل کر دیا ہے۔ حالانکہ یہ معرب ہیں۔ اور ان کا اعراب تقدیری ہے۔

موصوف نے ایک صفحہ پر اسم اور مصدر میں فرق کا عنوان قائم کیا ہے۔ اول تو یہ عنوان ہی محل نظر ہے کیونکہ مصدر اسم ہی کی قسم ہے۔ لہٰذا جو مصدر ہوگا وہ درحقیقت اسم ہی ہوگا۔

مزید حماقت یہ کی ہے کہ فرق بیان کرتے ہوئے کہا کہ اسم عموماً تنوین کے ساتھ لکھا جاتا ہے اور فعل پر کبھی تنوین نہیں آتی۔ حالانکہ موصوف یہاں بزعم خویش اسم اور مصدر کا فرق بیان فرما رہے ہیں نہ کہ اسم اور فعل کا۔

Marfat.com

مزید برآں لکھتے ہیں ''اسم سے کبھی فعل برآمد نہیں ہوتا''۔اور اگلی سطر میں فرماتے ہیں کہ ''مصدر ایسا اسم جس سے فعل برآمد ہو''۔عنوان کے تحت اسم اور مصدر علیحدہ علیحدہ چیزیں ہیں۔لیکن موصوف اپنے ہی قاعدہ کے خلاف مصدر کو بھی اسم کہہ رہے ہیں۔

مفعول لہ کی بحث میں قرآنی آیت یجعلون اصابعهم فی آذانهم من الصواعق حذر الموت بطور مثال پیش کی اور فی آذانهم کو مفعول لہ بنادیا۔حالانکہ یہ سرے سے ہی مفعول لہ نہیں۔اور حذر الموت جو مفعول لہ تھا اسے بالکل خالی چھوڑ دیا۔

## ☆ بہائیت اور اسلام

چونکہ اس کتاب میں عدد 19 اور عقیدہ وحدت ادیان پر بحث کی گئی ہے۔19 کا عدد دنیا میں بہائیت کی نشانی کے طور پر معروف ہے۔اس لیے ہم قارئین کی معلومات کے لیے بہائیت کی تفصیل پیش کررہے ہیں تا کہ انہیں معلوم ہوسکے کہ عدد 19 اور وحدت ادیان کے عقیدہ کے پیچھے کون سے عزائم کارفرما ہیں۔

جامعۃ القاہرہ مصر کے شریعت اسلامیہ لاء کالج کے پروفیسر الشیخ محمد ابوزہرہ (یہ جنوری 1958ء میں پنجاب یونیورسٹی لاہور کی عالمی مجلس مذاکرہ اسلامیہ میں شریک ہوئے اور مقالہ بھی پیش کیا) اپنی کتاب ''المذاہب الاسلامیہ'' میں اعتقادی طور پر بتائے گئے جدید فرقوں میں ''بہائی فرقہ'' کے بارے میں لکھتے ہیں۔

بہائی فرقہ نے شیعہ اثنا عشریہ سے جنم لیا۔اس کتاب میں بہائی فرقہ کا ذکر کرنے سے یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ اسلامی فرقہ ہے۔یہ حقیقت ہے کہ بہائی فرقہ ان اصول ومبادی کو تسلیم نہیں کرتا جن پر مسلمانوں کا اجماع منعقد ہو چکا ہے اور جن کی حیثیت اسلام میں اساسی وبنیادی ہے۔بہائی فرقہ کا بانی مرزا علی محمد شیراز 1252ھ مطابق 1820ء ایران میں پیدا ہوا۔یہ اثنا عشری شیعہ سے تعلق رکھتا تھا۔مگر اثنا عشریوں کی حدود سے تجاوز کر گیا۔اس نے اسماعیلی فرقہ کے عقائد باطلہ اور فرقہ سبیہ (عبدالدین سباہ کے متبع) کے عقیدہ حلول کا ایک ایسا معجون مرکب تیار کیا جسے اسلامی عقائد سے دور

Marfat.com

کا بھی واسطہ نہ تھا۔ کچھ عرصہ گزرنے پر مرزا علی محمد غلو سے کام لینے لگا اور اس نے مستقل مہدی ہونے کا دعویٰ کر دیا۔ مرزا نے اس سے بڑھ کر یہ دعویٰ بھی داغ دیا کہ ذات خداوندی اس میں حلول کر آئی ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے توسط سے مخلوقات کے سامنے جلوہ افروز ہوتے ہیں۔ اس نے یہ بھی کہا کہ آخری زمانہ میں موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام کا ظہور اس کے ذریعہ ہوگا۔ اس نے نزول عیسیٰ علیہ السلام کے عام عقیدہ سے تجاوز کر کے اس پر رجوع موسیٰ علیہ السلام کا اضافہ کیا اور کہنے لگا کہ ان دونوں انبیاء کا ظہور اس کے توسط سے ہوگا۔ مرزا علی محمد کی شخصیت میں اتنی جاذبیت پائی جاتی تھی کہ لوگ اس کے بلند بانگ دعوے کو بلا چون و چرا مان لیتے تھے۔ مرزا علی محمد نے اپنے لیے ''باب'' کا لقب تجویز کیا تھا۔ اس لیے اس فرقہ کو ''بابی'' بھی کہا جاتا ہے۔ مرزا علی محمد 1850ء میں 30 سال کی عمر میں راہی ملک عدم ہوا۔ اس نے اپنی نیابت کے لیے اپنے دو مریدوں کو منتخب کیا جن میں ایک کا نام صبح ازل اور دوسرے کا نام بہاء اللہ تھا۔ ان دونوں کو فارس سے نکال دیا گیا۔ صبح ازل قبرص میں سکونت پذیر ہوا۔ اس کے پیروکار بہت کم لوگ تھے۔ بہاء اللہ نے آزربائجان کو اپنا مسکن بنایا۔ اسی کی جانب منسوب کر کے ان لوگوں کو ''بہائی'' کہا جانے لگا۔ مرزا علی محمد نے اپنے افکار و نظریات اپنی تحریر کردہ تصنیف ''البیان'' میں جمع کر دیئے تھے۔

مرزا علی محمد کے کفریہ اعتقادی امور یہ تھے۔ مرزا علی محمد روز آخرت اور بعد از حساب دخول جنت و جہنم پر ایمان نہیں رکھتا تھا۔ اس کا دعویٰ تھا کہ روز آخرت سے ایک جدید روحانی زندگی کی جانب اشارہ کرنا مقصود ہے۔ وہ بالفعل ذات خداوندی کے اس میں حلول کر آنے پر اعتقاد رکھتا تھا۔ رسالت محمدی اس کے نزدیک آخری رسالت نہ تھی۔ وہ کہتا تھا کہ ذات باری اس میں حلول کر چکی ہے اور اس کے بعد آنے والوں میں بھی حلول کرتی رہے گی۔ گویا حلول الوہیت کو وہ اپنے لیے مخصوص نہیں ٹھہراتا تھا۔ وہ کچھ مرکب حروف ذکر کر کے ہر حرف کے عدد نکالتا اور اعداد کے مجموعہ سے عجیب و غریب نتائج اخذ کرتا تھا۔ وہ ہندسوں کی تاثیر کا قائل تھا۔ 19 انیس کا ہندسہ اس کے نزدیک خصوصی مرتبہ کا حامل تھا۔ اس کا دعویٰ تھا کہ وہ تمام انبیاء سابقین کی نمائندگی کرتا ہے۔ وہ مجموعہ رسل ہے اور

Marfat.com

اس اعتبار سے مجموعہ ادیان بھی۔ بنابریں بہائی فرقہ یہودیت، نصرانیت اور اسلام کا معجون مرکب ہے اوران میں کوئی حد فاصل نہیں پائی جاتی۔

مرزا نے اسلامی احکام میں تبدیلی پیدا کر کے عجیب وغریب قسم کے عملی امور مرتب کیے تھے۔ جن میں عورت میراث کے اموال میں مرد کے برابر ہے یہ آیت قرآنی کا صریح انکار ہے جو موجب کفر ہے۔ وہ بنی نوع انسان کی مساواتِ مطلقہ کا قائل تھا۔ اس کی نگاہ میں جنس ونسل دین ومذہب اور جسمانی رنگت موجب امتیاز نہیں ہے۔ اس کے خلیفہ بہاءاللہ نے تمام اسلامی قواعد وضوابط کو ترک کر دیا تھا۔ وہ انسانوں کے رنگ ونسل اور ادیان ومذاہب کے اعتبار سے مختلف ہونے کے باوجود ان کی مساوات کا قائل تھا۔ مساوات بنی آدم کا نظریہ اس کی تعلیمات میں مرکزی حیثیت رکھتا تھا۔ تعصب واختلافات سے پُر کائنات عالم میں بہاءاللہ کا یہ نظریہ بڑا جاذبِ نظر تھا۔ بہاءاللہ نے اپنا عائلی نظام مرتب کیا۔ وہ تعدد ازواج سے روکتا تھا اور شاذ ونادر حالات میں اس کی اجازت دیتا تھا۔ بصورت اجازت بھی دو بیویوں سے تجاوز نہیں کرنے دیتا تھا۔ اس کے یہاں مطلقہ کے لیے کوئی عدت مقرر نہ تھی بلکہ طلاق کے بعد وہ فی الفور نکاح کر سکتی تھی۔ نماز یا جماعت منسوخ کر دی تھی صرف نماز جنازہ میں جماعت کی اجازت تھی۔ وہ خانہ کعبہ کو قبلہ قرار نہیں دیتا تھا بلکہ اپنے سکونتی مکان کو قبلہ کی حیثیت دیتا تھا۔ جب بہاءاللہ اپنی سکونت تبدیل کر لیتا تو بہائی بھی اپنا قبلہ تبدیل کر لیا کرتے تھے۔ بہاءاللہ کا دعویٰ تھا کہ جس مذہب کی وہ دعوت دے رہا ہے وہ اسلام سے الگ ایک جداگانہ حیثیت رکھتا ہے جبکہ اس کے استاد مرزا علی محمد کا دعویٰ تھا کہ وہ اپنے افکار سے اسلام کی تجدید کر رہا ہے۔ بہاءاللہ اپنے مذہب کو بین الاقوامی حیثیت دیتا تھا اور اس بات کا دعویٰ دار تھا کہ یہ مذہب جمیع ادیان ومذاہب کا جامع اور سب اقوام کے لیے یکساں حیثیت رکھتا ہے۔ وہ وطن پرستی کے خلاف تھا اور کہا کرتا تھا کہ زمین سب کی ہے اور وطن سب کا ہے۔

16 مئی 1892ء کو بہاءاللہ کی موت کے بعد اس کا بیٹا عباس آفندی اس کا نائب بنا۔ سرزمین فارس اور اس کے قرب وجوار میں یہود ونصاریٰ کی اکثریت بہائیت کے حلقہ میں داخل ہو گئی پھر بلاد

Marfat.com

ترکستان سے ہوتا ہوا یہ مذہب یورپ اور امریکہ میں بڑی تیزی سے پھیلنے لگا۔

مشہور مستشرق گولڈ زیہر اپنی کتاب ''العقیدہ والشریعۃ صفحہ 250 پر لکھتا ہے۔ شہر عکاّ کے نبی (بہاء اللہ) نے محسوس کیا کہ یورپ وامریکہ کے بعض لوگ بڑے جوش وخروش سے بہائیت کو قبول کرتے جارہے تھے۔ یہاں تک کہ عیسائیوں میں بھی ان کے حلقہ بگوش پیدا ہو گئے۔ امریکہ میں جن ادبی انجمنوں کا قیام عمل میں آیا وہ بہائیت کے اصول وضوابط کے استحکام میں مدد ومعاون ہوتی تھیں۔

امریکہ سے 1910ء میں ایک مجلّہ ''نجم الغرب'' نکلنا شروع ہوا۔ جس کے سال بھر میں انیس شمارے شائع ہوا کرتے تھے۔ 19 انیس کے عدد کی وجہ تخصیص یہ تھی کہ یہ ہندسہ ان کے یہاں بڑا موَثر تھا۔ بہائی یوں بھی اعداد کی قوت تاثیر کے قائل تھے:.....

بہائیت اضلاع متحدہ امریکہ کے دور افتادہ علاقوں میں پھیل گئی اور شکاگو میں ایک مرکز بھی قائم کر لیا۔

ہم نے بہائیت کی اصلی تصویر ان کے اصول وعقائد کو بلاتحریف وتاویل من وعَن بیان کر دیا ہے۔ یورپین لوگوں نے بہائیت کی حمایت اس لیے کی تھی کہ اس سے اسلامی اصول وقواعد کی تخریب ہوتی ہے اور انہیں ہر اس بات سے دلچسپی ہوتی ہے جو اسلام کے خلاف ہو۔

مرزا حسین علی بہاء اللہ مازندرانی کے خیال میں اسکے مذہب بہائیت کے درج ذیل پانچ ارکان ہیں

(۱)۔ وحدت ادیان (۲)۔ وحدت اوطان (۳)۔ وحدت لسان (۴)۔ امن عالم بذریعہ ترک جہاد (۵)۔ مساوات مرد وزن

## ☆ وحدت ادیان:

○ اس کی پہلی تعلیم وحدت ادیان ہے "اے اہل زمین ظہور اعظم میں ساری فضیلت ہے۔ ہم نے کتاب میں سے وہ مٹا دیا جو تفریق کا سبب تھا۔ اور وہ باقی رکھا ہے جو کہ اتحاد واتفاق کا سبب ہے" (المازندرانی لوح العالم بحوالہ بہاء اللہ والعصر الجدید صفحہ نمبر ۱۱۹)

○ ہم نزاع اور جدال سے کتاب میں آپ کو روکتے ہیں یہ اللہ کا حکم ہے اس ظہور اعظم میں

Marfat.com

کہہ دیجئے اے میرے بندو! آپ افتراق نہ کریں۔اہل بہاء سے میں توقع رکھتا ہوں کہ وہ اس کلمہ کو مضبوطی سے پکڑیں گے۔اسی کلمے کے ساتھ مختلف جماعتیں اتحاد حقیقی کے نور سے کامیاب ہوجائیں گی" (لاسلمت بہائی۔بہاءاللہ والعصر الجدید صفحہ ۱۲۳۔۱۲۴)

○ "باقی ادیان کے ساتھ خوشی کے ساتھ رہو" (لاسلمت بہائی۔بہاءاللہ والعصر الجدید صفحہ نمبر ۱۲۳)

○ ایک شخص کے جواب میں بہاءاللہ کا بیٹا عبدالبہاء کہتا ہے" یہ آپ کے لیے ممکن ہے کہ آپ بہائی عیسائی ہوں۔آپ بہائی یہودی ہوں اور آپ بہائی مسلمان ہوں یا آپ بہائی ماسوتی ہوں (مکاتیب عبدالبہاء عباس آفندی صفحہ نمبر ۹۹)

○ ایک مقام پر بہاءاللہ کہتا ہے "تمام عالم ایک دین پر متحد ہوجائے اور تمام لوگ آپس میں بھائی بھائی بن جائیں اور محبت اور اتحاد کی کڑیاں آپس میں مضبوط ہوجائیں اور دینی اختلافات مٹ جائیں اور تمام انسانوں کے اختلافات ختم ہوجائیں (لاسلمت بہائی۔بہاءاللہ والعصر الجدید صفحہ ۱۲۱)

## ☆ وحدت الاوطان:

○ بہاءاللہ کہتا ہے۔پہلے کہا جاتا تھا کہ وطن کی محبت ایمان سے ہے لیکن آج عظمت کی زبان کہتی ہے کہ وطن سے محبت کرنا فخر کی بات نہیں بلکہ پورے جہاں سے محبت کرنا فخر کی بات ہے۔ (لاسلمت بہائی بہاءاللہ والعصر الجدید صفحہ نمبر ۱۶۶)

○ بہاءاللہ کا بیٹا عباس آفندی کہتا ہے "قومی تعصب وہم اور خرافات ہیں اللہ نے ہم تمام کو ایک ہی جنس سے پیدا کیا۔ابتداء سے مختلف اوطان کی کوئی حدود نہیں تھیں۔زمین میں کوئی حصہ کسی خاص قوم کی ملکیت نہیں ہے (محاذثات پیرس از عبدالبہاء عباس آفندی۔بہاءاللہ والعصر الجدید صفحہ نمبر ۱۶۶۔البہائیہ صفحہ نمبر ۱۱۴)

Marfat.com

## ☆ وحدت لسان:

○ حسین علی بہاء اللہ اپنی کتاب الاقدس میں لکھتا ہے۔اے دنیا کے اہل مجالس! زبانوں میں ایک زبان کو منتخب کرلو تا کہ زمین کے رہنے والے اسی زبان میں گفتگو کریں۔کاش آپ کو معلوم ہوجائے کہ یہ اتحاد کا سب سے بڑا سبب ہوگا (الفقرات الاخیرہ۔الاقدس مازندرانی بحوالہ البہائیہ صفحہ نمبر ۱۲۰)

○ بہاء اللہ کا بیٹا عباس آفندی کہتا ہے۔زبانوں کا اختلاف یورپ میں اقوام کے اختلاف کے اہم اسباب میں سے ایک ہے۔اگر چہ وہ تمام اپنے آپ کو ایک قوم کی طرف منسوب کرتے ہیں لیکن ان کی زبانوں کا اختلاف ان کے اتحاد کو روکے ہوئے ہے ان میں سے ایک کہتا ہے میں جرمن ہوں دوسرا کہتا ہے میں انگریز ہوں تیسرا کہتا ہے میں فرانسیسی ہوں۔اگر ان کی ایک ہی زبان ہوتی تو متحد ہوسکتے تھے (خطبات عبدالبہاء عباس آفندی۔بحوالہ بہاء اللہ والعصر الجدید صفحہ نمبر ۱۶۴۔البہائیہ صفحہ نمبر ۱۲۰)

## ☆ امن عالم بذریعہ ترک جہاد:

○ بہاء اللہ کہتا ہے ''ہتھیار اُٹھانے کا کوئی جواز نہیں اگر چہ اپنی ذات کے دفاع کے لئے ہی کیوں نہ ہو (بہاء اللہ والعصر الجدید صفحہ نمبر ۱۶۹)

○ بہاء اللہ کہتا ہے ''وزراء کے لیے ضروری ہے کہ وہ صلح کو لازمی سمجھیں تا کہ دنیا لڑائیوں سے نجات پا جائے۔یہ اس لیے بھی ضروری ہے کہ جنگ وجدال مصیبتوں اور پریشانیوں کی بنیاد ہے (لوح العالم من مجموعۃ الالواح۔المازندرانی صفحہ نمبر ۲۲۲)

## ☆ مساوات مرد وزن:

ایک اجتماعی منظم بات جس کو بہاء اللہ نے بہت اہمیت دی ہے وہ مساوات مرد وزن ہے (بہاء اللہ والعصر الجدید صفحہ نمبر ۱۴۸)

Marfat.com

## ☆ بہائی تعلیمات کا تنقیدی جائزہ:

☆ بہائیوں کا تمام لوگوں کو وحدت ادیان کی دعوت دینا دھوکہ ہے۔ انگریز مستشرق پروفیسر براؤن مقدمہ نقطۃ الکاف میں لکھتا ہے کہ بہائیوں نے پوری قوت کے ساتھ کوشش کی کہ وہ اپنے مخالفین کی ہر کتاب کو مٹا دیں۔ آگے لکھتا ہے "بابی ہر اس شخص کو جو باب پر ایمان نہ لائے ناپاک سمجھتے تھے۔ اور اس کے قتل کو واجب خیال کرتے تھے۔ (مقدمہ نقطۃ الکاف۔ص۔ن۔ھ از پروفیسر براؤن)

☆ وحدت اوطان پیش کرنے کا نظریہ کسی خلوص کی وجہ سے نہ تھا بلکہ انگریزی اور روسی استعمار کی خدمت کی بجا آوری تھی۔ تا کہ ایرانی قوم کے دل سے وطن کی محبت نکال کر ان کو دفاع سے محروم کر دیا جائے۔ ورنہ وہ عراق میں غریب الوطنی کی شکایت کرتا ہے۔ ایران سے فلسطین کی طرف جلاوطنی پر روتا اور چیختا ہے۔ (لوح الدنیا۔ المازندرانی بحوالہ البہائیہ صفحہ نمبر ۱۱۷)

☆ مرزا حسین علی مازندرانی المعروف بہاء اللہ اپنے دعویٰ وحدت لسان کے باوجود اپنی کتابوں کو ایک زبان میں پیش نہیں کر سکا۔ گویا وحدت لسان کا داعی اپنی زبان کو ایک نہ رکھ سکا۔ بلکہ اس کی بعض کتابیں عربی۔ فارسی کا مرکب ہیں۔ کبھی وہ نزول وحی کا فارسی میں دعویٰ کرتا ہے اور کبھی عربی میں اور کبھی دونوں کا مرکب پیش کرتا ہے۔۔ اس کی کتاب الاقدس عربی میں ہے اور الایقان فارسی میں۔ اسی طرح "لوح کلمات مکنونہ" فارسی میں ہے۔ "الرسالہ السلطانیہ" کو اس نے عربی میں شروع کیا اور پھر درمیان میں فارسی کی طرف منتقل ہو گیا۔ پھر اسے عربی میں ختم کیا۔ (مجموعۃ الالواح مازندرانی۔ بحوالہ البہائیہ صفحہ ۱۲۳) وہ دوسروں کو ایک زبان اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے جبکہ اپنے آپ کو اس بات کا پابند نہ کر سکا۔ اور اس نے کئی کتابوں اور رسالوں میں بار بار لکھا۔ "ضروری ہے کہ تمام زبانوں کو ایک زبان میں مدغم کر دیا جائے اور اسے تمام دنیا کے مدارس میں پڑھایا جائے" (لوح العالم مازندرانی صفحہ نمبر ۲۲۳)

☆ امن عالم بذریعہ ترک جہاد کا نظریہ بھی مسلمانوں کی قوت کو کمزور کرنے کے لیے تھا۔ تا کہ استعماری طاقتوں کو مضبوط کیا جا سکے۔ باقی دعووں کی طرح یہ اس دعوے میں بھی سچا نہ تھا بلکہ اس

Marfat.com

نے اپنے حقیقی بھائی مرزا یحییٰ کو مارنے کی مسلسل کوشش کی۔(بدائع آلاثار از خاوری طبع فارسی صفحہ نمبر ۱۳۹ جلد دوم) اس کا بیٹا عباس آفندی بھی اپنے بھائیوں سے لڑتا رہا۔ بہاء اللہ اور اس کی نسل استعمار کے آلہ کار اور جاسوس کے طور پر کام کرتی رہی اور انگریزوں سے جاسوسی کے بدلے کئی تمغے حاصل کیے (مکاتیب عبدالبہاء از عباس آفندی صفحہ ۳۱۲ جلد دوم)

یہ نظریہ پیش کرنے والا یہ پہلا شخص نہ تھا بلکہ اس سے پہلے گوتم بدھ نے ہند میں۔ حضرت مسیح علیہ السلام نے فلسطین میں۔ کنفیوشس نے چین میں یہ نظریہ امن پیش کیا۔

☆ مساوات مرد وزن کا نظریہ بھی فطری طور پر غلط ہے۔ اور تمام آسمانی شریعتوں کے خلاف ہے۔ بہائی اگرچہ اس نظریہ کے داعی ہیں لیکن بہت سے احکام میں عورتوں اور مردوں میں فرق کرتے ہیں۔ ان کے ہاں ایک عورت کا نو مردوں سے نکاح کیا جا سکتا ہے۔ (مفتاح باب الا بواب از مرزا محمد مہدی خان صفحہ نمبر ۱۸۶) مرزا جانی الکاشانی نے نقطۃ الکاف صفحہ نمبر ۱۱۵ پر لکھا ہے کہ قرۃ العین بہائیہ (علی محمد باب کی مریدنی) کی وجہ سے بابی ایسے جرائم کے مرتکب ہوئے ہیں جن سے حد واجب ہوتی ہے۔ اور خود مازندرانی اپنی کتاب الاقدس میں لکھتا ہے کہ اللہ نے تم پر نکاح فرض کیا ہے۔ آپ اس بات سے بچیں کہ دو سے زیادہ عورتوں سے شادی کریں (البہائیہ صفحہ ۱۴۳) نیز لکھتا ہے کہ میں نے کسی کنواری لڑکی کو اپنی خدمت کے لیے رکھا تو کوئی گناہ کا کام نہیں کیا بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی وحی سے حکم ہے (البہائیہ صفحہ نمبر ۱۴۳)

اپنی کتاب الاقدس فقرہ نمبر ۱۴۲ پر لکھتا ہے جس نے کنواری لڑکی کو خدمت کے لیے رکھا اس پر کوئی گناہ نہیں آگے لکھتا ہے کہ اگر کوئی عورت خاوند بدلنا چاہے تو طلاق یا خلع کے بغیر بدل سکتی ہے۔ اگر کسی عورت کا خاوند کہیں کام پر چلا جائے اور ۹ ماہ تک گھر نہ آئے تو بیوی کسی دوسرے شخص کے پاس جا سکتی ہے۔ (کتاب الاقدس مازندرانی فقرہ نمبر ۱۴۹۔۱۵۰)

اس طرح بہائیوں کے نزدیک باپ کی بیوی کے سوا ہر عورت سے نکاح جائز ہے خواہ اس سے کوئی بھی رشتہ ہو (کتاب الاقدس مازندرانی فقرہ ۲۳۵)

Marfat.com

یہ ہے ان کا دعویٰ مساوات مرد وزن۔

☆ بہاء اللہ نے مسلمانوں کی ہر لحاظ سے مخالفت کی۔ قرآن کریم کے بیان کردہ ۱۲ مہینوں کی جگہ اس نے ۱۹ ماہ بنائے اور ہر مہینے کے ۱۹ دن رکھے۔ اسی طرح ان کی پانچ عیدیں ہیں:

(۱)۔عید نوروز (۲)۔عید رضوان (۳)۔عید میلاد الباب (۴)۔عید میلاد مازندرانی (۵)۔عید المبعث (اس دن ۲۳ مئی ۱۸۴۴ء باب شیرازی نے اپنی دعوت کا آغاز کیا)

## ☆ بہائی ہال

پاکستان کے اکثر بڑے شہروں میں ان کے تبلیغی ہال موجود ہیں لاہور میں گنگا رام ہسپتال سے آگے دائیں طرف گولڈن روڈ پر دوسری عمارت ان ہی بہائیوں کی ہے۔ جس پر ''حظیرۃ القدس محفل ملی روحانی بہائیاں'' کا بورڈ آویزاں ہے۔

کراچی میں بزنس ریکارڈ روڈ نزد گرومندر چوراہے پر ایک عمارت پر بہائی ہال کے نام سے نمایاں بورڈ موجود ہے۔

بمبئی میں لوٹس ٹیمپل کے نام سے بہائیوں نے ایک عمارت بنائی ہے جس کی شکل کنول کے پھول کی طرح ہے۔ اس میں ہر مذہب کی عبادت کے لیے جگہیں موجود ہیں۔ جہاں آنے جانے والے اپنے عقیدے کے مطابق عبادت کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

## ☆ڈاکٹر ذاکر صاحب کی فکری گمراہی

زیرنظر کتاب میں بمبئی۔ کیرالا۔ حیدرآباد انڈیا۔ مقبوضہ کشمیر میں مختلف عنوانات سے کی گئی تقاریر سے اقتباسات نقل کیے گئے ہیں۔ یہ تقاریر سی ڈی کی صورت میں مل جاتی ہیں۔ اور خطبات ذاکر نائیک کے نام سے بھی طبع ہو چکی ہیں۔ عام قاری کی سہولت کے لیے ہم نے ان اقتباسات کے صفحات کا ذکر بھی کر دیا ہے۔ کراچی پاکستان میں کئی گھنٹوں پر مشتمل ایک طویل ٹی وی پروگرام ''گفتگو'' سے بھی اقتباسات نقل کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ اقتباسات ایسے ہیں جن کے ساتھ کوئی حوالہ نہیں ہے۔ یہ سوالات اور ان کے جوابات ایک انگریزی روزنامے ''ARAB NEWS'' میں شائع ہوتے رہے ہیں پھر یہ اردو میں ترجمہ ہو کر ''دین کا راستہ'' کے عنوان سے ماہنامہ ''رابطہ'' میں شائع ہوتے رہے۔ ازاں بعد انھیں ایک عرصے سے موضوع وار مرتب کر کے ایکارپی کے زیر اہتمام دو جلدوں میں ''اسلامی طرزِ فکر'' کے عنوان سے مفت تقسیم کرنے کیلئے شائع کیا جا تا رہا ہے۔ اس ''گمراہ طرز فکر'' کو سوالاً جواباً اس کتاب میں شامل کیا جا رہا ہے اس کے ساتھ ہی اس طرز فکر کی اصلاح کی خاطر درست جواب بھی شامل کیے جا رہے ہیں تا کہ عام قاری اس فکری گمراہی کا شکار نہ ہو۔

## ☆قرآن سائنس کی کتاب نہیں

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر بعنوان ''کیا قرآن اللہ کا کلام ہے'' میں ایک جگہ کہتے ہیں:

''فرض کیجیے کہ ایک مولانا جو کہ تاریخ اسلام کے بہت بڑے عالم ہیں لیکن سائنسی علم سے بہرہ ور نہیں ہیں۔ میں بہت سے مولانا کو جانتا ہوں کہ اسلام اور سائنس دونوں کا علم رکھتے ہیں، لیکن یہاں فرض کیجیے کہ ایک مولانا ہیں جو کہ اسلامی تاریخ سے تو آشنا ہیں لیکن سائنس سے نہیں۔ اور فرض کیا کہ آپ اس مولانا کے پاس چلے جاتے ہیں اور اسے بتاتے ہیں کہ قرآن میں یہ ایک سائنسی غلطی ہے۔ چونکہ وہ اس سائنسی خامی کی تردید نہیں کر پاتا لہٰذا وہ اسے صحیح سمجھ لیتا ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ قرآن کلامِ خدا نہیں ہے۔ کیونکہ قرآن سورۃ نساء آیت نمبر 59 میں بتاتا ہے کہ ''اس شخص سے پوچھو جو کہ زبردست علم رکھتا ہے۔'' اگر آپ قرآن کے متعلق کچھ پوچھنا چاہتے ہیں اور وہ سائنس سے

Marfat.com

متعلق ہے تو آپ کسی سائنسدان سے پوچھیں اور وہ آپ پر واضح کرے گا کہ قرآن کیا کہتا ہے۔"

(بحوالہ خطبات ڈاکٹر ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 162)

جناب ذاکر نائیک صاحب "قرآن اور جدید سائنس" کے تعارف میں کہتے ہیں:

"آیئے ہم قرآن کا مطالعہ اس نظر سے کرتے ہیں کہ کیا قرآن اور جدید سائنس ہم آہنگ ہیں یا نہیں؟ قرآن سائنس کی کتاب نہیں ہے۔ بلکہ یہ نشانیوں یعنی آیات کی کتاب ہے۔ یعنی قرآن میں چھ ہزار سے زائد نشانیاں ہیں جن میں سے ایک ہزار سے زائد صرف سائنس سے متعلق ہیں۔

جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ سائنس بہت دفعہ یوٹرن لیتی ہے۔ اس کتاب میں، میں نے صرف تسلیم شدہ سائنسی حقائق کو ملحوظ خاطر رکھا ہے اور ان (Hypotheses) اور نظریات (Theories) کو ذکر نہیں کیا جو کہ ابھی تک محض مفروضے ہیں اور جن کا تا حال کوئی ثبوت نہیں ہے۔" (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 68)

☆ اصل میں قرآن کو سائنس یا بائیالوجی یا فزکس کی کتاب سمجھ لیا گیا ہے اور اس میں ہر چیز کے متعلق معلومات تلاش کرتے پھرتے ہیں۔ حالانکہ اس کتاب کا اصل مقصود نسل انسانی کو ہدایت دینا ہے۔ اس کے معجزہ ہونے کا تعلق اس کی فصاحت و بلاغت اور حیران کن اسلوب سے ہے۔ نہ کہ ڈاکٹر صاحب کے بیان کردہ لفظوں کے بے مقصد الٹ پھیر سے۔

ڈاکٹر صاحب بیان کر چکے ہیں کہ قرآن سائنس کی کتاب نہیں ہے۔ بلکہ یہ نشانیوں یعنی آیات کی کتاب ہے۔ نیز یہ بھی مانتے ہیں کہ سائنس بہت دفعہ یوٹرن لیتی ہے۔ چنانچہ اگر قرآن میں سائنس سے متعلق سوال کا جواب نہ ملے تو اس کے معجز ہونے میں کوئی فرق نہ آئے گا اور نہ ہی اس میں کوئی نقص لازم آئے گا۔ ایسے ہی وہ مولانا جو کہ سائنس سے آشنا نہیں اور کسی سائنسی خامی کی تردید نہیں کر پاتے تو بھی کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

سب لوگ بخوبی جانتے ہیں کہ ابن سینا منطق و فلسفہ اور طب دونوں میں مہارت رکھتا تھا۔ اور اس نے ان دونوں فنون پر کتب تحریر کی ہیں۔ اگر کوئی شخص کہے کہ اس نے اپنی کتاب القانون جو کہ طب

Marfat.com

کے موضوع پر ہے اس میں منطق کا فلاں مسئلہ کیوں بیان نہیں کیا۔تو یہ اس شخص کی جہالت کا بین ثبوت ہے۔اسی طرح ہر چیز کے قرآن سے ثبوت کا مطالبہ کرنے والے جہل مرکب میں مبتلا ہیں۔خود کہہ رہے ہیں قرآن سائنس کی کتاب نہیں ہے۔اور اگر گذشتہ دنوں کے سائنسی حقائق کئی دفعہ یوٹرن لے چکے ہیں تو کیا یہ ممکن نہیں کہ ڈاکٹر ذاکر صاحب کے ذکر کردہ سائنسی حقائق یوٹرن لے لیں۔

حضرت معاذۃ رحمہ اللہ علیہا ایک تابعی خاتون تھیں۔بڑی عالمہ فاضلہ تھیں۔انہیں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خصوصی شاگردی کا شرف حاصل ہے۔مسلم شریف جلد ا صفحہ ۱۵۳ پر ان سے ایک روایت درج ہے۔انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا کہ رمضان میں کسی عورت کو حیض آجائے تو وہ روزوں کی قضاء کرتی ہے لیکن نمازوں کی قضاء نہیں کرتی۔تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ان سے پوچھا ''اخرورية انت '' کیا تو خرورية ہوگئی ہے یعنی نیچری ہوگئی ہے؟۔کہ احکام شریعت میں ٹانگ اڑاتی ہے۔انہوں نے کہا میں خرورية نہیں ہوئی دین میں ٹانگ اڑانا میرا مقصد نہیں صرف حکمت معلوم کر رہی ہوں۔حرور ایک خوارج کا گاؤں تھا۔یہ لوگ دین و شریعت کو اپنی عقل کے معیار سے جانچنے کی کوشش کرتے تھے اور اپنی سمجھ کے ترازو میں تولتے تھے۔اسی لئے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضرت معاذۃ رحمہ اللہ علیہا سے فرمایا کہ کیا تو دین میں اپنی عقل کو دخل دے رہی ہے یہ تو ان لوگوں کا طریقہ ہے جو حروراء بستی میں رہتے ہیں۔اسی لئے اس لفظ کا ترجمہ ''نیچری'' کیا گیا ہے۔آج کے دور میں بہت سے لوگ دین کو اپنی عقل کی کسوٹی پر پرکھنا چاہتے ہیں جب سمجھ نہیں آتا تو منکر ہو جاتے ہیں۔بہر حال حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حکمت نہیں بتائی بلکہ ایک مومنانہ مضبوط جواب دے دیا کہ عمل کرنے کے لئے بس اتنا ہی کافی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہم لوگوں کو حیض آتا تھا تو نمازوں کی قضاء کا حکم نہیں دیا جاتا تھا اور رمضان میں حیض آجاتا تھا تو ان دنوں کے روزوں کی قضاء کا حکم دیا جاتا تھا۔درحقیقت ایک مومن بندہ کے لئے یہ جواب بالکل کافی ہے کیونکہ مقصد

Marfat.com

زندگی حکم ربی کی تعمیل ہے نہ کہ علت وحکمت کی تلاش۔

## ☆ صدر کی تعریف

جناب ڈاکٹر ذاکر نائیک اپنی تقریر ''کیا قرآن اللہ کا کلام ہے؟'' کے سوالات وجوابات میں ایک نو مسلم طالبہ کے سوال کے جواب میں کہتے ہیں کہ:

''اللہ بعض لوگوں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے۔ مہر لگائی دل پر۔ لہٰذا وہ لوگ سچائی کے قریب نہیں آتے وہ مہر بند ہیں۔ انہوں نے پوچھا کہ آج سائنس ترقی یافتہ ہے اور ہم جانتے ہیں کہ دماغ سوچتا ہے دل نہیں۔

پہلے یہ خیال کیا جاتا تھا کہ یہ دل ہے (جو سوچتا ہے) لہٰذا کیا یہ خامی نہیں ہے قرآن کی؟ اگر آپ نے غور کیا ہو تو میں نے اپنی گفتگو کے آغاز میں قرآن کی ایک آیت تلاوت کی تھی سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 25-28 جو کہتی ہے:

ترجمہ: ''اے میرے رب! میرا سینہ میرے لئے کھول دے۔''

یہاں دوبارہ لفظ ''صدر'' آیا ہے لہٰذا اللہ میرا سینہ کیوں بڑھائے۔ عربی میں صدر کے دو معنی ہیں ایک دل اور دوسرا مرکز۔ اگر آپ کراچی جائیں تو صدر ملے گا اور اسی طرح اور بھی صدر فلاں فلاں۔ لہٰذا عربی زبان میں صدر کے معنی دل کے ساتھ مرکز کے ہیں۔ لہٰذا قرآن کہتا ہے کہ ہم نے تمہارے مرکز مہر بند کر دیئے۔ دماغ۔ میرا خیال ہے کہ سوال کا جواب ہوا۔''

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 188)

ڈاکٹر صاحب نے آیت کی جو تفسیر کی ہے یہ تفسیر بالرائے ہے اور دنیا کی کسی تفسیر میں قرآن میں آنے والے لفظ ''صدر'' کے یہ معنی نہیں آئے۔ ڈاکٹر صاحب کو اس کا درست معنی نہیں آیا تو اپنی جہالت کا اقرار کرنے کی بجائے اوٹ پٹانگ جواب ہانک دیا۔ اور مطمئن ہو گئے کہ میں نے جواب دے دیا۔ اس کا درست جواب یہ نہیں

Marfat.com

## ☆ قرآن سمجھانا علماء کا کام نہیں

ڈاکٹر صاحب حیدرآباد کی ایک تقریر میں کہتے ہیں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ قرآن سمجھنے کا کام صرف علماء کا ہے۔ عام آدمی نہیں سمجھ سکتا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ایک سورت میں چار مرتبہ سورۃ قمر میں کہتے ہیں کہ ولقدیسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر۔ ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنایا۔ جب اللہ تعالیٰ کئی آیتوں میں کہتے ہیں کہ ہم نے قرآن آسان بنایا تو آپ اللہ تعالیٰ کی بات مانیں گے یا ان مسلمانوں کی جو کہتے ہیں کہ صرف علماء کے لیے ہے۔

☆ ڈاکٹر صاحب نے تفسیر بالرائے کی ہے اور قرآنی آیت ولقدیسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر بطور دلیل پیش کی ہے۔ حالانکہ کوئی بھی یہ نہیں کہتا کہ قرآن پڑھنا صرف عالموں کا کام ہے۔ قرآن سمجھا علماء سے جائے نہ کہ عصری علوم کے ماہرین سے۔ اگر دنیا میں کوئی فن بھی ماہرین فن کی صحبت اور تربیت کے بغیر صرف مطالعہ کتب سے حاصل نہیں ہوسکتا تو قرآن کا فہم اس اصول سے کیوں مستثنیٰ ہے؟۔

جہاں تک اس آیت کا تعلق ہے تو اس میں قرآن کے نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان ہونے کا ذکر ہے۔ یعنی پچھلی قوموں کے واقعات سے عبرت پکڑنے کا بیان ہے۔ اس یہ مراد نہیں کہ یہ کتاب ہر طرح سے آسان ہے۔ اگر اس کے معانی ومفاہیم ہر طرح سے آسان ہوتے تو صحابہؓ کو قرآن کے الفاظ کے معانی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ پوچھنا پڑتے۔ مثلاً ایک صحابی کو آیت صوم میں لفظ الخیط الابیض اور الخیط الاسود کا معنی صحیح سمجھ میں نہ آیا اور وہ اسے دھاگا خیال کرتے رہے۔ بعد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا کہ اس سے مراد رات کی تاریکی اور صبح کی سفیدی ہے۔ اگر قرآن سمجھنے کا دارومدار صرف عربی جاننے پر ہوتا تو صحابہؓ جو اہل لغت تھے انہیں بعض آیات کے سمجھنے میں دشواری کا سامنا نہ ہوتا۔ اور یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرام زبان داں اور عربی فصاحت وبلاغت سے پورے طور پر واقف ہونے کے باوجود بعض آیات کا مطلب نہیں سمجھتے تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رجوع کرتے تھے۔ آیت حج (وللہ علی الناس حج البیت من استطاع

Marfat.com

الیــــه سبیلاً) نازل ہوئی تو ایک صحابی نے دریافت کیا( أَلِـعـامـنـا هـذا یـا رسـول اللـه..... الخ) یہ حکم اسی سال کے لئے ہے یا ہر سال کے لئے؟۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تشریح فرمائی کہ ہر شخص پر عمر بھر میں ایک مرتبہ حج کرنا فرض ہے بشرطیکہ اس میں فرضیت حج کی شرائط پائی جائیں۔

اس طرح تیمّم سے متعلق آیت نازل ہوئی (فان لم تجدوا مآءً فتیمموا صعیدًا طیبًا ) اگر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی سے تیمّم کرلو۔تو صحابہ کرام کو واضح طور پر معلوم نہ ہوسکا کہ یہ تیمّم صرف وضو کی ضرورت کے وقت کے لئے ہے یا غسل واجب کے لئے بھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا صحیح مفہوم متعین کیا کہ جو تیمّم وضو کا قائم مقام ہے وہی غسل کا بھی قائم مقام ہے۔

اور یہ حقیقت ہے کہ بعض اوقات کسی کلام کا صحیح مفہوم صرف مخاطب کے ذریعہ ہی متعین ہوسکتا ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے لوگوں کو علماء سے متنفر کرنے کی خاطر آیت کا مصداق ہی بدل دیا کہ ہم نے قرآن آسان بنایا تو آپ اللہ تعالیٰ کی بات مانیں گے یا ان مسلمانوں کی جو کہتے ہیں کہ صرف علماء کے لیے ہے۔اللہ تعالیٰ ایسے تلبیس کرنے والوں سے مسلمانوں کی حفاظت فرمائے۔

ڈاکٹر ذاکر صاحب اور بعض گمراہ خیال لوگوں نے یہ پھیلانا شروع کیا ہے کہ قرآن ایسی کتاب نہیں جس کا علم کسی خاص طبقہ تک محدود ہو۔ بلکہ یہ ایک آسان کتاب ہے۔قرآن کہتا ہے۔ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر (القمر)۔ہم نے قرآن آسان کردیا تا کہ لوگ اس سے نصیحت حاصل کریں تو کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا۔

چنانچہ جدید فکر والا طبقہ اپنی بساط علمی اور استعداد فکری کے مطابق قرآن کی کسی آیت کا جو معنی چاہتا ہے متعین کرلیتا ہے۔اور دوسروں کو بھی اس کی دعوت دینے لگتا ہے۔

سب سے پہلے ہمیں یہ سمجھنا ہے کہ ''قرآن آسان کردیا'' کی حقیقت کیا ہے؟۔کیا یہ عربی کی معمولی شُدبُد سے سمجھ آسکتا ہے اور کیا ہر شخص کو اس سے مسائل واحکام کے استخراج کا حق حاصل ہے؟ جیسا کہ آج کل فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے نام سے پڑھنے اور پڑھانے والے کر رہے ہیں۔ان کے

Marfat.com

نزدیک قرآن کو سمجھنے کے لئے کسی خاص علم وفن کی ضرورت نہیں۔ نیز چونکہ قرآن تو ایک آسان کتاب ہے۔اس کے فہم کے لئے کسی مستند معلم اور راہنما کی ضرورت ہی نہیں۔ ہر شخص لغت سے ترجمہ کر کے اس کا مطلب خود سمجھ سکتا ہے۔اور علماء حق جنہوں نے مسلمانوں کے دل ودماغ پر تسلط جمار کھا ہے ان کی گرفت کو ڈھیلا کر کے ان کے وقار کو ختم کر دیا جائے۔اگر اس فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لئے عربی کی معمولی استعداد کافی نہیں تو پھر کون سی شرائط ہیں جن کے بغیر کسی شخص کا فہم قرآن کا دعویٰ درست نہیں؟۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآن نے اس کو آسان کہا ہے جیسا کہ سورۃ قمر میں یہ آیت ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر متعدد بار آئی ہے۔اگر اس سورۃ میں غور کیا جائے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ شروع سورۃ میں قیامت کا ذکر ہے اور ان لوگوں پر شدید ناراضگی کا اظہار ہے جو اپنی خواہشات کی پیروی میں دن رات مشغول رہتے ہیں اور داعی حق کی آواز کو نہیں سنتے۔اس کے بعد علی الترتیب قوم نوح۔عاد۔ثمود اور لوط کی نافرمانی اور سرکشی اور اللہ کے غضب سے ان کے تباہ وبرباد ہو جانے کا بیان ہے۔اور پھر ہر واقعہ کے بعد بطور تنبیہ کہا گیا۔فکیف کان عذابی و نذر.....فھل من مدکر۔ پس کس طرح پورا ہوا ان کے لئے میرا عذاب اور ڈرانا.....پس کیا کوئی ہے (اس سے) نصیحت حاصل کرنے والا؟

اس آیت کا سیاق اور اس کا ماقبل سے ربط بتا رہا ہے کہ نصیحت حاصل کرنے کے لئے قرآن کی آسانی بیان فرما کر اس سے سبق لینے کی دعوت دی گئی ہے۔قرآن کی زبان میں اس کے آسان ہونے کے کیا معنی ہیں؟۔آیئے ایک دوسری جگہ سورۃ مریم میں ملاحظہ کیجیے۔فانما یسرنہ بلسانك لتبشر بہ المتقین و تنذر بہ قوما لدًا۔ (اور بے شک ہم نے قرآن کو تمھاری زبان میں آسان کر دیا ہے تا کہ تم اس کے ذریعہ پرہیز گاروں کو خوش خبری سناؤ اور جھگڑالو قوموں کو ڈراؤ)

اس آیت کا مقصد یہ ہے کہ قرآن میں ترغیب وترہیب سے متعلق جو باتیں بیان کی گئی ہیں وہ اس قدر صاف اور واضح ہیں کہ نیک لوگوں کو فلاح کی خوش خبری سنائیں اور سرکشوں کو وعید تا کہ وہ

Marfat.com

سمجھیں کہ جو قادر مطلق عاد وثمود کی سرکش قوموں کو صفحہ ہستی سے مٹا سکتا ہے اور قوم لوط پر پتھروں کی بارش کر کے انہیں ختم کر سکتا ہے وہ اگر چاہے تو ان سرکشوں کو بھی سب کچھ کر سکتا ہے۔

چنانچہ قرآن کے سہل ہونے کے معنی اس کی تعلیمات کا آسان ہونا ہے۔ وہ جن حقائق کی طرف لوگوں کو متوجہ کرتا ہے وہ واضح ہیں اور ان پر عمل کرنا بھی دشوار نہیں۔ ان احکام کو جتنا ایک عربی دان سمجھ سکتا ہے اتنا ہی غیر عربی دان بھی اردو یا کسی اور زبان کا ترجمہ دیکھ کر معلوم کر سکتا ہے۔

لیکن فہم قرآن سے مراد اگر وہی ہے جس کا ذکر اوپر کیا کہ بعض چیزوں کے متعلق حسن وقبح کے احکام معلوم ہو جائیں تو پھر یہ قابل اختلاف نہیں۔ اور اگر اس فہم قرآن سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص مجتہدانہ طور پر احکام کا استنباط کر سکے۔ قرآن کی کسی آیت کو پڑھ کر اس کے واقعی اور حقیقی مفہوم کو متعین کر سکے۔ اس کے معیار بلاغت کو دریافت کر کے یہ سمجھ سکے کہ یہاں کلام کا مقتضائے حال کیا ہے اور کس چیز پر زیادہ زور دینا منظور ہے؟۔ اس کا مدلول مطابقی اور مدلول التزامی کیا ہے اور یہاں کیا مراد ہے؟ تو یہ بات یقینی ہے کہ اس مراد وغرض کے اعتبار سے فہم قرآن کسی ترجمہ کے دیکھ لینے یا خود ترجمہ کر لینے سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ بلکہ اس کے لئے خاص شرائط وآداب ہیں کہ جب تک وہ نہ پائے جائیں کوئی شخص فہم قرآن کا مدعی نہیں ہو سکتا۔ جیسا کہ پارہ ۳ سورۃ آل عمران آیت ۷ میں ہے۔ هو الذی انزل علیك الكتب منه آيت محكمات هن أم الكتب وأخر متشبهت۔ (وہ خدا وہی ہے جس نے آپ پر کتاب نازل کی اس کی بعض آیتیں عام فہم ہیں وہ اس کتاب کی اصل ہیں اور دوسری کئی پہلو والی ہیں) اس آیت میں یہ بتایا گیا ہے کہ سب آیتیں یکساں نہیں بلکہ مراد کے واضح اور مخفی ہونے کے اعتبار سے ان میں باہمی فرق ہے۔ آگے مزید وضاحت فرمادی۔ فاما الذين فی قلوبهم زيغ فيتبعون ما تشابه منه ابتغآء الفتنة وابتغآء تاويله.....الخ۔ (پس جن لوگوں کے دل میں کجی ہے وہ فتنہ کی جستجو اور اصل حقیقت معلوم کرنے کی غرض سے کتاب میں سے ان آیات کے پیچھے پڑتے ہیں جن میں کئی پہلو نکلتے ہیں حالانکہ ان آیات کی اصل حقیت صرف اللہ اور علماء راسخین جانتے ہیں جب کہ وہ کہتے ہیں ہم اس پر ایمان

Marfat.com

لے آئے۔ سب کچھ ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے اور نصیحت تو عقلمند ہی پڑھتے ہیں) اس آیت سے مزید معلوم ہوا کہ قرآن کی بعض آیات ایسی بھی ہیں جن کی مراد اللہ کے سوا صرف علما راسخین کو معلوم ہوسکتی ہے، ہر شخص خواہ عالم راسخ ہو یا نہ ہو ان آیات کی مراد تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا۔ چونکہ قرآن میں اصول اور کلیات کا ذکر ہے جزئیات کا نہیں۔ اس لئے قرآن فہمی تب ہی ہوگی جب اصول سے فروع اور کلیات سے جزئیات کے استخراج و استنباط کی صلاحیت ہو۔ استنباط مسائل اور استخراج احکام میں سب لوگوں کی صلاحیت یکساں نہیں ہوتی اس لئے ان میں بھی باہمی فرق ہوگا۔ حتی کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین بھی فہم قرآن میں برابر نہ تھے۔ ایک مفسر قرآن اور مشہور تابعی حضرت مسروق رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ ''میں نے صحابہ کرام سے فیض حاصل کیا تو دیکھا کہ ان کا علم چھ بزرگوں کی طرف لوٹتا ہے۔ حضرت عمر۔ حضرت علی۔ حضرت عبداللہ بن مسعود۔ حضرت معاذ۔ حضرت ابودردا اور حضرت زید بن ثابت رضوان اللہ علیہم اجمعین کی طرف (طبقات ابن سعد جلد ۲ صفحہ ۱۰۴)

بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی بلکہ قرآن فہمی میں ان حضرات کا درجہ بھی مختلف ہے۔ حضرت مسروق رحمہ اللہ نے آگے فرمایا کہ میں نے ان چھ بزرگوں سے شرف صحبت حاصل کیا تو دیکھا کہ ان سب کا علم حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود پر ختم ہوگیا۔

ہمارے ہاں ہر وہ شخص جو عربی میں معمولی سُدبد پیدا کر لیتا ہے خود کو قرآن کے حقائق و مطالب پر کلام کرنے کا مستحق سمجھتا ہے اور ائمہ تفسیر کے برخلاف خود اپنی طرف سے جدت بیانی کرتے ہوئے کوئی خوف محسوس نہیں کرتا۔ لغت اور ادب کے بڑے امام حضرت اصمعی رحمہ اللہ جنہوں نے برسوں اس کام پر صرف کیے۔ قرآن کے بارے میں احتیاط کا یہ عالم تھا کہ جب ان سے کسی آیت کی بابت دریافت کیا جاتا تو کہتے۔ ''عرب اس کے یہ معنی بیان کرتے ہیں میں نہیں جانتا اس سے کیا مراد ہے (المزہیر جلد ۲ صفحہ ۲۰۴)

چنانچہ فہم قرآن کا معاملہ ایسا آسان نہیں کہ ہر شخص خواہ اہل ہو یا نہ ہو کلام الٰہی کی نسبت طبع آزمائی

Marfat.com

کرنے لگے۔امام شافعی رحمہ اللہ کے بقول جب تک کسی شخص میں عربی عبارت کو عربی کے ہی انداز فہم وتعبیر کے مطابق سمجھنے کی صلاحیت نہیں ہوگی وہ قرآن مجید کے بلیغ اسلوب بیان اور اس کے مخصوص انداز تعبیر سے واقف نہیں ہوسکے گا۔اور قرآنی مفہوم کے بہت سے پہلو اس کی عقل میں نہ آ سکیں گے۔بعض اوقات کلام میں کوئی لفظ محذوف ہوتا ہے اور اس بنا پر مختلف معنی مراد لئے جاسکتے ہیں۔لیکن اہل زباں کے نزدیک اس کا صرف ایک ہی مفہوم ہوسکتا ہے اور وہاں وہی مراد ہوتا ہے۔آج کل کے عربی دانوں کے مطابق ایک واقعہ پڑھیے اور سر دھنئے۔حضرت مرزا مظہر جان جاناں رحمہ اللہ نے ایک مرتبہ پشاور کے ایک مرید سے جسے دہلی رہتے ہوئے عرصہ بیت چکا تھا فرمایا۔''میاں ذرا صراحی اٹھالانا اور دیکھنا پیٹ پکڑ کر اٹھانا''۔سمجھدار مرید نے ایک ہاتھ سے صراحی کی گردن پکڑی اور دوسرے ہاتھ سے اپنا پیٹ پکڑا اور اس شان سے صراحی حضرت شیخ کے سامنے لا کر رکھ دی۔زباں دانی اور ذوق لسانی کا فرق ملاحظہ کیجئے ایک عرصہ دہلی میں رہنے کی وجہ سے وہ مرید اردو داں ضرور ہوگیا لیکن زباں کے ذوق سے بالکل بے بہرہ تھا۔ورنہ اسے معلوم ہوتا کہ'' پیٹ پکڑ کر اٹھانا'' میں پیٹ کس کا ہوگا صراحی کا یا اپنا۔اہل زباں کے نزدیک تو اس کا صرف ایک ہی مفہوم ہوسکتا ہے۔آج کل کے عربی دانوں کی حالت پر بے اختیار اپنا پیٹ پکڑنے کو جی چاہتا ہے۔

پس ہر کلام کا صرف ایک ہی مفہوم ہوتا ہے۔علما بلاغت نے اسی بنا پر کہا ہے کہ الفاظ میں ترادف ہے ہی نہیں۔اور کلام کا مطلب صرف ایک ہی ہوسکتا ہے۔غیر زباں دان تو طرح طرح کی تاویلیں کرتا ہے لیکن صحیح مخاطب جب اس کلام کو سنتا ہے تو فوراً ایک مفہوم متعین کر لیتا ہے۔

اس حقیقت کو بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا کہ بلاغت کے مدارج ومراتب لامحدود ہیں۔یعنی کسی کلام کے متعلق یہ دعویٰ نہیں کیا جاسکتا کہ اس پر بلاغت ختم ہے۔کیونکہ بلاغت کی تعریف کلام کا مقتضی حال کے مطابق ہونا ہے۔اور ذرا ذرا سے فرق سے حال اور مقتضی حال کی مطابقت کی اس قدر قسمیں پیدا ہوتی ہیں کہ ان کا شمار نہیں ہوسکتا۔اس کی ایک مثال لیجئے کہ فلسفہ اخلاق میں کسی قوت کے اعتدال سے جو ملکہ پیدا ہوتا ہے فضیلت کہلاتا ہے۔اور اس کے برخلاف قوت کی افراط وتفریط

Marfat.com

سے جو ملکہ پیدا ہوتا ہے اسے رذائل میں شمار کرتے ہیں۔ کسی ملکہ کا اچھا یا برا ہونا ایک دوسرے کے اعتبار سے ہی متصور ہو سکتا ہے۔ لیکن ان اقسام کی تحدید و تعیین نہیں کی جا سکتی۔ تھوڑے تھوڑے فرق و امتیاز سے اور قوت اعتدال کی کمی بیشی کے لحاظ سے جس طرح بے شمار رذائل نکل آتے ہیں ان کے مقابل لاتعداد فضائل بھی پیدا ہوتے جاتے ہیں۔ یہی حال بلاغت کے مدارج و مراتب کا ہے۔ کلام خواہ کتنی ہی بلاغت رکھتا ہو کسی دوسرے کلام سے کمتر ہو سکتا ہے۔ اب بلاغت کے مدارج کا لامحدود ہونا سامنے رکھتے ہوئے علما بلاغت کی بات پر غور کریں کہ قرآن بلاغت کے اس انتہائی مرتبہ کو حاوی ہے جو کسی کلام کے لئے انتہائی سے انتہائی مرتبہ ہو سکتا ہے۔

اس تمہید سے عربیت کے صحیح ذوق کا مطلب واضح ہو جاتا ہے کہ ائمہ عرب کے کلام کی مزاولت و ممارست سے ایسا ذوق پیدا ہو جائے کہ عربی کلام کے مدلول اور منطوق کو سمجھ سکے۔ اس کے اشارات و کنایات سے واقف ہو۔ الفاظ کا صحیح مفہوم متعین کر سکے۔ پس اس طرح کا ذوق عربیت سالہا سال کی عرق ریزی۔ محنت و کاوش۔ عمیق و وسیع مطالعہ اور بہترین دماغی اور ذہنی صلاحیتوں کے کار آمد بنانے کے بعد ہی حاصل ہے۔ اور قرآن بلاغت کے جس مرتبہ پر فائز ہے اسکے لئے صرف ان حضرات کے علاوہ جن کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صحبت سے فیض یاب کیا۔ کوئی دوسرا دعویٰ کے ساتھ نہیں کہہ سکتا کہ کسی آیت کا مطلب وہی ہے جو اس نے سمجھا ہے۔ اسی لئے تفسیر بالرائے کو منع کیا گیا۔ جیسے چند پہلے متجددکرتے رہے اور اب ڈاکٹر ذاکر صاحب یا اسی قسم کے دیگر متجددکر رہے ہیں۔ عربی کی معمولی شُد بُد حاصل کر لینے سے کسی کو یہ حق ہرگز نہیں پہنچتا کہ وہ مدعیانہ رنگ میں ان لوگوں کے مقابل آئے جنہوں نے اپنی عمریں ان ہی علوم اسلامیہ کی خدمت میں بسر کی ہیں۔ سائل کی حیثیت سے آپ اپنے شکوک و شبہات کو علما کرام کے سامنے رکھ کر جواب کے طالب ہو سکتے ہیں۔ لیکن مخصوص خیالات کو ذہن میں سمو کر عربیت سے ناواقفیت ہونے کے باوصف مجتہدانہ انداز میں کلام کرنا جائز نہیں اور نہ ہی یہ اجازت ہے کہ ایسا شخص کسی امام پر جس کی بات اس کے خیال کے موافق نہ ہو بے تکلف تنقید شروع کر دے۔

Marfat.com

اب صرف دو ہی صورتیں ہیں کہ یا تو خود عربیت کا ذوق پیدا کیجئے اور علوم اسلامیہ کی تکمیل کر کے بصیرت ونظر حاصل کیجئے یا پھر ائمہ اسلام اور علما دین پر اعتماد کیجئے۔اس کے سوا کوئی تیسری صورت نہیں ہے۔

وہ جدیدیت زدہ حضرات جو فہم قرآن کے مدعی ہیں اور دوسروں کو ترجمہ قرآن پڑھا رہے ہیں۔انہیں بتانا چاہیے کہ وہ کہاں تک اس دعویٰ کے اہل ہیں۔قرآن اگرچہ آسان ہے لیکن کسی چیز کے آسان ہونے کا یہ مطلب بھی نہیں کہ اس کے سمجھنے کے لئے نہ اس کے بنیادی اصول جاننے کی ضرورت ہے اور نہ اس کے لئے کچھ اصول موضوعہ ہیں جن کو سمجھنا ضروری ہے۔جب الفاظ قرآن کے مدلولات کا علم نہ ہوگا جو کہ علم لغت کے بغیر ممکن نہیں۔پھر علم تصریف۔بیان اور بدیع کی ضرورت ہے۔معانی پر الفاظ کی دلالت حقیقی اور دلالت مجازی سے واقفیت بھی ضروری ہے۔کیونکہ کبھی الفاظ کی ترکیب اپنے ظاہر کے اعتبار سے کسی چیز کا اقتضا کرتی ہے لیکن کے لئے کوئی مانع ہوتا ہے۔چنانچہ الفاظ سے مجازی معنی مراد لینے پڑتے ہیں۔اس کے علاوہ نسخ وسبب نزول کا علم بھی ضروری ہے تا کہ قرآن کی مبہم باتیں بھی معلوم ہوسکیں۔(تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔شرح احیاء العلوم للمرتضیٰ الزبیدی۔جلد۴ صفحہ۵۳۶)

امام ابوبکر الباقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔من زعم انه يمكنه ان يفهم شيئا من بلاغة بنفسه فهو كاذبٌ مُبْطِلٌ (الاتقان للسیوطی) جو شخص یہ خیال کرتا ہے کہ وہ خود بلاغت کی مشق وممارست کئے بغیر قرآن مجید کی بلاغت کو تھوڑا بہت سمجھ سکتا ہے۔وہ جھوٹا اور باطل گو ہے۔

اس کے بعد ڈاکٹر ذاکر صاحب۔چوہدری صاحب یا راہنمائے ترجمۃ القرآن والے موصوف خود سوچ لیں۔

امام بیہقی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ اگر میرے پاس کوئی ایسا شخص لایا جائے جو عربی زبان سے واقف نہ ہو اور اس کے باوجود کلام اللہ کی تفسیر کرتا ہو تو میں اس شخص کو سزا دوں گا۔(شرح احیاء العلوم للمرتضیٰ الزبیدی۔جلد۴ صفحہ۵۳۹)

حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں "جو شخص اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہے اس کے لئے جائز نہیں کہ وہ اللہ کی کتاب کے متعلق کلام کرے اگر وہ لغات عرب کو نہیں جانتا"۔

Marfat.com

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا۔ جو شخص عربیت سے ناواقف ہے وہ بسا اوقات ایک آیت پڑھتا ہے اور اسی طرح کسی لفظ کو پڑھتا ہے کہ وہ اس کے لئے باعث ہلاکت بن جاتا ہے۔

چنانچہ ہماری درخواست ان لوگوں سے بھی ہے جو عربی دانی کے شوق میں ان بے استادوں کے چُنگل میں پھنس گئے ہیں کہ اپنی عربی دانی کے لئے قرآن کو تختہ مشق نہ بنائیں۔

قرآن سے جہاں تک نصیحت حاصل کرنے کا تعلق ہے اس میں کسی عالم وغیر وعالم کی تخصیص نہیں کی جاتی البتہ جب قرآن کے علم کا ذکر کیا جاتا ہے تو اسے ان لوگوں کے ساتھ مخصوص کر دیا جاتا ہے جو مفہوم کلام پر مکمل طور پر حاوی ہو کر احکام کا استنباط کر سکیں۔ اور یہ تقسیم عمل کا اصول ہے۔

## ☆عموم قدرت کا انکار

ذاکر نائیک اپنی تقریر ''کیا قرآن اللہ کا کلام ہے؟'' کے سوالات وجوابات میں ایک جگہ کہتے ہیں:

''اس طرح خدا (ایک شخص میں بیک وقت) اونچا، پستہ قد کی تخلیق نہیں کر سکتا۔ ہاں وہ لمبے شخص کو چھوٹے قد میں تبدیل کر سکتا ہے لیکن وہ اس کے بعد لمبا نہیں رہے گا۔ وہ چھوٹے قد کو لمبے میں تبدیل کر سکتا ہے تو وہ شخص پھر چھوٹا نہیں رہے گا۔ لیکن آپ کے پاس لمبا، چھوٹا شخص نہیں ہو سکتا۔ آپ کے پاس درمیانہ آدمی ہو سکتا ہے جو نہ لمبا ہو اور نہ چھوٹا۔ اسی طرح اللہ سبحانہٗ تعالیٰ موٹا پتلا آدمی نہیں بنا سکتے۔ یہاں ہزاروں ایسی چیزیں میں گنوا سکتا ہوں جو اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نہیں کر سکتے۔ اللہ جھوٹ نہیں بول سکتا۔ جب وہ جھوٹ بولے تو وہ اس لمحے خدا نہیں رہتا۔ خدا نا انصاف نہیں ہو سکتا۔ جس لمحے وہ نا انصاف ہوتا ہے تو وہ خدا نہیں رہتا۔'' (بحوالہ خطاب ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 205)

☆ اللہ تبارک وتعالیٰ تو قرآن میں فرماتے ہیں اِنَّ اللّٰہ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ مگر ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں کہ اللہ کئی چیزوں پر قادر نہیں۔ کیا یہ اللہ کے عموم قدرت کا انکار نہیں؟۔

باقی رہا ڈاکٹر صاحب کا یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ لمبا چھوٹا آدمی بنانے پر قادر نہیں۔ تو یہ ڈاکٹر صاحب کی سوء فہم کا نتیجہ ہے۔ کیونکہ قدرت ممکنات پر ہوتی ہے۔ بیک وقت لمبا اور چھوٹا ہونا اجتماع نقیضین ہے جو محال ہے۔ ایسے اعتراضات تو دہریوں کے ذہن میں بھی نہیں پیدا ہوتے تھے۔

Marfat.com

## ☆ اجتہاد اور تقلید

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی گفتگو بعنوان عالمی بھائی چارہ میں ایک سوال کے جواب میں کہتے ہیں۔

"بعض مسلمانوں سے جب پوچھا جائے کہ تم کون ہو تو جواب ملتا ہے میں حنفی ہوں۔ بعض کہتے ہیں میں شافعی ہوں۔ بعض کہتے ہیں میں مالکی ہوں اور بعض کا جواب ہوتا ہے میں حنبلی ہوں۔

سوال یہ ہے کہ ہمارے پیغمبر حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا تھے؟ کیا وہ حنفی تھے؟ حنبلی تھے؟ مالکی تھے؟ یا شافعی تھے؟ وہ صرف اور صرف مسلمان تھے۔

قرآن کی سورۃ آل عمران سورۃ نمبر 3 آیت نمبر 52 میں ارشاد ہے:

ترجمہ: جب عیسیٰ علیہ السلام نے محسوس کیا کہ بنی اسرائیل کفر اور انکار پر آمادہ ہیں تو اس نے کہا کون اللہ کی راہ میں میرا مددگار ہوتا ہے۔"

حواریوں نے جواب دیا۔ ہم اللہ کے مددگار ہیں۔ ہم اللہ پر ایمان لائے۔ آپ گواہ رہیں کہ ہم مسلمان ہیں۔

ایک اور جگہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔ سورۃ نمبر 41 حم السجدہ آیت نمبر 33

ترجمہ:۔ "اور اس شخص کی بات سے اچھی بات اور کس کی ہوگی جس نے اللہ کی طرف بلایا اور نیک عمل کیا اور کہا کہ میں مسلمان ہوں۔"

یعنی اچھا وہ ہے جو کہے کہ میں مسلم ہوں۔ جب بھی کوئی آپ سے یہ سوال کرے کہ آپ کون ہیں؟ تو آپ کا جواب ہونا چاہئے کہ میں مسلمان ہوں۔ اس میں کوئی حرج نہیں اگر

کوئی یہ کہے کہ مجھے بعض معاملات میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ یا کسی اور عظیم عالم کی رائے سے اتفاق ہے۔ یا یہ کہ میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ یا امام ابن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے فیصلوں سے اتفاق کرتا ہوں۔ میں ان تمام فقہاء کا احترام کرتا ہوں۔ اگر کوئی امام ابوحنیفہؒ یا امام شافعیؒ کی تقلید کرتا ہے تو میرے نزدیک اس میں اعتراض والی کوئی بات نہیں لیکن جب آپ کی

Marfat.com

پہچان کے بارے میں سوال کیا جائے تو آپ کا جواب ایک ہونا چاہئے اور وہ یہ کہ میں مسلمان ہوں۔(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک۔اسلام پر کئے جانے والے سوالات اوران کے تحقیقی جوابات صفحہ379۔380)

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام پر چالیس اعتراضات'' کے سوالات وجوابات میں ایک اور جگہ کہتے ہیں:

''اس لئے سب مسلمانوں کو قرآن اور صحیح حدیث پر عمل کرنا چاہئے اور آپس میں تقسیم نہیں ہونا چاہئے۔قرآن میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں،سورۃ انعام سورۃ نمبر6 آیت نمبر159 میں:

ترجمہ:۔''بے شک جن لوگوں نے تفرقہ ڈالا اپنے دین میں اور گروہ در گروہ ہو گئے آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں۔ان کا معاملہ فقط اللہ کے حوالے ہے۔پھر وہ انہیں جتلا دے گا وہ جو کچھ کرتے تھے۔''

اس آیت میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ایسے لوگوں سے مسلمانوں کو الگ رہنے کا حکم دیا ہے جنہوں نے دین کو فرقوں میں بانٹ رکھا ہے۔جب کسی مسلمان سے پوچھا جاتا ہے کہ تم کون ہو تو عموماً یہ جواب ملتا ہے کہ میں سُنی ہوں یا میں شیعہ ہوں اسی طرح کچھ لوگ اپنے آپ کو حنفی،شافعی،مالکی یا حنبلی کہتے ہیں اور کوئی یہ کہتا ہے کہ میں دیوبندی ہوں یا بریلوی ہوں۔ایسے لوگوں سے یہ پوچھا جا سکتا ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا تھے؟ کیا وہ حنبلی،شافعی،حنفی یا مالکی تھے؟ بالکل نہیں۔وہ اللہ کے تمام پیغمبروں جیسے ہی مسلمان تھے جو ان سے پہلے ہوئے۔

اسلام کے ماننے والے اس بات کے پابند ہیں کہ وہ خود کو مسلمان کہیں۔اگر ایک شخص اپنے آپ کو مسلمان سمجھتا ہے تو جب اس سے پوچھا جائے کہ تم کون ہو تو اسے جواب دینا چاہئے کہ میں مسلمان ہوں۔اسے اپنے آپ کو حنفی اور شافعی وغیرہ نہیں کہنا چاہئے۔قرآن میں سورہ حٰم سجدہ سورۃ نمبر41 آیت نمبر33 میں ہے:

ترجمہ:۔''اور اس سے بہترین کس کا قول ہے جو بلائے اللہ کی طرف اور اچھے عمل کرے اور کہے

Marfat.com

بے شک میں مسلمانوں میں سے ہوں۔"

دوسرے الفاظ میں آپ یہ سمجھیں کہ یہ آیت یہ کہنے کا حکم دے رہی ہے کہ میں مسلمان ہوں۔ ہمیں ائمہ اسلام کا احترام کرنا چاہیے جن میں امام ابوحنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ، امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ اور امام مالکؒ اور دوسرے ائمہ کرام شامل ہیں۔ یہ سارے کے سارے بڑے عالم اور فقیہ تھے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان کی تحقیق اور محنت کا اجر انہیں عطا فرمائے۔ اگر کوئی شخص امام ابوحنیفہؒ یا امام شافعیؒ کے عقائد ونظریات اور ان کی تحقیق سے متفق ہوتا ہے تو اس پر کسی کو معترض نہیں ہونا چاہیے۔ لیکن جب کوئی آپ سے یہ پوچھتا ہے کہ تم کون ہو؟ تو اسے یہ جواب دینا چاہیے کہ میں مسلمان ہوں۔ (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 438 تا 441)

ڈاکٹر صاحب ایک دوسری جگہ فرماتے ہیں

"چار فقہی مسالک (حنفی، شافعی، حنبلی، مالکی) کا آغاز دوسری صدی (ہجری) میں ہوا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ فقہی مسالک اس وقت سامنے آئے جب اسلام خاصا مستحکم ہو چکا تھا۔ یہ بات بھی ضروری نہیں ہے کہ ایک مسلمان چار فقہی مسالک میں سے کسی ایک کو لازماً اختیار کرے۔ اگر وہ دین کا کافی علم رکھتا ہے اور علم کی بنیاد پر مختلف فقہی مسالک کے درمیان موازنہ کر کے اپنے لیے راہ منتخب کر سکتا ہے تو ایسے شخص کو اپنے علم پر بھروسہ کرنا چاہیے"۔

## ☆ ہم حنفی کیوں کہتے ہیں

☆ جناب ذاکر نائیک صاحب کے لئے مولانا امین صفدر اوکاڑوی صاحبؒ کے ایک مضمون کا خلاصہ حاضر ہے کہ:

جناب حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے زمانہ میں فقہ حنفی تھی۔ امام ابوحنیفہؒ نہیں تھے۔ آپ کہیں گے کہ وہ کیسے؟ ۔ میں کہتا ہوں حدیث بخاری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تھی؟۔ آپ کہیں گے کہ تھی۔ میں کہتا ہوں کہ امام بخاریؒ حضور علیہ السلام کے زمانے میں تھے؟۔ آپ کہیں گے کہ نہیں۔ چنانچہ جیسے امام بخاری رحمہ اللہ نے حضور کے زمانہ کی حدیثیں ہی جمع کی ہیں۔ یہ

Marfat.com

حدیثیں آپ کے زمانہ میں تھیں۔اگر چہ امام بخاریؒ آپ کے زمانہ میں نہ تھے۔اسی طرح فقہ کتاب وسنت سے ماخوذ مسائل کا نام ہے اور کتاب وسنت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں موجود تھیں۔جیسے امام بخاریؒ نے احادیث کو مرتب کر دیا اسی طرح امام ابوحنیفہؒ نے کتاب وسنت میں موجود مسائل کو مرتب کر دیا ہے۔خود نہیں گھڑا۔چنانچہ امام مجتہد برملا کہتے ہیں "اَلقیاسُ مُظْهِرٌ لامُثْبِتٌ" قیاس کتاب وسنت میں موجود مسائل کو ظاہر کرتا ہے ،ثابت نہیں کرتا۔

ڈاکٹر صاحب کو معلوم ہونا چاہیے کہ چوتھی صدی تک جتنے اہل السنۃ والجماعت محدثین گذرے ان میں سے کسی نے بھی صحابہ کرامؓ کی احادیث اور تابعین رحمہم اللہ کی فقہی کاوش و فتاویٰ پر انکار نہیں کیا۔مثلاً مصنف عبدالرزاق۔مصنف ابن ابی شیبہ وغیرہ۔ایک بھی حدیث کی کتاب ایسی نہیں جس میں اجماع وقیاس کا انکار ہو بلکہ سب میں قیاسی اقوال کم وبیش ملتے ہیں۔ان کی تبویب و تخریج میں قیاس کا دخل ہے۔

ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں کہ لوگوں نے دین کو فرقوں میں بانٹ رکھا ہے کچھ لوگ اپنے آپ کو حنفی، شافعی، مالکی یا حنبلی کہتے ہیں اور کوئی یہ کہتا ہے کہ میں دیوبندی ہوں یا بریلوی ہوں۔ایسے لوگوں سے یہ پوچھا جاسکتا ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا تھے؟ کیا وہ حنبلی،شافعی،حنفی یا مالکی تھے؟

☆ فرق اتنا ہے کہ حنفی،شافعی، مالکی یا حنبلی جن مسائل پر عمل کرتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ان مسائل کا یہ نام نہ تھا کہ یہ فقہ حنفی کے مسائل ہیں۔جیسے قرآن پاک کی ساتوں قراءتیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں موجود تھیں لیکن اس وقت ان کا نام قاری عاصم کی قراءت یا قاری حمزہ کی قراءت نہیں تھا۔اسی طرح صحاح ستہ کی صحیح احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی احادیث ہیں لیکن اس وقت ان احادیث کو یہ نہیں کہتے تھے کہ یہ بخاری کی حدیث ہے۔وہ نسائی کی۔ فلاں ابن ماجہ کی اور فلاں ابوداؤد کی۔پس اگر فقہ کا انکار صرف اس وجہ سے ہے کہ اس کا نام اس وقت فقہ حنفی نہ تھا تو اس قرآن کا بھی انکار کیا جانا چاہیے کیونکہ اس وقت اس کا نام قاری عاصم کی قراءت نہ تھا۔اور صحاح ستہ کی احادیث کا بھی انکار ہونا چاہیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ان کو

Marfat.com

صحاح ستہ کی احادیث نہیں کہا جاتا تھا۔

؎ ہمہ شیران جہاں بستہ ایں سلسلہ اند　　رباہ چہ جنباند کہ بگسلد ایں سلسلہ را

☆ ڈاکٹر صاحب اور غیر مقلدین کی طرف سے یہ بات کثرت کے ساتھ کہی جاتی ہے کہ اصل فتنہ کی جڑ یہ چاروں مسلک ہیں۔(یعنی حنفی مالکی شافعی حنبلی) نہ یہ ہوتے۔نہ اختلاف ہوتا۔اس لیے ان سب کو چھوڑ دینا چاہیے ۔پھر بقول احناف اگر یہ چاروں مسلک برحق ہیں تو چاروں پر عمل کیوں نہیں کیا جاتا؟۔اس سلسلہ میں مولانا اوکاڑوی نے اپنا ایک دلچسپ واقعہ تحریر فرمایا ہے۔جس سے ان دونوں سوالوں کا بہت خوبصورت جواب نکل آتا ہے۔مولانا فرماتے ہیں:

جب میں کراچی میں تھا۔ایک دفعہ دس بارہ آدمی جن میں پروفیسر۔وکیل اور ٹیچر تھے۔آکر میرے پاس بیٹھ گئے کہ جی ہم سب پریشان ہیں۔میں نے کہا اللہ خیر کرے۔کیا پریشانی ہے؟۔(جب کوئی بڑوں کو چھوڑتا ہے تو پریشانی ساری عمر جان نہیں چھوڑتی۔آخر مرزا قادیانی مودودی اسی پریشانی ہی کی پیداوار تھے کہ بڑوں کو چھوڑا تو ساری عمر پریشان رہے) کہنے لگے کہ کیا کریں چار مذہب ہوگئے، چار چار۔میں نے کہا کہاں؟ یہاں تو ہمیں صرف ایک ہی مذہب نظر آتا ہے۔بھینگے کو کبھی ایک کے دو نظر آتے ہیں۔آپ کو ایک کے چار کیسے نظر آگئے؟۔کہتے ہیں کہ کسی ملک میں ہوں گے۔میں نے کہا پھر پریشانی ان کو ہونی چاہیے۔آپ کیوں پریشان ہوتے ہیں؟ پوچھا کہ یہ چار مذہب کیوں ہوئے؟۔میں نے کہا میں نے تو نہیں بنائے بلکہ پہلے سے چلے آرہے ہیں۔آپ پڑھے لکھے لوگ ہیں کوئی فیصلہ کرلیا ہوگا؟۔بولے جی ہاں چاروں کو ہی چھوڑ دیا جائے۔میں نے کہا ذرا جلدی نہ کرنا۔جو سات قاری ہیں۔قراءت میں ان کا اختلاف ہے۔تو یہ اختلاف بڑا ہے لہٰذا پہلے قرآن کو چھوڑ دو تا کہ نام بھی بڑا ہو اور کام بھی بڑا ہو۔پھر صحاح ستہ میں بھی اختلافی احادیث ہیں۔یہ بھی چار سے زائد ہیں لہٰذا ان کو بھی چھوڑ دو۔پھر مذاہب اربعہ کو چھوڑ دینا۔اب خاموش ہوگئے۔ایک کہتا ہے جی کیا چاروں مذہب برحق ہیں؟ میں کہا ہاں چاروں مذہب برحق ہیں۔پھر بولا کہ آپ ایک کے علاوہ دوسروں کی تقلید کیوں نہیں کرتے؟ میں نے

Marfat.com

کہا ہماری مرضی ۔ بولا مرضی کیوں ہے جب چاروں برحق ہیں تو باری باری آپ چاروں کی تقلید کیا کریں۔ میں نے کہا کہ آپ کو چار سے بڑا غصہ ہے۔ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار ہیں اور سارے ہی برحق ہیں۔ کہنے لگا ہاں۔ میں نے کہا جمعہ کے دن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تابعداری میں آپ جمعہ پڑھتے ہیں۔ تو ہفتہ کے دن یہودیوں کے ہاں بھی جاتے ہوں گے؟ کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی برحق ہیں۔ اور اتوار کے دن گرجے میں بھی جاتے ہوں گے۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی برحق ہیں۔ تو یہ سارے برحق ہیں لیکن تابعداری صرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی کرتے ہیں باقی سب کو بھی مانتے ہیں۔ کہنے لگا وہاں ناسخ منسوخ کا مسئلہ ہے۔ میں نے کہا وہاں راجح مرجوح کا مسئلہ ہے۔ کہنے لگا کہ اگر چاروں برحق ہیں تو ان میں حلال و حرام کا اختلاف کیوں ہے؟۔ میں نے کہا کہ اسی طرح انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شریعتوں میں بھی حلال و حرام کا اختلاف تھا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو سجدہ ہوا۔ اب حرام ہے۔ حالانکہ وہ بھی برحق نبی ہیں۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی برحق نبی ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کے زمانے میں سگی بہن سے نکاح جائز تھا اور آج حرام ہے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے نکاح میں دو بہنیں بیک وقت تھیں اور آج حرام ہے۔ جبکہ حضرت آدم اور حضرت یعقوب علیہما السلام بھی برحق ہیں اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم بھی برحق ہیں۔ کہنے لگا وہاں زمانوں کا اختلاف ہے۔ میں نے کہا یہاں علاقوں کا اختلاف ہے شافعی سری لنکا میں اور حنفی یہاں پر۔ جیسے سارے نبی برحق ہیں۔ ان کے عقائد میں کوئی اختلاف نہیں احکام میں اختلاف ہے۔ اسی طرح چاروں اماموں میں بھی عقائد کا اختلاف نہیں۔ البتہ احکام میں اختلاف ہے۔ کیونکہ امام انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں۔ ایک امام کی تقلید میں پوری سنت کا اجر ملتا ہے۔

اب کہنے لگا کہ قرآن مکہ مدینہ میں آیا تھا نہ کہ کوفہ میں۔ لہٰذا مکہ مدینے والے کو امام ماننا چاہیے۔ میں نے کہا سات قاریوں میں سے مکی قاری بھی تھا مدنی بھی۔ جبکہ تم تو دن رات ''عاصم کوفی'' کی قراءت پڑھتے ہو۔ لہٰذا تم سے بڑا کوفی کون ہے؟۔ اس کا دماغ کچھ ٹھکانے لگا۔ کہنے لگا کہ کوفہ

Marfat.com

والوں نے قرآن خود تو نہیں گھڑا تھا۔ بلکہ صحابہؓ جب کوفہ آئے تو قرآن بھی لے آئے۔ میں نے کہا کہ جب قرآن مکہ مدینہ سے لائے تھے تو کیا نماز وہیں رکھ آئے تھے۔ کہنے لگا کہ نماز بھی وہیں سے لائے تھے۔ میں نے کہا کہ جب اول تم نے اہل کوفہ پر قرآن کے بارے میں اعتماد کیا ہے تو نماز کے بارے میں بھی اعتماد کرنا چاہیے۔ ہمیں تو یہ نماز بھی الحمدللہ تواتر کے ساتھ پہنچی ہے۔ اور قرآن بھی تواتر کے ساتھ پہنچا ہے۔ اللہ ہماری حفاظت فرمائے کہ ایک رافضی ہمارے قرآن کو غلط کہتا ہے۔ اور دوسرا رافضی ہماری نماز کو غلط کہتا ہے۔

☆ مولانا اوکاڑوی مرحوم اپنے استاذ حضرت مولانا عبدالقدیر صاحبؒ کا یہ مقولہ اکثر نقل فرماتے تھے: ''دیکھو قرآن پاک کی پہلی سورت فاتحہ ہے۔ اسی کا نام ام القرآن ہے اور اسی پر زیادہ جھگڑے ہیں۔ کوئی فاتحہ علی الطعام پر لڑتا ہے اور کوئی فاتحہ خلف الامام پر۔ جب کہ سورۃ فاتحہ میں بنیادی طور پر دو ہی مسئلے ہیں۔ (۱) مسئلہ توحید۔ (۲) مسئلہ تقلید۔ فاتحہ علی الطعام والوں کو توحید اچھی نہیں لگتی اور فاتحہ خلف الامام والوں کو تقلید اچھی نہیں لگتی''۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب یا تو تقلید کی حقیقت سے ناآشنا ہیں یا جان بوجھ کر اس کی حقیقت کو بگاڑ رہے ہیں۔

☆ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے تقلید کی تعریف لکھی ہے۔ اِتِّبَاعُ الرِّوَایَةِ دِرَایَةً (عقد الجید) کتاب وسنت پر عمل کرنا ماہر شریعت کی رہنمائی میں۔

ڈاکٹر صاحب کو یہی معلوم نہیں کہ تقلید کن مسائل میں کی جاتی ہے۔ تقلید کون کرتا ہے اور کس کی کرتا ہے؟۔

مولانا امین صفدر اوکاڑوی صاحبؒ اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں

ہم عیسائیوں کے مقابلہ میں اپنے آپ کو مسلمان۔ اہل بدعت۔ خوارج کے مقابلہ میں اہل سنت اور شافعی وغیرہ کے مقابلہ میں حنفی کہتے ہیں۔ جیسا کہ ہم بھارتی کے مقابلہ میں اپنے آپ کو پاکستانی سرحدی کے مقابلہ میں پنجابی۔ لاہوری کے مقابلہ میں اوکاڑوی کہتے ہیں۔ اوکاڑوی پنجاب

Marfat.com

اور پاکستان کو مان کر کہا جاتا ہے کہ چھوڑ کر۔اسی طرح حنفی اپنے آپ کو اہل سنت اور مسلمان مان کر کہا جاتا ہے نہ کہ چھوڑ کر۔

ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں کہ ایسے لوگوں سے یہ پوچھا جاسکتا ہے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا تھے؟ کیا وہ حنبلی، شافعی، حنفی یا مالکی تھے؟ وہ صرف اور صرف مسلمان تھے۔

ڈاکٹر صاحب کا یہ حال ہے کہ لفظ ''یا'' کا صحیح استعمال بھی نہیں جانتے۔یہ لفظ ایک جنس کے درمیان آتا ہے۔جیسے آج نومبر ہے یا دسمبر؟۔پیر ہے یا منگل؟۔تو محمدی ہے یا موسوی؟۔حنفی ہے یا شافعی؟۔اور یہ کہنا مضحکہ خیز ہے کہ تو پاکستانی ہے یا پنجابی؟۔آج نومبر ہے یا منگل؟۔تو محمدی ہے یا حنفی؟۔جو لوگ اردو کے ایک لفظ کا صحیح استعمال نہ کرسکیں وہ کتاب وسنت کو خاک سمجھیں گے؟۔

ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں۔''یہ بات بھی ضروری نہیں ہے کہ ایک مسلمان چار فقہی مسالک میں سے کسی ایک کو لازماً اختیار کرے۔اگر وہ دین کا کافی علم رکھتا ہے اور علم کی بنیاد پر مختلف فقہی مسالک کے درمیان موازنہ کر کے اپنے لیے راہ منتخب کرسکتا ہے تو ایسے شخص کو اپنے علم پر بھروسہ کرنا چاہیے''۔

☆ مجتہد کون ہوسکتا ہے؟

ڈاکٹر صاحب نے حسب روایت اپنے سامعین کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ہے۔اس سلسلہ میں ہم مولانا اوکاڑوی کا اجتہاد وتقلید کے بارے میں مضمون پیش کررہے ہیں۔

مسائل فرعیہ دو قسم کے ہیں ا۔منصوص ۲۔غیر منصوص

منصوص کی دو اقسام ہیں (i) منصوصہ متعارضہ (ii) منصوصہ غیر متعارضہ غیر متعارض کی بھی دو قسمیں ہیں (الف) محکم (ب) محتمل

☆ یاد رکھیں کہ جو مسائل منصوص غیر متعارض اور محکم ہیں ان میں نہ اجتہاد کی گنجائش ہے اور نہ تقلید کی۔

☆ البتہ مسائل منصوصہ متعارضہ میں مجتہد رفع تعارض کر کے راجح نص پر عمل کرتا ہے۔اور مقلد بھی مجتہد کی رہنمائی میں راجح نص پر ہی عمل کرتا ہے۔خیر القرون کے مجتہد متعارضات میں جن احادیث

Marfat.com

کوراجح قرار دے کرعمل کر رہے ہوں۔ ہزارون محدثیں فقہاء مفسرین اور کروڑہا عوام ان پر عمل کرتے آرہے ہوں ان پر عمل کرنے کا نام غیر مقلدین عمل بالرائے رکھ دیتے ہیں۔اور جن احادیث کو خیرالقرون کے مجتہد نے مرجوح قرار دیا ان پر عمل کا نام عمل بالحدیث رکھ دیتے ہیں۔

☆ مجتہد مسائل غیر منصوصہ میں قواعد شرعیہ کے مطابق منصوص پر قیاس کر کے جزئی کا حکم ظاہر کرتا ہے۔ اور مقلداس حکم پر جو مجتہد نے کتاب وسنت سے استنباط کیا ہے عمل کرتا ہے۔ مثلاً سالن میں چیونٹی۔دودھ میں بھڑ۔شربت میں مچھر گر جائے تو کیا کیا جائے؟ ان کا حکم صراحۃً کتاب وسنت میں منصوص نہیں ہے۔مجتہد ان سب کو مکھی پر قیاس کرے گا۔اگر ایسا نہ کرے تو غیر منصوص مسئلہ کا حکم کتاب وسنت سے کیسے استنباط کرے؟

☆اب رہے مسائل منصوصہ محتملہ۔مجتہد ان کے احتمال کو رفع کر کے نص پر عمل کرنے کی راہ متعین کرتا ہے۔اور مقلداس کی رہنمائی میں اس نص پر عمل کرتا ہے۔

یہ ہے دائرہ اجتہاد وتقلید۔مذکورہ بالا تین قسم (غیر منصوص۔رفع تعارض۔رفع احتمال) کے مسائل میں جو استنباط کرسکتا ہے وہ مجتہد ہے اور جو یہ اہلیت نہیں رکھتا وہ اگر ان مجتہدین کی رہنمائی میں کتاب و سنت پر عمل کرے ومقلد ہے۔تقلید کا تعلق اجتہادی مسائل سے ہے۔اجتہادی مسائل میں جو اجتہاد کی اہلیت رکھتا ہو اس کو مجتہد کہتے ہیں۔اور جو خود اجتہاد نہ کرسکے اور اجتہادی مسائل میں جو مسئلہ مجتہد نے کتاب وسنت سے استنباط کیا ہے جو شخص اس پر عمل کرے اس کو مقلد کہتے ہیں۔مجتہد اور مقلد کا تعلق ایسا ہی ہے جیسے امام اور مقتدی کا۔اور غیر مقلد ایسا ہے کہ نہ امام ہے اور نہ مقتدی ہے۔یعنی نہ خود اجتہاد کرسکے نہ مجتہد کی رہنمائی قبول کرے۔جیسا کہ آج کل کے جدیدیت پسند ہیں۔جو اہل حدیث کا لیبل چسپاں کئے ہوئے ہیں۔

☆اہل حدیث سے کون مراد ہیں؟

علامہ ابن تیمیہ نے نقض المنطق صفحہ نمبر ۱۸ طبع ۱۹۵۱ء قاہرہ میں لکھا ہے۔ہم اہل حدیث سے صرف وہی لوگ مراد نہیں لیتے جو محض اس کو سننے یا لکھنے یا روایت کرنے والے ہوں۔بلکہ ہم اہل حدیث

Marfat.com

سے مراد وہ شخص لیتے ہیں جو اس کے حفظ و معرفت کا اہل و لائق اور اس کے ظاہر و باطن کو سمجھنے والا اور اس کے باطن و ظاہر پر عمل کرنے والا ہو۔

یہ بات مسلم ہے کہ صحابہؓ۔ تابعینؒ۔ تبع تابعینؒ اور ائمہ محدثین رحمہم اللہ میں سے کوئی بھی شخص غیر مقلد نہ تھا۔ کتب حدیث کے جامعین یا مجتہد تھے یا مقلد۔ حضرات محدثین کے حالات میں جو کتابیں محدثین یا مؤرخین نے لکھی ہیں ان کے نام بھی اسی قسم کے ہیں۔ طبقات حنفیہ۔ طبقات مالکیہ۔ طبقات شافعیہ۔ طبقات حنابلہ۔ اس کے برعکس طبقات غیر مقلدین نامی کوئی کتاب آج تک کسی مسلمہ محدث یا مؤرخ کی لکھی ہوئی نہیں ملتی۔ آپ کسی کتاب سے ان محدثین صحاح ستہ کے بارے میں نہیں دکھا سکتے ''کان لایجتھد ولایقلد'' کہ ان میں اجتہاد کی اہلیت بھی نہ تھی اور نہ وہ تقلید کرتے تھے بلکہ غیر مقلد تھے۔ عجب ہے کہ جن حضرات حنفی۔ شافعی۔ حنبلی۔ مالکی کا فن حدیث میں حصہ ہے ان کو تو اہلحدیث نہ مانا جائے اور جن کا جمع حدیث میں حصہ۔ نہ تنقید حدیث میں۔ نہ اشاعت حدیث میں ان کو اہلحدیث مانا جائے۔ یہ بھی یاد رہے کہ یہ فرقہ نہ مکہ میں پیدا ہوا نہ مدینہ میں اور نہ ہی عرب کے کسی اور شہر میں۔ یہ فرقہ انگریز کے دورِ حکومت میں پیدا ہوا۔ اور یہیں سے دوسرے ملکوں میں گیا۔ انگریز کے دور سے پہلے نہ ان کا ترجمہ قرآن۔ نہ ترجمہ حدیث۔ نہ کوئی مسجد نہ مدرسہ ملتا ہے۔

امام طحطاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ من کان خارجا من ھذہ المذاھب الاربعۃ فھو من اھل البدعۃ والنار (طحطاوی علی الدرر) جو شخص مذاہب اربعہ سے خارج ہو (نہ حنفی ہو۔ نہ شافعی ہو۔ نہ ہی مالکی اور نہ ہی حنبلی ہو) وہ بدعتی اور دوزخی ہے۔

اگر ڈاکٹر صاحب کے نزدیک جہاد کے معنی کوشش کے ہو سکتے ہیں تو اجتہاد کے معنی زیادہ کوشش کے ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ ایک تانگے ریڑھے والا بھی زیادہ کوشش کر کے مجتہد بن سکتا ہے۔ اور آئن سٹائن دنیا کا سب سے بڑا مجتہد ہونا چاہیے۔

Marfat.com

☆اجتہاد

ایک پروگرام ''گفتگو'' میں کابل سے کئے گئے ایک سوال کہ اجتہاد کا کیا مطلب ہے اور اس کی کیا حیثیت ہے؟ کے جواب میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اجتہاد کا مطلب دین و قرآن کے معنی میں تبدیلی کرنا ہے۔ یا ترک کرنا ہے۔ ایسا نہیں ہے بلکہ آج کے دور کے تقاضوں کے مطابق اسے سمجھنے کی کوشش کرنا ہے اور اس کے ترجمے کو بہتر کرنا ہے۔ جیسے قرآن کی سورۃ علق میں ہے کہ اقرأ باسم ..... یہاں سائنس کے ذریعہ علق کے بارے میں تحقیق کرنا اور ان الفاظ کے دوسرے معنی بیان کرنا اجتہاد ہے۔

☆ڈاکٹر صاحب کو معلوم ہی نہیں کہ قرآن کی تفسیر میں اجتہاد نہیں کیا جاتا۔ یہ تو صریح گمراہی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا صاف ارشاد موجود ہے کہ جس نے قرآن میں اپنی طرف سے بات کی اگرچہ وہ صحیح بھی ہو تب بھی اس نے غلط کیا۔ اسی لئے علماء اسلام نے قرآن کی تفسیر بالرائے کو حرام قرار دیا ہے۔ چنانچہ جنہوں نے دین فہمی میں منہج صحابہ اور طریق سلف سے اعراض کیا۔ خواہشات کی اتباع کی اور اپنی رائے پر زیادہ اعتماد کیا۔ اور سب سے زیادہ اپنی عقل و دانش پر بھروسہ کیا وہ معتزلہ اور دہریے تھے۔ یہ کتاب و سنت کی تفسیر بالرائے ہی کی وجہ سے جادہ مستقیم سے بھٹکے اور گمراہ فرقوں میں سرفہرست ہو گئے۔ اور آج کے دور میں طائفہ محدثہ لامذہبیہ بھی ان ہی معتزلہ اور دہریہ کے نقش قدم پر چل کر اپنے اجتہاد سے قرآن کی تفسیر کر رہا ہے۔ انہی غیر مقلدین کے شیخ الاسلام ابوالوفاء ثناء اللہ امرتسری نے اپنی عربی تفسیر کو تفسیر بالرائے لکھا ہے۔

چنانچہ قاضی ریاض المملکۃ العربیہ السعودیہ شیخ محمد بن عبداللطیف آل شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب اپنے فتویٰ میں لکھتے ہیں ''میں نے مولوی ثناء اللہ صاحب کی تفسیر دیکھی۔ اس کو پڑھا چنانچہ آیات صفاتِ الٰہی کے متعلق جو کچھ انہوں نے لکھا ہے اس کو دیکھ کر معلوم ہوا کہ مولوی ثناء اللہ نے مسئلہ صفات میں گمراہ مبتدعین کی روش اختیار کی ہے۔ جو اہل السنہ والجماعۃ اور محدثین کے مذہب کے سراسر خلاف ہے بلکہ انہوں نے اپنی تفسیر میں فرق باطلہ، حلولیہ، اتحادیہ، جہمیہ اور معتزلہ کے مذاہب

Marfat.com

کو جمع کر دیا ہے۔اس لئے اس تفسیر سے اخذ واستفادہ جائز نہیں۔اور اس مولوی کی نہ شہادت قبول ہوگی اور نہ امامت درست ہوگی۔ میں نے اس مولوی پر حجت قائم کر دی۔لیکن اسے اپنی بات پر اصرار ہے۔اس لئے اس کے کفر میں کوئی شک نہیں'' (فیصلہ مکہ صفحہ ۱۶)

اسی لئے حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ کے خلیفہ اجل حضرت مولانا خیر محمد جالندھری رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ غیر مقلدیت گمراہی کی پہلی سیڑھی ہے۔

## ☆ حدیث ضعیف

ایک پروگرام ''گفتگو'' میں لندن سے حدیث کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کہ ہمیں کیسے معلوم ہوگا کہ فلاں حدیث پکی ہے فلاں کچی نیز جو قرآن کے خلاف ہو وہ کیا ہے؟ ویسے حضور نے کوئی ایسی بات نہیں کی جو قرآن کے خلاف ہو یا جس کے مفہوم کا قرآن سے اختلاف ہوتا ہو۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک کے جواب سے پہلے اس پروگرام کے میزبان نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا کہ حدیث کی وجہ سے فرقے بن گئے ہیں بلکہ بہت سے فرقے حدیث ہی کا حوالہ دیتے ہیں۔ حدیث کو کیسے پرکھیں۔بعض اوقات دو احادیث آپس میں نہیں ملتیں یا قرآن سے ٹکراتی ہیں۔جواب میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ یہ جاننے کے لیے کہ حدیث صحیح ہے یا ضعیف ایک آسان طریقہ ہے کہ جو محدثین اس کے بارے میں بتا دیتے ہیں کہ وہ صحیح ہے یا ضعیف ہے۔وہ اس کے راوی چیک کر کے بتاتا ہے۔یہ جاننے کے لیے کہ حدیث صحیح ہے یا ضعیف جاننا چاہیے کہ اس کے راوی کون ہیں۔یہ جانچ پڑتال کرنے کے بعد ہم کہتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے۔لیکن عام مسلمان کے لیے سارے علماء کا اختلاف ہے (یہاں اتفاق کہنا چاہیے تھا) کہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی تمام حدیثیں صحیح ہیں۔سب کا اختلاف ہے (اتفاق ہے) صحاح ستہ کی ساری حدیثیں صحیح نہیں ہیں لوگوں کو غلط فہمی ہے کہ ان چھ کتابوں کی ساری احادیث صحیح ہیں۔ان کتابوں کا نام صحاح ستہ یعنی صحیح چھ کتابیں نہیں ہونا چاہیے۔لوگ کہتے ہیں صحاح ستہ۔صحیح لفظ ہے کتب ستہ یعنی چھ کتابیں۔صحیح بخاری اور صحیح مسلم پر تمام علماء کا اجماع ہے کہ یہ صحیح ہیں۔اور اگر کوئی شخص صحیح بخاری

Marfat.com

یا صحیح مسلم کا حوالہ دیتا ہے اور چیک کر لیتا ہے کہ وہ بخاری اور مسلم میں ہے تو عام مسلمان اطمینان رکھ سکتا ہے کہ یہ صحیح ہے۔ باقی کتابیں جو ہیں ابوداؤد۔ سنن ابوداؤد۔ سنن ترمذی۔ ابن ماجہ اور باقی جتنی کتابیں ہیں ان کے۔ ان میں مکسچر ہے۔ یہ جاننے کے لیے کہ ان میں صحیح یا ضعیف احادیث ہیں۔ کئی محدثین نے کام کیا ہے۔ اس دور کے ایک ناصر الدین البانی (مشہور متعصب غیر مقلد) انہوں نے صحیح اور ضعیف کو تقسیم کیا۔ مثال کے طور پر صحیح ابوداؤد۔ ضعیف ابوداؤد۔ صحیح ترمذی۔ ضعیف ترمذی۔ اور اگر ایک عام انسان جاننا چاہتا ہے کہ حدیث صحیح ہے یا ضعیف تو انہیں دیکھے۔ وہ عرب ہے۔ اردو میں اس کا ترجمہ نہیں ہوا۔ نہ میرے علم میں ہے۔ یہ مانے ہوئے محدثین ہیں۔ تو عام علماء یہ مانتے ہیں کہ یہ اس دور کے مانے ہوئے محدث ہیں۔ (یہ ڈاکٹر ذاکر صاحب کی اپنی اردو کے الفاظ ہیں)

☆ ڈاکٹر صاحب ایک اور سوال کے جواب میں فرماتے ہیں "قرآن اور صحیح حدیث پر عمل کیا جائے۔ عام لوگوں کو بھی معلوم نہیں کہ حدیث کتنی قسم کی ہے۔ کئی مسلمان ضعیف حدیث پر بھی عمل کرتے ہیں۔ اس لیے میری تقریر میں صحیح حدیث کا ذکر ہوتا ہے۔ جیسا کہ میں نے کہا کہ حدیث اکٹھا ہونے کا سلسلہ سو سال بعد کا ہے۔ حضور کے سو یا دو سو یا تین سو سال بعد جو علماء نے فتوے دیے وہ انہوں نے اپنے محدود علم کے مطابق دیے۔ اس وقت تمام احادیث اکٹھی نہیں ہوئی تھیں۔ آج سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی کی وجہ سے آپ ایک سی ڈی پر تمام کتابیں رکھ سکتے ہیں۔ اب صحیح اور ضعیف کو علیحدہ کیا جا سکتا ہے۔ جب کہ اس وقت جو محدود حدیثیں ان کے سامنے تھیں اس کے مطابق انہوں نے فتویٰ دیا۔ اور چاروں ائمہ نے یہ کہا کہ اگر میرا فتویٰ اللہ اور رسول کے حکم کے خلاف ہے تو اسے دیوار پر مارو۔ امام ابوحنیفہ نے کہا۔ امام احمد بن حنبل نے کہا۔ امام مالک نے کہا۔ اور سارے ائمہ نے کہا کہ اگر قرآن وحدیث میں ملتا ہے تو میرے فتویٰ کو چھوڑ دو۔ آج کے مسلمان دو ائمہ کا فتویٰ لے کر یہ دیکھے کہ کس امام کی بات قرآن وحدیث کے زیادہ قریب ہے۔ اگر ہم تحقیق کریں گے تو ہمیں مل جائے گا تب ہم مسلمان واپس صحیح راستے

Marfat.com

پر آجائیں گے"۔

☆ایک پروگرام "گفتگو" میں سعودیہ اور پاکستان کی نماز میں فرق بتلاتے ہوئے ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ قرآن اور صحیح حدیث میں کیا لکھا ہے ۔مثال کے طور پر بخاری میں لکھا ہے کہ سورۃ فاتحہ کے بعد آمین زور سے کہنا چاہیے ۔تو ہمیں وہ عمل کرنا چاہیے جو صحیح حدیث کے مطابق ہو۔اس طریقہ سے نماز پڑھو جیسا کہ حضور نے پڑھی ۔چاروں ائمہ قابل احترام ہیں لیکن حنفی شافعی ضروری نہیں ۔کئی ائمہ کے وقت صحیح حدیث موجود نہ تھی ۔بلکہ آج سائنس اور ٹیکنالوجی کے طفیل ہمیں صحیح احادیث مل گئی ہیں۔

☆ایک پروگرام "گفتگو" میں جدہ سے کئے گئے ایک سوال کہ حدیث کا کیسے پتا چلے گا کہ صحیح ہے یا ضعیف ؟کے جواب میں ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں کہ ہم حضور تک راویوں کے بارے میں پتا کریں گے اور یہ محدث بتاتے ہیں۔

☆ذاکر نائیک صاحب کا اشارہ جس سائنس اور ٹیکنالوجی کی طرف ہے اس سے مراد غالبا سعودیہ کی تیار کردہ "صحاح ستہ بمع موطا امام مالک" کی سی ڈی ہے جس میں حدیث کی مشہور کتب موجود ہیں ۔اس کے علاوہ "الشاملۃ" نامی سی ڈی میں ۸۳۳۳ کتب موجود ہیں ۔اور "الجامع الکبیر" نامی سی ڈی میں تقریبا ۱۵۰۰۰ کتب موجود ہیں ۔ڈاکٹر صاحب کا کہنا ہے کہ آج کے دور میں سی ڈی کے ذریعہ صحیح اور ضعیف احادیث کو علیحدہ کیا جاسکتا ہے اور پہلے محدثین و مجتہدین نے محدود احادیث کو سامنے رکھ کر فتوی دیا۔ڈاکٹر صاحب کی اس سے بڑی جہالت کیا ہوگی کہ ائمہ محدثین جنہیں لاکھوں احادیث ان کی اسناد کے ساتھ یاد تھیں ۔یہ ان کے حافظہ اور مطالعہ کو محدود سمجھ رہے ہیں اور خود جس بخاری شریف کا ہر تقریر میں بیسیوں مرتبہ نام لیتے ہیں اس کے مکررات نکال کر سات ہزار کے قریب احادیث کو زبانی بھی نہیں سنا سکتے۔

پھر فرماتے ہیں کہ تمام ائمہ نے کہا کہ اگر میرا فتوی اللہ رسول کے حکم کے خلاف ہو تو اسے دیوار پر مارو۔اس کے بعد ڈاکٹر صاحب نے بزعم خویش ایک خود تشخیصی پروگرام ترتیب دیا ہے کہ آج کا

Marfat.com

مسلمان دو ائمہ کا فتویٰ لے کر یہ دیکھے کہ کس امام کی بات قرآن وحدیث کے زیادہ قریب ہے۔ چنانچہ اس طرح مسلمان صحیح راستے پر آسکتے ہیں۔ڈاکٹر صاحب کی یہ جہالت پہلی جہالت سے بھی بڑھ کر ہے کہ وہ ائمہ حضرات جن کے علم وتقویٰ کی نظیر نہیں ملتی۔امام بخاریؒ جیسے محدثین بھی جن کے شاگردوں کے شاگرد ہیں یہ ان ائمہ مجتہدین کے علم وفضل کو آج کے جہل مرکب کے ذریعہ ماپنا چاہتے ہیں۔

ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ قرآن اور صحیح حدیث میں کیا لکھا ہے۔مثال کے طور پر بخاری میں لکھا ہے۔۔۔۔۔ الخ

امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے جو کتب لکھیں انہوں نے کون سی ٹیکنالوجی استعمال کی تھی؟۔جس کے تحت انہیں تمام صحیح احادیث مل گئیں اور ائمہ مجتہدین جو ان سے پہلے تھے اس ٹیکنالوجی سے محروم رہ گئے۔رہا یہ اعتراض کہ کئی ائمہ کے وقت صحیح حدیث موجود نہ تھی۔غلط ہے۔ہم اسکی تفصیل صفحہ .....پر لکھ چکے ہیں۔

ذاکر نائیک صاحب یہ سمجھتے ہیں کہ احادیث کی تدوین کا کام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت بعد کیا گیا۔حالانکہ عہد نبوت اور صحابہ کے دور میں احادیث کی بڑی تعداد لکھی جا چکی تھی۔بعض صحابہ نے اپنے حافظہ کے نسیان کی بات کی۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں لکھنے کی ترغیب دی۔

صحابہ کے دور میں اکثر حضرات صحابہ کے مجموعے موجود تھے۔مسند احمد کی روایت کے مطابق حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما (متوفی ۶۳ھ) کے احادیث کے مجموعہ کا نام ''الصحیفۃ الصادقۃ'' تھا۔اس میں ۵۳۷۴ سے زیادہ احادیث تھیں۔یہ عہد صحابہ کے حدیثی مجموعوں میں سب سے ضخیم مجموعہ تھا۔

مستدرک حاکم کے مطابق حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ (متوفی ۵۹ھ) کے مجموعہ میں ۵۳۷۴ روایات تھیں۔طبقات ابن سعد میں لکھا ہے۔عبدالعزیزؒ بن مروان (متوفی ۱۰۱ھ) جو کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے والد تھے ان کے پاس مسند ابی ہریرہؓ لکھی ہوئی تھی۔

Marfat.com

امام دارمیؒ نے لکھا ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ کے شاگرد حضرت بشیر بن نہیکؒ نے آپ کی مرویات کو ایک مجموعہ کی شکل میں محفوظ کر رکھا تھا۔ علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے ''الاصابہ فی تمییز الصحابہ'' میں لکھا ہے کہ عبدالملکؒ بن مروان نے حضرت ابو ہریرہؓ کی احادیث تحریر کروائی تھیں۔ امام احمد بن حنبلؒ نے انہیں اپنی مسند میں نقل کیا۔ امام مسلمؒ نے بھی اس سے بہت سی احادیث نقل کی ہیں۔ حاجی خلیفہؒ نے ''کشف الظنون'' میں اس کا نام ''الصحیفة الصحیحة'' ذکر کیا ہے۔ اس مجموعہ میں احادیث کی تعداد ۱۳۸ ہے۔

امام ابوداؤدؒ نے حضرت علیؓ کے مجموعہ احادیث کا نام ''صحیفہ علی'' لکھا ہے۔ اسی طرح سنن ابوداؤد میں ''کتاب الصدقۃ'' بھی ذکر ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود لکھوائی تھی۔ اس میں زکوٰۃ۔ صدقات وعشر وغیرہ کے احکام تھے۔ جو اپنے عمال کو بھیجنے کے لئے لکھوائی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ پھر ان کے بعد حضرت عمرؓ کے پاس آئی۔ ان کے بعد ان کے صاحبزادوں حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حضرت عبیداللہ بن عمرؓ کے پاس پہنچی۔ ان سے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے نقل کی۔ ان سے حضرت سالم بن عبداللہؒ نے نقل کی۔ پھر حضرت سالمؒ سے امام ابن شہاب زہریؒ نے اسے یاد کیا اور روایت کیا۔

امام ابوداؤدؒ کے حوالہ سے صحیفہ عمرو بن حزمؓ کا ذکر موجود ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب انہیں نجران کا عامل بنا کر بھیجا تو فرامین کا ایک مجموعہ انہیں دیا۔ جسے حضرت ابی بن کعبؓ نے لکھا تھا۔ اس میں طہارت۔ نماز۔ زکوٰۃ۔ حج وعمرہ۔ جہاد وغیرہ کے احکام تھے۔

علامہ ابن عبدالبرؒ نے ''جامع بیان العلم وفضلہ'' میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے مجموعہ حدیث کا ذکر کیا ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ (متوفی ۷۸ھ) نے حج کے احکام پر ایک مجموعہ حدیث لکھا تھا۔ اس مجموعہ میں ۱۵۶۰ روایات تحریر تھیں۔ جس کا ذکر امام بخاریؒ نے تاریخ کبیر جلد ۷۔ صفحہ ۱۸۶ پر کیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما (متوفی ۷۳ھ) کے مجموعہ میں ۱۶۳۰ اور حضرت

Marfat.com

انس بن مالک رضی اللہ عنہ (متوفی ۹۳ھ) کے مجموعہ میں ۱۲۸۲ روایات تحریر تھیں۔
تہذیب التہذیب میں علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے صحیفہ سمرہ بن جندبؓ کا ذکر کیا ہے جو ان کے صاحبزادہ حضرت سلیمان بن سمرہؓ نے نقل کیا تھا۔ طبقات ابن سعد میں حضرت سعد بن عبادہؓ کے تحریر کردہ مجموعہ کا ذکر کیا ہے۔

پہلی صدی ہجری کے آخر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں بڑے پیمانے پر تدوین حدیث کا کام کیا گیا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے حکم پر مدینہ منورہ کے قاضی ابوبکر بن حزمؒ نے احادیث کے کئی مجموعے تیار کیے۔ اس کا ذکر علامہ ابن عبدالبرؒ نے ''التمہید'' میں امام مالکؒ سے کیا ہے۔ ان کی دوسری کتاب ''جامع بیان العلم وفضلہ'' میں امام زہریؒ کا قول ذکر کیا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے ہمیں تدوین حدیث کا حکم دیا۔ علامہ ابن ندیمؒ نے ''الفہرست'' میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے قاضی حضرت امام ابن مکحولؒ کے مجموعہ حدیث کا ذکر کیا ہے۔
علامہ سیوطیؒ نے ''تدریب الراوی'' میں علامہ ابن حجر عسقلانیؒ کے حوالہ سے ذکر کیا ہے کہ کوفہ کے قاضی حضرت امام شعبیؒ کا ایک مجموعہ احادیث تھا جسے حضرت عامر بن شرحبیلؒ نے تالیف کیا۔ اور حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے حکم پر لکھا گیا۔
دوسری صدی ہجری میں احادیث کی جو کتابیں لکھی گئیں ان میں ''کتاب الآثار'' پہلا مجموعہ ہے جسے فقہی ترتیب کے مطابق امام ابوحنیفہؒ نے خود مرتب کیا تھا۔ ان کے شاگرد امام محمدؒ۔ امام ابو یوسفؒ اور امام زفرؒ نے اسے اپنی اسناد سے بھی علیحدہ تحریر کیا ہے۔ امام مالکؒ نے ان تالیفات سے استفادہ کیا تھا۔ اس لئے ''کتاب الآثار'' موطا امام مالک سے زمانا مقدم ہے۔ اس دور کے دیگر محدثین ابن عقدہؒ۔ ابونعیم اصفہانیؒ۔ ابن عدیؒ۔ ابن عساکرؒ نے بھی اپنی مسانید تیار کیں۔ جسے علامہ خوارزمیؒ نے یکجا کر دیا۔ یہ ''جامع مسانید الامام الاعظم'' کے نام سے مشہور ہے۔ اس دور کا دوسرا اہم مجموعہ احادیث موطا امام مالک ہے۔ امام مالکؒ کے ہی ہم عصر امام ابن راشدؒ کا مجموعہ احادیث ''جامع معمر بن راشد'' اسی دور کا مقبول ترین مجموعہ تھا۔ حضرت امام سفیان ثوریؒ نے بھی ایک جامع

Marfat.com

تیار کی تھی۔ جس سے حضرت امام شافعیؒ نے استفا کیا۔ حضرت ابوالولید بن جرتجؒ نے ایک سنن ترتیب دی۔ اسی طرح حضرت وکیع بن جراحؒ نے بھی ایک سنن ترتیب دی۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے اپنے مجموعہ احادیث کا نام ''کتاب الزہد'' رکھا تھا۔

تیسری صدی ہجری میں سند کے طویل ہونے کی وجہ سے اسماء الرجال کا باقاعدہ علم ترتیب دیا گیا۔ اس دور میں مسند ابوداؤد طیالسیؒ (یہ سنن ابوداؤد والے نہیں)۔ مسند عبیداللہ بن موسیٰؒ۔ مسند احمد بن حنبلؒ (جسے ان کے صاحبزادے عبداللہ بن احمد بن حنبلؒ نے ترتیب دیا)۔ مصنف عبدالرزاق بن ہمام یمانیؒ (یہ امام ابوحنیفہؒ اور معمر بن راشدؒ کے شاگرد اور امام احمد بن حنبلؒ کے استاد ہیں۔ ان کے مجموعہ میں اکثر ثلاثیات ہیں)۔ مصنف ابی بکر بن ابی شیبہؒ (یہ امام بخاریؒ و امام مسلمؒ کے استاز ہیں۔ ان کے مجموعہ میں فقہی ترتیب کے ساتھ صحابہ اور تابعین کے فتاویٰ بھی موجود ہیں)۔ مستدرک حاکمؒ۔ معاجم طبرانیؒ (کبیر۔ اوسط۔ صغیر)۔ مسند ابوبکر بزارؒ المعروف المسند الکبیر۔ مسند ابی یعلیٰؒ۔ مسند دارمیؒ۔ سنن بیہقیؒ اور سنن دار قطنیؒ شامل ہیں۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک جیسے لوگوں کا خیال ہے کہ جو حدیث بخاری و مسلم میں نہ ہو وہ لازماً کمزور ہوگی۔ حالانکہ کسی حدیث کے صحیح ہونے کا دارومدار بخاری و مسلم پر نہیں بلکہ اس کی سند پر ہے۔

## ☆ مشکوٰۃ کی ساری حدیثیں صحیح نہیں

ڈاکٹر صاحب حیدرآباد کی ایک تقریر میں کہتے ہیں کہ ''مشکوٰۃ کی ساری حدیثیں صحیح نہیں۔ صحیح بخاری کی الحمدللہ۔ صحیح مسلم کی ساری حدیثیں ہیں۔ جتنی باقی کتابیں ہیں ابوداؤد۔ سنن ابوداؤد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ۔ یہ ساری حدیثیں صحیح نہیں۔ تحقیق ہونا چاہیے کہ حدیث صحیح نہیں۔ اس طرح مشکوٰۃ کی ساری حدیثیں صحیح نہیں۔''

☆ ڈاکٹر صاحب کو یہ معلوم ہی نہیں کہ ان کے البانی صاحب نے کہا ہے صحیح مسلم کی ساری حدیثیں صحیح نہیں بلکہ اس میں ضعیف احادیث بھی ہیں۔ اس کی تفصیل اسی کتاب میں ضعیف احادیث کے عنوان سے صفحہ 242 پر موجود ہے۔

Marfat.com

بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ احادیث کی تعداد لاکھوں میں ہوگی۔ اگر ہر حدیث کو مختلف سندوں کیساتھ جمع کریں تب یہ عدد پورا ہوتا ہے۔ حضرت علامہ مناظر احسن گیلانیؒ نے لکھا ہے کہ صحیح۔ حسن۔ ضعیف ہر قسم کی تمام احادیث جو صحاح ستہ۔ مسند احمد اور دوسری کتب احادیث میں ہیں تو ان کی تعداد پچاس ہزار بھی نہیں ہے۔ اور یہ ہر رطب ویابس کے مجموعہ کی تعداد ہے۔ تمام کتابوں سچھان بین کر کے امام حاکمؒ نے اول درجہ کی صحیح احادیث کی تعداد دس ہزار بتائی ہے۔ (توجیہ النظر صفحہ ۹۳)

ڈاکٹر صاحب نے اپنی ایک تقریر میں بار بار یہ الفاظ دہرائے "عام مسلمان کے لیے سارے علماء کا اختلاف ہے۔ کہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی تمام حدیثیں صحیح ہیں۔ سب کا اختلاف ہے"۔ ڈاکٹر صاحب کو اتفاق کہنا چاہیے تھا۔ لیکن ان کا دماغ ساتھ نہیں دے رہا۔ دروغ گو را حافظہ نباشد۔ اس لیے بار بار اختلاف کا تکرار کر رہے ہیں۔

حدیث صحیح اور ضعیف کی تفصیلی بحث گذشتہ اوراق میں دی جا چکی ہے۔ صفحہ ..... 217 پر ملاحظہ فرمالیں۔ ناصر الدین البانی کی تحریرات میں سے ایک نمونہ اس کتاب کے آخر میں موجود ہے۔ اس سے اندازہ کر لیجئے کہ یہ لوگ ہمیں کہاں لے جانا چاہتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں کہ کئی لوگ ضعیف حدیث پر عمل کرتے ہیں اسی لئے میری تقریر میں صحیح حدیث کا ذکر ہوتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کو کیا معلوم کہ جس حدیث کو چاروں ائمہ مجتہدینؒ نے قبول کر لیا اور سب کا اس پر متواتر عمل ہے۔ اس حدیث کو اللہ اور رسول نے نہ صحیح فرمایا ہے اور نہ ضعیف۔ ہاں امت کے اجماع کی وجہ سے اس میں شک نہیں۔ اور جن مسائل کی احادیث میں اختلاف ہے ان میں سے جس پہلو کی حدیث پر امام اعظم نے عمل فرمایا اور احناف کا اس متواتر عمل ہے اس کو ہم صحیح مانتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے امام صاحب نے فرمایا ہے کہ میرا مذہب صحیح حدیث پر ہے۔ اور مجتہد کا کسی حدیث کے موافق عمل کر لینا اس مجتہد اور اس کے مقلدین کے نزدیک اس حدیث کے صحیح ہونے کی دلیل ہے۔ قرآن میں اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول ہے۔ اطیعوا البخاری و اطیعوا المسلم نہیں ہے۔

Marfat.com

## ☆ خون بہنے سے وضو ٹوٹنا

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب سے ایک سوال ہوا کہ اگر نماز کے دوران میں کسی کی نکسیر پھوٹ جائے اور خون بہنے لگے تو اسے نماز جاری رکھنی چاہیے یا نہیں؟

جواب میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں۔ بعض علماء کرام خصوصاً فقہ حنفیہ سے متعلق علماء کرام کے خیال میں خون بہنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ نماز کے دوران خون بہہ جانے کی صورت میں کسی کو کیا کرنا چاہیے، اس سوال کے جواب میں ان کا فتویٰ بہت طویل ہے تاہم ان کے اس نقطۂ نظر کی تائید میں بظاہر کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ دوسری جانب خون بہنے سے وضو نہ ٹوٹنے کے حق میں شہادت زیادہ قوی ہے۔ جب خلیفہ ثانی حضرت عمر بن خطابؓ کو نماز کی حالت میں خنجر مار کر زخمی کر دیا گیا تو جسم سے خون بہہ جانے کے باوجود انھوں نے نماز جاری رکھی اور ان کے اس عمل پر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین میں سے کسی نے اعتراض نہیں کیا۔

☆ ذاکر نائیک صاحب نے سائل کے جواب میں حسب عادت غلط بیانی سے کام لیا ہے کہ فقہ حنفی کے نقطۂ نظر کی تائید میں بظاہر کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جب ابولؤلؤ نے صبح کی نماز میں خنجر سے شدید زخمی کیا اور دیگر بہت سے صحابہ کو بھی زخمی کیا۔ اتنے میں نماز ختم ہو چکی تھی۔ صحابہ نے قاتل کو پکڑ لیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ خون زیادہ بہہ جانے کی وجہ سے شہید ہو گئے۔ ان کے صاحبزادے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نکسیر پھوٹنے کے بعد دوبارہ وضو فرماتے تھے۔

عن ابن عمر رضی اللہ عنہما انہ کان اذا رعف رجع فتوضا ولم یتکلم ثم رجع وبنی علی ماقد صلی (بیہقی) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو جب کبھی (نماز کے دوران) ناک سے نکسیر پھوٹتی تھی تو وہ نماز چھوڑ کر واپس جاتے اور وضو کرتے اور کسی سے کلام نہ کرتے۔ پھر واپس آ کر جہاں سے نماز چھوڑی تھی وہیں سے شروع کرتے۔

عن عائشۃ رضی اللہ عنہا جاء ت فاطمۃ بنت حبیش رضی اللہ عنہا الی النبی صلی

Marfat.com

الله علیه وسلم فقالت یارسول الله انی امرأةاستحاض فلااطهرافادع الصلوةفقال لاانماذلك عرق ولیست بالحیضة..... وفی روایةتوضای لکل صلوة (بخاری ومسلم)
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ فاطمہ بنت ابی حبیش رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں اور کہا یارسول اللہ میں ایسی عورت ہوں جس کو استحاضہ کی تکلیف ہے اور (اس میں خون مسلسل آتا ہے) میں پاک ہی نہیں ہوتی تو کیا میں نماز چھوڑ دوں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں (نماز نہ چھوڑو) یہ تو محض خون کی رگ ہے (جس کے زخم کی وجہ سے خون بہتا ہے) حیض نہیں۔.....اور ایک روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا (چونکہ تم معذور کے حکم میں ہو لہٰذا) تم ہر نماز کے لئے وضو کرو۔

عن زیدبن ثابت رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الوضوء من کل دم سائل (کامل ابن عدی) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر بہنے والے خون سے وضو لازم ہو جاتا ہے۔

مسند فردوس میں ہے "من رعف فی صلوٰة اوقلس فلیتوضا"۔(دار قطنی ۱/۱۵۷۔بیہقی ۲۵۷/۲) جسے نماز میں نکسیر پھوٹے یا قے آئے تو وہ وضو کرے۔

حیرانی ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے اپنے موقف کی تائید میں تو کوئی حدیث پیش نہیں کی۔اور غلط بیانی سے کام لیتے ہوئے یہ فرمایا کہ خون بہنے سے وضو ٹوٹنے کے نقطۂ نظر کی تائید میں بظاہر کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

## ☆ سنت کے مطابق نماز

بردار عبداللہ نے تحریری طور پر سوال دریافت کیا ہے کہ نماز ادا کرنے کے کئی ایک طریقے دیکھنے میں آتے ہیں کیا یہ سب طریقے جائز اور درست ہیں یا ان میں سے کسی ایک ہی طریقے کے مطابق نماز پڑھنا ضروری ہے۔اس سوال کے جواب کے لیے میں کہنا چاہوں گا کہ نماز مسلمانوں کے لیے ایک لازمی عبادت اور ایک نہایت بابرکت روحانی عمل ہے۔نماز کے بارے میں آپ کو چھوٹی بڑی طبع شدہ بے شمار کتابیں، کتابوں کی مارکیٹ سے مل جائیں گی۔ان میں بعض کتابوں میں

Marfat.com

ضعیف استنادی حیثیت رکھنے والی احادیث کے حوالے سے نماز کے طریقے کا تعین کیا گیا ہے جبکہ سنت نبویؐ کے مطابق نماز پڑھنے کا ایک ہی طریقہ ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ا ارشاد ہے کہ:

نماز ایسے ادا کرو جیسے تم لوگوں نے نماز ادا کرتے ہوئے مجھے دیکھا ہے"۔

(صحیح بخاری، جلد اول، کتاب الاذان باب ۱۸، حدیث: ۶۰۴ جلد نہم، حدیث ۲۵۲)

اس لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد مبارکہ کی روشنی میں اسی طریقے کے مطابق نماز ادا کرنا مسلمانوں پر ضروری قرار دیا گیا ہے جس طریقے کے مطابق خود سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمائی تھی۔ قیام، رکوع، سجود اور تشہد نماز کے ضروری حصے ہیں اور ان میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ قیام، رکوع، سجدہ اور تشہد سب نمازی ایک ہی طریقے کے مطابق ادا کرتے ہیں۔ البتہ قیام کرتے ہوئے بعض لوگ سینے پر ہاتھ باندھتے جبکہ بعض زیر ناف باندھ لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ نماز میں چند امور میں نمازی کو اختیار دیا گیا ہے مثلاً رکوع کے دوران کیا اذکار پڑھنے چاہئیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ میں آتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع کے دوران "سبحان اللہ ربی العظیم (پاک ہے میرا پروردگار عظمت والا) کی تسبیحات بھی پڑھا کرتے تھے۔ جبکہ کبھی کبھی آپ اس تسبیح کی بجائے یہ تسبیح اور پڑھتے:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَ بِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ۔

"پاک ہے تیری ذات اے میرے اللہ ہم سب کے پروردگار اور تو تمام تعریفوں کے لائق ہے اے میرے اللہ مجھ کو معاف فرمادے"۔

میں نمازی حضرات کو مشورہ دوں گا کہ وہ اگر نماز کے طریق کار کے متعلق صحیح صحیح رہنمائی حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں تو وہ ..... کی تالیف کردہ کتاب سے استفادہ کریں۔ اس کتاب کو انھوں نے مستند اور صحیح احادیث مبارکہ کی روشنی میں مرتب کیا ہے اور یہ کتاب بازار میں عام دستیاب ہے۔ البتہ جن بھائیوں کے پاس فاضل وقت موجود ہو اور وہ تفصیلی طور پر نماز کے مسائل کے بارے میں مطالعے کے خواہش مند ہوں تاکہ نماز کے کلمات کے ساتھ ساتھ اس کے فروعی اور

Marfat.com

جزئی مسائل سے بھی آگاہی حاصل ہو جائیں اور وہ اگر تفصیلاً جاننا چاہتے ہوں کہ سجدہ کرنے کا اصلی طریقہ کیا ہے، اس دوران بدن کا کون سا عضو پہلے زمین سے مس کرے، سجدہ کرتے ہوئے ہاتھوں اور کہنیوں کو کیسے رکھا جائے، اور پھر رکوع، تشہد، قعدہ وقومہ کے مسائل بھی پوری وضاحت سے بیان کیے گئے ہوں یعنی نماز کے آغاز سے لے کر اس کے سلام پھیرنے تک کے جملہ مسائل اور طریقوں کی اچھی طرح عمدگی سے وضاحت کر دی گئی ہو تو انھیں چاہیے کہ وہ دنیائے اسلام کے معروف محقق و محدث علامہ ناصر الدین البانی مرحوم کی مرتب کردہ کتاب کا مطالعہ کریں۔ اس کتاب میں صحیح احادیث مبارکہ سے نماز کے مسائل کو مدلل کیا گیا ہے۔ گویا کہ نماز ادا کرنے کا طریقہ سب مسلمانوں کے لیے ایک ہی ہے۔ جزوی وفروعی اختلافات کی قطعاً کوئی حیثیت نہیں۔

☆ ڈاکٹر صاحب عام سامعین کو دھوکہ دینے کی خاطر کنایۃً مقلدین کے طریقہ نماز کی بنیاد ضعیف احادیث پر بتلا رہے ہیں۔ اور ناصر الدین البانی غیر مقلد کی کتاب میں بتایا ہوا طریقہ نماز سنت نبوی کے مطابق کہہ رہے ہیں۔

سب سے پہلے اس عقدہ کو حل کریں کہ کسی حدیث کے ضعیف ہونے کیا مطلب ہے۔ نیز حدیث ضعیف کا کیا حکم ہے۔ اگر یہ دو باتیں سمجھ میں آجائیں تو اس دور کے متجددین کی پھیلائی ہوئی تمام الجھنیں دور ہو جاتی ہیں۔

## ☆ حدیث ضعیف سے کیا مراد ہے؟

یاد رکھئے جب کوئی محدث کسی حدیث کو ضعیف کہتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ یہ حدیث جس سند سے مروی ہے اس میں صحیح اور حسن کی شرائط نہیں پائی جاتیں۔ اور حدیث کو بیان کرنے والے ثقہ اور قوی راوی نہیں ہیں۔ یہ مطلب ہرگز نہیں کہ یہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمائی۔ کیونکہ کسی راوی کو ضعیف اس لیے قرار دیا جاتا ہے کہ اس کے حافظے ضبط حدیث یا عدالت میں کوئی نقص ہے لیکن یہ ضروری نہیں ضعیف راوی کی ہر روایت غلط ہی ہو۔ بلکہ یہ ہو سکتا ہے کہ اس کی روایت کردہ کوئی مخصوص حدیث صحیح بھی ہو۔ کیونکہ جس شخص کا حافظہ (محدثین کے نزدیک

Marfat.com

عام حافظہ نہیں بلکہ ان کی کڑی شرائط کے مطابق حافظہ ہو) اچھا نہ ہو اس کے لیے لازم نہیں کہ وہ جب بھی کوئی بات بیان کرے اس سے ضرور بھول چوک ہو جائے۔ یا جس شخص کا ضبط حدیث بہتر نہیں اور اکثر خلط ملط کا شکار ہو۔ اس کے لئے بھی ضروری نہیں کہ ہر مرتبہ غلطی کرے۔ مشہور محدث علامہ تقی الدین ابو عمرو عثمان شافعی المعروف بابن الصلاح "المتوفی ۶۴۳ ھ لکھتے ہیں کہ محدثین جب یہ کہتے ہیں کہ فلاں حدیث صحیح نہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ یہ حدیث نفس الامر میں بھی یقیناً جھوٹی ہے بلکہ کسی حدیث کو غیر صحیح کہنے کا مطلب صرف یہ ہوتا ہے کہ حدیث کی سند صحیح کی شرط کے مطابق نہیں (علوم الحدیث صفحہ ۱۱)

محدثین نے روایت حدیث کرتے ہوئے عدالت کا سب سے زیادہ سخت معیار رکھا۔ جبکہ مقدمہ میں گواہی دینے کے لئے جس عدالت کی ضرورت ہے اس کا معیار اتنا سخت نہیں۔ چنانچہ اسماعیل بن ابی اویس رحمہ اللہ کہتے ہیں "میں نے ایک مرتبہ اپنے ماموں حضرت امام مالک رحمہ اللہ سے سنا وہ فرما رہے تھے۔ میں نے ستر ایسے آدمیوں سے ملاقات کی ہے جنہوں نے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہہ کر (مسجد نبوی کے) ان ستونوں کے پاس حدیث بیان کی لیکن میں نے ان کی کوئی حدیث قبول نہیں کی حالانکہ ان میں سے ایک ایک شخص اتنا بڑا امین تھا کہ اگر اس کو بیت المال کا انچارج بنا دیا جاتا تو وہ اس کے حق میں امین ہی ثابت ہوتا"۔

علامہ سیوطیؒ نے امام نوویؒ کی کتاب "تقریب" کی شرح میں لکھا ہے "جب کسی حدیث کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ غیر صحیح ہے (اگر ضعیف کہا جائے تو زیادہ جامع ہوگا) تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ اس حدیث کی سند مذکورہ شرائط کے مطابق صحیح نہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ حدیث نفس الامر میں بھی جھوٹی ہے اس لیے کہ جھوٹے آدمی کا سچ بولنا اور بکثرت غلطی کرنے والے کا صحیح روایت کرنا بھی بہت ممکن ہے۔ (تدریب الراوی صفحہ ۳۰)

اس امکان پر کہ شاید نفس الامر میں حدیث صحیح ہو علماء اور فقہاء کسی مسئلہ کو ثابت کرنے کے لیے احادیث ضعیفہ سے احکامات کا اور مسائل کا استنباط نہیں کرتے۔ لیکن حقیقت کے اعتبار سے

Marfat.com

حدیث ضعیف میں بھی احتمال صدق پایا جاتا ہے اور اس بات کا پورا پورا امکان ہوتا ہے کہ بیان کرنے والے راوی نے اپنے ضعف کے باوجود حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی امانت بالکل صحیح منتقل کی ہو اور خطا ونسیان اور کذب واختلاط سے پرہیز کیا ہو۔ چنانچہ فقہا ومحدثین اس حدیث ضعیف کو اسلام کے دوسرے اصول وضوابط کے مطابق پرکھتے ہیں۔ اگر وہ اسلام کے بنیادی اصولوں اور شریعت پر پوری اترتی ہے تو پھر اسے قرائن سے جانچتے ہیں کہ آیا واقعۃً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث ارشاد فرمائی ہوگی یا نہیں۔ اگر قرائن سے ضعیف حدیث کی تائید ہوتی ہو تو اسے معمول بہ بنالیا جاتا ہے۔

علامہ ابن ہمامؒ فتح القدیر جلد اول صفحہ ۷۵ فصل فی الآثار میں لکھتے ہیں۔ ''کسی حدیث کو صحیح یا ضعیف کہنا محض ظاہر کے اعتبار سے ہے۔ ورنہ نفس الامر میں یہ جائز ہے کہ جس حدیث پر ضعف کا حکم لگایا گیا ہے وہ صحیح ہو''۔ آگے صفحہ ۲۱۵ جلد اول بحث سجدہ میں لکھتے ہیں ضعیف حدیث کے یہ معنی نہیں کہ وہ نفس الامر میں بھی باطل ہے۔ بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ کسی حدیث کو صحیح قرار دینے کے لئے محدثین کے ہاں جن شرائط کا اعتبار کیا جاتا ہے وہ اس میں نہیں پائی جاتیں۔ پس اس بات کا بھی امکان ہوتا ہے کہ وہ حدیث نفس الامر میں صحیح ہو۔ چنانچہ یہ جائز ہے کہ کسی ضعیف حدیث کے ساتھ کوئی قرینہ ایسا آجائے جس سے یہ امر محقق ہو جائے کہ ضعیف راوی نے اس خاص حدیث کا متن پوری حفاظت سے نقل کیا ہے اور اس قرینہ کے بعد اس حدیث پر صحیح کا حکم لگا دیا جائے۔

آگے نماز جنازہ کی تکبیرات اربعہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں ''کسی حدیث کی سند کا ضعیف ہونا اس کے متن کے باطل ہونے کی قطعی دلیل نہیں بلکہ حدیث کا ضعف ایک ظاہری امر ہے چنانچہ اگر اس کی تائید ایسے قرائن سے ہو جائے جو اسکی صحت پر دلالت کریں تو وہ صحیح سمجھی جائے گی (فتح القدیر جلد اول صفحہ ۴۶۱)

وہ قرائن جن سے کسی ضعیف حدیث کی صحت کی توثیق ہوتی ہے بہت سے ہیں۔ ان میں سے پہلا اور قوی قرینہ یہ ہے کہ اس حدیث کو تلقی بالقبول (لوگوں کے عمل سے تائید) حاصل

Marfat.com

ہو۔ مسلمان فقہاء اور محدثین نے اسے صحیح سمجھ کر اس کی بنیاد پر قانون سازی کی ہو۔ امت مسلمہ کے عوام وخواص نے اسے معمول بہ بنایا ہو۔ ایسی حدیث جسے تلقی بالقبول حاصل ہو اس پر عمل کرنا واجب ہے اور وہ صحیح بلکہ بعض اوقات متواتر کے حکم میں سمجھی جاتی ہے۔

علامہ سیوطیؒ اپنی کتاب تدریب الراوی کے صفحہ ۲۴ پر لکھتے ہیں۔ قال بعضهم يحكم الحديث بالصحة اذا تلقاه الناس بالقبول وان لم يكن له اسناد صحيح

(بعض محدثین کہتے ہیں کہ جب کسی حدیث کو لوگوں کے عمل سے تائید (تلقی بالقبول) حاصل ہو جائے تو اگر چہ اس کی سند صحیح نہ ہو تب بھی اس پر ''صحت'' کا حکم لگا دیا جائے گا)۔

علامہ ابن حجرؒ الا فصاح علی نکت ابن الصلاح'' میں لکھتے ہیں ومن جملة صفات القبول ان يتفق العلماء على العمل بمد لول حديث فانه يقبل حتى يحب العمل به و قد صرّح بذلك جماعة من ائمة الاصول۔ (الاجوبة الفاضلة صفحہ ۲۳۱) کسی حدیث کے مقبول ہونے کی وجوہات میں سے ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اہل علم اس حدیث کے مدلول پر عمل کرنے میں متفق ہوں۔ چنانچہ جس حدیث کی حالت یہ ہو وہ مقبول ہے اور اس پر عمل کرنا واجب ہے اور اس اصول کی تصریح ائمہ اصول حدیث کی ایک پوری جماعت نے کی ہے۔

حافظ ابن قیمؒ ''تلقین میت'' کے بارے میں ایک حدیث نقل کر کے لکھتے ہیں فهذا الحديث وان لم يثبت فاتصال العمل به فى سائر الامصار والا عصار من غير انكار كاف فى العمل به (كتاب الروح صفحہ ۱۴) یہ حدیث اگر چہ کسی صحیح سند سے ثابت نہیں لیکن پھر بھی تمام بلاد اسلامیہ کا ہر زمانے میں بغیر کسی انکار کے اس کے مطابق عمل کرنا اس حدیث کو معمول بہ بنانے کے لیے کافی ہے۔

ڈاکٹر ذاکر صاحب کے مقابلہ میں بڑے بڑے محققین کیا لکھ رہے ہیں آپ وہ ملاحظہ کر چکے ہیں۔ نیز علامہ ابن قیم کو تو غیر مقلد اپنا بڑا مانتے ہیں۔

شیخ ابراہیم شرخیتی مالکی شرح اربعین نوویہ صفحہ ۳۹ پر لکھتے ہیں ''یہ اصول کہ حدیث ضعیف پر مسائل و

Marfat.com

احکام کی بنیاد نہیں رکھی جائے گی اوران پر بصورت احکام عمل نہیں کیا جائے گا صرف اس وقت تک ہے جب تک کہ حدیث کو تلقی بالقبول حاصل نہ ہو۔لیکن جب کسی حدیث کو تلقی بالقبول حاصل ہو جائے تو وہ مقبول ہوگی اور وہ احکام میں بھی عمل کرنے کے لئے حجت بن سکے گی جیسا کہ امام شافعیؒ کی رائے ہے"

یادرہے کہ فقہ اسلامی کے چاروں مکاتب فکر کے بانی ائمہ یعنی امام ابوحنیفہ۔امام مالک۔امام شافعی اورامام احمد بن حنبل رحمھم اللہ اجمعین اس زمانہ میں پیدا ہوئے جو عہد رسالت کے قریب تھا اس وقت مسلمانوں میں انہی اخلاق وعادات کا چلن تھا جن پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں ڈال گئے تھے ۔ان حضرات نے اپنی خداداد صلاحیتوں اوردن رات کی محنت سے علوم اسلامیہ کو سمجھا۔سینکڑوں علماء فقہاءاورمحدثین کے سامنے زانوئے تلمذتہ کئے۔دین کے مزاج سے اچھی طرح واقفیت حاصل کی۔ پھراس کے بعد اپنی تمام زندگی ان علوم کی توسیع اورنشرواشاعت میں صرف کردی۔

یہ حضرات (ائمہ اربعہ) جس زمانہ میں پیدا ہوئے اس زمانے میں علم حدیث اپنے عروج پر تھا۔ احادیث کی تدوین ہورہی تھی۔ہزاروں افراد نے اپنی زندگیاں حدیث کی خدمت کے لئے وقف کر رکھی تھیں لہذا اس دور میں کسی حدیث پران حضرات کا اتفاق اور پوری امت کا بلا اختلاف عمل کرنا اسی وقت ممکن تھا جب وہ اس دور میں تواتر کی حد تک مشہور رہی ہو۔اوراسی صورت میں محض اتنی بات کی وجہ سے اس حدیث کو رد نہیں کیا جاسکتا کہ بعد میں اس کو کسی ضعیف راوی نے روایت کردیا ہے۔

صحیح مسلم کے دیباچہ میں مرقوم ہے لو لا الاسناد لقال ما شاء من شاء یعنی حدیث کے لئے اگر سند شرط نہ ہوتی تو ہر شخص جو چاہے کہہ دیتا۔

حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ اپنے استاد حضرت مولانا علامہ انورشاہ کاشمیری رحمہ اللہ کا قول نقل کرتے ہیں۔ کان الاسناد لئلا یدخل فی الدین ما لیس له لا نیخرج من الدین ما ثبت منه من عمل اهل الا سناد( الا جوبة الفاضلة صفحہ ۲۳۸) اسناداس لیے ہوتی ہیں تاکہ دین میں کوئی ایسی چیز داخل نہ ہو جو درحقیقت دین میں شامل نہیں ہے۔نہ کہ اس

Marfat.com

لئے کہ دین سے کوئی ایسی چیز خارج کر دیں جو خود سند بیان کرنے والوں کے عمل سے بھی دین میں ثابت ہے۔

## ☆ مستند احادیث سے احناف کی نماز

اب ہم مستند احادیث سے احناف کی نماز پیش کرتے ہیں۔

○ حدیث ○ : عن عبدالله بن زید قال لماامر رسول الله صلی الله علیه وسلم بالناقوس یعمل لیضرب للناس لجمع الصلوة۔طاف بی وانانائم رجل یحمل ناقوسافی یده فقلت یاعبدالله اتبیع الناقوس؟قال وماتصنع به؟فقلت ندعو به الی الصلوة۔قال افلا ادلك علی ماهوخیرمن ذلك؟فقلت بلی قال فقال تقول الله اکبر الله اکبر الله اکبر الله اکبر اشهدان لااله الاالله اشهدان لااله الاالله اشهدان محمدارسول الله اشهدان محمدرسول الله حی علی الصلوة حی علی الصلوة حی علی الفلاح حی علی الفلاخ الله اکبر الله اکبر لااله الاالله۔

(ابو داؤد :باب کیف الاذان)

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناقوس بنانے کا حکم دیا تا کہ ناقوس بجا کر لوگوں کو نماز کے لیے جمع کیا جائے۔تو میں نے خواب میں ایک شخص کو دیکھا جو ناقوس اٹھائے ہوئے ہے۔میں نے کہا یہ ناقوس بیچو گے؟اس نے کہا کہ تم اس کو کیا کرو گے؟میں نے کہا اس سے نماز کے لیے لوگوں کو جمع کریں گے۔اس نے کہا تمہیں اس سے بہتر چیز نہ بتادوں؟میں نے کہا ضرور! اس نے کہا اچھا تو پھر تم یہ کہا کرو (ترجمہ) اللہ سب سے بڑا ہے (۴ دفعہ) میں (صدق دل سے) گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ اور کوئی عبادت کے قابل نہیں (۲ دفعہ) میں (صدق دل سے) گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں (۲ دفعہ) نماز کے لیے آؤ (۲ دفعہ) کامیابی کی طرف آؤ (۲ دفعہ) اللہ سب سے بڑا ہے (۲ دفعہ) اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔

Marfat.com

○ حدیث ○ : فان کان صلوۃالصبح قلت الصلوۃ خیرمن النوم الصلوۃ خیرمن النوم۔ (ابوداؤد : کیف الاذان)

ترجمہ : اگرصبح کی نماز کا وقت ہوتو دودفعہ الصلوۃ خیرمن النوم کہا کرو۔

○ حدیث ○ : یقول علمنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الاقامۃ سبع عشر کلمۃ۔(ترمذی)

ترجمہ : حضرت ابومحذورۃ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے خودرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اقامت کے سترہ کلمات سکھائے تھے۔

○ حدیث ○ : ان بلالا کان یثنی الاذان ویثنی الاقامۃ۔

(مصنف عبدالرزاق ۔اسنادہ صحیح ۔آثارالسنن ج ا ص ۵۳)

ترجمہ : حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان واقامت کے کلمات دودوفعہ کہا کرتے تھے۔

○ حدیث ○ : کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکثر القناع۔

(شمائل ترمذی ص ۱۷)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثراوقات اپنے سرمبارک کوکپڑے سے ڈھانپ کررکھتے تھے۔

○ حدیث ○ : صل الظھراذاکان ظلک مثلک والعصراذاکان ظلک مثلیک۔(مؤطا الامام مالک باب وقوت الصلوٰۃ)

ترجمہ : جب تیراسایہ تیرے برابرہوجائے توظہرکی نمازاداکراورجب یہ سایہ دوگناہوجائے توعصرکی نمازاداکر۔

○ حدیث ○ : قال اذا اشتد الحرفابردوا الصلوۃ فان شدۃالحرمن فیح جھنم۔(مسلم :استحباب الابرادبالظھرفی شدۃ الحر)

ترجمہ : فرمایاجب گرمی زیادہ ہوجائے تونمازکوٹھنڈاکرکے پڑھاکروچونکہ گرمی کی شدت

Marfat.com

جہنم کے اثر سے ہے۔

○ حدیث ○ : أذن مؤذن النبی صلی الله علیه وسلم الظهر فقال أبرد أبرد۔ البخاری۔باب إبرادالظهر فی شدةالحر

ترجمہ : مؤذن بارگاہ رسالت نے ظہر کی اذان دیناچاہی توارشادنبوی ہوا ،موسم کوٹھنڈاہونے دو،ٹھنڈاہونے دو۔

○ حدیث ○ : کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا کان الحرأبرد بالصلوة واذاکان البرد عجل۔(نسائی ۔تعجیل الظهر فی البرد)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ گرمیوں میں (ظہر کی) نمازتاخیر سےاورسردیوں میں جلدی پڑھتے۔

○ حدیث ○ : فکان یؤخر العصر مادامت الشمس بیضاء نقیة۔ (ابوداؤد ۔وقت صلوة العصر)

ترجمہ : آپ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نمازکومؤخرفرماتے جب تک کہ سورج سفیداورصاف رہتا۔

○ حدیث ○ : عن سلمة رضی الله عنه قال کنانصلی مع النبی صلی الله علیه وسلم المغرب اذاتوارت بالحجاب۔ (بخاری :وقت المغرب)

ترجمہ : حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورج چھپتے ہی ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مغرب کی نمازادا کیا کرتے تھے۔

○ حدیث ○ : قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لولا ان اشق علی امتی لامرتهم ان یؤخروا العشاء الی ثلث اللیل او نصفه۔ (الترمذی :تاخیرصلوة العشاء)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگرمجھے امت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا خدشہ نہ ہوتا تو میں انہیں ضرورحکم دیتا کہ نمازعشاء کورات کے ایک تہائی یانصف حصہ تک

Marfat.com

مؤخر کیا کریں۔

○ حدیث ○ : اسفروا بالفجر فانه أعظم للأجر۔

(ترمذی :ماجاء فی الاسفار بالفجر)

ترجمہ : فجر کی نماز کو خوب روشنی ہونے پر (اسفار میں) پڑھو کہ اس کا ثواب بہت زیادہ ہے۔

○ حدیث ○ : صل صلوۃ الصبح ثم اقصر عن الصلوۃ حتی تطلع الشمس حتی ترتفع فانها تطلع حین تطلع بین قرنی شیطٰن وحینئذ یسجد لها الکفار ثم صل فان الصلوۃ مشهودۃ محضورۃ حتی یستقل الظل بالرمح ثم اقصر عن الصلوۃ فان حینئذ تسجر جهنم فاذا اقبل الفیء فصل فان الصلوۃ مشهودۃ محضورۃ حتی تصل العصر ثم اقصر عن الصلوۃ حتی تغرب الشمس فانها تغرب بین قرنی شیطن وحینئذ یسجد لها الکفار۔(مسلم :الاوقات التی نهی عن الصلوۃ فیها)

ترجمہ : صبح کی نماز پڑھ کر کوئی اور نماز پڑھنے سے رکے رہو تا آنکہ آفتاب طلوع ہو کر بلند ہو جائے۔ چونکہ آفتاب شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے اور اس وقت سورج پرست کفار اسے سجدہ کرتے ہیں۔ جب سورج کچھ بلند ہو جائے تو پھر نماز پڑھو چونکہ ہر نماز بارگاہ الٰہی میں پیش کی جاتی ہے البتہ جب نیزہ بے سایہ ہو جائے (زوال کے وقت) تو نماز نہ پڑھو۔ چونکہ یہ جہنم کو دہکانے کا وقت ہے اور جب سایہ بڑھنا شروع ہو جائے تو پھر نماز پڑھو چونکہ نماز اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کی جاتی ہے۔ جب عصر کی نماز پڑھ چکو تو پھر دوسری نماز سے رک جاؤ تا آنکہ سورج ڈوب جائے چونکہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے اور اس وقت سورج پرست کفار سورج کو سجدہ کرتے ہیں۔

○ حدیث ○ : صل قائما فان لم تستطع فقاعدا فان لم تستطع فعلی جنب۔

(بخاری :اذالم یطق قاعدا)

ترجمہ : کھڑے ہو کر نماز پڑھو۔ اگر اس کی طاقت نہ ہو تو بیٹھ کر ورنہ لیٹ کر تو بہر حال

Marfat.com

نماز ادا کرو۔

○ حدیث ○ : کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذاقام الی الصلوۃ یکبر حین یقوم۔(بخاری :باب التکبیر اذاقام من السجود)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا ارادہ فرماتے تو نماز کے لیے کھڑے ہوتے وقت اللہ اکبر کہتے۔

○ حدیث ○ : کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا کبر لافتتاح الصلوۃ رفع یدیہ حتی یکون ابہاماہ قریبا من شحمتی اذنیہ۔

(طحاوی :رفع الیدین فی افتتاح الصلوۃ)

ترجمہ : آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرنے کی تکبیر کہتے تو ہاتھوں کو اتنا اٹھاتے کہ دونوں انگوٹھے کانوں کی لو کے برابر ہو جاتے۔

○ حدیث ○ : عن وائل بن حجر قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاوائل بن حجر اذاصلیت فاجعل یدیك حذاء اذنیك۔والمرأۃ تجعل یدیہا حذاء ثدییہا۔ (مجمع الزوائد ج۲ ص۱۰۳)

ترجمہ : حضرت وائل بن حجرؓ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے وائل بن حجر جب نماز شروع کرو تو اپنے ہاتھ کانوں تک اٹھاؤ۔اور عورت اپنے ہاتھ چھاتیوں تک اٹھائے۔

○ حدیث ○ : ثم وضع یدہ الیمنی علی ظہر کفہ الیسری والرسغ والساعد۔ (ابوداؤد :رفع الیدین فی الصلوۃ)

ترجمہ : پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں ہاتھ کو اس طرح رکھا کہ وہ بائیں ہتھیلی کی پشت اور گٹے اور کلائی پر تھا۔

○ حدیث ○ : السنۃ وضع الکف علی الکف فی الصلوۃ تحت السرۃ۔

Marfat.com

(ابوداؤد :وضع الیمنی علی الیسری)

ترجمہ : سنت یہ ہے کہ نماز میں ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھ کر ناف کے نیچے باندھا جائے۔

○ حدیث ○ : یقول سبحانك اللهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالى جدك ولااله غيرك۔(مسلم :حجة من قال لايجهر بالبسملة)

ترجمہ : (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) یہ کلمات پڑھتے تھے سبحانک اللہم وبحمدک وتعالی جدک ولا الہ غیرک۔

○ حدیث ○ : عن انس قال صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم وابى بكروعمروعثمان فلم اسمع احدامنهم يقرء بسم الله الرحمن الرحيم۔

(مسلم :حجة من لايجهر بالبسملة)

ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ،حضرت ابوبکر حضرت عمر اور حضرت عثمان رضوان اللہ علیہم کے پیچھے نمازیں پڑھیں لیکن کسی ایک کو بھی بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھتے ہوئے نہیں سنا۔

○ حدیث ○ : لاصلوة لمن لم يقرأبفاتحة الكتاب فصاعدا۔

(ابوداؤد :من ترك القراءة)

ترجمہ : اس شخص کی کوئی نماز نہیں جس نے سورۃ فاتحہ اور مزید (سورۃ) نہیں پڑھی۔

○ حدیث ○ : واذا قرأ فانصتوا۔(مسلم :التشهدفى الصلوة۔هكذا قريبا فى سنن ابن ماجة :باب اذاقرأفانصتوا)

ترجمہ : اور جب امام قراءت کرے تو خاموش رہو۔

○ حدیث ○ : لاقراءة مع الامام فى شىء۔ (صحيح مسلم :سجود التلاوة۔ الفاظ کے اختلاف کے ساتھ موطا امام مالك :ترك القراءة خلف الامام میں)

Marfat.com

ترجمہ : کسی نماز میں بھی مقتدی کو امام کے ساتھ قراءت نہیں کرنی چاہیے۔

○ حدیث ○ : من صلی وراء الامام کفاہ قراء ۃالامام۔

(سنن بیھقی :من قال لایقرأ خلف الامام)

ترجمہ : جوشخص امام کی اقتداء میں نماز پڑھے اس کے لیے امام کی قراءت کافی ہے۔

○ حدیث ○ : من صلی رکعۃ لم یقرأ فیھابام القرآن فلم یصل الا ان یکون وراء الامام۔ (ترمذی :ترک القراء ۃ خلف الامام۔مؤطا الامام مالك :باب تجب قراء ۃفاتحۃ الکتاب)

ترجمہ : جس نے ایک رکعت میں بھی سورۃ فاتحہ نہیں پڑھی اس کی نماز صحیح نہیں ہوئی الا یہ کہ وہ امام کے پیچھے ہو۔

○ حدیث ○ : ان عبداللہ بن مسعود لم یقرأ خلف الامام لافی الرکعتین الاولیین ولافی غیرھما۔(جامع المسانید ج ا ص ۳۱۰)

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ امام کے پیچھے قرات نہیں کیا کرتے تھے نہ تو پہلی دو رکعتوں میں اور نہ ہی آخری دو رکعتوں میں۔

○ حدیث ○ : عن عمربن الخطاب انہ قال یخفی الامام اربعا التعوذ وبسم اللہ الرحمن الرحیم وآمین وربنالك الحمد۔ (عینی شرح ھدایہ ج ا ص ۶۲۰)

ترجمہ : حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا امام چار چیزوں کو آہستہ آواز سے کہے ا۔اعوذ باللہ.....بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۳۔آمین ۴۔ربنا لک الحمد ۔

○ حدیث ○ : عن عبداللہ بن مسعود قال یخفی الامام ثلاثا الاستعاذۃ وبسم اللہ الرحمن الرحیم وآمین۔ (المحلی ج ۳ ص ۱۸۴)

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ امام تین چیزوں کو آہستہ کہے ۔تعوذ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور آمین۔

Marfat.com

○ حدیث ○ : لم یثبت الجهر بالتامین عن النبی صلی الله علیه وسلم ولاعن الخلفاء الاربعة وماجافی الباب فهو لایخلو من شیء۔

(آثار السنن ج ا ص ۹۴)

ترجمہ : بلند آواز سے آمین کہنا نہ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا اور نہ ہی چاروں خلفاء سے اور جو کوئی روایت اس سلسلہ میں پیش کی جاتی ہے وہ جرح وتنقید سے خالی نہیں۔

○ حدیث ○ : قال عبدالله بن مسعود رضی الله عنه الااصلی بکم صلوة رسول الله صلی الله علیه وسلم فصلی فلم یرفع یدیه الافی اول مرة۔

(ترمذی :ماجاء فی رفع الیدین)

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا میں تمہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسنون نماز کا طریقہ نہ بتاؤں؟ پھر آپ نے نماز پڑھی اور صرف نماز کی ابتداء میں رفع یدین کیا۔

○ حدیث ○ : فقال مالی اراکم رافعی ایدیکم کانهااذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلوة ۔ (مسلم :الامر بالسکون فی الصلوة)

ترجمہ : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا ہوا کہ میں تمہیں ہاتھ اٹھاتے ہوئے (رفع یدین کرتے ہوئے) دیکھ رہا ہوں۔ گویا وہ شریر گھوڑوں کی دمیں ہیں۔ نماز میں سکون اختیار کرو۔

○ حدیث ○ : ان علیًا رضی الله عنه کان یرفع یدیه فی اول تکبیرة من الصلوة ثم لایرفع بعد۔ (بیهقی :من لم یذکر الرفع الاعندالافتتاح)

ترجمہ : حضرت علی رضی اللہ عنہ نماز میں پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے تھے اور اس کے بعد رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

○ حدیث ○ : ان ابن مسعود رضی الله عنه کان یرفع یدیه فی اول التکبیر ثم لایعود۔ (جامع المسانید ج ا ص ۳۵۵)

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ صرف پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے تھے

Marfat.com

اوراس کے بعدرفع یدین نہیں کرتے تھے۔

○ حدیث ○ : عن ابی هریرةرضی الله عنه انه کان یصلی بهم فیکبر کلماخفض ورفع فاذاانصرف قال انی لاشبهکم صلوة رسول الله صلی الله علیه وسلم۔ (بخاری :باب اتمام التکبیرفی الرکوع)

ترجمہ : حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ جب نماز ادا کرتے تو جب بھی (کسی رکن کی ادائیگی کے لیے) اوپر یا نیچے ہوتے تو تکبیر کہتے۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا میری یہ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی طرح ہے۔

○ حدیث ○ : لاتجزئ صلٰوةلایقیم الرجل فیهایعنی صلبه فی الرکوع والسجود۔ (الترمذی :من لایقیم صلبه فی الرکوع والسجود)

ترجمہ : وہ نماز کافی نہیں جس میں نمازی رکوع وسجود میں اپنی کمر کو سیدھا نہ رکھے۔

○ حدیث ○ : لمانزلت فسبح باسم ربك العظیم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اجعلوهافی رکوعکم۔ (زیلعی ۔ابوداؤد :مایقول الرجل فی رکوعه)

ترجمہ : جب یہ آیت نازل ہوئی "فسبح باسم ربک العظیم" تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس تسبیح کو رکوع میں رکھو۔

○ حدیث ○ : ثم یقول سمع الله لمن حمده حین یرفع صلبه من الرکعة ثم یقول وهوقائم ربنالك الحمد۔ (بخاری :باب التکبیر اذاقام من السجود)

ترجمہ : پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع سے اٹھتے ہوئے سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اور کھڑے ہوکر ربنا لک الحمد کہتے۔

○ حدیث ○ : اذاسجدوضع رکبتیه قبل یدیه واذانهض رفع یدیه قبل رکبتیه۔ (الترمذی :ماجاء فی وضع الیدین قبل الرکبتین فی السجود)

ترجمہ : جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے تو گھٹنوں کو ہاتھوں سے پہلے زمین پر رکھتے

Marfat.com

اوراٹھتے وقت گھٹنوں سے پہلے ہاتھ اٹھاتے۔

○ حدیث ○ : فکان یقول فی رکوعه سبحان ربی العظیم وفی سجوده سبحان ربی الأعلی۔ (الترمذی :ماجاء فی التسبیح فی الرکوع)

ترجمہ : حضور صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں سبحان ربی العظیم اور سجدہ میں سبحان ربی الاعلی پڑھتے تھے۔

○ حدیث ○ : قال النبی صلی الله علیه وسلم أمرت ان اسجدعلی سبعة اعظم علی الجبهة واشاربیده علی انفه والیدین والرکبتین واطراف القدمین۔

(بخاری :باب السجودعلی الانف)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سات ہڈیوں پر سجدہ کروں پیشانی پر اور آپ نے ناک کی طرف بھی اشارہ کیا۔ دونوں ہاتھوں پر۔ دونوں گھٹنوں پر اور دونوں پاؤں کی انگلیوں پر۔

○ حدیث ○ : کان اذارکع فرج بین اصابعه واذاسجدضم اصابعه۔

(مستدرك الحاکم ۔صحیح علی شرط المسلم)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں انگلیوں کو کھول کر رکھتے اور سجدہ میں انگلیوں کو ملا کر رکھتے۔

○ حدیث ○ : ووضع کفیه حذومنکبیه۔

(الترمذی :ماجاء این یصنع الرجل وجهه)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (سجدہ میں) ہاتھ کندھوں کے برابر رکھتے۔

○ حدیث ○ : لاخیرفی جماعة النساء۔ (اعلاء السنن ج۴ ص۲۴۱)

ترجمہ : عورتوں کی جماعت (کی نماز) میں کوئی خیر نہیں۔

○ حدیث ○ : قال علی رضی الله عنه لاتؤم المرأة۔

Marfat.com

(اعلاء السنن ج۴ ص ۲۴۴)

ترجمہ : حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عورت امامت نہ کرے۔

○ حدیث ○ : عن ابن عمرانه سئل كيف كان النساء يصلين على عهدرسول الله صلى الله عليه وسلم قال كن كن يتربعن ثم امرن ان يحتفرن۔

(جامع المسانید ج ا ص ۴۰۰)

ترجمہ : حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ خواتین حضور کے عہد مبارک میں کس طرح نماز پڑھا کرتی تھیں۔ تو انہوں نے فرمایا کہ پہلے چار زانو بیٹھتی تھیں۔ پھر انہیں حکم دیا گیا کہ خوب سمٹ کر نماز ادا کریں۔

○ حدیث ○ : اذاجلست المرأة فى الصلوة وضعت فخذها على فخذها الاخرى واذاسجدت الصقت بطنها على فخذيها كاستر مايكون لها۔

(بیہقی ج۲ ص ۲۲۳)

ترجمہ : نماز کے دوران جب عورت بیٹھے تو اپنی ایک ران کو دوسری ران پر رکھے اور جب سجدہ میں جائے تو اپنے پیٹ کو اپنی دونوں رانوں سے ملا لے۔ اس طرح کہ زیادہ سے زیادہ ستر ہو سکے۔

○ حدیث ○ : ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مر على امرأتين تصليان فقال اذاسجدتما فضما بعض اللحم الى الارض فان المرأة ليست فى ذلك كالرجل۔ (مراسیل ابی داؤد ص ۸)

ترجمہ : آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دو عورتوں کے پاس سے گذرے جو نماز پڑھ رہی تھیں۔ آپ نے فرمایا جب تم سجدہ کرو تو تم اپنے جسم کے بعض حصوں کو زمین سے چمٹا دو اس لیے کہ اس میں عورت مرد کے مانند نہیں ہے۔

○ حدیث ○ : عن على رضى الله عنه اذاسجدت المرأة فلتحتفز ولتضم

Marfat.com

فخلیها۔ (بیھقی ج ۲ ص ۲۲۳)

ترجمہ : حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب عورت سجدہ کرے تو سرین کے بل بیٹھے اور اپنی رانوں کو ملائے۔

○ حدیث ○ : عن ابن عباس رضی الله عنه انه سئل عن صلوٰة المرأة فقال تجتمع وتحتفز۔ (مصنف ابن ابی شیبة ج ا ص ۲۴۱)

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ان سے عورت کی نماز کے متعلق پوچھا گیا۔ تو فرمایا کہ سب اعضاء کو ملائے اور سرین کے بل بیٹھے۔

○ حدیث ○ : ثم کبر فسجد ثم کبر فقام ولم یتورك۔

(ابو داؤد :من ذکر التورك فی الرابعة ۔ صححه النیموی)

ترجمہ : آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہہ کر سجدہ کیا۔ پھر تکبیر کہہ کر بیٹھے بغیر سیدھے کھڑے ہو گئے۔

○ حدیث ○ : کان یقول فی کل رکعتین التحیة وکان یفرش رجله الیسری وینصب رجله الیمنی۔

(مسلم :صفة الصلوة)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ ہر دو رکعتوں کے بعد التحیات کے لیے بیٹھنا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا بایاں پاؤں بچھاتے تھے اور دائیں پاؤں کو کھڑا رکھتے تھے۔

○ حدیث ○ : ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یشیر باصبعه اذا دعا لا یحرّکها۔ (روی عن عبدالله بن الزبیر)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا پڑھتے تو انگلی سے اشارہ کرتے تھے اس کو ہلاتے نہیں تھے۔

○ حدیث ○ : کان یسلم عن یمینه وعن یساره السلام علیکم و رحمة الله

Marfat.com

السلام علیکم ورحمةاللہ۔ (الترمذی :ماجاء فی التسلیم فی الصلوۃ)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے دائیں اور بائیں طرف سلام پھیرتے۔

○ حدیث ○ : کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذاصلی صلوۃ اقبل علینابوجھہ۔ (صحیح البخاری :یستقبل الامام الناس اذاسلم)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوکر ہماری طرف متوجہ ہوکر بیٹھتے۔

○ حدیث ○ : قال تسبحون وتکبرون وتحمدون دبر کل صلوۃ ثلاثاوثلاثین مرۃ۔ (مسلم :استحباب الذکر بعدالصلوۃ)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلمنے فرمایا کہ ہرنماز کے بعد سبحان اللہ۔الحمدللہ۔اللہ اکبر ۳۳بار پڑھا کرو۔

○ حدیث ○ : ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یکن یرفع یدیہ حتی یفرغ من صلاتہ۔ (رواہ الطبرانی ورجالہ ثقات ۔مجمع الزوائد ج ا ص۱۶۹)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوکر ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے تھے۔

○ حدیث ○ : قیل لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الدعاء اسمع قال جوف اللیل الاخرودبر الصلوات المکتوبات۔ (جامع الترمذی :کتاب الدعوات)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سی دعازیادہ قبول ہوتی ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رات کے آخری حصہ کی دعااور فرض نمازوں کے بعد کی دعازیادہ قبول ہوتی ہے۔

○ حدیث ○ : کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا انصرف من صلوتہ استغفر ثلاثاوقال اللھم انت السلام ومنک السلام تبارکت ذاالجلال والاکرام۔ (مسلم :استحباب الذکر بعدالصلوۃ)

Marfat.com

ترجمہ : جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوتے تو تین دفعہ استغفار پڑھتے اور پھر فرماتے اللھم انت السلام ومنك السلام تبارکت ذا الجلال والاکرام۔

○ حدیث ○ : عن عبداللہ قال السھو ان یقوم فی قعود اویقعدفی قیام اویسلم فی الرکعتین فانه یسلم ثم یسجدسجدتی السھو ویتشھد ویسلم۔

(الطحاوی :باب سجود السھوفی الصلوۃ)

ترجمہ : حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بھول یہ ہے کہ نمازی بیٹھنے کی بجائے کھڑا ہوجائے یا کھڑا ہونے کے بجائے بیٹھ جائے یا (تین چار رکعت والی نماز میں) دو رکعتوں کے بعد سلام پھیر دے تو ایسا شخص سلام پھیرنے کے بعد دو سجدے کرے پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیرے۔

○ حدیث ○ : ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی بھم فنسیافسجد سجدتین ثم تشھدثم سلم۔ (ابوداؤد :سجدتی السھوفیھماتشھدوتسلیم)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کے ساتھ نماز پڑھی اور اس میں کچھ بھول گئے۔تو آپ نے دو سجدہ سہو کر کے تشہد پڑھی۔

○ حدیث ○ : التسبیح للرجال والتصفیق للنساء۔

(صحیح المسلم :تسبیح الرجل وتصفیق المرأۃ)

ترجمہ : تسبیح مردوں کے لیے ہے اور عورتوں کے لیے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ہے۔

○ حدیث ○ : ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قام من اثنتین من الظھرلم یجلس بینھمافلماقضی صلوتہ سجدسجدتین ثم سلم بعدذلك۔

(البخاری :ماجاء فی السھو اذاقام)

ترجمہ : ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں بیٹھے بغیر کھڑے ہوگئے۔پھر جب آپ نے نماز پوری کرلی تو سجدہ سہو کیا اور پھر سلام پھیرا۔

○ حدیث ○ : اذاشك فی صلوتہ فلیلغ الشك ولیبن علی الیقین فاذااستیقن

Marfat.com

التمام سجدسجدتین۔ (ابن ماجه :ماجاء فی من شك فی صلاة)

ترجمہ : جب تمہیں نماز میں شک آجائے تو چاہیے کہ شک کو ختم کر کے یقینی بات پر عمل کیا جائے (یعنی کم والے احتمال کو اختیار کیا جائے) جب اسے مکمل ہونے کا یقین ہو جائے تو پھر دو سجدہ سہو کر لے۔

○ حدیث ○ : کنانتکلم فی الصلوة یکلم الرجل صاحبه وهو الی جنبه فی الصلوة حتی نزلت وقوموا لله قٰنتین فامرنا بالسکوت ونهیناعن الکلام۔

(مسلم :تحریم الکلام فی الصلوة ۔بخاری:ماینهی من الکلام فی الصلوة)

ترجمہ : ہم نماز میں بات کر لیا کرتے تھے ایک آدمی اپنے پہلو میں کھڑے دوسرے آدمی سے بات کر لیتا تھا تا آنکہ یہ آیت نازل ہوگئی ''اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی کے ساتھ کھڑے ہو کرو'' تو ہمیں خاموشی کا حکم دیا گیا اور بات چیت سے روک دیا گیا۔

○ حدیث ○ : قال لینتهین اقوام عن رفعهم ابصارهم عندالدعاء فی الصلوة الی السماء اولتخطفن ابصارهم۔

(مسلم :النهی عن رفع البصر الی السماء فی الصلوة)

ترجمہ : آپ صلی اللہ علیہ وسلم نیفر مایا خبردار لوگ نماز میں دعا کے وقت اپنی نظریں آسمان کی طرف اٹھانے سے رک جائیں یا پھر ان کی بینائی کو اچک لیا جائے گا۔

○ حدیث ○ : قالت سالت رسول الله صلی الله علیه وسلم عن الالتفات فی الصلوة فقال هو اختلاس یختلسه الشیطن من صلوة العبد۔

(بخاری :الالتفات فی الصلوة)

ترجمہ : حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنے کی بابت پوچھا تو آپ نے فرمایا یہ شیطان کا حصہ ہے جسے وہ بندہ کی نماز میں سے اچک لیتا ہے۔

Marfat.com

○ حدیث ○ : لاصلوة بحضرة الطعام ولاوهويدافع الخبثان۔

(مسلم :باب كراهة الصلوة بحضرة الطعام)

ترجمہ : جب کھانا سامنے موجود ہوتو نماز کامل نہیں ہوتی اور نہ اس صورت میں جب وہ بیت الخلاء کی ضرورت محسوس کررہا ہو۔

○ حدیث ○ : ولايبسط احدكم ذراعيه انبساط الكلب۔

(بخاری :باب لايفترش ذراعيه فی السجود)

ترجمہ : تم میں سے کوئی بھی سجدہ میں اپنی کہنیوں کو کتے کی طرح نہ بچھائے۔

○ حدیث ○ : ان النبی صلی الله علیه وسلم صلی فی خمیصة لهااعلام فقال شغلتنی اعلام هذافاذهبوا بهاالی ابی جهم(عامربن حذیفة)واتوا بأبنجانیته۔

(مسلم :كراهةالصلوة ثوب له اعلام)

ترجمہ : ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کپڑا لے کرنماز پڑھی جس پر نقش ونگار تھے۔نماز کے بعد فرمایا یہ لے جا کر عامر بن حذیفہ کو دے دو کہ اس کے نقوش نے میری توجہ کو منتشر کردیا۔اوراس کا وہ موٹا کپڑا لاؤ جس پر نقش ونگار نہیں ہیں۔

○ حدیث ○ : نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن السدل فی الصلوة۔

(الترمذی :ماجاء فی كراهية السدل فی الصلوة)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کپڑا وغیرہ (ایسی چادر جو کندھوں پر یا گلے میں) لٹکا کر نماز پڑھنے سے منع فرمایا۔

○ حدیث ○ : اذانعس احدكم وهويصلی فلير قدحتی يذهب عنه النوم فان احدكم اذاصلی وهوينعس لعله يذهب يستغفرفيسب نفسه۔

(الترمذی :الصلوة عندالنعاس)

Marfat.com

ترجمہ : جب تم میں سے کسی کو نماز پڑھتے ہوئے اونگھ آئے تو ذرا سو جاؤ تا کہ نیند کا غلبہ جاتا رہے۔ اگر اسی حالت میں نماز پڑھی تو عین ممکن ہے کہ اپنی طرف سے استغفار کرنا شروع کرے جب کہ حقیقت میں وہ اپنے آپ کو گالی دے رہا ہو۔

○ حدیث ○ : نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن نقرة الغراب وافتراش السبع وان يوطن الرجل المكان فى المسجد كمايوطن البعير۔

(رواه احمد والحاكم)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کوے کی طرح ٹھونگے مارنے سے (جلدی جلدی نماز پڑھنے سے) اور درندہ کی کھال بچھا کر نماز پڑھنے سے اور اس سے کہ کوئی شخص مسجد میں نماز کی کوئی خاص جگہ مقرر کر لے جیسے کہ اونٹ (اپنے اصطبل میں) ایک خاص جگہ مقرر کر لیتا ہے۔

○ حدیث ○ : سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن سترة المصلى فقال صلى الله عليه وسلم مثل مؤخرة الرحل۔ (مسلم :سترة المصلى)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نمازی کے سترہ کی بابت پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا مؤخرۃ الرحل کی طرح۔

○ حدیث ○ : من صلى فى يوم وليلة ثنتى عشرة ركعة بنى له بيت فى الجنة اربعاقبل الظهرور كعتين بعدهاور كعتين بعد المغرب ور كعتين بعدالعشاء ور كعتين قبل الفجر صلاة الغداة۔

(جامع الترمذى :من صلى ثنتى عشرة ركعة۔رواه مسلم مختصرا)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص دن رات میں یہ بارہ رکعتیں پڑھے گا اس کے لیے جنت میں گھر بنایا جائے گا (وہ یہ ہیں) ۴ ظہر سے پہلے اور ۲ ظہر کے بعد ۲ مغرب کے بعد ۲ عشاء کے بعد ۲ فجر کے بعد

Marfat.com

○ حدیث ○ : ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان لایدع اربعا قبل الظھرور کعتین قبل الغداۃ۔ (صحیح البخاری :الرکعتان قبل الظھر)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر سے پہلے چار رکعتیں اور فجر سے پہلے دو رکعتیں کبھی نہیں چھوڑتے تھے۔

○ حدیث ○ : رحم اللہ امرءً صلی قبل العصر اربعا۔

(الترمذی :ماجاء فی الاربع قبل العصر)

ترجمہ : اللہ رحم فرمائے اس شخص پر جو عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھتا ہے۔

○ حدیث ○ : عن ابی معمر قال کانوا یستحبون اربع رکعات بعد المغرب۔ (مروزی :قیام اللیل ص۵۸)

ترجمہ : حضرت ابو معمرؒ فرماتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرامؓ مغرب کے بعد چار رکعت پڑھنے کو مستحب سمجھتے تھے۔

○ حدیث ○ : کانویستحبون اربع رکعات قبل العشاء الاخرۃ۔

(مروزی :قیام اللیل ص ۵۸)

ترجمہ : حضرات صحابہ کرامؓ عشاء کی نماز سے پہلے چار رکعات کو مستحب سمجھتے تھے۔

○ حدیث ○ : کان یصلی بالناس العشاء ثم یرجع الی اھلہ فیصلی اربعا۔

(ابو داؤد :باب صلوۃ اللیل)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھ کر گھر آتے اور چار رکعتیں پڑھتے۔

○ حدیث ○ : کان یصلی ثلاث عشر رکعۃ یصلی ثمان رکعات۔ثم یوتر ثم یصلی رکعتین وھو جالس۔ (مسلم :صلوۃ اللیل والوتر)

ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تیرہ رکعتیں پڑھتے تھے۔ پہلے آٹھ رکعت تہجد پڑھتے

Marfat.com

پھر تین وتر پڑھتے۔ پھر دو رکعتیں بیٹھ کر پڑھتے۔

○ حدیث ○ : الوتر حق فمن لم یوتر فلیس منا۔

(ابو داؤد :من لم یوتر۔ صححه الحاکم)

ترجمہ : وتر حق ہے۔ جو وتر نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں۔

○ حدیث ○ : من نام عن وتره اونسیه فلیصله اذاذکره۔

(ابو داؤد :ابواب الوتر)

ترجمہ : جو شخص وتر پڑھے بغیر سو گیا یا بھول گیا تو جب یاد آئے ضرور پڑھے۔

○ حدیث ○ : کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی من اللیل ثمان رکعات ویوتر بثلاث۔ (نسائی :باب الوتر)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو (تہجد کی) آٹھ رکعات پڑھتے۔ پھر تین رکعت وتر پڑھتے۔

○ حدیث ○ : ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان یوتر فلیقنت قبل الرکوع۔ (ابن ماجه :ماجاء فی ابواب الوتر)

ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے تھے اور دعاء قنوت رکوع سے پہلے پڑھتے تھے

## ☆ زیر ناف ہاتھ باندھنا

اب ہم ڈاکٹر صاحب کے اس اعتراض کا جواب دیتے ہیں۔ کہ ''قیام۔ رکوع۔ سجود۔ اور تشہد سب نمازی ایک ہی طریقے سے ادا کرتے ہیں۔ البتہ قیام کرتے وقت بعض لوگ سینے پر ہاتھ باندھتے ہیں جبکہ بعض زیر ناف باندھ لیتے ہیں''۔ چنانچہ نماز میں ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے کے بارے میں مصنف ابن ابی شیبہ جلد اول صفحہ ۲۹۰ پر حضرت علقمہ بن وائل کی روایت موجود ہے۔ عن علقمة بن وائل بن حجر عن ابیه قال رأیت النبی صلی الله علیه وسلم وضع یمینه علی شماله فی الصلوة تحت السرة۔ (حضرت علقمہ بن وائل اپنے والد وائل بن حجرؓ سے روایت

Marfat.com

کرتے ہیں۔انہوں نے فرمایا میں نے نبی علیہ الصلوۃ والسلام کو دیکھا کہ آپ نماز میں اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھتے تھے۔

ابوداؤد نسخہ ابن الاعرابی صفحہ ۱۸۰۔بیہقی جلد۲ صفحہ ۳۱ پر ہے۔عن ابی جحیفه ان علیا قال من السنة وضع الکف علی الکف فی الصلوة تحت السرة۔(حضرت ابوجحیفہؓ سے مروی ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا نماز میں ہتھیلی پر ہتھیلی ناف کے نیچے رکھنا مسنون ہے)۔

عن ابی وائل قال قال ابوهريرة اخذ الاكف على الاكف فی الصلوة تحت السرة۔(ابوداؤد نسخہ ابن الاعرابی جلد اول صفحہ ۱۸۰۔المحلی ابن حزم جلد۳ صفحہ ۳۰)

حضرت ابووائلؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ نماز میں ہتھیلیوں کو ہتھیلیوں پر ناف کے نیچے رکھا جائے۔

علامہ ابن تیمیہؒ کے شاگرد علامہ ابن قیم حنبلیؒ فرماتے ہیں۔

واختلف فی موضع الوضع فعنه فوق السرة وعنه تحتها وعنه ابو طالب سألت احمد این یضع یده اذا کان یصلی قال علی السرة او اسفل وکل ذلك واسع عنده ان وضع فوق السرة او علیها او تحتها۔علی رضی الله عنه من السنة فی الصلوة وضع الاکف علی الاکف تحت السرة۔عمرو بن مالك عن ابی الجوزاء عن ابن عباس مثل تفسیر علی الا انه غیر صحیح والصحیح حدیث علی قال فی روایة المزنی اسفل السرة بقلیل ویکره ان یجعلها علی الصدر وذالك لماروی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه نهی عن التکفیر وهو وضع الید علی الصدر (بدائع الفوائد جلد۳ صفحہ ۹۱)

دوران نماز ہاتھ باندھنے کی جگہ میں اختلاف ہے امام احمدؒ سے ایک روایت ناف کے اوپر ہاتھ باندھنے کی ہے۔ایک ناف کے نیچے باندھنے کی ہے۔ایک روایت آپ سے وہ ہے جو ابو طالب نے ذکر کی ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے امام احمدؒ سے پوچھا کہ نمازی نماز پڑھتے ہوئے ہاتھ

Marfat.com

کہاں رکھے۔آپ نے فرمایا ''ناف کے اوپر یا نیچے رکھے''۔اور آپ کے نزدیک سب جائز ہے چاہے ناف سے اوپر رکھے چاہے ناف پر رکھے اور چاہے ناف سے نیچے رکھے۔حضرت علی سے مروی ہے کہ ہتھیلیوں پر ہتھیلیوں کو ناف کے نیچے رکھنا سنت ہے۔عمرو بن مالک نے بروایت ابوالجوزاء حضرت ابن عباسؓ سے حضرت علیؓ کی تفسیر کی مانند روایت کی ہے مگر یہ صحیح نہیں ہے۔صحیح حضرت علیؓ کی حدیث ہے۔

امام مزنیؒ کی روایت کے مطابق امام احمدؒ کا یہ فرمان ہے کہ ناف سے تھوڑا نیچے باندھے۔اور سینہ پر ہاتھ رکھنا مکروہ ہے۔اس لیے کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام سے مروی ہے کہ آپ نے تکفیر سے منع فرمایا اور تکفیر سینہ پر ہاتھ رکھنے کو کہتے ہیں۔

ذاکر نائیک صاحب اور غیر مقلدین کو چاہیے کہ نماز میں سینے پر ہاتھ باندھنے کی کوئی ایک حدیث بخاری و مسلم سے ثابت کریں کیونکہ ہر مسئلہ کے لیے ان کا مطالبہ دلیل بخاری و مسلم سے ہوتا ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے ناصر الدین البانی کو دنیائے اسلام کا معروف محقق و محدث کہا ہے۔جبکہ ان کی تحقیق کا محاسبہ حسن بن علی السقاف نے **تناقضات الالبانی الواضحات** کے نام سے کیا ہے۔ جس میں البانی صاحب کے سینکڑوں تناقضات بیان کیے گئے ہیں۔

## ☆البانی صاحب کا مسلم شریف پر اعتراض

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب بخاری و مسلم کی تمام حدیثوں کو صحیح کہتے ہیں۔اور ناصر الدین البانی پر اتنا اعتماد ہے کہ دوسروں کو البانی کی کتب پڑھنے کی تلقین فرماتے ہیں۔حالانکہ البانی نے صحیح مسلم کی کئی احادیث کو ضعیف قرار دیا ہے۔جن میں سے چند آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔

(۱) البانی نے اپنی کتاب ''آداب الزفاف'' کے صفحہ ۶۲ پر مسلم شریف کی حدیث ذکر کی ہے جو عمر بن حمزہ العمری کے واسطے سے روایت کی گئی ہے۔''حدثنا عبدالرحمن بن سعد قال: سمعت اباسعید الخدری یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من اشر الناس عنداللہ منزلۃ یوم القیامۃ الرجل یفضی الی امرأتہ وتفضی الیہ ثم

Marfat.com

ینشر سرھا"۔اس حدیث کوذکر کرنے کے بعد اپنی رائے ذکر کی ہے"ان ھذاالحدیث مع کونہ فی صحیح مسلم فانہ ضعیف من قبل سندہ"۔(بے شک یہ حدیث صحیح مسلم میں ہونے کے باوجود سند کے اعتبار سے ضعیف ہے)۔

یہی حدیث "ضعیف الجامع الصغیر" (۱۹۲/۲) میں ذکر کی ہے اور اس کے حاشیہ میں لکھا ہے۔"ھذا الحدیث من الاحادیث القلیلة التی تکلم علیھاالعلماء ممافی صحیح مسلم"۔ (یہ حدیث مسلم کی ان چند احادیث میں سے ایک ہے جن پر علماء نے کلام کیا ہے)۔

(۲) مسلم شریف کی حدیث "ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال :لاتذبحوا الامسنة....." کے بارے میں "السلسلة الضعیفة" (۹۱/۱) میں لکھا ہے کہ "کان الأحری بہ ان یحشرفی زمرةالاحادیث الضعیفة"۔(یہ روایت ضعیف احادیث میں شمار کئے جانے کے زیادہ لائق ہے)۔

(۳) "السلسلة الصحیحة" (۲۵۴/۴) پر مسلم شریف کی حدیث "ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان رجلاقال واللہ لایغفر اللہ لفلان....." ذکر کرکے اس کی سند سوید بن سعید کی وجہ سے ضعیف قرار دی ہے۔

ڈاکٹر ذاکر صاحب جس البانی کو اس دور کا عظیم محدث کہتے ہیں اس کی دیدہ دلیریوں کا تو یہ عالم ہے کہ وہ مسلم شریف کی روایات کو ضعیف قرار دے رہا ہے۔

## ☆ البانی کی ایک اور دیدہ دلیری

ناصر الدین البانی کی ایک اور دیدہ دلیری کا نمونہ ملاحظہ ہو، بدع الزیارة فی المدینةالمنورة: ابقاء القبر النبوی فی مسجدہ (مناسك الحج و العمرة ۔بقلم ناصر الدین البانی)

مدینہ منورہ کی زیارات کی بدعات میں سے ایک بدعت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اقدس کو مسجد نبوی شریف میں باقی رکھنا ہے۔

Marfat.com

## ☆ ننگے سر نماز پڑھنا

ذاکر نائیک صاحب سے کسی نے سوال کیا کہ میرے قصبے کے لوگ اس بات پر اعتراض کرتے ہیں کہ میں آدھی آستینوں کی قمیص پہن کر، یا سر پر ٹوپی پہنے بغیر نماز ادا کرتا ہوں۔ ان کو اس وقت بھی سخت اعتراض ہوتا ہے کہ جب میں مسجد میں فرض نماز کی ادائیگی کے بعد سنتیں ادا کیے بغیر باہر نکل آؤں۔ ایسا میرے ساتھ کچھ عرصے سے ہو رہا ہے اور اس کی وجہ سے مجھے اتنی سخت اذیت پہنچتی ہے کہ میں سوچتا ہوں کہ آئندہ مسجد میں نہیں جاؤں گا۔ براہ کرم مشورہ دیجئے۔

جواب میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ میں آپ کے ''احساسات'' کو پوری طرح سمجھتا ہوں۔ لوگ ایسے مطالبات کرنے لگے ہیں جن کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ ایک مرد کے لیے نماز کے دوران اپنا ستر ڈھانپنا ضروری ہے۔ متعدد علماء کرام کے مطابق مرد کا ستر ناف سے لے کر گھٹنوں کے نیچے تک ہے۔ جسم کے بقیہ حصوں کو دوران نماز ڈھانپ لیا جائے تو یہ بہتر ہے۔ نصف آستین والی قمیص پہن کر نماز ادا کرنا درست ہے۔ اس طرح نماز کے لیے سر پر ٹوپی کا ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔ بعض علاقوں میں ٹوپی بہت ضروری سمجھی جاتی ہے۔

ایک دوسری جگہ ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں کہ قرآن پاک کی کسی آیت میں یا کسی بھی صحیح حدیث میں یہ حکم مذکور نہیں ہے کہ ٹوپی پہننا فرض ہے یا ٹوپی کے بغیر نماز ادا نہیں ہو سکتی۔ جبکہ بعض احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین دورانِ نماز ٹوپی پہنا کرتے تھے۔ اس لیے نماز ادا کرتے ہوئے کوئی نماز کے ادب و احترام کے پیش نظر ٹوپی اوڑھ لیتا ہے یا سر ڈھانپ لیتا ہے تو اس کا یہ عمل احسن ہے۔ ایک اور جگہ ڈاکٹر صاحب ان ہی الفاظ کا تکراریوں کرتے ہیں۔ ٹوپی پہننا چونکہ ایک احترام کا عمل ہے اور بہت ساری احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنھم بالعموم نماز کی ادائیگی کے وقت سر کو ڈھانپا کرتے تھے لہٰذا صحابہ کرام کی پیروی میں ہمیں بھی ٹوپی لینی چاہیے اور اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ اسی طرح ہمیں اس امر کو بھی ضرور ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے کہ قرآن و حدیث میں واضح طور پر کہیں بھی نماز کے لیے ٹوپی پہننے

Marfat.com

کوفرض قرار نہیں دیا گیا۔اس لیے اگر نماز بغیر ٹوپی پہنے ادا کر لی جائے تو یہ عمل بھی درست ہے اور جو نمازی بغیر ٹوپی پہنے نماز ادا کرتے ہیں ان کی نماز بھی اللہ کی بارگاہ میں قبول ہے اور اس میں کوئی نقصان نہیں آتا۔البتہ اگر کوئی اصرار کرے کہ ٹوپی اوڑھ کر نماز ادا کرنا درست نہیں تو اس شخص کی اس سوچ سے اتفاق ممکن نہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی بھی فرمان سے یہ ثابت نہیں کہ ٹوپی پہن کر نماز ادا کرنے سے نماز نہیں ہوتی۔گویا ٹوپی کے مسئلے کو لوگوں کے اختیار پر چھوڑ دیا گیا ہے۔جو لوگ ٹوپی پہن کر نماز پڑھیں ان کو غلط کہنا بھی ایک بے جا جسارت ہے۔لہٰذا دونوں صورتوں مین نماز ادا ہو جاتی ہے۔اُمید ہے اس وضاحت سے میرے بھائی کو اپنے سوال کا شافی وکافی جواب مل گیا ہوگا۔

☆اب ہم ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کے ننگے سر نماز پڑھنے کے مسئلے کو لوگوں کے اختیار پر چھوڑ دینے پر چند احادیث پیش کرتے ہیں۔

عن انس ابن مالك قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يكثرا لقَناع۔(شمائل ترمذی ص8) حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اوقات اپنے سر کو ڈھانپ کر رکھتے تھے۔

☆اب یہ تو ہو نہیں سکتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم عام حالات میں تو سر کو ڈھانپ کر رکھتے ہوں مگر نماز میں کپڑا اتار دیتے ہوں۔لہٰذا اس سے معلوم ہوا کہ آپ نماز میں بھی سر ڈھانپ کر رکھتے تھے۔

عن انس ابن مالك قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ وعليه عمامة قطرية فادخل يده من تحت العمامةفمسح مقدم رأسه ولم ينقض العمامة۔ (ابوداؤد شریف ج1،ص19) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے ہوئے دیکھا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک پر قطری پگڑی تھی آپ نے پگڑی کے نیچے سے ہاتھ ڈال کر سر کے اگلے حصے پر مسح فرمایا اور پگڑی کو کھولا نہیں۔

☆ظاہر ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی پگڑی سے نماز پڑھی ہوگی کیونکہ یہ نہیں ہو سکتا کہ وضو کے

Marfat.com

وقت تو پگڑی ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سر پر مسح کرتے ہوئے بھی اسے نہ اتاریں مگر عین نماز کے وقت اسے اتار دیں۔ نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عمامہ پر مسح جائز نہیں ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم عمامہ کے نیچے ہاتھ داخل کر کے اس اہتمام سے سر پر مسح نہ کرتے۔

عن ابن عمر قال كان النبى صلى الله عليه وسلم اذااعتم سدل عمامته بين كتفيه قال نافع وكان ابن عمريفعل ذلك قال عبد الله ورأيت القاسم بن محمد وسالما يفعلان ذلك (شمائل ترمذی ص 8) حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی عمامہ باندھتے تھے تو اپنے عمامہ (شملہ) کو اپنے کندھوں کے مابین لٹکا لیتے تھے۔ حضرت نافعؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ بھی یونہی کرتے تھے اور حضرت عبداللہ کہتے ہیں میں نے حضرت قاسم بن محمدؒ اور سالمؒ کو بھی یونہی کرتے دیکھا ہے۔

☆ اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی اتباع میں حضرت ابن عمرؓ اور حضرت قاسم بن محمدؒ اور حضرت سالمؒ سر پر عمامہ رکھتے تھے۔ اور عمامہ باندھتے ہوئے اس کا شملہ کندھوں کے مابین لٹکا لیتے تھے اور ظاہری بات ہے کہ یہ عمامہ نماز میں بھی سر پر رہتا تھا یہ ممکن نہیں کہ نماز کے علاوہ تو سر پر عمامہ رکھتے ہوں اور نماز میں اتار دیتے ہوں۔

عن ابن عمر انه كان اذامسح رأسه رفع القلنسوة ومسح مقدم رأسه (رواہ الدار قطنی ج 1، ص 154) حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سر پر مسح فرماتے تو ٹوپی سر سے ہٹا لیتے اور سر کے اگلے حصے پر مسح فرماتے۔

اس اثر سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابن عمرؓ کے سر پر ہمیشہ ٹوپی ہوتی تھی اور جب وضو میں مسح کرتے تو اتار لیتے تھے۔ اور ظاہر ہے کہ پھر اسی میں نماز پڑھتے ہوں گے۔ کیونکہ اتار کر رکھنا ثابت نہیں ہے۔ بلکہ وہ تو ننگے سر نماز پڑھنے والے شاگرد کو ڈانٹتے بھی تھے۔

عن الحسن البصرى قال اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم كانوا يسجدون وايديهم فى ثيابهم ويسجد الرجل منهم على عمامته۔ (مصنف ابن ابی شیبہ

Marfat.com

ج 1،ص 298۔ مصنف عبد الرزاق ج 1 ص 400۔ عمدۃ القاری بحوالہ الاعتصام 9 جولائی 1993ء) حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ نماز میں سجدہ کرتے اس حال میں کہ ان کے ہاتھ کپڑوں میں ہوتے تھے اور ان میں سے ہر آدمی اپنی پگڑی پر سجدہ کرتا تھا۔ اس سے بھی صاف ظاہر ہے کہ صحابہؓ نماز میں پگڑیاں پہنے ہوئے ہوتے تھے۔

پگڑی پر صرف دو فرقوں کا جھگڑا ہے۔ ایک فرقہ کہتا ہے کہ محراب میں ضرور ہونی چاہیے۔ دوسرا کہتا ہے کہ ہرگز نہیں ہونی چاہیے۔ ہو بھی تو اتار کر پھینک دو۔

عن وائل بن حجر قال ثم اتیته من العام المقبل وعلیهم الاکسیة والبرانس...الخ

(طحاوی شریف ج 1، ص 144) حضرت وائل بن حجرؓ فرماتے ہیں کہ میں اگلے سال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا (تو میں نے دیکھا کہ نماز میں) صحابہؓ کے (جسموں پر) چادریں تھیں اور (سروں پر) لمبی ٹوپیاں تھیں۔ یہ کتنی واضح حدیث ہے کہ صحابہؓ سروں پر ٹوپیاں اوڑھ کر نماز پڑھا کرتے تھے۔ اور ننگے سر نماز پڑھنے کے مسئلے کو لوگوں کے اختیار پر نہیں چھوڑا گیا۔

علامہ ابن تیمیہؒ تحریر فرماتے ہیں قال ابن عمر لغلامه نافع لماراه یصلی حاسرا ارأیت لو خرجت الی الناس کنت تخرج هکذا؟ قال لا قال فالله احق ان یتجمل له (مجموعۃ الفتاویٰ ج 22، ص 117) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے شاگرد حضرت نافعؒ کو ننگے سر نماز پڑھتے دیکھا تو فرمایا کہ کیا خیال ہے تمہارا اگر تمہیں لوگوں کے پاس جانا پڑے تو اس حالت میں جا سکتے ہو تو انہوں نے عرض کیا کہ نہیں تو اس پر آپؓ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ زیادہ حقدار ہے کہ اس کے لئے زینت اختیار کی جائے۔

غیر مقلدین کے شیخ الاسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری صاحب غیر مقلدین سے اختلاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ ''نماز کا صحیح اور مسنون طریقہ وہی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بالدوام ثابت ہوا ہے یعنی بدن پر کپڑے اور سر ڈھکا ہو پگڑی سے یا ٹوپی سے'' (فتاویٰ ثنائیہ ج 1، ص 525)

اسی طرح غیر مقلدین کے شیخ الحدیث مولانا محمد اسماعیل سلفی صاحب نے بھی ان سے اختلاف

Marfat.com

کیا ہے۔وہ لکھتے ہیں کہ ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرامؓ اور اہل علم کا طریق وہی ہے جواب تک مساجد میں متوارث اور معمول بنجا ہے کوئی مرفوع حدیث صحیح میری نظر سے نہیں گذری جس سے اس عادت کا جواز ثابت ہو..... کپڑا موجود ہو تو ننگے سر نماز ادا کرنا یا ضد سے ہوگا یا قلت عقل سے..... ویسے یہ مسئلہ کتابوں سے زیادہ عقل وفراست سے متعلق ہے۔اگر اس جنس لطیف سے طبیعت محروم نہ ہو تو ننگے سر نماز ویسے ہی مکروہ معلوم ہوتی ہے۔

(فتاویٰ علماء اہلحدیث ج4، ص286 تا ج4، ص289)

غیر مقلد کے عالم مولانا ابوبکر غزنوی نے اپنے والد مولانا داؤد غزنوی صاحب کی سیرت میں ان کا حوالہ نقل کیا ہے کہ ننگے سر نماز پڑھنا رسم بد ہے۔

☆ ننگے سر نماز پڑھنے کے بارے میں چند اور غیر مقلد علماء کا موقف

سابق امیر جمعیت اہلحدیث پاکستان مولانا محمد اسماعیل سلفی صاحب لکھتے ہیں۔

''سر ننگا رکھنے کی عادت بنالینا اور بلا وجہ ایسا کرنا اچھا فعل نہیں۔یہ عمل فیشن کے طور پر روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔اور بھی نامناسب ہے۔ویسے یہ مسئلہ کتابوں سے زیادہ عقل وفراست سے تعلق رکھتا ہے۔اگر حس لطیف سے طبیعت محروم نہ ہو تو ننگے سر نماز ویسے ہی مکروہ معلوم ہوتی ہے۔ضرورت اور اضطرار کا باب اس سے الگ ہے''۔(فتاویٰ علماء اہلحدیث۔جلد۴۔صفحہ۲۹۱)

سابق امیر جمعیت اہلحدیث پاکستان مولانا سید محمد داؤد غزنوی صاحب لکھتے ہیں۔''ابتداء عہد اسلام کو چھوڑ کر جب کہ کپڑوں کی قلت تھی اُس کے بعد اس عاجز کی نظر سے کوئی ایسی روایت نہیں گزری جس میں بہ صراحت یہ مذکور ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یا صحابہ کرامؓ نے مسجد میں اور وہ بھی نماز باجماعت میں ننگے سر نماز پڑھی ہو۔چہ جائیکہ معمول بنا ہو۔اس لئے اس رسم بد کو جو پھیل رہی ہے بند کرنا چاہیے۔اگر فیشن کی وجہ سے ننگے سر نماز پڑھی جائے تو نماز مکروہ ہوگی۔اگر تعبد اور خشوع اور عاجزی کے خیال سے نماز پڑھی جائے تو یہ عیسائیوں سے مشابہت ہوگی۔.....اسلام میں ننگے سر رہنا سوائے احرام کے تعبد اور خشوع وخضوع کی علامت نہیں۔اور اگر ننگے سر نماز کسل اور سستی

Marfat.com

کی وجہ سے ہے تو یہ منافقین کی ایک خصلت سے مشابہت ہوگی۔.....غرض ہر لحاظ سے یہ ناپسندیدہ فعل ہے۔المذنب الراجی رحمۃ ربہ الودود سید محمد داؤد الغزنوی ۔۲۹ جمادی الاولیٰ ۱۳۲۹ھ"۔

(فتاویٰ علماء اہل حدیث۔جلد۴۔صفحہ۲۹۱)

غیر مقلدین کے شیخ الکل فی الکل مولانا نذیر حسین دہلوی صاحب فرماتے ہیں۔

"ٹوپی اور عمامہ سے نماز پڑھنا اولیٰ ہے کیونکہ یہ مسنون ہے"۔(فتاویٰ نذیریہ۔جلد۱۔صفحہ۲۴۰)

غیر مقلدین کے مفسر قرآن مولانا ثناء اللہ امرتسری صاحب لکھتے ہیں۔

"نماز کا صحیح اور مسنون طریقہ وہی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بالدّ وام ثابت ہے یعنی بدن پر کپڑا اور سر ڈھکا ہوا پگڑی یا ٹوپی سے"۔(فتاویٰ ثنائیہ۔جلد۲۔صفحہ۵۲۵)

مولانا ابو سعید شرف الدین دہلوی صاحب فرماتے ہیں۔

"ننگے سر نماز ہو جائے گی مگر سر ڈھانپنا اچھا ہے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اکثر عمامہ یا ٹوپی رکھتے تھے۔مگر یہ جو بعض کا شیوہ ہے کہ گھر سے پگڑی یا ٹوپی سر پر رکھ کر آتے ہیں اور ٹوپی یا پگڑی قصداً اتار کر ننگے سر نماز پڑھنے کو اپنا شعار بنا رکھا ہے اور پھر اس کو سنت کہتے ہیں۔یہ بالکل غلط ہے۔یہ فعل سنت سے ثابت نہیں۔ایسے ہی برہنہ سر کو بلا وجہ شعار (عادت) بنانا بھی خلاف سنت ہے۔اور خلاف سنت بے وقوفی ہی ہوتی ہے"۔(فتاویٰ ثنائیہ۔جلد۱۔صفحہ۵۲۳)

غیر مقلد عالم مولانا عبدالمجید سوہدروی (گجراتی) صاحب فرماتے ہیں۔

"ننگے سر نماز ہو جاتی ہے مگر بطور فیشن لاپرواہی اور تعصب کی بناء پر ابدالآباد کے لیے یہ عادت بنا لینا جیسے کہ آج کل دھڑلے سے کیا جا رہا ہے ہمارے نزدیک صحیح نہیں۔نبی علیہ السلام نے خود یہ عمل نہیں کیا"۔(جریدہ اہلحدیث سوہدرہ۔شمارہ۱۲۔جلد۱۵۔فتاویٰ علماء اہل حدیث۔جلد۴۔صفحہ۲۸۱)

ان حوالہ جات کے بعد ڈاکٹر صاحب کو معلوم ہو جانا چاہیے کہ اس کا تو کوئی قائل نہیں کہ ٹوپی کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام زندگی نماز سر ڈھانک کے پڑھی ہے۔جس کا ثبوت تفصیلی طور پر ذکر کیا جا چکا ہے۔کیا ٹوپی کے مسئلے کو لوگوں کے اختیار پر چھوڑ دیا گیا

Marfat.com

ہے؟۔اوران مسائل (ننگے سر۔برہنہ جسم) کی کوئی بنیاد نہیں ہے؟۔کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دوام فعل ڈاکٹر صاحب کے نزدیک غیر اہم ہے؟۔

## ☆نماز میں ستر کا ڈھانپنا

کسی نے ذاکر نائیک صاحب سے استفسار کیا ہے کہ نماز ادا کرنے کے لیے کون سا لباس زیادہ مناسب ہے۔کرتا پاجامہ،شلوار قمیص یا پینٹ شرٹ اور ٹائی وغیرہ۔

جواب میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ دراصل نماز کے دوران بنیادی شرط ستر کا ڈھانپنا ہے اور بدن کا کون سا حصہ مستور ہونا چاہیے اس سلسلے میں عرض ہے کہ خواتین کو دوران نماز اپنا پورا بدن ڈھانپنا چاہیے۔خواتین کا صرف چہرہ اور کلائیوں سے اگلا والا ہاتھوں کا حصہ اس حکم سے مستثنیٰ ہے۔جبکہ مردوں کا ستر یہ ہے کہ انھیں زیر ناف تک نچلا حصہ ڈھانپ کر نماز پڑھنی چاہیے اگر کسی وجہ سے باقی حصے کو نہ بھی ڈھانپا جائے تو نماز بہر حال ہو جائے گی۔جہاں تک لباس کا تعلق ہے کہ کون سا لباس زیادہ موزوں ہے،یعنی پینٹ شرٹ' کرتے پاجامے اور شلوار قمیص میں سے جس میں آپ کو زیادہ راحت اور آسانی محسوس ہو آپ وہ لباس پہن کر نماز ادا کر سکتے ہیں۔ایسا لباس نہ پہنیں کہ نماز پڑھتے ہوئے آپ اس کی شکنیں درست کرنے اور اس کو سنبھالنے پر ہی لگے رہیں اور نماز میں خشوع وخضوع کا عمل متاثر ہو جائے۔پس نماز ادا کرتے ہوئے کوئی سا بھی لباس پہنا جا سکتا ہے لیکن یہ لباس شریعت کے تقاضوں سے متصادم نہ ہو اور شرعی احکام کی روح کے خلاف نہ ہو۔ لباس کو ساتر ہونا چاہیے۔غیر شرعی لباس ایسا لباس ہے جو جسم کی ستر پوشی سے قاصر ہو اور جسم کے اعضاء کو وہ پورے طور پر ڈھانپ نہ سکے اور ایسا لباس پہننے کی بھی اجازت نہیں جس سے غیر مسلموں سے تشابہت کے پہلو نکلتے ہوں۔یعنی ایسا لباس نہ پہنا جائے جس پر صلیب کا نشان ہو یا کسی دیگر مذہب کے شعار کی علامات ہوں،یا جن سے شرک وبت پرستی جھلکتی ہو۔اس طرح کا لباس زیب تن کر کے نماز ادا کرنے کی اجازت نہیں ہے۔جبکہ شلوار قمیص،کرتے پاجامے،تہبند کرتے،کوٹ پتلون،یا شرٹ وپتلون پہن کر نماز ادا کی جا سکتی ہے اور اس سے نماز میں کوئی حرج واقع نہیں ہوتا۔

Marfat.com

اُمید ہے اس وضاحت سے میرے عزیز کو تشفی آمیز جواب مل گیا ہوگا۔

## ☆ مردوں کی رانیں ستر میں شامل ہیں

عن محمدبن عبدالله بن حجش ان النبی صلی الله علیه وسلم مرعلی معمربفناء المسجدمحتبیا کاشفاعن طرف فخذه فقال له النبی صلی الله علیه وسلم خمر فخلك یامعمر فان الفخذعورة (مسند احمد) محمد بن عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کے صحن میں معمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گذرے جو اپنے سرینوں کے بل گھٹنے اٹھا کر بیٹھے ہوئے تھے اور ان کی ران کی ایک جانب ننگی تھی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اے معمر اپنی ران ڈھانپ لو کیونکہ ران وہ حصہ ہے جس کا چھپانا واجب ہے۔

## ☆ گھٹنے بھی ستر میں شامل ہیں

عن عمروبن شعیب عن ابیه عن جده قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم .....فان مااسفل من سرته الی رکبتیه من عورته (مسند احمد) حضرت عمرو بن شعیب کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی کی ناف سے لے کر اس کے گھٹنوں تک کا حصہ چھپانے کی چیز ہے۔

یاد رکھئے کہ اگر غایت وانتہا کا مابعد اس کے ماقبل میں شامل ہو تو غایت وانتہا حکم میں شامل ہوتی ہے اور اس سے زائد حصہ حکم سے خارج ہوتا ہے۔ اور اس حدیث میں ''ماسفل من سرته'' ناف سے لے کر پاؤں تک شامل ہے۔ چنانچہ گھٹنے اس میں خود بخود شامل ہو گئے۔ اور غایت انتہا کے طور پر گھٹنوں کا ذکر ہی اس کی دلیل ہے۔ البتہ پنڈلیاں اس حکم سے باہر ہوں گی۔

مستدرک حاکم میں ہے ''غلط فخذك فان الفخذعورة'' (۱۸۱/۴) اپنی ران کو پوشیدہ کر کیونکہ ران ننگ ہے۔

طبرانی میں ہے ''یاجرھد خمر فخذك فانهامن العورة'' اے جرہد اپنی ران کو چھپا دے کیونکہ

Marfat.com

یہ شرمگاہ میں سے ہے۔(طبرانی ۲/۳۰۵۔ بیہقی ۲/۲۲۸)

''لا تبرز فخذك ولاتنظر الى فخذحيي ولاميت''۔تو اپنی ران کو ننگا نہ کر اور نہ کسی زندہ یا مردہ کی ران کی طرف دیکھ۔(بخاری ومسلم۔ابوداؤد فی الجنائز والحمام۔وابن ماجہ فی الجنائز)

''الركبة من العورة''۔(سنن دارقطنی ۱/۲۳۱۔ دیلمی ۲/۴۱۲) گھٹنا شرمگاہ میں داخل ہے۔

☆ نماز کے دوران بیٹھنے کا طریقہ

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب ایک جگہ کہتے ہیں کہ نماز کے دوران لوگ جتنے طریقوں سے بیٹھتے ہیں ان سب کی اجازت ہے تاہم تین رکعت یا چار رکعت کی ادائیگی کے بعد جب آخری بار تشہد کے لیے بیٹھا جاتا ہے تو اس کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ بایاں پاؤں دائیں پاؤں کے نیچے ہو اور بایاں کولہا فرش پر ہو۔

☆ ڈاکٹر صاحب نے تو اس سلسلہ میں کوئی حدیث پیش نہیں کی بلکہ غیر مقلدین کا طریقہ بتلایا ہے۔علاوہ ازیں ڈاکٹر صاحب ہر بات میں بخاری ومسلم کا حوالہ طلب کرتے ہیں۔اور اب خود بغیر حوالہ کے مسئلہ بیان کر رہے ہیں۔لیکن ہم التحیات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹھنے کا طریقہ مسلم شریف سے پیش کرتے ہیں۔جسے ڈاکٹر صاحب بھی اہمیت دیتے ہیں۔

كان يقول فى كل ركعتين التحيةو كان يفرش رجله اليسرى وينصب رجله اليمنى۔(مسلم : صفة الصلوة) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ ہر دو رکعتوں کے بعد التحیات کے لیے بیٹھنا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا بایاں پاؤں بچھاتے تھے اور دائیں پاؤں کو کھڑا رکھتے تھے۔

☆ مرد اور عورت کی نماز

کسی سامع بھائی نے تحریری طور پر سوال پوچھا ہے کہ خواتین اور مردوں کے نماز ادا کرنے کے طریقے میں فرق اور اختلاف کیوں ہے؟

میں نے کسی اور ساتھی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا تھا کہ نماز کے موضوع پر بے شمار کتب بازار سے دستیاب ہیں جن میں نماز ادا کرنے کے طریقوں کی وضاحت کی گئی ہے۔نماز کے

Marfat.com

طریقوں کے موضوع پر دستیاب ہونے والی کتب بالعموم دو فصلوں پر منقسم ہوتی ہیں: مثلاً

☆مردوں کے لیے نماز کی ادائیگی کا طریقہ ☆خواتین کے لیے نماز کی ادائیگی کا طریقہ۔

جبکہ کہیں بھی ایک صحیح و مستند حدیث نہیں ملتی جس میں عورت کے لیے مرد سے علیحدہ طریقے کے مطابق نماز ادا کرنے کا حکم ہو۔اس کی بجائے صحیح بخاری کی روایت ہے۔''حضرت اُم درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت کرتی ہیں کہ التحیات میں عورتوں کو مردوں کی طرح بیٹھنے کا حکم ہے''۔(صحیح بخاری، جلد اول، کتاب خصائص نماز، باب ۶۳)

اس کے علاوہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ اور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی دیگر ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن سے بہت سی احادیث مروی ہیں صحیح بخاری، صحیح مسلم میں اور احادیث مروی ہیں جن میں عورتوں اور مردوں کے طریقہ نماز میں کوئی فرق نہیں۔ان میں سے بعض احادیث صحیح بخاری، صحیح مسلم اور احادیث و سنن کے دیگر مجموعوں میں شامل ہیں جبکہ ان احادیث مبارکہ میں اس امر کا کہیں ذکر نہیں ہوا کہ عورتوں کی نماز کا طریقہ مردوں سے مختلف ہے۔جیسا کہ صحیح بخاری شریف میں آتا ہے:

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جیسے مجھے نماز پڑھتے دیکھو ویسے ہی تم بھی پڑھو''۔(صحیح بخاری، کتاب الاذان، باب ۱۸، حدیث:۶۰۴، جلد نہم الحدیث ۳۵۲)

چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی روشنی میں عورتوں اور مردوں کو یکساں طریقے سے نماز پڑھنے کی تاکید کی گئی ہے نہ یہ کہ عورتیں مردوں سے کسی الگ طریقے سے نماز ادا کریں اور مرد کسی اور طریقے کے مطابق نماز ادا کریں۔مجھے امید ہے کہ آپ کو اپنے سوال کا جواب مل گیا ہوگا۔

☆ ڈاکٹر صاحب نے حضرت ام درداء رضی اللہ عنہا کے التحیات میں مردوں کی طرح بیٹھنے کی روایت نقل کی ہے۔اس میں عورتوں کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم موجود نہیں۔ام درداء رضی اللہ عنہا خود فقیہہ تھیں اس لیے یہ ان کا ذاتی فعل ہے۔اور حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما التحیات میں چوکڑی مار کر بیٹھتے تھے۔اس لیے کہ وہ خود مجتہد تھے۔

ڈاکٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ کہیں بھی ایک صحیح و مستند حدیث نہیں ملتی جس میں عورت کے لیے مرد

Marfat.com

سے علیحدہ طریقے کے مطابق نماز ادا کرنے کا حکم ہو۔ اور بخاری شریف میں آتا ہے کہ جیسے مجھے نماز پڑھتے دیکھو ویسے ہی تم بھی پڑھو۔ آگے کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی روشنی میں عورتوں اور مردوں کو یکساں طریقہ سے نماز پڑھنے کی تاکید کی گئی ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے دھوکہ دینے کی خاطر بخاری شریف کی طرف روایت کا غلط انتساب کیا ہے۔ یہ حکم حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ کو دیا۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیس روز رہے۔ اور جلدی واپس جانا چاہتے تھے۔ چنانچہ انہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کلیہ دے دیا کہ جیسے مجھے نماز پڑھتے دیکھو ویسے نماز پڑھو۔ اس حدیث میں عورتوں کی نماز کو مردوں کی نماز طرح کہیں بھی نہیں کہا گیا۔ عورتیں نماز میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کیسے دیکھتی ہوں گی۔ کیونکہ وہ تو صحابہ کے بہت پیچھے کھڑی ہوتی تھیں۔ اور اگر ڈاکٹر صاحب یہی مطلب لینے پر مصر ہیں جو انہوں نے بیان کیا تو اولاً عورتوں کو چاہیے کہ وہ غیر مقلد مردوں کی طرح ننگے سر نماز پڑھیں۔ نصف پنڈلی تک شلوار رکھیں۔ مردوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہوا کریں۔ چیخ کر آمین کہا کریں۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کہ جیسا مجھے حج کرتا دیکھو ویسے حج کیا کرو۔ اس میں بھی ایسا ہی عموم رکھیں۔ عورتیں احرام کے لیے دو چادریں استعمال کریں۔ دوران طواف اضطباع بھی کیا کریں اور رمل بھی کریں۔ رمی کے بعد حلق بھی کروایا کریں۔ تاکہ معلوم ہو کہ تقلید کی دھجیاں بکھیرنے والی بھی اور کتاب وسنت کو گلے لگانی والی بھی حج کر رہی ہیں۔

عورتوں اور مردوں کی نماز میں ایسے ہی فرق ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فطری طور پر عورت اور مرد میں فرق رکھا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کو غیر مقلدین کی اتباع میں ذخیرہ احادیث میں عورت اور مرد کی نماز میں فرق کی کوئی حدیث بھی نہیں ملی۔ کور چشم کو کیا دکھائیں۔ البتہ قارئین کے افادہ کے لیے ہم احادیث ہی سے یہ فرق ثابت کیے دیتے ہیں۔

☆ مرد اور عورت کی نماز کا پہلا فرق تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ اٹھانا ہے۔ حضرت وائل بن حجرؓ فرماتے ہیں کہ قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا وائل بن حجر اذا صلیت

Marfat.com

فاجعل یدیك حذاء اذنیك والمرأة تجعل یدیها حذاء ثدییها۔ (معجم طبرانی کبیر جلد۲۲ صفحہ۱۸ نمبر۱۷۴۹۷۔ کنز العمال حدیث۱۹۶۴۰) مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کا طریقہ سکھلایا تو فرمایا کہ اے وائل بن حجر جب تم نماز شروع کرو تو اپنے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھاؤ اور عورت اپنے دونوں ہاتھ اپنی چھاتیوں تک اٹھائے۔ امام بیہقیؒ نے اس حدیث کے راویوں کو ثقہ قرار دیا ہے۔ امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ کے استاد امام ابوبکر بن ابی شیبہؒ المتوفی ۲۳۳ھ اپنی کتاب مصنف ابن ابی شیبہ جلد۱ کتاب الصلوٰۃ صفحہ۲۳۹ پر حضرت عطاءؒ تابعی سے نقل کرتے ہیں کہ عورت اپنے ہاتھ چھاتیوں تک اٹھائے۔

امام بخاریؒ کے دوسرے استاد امام عبدالرزاقؒ المتوفی ۲۱۱ھ حضرت ابن جریجؒ المتوفی ۱۵۰ھ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عطاء تابعیؒ نے فرمایا کہ عورت تکبیر تحریمہ کہتے وقت نماز میں اپنے ہاتھوں کو اس طرح نہ اٹھائے جس طرح مرد اُٹھاتے ہیں۔ (بحوالہ مصنف ابن ابی شیبہ جلد۱ صفحہ۲۷۰)

امام عبدالرزاقؒ کہتے ہیں کہ ہمیں مکہ والوں نے بتایا کہ حضرت ابن جریجؒ نے نماز حضرت عطاءؒ سے سیکھی اور حضرت عطاءؒ نے حضرت ابن زبیرؓ سے سیکھی اور حضرت ابن زبیرؓ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ سے سیکھی اور حضرت ابوبکر صدیقؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھی۔

حضرت امام عبدالرزاقؒ حضرت ابن جریجؒ سے اور وہ حضرت عطاءؒ سے روایت کرتے ہیں کہ عورت (نماز میں) لپٹ سمٹ کر رہے گی۔ جب رکوع کرے اپنے ہاتھوں کو اپنے پیٹ کی طرف اٹھائے (یعنی ملائے) گی اور جتنا سمٹ سکتی ہو سمٹ جائے گی۔ پھر جب سجدہ کرے گی تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے جسم کے ساتھ ملا لے گی اور اپنے پیٹ کو اور اپنے سینے کو اپنی رانوں کے ساتھ ملا لے گی اور جتنا ہو سکے لپٹ سمٹ جائے گی (مصنف عبدالرزاق جلد۳ صفحہ۱۳۷ حدیث۵۰۶۹)

یہ حدیث بتا رہی ہے کہ عورت اور مرد کی نماز ایک جیسی نہیں بلکہ دونوں میں فرق ہے۔

مراسیل ابی داؤد صفحہ۸۰ اور سنن کبریٰ بیہقی جلد۲ صفحہ۲۲۳ پر ہے۔ عن یزید بن ابی حبیب انه صلی الله علیه وسلم مرّ علی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضمّا بعض

Marfat.com

اللحم الی الارض فان المرأة فی ذالك لیست کالرجل۔

(حضرت یزید بن ابی حبیبؒ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دو عورتوں کے پاس سے گزرے جو نماز پڑھ رہی تھیں آپ نے فرمایا جب تم سجدہ کرو تو اپنے جسم کا کچھ حصہ زمین سے ملا لیا کرو کیونکہ عورت (کا حکم سجدہ کی حالت) میں مرد کی طرح نہیں ہے)۔

## ☆عورتوں کا نماز کے دوران بیٹھنے کا طریقہ

حضرت نافعؒ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سوال کیا گیا: کیف کن النساء یصلین علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم قال کن یتربعن ثم امرن ان یتحفزن (یعنی یستوین جالسات علی اوراکهن) (جامع المسانید۔ جلد ا۔ صفحہ ۴۰۰)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں عورتیں کس طرح نماز پڑھا کرتی تھیں؟ (یعنی تشہد میں کس طرح بیٹھا کرتی تھیں؟) تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جواب میں فرمایا کہ پہلے تو (قعدے حالت میں) چار زانو ہو کر بیٹھتی تھیں پھر بعد میں انہیں حکم دیا گیا کہ وہ خوب سمٹ کر بیٹھا کریں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی یہ روایت مرفوع حدیث کا درجہ رکھتی ہے۔

امام عبدالوہاب شعرانیؒ اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

قال ابن عمر رضی الله عنهما کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا جلس فی الرکعة الاخیرة یفرش رجله الیسری وینصب الاخری ویقعد علی مقعدته وکان ینهی عن افتراش السبع فی الجلوس وهو ان یجلس ماذا ذراعیه علی الارض وکان یامر النساء ان یحتفزن او تربعن فی التشهد۔ (کشف الغمة عن جمیع الامة ۔ کتاب الصلوٰة۔ باب صفة الصلوٰة۔ فصل فی الجلوس الاخیر والتشهد فیه)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کی آخری رکعت میں قعدے کے لیے بیٹھتے تھے تو اپنے بائیں پاؤں کو بچھا لیا کرتے تھے اور داہنے پاؤں کو کھڑا کر لیا کرتے تھے اور اپنے سرین پر بیٹھ جاتے تھے اور نبی علیہ السلام (مردوں کو) اس طرح درندوں کے

Marfat.com

طریقے پر بیٹھنے سے منع فرماتے تھے کہ اپنے دونوں ہاتھوں کو زمین پر بچھا کر بیٹھا جائے اور نبی علیہ السلام عورتوں کو تشہد کی حالت میں سمٹ کر (یعنی دونوں پاؤں ایک طرف نکال کر اور زمین سے چمٹ کر) بیٹھنے کا یا چوزانوں بیٹھنے کا حکم فرماتے تھے۔

حضرت یزید بن ابی حبیب سے روایت ہے: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مر على امرأتين تصليان فقال اذاسجدتما فضمابعض اللحم الى الارض فان المرأةليست فى ذالك كالرجل (السنن الكبرى للبيهقى ۔جلد۲۔صفحہ۲۲۳۔مراسیل ابی داؤد۔جلد۳۔صفحہ۱۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو عورتوں کے پاس سے گزرے جو نماز پڑھ رہی تھیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا کہ جب تم سجدہ کرو تو اپنے جسم کے بعض حصوں کو زمین سے چمٹا دو اس لیے کہ اس سلسلہ میں عورت کا حکم مرد کی طرح نہیں ہے۔

حدیث مرسل قابل عمل ہوتی ہے۔اور جو اسے قابل عمل نہیں سمجھتے ان کے لیے امام بیہقی کا حوالہ کافی ہے۔کیونکہ انہوں نے اسے دو موصول طریقوں سے روایت کیا ہے۔

علامہ ابن نجیم رحمہ اللہ لکھتے ہیں۔والمرأة تنخفض وتلزق بطنها بفخذيها لانه استر لها فانه عورة مستورة ويدل عليه ماروواه ابوداود فى مراسيله انه عليه الصلوة والسلام مر على امرأتين تصليان فقال اذاسجدتما فضما بعض اللحم الى الارض فان المرأة ليست فى ذلك كالرجل وذكر الشارح ان المرأة تخالف الرجل فى عشرة خصال: ترفع يديها الى منكبيها وتضع يمينها على شمالها تحت ثديها ولاتجافى بطنها عن فخذيها وتضع يديها على فخذيها تبلغ رؤوس اصابعها ركبتيها ولاتفتح ابطيها فى السجود وتجلس متوركة فى التشهد ولاتفرج اصابعها فى الركوع ولاتوم الرجال وتكره جماعتهن ويقوم الامام وسطهن اه ويزاد على العشر انها لاتنصب اصابع القدمين كماذكره فى المجتبى۔(البحر الرائق

Marfat.com

شرح کنز الدقائق ۔جلد ا۔ کتاب الصلوۃ۔ باب صفۃالصلوۃ)

اورعورت اپنے آپ کو پست اور نیچا رکھے گی اوراپنے پیٹ کورانوں کے ساتھ چمٹا کر رکھے گی اس لیے کہ عورت کے حق میں یہ زیادہ پردے کی بات ہے اورعورت پردے اور چھپانے کی چیز ہے۔ ابوداؤد نے اپنی مراسیل میں روایت کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دوعورتوں کے پاس سے گزرے جونماز پڑھ رہی تھیں۔تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ جب تم سجدہ کروتو اپنے جسم کے بعض حصوں کوزمین سے چمٹالو۔اس لیے کہ اس سلسلہ میں عورت حکم مرد کی طرح نہیں ہے اورشارح نے ذکر کیا کہ عورت کی نماز کی حالت مرد سے تقریباً دس چیزوں میں مختلف ہے۔

عورت تکبیر تحریمہ کے لیے اپنے ہاتھ اپنے کاندھوں تک اٹھائے گی۔اوروہ اپنے دائیں ہاتھ کو اپنے بائیں ہاتھ پر رکھ کر اپنی چھاتی کے نیچے باندھے گی۔اوراپنے پیٹ کو اپنی رانوں سے الگ نہیں کرے گی۔اوررکوع کی حالت میں اپنے دونوں ہاتھ اپنی رانوں پر اس طرح رکھے گی کہ اس کے ہاتھ کی انگلیوں کے کنارے اس کے گھٹنوں تک پہنچ جائیں اوراپنی دونوں بغلوں کوسجدے کی حالت میں کشادہ نہیں کرے گی اورتشہد کی حالت میں اپنے دونوں پاؤں ایک طرف نکال دے گی ۔اوررکوع کی حالت میں اپنی انگلیوں کوکشادہ کرکے نہیں رکھے گی۔اورمردوں کی امامت نہیں کرائے گی۔اورعورتوں کواپنی جماعت کرنا بھی مکروہ ہے ۔(اوراگراس مکروہ کاارتکاب کرتے ہوئے عورتیں جماعت کریں) توان کی امام درمیان میں کھڑی ہوگی۔اوراس کے علاوہ ایک یہ بھی ہے یہ وہ اپنے پاؤں کی انگلیوں کو(سجدہ ۔قعدہ وغیرہ میں) کھڑانہیں کرے گی۔ جیسا کہ مجتبی میں مذکور ہے۔

ملاعلی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: والمرأة تضع على صدرها اتفاقا لان مبنى حالها على الستر (شرح النقایۃ ۔جلد ا۔صفحہ ۱۶۲) اورعورت سب کے نزدیک اپنے ہاتھ سینے پر رکھے گی اس لیے کہ عورت کی حالت کا دارومدار پردے پر ہے۔

علامہ عبدالحی لکھنوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وامافی حق النساء فاتفقوا على ان السنة لهن

Marfat.com

وضع الیدین علی الصدر لانه استرلها کمافی البنایةوفی المنیة المرأةتضعهماتحت ثدییها۔ (السعایة۔ جلد۲۔صفحہ۱۵۶) رہاعورتوں کے حق میں (ہاتھ باندھنے کا معاملہ) تو تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ان کے لیے سنت سینے پر ہاتھ باندھنا ہے۔ کیونکہ عورتوں کے لیے یہ زیادہ پردے کا باعث ہے۔ جیسا کہ بنایہ میں ہے۔ اور مُنیۃ المصلی میں ہے کہ عورت اپنے دونوں ہاتھ اپنے پستانوں کے نیچے (متصل) رکھے گی۔

صحاح ستہ کے مترجم غیر مقلدین کے علامہ وحیدالزمان حیدرآبادی نے تحریر فرمایا ہے۔ ''الاان المرأة ترفع یدیهاعندالتحریم الی ثدییهاولاتخوی فی السجود کالرجل بل تنخفض وتلصق وتضم بطنهابفخذیها''۔ (نزل الابرارمن فقہ النبی المختار۔ جلد ا۔ صفحہ ۸۵) ''مگر اتنی بات ہے کہ عورت تکبیر تحریمہ کے وقت اپنے ہاتھوں کو اپنی چھاتی تک اٹھائے گی اور سجدے میں مرد کی طرح پیٹ کو زمین سے اونچا نہیں رکھے گی بلکہ پست رہے گی اور اپنے پیٹ کو دونوں رانوں سے چپکا لے گی''۔

غیر مقلدین کے مشہور عالم عبدالجبار بن عبداللہ غزنوی صاحب لکھتے ہیں۔ ''غرض یہ کہ عورتوں کا انضمام (اکٹھی ہوکر) اور انخفاض (سمٹ کر اور چمٹ کر) احادیث اور تعامل جمہور اہل علم از مذاہب اربعہ وغیرہم سے ثابت ہے۔ اور اس کا منکر کتب حدیث اور تعامل اہل علم سے بے خبر ہے''۔ واللہ اعلم۔ حررہ عبدالجبار عفی عنہ۔ (فتاویٰ غزنویہ۔ صفحہ ۲۸۔ فتاویٰ علماء اہل حدیث۔ جلد ۳۔ صفحہ ۱۴۹)

اب ہم ڈاکٹر صاحب کے دوسرے اعتراض صلوا کمارأیتمونی اصلی کی طرف آتے ہیں۔ علامہ محمد بن احمد علیش ؒ نے حدیث صلوا کمارأیتمونی اصلی کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے۔ ''صلوا کمارأیتمونی اصلی فلم یامرهم الابفعل مارأواواهل العلم نائبون عنه صلی الله علیه وسلم فهم مثله فی الاقتداء فکانه قال کمارأیتمونی اصلی اورأیتم نوابی یصلون'' (منح الجلیل شرح مختصر خلیل۔ جلد ا۔ فصل فی بیان حکم فعل الصلوۃفی جماعة)۔

Marfat.com

''حدیث صلوا کمارأیتمونی اصلی (تم اس طرح نماز پڑھو جس طرح مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو) میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو دیکھے جانے والے فعل کا حکم دیا اور صحابہ و دیگر اہل علم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نائب ہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نائب اس اتباع واقتدا کیے جانے کے سلسلے میں نبی علیہ الصلوۃ والسلام کی طرح ہوئے۔ تو گویا کہ نبی علیہ السلام نے یہ فرمایا کہ تم اس طرح نماز پڑھو جس طرح تم مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھ رہے ہو یا (اگر تم مجھے نہیں دیکھ رہے بلکہ) تم میرے نائبین (صحابہ و تابعین الی آخرہ) کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھ رہے ہو''۔

اگر بخاری شریف کی مذکورہ حدیث کا مطلب وہی ہوتا جو مرد و عورت کی نماز میں فرق کے منکرین بیان کرتے ہیں تو صحابہؓ مرد و عورت کی نماز کے فرق کے کیوں کر قائل ہوتے۔

احادیث تو بتلا رہی ہیں کہ اللہ کے نبی کے نزدیک مرد اور عورت کی نماز میں فرق ہے ذاکر نائیک صاحب اور غیر مقلدین کے نزدیک عورت اور مرد کی نماز میں فرق نہیں ہے۔ اگر بات ایسی ہے تو عورتیں اپنی مسجد الگ بنانا چاہیں اور وہاں خود مؤذن۔ امام اور خطیب بننا چاہیں تو انہیں اجازت ہونی چاہیے۔ نیز عورتیں اقامت کہنا چاہیں تو اجازت ہونی چاہیے۔ مردوں کی امامت کی اجازت ہونی چاہیے۔ اور اونچی آواز سے قرأت کی بھی اجازت ہونی چاہیے۔ نیز عورتوں کو ننگے سر۔ کہنیاں اور ٹخنے کھول کر نماز پڑھنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ ان کی شرکت جماعت میں ضروری ہونی چاہیے اور جماعت میں وہ بھی غیر مقلدین کی طرح ایک میٹر کا فاصلہ رکھیں۔ ان پر بھی جمعہ اور عیدین واجب ہونا چاہیے۔ اور اگر مذکورہ بالا امور نماز میں ان کا مردوں سے اختلاف ہے تو پھر عورتوں کی نماز مردوں جیسی کس طرح ہو سکتی ہے؟

موجودہ دور کے غیر مقلدین تو عورت و مرد کی نماز میں فرق کے قائل نہیں ہیں لیکن ان کے اکابر فرق کے قائل تھے چنانچہ صحاح ستہ کے مترجم جن کے تراجم پڑھنے کی غیر مقلدین حضرات لوگوں کو ترغیب دیتے ہیں یعنی علامہ وحید الزمان حیدر آبادی اپنی کتاب لغات الحدیث جلد اول صفحہ ۹۸ پر ''ح'' کے تحت لکھتے ہیں۔ عورت جب نماز پڑھے تو جلسہ اور سجدہ میں سمٹ کر رہے اور مرد کی طرح نہ

Marfat.com

پھیلائے۔(جیسے مرد سجدہ میں اپنا پیٹ رانوں سے علیحدہ اور بازو پہلو سے جدا رکھتا ہے)

مترجم صحاح ستہ علامہ وحید الزمان صاحب ایک اور جگہ لکھتے ہیں۔مگر اتنی بات ہے کہ عورت تکبیر تحریمہ کے وقت اپنے ہاتھوں کو اپنی چھاتی تک اُٹھائے گی اور سجدہ میں مرد کی طرح پیٹ کو زمین سے اونچا نہیں رکھے گی بلکہ پست رہے گی اور اپنے پیٹ کو دونوں رانوں سے چپکائے گی (نزل الابرار من فقه النبی المختار جلد ا صفحہ ۸۵)

مولانا داؤد غزنوی کے والد اور میاں نذیر حسین صاحب کے شاگرد مولانا عبدالجبار غزنوی بھی عورت و مرد کی نماز میں فرق کرتے تھے۔

ذاکر نائیک صاحب کی یہ بات کہ حدیث صلوا کما رأیتمونی أصلی سے عورتوں اور مردوں کو یکساں طریقے سے نماز پڑھنے کی تلقین کی گئی ہے غلط ہے۔کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ خطاب حضرت مالک بن حویرثؓ اور ان کے رفقاء کو اس وقت ہے جب وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت و صحبت سے مستفید ہو کر واپس جا رہے تھے۔لہذا اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مخاطب مرد حضرات تھے خواتین نہ تھیں۔اور اگر اس خطاب سے مراد پوری امت ہے تو عورتوں کو بھی عمامہ پہن کر نماز پڑھنی چاہیے۔نماز میں ٹخنے ننگے رکھنے چاہئیں اور ذاکر نائیک صاحب کے دوسری جگہ ایک سوال کے جواب کے مطابق ننگے سر نماز ہو جاتی ہے۔چنانچہ اگر عورتیں ننگے سر نماز پڑھیں تو ان کی نماز بھی ہو جانی چاہیے۔بلکہ بیگم فرحت ہاشمی کی تقلید میں امامت بھی کروانی چاہیے۔اور مردوں کی طرح اونچی قرأت بھی کرنی چاہیے۔

## ☆ نماز میں عورت کے ستر کا ڈھانپنا

بات چل رہی تھی پردہ کی اور اس میں غیر مقلدین کی مخالفت نص قرآنی اور مخالفت حدیث کا ثبوت پیش کر چکے ہیں۔اب غیر مقلدین کی آزاد خیالی ملاحظہ ہو۔کہ وہ نماز کے اندر بھی عورت کے ستر ڈھانپنے کے قائل نہیں۔جبکہ عورت کے سر کے بال ستر میں داخل ہیں۔اس پر امت مسلمہ کا اجماع ہے اور احادیث سے ثابت ہے کہ نماز کے صحیح ہونے کے لیے ستر ڈھانپنا شرط ہے۔چنانچہ ترمذی

Marfat.com

جلداول صفحہ۸۶۔ابوداؤدجلداول صفحہ۹۴ پرحضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لاتقبل صلوة الحائض الا بخمار (جوان عورت کی نماز بغیراوڑھنی کے قبول نہیں)۔

لیکن نواب صدیق حسن خان صاحب غیر مقلد بدورالاہلہ صفحہ۳۹ پر لکھتے ہیں۔''واما آنکہ نمازِ زن اگرچہ تنہا یابازنان یاباشوہر یادیگرمحارم باشد بے ستر تمام عورت صحیح نیست پس غیر مسلم است''۔(رہی یہ بات کہ عورت کی نماز اگرچہ وہ تنہا ہو یادوسری عورتوں کے ساتھ ہو یا شوہر یا دوسرے محرموں کے ساتھ ہوتو پورے ستر کے ڈھانپے بغیر نماز نہیں ہوتی تو یہ بات ہمیں تسلیم نہیں)۔

غیر مقلدین کے امام نواب صدیق حسن خان صاحب نے بدورالاہلہ صفحہ۳۹ پر لکھا ہے عورت کی نماز بغیر تمام ستر چھپائے ہوئے صحیح ہے۔تنہا ہو یادوسری عورتوں کے ساتھ ہو۔یا اپنے شوہر کے ساتھ ہو۔یادوسرے محارم کے ساتھ ہو۔غرض ہر طرح صحیح ہے۔زیادہ سے زیادہ سر چھپالے یہاں ذاکر نائیک صاحب کیا کہیں گے؟۔یہ فرمان کس حدیث صحیح کے تحت جاری ہوا؟۔عذر کی صورتیں اور مجبوری کی حالتیں تو اقوال رجال ہیں۔ان کا ذکر کرنا اہلحدیث (غیر مقلد) ہوکر درست نہیں۔

غیر مقلدین نے دین کی اصلاح کرتے ہوئے جدیدیت زدہ لوگوں کو نماز میں مزید آسانی فراہم کردی۔آخر میں یہ بھی ملاحظہ فرمالیجئے۔

غیر مقلدین کے ایک اور عالم نواب نورالحسن خان بن نواب صدیق حسن خان صاحب لکھتے ہیں۔''واز ینجا دریافتہ باشی کہ ہر کہ چیزی از عورتش در نماز نمایاں شد یادر جامۂ ناپاک نماز گزارد نمازش صحیح ست''۔(عرف الجادی صفحہ۲۲) یہیں سے تمہیں معلوم ہوگا کہ نمازی کے ستر کا جو حصہ بھی نماز میں کھل جائے یا وہ ناپاک کپڑوں میں نماز پڑھ لے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

## ☆ بغیر وضو نماز

ذاکر نائیک صاحب سے کسی نے سوال کیا ایک بار نماز باجماعت کی تکمیل کے بعد امام صاحب نے اعلان کیا کہ وہ وضو کرنا بھول گئے تھے اور انھوں نے بے وضو ہی نماز کی امامت کردی چنانچہ تمام

Marfat.com

نمازی اپنی نماز دہرالیں، اس پر بحث ہونے لگی۔ کچھ لوگوں کا کہنا تھا کہ مقتدیوں کی نماز ہوگئی ہے۔ انھیں نماز دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ جب کہ دیگر کچھ افراد کا اصرار تھا کہ مقتدیوں کو نماز دہرانی چاہیے۔ چنانچہ آدھے نمازیوں نے نماز دہرالی اور آدھے نمازی نماز دہرائے بغیر چلے گئے۔ ان میں کس نے درست عمل کیا؟

جواب میں ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں۔ امام صاحب کو چاہیے تھا کہ وہ اپنی بھول کا اعلان نہ کرتے اور وضو کر کے نماز دوبارہ ادا کر لیتے۔ مقتدیوں کی نماز درست تھی۔ جو لوگ نماز دہرائے بغیر چلے گئے، انھوں نے ٹھیک کیا۔ چند لوگوں نے نماز دہرائی، اِن شاء اللہ تعالیٰ انھیں نفل نماز کا الگ سے ثواب ملے گا۔ حضرت عمر بن خطابؓ نے ایک بار نماز فجر کی امامت فرمائی۔ نماز کے بعد انھیں احساس ہوا کہ ان کے لباس پر ناپاکی کے آثار موجود ہیں۔ اِنھوں نے غسل فرمایا اور نماز دوبارہ ادا فرمائی لیکن انھوں نے مقتدیوں میں سے کسی کو نماز دہرانے کا حکم نہیں دیا۔ ایسا ہی واقعہ حضرت عثمان غنیؓ کے ساتھ پیش آیا تھا۔ انھوں نے مقتدیوں کو نماز دہرانے کی ہدایت نہیں کی تھی۔

☆ ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب جو بخاری و مسلم اور صحیح حدیث کی رٹ لگائے رکھتے ہیں۔ یہاں اپنے اصول سے ہٹ گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل بتانے کی بجائے صحابی کا فعل ذکر کر رہے ہیں اور اس کی تفصیل بتانے سے بھی گھبرا رہے ہیں۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ غیر مقلدین کے وہ تمام مسائل جن میں وہ امت مسلمہ سے اختلاف کرتے ہیں مفروضہ سوالوں کی شکل میں جان بوجھ کر عام سامعین کے سامنے لائے جا رہے ہیں۔ تاکہ ان ذہن بھی منتشر ہو جائے۔

☆ مصنف عبدالرزاق جلد ۲ صفحہ ۳۵۱ پر ہے۔ عن ابی جعفر ان علیا صلی بالناس وھو جنب اوعلی غیر وضوء فاعادوا مرھم ان یعیدوا۔ حضرت ابو جعفرؒ سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو حالت جنابت میں یا بغیر وضو کے نماز پڑھا دی۔ آپ نے وہ نماز خود بھی لوٹائی اور ان لوگوں کو بھی لوٹانے کا حکم دیا۔

☆ کتاب الآثار للامام ابی حنیفہؒ صفحہ ۳۱ پر ہے۔ عن ابراھیم قال اذا فسدت صلوۃ الامام

Marfat.com

فسدت صلوة من خلفه۔ حضرت ابراہیم نخعیؒ فرماتے ہیں کہ جب امام کی نماز فاسد ہوگی تو مقتدی کی نماز بھی فاسد ہو جائے گی۔ آگے لکھا ہے۔ عن عطاء بن رباح فی رجل یصلی باصحابه علی غیر وضوء قال یعیدویعیدون۔ حضرت عطاء بن ابی رباح نے ایسے شخص کے بارے میں جو مقتدیوں کو بغیر وضو کے نماز پڑھادے۔ یہ ارشاد فرمایا کہ امام اور مقتدی سب نماز لوٹائیں۔

مصنف عبدالرزاق جلد۲ صفحہ ۳۵۰ پر ہے۔ عن الثوری قال سمعت حمادا یقول اذا فسدت صلوة الامام فسدت صلوة القوم۔ حضرت سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حمادؒ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جب امام کی نماز فاسد ہوگی تو مقتدیوں کی بھی فاسد ہو جائے گی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور جلیل القدر تابعین کے اقوال کے بعد بھی غیر مقلدین اور ذاکر نائیک صاحب کے نزدیک جو امام بغیر وضو نماز پڑھادے وہ صرف اپنی نماز لوٹائے۔ مقتدیوں کو بتانے کی ضرورت نہیں۔ کیا اسی کو عمل بالحدیث کہتے ہیں؟۔

## ☆ امام کا دوبارہ جماعت کروانا

ہم نے اپنے دفتر میں باجماعت نماز کی ادائیگی کا اہتمام کیا ہے۔ بعض اوقات یہ ہوتا ہے کہ کوئی ایک ساتھی نماز کی ادائیگی کے لیے اس وقت پہنچتا ہے جب جماعت ختم ہو چکی ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں وہ چند لمحے انتظار کرتا ہے کہ کوئی اور ساتھی آجائے تاکہ وہ باجماعت نماز ادا کر سکے۔ ایک موقع پر جب کوئی اور ساتھی نہیں آیا تو پہلی جماعت کی امامت کرنے والے امام نے پیش کش کی کہ وہ ان کے ساتھ شامل ہو جاتے ہیں اور دوبارہ امامت کے فرائض انجام دیتے ہیں تاکہ تاخیر سے آنے والے ساتھی نماز باجماعت ادا کر سکیں۔ تاخیر سے آنے والے ساتھی کا کہنا تھا کہ چونکہ امام صاحب پہلے ہی ایک جماعت کی امامت کر چکے ہیں اس لیے وہ دوسری جماعت کی امامت نہیں کر سکتے۔ اس مسئلے پر دونوں میں خاصا اختلاف رائے ہوا۔ آپ کی رائے درکار ہے۔

جواب میں ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں۔ آپ کے ساتھی کو اس مسئلہ پر بحث نہیں کرنی چاہیے تھی، امامت کوئی بھی شخص کرے نماز کی درستگی پر اس کا اثر نہیں پڑتا۔ تاخیر سے آنے والے غالباً اس

Marfat.com

بات پر فکر مند تھے کہ چونکہ امام صاحب فرض نماز ادا کی امامت کر چکے ہیں اس لیے میرے ساتھ نماز ادا کرنے میں وہ سنت یا نفل ادا کریں گے۔ ان کے ذہن میں یہ سوال ہوگا کہ سنت یا نفل نماز کو فرض نماز پر کیسے فوقیت دی جاسکتی ہے۔ لیکن یہاں فوقیت کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ یہ بات صحیح ہے کہ بعض علماء اس بات کو درست نہیں سمجھتے کہ فرض ادا کرنے والے مقتدیوں کی امامت ایسا شخص کرے جو سنت یا نفل ادا کر رہا ہو، لیکن علماء کی اکثریت اس رائے سے متفق نہیں ہے۔ ان کے خیال میں اس طرح نماز باجماعت ادا کی جاسکتی ہے اور وہ بالکل درست ہوگی۔ اس بارے میں ایک مشہور حدیث موجود ہے جس سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ معروف صحابی رسولؐ حضرت معاذؓ بن جبل کا یہ معمول تھا کہ وہ عشاء کی نماز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امامت میں ادا کرتے اور اس کے بعد اپنے قبیلے میں جا کر وہاں لوگوں کی عشاء کی نماز کی امامت کرتے۔ دیکھا جائے تو حضرت معاذؓ کا طرز عمل وہی تھا جو آپ کے بیان کردہ واقعہ میں آپ کے ان ساتھی کا ہے جو نماز کی امامت کرتے ہیں۔ امام کے انتخاب کا پہلا معیار یہ ہے کہ وہ مقتدیوں میں سب سے بہتر ہو اور قرآن مجید کی تلاوت کر سکتا ہو۔ کسی شخص نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ معاذؓ نے عشاء کی نماز میں قرآن مجید کی سب سے طویل سورہ "البقرہ" تلاوت کی تھی۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذؓ کو بلایا اور انھیں ہدایت کی کہ امامت کرتے وقت قرآن پاک کی درمیانی طوالت یا مناسب طوالت کی سورۃ تلاوت کیا کریں۔ یہاں جو بات قابل ذکر ہے وہ یہ ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس بات پر کوئی سوال نہیں کیا کہ جب وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امامت میں عشاء کی نماز ادا کر لیتے ہیں تو پھر اپنے قبیلے میں جا کر عشاء کی نماز کی امامت کیوں کراتے ہیں۔ اس واقعہ سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص ایک خاص وقت کی نماز ادا کر چکا ہو تو اس کو اجازت ہے کہ وہ اسی وقت کی فرض نماز کی دوسرے لوگوں کی امامت کرے۔ امام کے لیے وہ سنت یا نفل نماز ہوگی لیکن اس سے فرض نماز ادا کرنے والوں کی نماز متاثر نہیں ہوتی۔

Marfat.com

☆ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب نے اس مسئلہ میں بھی سامعین کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ہم احادیث کی روشنی میں درست مسئلہ پیش کرتے ہیں۔

عن سلیمان مولی میمونة قال اتیت ابن عمر علی البلاط وهم یصلون فقلت الاتصلی معهم؟قال قدصلیت ۔انی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم "لاتصلوا صلوٰة فی یوم مرتین" ۔(ابوداؤد جلداول صفحہ ۸۵) ام المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ غلام حضرت سلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں (مدینہ منورہ میں) مقام بلاط میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا۔میں نے دیکھا کہ لوگ نماز پڑھ رہے ہیں۔ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کیا کہ آپ ان کے ساتھ نماز کیوں نہیں پڑھ رہے؟ آپ نے فرمایا میں نماز پڑھ چکا ہوں اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تم ایک نماز ایک دن میں دو مرتبہ نہ پڑھو۔

اگرچہ یہ حدیث موقوف اور منقطع ہے۔لیکن احناف کے ہاں موقوف حجت ہے۔اور خیر القرون کا انقطاع غیر مضر ہے۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کے قول سے صحابی کا عمل بہر حال فوق ہے۔اس سے زیادہ تصریح مصنف عبدالرزاق جلد ۴۰۹۔معجم طبرانی کبیر حدیث ۹۳۴۴ سے ہو رہی ہے۔جس کی سند کو غیر مقلدین کے بڑے عالم ناصر الدین البانی نے حسن کہا ہے۔

عن ابراهیم ان علقمة والاسود اقبلا مع ابن مسعود الی مسجد فاستقبلهم الناس قدصلوا فرفع بهما الی البیت فجعل احدهما عن یمینه والآخر عن شماله ثم صلی بهما ۔(حضرت ابراہیم نخعیؒ سے روایت ہے کہ حضرت علقمہؒ اور حضرت اسودؒ۔حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے تشریف لائے۔لوگوں نے ان حضرات کا استقبال کیا اس حال میں کہ وہ نماز پڑھ چکے تھے۔حضرت عبداللہ بن مسعود۔حضرت علقمہؒ اور اسودؒ کو لے کر گھر تشریف لے گئے اور ایک کو دائیں اور ایک کو بائیں کھڑا کر کے نماز

Marfat.com

پڑھائی۔)

حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ نے فتح الملہم شرح مسلم جلد۲ صفحہ۸۳ پر (باب القراءۃ فی العشاء۔ مسئلۃ المفترض خلف المتنفل) لکھا ہے کہ ''حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ''انما جعل الامام لیؤتم بہ فلاتختلفوا علیہ .....الخ'' (بخاری جلد۱۔ صفحہ۱۵۰۔ باب صلوۃ القاعد۔ ابواب تقصیر الصلوۃ) اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ مقتدی اور امام کے افعال ظاہرہ اور باطنہ میں اتنا ربط اور اتحاد ہونا چاہیے کہ مقتدی امام کی نیت کے ساتھ صلوۃ امام میں شریک ہو سکے۔ تب ہی امام کی نماز مقتدی کی نماز کی ضامن ہوگی۔ اور مقتدی امام کا فعل اور نیت کے اعتبار سے تابع ہوگا۔ اور ''لاتختلفوا علیہ'' کے تقاضا پر بھی عمل ہو سکے گا۔ اور یہ بات ظاہر ہے کہ مقتدی مفترض امام متنفل کی نماز میں صلوۃ امام کی نیت کے ساتھ شریک نہیں ہو سکتا۔ ایسی صورت میں مقتدی کی نماز کا امام کی نماز کے ساتھ ربط کہاں رہ سکتا ہے؟۔ اس کے علاوہ مفترض بحیثیت قوی ہونے کے متنفل (جو کہ عمل کے لحاظ سے ضعیف ہے) کا تابع نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ مفترض کی اقتداء متنفل کے پیچھے ''اقتدا کرنے'' کی حقیقت کے خلاف ہے۔ ظاہر ہے کہ مقتدی کو امام کی مکمل اقتدا کا حکم بتدریج دیا گیا اور اس میں آہستہ آہستہ ترقی ہوئی۔ ورنہ شروع میں امامت اور اقتدا کا مفہوم صرف یہ تھا کہ امام اور مقتدی ایک جگہ اکٹھے ہو جائیں۔ پھر مقتدی کے افعال کو امام کے افعال کے ساتھ متعلق قرار دے کر ماٴمومین اور امام کی نماز کو ایک کر دیا گیا۔ اور مقتدیوں کو افعال نماز میں امام کی مخالفت سے روک دیا گیا۔ یہاں تک کہ قراءت جیسے اہم رکن میں بھی دونوں کو شریک کر کے ان کے درمیان مکمل اتحاد پیدا کر دیا گیا۔ اقتدا کی تکمیل کے ان تدریجی مراحل پر سنن ابوداؤد جلد اول صفحہ۷۴ باب کیف الاذان میں ابن ابی لیلیٰؒ کی روایت دلیل ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ شروع میں مسبوق جماعت میں شریک حضرات سے فوت شدہ رکعتوں کے بارے میں پوچھتا تھا اور پھر اپنی رکعتوں کو پورا کر کے امام کے ساتھ شریک ہوتا۔ لیکن ایک مرتبہ حضرت معاذؓ مسبوق ہوئے تو فوراً آ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز میں شریک ہو گئے اور انہوں نے اپنی بقایا رکعتیں

Marfat.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز سے فارغ ہونے کے بعد پوری کیں۔اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔''ان معاذاقد سن لکم سنة كذلك فافعلوا''۔یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ شروع اسلام میں مقتدی کے لیے امام کی اقتداء تمام ہیئات میں لازم نہ تھی۔پھر بتدریج لازم ہوتی گئی۔یہاں تک کہ امام اور مقتدی کی نماز میں مکمل اتحاد ہوگیا۔پس اس کا تقاضا یہ ہے کہ جن احادیث میں مکمل اقتداء کے تقاضا کے خلاف کوئی فعل ہو اور اس کی کوئی تاریخ بھی معلوم نہ ہو ایسی احادیث کو امام کی مکمل اقتداء کرنے اور اس سے اختلاف کرنے کی ممانعت سے پہلے پر محمول کیا جائے۔البتہ اگر کوئی صریح دلیل اس پر دلالت کرے کہ اس حدیث کا تعلق مکمل اقتداء کرنے کے بعد سے ہے تب اس حدیث پر عمل کیا جائے گا۔حضرت معاذؓ کی حدیث میں بھی اس کی کوئی تصریح نہیں ہے کہ یہ کس زمانہ کا واقعہ ہے۔چنانچہ اسے بھی مکمل اقتداء سے پہلے والے احکام پر محمول کیا جائے گا''۔

## ☆ مفترض کی نماز متنفل کے پیچھے درست نہیں

غیر مقلدین کے مشہور عالم ناصر الدین البانی فرماتے ہیں۔ولایعارض هذاالحدیث المشهور الا رجل یتصدق علی هذا فیصلی معه.....فان غایة مافیه حض الرسول صلی الله علیه وسلم احد الذین کانوا صلوامعه صلی الله علیه وسلم فی الجماعة الاولیٰ ان یصلی ورائه تطوعا۔فهی صلوٰة متنفل وراء مفترض وبحثنا انماهو فی صلوة مفترض وراء مفترض۔(تمام المنة صفحہ ۱۵۷) اور اس موقف کے خلاف وہ حدیث پیش نہ کی جائے جس میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''کیا کوئی بندہ ایسا نہیں ہے جو اس پر صدقہ کرے کہ اس کے ساتھ نماز پڑھ لے؟ کیونکہ اس حدیث شریف سے زیادہ سے زیادہ یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں میں سے جنہوں نے آپ کے ساتھ پہلی جماعت میں شرکت کی تھی ایک شخص کو اس بات پر ابھارا ہے کہ وہ اس آنے والے کے پیچھے نماز پڑھ لے۔پس یہ تو صورت ہوئی کہ ایک نفل نماز پڑھنے

Marfat.com

والا فرض نماز پڑھنے والے کی اقتداء میں نماز پڑھے۔ جبکہ ہماری بحث تو اس میں ہے کہ ایک فرض نماز پڑھنے والا دوسرے فرض نماز پڑھنے والے کے پیچھے نماز پڑھے"۔

ناصر الدین البانی کی اس بحث کو ڈاکٹر ذاکر صاحب کی دلیل حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ والی حدیث پر قیاس کریں کہ جو صحابی خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھ چکا ہے وہ دوسروں کو فرض نہیں بلکہ نفل پڑھا رہا ہوگا۔

مذکورہ بالا حوالہ جات سے جہاں یہ ثابت ہوتا ہے کہ مفترض کی نماز متنفل کے پیچھے درست نہیں اسی سے جماعت ثانیہ کی نفی بھی ہو رہی ہے جس کی غیر مقلدین کے ہاں بہت ترویج دی جاتی ہے۔ ہم اس مناسبت سے اس مسئلہ پر بھی کچھ تحریر کرنا ضروری خیال کرتے ہیں۔

علامہ البانی نے تمام المنة صفحہ ۱۵۵ پر لکھا ہے کہ اگر جماعت ثانیہ مسجد (محلّہ) میں مطلقاً جائز ہوتی تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ گھر میں جماعت نہ کرواتے کیونکہ سب کو معلوم ہے کہ مسجد میں فرض نماز ادا کرنا افضل ہے۔ (یہ حدیث اوپر بیان ہو چکی)

اس حدیث سے دو مسئلے ثابت ہوئے۔ ایک یہ کہ محلّہ کی مسجد میں جماعت ثانیہ کروانا درست نہیں جیسا کہ غیر مقلدین کرتے ہیں۔ نیز اگر ایک امام اپنے فرض پڑھ کر دوبارہ امام بن سکتا تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ مسجد سے بغیر نماز پڑھے نہ لوٹتے۔

مصنف ابن ابی شیبہ جلد ۲ صفحہ ۳۲۳ پر ہے۔ عن افلح قال دخلنا مع القاسم المسجد وقد صلی فیه قال فصلی القاسم وحده۔ (حضرت افلحؒ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پوتے) حضرت قاسمؒ کے ساتھ نماز پڑھنے کے لیے مسجد گئے تو وہاں نماز ہو چکی تھی۔ حضرت قاسمؒ نے پھر وہاں وہاں تنہا نماز پڑھی (جماعت ثانیہ نہیں کروائی)۔

لیجئے اب تو امام بخاریؒ بھی فرما رہے ہیں۔ قال الامام البخاری و کان الاسود اذا فاتته الجماعة ذهب الی مسجد آخر (بخاری جلد اول صفحہ ۸۹) حضرت امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ حضرت اسود بن یزیدؒ (تابعی) کی اگر (کبھی) جماعت رہ جاتی تو وہ (جماعت کی جستجو میں) دوسری

Marfat.com

مسجد میں تشریف لے جاتے۔

یہ بات بھی قابل غور ہے کہ ڈاکٹر صاحب اپنے موقف کے لیے خود تو صحابی کا عمل پیش کر رہے ہیں لیکن ان کے طبقے کے لوگ غیر مقلدین حضرات صحابہ کرام کے بارے میں یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ صحابہ کا فعل حجت نہیں ہوتا اور نہ ہی موقوفات حجت ہیں۔

## ☆ صحابہ کا فعل حجت نہیں

نواب صدیق حسن خان صاحب غیر مقلد اپنی کتاب دلیل الطالب صفحہ ۶۱۷ پر لکھتے ہیں "علامہ شوکانی در مؤلفات خود ہزار بار می نویسد کہ در موقوفات صحابہ حجت نیست" (علامہ شوکانی اپنی تالیفات میں ہزار مرتبہ لکھتے ہیں کہ صحابہ کے موقوفات میں حجت نہیں ہے۔)

دوسرے غیر مقلد عالم نواب نورالحسن بن نواب صدیق حسن خان لکھتے ہیں "در اصول متقرر شدہ کہ قول صحابی حجت نیست"۔ (عرف الجادی صفحہ ۱۰۱) اصول میں یہ بات طے ہوگئی ہے کہ صحابی کا قول حجت نہیں ہے۔

چنانچہ غیر مقلدین اور ذاکر نائیک صاحب کو متنفل کے پیچھے مفترض کی نماز اور جماعت ثانیہ کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا واضح حکم پیش کرنا چاہیے نہ کہ صحابہ کا فعل۔

## ☆ صحابہ کو حجت نہ ماننے کا عقیدہ

اب ہم غیر مقلدین کے صحابہ کو حجت نہ ماننے کے بارے میں ان ہی کی کتب سے چند حوالے پیش کرتے ہیں۔ فرقہ محدثہ لامذہبیہ کے نواب صدیق حسن خان صاحب بھوپالی غیر مقلد لکھتے ہیں "خلاصہ کلام یہ ہے کہ صحابہ کی تفسیر سے حجت قائم نہیں ہو سکتی بالخصوص جب وہ موقع اختلاف میں ہو" (بدور الاہلہ صفحہ ۱۳۹) یہی نواب صاحب دوسری کتاب میں لکھتے ہیں "و فعل صحابی حجت بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا" (التاج المکلل صفحہ ۲۹۲)

ایسے جواہرات سے مرصع و مرقع تاج انہیں ہی نصیب ہو۔

نواب صدیق حسن کے صاحب زادے نورالحسن خان بھوپالی (کتاب عرف الجادی من جنان ہدی

Marfat.com

الہادی۔ اصلاً نواب صدیق حسن خان کی تصنیف ہے۔ مگر اس کو انہوں نے اپنے بیٹے نور الحسن کی طرف منسوب کر دیا۔ بحوالہ نزہۃ الخواطر) اپنے والد کی تائید کرتے ہوئے لکھتے ہیں ''صحابہ کا اجتہاد امت کیلئے حجت نہیں ہے'' (عرف الجادی صفحہ ۲۰۷) ایک اور جگہ لکھتے ہیں ''علم الاصول میں یہ بات طے ہو چکی ہے کہ قول صحابی حجت نہیں (عرف الجادی صفحہ ۱۰۱)

اسی فرقہ لامذہبیہ کے شیخ الکل فی الکل میاں نذیر حسین صاحب لکھتے ہیں ''افعال صحابہ استناد کے قابل نہیں ہو سکتے'' (فتاویٰ نذیریہ جلد اول صفحہ ۱۹۶)

حالانکہ ابن تیمیہ ؒ ابن قیمؒ اور متقدمین و متاخرین علماء سلف اقوال صحابہ سے استناد کرتے تھے اور خلفائے راشدین کی مخالفت کرنے والے کو اہل السنۃ والجماعت سے خارج سمجھتے تھے۔ ابن تیمیہ نے منہاج السنۃ اور فتاویٰ ابن تیمیہ میں تفصیلی بحث کی ہے۔ لکھتے ہیں ''خلفاء راشدین کی سنت ان احکام میں سے ہے جن کا اللہ اور رسول نے حکم دیا ہے اور اس پر کثرت سے شرعی دلیلیں موجود ہیں'' (فتاویٰ ابن تیمیہ صفحہ ۱۰۸ جلد چہارم)

امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں ''اصول سنت ہمارے نزدیک اسی طریقہ کے مطابق ہیں جس پر اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے'' (فتاویٰ ابن تیمیہؒ جلد چہارم صفحہ ۱۵۵)

امام شافعیؒ فرماتے ہیں ''وہ لوگ علم، عقل، دین، فضیلت ہر چیز میں ہم سے فائق تھے۔ اور ان کی رائے ہمارے لئے خود ہماری رائے سے بہتر ہے'' (فتاویٰ ابن تیمیہؒ جلد ۴ صفحہ ۱۵۸)

ابن تیمیہؒ منہاج السنہ جلد ۳ صفحہ ۶۶ پر لکھتے ہیں ''جب یہ لوگ متفق ہوتے ہیں تو کسی باطل پر متفق نہیں ہوتے''۔

فتاویٰ ابن تیمیہؒ جلد ۴ صفحہ ۱۵۷ پر ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں ''صحابہ علم و عمل، عقل و ایمان، دین و بیان اور عبادت و اطاعت ہر فضیلت میں بعد والوں سے اچھے ہیں۔ وہی لوگ ہر مشکل مسئلہ کی توضیح و تشریح کے مستحق ہیں۔ یہ ایسا مذہب ہے کہ اس سے مجال انکار صرف اسی کو ہو سکتا ہے جو دین کی بدیہیات سے انکار کی جرأت رکھتا ہو۔ اور جسے اللہ نے علم دے کر بھی گمراہ کر دیا ہو''۔

Marfat.com

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کتاب وسنت کا سب سے وسیع وعمیق علم رکھنے والے یہی صحابہ تھے۔اب ان کے بعد جس نے کتاب وسنت سمجھنے میں صحابہ کی شاگردی کی اوران کا دامن تھام لیا۔وہ سعادت سے بہرہ ور ہوا۔اور جس نے صحابہ سے ہٹ کر کوئی راہ اختیار کی وہ گمراہ ہوا۔حتی کہ ہلاک ہوگیا۔

## ☆ صحابی پر غیر صحابی کو فضیلت دینے کا غلط عقیدہ

غیر مقلدین صحابہ کو تو حجت مانتے ہی نہیں تھے۔لیکن ان کے ایک بڑے عالم نے غیر صحابی کو صحابی پر ترجیح دینے کا غلط عقیدہ اپنا کر ان کی توہین کی ہے۔ملاحظہ فرمایئے۔

فرقہ لامذہبیہ کے صحاح ستہ کے مترجم نواب وحید الزمان صاحب حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم "خیر القرون قرنی" کے تحت لکھتے ہیں "یہ ضروری نہیں کہ بعد کے زمانوں میں پیدا ہونے والا کوئی شخص قرون سابقہ والوں سے افضل نہیں ہوسکتا۔اس لئے کہ بہت سے افضل گذرے ہیں اور یہ ایسی بدیہی چیز ہے جس کا کوئی عاقل انکار نہیں کرسکتا۔" نیز فرماتے ہیں "لیکن ممکن ہے کہ بعض اولیا کو بعض دیگر اسباب کے تحت فضیلت حاصل ہوجائے اور صحابی اس محروم ہو"۔

صحاح ستہ کے مترجم جناب نواب وحید الزمان صاحب کو ابن ماجہ صفحہ ۱۵ کی اس روایت پر بھی نظر کرنی چاہیے تھی جس میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اصحاب محمد کو گالی نہ دو کہ ایک ادنیٰ صحابی کا تھوڑی دیر قیام تمہارے بڑے سے بڑے ولی کے عمر بھر کے عمل سے بہتر ہے"۔

مسند احمد جلد اول صفحہ ۱۸۷ پر ہے کہ حضرت سعید بن زیدؓ کہتے ہیں "واللہ کسی صحابی کا صرف ایک معرکہ جس میں ان کا چہرہ رسول اللہ صلی علیہ وسلم کے ساتھ غبار آلود ہوا تمہارے عمر بھر کے عمل سے بہتر ہے خواہ تمہیں عمر نوح ہی کیوں نہ مل جائے"۔

تفسیر قرطبی صفحہ ۱۷۱ جلد اول میں ہے "صحابیت کی برابری کوئی عمل کر ہی نہیں سکتا"

شارح عقیدہ طحاویہ جن کا تعلق سلفی مذہب سے ہے لکھتے ہیں۔حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "اللہ تعالیٰ نے بندوں کے قلوب کو دیکھا تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب کو تمام قلوب سے بہتر پایا۔چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کو منتخب فرمالیا۔اور رسالت کے ساتھ مبعوث فرمایا۔پھر بندوں

Marfat.com

کے قلوب کو دیکھا تو صحابہ کے قلوب کو سب سے بہتر پایا۔ بس ان کو اپنے نبی کا وزیر بنا دیا۔ جو اس کے دین کیلئے لڑتے ہیں۔ لہذا یہ مسلمان جس چیز کو حسن قرار دیں وہ عنداللہ بھی حسن ہے اور جس کو معصیت قرار دیں وہ عنداللہ بھی معصیت اور بری چیز ہے۔" (شرح عقیدہ طحاویہ صفحہ ۵۳۱)

علامہ ابن حزم کہتے ہیں "جس شخص نے سچی نیت سے رسول اللہ صلی علیہ وسلم کی صحبت اختیار کی وہ جنتی ہے دوزخ کی آگ اسے چھو نہیں سکتی" (الفصل لابن حزم صفحہ ۱۱۶ جلد ۴) آگے فرماتے ہیں "روئے زمین پر کوئی بھی بڑے سے بڑا ولی کسی کم درجہ صحابی کے بھی برابر نہیں ہو سکتا" (الفصل لابن حزم صفحہ ۱۱۷ جلد ۴)

## ☆ تفضیل شیخین

نواب وحید الزمان صاحب صحابہ کو تو حجت مانتے ہی نہیں تھے شیخین کی تفضیل میں بھی تردد کا شکار ہیں۔ لکھتے ہیں "زمانہ قدیم سے یہ اختلاف چلا آرہا ہے کہ عثمان افضل ہیں یا علی۔ البتہ اکثر اہل سنت حضرت علی پر شیخین کو ترجیح دیتے ہیں۔ لیکن اس کی بھی کوئی دلیل ہماری نظر سے نہیں گذری۔ "ہم نہیں جانتے کہ عنداللہ ان میں سے کون افضل ہے"۔ (کنز الحقائق صفحہ ۸)

فرقہ لامذہبیہ کی اس سرکردہ شخصیت پر ہمیں حیرت ہے کہ وہ کس قدر غلط بات کر رہے ہیں۔ تفضیل شیخین کے مسئلہ میں اہل السنۃ والجماعت میں کبھی کوئی اختلاف نہیں رہا۔ اہل سنت اس مسئلہ میں اختلاف کر ہی نہیں سکتے کیونکہ اس مسئلہ پر اجماع صحابہ ہے۔ اور جہاں اجماع صحابہ کی کوئی قدر و قیمت نہ ہو وہ تفضیل شیخینؓ اور تفضیل عثمانؓ کے مسئلہ میں اجماع صحابہ کے خلاف نئی راہ اپنائیں تو کوئی حیرت کی بات نہیں۔

امام ابن تیمیہؒ کہتے ہیں "جس نے علیؓ کو عثمانؓ پر فضیلت دی اس نے سنت چھوڑی اور بدعت کو گلے لگایا۔ اس لئے کہ اس نے اجماع صحابہ کی مخالفت کی (منہاج السنۃ جلد اول صفحہ ۴۳۵)

## ☆ عورت کا خاص ایام میں قرآن پڑھنا

ایک پروگرام "گفتگو" میں عورت کے خاص ایام میں قرآن پڑھ سکنے کے بارے میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ قرآن و حدیث میں نماز کی رخصت ہے لیکن کسی حدیث میں نہیں ہے کہ وہ

Marfat.com

قرآن نہیں پڑھ سکتی۔

☆ذاکر نائیک صاحب نے حسب عادت لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے جھوٹ کا سہارہ لیا ہے۔ حالانکہ حدیث میں ہے۔ الحائض الجنب لا یقرآن من القرآن ۔ (بخاری و مسلم) حیض والی عورت اور جنبی قرآن کا کوئی حصہ نہ پڑھیں۔

ائمہ اربعہ اس بات پر متفق ہیں کہ قرآن کو چھونے کے لیے طہارت کی شرط ہے وہ وضو کے بغیر قرآن کو چھونے سے منع کرتے ہیں اور اسے ناجائز قرار دیتے ہیں۔اس کی تفصیلی بحث چوہدری رفیق کے باب میں ملاحظہ فرمائیں۔

## ☆عورتوں کا مسجد جانا

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' میں ایک سوال کے جواب میں کہتے ہیں:

''سوال پوچھا گیا کہ عورتوں کو مساجد میں جانے کی اجازت کیوں نہیں؟ اور مختصراً یہ مشکل ہے۔قرآن وحدیث میں ایسا کوئی بیان نہیں ہے جو کہ عورت کو مسجد میں جانے سے روکتا ہو۔ کچھ لوگ عام طور پر یہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''یہ عورتوں کے لئے بہتر ہے کہ وہ مساجد کی بجائے گھر میں نماز پڑھیں۔'' وہ محض ایک ذریعہ علم پر انحصار کر رہے ہیں اور باقی سورسز کو نظر انداز کر رہے ہیں۔آپ کو وہ حدیث دیکھنی چاہئے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب آپ باجماعت نماز ادا کرتے ہیں تو دو سے سات گنا زیادہ ثواب ملتا ہے۔لہٰذا ایک خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کہ ہمارے نوزائیدہ بچے ہوتے ہیں۔ ہمیں گھر کا کام کاج کرنا ہوتا ہے تو پھر ہم مساجد میں کیسے جاسکتی ہیں؟ لہٰذا اس کے جواب میں آپؐ نے کہا کہ اگر عورت نماز گھر میں پڑھے تو یہ اس کے لئے بہتر ہے۔ مسجد میں نہ جائے۔اس کے لئے بہتر ہے کہ وہ گھر کے بجائے کمرے میں نماز پڑھے۔اگر اس کے نوزائیدہ بچے ہیں یا اور مسائل ہیں تو اس کو برابر کا ثواب ملے گا۔

Marfat.com

کچھ احادیث ہیں جو بتاتی ہیں کہ آپؐ نے کہا کہ ''اللہ کے غلاموں کو جو کہ عورتیں ہیں ان کو مساجد میں جانے سے نہ روکو۔'' ایک اور حدیث کہتی ہیں کہ ''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شوہر کو حکم دیا کہ اگر قاری عورتیں مسجد میں جانا چاہیں تو انہیں مت روکو۔'' اور دیکھو احادیث میں ہے۔ میں ان کی تفصیل میں نہیں جاؤں گا۔

لیکن اسلام عورت کو مسجد جانے کی اجازت دیتا ہے۔ لیکن وہاں علیحدہ حصہ اور سہولتیں ہوں۔ ہم مخالف اصناف کے میل کو پسند نہیں کرتے۔

آپ سعودی عرب جائیں عورتوں کو مساجد میں جانے کی اجازت ہے۔ آپ لندن جائیں عورتوں کو مسجد جانے کی اجازت ہے۔ چاہے آپ امریکہ جائیں عورتوں کو آزادی ہے مسجد جانے کی۔ یہ صرف انڈیا میں ہے کہ انہیں ممانعت اور چند ملحقہ ممالک میں۔ لیکن الحمدللہ یہاں انڈیا میں مساجد میں حتیٰ کہ بمبئی میں عورتوں کو مساجد میں آنے کی اجازت دینا شروع کر دی ہے۔ مجھے امید ہے دوسری مساجد اس کی پیروی کریں گی۔

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 361-362-363)

ایک دوسری جگہ ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں۔

میری محترم بہن نے عورتوں کے مسجد میں حاضر ہو کر نماز ادا کرنے کی بابت سوال کیا ہے کہ کیا عورتوں کو مسجد میں نماز ادا کرنے کی اجازت ہے یا نہیں۔ آپ پورے قرآن پاک کو پڑھ جائیں۔ آپ کو کوئی ایک آیت بھی ایسی نہیں ملے گی جس میں عورتوں کو مسجد میں آ کر نماز ادا کرنے سے روکا گیا ہو۔ اسی طرح کسی صحیح حدیث میں بھی اس بات کی صراحت نہیں ملتی کہ عورتوں کو مسجد میں آ کر نماز ادا نہیں کرنی چاہیے بلکہ احادیث میں تو عورتوں کے مسجد میں آنے اور وہاں نماز ادا کرنے کی اجازت کا اشارہ ملتا ہے۔ مثلاً ایک حدیث مبارکہ ہے:

جب عورتیں آپ سے مسجد میں جانے کی اجازت طلب کریں تو انھیں مسجد کی حاضری سے مت روکو''۔ (صحیح بخاری، جلد اول، کتاب خصائص الصلوۃ، باب ۸۴، حدیث ۸۳۲)

Marfat.com

اسی طرح ایک اور مقام پر یہ ارشاد ملتا ہے:

''جب خواتین آپ سے مسجد میں حاضر ہونے کا سوال کریں تو انھیں مسجد میں جانے دو''۔ (صحیح بخاری، جلد اول، کتاب خصائص الصلوۃ، باب ۸۰، حدیث: ۸۲۴)

صحیح مسلم میں بھی اس بات کی صراحت موجود ہے چنانچہ روایت ہے:

''سیدنا ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ مرد نمازیوں کے لیے عمدہ صف پہلی ہے جبکہ کم تر صف آخری والی ہے جبکہ عورتوں کے لیے نماز ادا کرتے ہوئے پہلی صف ناپسندیدہ اور آخری صفیں بہتر ہیں''۔ (صحیح مسلم، جلد اول، کتاب الصلوۃ، باب ۱۷۵، حدیث ۸۸۱)

صحیح مسلم کی سیدنا ابو ہریرہؓ سے مروی حدیث مبارکہ کے مطابق عورتوں کو مسجد میں نماز ادا کرنے کی اجازت کی صراحت ملتی ہے۔ جبکہ اس میں عورتوں کی مخصوص صنف اور ان کے ستر و حجاب کی بہتر کیفیت کے پیش نظر ان کے لیے آخری صفوں میں نماز میں شریک ہونے کو بہتر بتایا گیا ہے جبکہ مردوں کو پہلی اور اگلی صفوں میں ہونا چاہیے اور عورتوں کے لیے اگلی صفیں نامناسب اور غیر موزوں ہیں، اسی طرح مردوں کو عورتوں سے پچھلی صفوں میں نماز ادا کرنے کو بہتر خیال نہیں کیا گیا۔

ایک حدیث مبارکہ میں ارشاد مبارک ہے:

''اللہ تعالیٰ کے بندوں کو اللہ کی مسجدوں میں جانے سے مت روکو۔''

(صحیح مسلم، کتاب الصلوۃ، باب ۱۷۷، حدیث: ۸۸۴)

اب بندوں میں مرد و عورت دونوں شریک ہیں۔ لہٰذا دونوں کو مسجد میں جانے کی اجازت ہے۔ اسی طرح ایک اور مقام پر آتا ہے:

''مسجدوں میں خواتین کی جگہ پر بیٹھنے سے اجتناب کرو''۔

(صحیح مسلم، جلد اول، کتاب الصلوۃ، باب ۱۷۷، حدیث: ۸۹۱)

مذکورہ بالا فرمودات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد باسعادت میں عورتوں کو مسجدوں میں آنے جانے کی اجازت ہوا کرتی تھی۔ عورتیں نماز کی

Marfat.com

ادائیگی کے لیے مسجدوں میں حاضر ہوا کرتی تھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین کو مسجد کی حاضری اور وہاں نماز ادا کرنے سے منع نہیں فرمایا۔ اسی طرح آج بھی خواتین کو نماز کی ادائیگی کے لیے مسجد میں جانے کی اجازت ہے۔ لیکن مسجدوں میں عورتوں کے لیے خاص اہتمام اور خصوصی انتظام ضرور ہونا چاہیے انھیں بھی مردوں کی طرح نماز ادا کرنے کی مکمل سہولتیں میسر ہونی چاہئیں تا کہ وہ پورے سکون اور مکمل اطمینان کے ساتھ فریضۂ نماز کی ادائیگی سے عہدہ برآء ہو سکیں۔ وہاں ان کے لیے محفوظ، با حفاظت اور پرسکون ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور انھیں کسی نوع کی تکلیف یا پریشانی کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ ان کے داخلے کا راستہ علیحدہ ہونا چاہیے، ان کے ٹوائلٹ کا بھی الگ سے انتظام ہونا چاہیے، وضو کرنے کی جگہ بھی الگ ہونی چاہیے تا کہ وہ مکمل باپردہ حالت میں وضو وغیرہ کے مسائل سے سبکدوش ہو سکیں۔ پھر نماز ادا کرنے کے لیے بھی ان کے لیے الگ اور باپردہ جگہ کا انتظام کیا جانا چاہیے۔ اگر آپ سعودی عرب جائیں، تو آپ دیکھیں گے کہ وہاں خواتین کو مساجد میں نماز ادا کرنے کی اجازت ہے حتیٰ کہ وہ حرمین شریفین میں بھی کھلے طور پر حاضر ہو سکتی ہیں۔ بیت اللہ کا طواف کر سکتی ہیں اور وہاں نماز ادا کر سکتی ہیں۔ سعودی عرب کی طرح اور بھی کئی ایک مسلم ممالک کی مساجد میں عورتوں کے لیے آنے جانے پر کوئی روک ٹوک نہیں۔ کئی ایک مسلمان ممالک کی مساجد میں عورتوں کے نماز ادا کرنے کے لیے خاص انتظامات کیے ہوئے ہیں اور وہ وہاں حاضر ہو کر اپنی نمازیں ادا کرتی ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے کہ دنیا کے اکثر ممالک میں عورتیں مساجد میں آ کر نماز ادا کرتی ہیں جبکہ ہمارے دیش انڈیا کے کئی ایک علاقوں کی مساجد میں عورتوں کو نماز ادا کرنے کا ماحول فراہم نہیں کیا جاتا اور ان کے مساجد میں آ کر نماز ادا کرنے کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے جبکہ وگھروں میں ان کے نماز ادا کرنے کو بہتر خیال کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ بمبئی کی کئی ایک مساجد میں عورتوں کو نماز ادا کرنے کی اجازت ہے اور صرف کیرالا میں ایسی مساجد کی تعداد ۵۰۰ کے قریب ہے جہاں ہماری بہنیں، مائیں، بیٹیاں آ کر آزادانہ اور باوقار طریقے سے نماز ادا کر سکتی ہیں۔ ان مسجدوں کو خواتین بہنوں کے نماز ادا کرنے کے لیے ہر طرح کی سہولتوں سے آراستہ کیا گیا ہے۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ

Marfat.com

مساجد کی انتظامی مجلسیں ہمارے ہاں بمبئی میں عورتوں کو مسجدوں میں نماز ادا کرنے کی اجازت دے دیں گی اور مسجدوں میں عورتوں کے نماز ادا کرنے کے لیے خصوصی انتظامات بھی کیے جائیں گے۔اس لیے کہ قرآن وسنت کی تعلیمات میں خواتین کے مسجدوں میں آ کر نماز ادا کرنے پر کوئی قدغن نہیں ہے۔میں اُمید کرتا ہوں کہ میری عزیز بہن کو اپنے سوال کا جواب مل گیا ہوگا۔

☆ہم نے ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کو کیے گئے دونوں سوال اور ان کے جواب تفصیلاً درج کر دیے ہیں۔اب ان جوابات پر تبصرہ اور درست جواب بھی ملاحظہ فرمالیجئے۔

ڈاکٹر صاحب کا یہ فرمانا کہ عورتوں کی گھر میں نماز کا ان کے لیے زیادہ بہتر ہونا ان کے نوزائیدہ بچوں کی وجہ سے تھا درست نہیں۔کیونکہ حدیث میں اس بات کو علی الاطلاق کہا گیا ہے۔اور حدیث میں تو یہاں تک آیا ہے کہ عورت کا گھر کی کوٹھری میں نماز پڑھنا زیادہ ثواب کا موجب ہے۔اگر اس ارشاد کا سبب نوزائیدہ بچے ہوتے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے عورت کا اپنے بچے کے قریب نماز پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔

کس قدر حیرت کی بات ہے کہ ذاکر نائیک صاحب نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کا پس منظر خود ہی گھڑتے ہوئے ذرا بھر بھی خوف نہ کیا کہ جو بات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کی اسے حضور کی طرف منسوب کرنے والا اپنا ٹھکانہ جہنم بنالیتا ہے۔

☆حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس فعل کو کیا وہ سنت ہے۔بشرطیکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے فعل کا کسی علت کو موقوف علیہ نہ ٹھہرایا ہو۔ورنہ بہت سے فعل ابتدائے اسلام میں مختلف علتوں پر مبنی تھے۔اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہی ان علتوں کے مرتفع ہو جانے پر وہ منسوخ اور متروک کر دیے گئے۔کما لا یخفی لا ھل العلم۔

بعض امور شریعت بھی ایسے تھے کہ اگرچہ ان کا مبنیٰ کسی علت پر تھا۔اور اس علت کی جس طرح تصریح موجود اسی طرح ارتفاع بھی معلوم۔اور باوجود اس تصریح اور ارتفاع کے وہ فعل برابر سنت رہے۔اور اس پر کسی صحابی کا انکار ثابت نہیں۔لیکن جو فعل آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی مصلحت کی

Marfat.com

وجہ سے کیا یا حکم دیا اس مصلحت خاص کے مرتفع ہو جانے اور آپ کے نسخ نہ فرمانے سے اگر چہ اس فعل کی سنیت یا اباحت تو باقی رہے گی۔ لیکن وہ تاکید جو حکم خاص کے تعلق سے تھی وہ ہرگز نہ رہے گی۔

چنانچہ اگر کوئی فعل کسی مصلحت خاص کی وجہ سے شروع ہوا اور وہ مصلحت مرتفع ہو جائے تو مشروع نہ ہوگا۔ اور اس فعل مشروع کے بجالانے میں بعض مفسدات کا اندیشہ بلکہ قوی احتمال ہو تو اس وقت اس امر مشروع کی مشروعیت کیسے ثابت ہو سکتی ہے مثلاً مسجد میں جماعت سے نماز پڑھنے کی کس قدر تاکید ہے۔ اور یہ تاکید کسی علت پر مبنی بھی نہیں۔ لیکن اگر مسجد کے راستے میں کسی مہلک امر کا اندیشہ ہو تو اس وقت کے لحاظ سے گھر میں ہی نماز پڑھنے کا حکم دیا جائے گا۔ کیا اس وقت یہ سمجھا جائے کہ سنت موکدہ سے روکا جا رہا ہے حالانکہ ایک دفعہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شدید بارش میں حضرت بلالؓ کو حکم دیا کہ اعلان کر دو کہ لوگ گھروں میں نماز پڑھ لیں۔

لیجئے ایک اور صحابی کیا فرماتے ہیں۔ عن ام نائلة رضی الله عنها قالت جاء ابو برزة فلم یجدام ولده فی البیت و قالوا ذهبت الی المسجد فلما جاء ت ماح بها فقال ان الله نهی النساء ان یخرجن و امر هن ان یقرن فی بیوتهن ولا یتبعن جنازه ولا یاتین مسجدا ولایشهدن جمعة۔ اخرجه ابن ابی حاتم (درمنثور) حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو گھروں سے نکلنے سے منع فرما دیا اور حکم دیا کہ وہ گھروں میں بیٹھی رہیں اور جنازہ یا مسجد یا جمعہ کہیں نہ جائیں۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ کسی حدیث میں ممانعت نہیں ہے۔ چاہئے تو یہ تھا کہ ذاکر نائیک صاحب مردوں کی طرح عورتوں کے مساجد میں آنے کی تاکید احادیث سے ثابت کرتے جیسا کہ مشکوۃ کی حدیث دلالت کرتی ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے متخلفین عن الجماعت کے لئے فرمایا کہ اگر عورتوں اور بچوں کا خیال نہ ہوتا تو میں لکڑیاں جمع کر کے ان لوگوں کے مکانوں کو آگ لگا دیتا۔ اگر عورتیں مسجد کی حاضری کی تاکید میں شامل ہوتیں تو وہ بھی ضرور جلنے کی مستحق ہوتیں نہ کہ ان کی وجہ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کو بھی چھوڑ دیا۔

Marfat.com

عورتوں کوفقہاء نے نماز کی جماعتوں اور عیدین اور مجالس وعظ میں جانے سے منع کیا ہے۔اور اسے مکروہ تحریمی لکھا ہے۔جو کہ حرام کے قریب ہے۔اس کی دلیل بخاری شریف کی حدیث ہے۔ عن عائشة رضی الله عنها قالت لو ادرك رسول الله صلی علیه وسلم ما احدث النسآء لمنعهن المسجد كما منعت نساء بنی اسرائیل فقلت لعمرة أ مُنعن قالت نعم۔(رواه البخاری)

روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اگر عورتوں کی یہ حرکات جوانہوں نے اب اختیار کی ہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم ملاحظہ فرمالیتے تو انہیں مسجدوں میں آنے سے روک دیتے جیسے کہ بنی اسرائیل کی عورتیں روک دی گئی تھیں راوی کہتا ہے کہ میں نے عمرہ سے پوچھا کہ کیا بنی اسرائیل کی عورتیں روک دی گئی تھیں؟ انہوں نے فرمایا ہاں۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب اوران کے دیگر غیر مقلدین حواری جن کو صرف بخاری کے حوالہ سے غرض ہوتی ہے اب کیا کہتے ہیں؟۔امام بخاریؒ نے جو روایت نقل کی ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کے زمانہ میں ہی عورتوں کی حالت ایسی ہوگئی تھی کہ ان کا گھروں سے نکلنا اور جماعت کی نماز میں شامل ہونا فتنہ کا سبب تھا۔اسی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور دیگر اکابر صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین عورتوں کو مسجد آنے سے منع کرتے تھے۔علامہ عینیؒ نے عمدۃ القاری شرح بخاری میں اس حدیث کی تشریح میں لکھا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ فرمانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک کے بہت تھوڑے دنوں بعد کا ہے۔اور آج کل تو خدا کی پناہ۔پس مطلقاً عورتوں کو عید اور غیر عید میں جانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

البحر الرائق صفحہ ۳۸۰ پر لکھا ہے ولا یحضرن الجماعات لقوله تعالیٰ و قرن فی بیوتکن وقال صلی الله علیه وسلم صلاتها فی قعر بیتها افضل من صلاتها فی صحن دار ها وصلاتها فی صحن دارها افضل من صلاتها فی مسجدها و بیوتهن خیر لهن

Marfat.com

۔الی قولہ۔ اورعورتیں جماعتوں میں نہ جائیں بوجہ ارشاد باری تعالیٰ و قرن فی بیوتکن کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت کی نماز کوٹھری کے اندر اس نماز سے اچھی ہے جو گھر کے صحن میں ہو اور صحن کی نماز اس نماز سے اچھی ہے جو مسجد میں ہو۔ اوران کے گھران کے لئے بہتر ہیں۔

ذاکر نائیک صاحب نے اس حدیث کا پس منظر بال بچے دار عورتوں کی طرف موڑ دیا ہے۔ نیز اس حکم (منع) کو بھی مشورہ بنا دیا ہے۔ حضرت عمرؓ حضرت عائشہؓ عروہؒ بن زبیرؒ قاسم یحییٰ بن سعید انصاریؒ۔ امام مالک۔ امام شافعی۔ امام ابوحنیفہ۔ امام ابو یوسف ۔ سفیان ثوری۔ عبداللہ بن مبارک رحمہم اللہ اجمعین وغیرہ سب عورتوں کا نماز کے لیے مسجد جانا درست نہیں سمجھتے تھے۔

کیا یہ حضرات سنت مٹانے والے ہو سکتے تھے؟۔ یا محض ایک امر مباح کو فساد زمانہ کی وجہ سے مکروہ سمجھتے تھے۔ جبکہ خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سے عورتوں کی نماز گھر میں اولیٰ اور بہتر ثابت ہو رہی ہے۔ اور حضور کے بعد بڑے بڑے جلیل القدر صحابہ عورتوں کی حرکات وسکنات سے اس کو مکروہ سمجھنے لگے تھے۔ یہاں تک کہ حضرت عائشہؓ نے صاف فرما دیا کہ اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ باتیں دیکھتے تو ضرور عورتوں کو روک دیتے۔

امام احمدؒ۔ محمد بن سیرینؒ سے منقطعاً روایت کرتے ہیں کہ ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ عنہا سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ حج اور عمرہ کے لیے تشریف نہیں لے جاتیں۔ تو انہوں نے فرمایا میں حج بھی کر چکی ہوں اور عمرہ بھی (امر نی اللہ ان اقر فی بیتی فواللہ لا اخرج من بیتی حتی اموت) یعنی مجھ کو میرے اللہ نے گھر میں بیٹھنے کا حکم دیا ہے قسم ہے اللہ کی میں گھر سے نہ نکلوں گی یہاں تک کہ مر جاؤں۔ راوی کہتا ہے۔ (فواللہ ما خرجت من باب حجر تھا حتی اخرجت بجنازتھا) یعنی اللہ کی قسم حضرت سودہؓ اپنے گھر کے دروازہ سے نہ نکلیں یہاں تک کہ آپ کا جنازہ ہی نکلا۔ (درمنثور) کیا ام المومنین حضرت سودہؓ سنت موکدہ کی تارک تھیں؟

اس مسئلہ کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو حضرت مفتی کفایت اللہ دہلوی صاحب رحمہ اللہ کی

Marfat.com

کتاب صلوۃ الصالحات اور کف المومنات عن حضور الجماعات۔اس کے علاوہ سحبان الہند علامہ احمد سعید دہلوی ؒ کی کتاب تحقیق السعید فی منع النساء عن العید بھی ملاحظہ ہوں۔ یہ تینوں کتب آج سے تقریباً ایک صدی پہلے لکھی گئی تھیں۔

## ☆ گاؤں میں جمعہ

ڈاکٹر ذاکر صاحب سے سوال کیا گیا کہ کیا گاؤں کی مسجد میں نماز جمعہ کی ادائیگی جائز ہے؟

جواب میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ اگر نماز جمعہ میں گاؤں کے لوگ خاصی تعداد میں موجود ہوتے ہیں اور نماز کی امامت کے لیے ایک قابل شخص موجود ہے تو اس صورت میں گاؤں کے لوگ یہ چاہیں گے کہ ان کی مسجد میں جمعہ کی نماز ہو تاکہ گاؤں کا اسلامی تشخص اجاگر ہو۔ ایسی مسجد میں نماز جمعہ ادا کرنا بالکل درست ہے اور گاؤں کے کسی باشندے کو جمعہ کی نماز کے لیے شہر جانے کی ضرورت نہیں، سوائے اس کے کہ اسے وہاں کوئی اور کام بھی ہو۔

☆ حنفیہ کے نزدیک صحت جمعہ کے لیے مصر یعنی قریہ کبیرہ شرط ہے۔ بڑے قصبہ کے ضمن میں مشائخ حنفیہ کی تحقیق یہ ہے کہ بڑے قصبہ کے لیے کوئی خاص حد نہیں بلکہ اس کا مدار عرف پر ہے۔ اگر عرف میں کسی بستی کو شہر یا قصبہ سمجھا جاتا ہے (بوجہ بڑا بازار۔ منڈی وغیرہ یا ایک مخصوص تعداد میں رہائش کی تعداد) تو وہاں نماز جمعہ جائز ہے ورنہ نہیں۔

بعض غیر مقلدین نے انتہائی غلو سے کام لیتے ہوئے نہ صرف گاؤں بلکہ جنگل میں بھی جمعہ کے جواز کا فتویٰ دیا ہے۔

ڈاکٹر صاحب جو ہر بات میں بخاری و مسلم کی احادیث پیش کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے موقف کی خاطر بخاری شریف کی احادیث بھی پس پشت ڈال دیں۔ ملاحظہ کیجئے۔

بخاری جلد اول صفحہ ۱۲۳ پر امام بخاری ؒ نے لکھا ہے۔ عن عائشة زوج النبی صلی الله علیه وسلم قالت کان الناس ینتاجون الجمعة من منازلهم والعوالی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ باہر کے لوگ مدینہ طیبہ میں نماز جمعہ پڑھنے کے لیے اپنی اپنی بستیوں اور دیہاتوں

Marfat.com

سے باری باری آتے تھے۔

مصنف ابن ابی شیبہ جلد۲ صفحہ۱۰۲ پر ہے۔عن ابی البختری قال رأیت انسا شهد الجمعة من الزوایة وهی فرسخان من البصرة۔حضرت ابوالبختریؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ جمعہ پڑھنے کے لیے زوایہ سے تشریف لاتے جو بصرہ سے چھ میل کے فاصلہ پر ہے۔

مصنف ابن ابی شیبہ جلد۲ صفحہ۱۶۸ پر موجود ہے۔عن ابی عبدالرحمن السلمی عن علی قال لاجمعة ولاتشریق الافی مصر جامع۔حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمیؒ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا جائز نہیں جمعہ اور تشریق (عید) مگر بڑے شہر میں۔

مصنف ابن ابی شیبہ جلد۲ صفحہ۱۰۱ پر لکھا ہے۔عن حذیفة قال لیس علی اهل القریٰ جمعة انما الجمع علی اهل الامصار مثل المدائن۔حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل قریہ (گاؤں۔دیہات والوں) پر جمعہ واجب نہیں ہے۔بلکہ شہر والوں ہی پر ہے جیسے شہر مدائن۔

اسی صفحہ پر آگے موجود ہے۔عن ابی بکر بن محمد انه ارسل الی ذی الحلیفة ان لا تجمعوا بها وان تدخلو االی المسجد مسجد رسول الله صلی الله علیه وسلم۔حضرت ابوبکر بن محمد سے روایت ہے کہ انہوں نے ذوالحلیفہ والوں کو پیغام بھیجا کہ تم وہاں جمعہ قائم نہ کرو بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں آکر جمعہ پڑھو۔

ان احادیث وآثار کے بعد ذاکر نائیک صاحب کا کہنا کہ گاؤں میں جمعہ ہونا چاہیے۔احادیث کی مخالفت اور غیر مقلدیت کی ترویج ہے۔

غیر مقلدین کے شیخ الکل میاں نذیر حسین صاحب دہلوی لکھتے ہیں۔"واضح ہو کہ جمعہ پڑھنے کے لیے کسی خاص قسم کی بستی ہونے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ بات کسی شرعی دلیل سے ثابت نہیں ہے بلکہ شرعی دلیل سے یہ ثابت کہ جمعہ کا پڑھنا ہر جگہ فرض ہے۔خواہ شہر یا گاؤں اور خواہ بڑا گاؤں ہو یا چھوٹا گاؤں۔" (فتاویٰ نذیریہ جلد اول صفحہ ۵۷۷)

Marfat.com

ڈھٹائی کی حد ہے کہ جلیل القدر صحابہ اور تابعین تو یہ کہتے ہیں کہ گاؤں یا دیہات میں جمعہ جائز نہیں۔ اور غیر مقلدین از خود کیسے اسے ناجائز کہہ سکتے ہیں جب تک کہ ان کے پاس اس سلسلہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی ہدایت موجود نہ ہو۔ لیکن ان تمام تصریحات کے خلاف غیر مقلدین اور ذاکر نائیک گاؤں میں جمعہ کی ترویج کر رہے ہیں۔ انہیں اپنے ہی قاعدہ کے مطابق بخاری و مسلم کا حوالہ دینا چاہیے۔

چنانچہ غیر مقلدین کے نواب صدیق حسن خان صاحب نے کس صحیح حدیث کے تحت اپنی کتاب بدور الاہلہ صفحہ ۱۷۰ پر زوال سے پہلے جمعہ کی نماز پڑھنے کو جائز قرار دیا ہے۔ (کسی امام کا قول تو مقلدین کے لئے ہوتا ہے)۔

## ☆ عید اور جمعہ ایک سے پڑھیں

غیر مقلدین جب چاہتے ہیں فتویٰ کا رخ موڑ لیتے ہیں۔ اسی فتاویٰ نذیریہ کی جلد اول صفحہ ۵۷۳ پر درج ہے۔ ''جب عید اور جمعہ ایک دن میں جمع ہو جائیں تو اس دن اختیار ہے۔ جس کا جی چاہے جمعہ پڑھے اور جس کا جی چاہے نہ پڑھے۔ اور ایسے دنوں میں زید جو نماز نہیں ادا کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں ایک مردہ سنت کو زندہ کرتا ہوں سو اس کا یہ کہنا اچھا ہے۔''

غیر مقلدین کے امام نواب وحید الزمان صاحب ان سے بھی دو ہاتھ آگے چلے گئے۔ چنانچہ وہ نزل الابرار جلد اول صفحہ ۱۵۵ پر لکھتے ہیں۔ ''والجمعة فی یوم العید رخصة مطلقا لاهل البلد وغیرهم فان شاء صلی العید والجمعة ان شاء صلی العید فقط ولم یصل الجمعة وسقوط الظهر خلاف والحق جواز ترکه ایضاً''۔ اور عید والے دن جمعہ کی رخصت ہے۔ شہر والوں اور غیر شہر والوں سب کے لیے۔ اگر چاہیں تو عید اور جمعہ دونوں پڑھ لیں۔ چاہیں تو صرف عید پڑھ لیں اور جمعہ نہ پڑھیں۔ البتہ ظہر کے ساقط ہونے میں اختلاف ہے۔ حق بات یہ ہے کہ اس دن ظہر نہ پڑھنا بھی جائز ہے۔ ع جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

جمعہ کی فرضیت نص قطعی سے ثابت ہے۔ جس میں کسی دن کی کوئی تخصیص نہیں۔

Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بلا عذر جمعہ چھوڑنے پر سخت وعیدیں موجود ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اگر جمعہ وعید ایک دن اکھٹے ہوتے تو آپ جمعہ اور عید دونوں پڑھتے تھے۔البتہ جن پر جمعہ فرض نہیں (گاؤں والے) انہیں آپ جانے کی اجازت دے دیتے تھے۔شہر والے سب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ اور عید دونوں پڑھتے تھے۔حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا معمول بھی یہی تھا۔ائمہ مجتہدین بھی اسی بات کے قائل ہیں۔لیکن غیر مقلدین جو ہر مسئلہ پر بخاری اور صحیح حدیث کا مطالبہ کرتے ہیں اس سے قطع نظر جمعہ کی نماز کو رخصت قرار دیتے ہیں۔کہ جس کی مرضی ہے پڑھ لے اور جو نہ پڑھنا چاہے وہ بھی ٹھیک ہے۔بلکہ ان کے نزدیک اس دن جمعہ نہ پڑھنا مردہ سنت کو زندہ کرنا ہے۔اور ظہر بھی پڑھے یا نہ پڑھے دونوں طرح درست ہے۔لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

## ☆ تکثیر صلوٰۃ سے چڑ ہے

حدیث اور اہلحدیث کے فاضل مصنف نے لکھا ہے۔"ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے غیر مقلدین کو تکثیر صلوٰۃ سے چڑ ہے۔

کیونکہ (۱) فرض نمازوں کے بعد نوافل نہیں پڑھتے الا ماشاء اللہ۔

(۲) شب براءت میں نوافل پڑھنے کو بدعت کہتے ہیں (بحوالہ فتاویٰ ستاریہ جلد اول صفحہ ۵۹)

(۳) وتر تین رکعات پڑھنے کی بجائے ایک رکعت پڑھنے پر اکتفا کرتے ہیں۔

(۴) تراویح بیس رکعات کی بجائے آٹھ رکعات پر زور دیتے ہیں۔اور تراویح کے بعد تہجد پڑھنے کو اچھا نہیں سمجھتے۔

(۵) مسافر کے لیے حالت فرصت اور اطمینان میں بھی سنتیں پڑھنے کے قائل نہیں۔

(۶) اگر کسی منافی صلوٰۃ عمل کرنے سے نماز فاسد بھی ہو جائے تب بھی سجدہ سہو پر اکتفاء کرتے ہیں۔اسے لوٹانے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتے۔

(۷) اگر بے وضو یا جنبی امام نماز پڑھا دے تو ان کے ہاں مقتدیوں کو نماز لوٹانے کی ضرورت

Marfat.com

نہیں۔

(۸) کسی نے جان بوجھ کر نمازیں نہ پڑھی ہوں تو ان نمازوں کی ان کے ہاں قضاء نہیں بلکہ صرف توبہ ہی کافی ہے۔

(۹) جمعہ کے دن جمعہ کے بعد صرف دو رکعت پڑھ کر راہ فرار اختیار کرتے ہیں۔

(۱۰) جمعہ اور عید دونوں ایک دن اکھٹے ہو جائیں تو جمعہ کی نماز میں ان کے ہاں رخصت ہے۔ مرضی ہے پڑھو یا نہ پڑھو۔

تلك عشرة كاملة

## ☆ خطبہ عربی زبان میں ضروری ہے

برادرم نیر اعظم نے سوال پوچھا ہے کہ کیا نماز جمعہ سے قبل دیا جانے والا خطبہ عربی زبان میں پڑھنا لازمی ہے۔ اگر ہے تو ایسا کیوں کر ہے۔ تو برادرم اس حوالے سے عرض ہے کہ مسلمان علمائے کرام اور فقہائے عظام اس ضمن میں مختلف نظریات کے حامل ہیں۔ البتہ امام مدینہ حضرت امام مالکؒ کو چھوڑ کر بقیہ تمام ائمہ کرام اور فقہائے عظام مثلاً حضرت امام ابو حنیفہؒ، حضرت امام شافعیؒ، امامِ اہلسنت سیدنا امام احمد بن حنبلؒ اور ان کے علاوہ بعض دوسرے علماء و فقہاء کا نقطہ نظر یہ ہے کہ اگر جمعۃ المبارک کے حاضرین و سامعین کی زبان عربی نہیں ہے اور وہ عربی زبان میں خطبے کو نہیں سمجھ سکتے تو جمعے کا خطبہ کسی دیگر علاقائی، مقامی یا قومی زبان میں دیا جا سکتا ہے۔ البتہ پھر بھی اس خطبے کے جس حصے میں سید کائنات حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات پر ہدیۂ درود و سلام پیش کیا جاتا ہے، وہ حصہ عربی زبان میں ہی ہونا ضروری ہے اس کے علاوہ باقی کا خطبہ کسی بھی دوسری زبان میں دے سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں اس بات کی صراحت حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی ایک بھی حدیث میں نہیں ملتی کہ جمعہ کا خطبہ عربی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں نہیں دیا جا سکتا۔ یہاں ہمیں اس بات کو پیش نظر رکھنا چاہیے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیاتِ مطہرہ میں خطبہ جمعہ ہمیشہ عربی زبان میں دیا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مخاطبین کی زبان عربی تھی

Marfat.com

اور وہ عربی زبان کو ہی سمجھ سکتے تھے لیکن اس کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے کسی اور زبان میں خطبہ دینے کی ممانعت وارد نہیں ہوئی۔ جمعہ کے دن خطبہ دینے کا مقصد اسلام کی تعلیمات کا ابلاغ ہے یعنی مسلمان ہفتے میں ایک بار نماز جمعہ کے لیے مجتمع ہوں اور ان کے علماء انھیں قرآن و سنت کی تعلیمات پر مشتمل خطبہ دیں تا کہ دین حق کی تبلیغ واشاعت کا فریضہ ادا ہوتا رہے اور شہادت حق کے کام سے امت مسلمہ کے لوگ عہدہ برآء ہوتے رہیں۔ اسلامی تعلیمات کی نشر واشاعت اور عالم اسلام میں مسلمانوں کو درپیش مسائل سے آگاہ رکھنے کا ایک نہایت موزوں اور مؤثر پلیٹ فارم نماز جمعہ کا اجتماع ہے۔ اس لیے امت مسلمہ تک مسائل کے درست ابلاغ اور ان کے مسائل کی حقیقی تفہیم کے لیے خطبہ ان زبانوں میں دیا جائے جو وہ جانتے اور سمجھتے ہیں تو وہ زیادہ بہتر ہے۔ امریکہ کے اجتماعاتِ جمعہ میں خطیب یا امام اپنا خطبہ انگریزی زبان میں دیتا ہے اسی طرح مغرب اور افریقہ کے ممالک، یعنی کینیڈا، برطانیہ، جنوبی افریقہ اور بعض دیگر ممالک میں بھی خطبۂ جمعہ انگریزی زبان میں دیا جاتا ہے۔ عرب ممالک میں عربی زبان میں خطبہ دیا جاتا ہے کیونکہ وہاں کے باشندوں کی زبان عربی ہے اور وہ یہی زبان بولتے اور سمجھتے ہیں۔

کچھ عرصہ پہلے مجھے کویت جانے کا اتفاق ہوا۔ کویت عربی بولنے والوں کا ایک ملک ہے وہاں کے رہنے والوں کی زبان عربی ہے اور آبادی بھی اکثریت عربوں کی ہے لیکن اس کے باوجود وہاں بعض مساجد میں تو عربی زبان میں جمعہ کا خطبہ دیا جاتا ہے جبکہ بعض مساجد میں اُردو میں اور اسی طرح کچھ مسجدوں میں انگریزی زبان میں خطبہ دیا جاتا ہے اور چند مساجد میں ملیالم میں بھی خطبہ جمعہ ہوتا ہے۔ حکومت کی جانب سے مساجد کے خطباء کو خصوصی اجازت دے دی گئی ہے اور حکومتی اہتمام سے یہ سہولت مساجد کو فراہم کی گئی ہے اور اس انتظام وانصرام کی وجہ یہ ہے کہ وہ اپنی مقامی اور علاقائی زبانوں میں قرآن وسنت کی تعلیمات اور شریعت اسلامیہ کے احکامات کا فہم حاصل کر سکیں۔

ان تمام تصریحات کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ خطبہ جمعہ عربی زبان کے علاوہ کسی بھی دیگر زبان میں دیا جا سکتا ہے جبکہ اللہ رب العزت کی حمد وثناء اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات

Marfat.com

اقدس پر درود وسلام کے لیے عربی زبان ہونی چاہیے۔اسی طرح خطبہ جمعہ کے بعض حصوں کا ترجمہ کیا جاسکتا ہے لیکن ایسی عبارات اور آیات کا عربی زبان میں ہونا ضروری ہے جن میں اللہ تعالیٰ کی تعریف وتوصیف بیان کی جائے۔ایسے ہی چند مساجد میں نماز کے بعد خطبے کا ترجمہ بھی کر کے سنایا جا سکتا ہے تا کہ تفہیمِ مسائل میں سہولت رہے۔اسی طرح میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک میں جمعہ کا خطبہ مقامی، علاقائی اور مادری زبانوں میں دیئے جانے کا اہتمام کیا جائے تا کہ لوگ شریعت مطہرہ کے احکام کو بہتر طور پر سمجھ سکیں اور ان کے لیے عمل کرنے کی راہیں آسان ہو سکیں۔میں سمجھتا ہوں کہ اس وضاحت سے میرے بھائی کو ان کے سوال کا تشفی آمیز جواب مل گیا ہوگا۔

☆ ڈاکٹر صاحب نے غالباً خطبہ سے پہلے وعظ کو خطبہ سمجھ لیا ہے۔اسی لیے انہوں نے مختلف ملکوں جیسے امریکا میں انگریزی زبان میں۔افریقہ کے ممالک میں افریقی اور دیگر ممالک میں وہاں کے باشندوں کی زبان میں خطبہ کا ذکر کیا ہے۔حالانکہ کسی بھی ملک میں ان کی مقامی زبان میں خطبہ نہیں دیا جاتا۔بلکہ مقامی زبان میں وعظ ونصیحت ہوتی ہے۔اس کے بعد جمعہ کا خطبہ عربی زبان میں ہی دیا جاتا ہے۔ڈاکٹر صاحب کو معلوم ہونا چاہیے کہ خطبہ جمعہ صرف عربی زبان میں ہی ضروری ہے۔جس کے لیے ہم احادیث اور فقہاء کے اقوال سے چند حوالے پیش کرتے ہیں۔

عن عمر بن الخطاب انه قال انما جعلت الخطبة مكان الركعتين

(مصنف ابن ابی شبیہ صفحہ ۱۲۸ ج ۲۔مصنف عبدالرازق صفحہ ۲۳۷ جلد ۳) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ (جمعہ کا) خطبہ دو رکعتوں کی جگہ رکھا گیا ہے۔

عن سعيد بن جبير قال كانت الجمعة اربعا فحطت ركعتان للخطبة

(المدونۃ الکبری جلد ا صفحہ ۱۵۸) حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کی چار رکعتیں تھیں دو خطبے کی وجہ سے کم ہو گئیں۔

خطبہ جمعہ کی اصل حقیقت ''ذکر اللہ'' ہے اسی لیے عام مفسرین نے سورۃ جمعہ کی آیت اذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعة فاسعوا الی ذکر اللہ میں ذکر اللہ سے مراد خطبہ جمعہ لیا ہے۔

Marfat.com

فقہاء کرام کا کہنا بھی یہی ہے کہ خطبہ حقیقت میں ذکر اللہ ہے۔ محمد بن احمد شمس الائمۃ السرخسی رحمہ اللہ متوفی ۴۹۰ھ لکھتے ہیں۔ ولنا ان الخطبة ذکر (مبسوط جلد۲ صفحہ۲۲) ہماری دلیل یہ ہے کہ خطبہ ذکر ہے۔ مسلم جلد اول صفحہ ۲۸۶ پر حضرت ابو وائل رضی اللہ عنہ کی روایت درج ہے کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے مختصر خطبہ جمعہ دیا۔ جب ایک صحابی ابو الیقظان نے کہا کہ آپ خطبہ ذرا طویل کر لیتے تو اچھا ہوتا۔ اس پر حضرت عمارؓ فرمایا کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آدمی کا نماز کو لمبا کرنا اور خطبہ کو مختصر کرنا اس کے سمجھ دار ہونے کی نشانی ہے۔

بہر حال خطبہ جمعہ کا اصلی مقصد ذکر اللہ ہے۔ وعظ و تبلیغ اس کے مقاصد اصلیہ میں داخل نہیں۔ مذکورہ بالا حدیث عمرؓ اور اثر سعید بن جبیرؒ سے واضح ہو رہا ہے کہ یہ دو رکعتوں کا بدل ہے۔ ورنہ خطبہ کے آداب و سنن جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے تعامل سے ثابت ہیں ان کا وعظ و تبلیغ سے کوئی تعلق معلوم نہیں ہوتا۔ البتہ خطبہ جمعہ کے کچھ احکام و شرائط ہیں جن کا پایا جانا ضروری ہے مثلاً:

ا۔ خطبہ جمعہ زوال سے پہلے پڑھ لیا گیا تو معتبر نہ ہوگا۔ اگر وعظ و تبلیغ ہوتا تو زوال سے پہلے بھی پڑھا جا سکتا تھا۔

۲۔ خطبہ جمعہ نماز جمعہ سے پہلے پڑھنا ضروری ہے اگر خطبہ نماز جمعہ کے بعد پڑھا گیا تو سرے سے نماز ہی نہیں ہوگی۔ خطبے سمیت نماز کا اعادہ ضروری ہوگا۔

ذاکر نائیک صاحب اور دیگر غیر مقلدین جو خطبے کو وعظ و تبلیغ سے تعبیر کرتے ہیں اور اسی لیے اس کا عربی میں ہونا ضروری نہیں سمجھتے بلکہ مقامی زبان میں ہونے کو ترجیح دیتے ہیں لہٰذا اصل عربی خطبہ جمعہ کی بجائے گھنٹہ دو گھنٹہ کا مقامی زبان میں خطبہ دے دیا کریں۔

جمہور علماء کے نزدیک تو خطبہ جمعہ بالا جماع شرط صلوٰۃ ہے اس لیے کہ جو زبان نماز جمعہ کی ہے وہی زبان شرط کی یعنی خطبہ جمعہ کی ہونی چاہیے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ شرط صلوٰۃ کسی غیر عربی زبان میں ادا کی جائے۔

Marfat.com

۳۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم کہ خطبہ جمعہ مختصر ہونا چاہیے مسلم شریف میں حضرت عمارؓ کی حدیث کے ذریعہ گذر چکا ہے۔اب اگر گھنٹہ یا نصف گھنٹہ کی اردو یا انگریزی یا غیر عربی تقریر کو خطبہ قرار دیا جائے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی کھلی مخالفت ہوگی۔

۴۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ جمعہ دیا ہے۔حالانکہ آپ کے خطبے میں عرب کے علاوہ عجم کے لوگ بھی شریک ہوتے تھے اور ان کو تبلیغ دین کی ضرورت بھی تھی۔لیکن آپ نے کبھی ان کی رعایت کرتے ہوئے نہ تو خود عربی زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں خطبہ دیا اور نہ کسی صحابی سے ان لوگوں کی زبان میں اس کا ترجمہ کروایا۔خلفاء راشدین نے بھی ہمیشہ عربی زبان ہی میں خطبہ دیا حالانکہ ان کے خطبوں میں بھی کثرت سے عجمی لوگ شریک ہوتے تھے۔جو مختلف ممالک سے آتے تھے۔اسی طرح صحابہ کرام تابعین وتبع تابعین عظام اور ان کے متبعین عرب سے نکل کر عجم میں گئے۔ مشرق ومغرب میں اسلام پھیلایا۔لیکن ہر جگہ ہمیشہ خطبہ جمعہ عربی ہی میں دیا۔حالانکہ ان حضرات کو تبلیغ دین کی ضرورت آج سے زیادہ تھی جبکہ بعض حضرات صحابہ وتابعین عجمیوں کی زبان خوب جانتے تھے۔لیکن پھر بھی خطبہ جمعہ عربی ہی میں دیا کرتے تھے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔خلفاء راشدین، دیگر صحابہ کرام تابعین وتبع تابعین کے تعامل اور مواظبت اور ساری امت کے توارث سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ قرونِ سابقہ کی طرح آج بھی خطبہ جمعہ عربی ہی میں ہونا چاہیئے۔اس بات کی وضاحت حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے مسوی اور مصفیٰ شرح مؤطا امام مالک جلد ۱ صفحہ ۱۵۴ پر لکھا ہے۔وعربی بودن نیز بجہت عمل مستمر مسلمین در مشارق ومغارب باوجود آنکہ در بسیارے از اقالیم مخاطباں عجمی بودند۔( خطبہ کا خاص عربی زبان میں ہونا اس لیے ضروری ہے کہ تمام مسلمانوں کا مشرق ومغرب میں ہمیشہ اسی پر عمل رہا ہے ( کہ وہ خطبہ عربی میں پڑھتے تھے ) باوجود کہ بہت سے ممالک میں ان کے مخاطب عجمی لوگ ہوتے تھے )

ڈاکٹر صاحب نے خطبہ جمعہ غیر عربی میں دینے کا قول امام احمد بن حنبلؒ کی طرف منسوب

Marfat.com

کیا ہے۔جو کہ غلط ہے۔

صحابہ عرب سے نکل کر عجم میں پہنچے حتی کہ ترکی اور برصغیر تک آئے۔ان لوگوں نے خطبہ جمعہ اردو یا ترکی وغیرہ میں نہیں پڑھا۔

جس طرح ذاکر نائیک صاحب خطبہ جمعہ کے غیر عربی ہونے پر اصرار کر رہے ہیں اس طرح غیر مقلدین بھی اس مسئلہ میں ان کے ہم نوا ہی نہیں بلکہ اسے ہوا دے رہے ہیں۔چنانچہ ثناء اللہ امرتسری صاحب نے فتاویٰ ثنائیہ میں لکھا ہے کہ ''شکر ہے کہ خطبہ جمعہ کے بارے میں بھی اختلاف ہونے لگا ہے''۔(ان کا مقصد ہر مسئلہ میں اختلاف کرنا ہی ہے۔انہیں تو انگریز نے امت میں اختلاف پیدا کرنے کے لیے ہی تیار کیا)۔

امام نوویؒ لکھتے ہیں ویشترط کونها بالعربية (کتاب الاذکار صفحہ ۱۰۴) اور یہ شرط لگائی جاتی ہے کہ خطبہ عربی میں ہو۔

اسی طرح امام رافعی شافعیؒ کے عقیدہ کو علامہ زبیدیؒ نے اتحاف السادة المتقين جلد ۳ صفحہ ۳۶۸ پر لکھا ہے کہ خطبہ کا عربی میں ہونا شرط ہے۔ان تمام احادیث و آثار۔اجماع اور تعامل و توارث امت کے خلاف ذاکر نائیک صاحب اپنے غیر مقلدین اسلاف کی تائید میں خطبہ جمعہ کو غیر عربی زبان میں دینے پر زور دیتے ہیں۔حافظ عبداللہ روپڑی جو غیر مقلدین کے مجتہد العصر ہیں۔فتاویٰ اہلحدیث جلد ۲ صفحہ ۴۲ پر لکھتے ہیں۔خلاصہ یہ کہ خطبہ عام وعظوں کی طرح ایک وعظ ہے۔خواہ جمعہ کا ہو یا عیدین کا ہو۔خطیب کو اس میں کلام وغیرہ جائز ہے زبان کی پابندی اس میں ضروری نہیں کیونکہ خطبہ کی غرض کے خلاف بلکہ خطبہ کے لفظ کے خلاف ہے۔کیونکہ خطبہ خطاب ہے جو سامعین کی زبان میں ہوتا ہے۔

جماعت غرباء اہلحدیث کے مفتی عبدالغفار صاحب سے سوال ہوا کہ ''زید کہتا ہے کہ خطبہ جمعہ اپنی مادری زبان میں کہنا جائز ہے۔بکر کہتا ہے کہ جائز نہیں۔کون حق پر ہے'' موصوف نے جواب دیا کہ ''زید حق پر ہے کیونکہ خطبہ کی غرض اور مقصد جو ہے اس پر نظر ڈالنی چاہیے۔خطبہ بیان

Marfat.com

کرنے کا جو مقصد ہے وہ یہ ہے کہ لوگ راہ راست پر آ جائیں اور سن کر شریعت محمدیہ کے حامل ہو جائیں۔ بخلاف اس کے جب ان کی سمجھ میں کچھ نہ آئے گا اور امام کھڑا ہوا عربی میں خطبہ پڑھ رہا ہو اور سامعین پتھر کے بتوں کی طرح بیٹھے ہوں اور کچھ ان کے پلے نہ پڑے تو کیا خاک عمل کریں گے۔ سامعین کو غیر زبان میں وعظ وتذکر کرنے سے کچھ فائدہ نہیں" (فتاویٰ ستاریہ جلد ۳ صفحہ ۴۰)

ملاحظہ فرمایئے کہ فقہا امت خطبہ جمعہ عربی زبان میں ہونے کو ضروری قرار دیتے ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد۔ صحابہ وتابعین اور امت کا توارث آپ کے سامنے آچکا ہے۔ لیکن ذاکر نائیک اور غیر مقلدین کا عمل بالحدیث دیکھئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔ خلفاء راشدین۔ تمام صحابہؓ۔ تابعینؒ وتبع تابعینؒ تعامل وتوارث امت کے خلاف فتویٰ دے رہے ہیں کہ خطبہ جمعہ غیر عربی میں دینا درست ہے۔ بلکہ غیر مقلدین کے بعض حضرات تو خطبہ جمعہ کے بغیر بھی جمعہ کو درست قرار دیتے ہیں۔ لیجئے نمونہ ملاحظہ فرمایئے۔

علامہ شوکانی کہتے ہیں کہ خطبہ جمعہ کے فرائض اور ضروریات اور شرائط میں سے نہیں۔ بغیر خطبہ کے بھی جمعہ ہو جاتا ہے اسی خیال کو نواب صدیق حسن خان صاحب غیر مقلد نے روضہ الندیہ صفحہ ۸۹ میں لکھا ہے کہ خطبہ جمعہ شرط نماز جمعہ نہیں۔ لیکن وحید الزمان صاحب غیر مقلد ہدیۃ المہدی جلد ۵ صفحہ ۱۵۱ پر فرماتے ہیں کہ بغیر خطبہ کے جمعہ ہو ہی نہیں سکتا اور اس کی شرطیت وفرضیت کو تفصیلی ثابت کیا ہے۔ یہاں غیر مقلدین کس کی بات مانیں گے۔ دونوں حضرات حدیث پر چلنے کا دعویٰ کرتے ہیں بلکہ ان کے بڑے مجتہدین میں سے ہیں۔ غیر مقلدین کے تحقیقی نزاع اس عربی مصرع کے مصداق ہیں۔ ع۔ هو المسك ما كررته يتضوع

یہ کستوری کی طرح ہے۔ جس قدر اس کو رگڑو گے اسی قدر زیادہ خوشبو دے گی۔

## ☆ قصر نماز (تحدید قصر)

ذاکر نائیک صاحب سے کسی نے قصر نماز کے بارے میں سوال کیا کہ میں حال ہی میں اپنی نئی ملازمت کے سلسلے میں مکہ مکرمہ منتقل ہو گیا ہوں۔ میرے اہل خانہ اور والدین، بھائی، بہن وغیرہ ابھی

Marfat.com

تک جدہ میں مقیم ہیں۔ میں ہر ہفتے میں ایک بار اور تعطیلات کے دنوں میں جدہ جاتا ہوں، جہاں میں معمول کے مطابق پوری نماز ادا کرتا ہوں لیکن مکہ مکرمہ میں قصر نماز ادا کرتا ہوں کیونکہ میں خود کو مسافر سمجھتا ہوں۔ کسی نے مجھے مشورہ دیا ہے کہ مجھے اس کے برعکس عمل کرنا چاہیے یعنی مجھے مکہ مکرمہ میں تو پوری نمازیں پڑھنی چاہئیں اور جب میں جدہ جاؤں تو وہاں قصر نماز ادا کرنی چاہیے۔ براہ کرم مشورہ دیجئے کہ میں کیا کروں؟

جواب میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں۔ جب آپ نے نئی ملازمت حاصل کر لی تو آپ کو یقیناً نئی جگہ رہنے کے لیے کوئی مکان کرائے پر لینا پڑا ہوگا اور وہیں زندگی کو سہولت بخش بنانے کے لیے کچھ اشیاء بھی خریدنا پڑی ہوں گی، فرض کیجئے، اب کوئی آپ سے پوچھے کہ آپ کہاں رہتے ہیں؟ یقیناً آپ جواب دیں گے مکہ مکرمہ میں حالانکہ آپ کے اہل خانہ جدہ میں رہتے ہیں۔ اب جبکہ آپ ہفتے میں صرف ایک بار اور تعطیلات کے دنوں میں جدہ جاتے ہیں، تو یقیناً آپ مکہ مکرمہ کے مقیم ہیں چنانچہ آپ کو چاہیے کہ مکہ مکرمہ میں پوری نمازیں ادا کریں اور جب مکہ مکرمہ سے باہر سفر پر جائیں تو نماز قصر ادا کیا کریں۔ یہ بات دلیل کی رو سے درست نہیں کہ آپ ہفتے میں پانچ یا چھ دن ایک جگہ بسر کرتے ہیں اور وہاں نوکری کرتے ہیں اور رہتے ہیں اور پھر خود کو مسافر سمجھتے ہیں، صرف اس لیے کہ آپ کے اہل خانہ کہیں اور مقیم ہیں۔ اس صورت حال میں آپ یقیناً مکہ مکرمہ کے مقیم ہیں۔

☆ ڈاکٹر صاحب نے بخاری شریف کی حدیث کا حوالہ دیے بغیر ہی مدت اقامت کو پانچ چھ دن قرار دے دیا۔ جبکہ حدیث شریف میں مدت اقامت پندرہ روز آئی ہے۔

کتاب الحجۃ للامام محمدؒ جلد اول صفحہ ۷۰ اپر موجود ہے۔ عن مجاھد عن ابن عمر انہ اذا ارادان یقیم بمکۃ خمسۃ عشر یوما سرح ظھرہ وصلی اربعا۔ حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب مکہ مکرمہ میں پندرہ دن ٹھہرنے کا ارادہ فرما لیتے تو گھوڑے سے زین اتار لیتے اور چار رکعت ادا کرتے۔

کتاب الآثار للامام ابی حنیفہؒ بروایت الامام محمدؒ صفحہ ۳۹ پر لکھا ہے۔ عن مجاھد عن عبداللہ

Marfat.com

بن عمر قال اذاکنت مسافرافوطنت نفسك علی اقامة خمسة عشر یومافاتمم الصلوٰة وان کنت لاتدری فاقصر ۔(حضرت مجاہدؒ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا جب تم مسافر ہو اور اپنے لیے کسی جگہ کو پندرہ دن ٹھہرنے کے لیے وطن بنالو تو نماز پوری پڑھو اور اگر تمہیں معلوم نہ ہو (کہ کتنے دن ٹھہرنا ہے) تو قصر کرو۔

مذکورہ بالا آثار سے ثابت ہو رہا ہے کہ مسافر اگر کسی مقام پر پندرہ یا پندرہ دن سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت کرے تو پھر نماز پوری پڑھے گا قصر نہیں کرے گا۔ ورنہ قصر کرے گا۔ جلیل القدر صحابہ کرام حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کا اسی پر عمل تھا۔ اور یہ تعیین کوئی ایسی چیز تو ہے نہیں جس میں عقل یا رائے کو دخل ہو اور ان حضرات نے خود ہی یہ تعیین کر لی ہو۔ اس لیے یہی کہا جائے گا کہ ضرور ان حضرات نے خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سن کر یا آپ کے عمل کو دیکھ کر ہی یہ تعیین کی ہے۔ نیز جلیل القدر تابعی حضرت سعید بن مسیبؒ بھی اسی پر فتویٰ دیتے تھے۔

واضح رہے کہ مسافر اور قصر نماز کے لیے اپنے شہر کی حدود سے ۴۸ میل یا ۷۷ کلومیٹر باہر جانا کا ارادہ کرنا ضروری ہے۔ اور شہر کی حدود کے باہر ہی وہ شخص مسافر ہوگا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مسافت سفر کی تحدید چار بُرد (۱۶ فرسخ یا ۴۸ میل۔ موجودہ ۷۶.۸ کلومیٹر) ثابت ہوتی ہے۔ اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کے اقوال واعمال سے بھی مسافت سفر کی تحدید یہی ثابت ہوتی ہے۔ حضرت امام مالک۔ حضرت ابوبکر بن ابی شیبہ۔ حضرت امام بخاری۔ حضرت امام بیہقی رحمہم اللہ سب اسی کو نقل کرتے ہیں۔ (تفصیل کے لیے دیکھئے۔ حدیث اور اہلحدیث مرتبہ مولانا انوار خورشید دامت برکاتہم)۔

لیکن غیر مقلد مسافت قصر ۳ میل اور بعض ۹ میل بتاتے ہیں۔

اب غیر مقلدین کے حوالہ جات بھی ملاحظہ فرمائیں۔ ثناء اللہ امرتسری صاحب لکھتے ہیں۔ ''مسافر اس کو کہتے ہیں جو اپنے وطن سے نکل کر کسی دوسری بستی کو جائے۔ اس کی کم سے کم حد بحکم حدیث شریف تین میل ہے۔ (فتاویٰ ثنائیہ۔ جلد ۱۔ صفحہ ۶۳۰) غیر مقلدین کے مفتی عبدالستار صاحب لکھتے

Marfat.com

ہیں۔''نماز قصر تین یا نو میل پر کرسکتا ہے۔''(فتاویٰ ستاریہ۔جلد۳۔صفحہ ۵۷) غیر مقلدین کے شیخ الحدیث اسماعیل سلفی صاحب تحریر فرماتے ہیں۔''لیکن زیادہ صحیح یہ ہے کہ نو میل پر قصر درست ہے۔'' (رسول اکرم کی نماز۔صفحہ ۱۰۶)

بخاری و مسلم کی رٹ لگانے والے ڈاکٹر ذاکر نائیک خود بھی اسی نظریہ کے قائل ہیں۔اور لوگوں کو احادیث کے خلاف عمل پر اکسا رہے ہیں۔

ڈاکٹر ذاکر صاحب تو پانچ چھ دن کو مدت اقامت قرار دیتے ہیں جبکہ ان کے دیگر غیر مقلدین حضرات ۱۹ دن ذکر کرتے ہیں۔

لیکن غیر مقلدین کے ایک امام ثناء اللہ امرتسری لکھتے ہیں۔''محدثین کے نزدیک بحکم بحدیث تین روز کی نیت اقامت کرنے پر قصر جائز ہے۔چار روز کی کرے گا تو قصر جائز نہ رہے گا۔(فتاویٰ ثنائیہ جلد اول صفحہ ۶۰۱)

ذاکر نائیک صاحب بھی صحابہ کے عمل کو چھوڑ کر اپنے غیر مقلدین اماموں کی تقلید میں جو فتویٰ دے رہے ہیں۔اس کے لیے نہ تو بخاری و مسلم کا کوئی حوالہ دیا ہے اور نہ ہی کوئی صحیح حدیث ذکر کی ہے۔

## ☆ تراویح

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب تراویح کے بارے میں بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ جب آپ نماز ادا کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ آپ کے اخلاص، توجہ اور اس وقت کے پیش نظر ثواب دیں گے جو آپ اس عبادت کی ادائیگی میں صرف کرتے ہیں۔ان دو صورتوں میں سے انتخاب کی گنجائش نہایت محدود ہے کہ ایک شخص آدھے گھنٹے میں دو رکعت نفل ادا کرے اور دوسرا شخص اسی وقت میں دس رکعتیں ادا کرے۔البتہ بعض حالات میں کوئی اندازہ قائم کیا جا سکتا ہے۔مثلاً بعض حضرات رمضان المبارک میں تراویح کی ۸ رکعات اگر ۳۰ منٹ میں ادا کرتے ہیں اور اس کے برخلاف دوسرے حضرات اتنی ہی رکعات ۲۰ منٹ میں ادا کریں تو یہ صاف اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ۲۰ منٹ میں ۸ رکعات تراویح ادا کرنے والوں نے نماز پر کم توجہ دی ہوگی۔اس قدر عجلت کے ساتھ نماز ادا کرنا احسن طریقہ نہیں ہے۔

Marfat.com

## ☆ تراویح اور ذاکر نائیک

ذاکر نائیک صاحب نے اپنے غیر مقلدین اسلاف کی تائید میں بیس رکعت تراویح کی بجائے آٹھ رکعت تراویح کا ذکر کیا ہے۔ حالانکہ بیس رکعت تراویح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور تابعینؒ سے لے کر آج تک امت مسلمہ میں تواتر سے چلی آرہی ہے۔ حرمین شریفین میں چودہ سو سال سے اس کا تواتر کیا اس بات کا ثبوت نہیں کہ ذاکر نائیک سمیت تمام غیر مقلدین غلطی پر ہیں۔

غیر مقلدین کو تو تراویح کا لفظ استعمال ہی نہیں کرنا چاہیے کیونکہ تراویح جمع کا صیغہ ہے۔ جس کا اطلاق کم از کم تین ترویحہ پر ہی ہوسکتا ہے۔ جبکہ ذاکر نائیک صاحب سمیت دیگر غیر مقلدین دو ترویحے پڑھنے کے قائل ہیں۔ غیر مقلد اور ذاکر نائیک صاحب آٹھ رکعت کو جتنا مرضی لمبا کرلیں لیکن یہ تراویح نہیں ہوسکتی یہ ترویحتان ہونگے۔ تراویح کے لئے کم از کم تین ترویحے ہونے چاہئیں۔

آیئے اب ہم احادیث سے تراویح کا جائزہ لیں۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصلى فى رمضان عشرين ركعة والوتر (مصنف ابن ابی شیبہ جلد۲ صفحہ۲۹۴۔ بیہقی جلد۲ صفحہ ۴۹۶۔ معجم طبرانی کبیر جلد۱۱ صفحہ۳۹۳) کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان المبارک میں بیس رکعت اور وتر پڑھا کرتے تھے۔

حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ان عمر بن الخطاب رضى الله عنه جمع الناس على ابى بن كعب فكان يصلى لهم عشرين ركعة (ابوداؤد جلد۱ صفحہ۲۰۲) کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ پر اکٹھا کردیا۔ آپ انہیں بیس رکعتیں پڑھاتے تھے۔

حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رمضان المبارک میں قراء حضرات کو بلایا اور ان میں سے ایک کو حکم دیا کہ وہ لوگوں کو بیس رکعت تراویح پڑھائے۔ (سنن

Marfat.com

کبریٰ بیہقی جلد۲ صفحہ۴۹۶)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن تراویح کی جماعت کروائی۔تمام رمضان المبارک میں بیس رکعات تراویح باجماعت پڑھنے کا طریقہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ہے۔

''صلوا کما رأیتمونی أصلی'' کے مطابق غیر مقلدین صرف تین روز تراویح کی جماعت کروائیں۔

امام ابن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ کی مغنی ابن قدامہ جلد۱ صفحہ۸۰۲ پر موجود ہے کہ امام احمدؒ کے نزدیک بیس رکعت مختار ہیں۔سفیان ثوریؒ ابوحنیفہؒ اور شافعی رحمہم اللہ نے بھی فرمایا ہے۔اور امام مالکؒ چھتیس رکعت کے قائل ہیں۔اور فرماتے ہیں کہ یہ ایک امر قدیم ہے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی اقتداء پر جمع کیا تو وہ بیس رکعت ہی پڑھایا کرتے تھے۔

امام غزالیؒ نے احیاء العلوم جلد اول صفحہ۱۳۹ پر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے غنیۃ الطالبین صفحہ۴۶۴ امام محی الدین نوویؒ شارح مسلم نے کتاب الاذکار صفحہ۸۳۔شیخ ابن تیمیہؒ نے فتاویٰ ابن تیمیہ جلد اول صفحہ ۱۰۶ علامہ عینیؒ نے شرح بخاری میں تراویح کو بیس رکعت ہی مانا ہے اور کسی صحابی کا اس کے خلاف عمل نہیں رہا۔تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو خیر المصابیح فی عدد التراویح از مولانا خیر محمد صاحبؒ۔

حضرت مولانا انوار خورشید صاحب دامت برکاتہم نے غیر مقلدین حضرات سے طریقہ تراویح کے متعلق چند سوال ترتیب دیے ہیں۔ہم انہیں بعینہ ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب اور ان کے غیر مقلد حضرات کی خدمت میں پیش کئے دیتے ہیں۔

غیر مقلدین حضرات جس طریقہ سے تراویح پڑھتے ہیں انہیں چاہیے کہ وہ اس کے متعلق کوئی صحیح۔ صریح مرفوع حدیث پیش کریں جس سے ثابت ہوتا ہو کہ اللہ کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس طریقہ سے تراویح پڑھتے تھے۔مثلاً:

(۱) غیر مقلدین حضرات سارے رمضان تراویح پڑھتے ہیں کیا اللہ کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم نے سارے رمضان تراویح پڑھی ہیں؟۔

(۲) غیر مقلدین حضرات سارے رمضان مسجد میں تراویح پڑھتے ہیں۔کیا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سارے رمضان مسجد میں تراویح پڑھی ہیں؟۔

(۳) غیر مقلدین حضرات سارے رمضان مسجد میں جماعت کے ساتھ تراویح پڑھتے ہیں۔کیا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سارے رمضان مسجد میں جماعت کے ساتھ تراویح پڑھی ہیں؟۔

(۴) غیر مقلدین حضرات تراویح دو دو رکعت کر کے پڑھتے ہیں۔کیا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دو رکعت کر کے تراویح پڑھی ہیں؟۔

(۵) غیر مقلدین حضرات تراویح میں پورا قرآن کریم ختم کرتے ہیں۔کیا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تراویح میں پورا قرآن ختم کیا تھا؟۔

(۶) غیر مقلدین حضرات تراویح کے فوراً بعد وتر پڑھ لیتے ہیں سو کر اٹھ کر نہیں پڑھتے۔کیا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تراویح کے فوراً بعد بغیر سو کر اٹھے وتر پڑھ لیتے تھے؟۔

(۷) غیر مقلدین حضرات وتر کی جماعت کرواتے ہیں۔کیا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی وتر کی جماعت کرایا کرتے تھے؟۔

(۸) غیر مقلدین حضرات آٹھ رکعات تراویح پڑھتے ہیں۔کیا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں آٹھ رکعات تراویح پڑھا کرتے تھے؟۔

اس سلسلہ میں غیر مقلدین حضرات سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی آٹھ رکعات والی حدیث پیش کرنے سے گریز کریں کیونکہ

اولاً تو اس کا تعلق تہجد سے ہے تراویح سے نہیں۔جس کی پہلی دلیل تو یہ ہے کہ اس حدیث پاک میں سائل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضور علیہ السلام کی رات کی نماز کے بارہ میں سوال کر رہے ہیں۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایک خاتون ہیں۔ان سے سوال اسی نماز کے بارہ میں کیا جا سکتا ہے جو گھر کی نماز ہو اور گھر کی نماز تہجد ہی ہو سکتی ہے تراویح نہیں۔کیونکہ وہ تو مسجد میں پڑھی جاتی

Marfat.com

ہیں۔اگر سائل کا سوال تراویح کے بارہ میں ہوتا تو وہ مسجد میں کسی صحابی سے دریافت کرتے ۔
دوسری دلیل یہ ہے کہ اس میں آٹھ رکعات رمضان اور غیر رمضان دونوں میں پڑھنے کا ذکر ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ تراویح صرف رمضان میں ہوتی ہیں رمضان کے علاوہ نہیں۔
ثانیاً اس لئے کہ اس حدیث پاک پر تو غیر مقلدین خود عمل نہیں کرتے کیونکہ
(۱) اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ نماز چار چار رکعت کر کے پڑھتے تھے لیکن غیر مقلدین دو دو کر کے پڑھتے ہیں۔
(۲) اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ نماز اکیلے پڑھتے تھے کیونکہ اس حدیث میں آپ کے نماز پڑھنے کا ذکر ہے پڑھانے کا نہیں۔لیکن غیر مقلدین سارے رمضان یہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھتے ہیں۔
(۳) اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ یہ نماز گھر میں پڑھتے تھے لیکن غیر مقلدین یہ نماز مسجد میں پڑھتے ہیں۔
(۴) اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ نماز پڑھ کر سو جاتے تھے پھر سو کر اٹھ کر وتر پڑھتے تھے۔لیکن غیر مقلدین حضرات تراویح کے فوراً بعد سونے سے پہلے ہی وتر پڑھ لیتے ہیں۔
(۵) اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم وتر اکیلے پڑھتے تھے لیکن غیر مقلدین حضرات وتر جماعت کے ساتھ پڑھتے ہیں۔
(۶) اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سارے سال وتر تین رکعات ایک سلام سے پڑھتے تھے۔غیر مقلدین اکثر ایک رکعت وتر پڑھتے ہیں اور جب کبھی تین پڑھتے بھی ہیں تو دو سلاموں کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

ایک بار پھر اس بات کا اعادہ کیا جاتا ہے کہ غیر مقلدین حضرات ہر سوال کا جواب صرف اور صرف صحیح۔صریح۔مرفوع حدیث سے دیں۔ضعیف حدیث اور غیر صریح حدیث نہ پیش

Marfat.com

فرمائیں۔ نیز کسی امتی کا قول بھی نہ پیش کریں۔ اس بات کا بھی خیال رہے کہ غیر مقلدین حضرات اپنے آپ کو اہل حدیث کہتے ہیں جس کا مطلب ہے حدیث والے اور ان کا دعویٰ ہے کہ حدیث والے وہی ہیں اور حدیث پر عمل وہی کرتے ہیں حنفی حدیث پر عمل نہیں کرتے۔ اس لئے ہر عمل کی حدیث پیش کرنی غیر مقلدین کے ذمہ ہے۔ وہ احناف سے ان کے عمل کے بارہ میں حدیث نہ طلب فرمائیں کیونکہ اولاً تو وہ بقول غیر مقلدین اہل حدیث نہیں ہیں۔ دوسرے ان کا دعویٰ بھی نہیں ہے کہ ان کا ہر عمل حدیث سے ثابت ہے۔

☆ عید

ایک پروگرام ''گفتگو'' میں تقریر کرتے ہوئے ذاکر نائیک صاحب مشورہ دیتے ہیں کہ مسلمانوں کو ایسا طریقہ اپنانا چاہیے کہ پوری دنیا میں ایک دن عید ہو سکے۔

☆ ویسے تو ڈاکٹر صاحب ہر چیز کو سائنس پر پرکھتے ہیں لیکن یہاں فلکیات کے اصولوں کو پس پشت ڈال دیا۔ اسلامی عید کا تعلق رویت ہلال سے ہے۔ اور یہ رویت دنیا کے ہر خطے میں مختلف اوقات میں ہوتی ہے۔ نظام شمسی میں کہیں چاند طلوع ہو رہا ہوتا ہے اور کہیں غروب۔ اور کہیں گھنٹوں کا فرق موجود ہے۔ اس لیے یہ ممکن ہی نہیں کہ پوری دنیا میں عید ایک روز ہو۔

ڈاکٹر صاحب عیسائیوں کی تقلید اور وحدت ادیان کے عقیدہ کے تحت یہ بات کر رہے ہیں ورنہ احادیث کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ دور رسالت اور دور صحابہ میں بھی مختلف علاقوں میں مختلف دنوں میں عیدیں ہوتی تھیں۔ اگر اس دور میں جب کہ اتحاد کی زیادہ ضرورت تھی کیونکہ اس وقت مسلمان تعداد میں کم تھے۔ مختلف دنوں میں عید کا ہونا مضر نہیں تھا۔ تو اب کیوں ہو گیا۔ اختلاف مطلع کی وجہ سے یہ اختلاف ہوتا ہے۔ یہ ڈاکٹر صاحب کی جہالت ہے کہ انہیں یہ بات معلوم ہی نہیں کہ ہر ملک کا اپنا مطلع معتبر ہوتا ہے۔ نیز معرفت اوقات مشاہدہ سے ہو سکتی ہے۔ اس لئے بدون مشاہدہ صرف ماہرین فلکیات کی رائے بھی معتبر نہیں۔ جس امر کی تحقیق ماہر فن کی رائے پر موقوف ہو وہاں شریعت نے ماہرین فن کے اتباع کا حکم فرمایا ہے مثلاً پانی کے ضرر کی وجہ سے جواز تیمم۔ حالت

Marfat.com

مرض میں ترک صوم وغیرہ نظائر کثیرہ مشہورۃ وفی کتب المذھب مزبورۃ مسطورۃ۔ و عمن اوتی مسکۃ من العلم غیر مستورۃ۔

## ☆ مرد کو عورت پر فضیلت

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' میں ایک جگہ کہتے ہیں:

''اسلام عورت اور مرد کی برابری میں یقین رکھتا ہے۔ اس برابری کا مطلب بالکل ایک جیسے مراد نہیں ہے۔ اسلام میں عورت اور مرد کا کردار توصیفی ہے۔ یہ کسی فساد کو لئے ہوئے نہیں۔ یہ باہمی تعاون پر مشتمل ہے۔ اس میں کوئی تضاد نہیں کہ اس میں کوئی ایسی نزعی کیفیت ہو کہ ہم میں سے بہتر کون ہے۔'' (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 271)

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' میں دوسری جگہ کہتے ہیں کہ:

''اور میں جسٹس ایم ایم قاضی صاحب سے بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ جب انہوں نے کہا کہ بہت سے مسلمانوں نے اس آیت کو غلط تعبیر سے سمجھا کہ جب بیان کیا گیا کہ مرد کو عورت پر فضیلت دی گئی۔ کیونکہ جیسا کہ میں پہلے بھی کہتا ہوں کہ قرآن کو پوری جامعیت کے ساتھ دیکھنا چاہئے۔

جیسا کہ سورۃ نساء سورۃ نمبر 4 آیت نمبر 34 میں ہے کہ:

ترجمہ:۔ ''مرد عورتوں پر مسلط و حاکم ہیں اس لئے کہ خدا نے بعض کو بعض سے افضل بنایا ہے۔ تو جو نیک بیبیاں ہیں وہ مردوں کے حکم پر چلتی ہیں.....الخ۔''

لوگ کہتے ہیں لفظ ''قوام'' کے معنی ایک درجہ اوپر ہونے کے ہیں لیکن اصل میں لفظ قوام اقامۃ سے نکلا ہے۔ اقامہ کا مطلب ہے کہ جب آپ نماز سے پہلے اقامت کہتے ہیں، آپ کھڑے ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا اقامۃ کا مطلب کھڑا ہونا کے ہیں۔ لہٰذا لفظ ''اقامۃ'' کا مطلب ہوا کہ ایک درجہ ذمہ داری میں اونچا ہے نہ کہ فضیلت میں۔

یہاں تک کہ اگر آپ ابن خاطر کی تفسیر پڑھیں تو وہ کہتے ہیں کہ لفظ قوام کا مطلب ایک درجہ ذمہ داری میں اونچا ہونا کے ہیں نہ کہ فضیلت میں۔ اور ذمہ داری سے مراد شوہر اور بیوی کو متفقہ رضامندی کے

Marfat.com

ساتھ عہدہ برا ہونا چاہئے۔"

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ نمبر 249-250)

☆ ڈاکٹر صاحب کی جہالت دیکھئے کہ لفظ "قوام" کا مادہ "اقامہ" بتا رہے ہیں۔ جبکہ یہ "قوامہ" سے نکلا ہے۔

سورۃ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ "وللرجال علیھن درجة"۔ مردوں کا عورتوں کے مقابلہ میں درجہ بڑھا ہوا ہے۔ ان آیتوں میں واضح طور پر مردوں کو عورتوں کا سرپرست اور سردار بتایا ہے۔ اولاد کی پرورش خانگی امور مرد و عورت دونوں ہی کے باہمی میل محبت اور مشورہ سے انجام پذیر ہوتے ہیں۔ لیکن شوہر کا مرتبہ بڑا ہے۔ مردوں کو جہاں اللہ نے جسمانی قوت وطاقت زیادہ دی ہے وہیں اسے سمجھ بھی زیادہ دی ہے۔ حوصلہ۔ ہمت۔ بہادری۔ دلاوی مردوں میں زیادہ ہے (الا ماشاء اللہ)۔ ان اوصاف کی وجہ سے مرد کو برتری دی گئی ہے۔ اور اسے عورت کا سردار بتایا گیا ہے۔ جو سردار ہے اس کی فرمانبرداری ضروری ہوتی ہے۔ ورنہ کاموں میں خلل پیدا ہو جاتا ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ اگر اللہ کے سوا سجدہ جائز ہوتا تو عورتوں کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوندوں کو سجدہ کریں۔

(ڈاکٹر صاحب کو ابن کثیر کہنا چاہیے تھا لیکن دوسروں کے تیار کردہ جوابات کو سن کر دہرانے کی وجہ سے انہیں معلوم ہی نہیں کہ تفسیر ابن خاطر دنیا میں کوئی تفسیر نہیں ہے۔ اور اس کی وہ کوئی توجیہ پیش نہیں کر سکتے۔ اس خود ساختہ سوال کا جواب انہیں کسی ایسے شخص نے یاد کروایا ہے جو عربی اور انگریزی سمجھتا ہے لیکن اس کا تلفظ عربی ہے۔ چنانچہ جب اس نے انگریزی میں تفسیر ابن کثیر کہا تو اپنے تلفظ میں اسے ابن کتیر یا ابن کاتیر کہا۔ اور ڈاکٹر صاحب نے اس میں ترمیم کر کے ابن خاطر بنا لیا۔ اگر ڈاکٹر صاحب نے خود مطالعہ کیا ہے تو بتائیں کہ یہ تفسیر ابن خاطر کتنی جلدوں پر مشتمل ہے۔ کس مطبع کی چھپی ہوئی ہے۔ کس سن میں لکھی گئی نیز اس کے مصنف کا اصل نام کیا ہے۔ کن اساتذہ سے کسب فیض حاصل کیا اور دیگر مفسرین میں ان کا کیا مقام ہے؟۔)

Marfat.com

## ☆ بیعت اور موجودہ جمہوریت

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' میں کہتے ہیں:

''اسلام عورت کو ووٹ کا حق دیتا ہے۔

اگر آپ سورۃ الممتحنہ سورۃ نمبر 60 آیت نمبر 12 پڑھیں تو یہ بتاتی ہے کہ:

ترجمہ:۔''اے پیغمبر جب تمہارے پاس مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کو آئیں کہ خدا کے ساتھ نہ تو شرک کریں گی نہ چوری کریں گی نہ بدکاری کریں گی نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی نہ اپنے ہاتھ پاؤں میں کوئی بہتان باندھ کر لائیں گی تو ان سے بیعت لے لو اور ان کے لئے اسی سے بخشش مانگو۔ بے شک خدا بخشنے والا مہربان ہے۔''

یہاں عربی کا لفظ ''بیان'' (یُبَایِعْنَكَ) استعمال ہوا ہے اور بیان ہمارے موجودہ دور کے انتخابات سے زیادہ جدیدیت کا حامل ہے۔ کیونکہ آنحضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محض اللہ کے رسول ہی نہ تھے بلکہ وہ ریاست کے سربراہ بھی تھے۔ اور عورتیں آپؐ کے پاس آئیں اور وہ آپ کے سربراہ ہونے پر راضی ہوئیں۔ لہٰذا اسلام عورت کو ووٹ دینے کا برابر حق دیتا ہے۔''

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ نمبر 312)

یہ بھی تفسیر بالرائے ہے جو صرف ڈاکٹر صاحب ہی کو سوجھی ہے۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کی یہ دلیل تار عنکبوت سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ کیونکہ ''یُبَایِعْنَ'' کا اشتقاق بیان سے نہیں بلکہ مبایعۃ سے ہے۔ اور اس کا مادہ۔ب۔ی۔ع ہے۔ اور یہ کہنا درست نہیں کہ ان عورتوں کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر بیعت کرنا موجودہ جمہوریت کے طرز انتخاب کی ہی قدیم شکل ہے کیونکہ موجودہ جمہوریت کے مطابق سب کو اختیار ہوتا ہے کہ وہ سربراہ چننے کے لیے اپنی رائے دیں اور اگر کسی شخص پر اتفاق رائے نہ ہو تو وہ سربراہ نہ بن سکے گا۔ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیعت کرنا درحقیقت ووٹ لینا تھا تو کیا ان صحابیات کو اختیار تھا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سربراہی تسلیم نہ کرتیں؟۔

Marfat.com

اوراگر یہ بیعت درحقیقت ووٹ کاسٹنگ تھی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے تمام مردوں اور عورتوں سے ووٹ کیوں نہ لیے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے خلافت کے لیے یہ طریقہ کیوں نہ اپنایا؟

یہ ایک الگ بات ہے کہ عورت کو ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ لیکن اسے آیت کریمہ کا مدلول بنانا کسی طرح بھی مناسب نہیں۔

## ☆ امہات المؤمنین کی توہین

جناب ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق' میں سوالات و جوابات میں کہتے ہیں:

''لہٰذا میرا جھکاؤ ان سکالرز کی طرف زیادہ ہے جو یہ کہتے ہیں کہ عورت کو سربراہِ مملکت نہیں ہونا چاہئے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ عورت فیصلہ کرنے میں حصہ نہیں لے سکتی۔ جیسا کہ میں نے پہلے اپنی تقریر میں کہا، ان کو ووٹ دینے کا حق ہے۔ ان کو قانون سازی میں حصہ لینے کا حق ہے۔ صلح حدیبیہ کے دوران حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سہارا دیا اور انہیں مشورہ دیا۔ اس وقت جب کہ پوری مسلم امہ پریشان تھی انہوں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سہارا دیا اور راہ دکھائی۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ صدر یا وزیراعظم ''سربراہ'' ہوتے ہیں لیکن اکثر و بیشتر ان کی پرسنل اسسٹنٹ یا سیکرٹریز بھی فیصلہ کرتی ہیں۔ لہٰذا یقیناً عورت مملکت کے اہم فیصلوں میں مرد کی مدد کر سکتی ہے۔ میرا خیال ہے کہ سوال کا جواب مکمل ہو گیا ہے۔''

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 324)

ڈاکٹر صاحب عورتوں کو خوش کرنے کے لیے اس قسم کی باتیں کر رہے ہیں ورنہ ایک معمولی عقل کا آدمی بھی سمجھتا ہے کہ مشورہ دینا اور ہوتا ہے۔ قانون سازی اور ہوتی ہے۔

امہات المؤمنین نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مشورے تو دیے لیکن قانون سازی نہیں کی۔ قانون تو اللہ کا ہے۔ اس میں کوئی شخص کیسے دخل دے سکتا ہے۔ چاہے وہ عورت ہو یا مرد۔ ڈاکٹر صاحب

Marfat.com

موجودہ دور کے صدر اور وزیر اعظم کی پرسنل اسسٹنٹ اور سیکرٹریز کو امہات المؤمنین پر قیاس کر رہے ہیں۔ کیا یہ قیاس کرنا کسی طرح بھی درست ہو سکتا ہے؟۔ امہات المؤمنین کا مقام کیا ہے؟ اور موجودہ دور کی سیکرٹریز کیا کرتی ہیں؟۔ یہ کسی سے مخفی نہیں۔ ڈاکٹر صاحب کو خدا کا خوف کرنا چاہیے کہ وہ ایسی عورتوں کو امہات المؤمنین پر قیاس کر رہے ہیں۔

کارِ پاکاں را قیاس از خود مگیر  گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

ڈاکٹر صاحب نے امہات المومنین کی شان میں جو گستاخی کی ہے یہ ان کی جہالت کی وجہ سے سرزد ہوئی ہے۔ اسی طرح ایک اور تقریر میں ڈاکٹر صاحب یہ کہہ رہے تھے کہ قبر والوں سے بھی مانگنا حرام ہے۔ آگے اپنی روانی میں کہہ بیٹھے کہ ''حتیٰ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمارے لئے ماننا حرام ہے''۔ ایسے کفریا الفاظ کی بناء پر انڈیا میں پولیس کے پاس رپورٹ درج کروائی گئی اور ڈاکٹر ذاکر صاحب کو اپنی حماقت اور جہالت پر لیک رجوع نامہ تحریر کرنا پڑا۔ رجوع نامہ تحریر کرتے وقت ان کے ساتھ ان کا کوئی تنخواہ دار بھی تھا۔ جس نے الفاظ ''سبقت لسانی'' لکھوائے۔ ان کی اپنی املا کا یہ حال ہے کہ اس رجوع نامہ کے آخری الفاظ ''اپنے الفاظ واپس لے تا ہوں'' میں ''لے'' علیحدہ اور ''تا'' علیحدہ لکھے ہیں۔ یہ واقعہ ۱۲ نومبر ۲۰۰۸ء کا ہے۔ اصل تحریر کا عکس اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمایئے۔



ڈاکٹر نائیک کا یہ وہ رجوع نامہ ہے جو انہوں نے جوائنٹ پولیس کمشنر کے سامنے پیش کیا۔

Marfat.com

## ☆عورت اور قانون سازی

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' میں کہتے ہیں:

''عورت قانون سازی میں حصہ لے سکتی ہے۔ اور مشہور حدیث جس میں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ۔صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مہر کے متعلق زیادہ سے زیادہ مہر کی مقدار مقرر کرنے پر بات کر رہے تھے کہ جوان مرد اس (کی وجہ) سے شادی کرنے کے معیار پر پورے نہ اترتے تھے۔ تو پچھلی نشستوں سے ایک عورت اٹھی اور کہا کہ سورۃ نساء آیت نمبر 20 کے مطابق:

ترجمہ: ''اور اگر تم ایک عورت کو چھوڑ کر دوسری عورت کرنی چاہو اور پہلی عورت کو بہت سا مال دے چکے ہو تو اس سے کچھ مت لینا۔ بھلا تم ناجائز طور پر اور صریح ظلم سے اپنا مال اس سے واپس لو گے؟''

''تم مہر میں سونے کے ڈھیر بھی دے سکتے ہو۔''

موجود ہے اور جب اللہ کو مہر کی حد پر کوئی اعتراض نہیں ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کون ہے جو مہر کی حد مقرر کرے۔

اسی وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا۔

''عمر غلط ہے اور وہ عورت صحیح۔''

کیونکہ حدیث میں اس عورت کا نام موجود نہیں لہٰذا آپ اسے ایک عام عورت سمجھ سکتے ہیں۔ مطلب یہ کہ حتیٰ کہ ایک ادنیٰ عورت بھی سربراہِ ریاست پر اعتراض کر سکتی ہے۔ اور تکنیکی طور پر اگر دیکھا جائے تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ وہ قوانین کے غلط پہلو پر اعتراض کر رہی ہے۔ کیونکہ قرآن ہی مسلمانوں کا آئین ہے۔

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 312-313)

☆حضرت عمر رضی اللہ عنہ صرف ترغیب دے رہے تھے نہ کہ قانون سازی کر رہے تھے اور ڈاکٹر صاحب ایسے بیان کر رہے ہیں جیسے اسمبلی کا اجلاس ہو رہا ہو۔

ابن جوزیؒ نے حیات فاروق اعظمؓ میں لکھا ہے کہ حضرت مسروق بن الاجدع فرماتے ہیں کہ ایک

Marfat.com

مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منبر رسول پر بیٹھ کر فرمایا۔ ''عورتوں کا مہر چار سو درہم کے اندر اندر ہونا چاہیے اور اسے اس رقم سے زیادہ نہ ہونا چاہیے۔ اس لیے کہ اگر مہر میں فراخ دلی اور برگزیدگی اور شرف کا حصول مقصود ہے تو بہر حال ظاہر ہے ہم ان عظمتوں اور بلندیوں کے حصول میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوئیں عاجز ہی رہیں گے''۔ وہ یہ کہہ کر منبر سے اتر آئے۔ ایک قریشی عورت نے ان کا راستہ روک کر ان سے کہا۔

''امیر المؤمنین آپ نے لوگوں کو عورتوں کے مہر میں اضافہ سے روک دیا ہے اور ان سے یہ کہا ہے کہ وہ چار سو درہم سے آگے نہ بڑھیں لیکن وَاٰتَيْتُمْ اِحْدٰاهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا ..... (سورۃ نساء آیت ۲۰) کے الفاظ کے پیش نظر کیا آپ کا یہ حکم قرآنی حکم کے خلاف نہیں۔ ان الفاظ کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم نے عورت کو ڈھیر بھر مال بھی دے دیا ہو تو ان سے کچھ بھی واپس نہ لو''۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا۔ ''اے خدا عمر کو معاف کر دے۔ ہر شخص دینی معاملات اس سے کچھ زیادہ ہی سمجھتا ہے''۔ چنانچہ اس کے بعد امیر المؤمنین نے اعلان کیا کہ اگر کوئی چار سو درہم سے زیادہ عورتوں کو مہر میں دینا چاہے یا اپنی خواہش کے مطابق اور کوئی چیز دینا چاہے تو وہ بے شک ایسا کر سکتا ہے۔

اس تمام واقعہ سے کہیں بھی معلوم نہیں ہوتا کہ کوئی قانون سازی ہو رہی تھی اور نہ ہی وہ کوئی اجلاس تھا جس کی پچھلی نشستوں سے کسی عورت نے اٹھ کر قانون سازی میں حصہ لیا۔

## ☆ دو عورتوں کی گواہی

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام پر چالیس اعتراضات'' کے سوالات و جوابات میں ایک جگہ کہتے ہیں کہ:

''اسلام میں دو عورتوں کی گواہی ہمیشہ ایک مرد کے برابر نہیں ہے۔ قرآن مجید کے اندر تین مقامات پر مرد اور عورت کی تفریق کے بغیر گواہی کے بارے میں بیان کیا گیا ہے۔

1۔ وارثت کے بارے میں وصیت کے وقت دو عادل لوگوں کی گواہی کی ضرورت ہوتی

Marfat.com

ہے۔جیسا کہ سورۃ مائدہ سورۃ نمبر 5 آیت نمبر 106 میں قرآن کہتا ہے:

ترجمہ:۔''اے ایمان والو! تمہارے درمیان گواہی (کا طریقہ یہ ہے) کہ جب تم میں سے کسی کو موت آئے وصیت کے وقت تم میں سے دو معتبر شخص ہوں یا تمہارے سوا دو۔اور اگر تم سفر میں ہو اور تمہیں موت کی مصیبت آجائے۔''

2۔ اور طلاق کے بارے میں دو عادل لوگوں کو گواہ بنانے کا حکم ہے۔سورۃ طلاق سورۃ نمبر 65 آیت نمبر 2 میں ارشاد ہے:

ترجمہ:۔''اور اپنے میں سے دو انصاف پسند گواہ کر لو اور تم صرف اللہ کے لئے گواہی دو۔''

3۔ اسی طرح پاک دامن عورتوں کے بارے میں گواہی کے لئے چار لوگوں کی شہادت کی ضرورت ہے جیسے کہ سورۃ نور سورۃ نمبر 24 آیت نمبر 4 میں ہے کہ:

ترجمہ:۔''اور جو لوگ تہمت لگائیں پاک دامن عورتوں پر پھر وہ اس پر چار گواہ نہ لائیں تو انہیں کوڑے مارو۔اور تم قبول نہ کرو کبھی ان کی گواہی۔یہی نافرمان لوگ ہیں۔''

یہ بات درست نہیں کہ دو عورتوں کی گواہی ہمیشہ ایک مرد کے برابر ہوگی۔ یہ صرف چند مخصوص و معاملات میں ہے۔قرآن کے اندر پانچ آیات ایسی ہیں جن میں گواہی کے معاملے میں مرد اور عورت کی تفریق کے بغیر حکم موجود ہے۔اور صرف ایک آیت ایسی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے۔ یہ سورۃ بقرہ سورۃ نمبر 2 آیت نمبر 282 ہے اور مالی معاملات میں قرآن کی یہ سب سے لمبی آیت ہے۔

ترجمہ:۔''اے ایمان والو! جب تم ایک مقررہ مدت کے لئے ادھار کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو اور چاہیے کہ لکھ دے کاتب تمہارے درمیان انصاف سے اور کاتب لکھنے سے انکار نہ کرے جیسے اس کو سکھایا ہے اللہ نے۔اسے چاہیے کہ لکھ دے۔اور جس پر حق (قرض) ہے وہ لکھاتا جائے اور اپنے رب سے ڈرے اور نہ اس سے کچھ کم کرے۔پھر اگر وہ جس پر حق (قرض) ہے وہ بے عقل یا کمزور ہے یا وہ لکھانے کی قدرت نہیں رکھتا تو چاہیے کہ اس کا سرپرست انصاف سے لکھا دے اور اپنے

Marfat.com

مردوں میں سے دو گواہ کرلو پھر اگر وہ مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں جن کو تم پسند کرو (تا کہ) ان میں سے ایک بھول جائے تو ان میں سے ایک (دوسری کو) یاد دلا دے۔"

قرآن کی یہ آیت صرف مالی معاملات کے لئے ہے۔ اور اس قسم کے معاملات میں یہ کہا گیا ہے کہ اس کا معاہدہ دونوں فریقوں کے درمیان لکھ لیا جائے اور اس کے دو گواہ بنا لئے جائیں اور یہ کوشش کی جائے کہ وہ صرف مرد ہوں۔ اور اگر مرد نہ مل سکیں تو ایسی صورت میں ایک مرد اور دو عورتیں کافی ہیں۔ اسلام میں مالی معاملات میں دو مردوں کو ترجیح دی جاتی ہے۔ اسلام مرد سے یہ توقع رکھتا ہے کہ وہ خاندان کی کفالت کریں۔ چونکہ اقتصادی ذمہ داری مرد کے اوپر ہے اس لئے یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ مالی معاملات میں عورتوں کی نسبت زیادہ معلومات رکھتا ہے۔ دوسری صورت میں ایک مرد اور دو عورتوں کا گواہ کرنا ہوگا۔ اور اگر ایک عورت بھول جائے یا غلطی کرے تو دوسری اسے یاد دلا دے۔

قرآن میں عربی کا لفظ تَضِلَّ کا معنی ہے غلطی کرنا یا بھول جانا۔ صرف مالی معاملات میں دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر قرار دی گئی ہے۔ اس کے برخلاف کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ عورتوں کی گواہی قتل کے بارے میں بھی دوہری ہے۔ یعنی دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے۔ ایسے معاملات میں ایک عورت مرد کی نسبت زیادہ خوف زدہ ہو جاتی ہے اور وہ اپنی جذباتی حالت کی وجہ سے پریشان ہو سکتی ہے۔ اس لئے بعض لوگوں کے نزدیک قتل جیسے معاملات میں بھی دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے۔ کچھ علماء کے نزدیک دو عورتوں اور ایک مرد کی گواہی تمام معاملات میں ہے۔ اس سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ سورۃ نور سورۃ نمبر 24 آیت نمبر 6 تا 9 میں ایک مرد اور ایک عورت کی گواہی کے بارے میں واضح حکم موجود ہے۔

ترجمہ:۔ "اور جو لوگ اپنی بیویوں پر تہمت لگائیں اور خود ان کے سوا ان کے گواہ نہ ہوں تو ان میں سے ہر ایک کی گواہی یہ ہے کہ اللہ کی قسم کے ساتھ چار بار گواہی دے کہ وہ سچ بولنے والوں میں سے ہے اور پانچویں بار یہ کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ اگر وہ جھوٹ بولنے والوں میں سے ہو اور اس عورت سے ٹل جائے گی سزا اگر وہ چار بار اللہ کی قسم کے ساتھ گواہی دے کہ وہ (مرد) جھوٹا ہے اور پانچویں

Marfat.com

بار یہ کہ اس عورت پر اللہ کا غضب ہوا گر وہ سچوں میں سے ہے۔"

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیوی تھیں۔ ان سے کم و بیش 2220 کے قریب احادیث مروی ہیں جو صرف ان کی اکیلی شہادت کی وجہ سے مستند ہیں۔ یہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ایک عورت کی گواہی بھی قابل قبول ہے۔ بہت سے علماء اس بات پر بھی متفق ہیں کہ رویت ہلال یعنی چاند کے دیکھنے کے بارے میں ایک عورت کی گواہی کافی ہے۔ آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ روزے جیسی عبادت جو اسلام کے اہم ارکان میں سے ہے کے لئے بھی ایک عورت کی گواہی کافی ہے۔ اور اس گواہی پر تمام مسلمان روزہ رکھتے ہیں۔ کچھ علماء کے نزدیک روزے کے آغاز کے لئے جبکہ اس کے اختتام کے لئے دو گواہوں کی ضرورت ہے اور اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ گواہ مرد ہوں یا عورت۔ بعض ایسے معاملات بھی ہیں جن میں صرف ایک عورت کو ہی گواہی کی ضرورت ہوتی ہے۔ مثلاً عورتوں کے مسائل میں عورت کو دفن کرنے کے لئے اس کو غسل دینا۔ ایسے معاملات میں مرد کی گواہی قبول نہیں۔ مالی معاملات میں عورت اور مرد کے درمیان نظر آنے والا یہ فرق کسی عدم مساوات کی بنیاد پر نہیں بلکہ یہ صرف معاشرے میں ان کی مختلف نوعیت کی ذمہ داریوں اور کردار کی وجہ سے ہے جو اسلام ان کے لئے متعین کرتا ہے۔

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ 1 صفحہ 409 تا 413)

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی گفتگو بعنوان عالمی بھائی چارہ میں عورت کی گواہی کے بارے میں کہتے ہیں: "ام المومنین حضرت عائشہ صدیق رضی اللہ عنہا سے کم از کم 2220 احادیث مبارکہ مروی ہیں جنہیں صرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی تنہا شہادت ہی کی بنیاد پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ یہ اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ ایک عورت کی گواہی بھی قبول کی جا سکتی ہے۔"

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک۔ صفحہ 502)

## ☆ روایت اور گواہی میں فرق

ذاکر نائیک صاحب کو معلوم ہی نہیں کہ روایت اور گواہی میں بہت فرق ہے۔ گواہی میں یہ الفاظ

Marfat.com

بولے جاتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں یا دیتی ہوں۔اور روایت سے مراد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول وفعل کو نقل کرنا ہے۔اگر روایت اور گواہی ایک ہی ہوتی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا یہ فرماتی کہ میں گواہی دیتی ہوں۔نیز شریعت میں جو گواہی کا تصور ہے وہ گواہی گواہ صرف قاضی کے سامنے دیتا ہے۔جبکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تو کسی قاضی کے سامنے اپنی مرویات کی گواہی نہیں دی۔

مشکوۃ صفحہ ۱۳ پر بخاری ومسلم کے حوالہ سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک مرتبہ) عید کے موقع پر عیدگاہ تشریف لے جاتے ہوئے (راستہ میں) عورتوں پر گزر ہوا۔تو انہیں کچھ نصیحتیں فرمائیں۔نیز انہیں عقل ودین کے اعتبار سے ناقص ہونا فرمایا۔عورتوں نے عرض کیا یارسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے دین اور عقل میں کیا نقصان ہے؟۔ قال الیس شهادة المراة مثل نصف شهادة الرجل۔قلن بلی۔قال فذالك من نقصان عقلها۔ قال الیس اذا حاضت لم تصل ولم تصم۔قلن بلی۔قال فذالك من نقصان دینها۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ عورت کی گواہی مرد کی آدھی گواہی کے برابر ہے؟۔عرض کیا جی ہاں ایسا تو ہے۔فرمایا یہ اس کی عقل کی کمی کے باعث ہے۔پھر فرمایا کیا یہ بات نہیں کہ جب عورت کو حیض آتا ہے تو (ان دنوں میں حسب حکم شرع) نہ نماز پڑھتی ہیں اور نہ روزہ رکھتی ہیں۔عورتوں نے جواب دیا کہ ہاں ایسا تو ہے۔فرمایا یہ اس کے دین کا نقصان ہے۔

ڈاکٹر صاحب بخاری کی حدیث کے باوجود دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر نہیں مانتے۔

ڈاکٹر صاحب اپنی تقاریر میں صحابیہ کے لیے رضی اللہ عنہ اور صحابی کے لیے رضی اللہ عنہا کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔جو اپنی تقریر میں تذکیر وتانیث کے لیے درست الفاظ بھی استعمال نہ کر سکیں انہیں روایت حدیث اور گواہی کا فرق کیسے معلوم ہوگا؟۔

ڈاکٹر صاحب کی جہالت ملاحظہ ہو کہ قصاص کے معاملات میں عورت کی گواہی ویسے ہی نہیں ہے۔ جبکہ ڈاکٹر صاحب قتل کے بارے میں دو عورتوں کی گواہی کے قائل ہیں۔

Marfat.com

## ☆ آیت لعان کی معنوی تحریف

نیز اس ضرب المثل کے مصداق کہ ''کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا۔ بھان متی نے کنبہ جوڑا''۔ ڈاکٹر صاحب نے آیت کی معنوی تحریف کرتے ہوئے لعان (بیوی پر تہمت لگانا) کے معاملہ کو عورت کی گواہی کے ساتھ جوڑ دیا۔

ذاکر نائیک صاحب نے خواتین کو خوش کرنے کی خاطر رویت ہلال کے معاملہ میں ایک عورت کی گواہی معتبر قرار دے دی ہے۔ جس کا قرآن وحدیث میں کہیں بھی حوالہ موجود نہیں۔

## ☆ عورت کے چہرے کا پردہ

ایک پروگرام ''گفتگو'' میں عورت کے چہرہ کے حجاب کے بارے میں ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ ناصر الدین البانی کے نزدیک بھی چہرے کا نقاب فرض نہیں۔ سورہ نور کی آیت 124 میں یہ نہیں کہا گیا کہ چہرہ ڈھانکو۔ اس میں لکھا ہے کہ سر کے اوپر کپڑا ڈھانکو۔ اس میں چہرہ نہیں ہے۔ کوئی ایک صحیح حدیث میں بھی نہیں ہے کہ جس میں حضور نے فرمایا ہو کہ عورت کو چہرہ ڈھانکنا چاہیے۔ اس کے بجائے کئی احادیث میں ہے حضور کے دور میں صحابیات چہرہ کھلا رکھتی تھیں۔ اس لیے حج کے دوران چہرہ ڈھانکنا حرام ہے۔ تو اس سے یہ ثابت ہوتا ہے چہرہ ڈھانپنا فرض نہیں۔ لیکن اگر کوئی ڈھانپنا چاہے تو اچھی بات ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے جس ناصر الدین البانی کا حوالہ دیا ہے اس کے خیالات کا ایک نمونہ اس کتاب کے اندر اور آخر میں موجود ہے۔ رہا حضور کے دور میں صحابیات کے پردہ کی کیفیت اس کا ذکر ہم تفصیلی طور پر چوہدری رفیق صاحب کے باب 1 میں صفحہ 217 پر لکھ چکے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کو یہ بھی معلوم نہیں کہ حج کے دوران چہرہ ڈھانپنا حرام نہیں بلکہ چہرہ پر کپڑا لگنا منع ہے۔ نہ کہ پردہ کرنا۔

ڈاکٹر صاحب نے غلط کہا کہ احادیث میں ہے حضور کے دور میں صحابیات چہرہ کھلا رکھتی تھیں۔ اس لیے حج کے دوران چہرہ ڈھانکنا حرام ہے

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ (سفر حج میں) ہمارے قریب سے حاجی لوگ گزرتے تھے

Marfat.com

اور ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ احرام باندھے ہوئے تھیں (چونکہ احرام میں عورت کو منہ پر کپڑا لگانا منع ہے) اس لئے ہمارے چہرے کھلے ہوئے تھے اور چونکہ حج میں پردہ کرنا لازم بھی ہے اس لئے جب حاجی لوگ ہمارے برابر سے گزرتے تو ہم بڑی سی چادر کو سر سے گرا کر چہرے کے سامنے لٹکا لیتے اور جب حاجی لوگ آگے بڑھ جاتے تو ہم چہرہ کھول لیتے۔ (ابوداؤد)

اگر حج کے دوران نامحرموں سے چہرہ چھپانا لازم نہ ہوتا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور دیگر صحابی خواتین حاجی لوگوں سے چہرہ چھپانے کا اہتمام کیوں کرتیں۔

ہم قارئین کے سامنے عورت کے چہرہ کے پردہ کا مسئلہ تفصیلی بیان کر رہے ہیں۔ تاکہ جدت پسندوں کی تلبیس سے بچا جاسکے اور اس شیطانی جال کا دروازہ بند کیا جائے جو تحقیق کے نام پر کھولا جارہا ہے۔

☆ شمس الائمہ علامہ سرخسیؒ فرماتے ہیں و هذا كله اذا لم يكن النظر عن شهوة فان كان يعلم انه ان نظر اشتهى لم يحل له النظر الى شيء منها (مبسوط جلد ۱۰ صفحہ ۱۵۲) یہ چہرہ اور ہتھیلیوں کی طرف نظر کا جائز ہونا صرف اس صورت میں ہے جبکہ بہ نظر شہوت سے نہ ہو اور اگر دیکھنے والا جانتا ہے کہ چہرہ دیکھنے سے برے خیالات پیدا ہو سکتے ہیں۔ تو اس کو عورت کی کسی بھی چیز کی طرف نظر کرنا حلال نہیں۔

جامع الرموز میں خیال شہوت پیدا ہونے کی تشریح یہ ہے کہ نفس میں اس کے قریب ہونے کا میلان پیدا ہو جائے۔ اور ظاہر ہے کہ نفس میں اتنا میلان بھی پیدا نہ ہو۔ یہ چیز آج کے زمانہ میں شاذ ہے۔

ابن عابدین شامیؒ نے ردالمحتار کتاب الکراہیہ میں لکھا ہے۔

فان خاف الشهوة اوشك امتنع النظر الى وجهها فحل النظر مقيدة بعدم الشهوة والا فحرام و هذا فى زمانهم واما فى زماننا فمنع من الشابة الا النظر لحاجة كقاض و شاهد يحكم ويشهد و ايضاً قال فى شروط الصلوة و تمنع الشابة من كشف الوجه بين رجال لا لانه عورة بل لخوف الفتنة۔ (اگر شہوت کا خطرہ یا شک

Marfat.com

ہوتو عورت کے چہرے کی طرف نظر ممنوع ہوگی۔ کیونکہ نظر کا حلال ہونا شہوت نہ ہونے کے ساتھ مشروط ہے اور جب یہ شرط نہ ہوتو حرام ہے اور یہ بات سلف کے زمانہ میں تھی۔ لیکن ہمارے زمانے میں تو مطلقاً عورت کی طرف نظر ممنوع ہے۔ مگر یہ کہ کسی حاجت شرعیہ کی وجہ سے نظر کرنا پڑے اور شروط صلوۃ میں فرمایا کہ جوان عورت کو (اجنبی) مرد کے سامنے چہرہ کھولنا ممنوع ہے نہ اس لیے کہ یہ عورت ہے۔ بلکہ فتنہ کے خوف سے۔)

اب اس دور میں فتنہ یعنی عورت کے قریب ہونے کا میلان کا خطرہ یا احتمال نہ ہو! بہت مشکل ہے۔ اسی لئے متاخرین فقہاء حنفیہ نے بھی وہی حکم دیا ہے جو ائمہ ثلاثہ نے دیا ہے۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو" الخطاب فی احکام الحجاب" از مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ

سورۃ احزاب کی آیت نمبر یا یھا النبی قل لأ زواجك و بنٰتك ..... کی تشریح میں اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنھما سے استعمال جلباب کی صورت یہ نقل کی ہے کہ عورت سر سے پاؤں تک اس میں لپٹی ہوئی ہو اور چہرہ اور ناک بھی اس سے مستور ہو۔ صرف ایک آنکھ راستہ دیکھنے کے لیے کھلی ہو۔

یہ صورت باتفاق فقہاء امت کے نزدیک جائز ہے۔ مگر احادیث صحیحہ میں اس صورت کے اختیار کرنے پر بھی چند پابندیاں عائد کی ہیں کہ خوشبو نہ لگائے ہوئے ہو۔ آواز پیدا کرنے والا کوئی زیور نہ پہنا ہو۔ راستہ کے کنارے پر چلے۔ مردوں کے ہجوم میں داخل نہ ہو وغیرہ۔

اب رہا پردہ شرعی کا مسئلہ کہ عورت سر سے پاؤں تک مستور ہو۔ مگر چہرہ اور ہتھیلیاں کھلی ہوں۔ جن فقہاء نے اسے جائز کہا ہے ان کے نزدیک بھی یہ شرط ہے کہ فتنہ کا خطرہ نہ ہو۔ مگر چونکہ عورت کی زینت کا سارا مرکز اس کا چہرہ ہے اس لئے اس کو کھولنے میں فتنہ کا خطرہ نہ ہونا؟..... شاذ و نادر ہے۔ اس لئے انجام کار عام حالات میں ان کے نزدیک بھی چہرہ وغیرہ کھولنا جائز نہیں۔

ائمہ اربعہ میں سے امام مالک امام شافعی۔ امام احمد بن حنبل رحمھم اللہ تینوں ائمہ نے چہرہ اور ہتھیلیاں کھولنے کی مطلقاً اجازت نہیں دی۔ خواہ فتنہ کا خوف ہو یا نہ ہو۔ البتہ امام اعظم امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ

Marfat.com

نے فرمایا ہے کہ اگر فتنہ کا خوف نہ ہوتو چہرہ اور ہتھیلیاں کھولنا جائز ہوگا (بوقت ضرورت) اور یہ شرط عام طور پر مفقود ہے۔اس لیے فقہاء حنفیہ نے بھی غیر محرموں کے سامنے چہرہ اور ہتھیلیاں کھولنے کی اجازت نہیں دی۔حدیث شریف میں حضرت فضل رضی اللہ عنہ کو ایک عورت کی طرف دیکھتے ہوئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کے چہرے کو اپنے دست مبارک سے دوسری طرف پھیر دینا اس کی واضح دلیل ہے۔وہ فساد نظر سے بچنے کے لیے تھا۔اوراب اِس زمانہ فساد میں کون کہہ سکتا ہے کہ اس خطرے (فتنہ) سے خالی ہو۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں۔لسنانقول ان وجه الرجل فی حقهاعورة کوجه المرأةبل هو کوجه الامردفی حق الرجل فیحرم النظرعندخوف الفتنة فقط وان لم تکن فتنة فلا۔اذلم تزل الرجال علی مرالزمان مکشوفی الوجوه والنساء یخرجن منتقبات فلواستووالامرالرجال بالتنقب اومنعن من الخروج ۔(احیاءالعلوم۔کتاب النکاح۔باب آداب المعاشرت) ہم یہ نہیں کہتے کہ مرد کا چہرہ عورت کے لئے ستر ہے جیسا کہ عورت کا چہرہ مرد کے لئے ستر ہے بلکہ مرد کا چہرہ (عورت کے لئے) ایسا ہی ہے جیسا کہ بے ریش بچے کا چہرہ مرد کے لئے ہے۔یعنی اگر فتنے کا اندیشہ ہوگا تو اس (مرد) کی طرف دیکھنا حرام ہوگا اور اگر فتنہ نہ ہوتو پھر اس (مرد) کی طرف دیکھنا جائز ہے۔کیونکہ ہمیشہ سے یہ بات چلی آرہی ہے کہ مرد ہر زمانے میں کھلے چہرے کے ساتھ باہر نکلتے ہیں۔جبکہ عورتیں نقاب پہن کر باہر نکلتی ہیں۔ اگر مرد بھی اس مسئلے میں عورتوں کے برابر ہوتے تو ان کو نقاب پہننے کا حکم دیا جاتا یا عورتوں کو باہر نکلنے سے منع کر دیا جاتا۔

اسی تواتر عملی کو علامہ ابوحیان اندلسیؒ نے البحرالمحیط میں۔ابن حجر عسقلانی ؒ نے فتح الباری میں اور علامہ شوکانیؒ نے نیل الاوطار میں نقل کیا ہے۔یہاں امام غزالی عورت کے بال تو چھوڑیے۔ نقاب یعنی چہرے کے پردے کے بارے میں اپنے زمانے کے مشاہدے کے ساتھ ساتھ یہ بات کہہ رہے ہیں کہ وہ تواتر عملی سے ثابت ہے۔

Marfat.com

غیر مقلدین کے نواب صدیق حسن خان نے البیان المرصوص صفحہ ۱۶۸ پر روشن خیالی کو ترویج دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ پردہ کی آیت (سورۃ احزاب آیت نمبر ۵۹) خاص ازواج مطہراتؓ کے بارے میں وارد ہوئی ہے۔ امت کی عورتوں کے واسطے نہیں۔

حقوق نسواں کی تنظیموں کو غیر مقلدین کا ممنون ہونا چاہیے کہ نص قرآنی کے باوجود انہیں سہولت دے دی۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور 11/ جولائی 2009ء آخری صفحہ پر دی گئی خبر بلاتبصرہ قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔

''فرانس نے سکولوں میں سکارف پہننے پر پابندی عائد کرنے کے فیصلے کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو بھی برقع پہننے سے روکنا چاہیے کیونکہ یہ ہمارے ملک کی سیکولر روایات کے خلاف ہے۔ بھارت دہلی میں فرانسیسی سفیر جیروم بونالونٹ نے ایک ریسرچ سنٹر کے تھنکر گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ فرانس چند مخصوص اقدار کا حامل ملک ہے۔ جہاں تک مذہبی اقدار کا تعلق ہے تو ملک میں مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے۔ تاہم اس وقت ہمارے لیے مسئلہ یہ ہے کہ کچھ مذہبی انتہا پسند گروپ دباؤ ڈال کر ہماری سیکولر روایات کو تبدیل کرانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم خواتین کو برقع بھی نہیں پہننا چاہیے''۔

ایک اور خبر جو ہفت روزہ ضرب مومن 09-11-22 میں شائع ہوئی ملاحظہ فرمایئے۔

پیرس (فارن ڈیسک) فرانسیسی صدر نکولس سرکوزی نے کہا ہے کہ فرانس ایک سیکولر ملک ہے جہاں برقع پوش خواتین کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق فرانس کی قومی شناخت کے حوالے سے سرکاری اہلکاروں۔ طلباء۔ والدین اور اساتذہ کے اجتماع سے خطاب میں صدر سرکوزی نے کہا کہ اس وقت یہ بحث بہت ضروری ہے کیونکہ ہماری قومی شناخت مٹ رہی ہے۔ فرانس ایسا ملک ہے جہاں برقعے کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور نہ ہی خواتین کو حجاب کی اجازت دی جائے گی۔ واضح رہے کہ 2004 میں فرانس کے تعلیمی اداروں میں لڑکیوں کو حجاب اوڑھنے یا مذہبی علامت کے طور پر کوئی بھی چیز (دوپٹہ وغیرہ) رکھنے پر پابندی عائد کر دی گئی تھی۔ صدر سرکوزی نے گذشتہ جون

Marfat.com

میں کہا تھا کہ برقع کوئی مذہبی علامت نہیں ہے بلکہ یہ خواتین کو نیچا دکھانے کی ایک سازش ہے اور اب انہوں نے واضح طور پر برقع کی مخالفت کر دی ہے۔

## ☆ عورت پیغمبر کیوں نہیں ہوئی؟

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' کے سوالات اور جوابات میں ایک سوال کہ اسلام میں کوئی عورت پیغمبر کیوں نہیں؟ کے جواب میں کہتے ہیں:

''لیکن اگر پیغمبر سے مراد آپ کی یہ ہے کہ وہ شخص جسے کہ اس کی پاکیزگی اور سچائی کی وجہ سے منتخب کیا گیا ہو تو پھر کئی مثالیں ہیں اور بہترین مثال جو میں یہاں بیان کر سکتا ہوں وہ حضرت مریم علیہا السلام کی ہے۔ یہ سورۃ مریم سورۃ نمبر 19 میں مذکور ہے۔ آیت نمبر 42

ترجمہ:۔ ''جب انہوں نے اپنے باپ سے کہا کہ ابا آپ ایسی چیزوں کو کیوں پوجتے ہیں جو نہ سنیں اور نہ دیکھیں اور نہ آپ کے کچھ کام آسکیں۔''

اور اس سے اگلی آیت کہتی ہے کہ:

ترجمہ:۔ ''اور فرشتے نے مریم علیہا السلام سے کہا کہ اللہ نے آپ کو منتخب کر لیا ہے اور پاک کر دیا ہے اور تمام اقوام کی خواتین سے (Purified) کرایا ہے۔''

اگر آپ کی مراد پیغمبر سے یہ ہے کہ وہ جو نیک اور منتخب یافتہ ہو تو مریم علیہا السلام جو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ہیں ان کی مثال آپ کے سامنے ہے۔

ہمارے پاس اور بھی مثالیں ہیں۔ اگر آپ سورۃ تحریم سورۃ نمبر 66 آیت نمبر 11 کا مطالعہ کریں تو یہ کہتی ہے کہ:

ترجمہ:۔ ''اور ایمان والوں کے لئے فرعون کی بیوی کی مثال ہے۔''

انہوں نے اللہ سے دعا کی کہ اے میرے پروردگار! میرے لئے جنت میں اپنے پاس گھر بنا اور مجھے فرعون اور اس کے عمل سے نجات بخش اور ظالم قوم سے مجھ کو نجات دے۔

اندازہ کریں وہ اپنے وقت کے طاقتور ترین شخص فرعون کی زوجہ تھیں اور انہوں نے تمام آسائشوں کو

Marfat.com

ٹھکرا دیا اور اس کے بدلے اللہ سے دعا کی کہ وہ بدلے میں آپ کو جنت میں محل عطا فرمائے۔ اسلام میں چار عورتیں پیغمبرانہ صفات کی گزری ہیں۔ (بی بی مریم علیہا السلام اور بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا۔"

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 341-342)

☆ قارئین اکثر ملاحظہ فرمائیں گے کہ کیے گئے سوالات اور ڈاکٹر صاحب کے جوابات میں کوئی مطابقت نہیں ہوتی۔ سوال کچھ ہوتا ہے لیکن وہ اپنی جہالت کی بناء پر کچھ اور جواب دیتے ہیں۔ عام آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ اس سوال کا یہ جواب نہیں ہے۔ لیکن ڈاکٹر صاحب زبردستی اس کو جواب باور کرانے پر مصر رہتے ہیں۔ اور آخر میں کہتے ہیں کہ میرے خیال میں سوال کا جواب ہوا۔ یقیناً ڈاکٹر صاحب کے خیال میں سوال کا جواب ہو گیا لیکن سائل کے خیال میں پورا نہ ہوا۔

ڈاکٹر صاحب کی علمیت کا اندازہ اس جواب سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ سوال پوچھا جا رہا ہے کہ کوئی عورت پیغمبر کیوں نہیں ہوئی؟ اور جواب دے رہے ہیں کہ اگر پیغمبر سے نیک و پارسا مراد ہے تو ان صفات کی حامل خواتین دنیا میں آئی ہیں۔ حالانکہ پیغمبر سے اللہ کا رسول مراد ہے۔ کوئی بیوقوف شخص بھی کسی نیک آدمی کو پیغمبر نہیں کہتا۔ لیکن ڈاکٹر صاحب نے اپنی علمیت کا بھرم رکھنے کے لیے پیغمبر کا مطلب خود ہی گھڑ کر جواب دے دیا۔

نبی۔ رسول اور پیغمبر ایک خاص اصطلاح ہے۔ اس اصطلاح کو سامنے رکھیں تو قرآن کا یہ ناطق فیصلہ ہے کہ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالاً نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ (سورۃ انبیاء آیت 7) اور ہم نے نہیں بھیجا آپ سے پہلے مگر ایسے مردوں کو جن کی جانب ہم وحی کرتے تھے۔

جب اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں کہ ہم نے انبیاء صرف مردوں میں سے بنائے تو پھر مزید حیل و حجت کرنے کی کیا ضرورت ہے؟۔ اللہ تعالیٰ کے امور میں کیا حکمت ہے یہ وہی زیادہ بہتر جانتا ہے۔ اللہ اور اس کے رسول نے جن چیزوں کی حکمتیں بتا دیں یا وہ امور جن کی حکمتیں عام فہم ہیں تو ہمیں ان پر ہی اکتفا کرنا چاہیے۔ اور لوگوں کو مطمئن کرنے کے لیے اپنی جانب سے الفاظ قرآنی کے مختلف معنیٰ

Marfat.com

نہیں گھڑنے چاہییں۔

مشکوۃ صفحہ ۱۳ پر بخاری و مسلم کے حوالہ سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک مرتبہ) عید کے موقع پر عیدگاہ تشریف لے جاتے ہوئے (راستہ میں) عورتوں پر گزر ہوا۔ تو انہیں کچھ نصیحتیں فرمائیں۔ نیز انہیں عقل و دین کے اعتبار سے ناقص ہونا فرمایا۔ عورتوں نے عرض کیا یارسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے دین اور عقل میں کیا نقصان ہے؟۔ قال الیس شهادة المراة مثل نصف شهادةالرجل۔قلن بلی۔قال فذالك من نقصان عقلها۔ قال الیس اذا حاضت لم تصل ولم تصم۔قلن بلی۔قال فذالك من نقصان دینها۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ عورت کی گواہی مرد کی آدھی گواہی کے برابر ہے؟۔ عرض کیا جی ہاں ایسا تو ہے۔ فرمایا یہ اس کی عقل کی کمی کے باعث ہے۔ پھر فرمایا کیا یہ بات نہیں کہ جب عورت کو حیض آتا ہے تو (ان دنوں میں حسب حکم شرع) نہ نماز پڑھتی ہیں اور نہ روزہ رکھتی ہیں۔ عورتوں نے جواب دیا کہ ہاں ایسا تو ہے۔ فرمایا یہ اس کے دین کا نقصان ہے۔

شاید کوئی عورت دل میں یہ سوال اٹھائے کہ اس میں ہمارا کیا قصور ہے؟ خاص ایام کی مجبوری قدرتی ہے اور شریعت نے ان دنوں میں خود ہی نماز روزہ سے روکا ہے۔

اس سوال کا جواب یہ ہے کہ مجبوری اگر چہ فطری اور طبعی ہے اور شریعت نے بھی ان دنوں میں نماز روزے سے روکا ہے مگر یہ بات بھی تو ہے کہ نماز روزہ کی ادائیگی کی جو برکات ہیں ان سے محرومی رہتی ہے۔ فطری مجبوری ہی کی وجہ سے یہ قانون ہے کہ ان ایام کی نماز ہی بالکل معاف کر دی گئی ہیں جن کی قضاء بھی نہیں اور رمضان کے روزہ کی قضا تو ہے مگر رمضان میں روزہ نہ رکھنے پر کوئی مواخذہ نہیں۔ اب اگر کوئی عورت یوں کہے کہ خدا نے یہ مجبوری کیوں لگائی ہے؟ تو یہ اللہ کی حکمت میں دخل دینا اور اس کی قدرت و مشیت پر اعتراض کرنا ہوا۔

شاید عقل و دین کے اعتبار سے ناقص ہونے کی وجہ سے ہی عورت کو پیغمبر نہیں بنایا گیا۔

ڈاکٹر صاحب نے بخاری و مسلم کی کس حدیث کی روشنی میں ان پاک ہستیوں حضرت مریم علیہ السلام

Marfat.com

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا میں پیغمبرانہ صفات ثابت کی ہیں؟۔ ان پاک ہستیوں کا درجہ اگرچہ امت میں بہت بلند ہے لیکن عورتوں کو خوش کرنے کی خاطر بلا دلیل ایسی بات کہہ دینا درست نہیں۔

پھر ڈاکٹر صاحب نے مثال میں حضرت مریم علیہا السلام کا نام لیتے ہوئے سورۃ مریم کی آیت 42 کا حوالہ دیا ہے حالانکہ اس آیت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تذکرہ ہے۔ حضرت مریم سے تو اس آیت کو دور کا بھی واسطہ نہیں۔ اس سے ڈاکٹر صاحب کے محیر العقول حافظے اور اسلامی سکالر ہونے کی حقیقت معلوم ہو جاتی ہے۔

ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں "میں جب بھی قرآن کی آیت پیش کرتا ہوں تو حوالہ دیتا ہوں جو لوگ چیک کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ اس سے بات میں وزن آتا ہے۔ اگر میری رائے اور دوسرے عالم کی رائے سے اختلاف رکھتا ہو تو دونوں کو سامنے رکھے ان شاء اللہ درست ہو جائے گا"۔

ڈاکٹر صاحب تو عورت کے پیغمبر ہونے اور نہ ہونے کی حکمت میں الجھے ہوئے ہیں۔ اور انہی کی طرز فکر کے حامل ایک غیر مقلد عالم نے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معجزانہ پیدائش کا ہی انکار کر دیا ہے۔

## ☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معجزانہ ولادت کا انکار

غیر مقلدین کے ایک عالم شیخ عنایت اللہ اثری بن امام الدین بن محمد عظیم بن فتح علی جو ۱۳۱۶ھ کو وزیر آباد گجرات پاکستان میں پیدا ہوئے۔ شیخ عبداللہ غازی پوری۔ شیخ عبدالستار کلانوری۔ شیخ عبداللہ کھنڈیلوی اور مولوی عبدالوہاب ملتانی سے استفادہ کیا۔ ان کی موقفات میں العطر البلیغ اور عیون زمزم فی میلاد عیسیٰ ابن مریم قابل ذکر ہیں۔ ان کا ایک بدترین عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت باسعادت کوئی خدائی معجزہ نہیں تھا۔ بلکہ عام انسانوں کی طرح ماں باپ کے اجتماع سے پیدا ہوئے۔ ہندو پاکستان کے علماء غیر مقلدین جو باطل سے نبرد آزمائی کے لئے زندگیاں وقف کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ آخر خاموش کیوں ہیں؟۔ اور اس عقیدے اور

Marfat.com

نظریے کی تردید کیوں نہیں کرتے؟۔

اب عنایت اللہ اثری کی لغویات بھی پڑھ لیجئے۔ لکھتے ہیں۔ ''کس قدر قابل رحم ہے بے چاری مریم کی مظلومیت کہ اگر کسی عورت کو نکاح کے بعد چھ مہینہ پر بھی بچہ پیدا ہو جائے تو یہ اس عورت کی کرامت نہیں مانی جاتی۔ (یہ تعریض ان فقہاء پر ہے جن کے نزدیک نکاح کے چھ ماہ بعد بچہ پیدا ہو تو وہ ثابت النسب نہیں ہوگا) مگر مریم کے لئے بلا نکاح کرامت کا ظہور تسلیم کر لیا گیا'' (عیون زمزم صفحہ ۹۱) ''.....عیسیٰ علیہ السلام کی ماں خود کہتی ہیں کہ ان کا ایک شوہر ہے اور ان کے بیٹے کا ایک باپ ہے اور باپ بیٹا یہ دونوں بھی اس کا اقرار کرتے ہیں۔ لیکن صدیوں بعد ایسے لوگ پیدا ہوئے جو کہنے لگے کہ عیسیٰ بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے اور ان کی ماں کا کوئی شوہر نہ تھا'' (صفحہ ۴۰)

''.....اگر چہ حمل اور وضع حمل دونوں مؤنث کا کام ہے مگر بغیر مذکر کے یہ ممکن نہیں۔ اسی طرح مریم کا حمل اور وضع حمل بغیر شوہر کے ممکن نہیں'' (صفحہ ۲۲)

عنایت اللہ اثری کی ایک اور موشگافی ملاحظہ ہو لکھتے ہیں ''جب مریم نے عیسیٰ علیہ السلام کو دودھ پلایا تھا تو اسی سے ان کے لیے شوہر کا ثبوت ہو گیا۔ کیونکہ دودھ (چھاتی میں) بغیر جماع کے اترتا ہی نہیں۔'' (عیون زمزم صفحہ ۳۶)

عنایت اللہ اثری صاحب غیر مقلد نے اپنی دوسری کتاب العطر البلیغ میں فخریہ طور پر لکھا ہے کہ'' ایک دوسرے رسالہ میں دلائل و براہین سے یہ ثابت کر دیا گیا ہے کہ عیسیٰؑ ثابت النسب اور شریف الاصل تھے۔ اور یہ عقیدہ کہ آپ بن باپ کی اولاد تھے بہت خطرناک ہے (العطر البلیغ صفحہ ۱۷۴)

اپنی لغویات کو ثابت کرنے کے لیے دہریوں ملحدوں اور معتزلہ کے نقش قدم پر چلنے والے اور کرامات و معجزات کا انکار کرنیوالے عنایت اللہ اثری صاحب غیر مقلد کی یہ بوالعجبی بھی قابل دید ہے۔ لکھتے ہیں ''ہود۔ صالح۔ لوط۔ ادریس۔ ایوب۔ شعیب۔ داؤد۔ الیاس۔ الیسع اور زکریا علیہم السلام کا قرآن میں تذکرہ کیا گیا مگر ان کے ماں باپ کا کوئی ذکر نہیں ملتا۔ تو کیا (آپ کہیں گے کہ) یہ لوگ بن ماں باپ کے پیدا ہوئے تھے۔ ہرگز نہیں۔ سب کے ماں باپ تھے۔ مگر ضرورت نہ ہونے کی وجہ

Marfat.com

سے ان کا ذکر نہیں کیا گیا۔ (عیون زمزم صفحہ ۳۷)

اثری صاحب کی پوری کتاب اسی طرح کی لغویات سے بھری ہوئی ہے۔ نہ معلوم یہ طائفہ محدثہ لا مذہبیہ ان فضولیات کو صاف کرنے کی کوشش کیوں نہیں کرتا۔ شاید انہوں نے بھی اپنے اسلاف کی تقلید کا پٹہ (قلادہ) گلے میں ڈال لیا ہے۔

## ☆ سیاسی مفادات کے لئے شادیاں

جناب ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر "اسلام میں عورتوں کے حقوق" کے سوالات و جوابات میں ایک جگہ کہتے ہیں:

"پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صرف دو شادیاں عام شادیوں کی طرح تھیں اور وہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ تھیں۔ باقی تمام شادیاں حالات کی وجہ سے تھیں۔ معاشرتی تعمیر نو کے لئے یا سیاسی مفادات کے لئے۔

اگر آپ غور کریں تو صرف دو ازواج کی عمر 36 سال سے کم تھی باقی تمام ازواج کی عمر 36 اور 50 سال کے درمیان تھی۔ آپ مثال دے سکتے ہیں کہ ہر شادی کی کوئی نہ کوئی وجہ تھی۔

مثال کے طور پر حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا جو کہ بنو مصطلق سے تعلق رکھتی تھیں جو کہ نہایت طاقتور قبیلہ تھا اور جو کہ اسلام کا دشمن تھا۔ کچھ عرصہ بعد جب وہ اسلامی فوج سے مغلوب ہوئے تو بعد میں آپؐ نے ان سے شادی کر لی اور شادی کے بعد آپؐ کے صحابہؓ نے کہا کہ وہ نبی کے رشتہ داروں کو غلام کیسے رکھ سکتے ہیں۔ اور انہوں نے ان تمام لوگوں کو آزاد کر دیا اور اس کے بعد دونوں قبائل میں دوستانہ مراسم ہو گئے۔

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی مثال ہے جو کہ نجد کے قبیلے کے سربراہ کی بہن تھیں جس نے مسلمان وفد کے 70 بندوں کو قتل کیا تھا۔ جب آپؐ نے ان سے شادی کی تو انہوں نے مدینہ کو اپنا سربراہ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا لیڈر تسلیم کر لیا۔ تمام شادیاں جو آپؐ نے کیں وہ معاشرتی اور سیاسی وجوہات کی وجہ سے تھیں۔ انہوں نے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی جو کہ مکہ کے

Marfat.com

سردار ابوسفیان کی بیٹی تھیں۔لیکن اس شادی نے فتح مکہ میں ایک اہم کردار ادا کیا۔حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی مثال اس کے علاوہ ہے جو ایک طاقتور یہودی سردار کی بیٹی تھیں۔اس کے بعد یہود کے مسلمانوں سے دوستانہ مراسم ہوئے۔اگر آپ دیکھیں تو تمام شادیوں کی کوئی نہ کوئی سیاسی وسماجی وجوہات تھیں۔انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی تاکہ اپنے صحابہ میں قریبی تعلقات پیدا ہوں۔سماجی تبدیلی کے لئے انہوں نے اپنی طلاق یافتہ چچا زاد بہن حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے شادی کی۔لہٰذا ان کی تمام شادیاں معاشرے کی بہتری اور بہتر تعلقات کے لئے تھیں۔یہ جنس کی تسکین کے لئے نہ تھیں۔میرا خیال ہے کہ سوال کا جواب ہوا۔"

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 345-346)

☆حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام نکاح اللہ کے حکم پر ہوئے۔ہر نکاح میں حکمتیں تھیں نہ کہ سیاسی مفادات۔اگر ڈاکٹر صاحب علماء حق کے انداز میں یوں کہتے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر شادی میں کوئی نہ کوئی حکمت تھی تو کوئی مضائقہ نہ تھا۔کیونکہ موجودہ معاشرے میں ہر شخص مفادات کی اصطلاح کا مطلب بخوبی سمجھتا ہے کہ وہ کس قدر بھیانک ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان تو ڈاکٹر صاحب خود بھی مانتے ہیں۔اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی۔اس کے باوجود ڈاکٹر صاحب کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ الفاظ استعمال کرنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سخت بے ادبی اور توہین کے زمرہ میں آتا ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام کام اللہ کی رضا کے لیے ہوتے تھے نہ کہ دنیاوی مفادات کے لیے۔ڈاکٹر صاحب اللہ سے توبہ کریں۔

ڈاکٹر صاحب کی جہالت دیکھئے کہ ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو یہودی سردار کی بیٹی بنا دیا حالانکہ یہودی سردار کی بیٹی ام المؤمنین حضرت صفیہ بنت حی بن اخطب رضی اللہ عنہا تھیں۔

ڈاکٹر صاحب کے بقول اس شادی کا مقصد یہود کے ساتھ مسلمانوں کے دوستانہ مراسم پیدا کرنا تھا۔حالانکہ اس نکاح کی حکمت یہ تھی کہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا ایک سردار کی بیٹی تھیں۔اور انہیں کسی صحابی کی غلامی میں رہنا پسند نہ تھا۔لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کر کے

Marfat.com

انہیں اپنے نکاح میں لے لیا۔

اسی طرح بنو مصطلق کے جہاد میں حضرت جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا۔ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ یا ان کے چچازاد کو بطور باندی دے دی گئیں۔ چونکہ وہ ایک یہودی سردار کی بیٹی تھیں اس لئے انہوں نے خود باندی رہنا پسند نہ کیا اور ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ یا ان کے چچازاد سے نو اوقیہ سونا کے عوض کتابت طے کر لی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ رقم دے کر انہیں آزاد کروادیا اور بحکم خداوندی ان سے نکاح فرمالیا۔ اگر سیاسی مصلحت ہوتی تو وہ بطور باندی کیوں دی جاتیں۔

ڈاکٹر صاحب بتائیں کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا جن کے بچے بھی تھے۔ آپ نے انہیں پالا۔ ان سے کیا سیاسی مفاد تھا؟۔ اسی طرح حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا۔ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے کیا سیاسی مفادات وابستہ تھے؟۔

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے والد محترم حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ تو فتح مکہ کے موقع پر داخل اسلام ہوئے۔ جبکہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح فتح مکہ سے پہلے ہو چکا تھا۔ یہاں ڈاکٹر صاحب کا سیاسی مفاد کہنا بھی درست نہیں۔

## ☆ ولی نکاح باپ کیوں ہے؟

اس سے پہلے کسی صاحب (محمد اسلام غازی) نے پوچھا ہے کہ کیا ہم اپنی بچیوں کو اپنی مرضی سے شادی کی اجازت دیں؟ جس کے جواب میں جناب ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ:

''میں آپ کو بتاتا ہوں کہ والدین Guidance دے سکتے ہیں۔ یقیناً وہ بیٹی کو شادی کے متعلق Guidance دے سکتے ہیں۔ وہ ان کو مجبور کر سکتے ہیں؟ اور آپ کیسے جانتے ہیں کہ والدین ہمیشہ صحیح ہی ہوں۔ لہٰذا یہاں اسلام والدین کو اپنے بچوں کی شادی سے متعلق Guide کرنے کی اجازت دیتا ہے لیکن زبردستی مجبور کرنے کی نہیں۔ لڑکی کو بھی آخر شوہر کے ساتھ رہنا ہوتا ہے، والدین کے ساتھ نہیں۔'' (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ 1 صفحہ 366)

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' میں ایک سوال کہ

Marfat.com

Islamic Personal Law کے تحت صرف باپ ہی اپنی اولاد کا ولی کیوں ہے؟ کے جواب میں کہتے ہیں:

''بہن نے پوچھا ہے اسلامی قانون کے مطابق باپ ہی کو نیچرل گارڈین کا حق حاصل ہے۔ یہ غلط ہے۔ بہن! اسلامی شریعت کے مطابق اگر بچہ اپنی ابتدائی نشوونما میں زیادہ سے زیادہ سات سال تک اگر وہ اس سے کم ہے تو گارڈین شپ (حفاظت کی ذمہ داری) کا حق ماں کو جاتا ہے کیونکہ ماں کی ذمہ داری باپ سے زیادہ ہے شروع کی (Stages) میں۔ اس کے بعد باپ گارڈین ہوتا ہے۔ اور جب وہ میچور ہو جائے تو یہ بچہ کی اپنی آزادانہ مرضی ہوگی کہ وہ جس کے ساتھ مرضی رہے۔ لیکن اس دوران اسلام کہتا ہے کہ بلا تخصیص اس کے کہ بچہ باپ کے ساتھ ہے یا ماں کے ساتھ اس کو دونوں سے ملنے کی اجازت ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ سوال کا جواب ہوا۔''

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ 1 صفحہ 367)

☆ سائلہ یہ پوچھنا چاہتی ہے کہ ولایت نکاح صرف باپ کے لیے کیوں ہے؟۔ اور ڈاکٹر صاحب جواب میں حضانت کا مسئلہ بیان کر رہے ہیں۔ سائلہ کے سوال اور ان کے جواب میں تو وہی نسبت ہوئی جو مشہور ضرب المثل میں بیان کی گئی ہے کہ سوال گندم جواب چنا۔

اسلام میں ولایت نکاح پہلے باپ کو پھر دادا۔ پردادا۔ حقیقی بھائی۔ سوتیلا بھائی۔ بھتیجا۔ چچا۔ کو حاصل ہے۔ اگر دھدیال میں کوئی نہ ہو تو اس کے بعد ماں ولی ہے پھر دادی۔ نانی۔ پرنانی۔ حقیقی بہن۔ سوتیلی بہن۔ پھر ماموں۔ پھر خالہ علی الترتیب ولی ہوں گے۔ (عالمگیری جلد ا صفحہ ۲۸۳)

ماں تک یہ ولایت نکاح دیگر ولیوں کے ہوتے ہوئے نہیں پہنچ سکتی۔ اور نہ ہی عموماً ایسا ہوتا ہے کہ دھدیال میں کوئی ولی بھی باقی نہ رہے۔ اگر کبھی ایسا ہوگا تو ماں کی بھی باری آجائے گی۔

☆ اب ہم ولایت نکاح کے بارے میں کچھ تفصیل بیان کرتے ہیں۔

ولایت نکاح کے بارے میں علامہ ابن رشدؒ لکھتے ہیں۔ واما النظر فی الصفات الموجبة للولایة والسالبة لها فانهم اتفقوا علی ان من شرط الولایة لاسلام والبلوغ

Marfat.com

والذکوریة.....(بدایۃالمجتہد۔جلد۲۔صفحہ۹)ولایت کوواجب یاسلب کرنے والی صفات کے سلسلے میں علماء کااتفاق ہے کہ ولایت کی صحت کے لئے تین شرطیں ہیں۔مسلمان ہونا۔بالغ ہونا۔اور مذکر ہونا۔

امام ابومحمد عبداللہ بن احمد المعروف ابن قدامہؒ المغنی میں لکھتے ہیں۔ الذکوریۃشرط للولایۃفی قول الجمیع.....(المغنی ۔جلد۶۔صفحہ۴۶۵)ولایت کے لئے مرد ہونا تمام علماء کے قول کے مطابق شرط ہے۔

پس عورت ولایت نکاح کی اہل نہیں اور یہ اہل علم کا متفقہ موقف ہے۔نیز جوولی نہ بن سکے وہ ولی کی وکالت (نیابت) بھی نہیں کرسکتا۔ ابن قدامہؒ لکھتے ہیں۔ومن لم تثبت له الولایۃلم یصح توکیله لان وکیله نائب عنه وقائم مقامه۔ (المغنی۔جلد۶۔صفحہ۴۶۷)جس کے لئے ولایت ثابت نہ ہواسے وکیل بنانا صحیح نہیں کیونکہ ولی کا وکیل اس کا نائب اور قائم مقام ہوتا ہے۔

چنانچہ عورت نہ ولی بن سکتی ہے اور نہ ولی کی وکالت کرسکتی ہے نہ ہی وہ نکاح نہیں پڑھا سکتی۔کیونکہ نکاح میں دراصل ایجاب ہوتا ہے جوولی یااس کا وکیل ہی کرسکتا ہے اور عورت میں ان دونوں (ولایت اور وکالت) کی اہلیت نہیں۔

اگر کوئی لڑکی عاقلہ بالغہ اپنا نکاح غیر کفو میں بغیر اجازت ولی کرے تو ولی کو اعتراض کا حق حاصل ہے۔اسی طرح اگر باپ دادا کے علاوہ کوئی دوسرا ولی نابالغہ لڑکی کا نکاح غیر کفو میں کردے تو وہ شرعاً باطل وناقابل اعتبار ہے۔البتہ اگر باپ یا دادا غیر کفو میں اپنی نابالغہ لڑکی کا نکاح کردیں تو وہ جائز و صحیح اور لازم ہوجائے گا۔کیونکہ باپ اور دادا کی شفقت وعنایت کا تقاضا یہی ہے کہ انہوں نے اگر کفو کی رعایت نہیں کی تو لڑکی کے کسی فائدہ کی غرض سے نہیں کی ہوگی۔بے پروائی یا لڑکی کی بدخواہی اس کا سبب نہ ہوگا۔بخلاف دوسرے کسی ولی کے کہ وہاں بے پروائی وبدخواہی کا بھی احتمال ہے۔اور اگر لڑکی عاقلہ بالغہ ہے اور وہ غیر کفو میں نکاح کرنے پر خود بھی راضی ہو اور اس کا ولی بھی راضی ہوجائے تو یہ نکاح صحیح اور جائز ہے۔گو آئندہ مصالح کے اعتبار سے نامناسب ہے۔

Marfat.com

## ☆ تعدد ازواج

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' میں ایک سوال کے جواب میں کہتے ہیں:

''یہ مرد کے لئے لازمی نہیں ہے کہ وہ پہلی بیوی سے دوسری شادی کے لئے اجازت لے۔ کیونکہ قرآن کہتا ہے کہ ''صرف ایک صورت میں مرد ایک سے زیادہ بیویاں کر سکتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ وہ انصاف کرے بیویوں کے درمیان۔''

لیکن یہ بہتر ہے۔ اگر وہ اجازت لیتا ہے اور یہ اس کا فرض ہے کہ وہ پہلی بیوی کو بتائے کہ وہ دوسری شادی کرنے جا رہا ہے۔ کیونکہ اسلام کہتا ہے ''اگر تمہاری ایک سے زیادہ بیویاں ہیں تو تمہیں انصاف کرنا ہوگا۔'' اور اگر پہلی بیوی اجازت دے دیتی ہے تو قدرتی طور پر دونوں بیویوں اور شوہر کے درمیان زیادہ مخلص تعلقات فروغ پائیں گے۔ لیکن یہ لازمی نہیں ہے ماسوائے ایک صورت کے۔ اگر عورت اپنے نکاح نامے میں یہ واضح کرتی ہے کہ میرے ہوتے ہوئے تم دوسری شادی نہیں کر سکتے تب یہ شوہر کے لئے لازمی ہو جاتا ہے کہ وہ شادی کرنے سے پہلے اجازت لے۔ دوسری صورت میں یہ لازم نہیں لیکن بہتر ہے۔

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 364-365)

☆ ڈاکٹر صاحب کو اپنے زور بیان میں محسوس ہی نہیں ہوتا کہ وہ کیا بے پر کی ہانک رہے ہیں۔ پہلے کہتے ہیں کہ دوسری شادی کے لیے پہلی بیوی کی اجازت کی ضرورت نہیں۔ پھر آگے کہتے ہیں کہ اس کا فرض ہے کہ وہ پہلی بیوی کو اطلاع دے۔

اگر اجازت لینا فرض نہیں تو اطلاع دینا کیوں فرض ہے؟۔

ذاکر نائیک صاحب اپنے بڑوں کی طرف نظر دوڑائیں۔ غیر مقلدین کے نواب صدیق حسن خان کی کتاب ظفر اللاضی صفحہ ۱۴۱-۱۴۲ پر لکھا ہے کہ مرد ایک وقت میں جتنی عورتوں سے چاہے نکاح کر سکتا ہے۔ اس کی حد نہیں کہ چار ہی ہوں۔ نور الحسن خان غیر مقلد نے عرف الجادی صفحہ ۱۱۵ پر علامہ شوکانی

Marfat.com

کی تقلید میں اسی کی تائید کی ہے۔

غیر مقلدین نے تو چار کی حد بھی ختم کر دی۔ یہ کس صحیح حدیث کے تحت فرما رہے ہیں۔ نیز کیا بخاری و مسلم میں اس کی تائید موجود ہے۔ قرآن کی نص کے بعد غیر مقلدین کا یہ فرمان کس زمرہ میں آتا ہے۔ خود ہی فیصلہ کیجئے۔

رئیس فرقہ لامذہبیہ مولوی محمد حسین بٹالوی صاحب ماہانہ جریدہ اشاعت السنۃ کے صفحہ ۵۳ جلد ۱۱ میں لکھتے ہیں کہ پچیس برس کے تجربہ سے ہم کو یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ جو لوگ بے علمی کے ساتھ مجتہد مطلق اور مطلق تقلید کے تارک بن جاتے ہیں وہ آخر اسلام کو سلام کر بیٹھتے ہیں ان میں بعض عیسائی ہو جاتے ہیں اور بعض لامذہب۔ جو کسی دین و مذہب کے پابند نہیں رہتے اور احکام شریعت سے فسق و فجور اس آزادی کا ادنیٰ نتیجہ ہے۔

## ☆ بچہ گود لینا۔ لے پالک

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' میں بچہ گود لینے کے سوال کے جواب میں کہتے ہیں:

''آپ ایسی صورت حال سے بھی دوچار ہو سکتے ہیں کہ شادی کے کئی سال بعد بھی آپ کے گھر اولاد نہ ہو اور شوہر اور بیوی دونوں کو اولاد کی شدت سے چاہ ہو۔ عورت خوشی سے اپنے شوہر کو اجازت دے سکتی ہے کہ وہ دوسری شادی کرے۔ اور اس طرح ان کے گھر اولاد ہو جائے۔ بہت سے لوگ یہ اعتراض کریں گے کہ وہ ایک بچہ کیوں (Adopt۔ لے پالک۔ گود) نہیں کر لیتے۔ اسلام (Adoption۔ گود لینے) کی اجازت نہیں دیتا۔ جس کی کچھ وجوہات ہیں۔ میں ان کی تفصیل میں جانا نہیں چاہوں گا۔''

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 321)

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' کے سوالات اور جوابات میں ایک سوال کے جواب میں کہتے ہیں:

Marfat.com

''بھائی نے سوال پوچھا ہے کہ کیا اسلام میں بچہ گود لینا جائز ہے؟ اگر گود لینے سے مراد جوان بچہ لینا ہے، ایک غریب بچہ اور اس کا کھانا پینا، تعلیم، کپڑے وغیرہ، اس کو گھر لاتے ہیں، تو اسلام نے ہمیشہ زور دیا قرآن میں کہ تم غریبوں کی مدد کرو۔ ضرورت مندوں کی مدد کرو۔ آپ بچہ کو گھر میں لا سکتے ہیں اور آپ اس کو باپ کی شفقت دیتے ہیں۔ اسلام کس بات پر اعتراض کرتا ہے کہ آپ اس کو قانونی طور پر گود نہیں لے سکتے۔ آپ بچے کو اپنا نام نہیں دے سکتے۔ قانونی طور پر بچہ گود لینا اسلام میں منع ہے۔ کیوں؟ کیونکہ اگر کوئی شخص قانونی طور پر بچہ گود لیتا ہے تو وہاں کچھ پیچیدگیاں ہو سکتی ہیں۔ پہلی یہ کہ وہ بچہ لڑکا یا لڑکی اپنی شناخت سے محروم ہو جائے گا۔ دوسرا یہ کہ فرض کریں آپ نے بچہ گود لے لیا ہے اور آپ کے اپنے بچے نہیں ہیں۔ کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ آپ کے گھر ساری عمر نہیں ہوں گے اور اگر آپ کے اپنے بچے ہو جاتے ہیں تو آپ کا جھکاؤ اپنی اولاد کی طرف زیادہ ہوگا اس گود لئے بچے کی بہ نسبت۔

تیسرا یہ کہ وہ بچہ گھر میں آزادی سے نہیں رہ سکتا۔ اگر وہ مخالف جنس والا ہے کیونکہ وہ بچے آپس میں سگے بہن بھائی نہ ہوں گے۔ اگر گود لیا گیا بچہ لڑکی ہے تو بڑا ہونے کے بعد اسے حجاب کرنا ہوگا باپ سے کیونکہ وہ اس کا سگا باپ نہیں ہے۔ اگر گود لیا بچہ لڑکا ہے تو بڑا ہو کر مرد بنے گا تو اس کی شادی کے بعد اس کے منہ بولے باپ سے بہو کو حجاب کرنا ہوگا۔ اور بھی بہت سی وجوہات ہیں۔ اور اگر آپ بچہ گود لیتے ہیں تو آپ اپنے رشتہ داروں کے چند حقوق سے غفلت برتنا شروع کر دیں گے۔ لہٰذا ان پیچیدگیوں سے بچنے کے لئے قانونی طور پر بچہ گود لینے کی اسلام میں ممانعت ہے۔''

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 347-348)

☆ جوان بچہ ڈاکٹر صاحب کی جدید اصطلاح ہے۔ جوان کو کوئی بچہ نہیں کہتا۔ اور بچے کو کوئی جوان نہیں کہتا۔ یہ دونوں الفاظ متضاد ہیں۔ گود لینا تو محاورہ بھی ہے۔ جس کے پاس اولاد نہ ہو وہی گود لیتا ہے۔ کسی غریب کے بچوں کو پالنے کے لیے کوئی گود نہیں لیتا۔ اگر پرورش میں لینا بھی ہو تو بھی جوان کو کون گود لیتا ہے۔ جو خود کھا کما سکتا ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر صاحب کی جہالت ملاحظہ فرمائیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنا عمل حضرت زید بن حارثہ کو متبنیٰ بنانا موجود ہے۔اور یہ کہہ رہے ہیں کہ اسلام میں اس کی ممانعت ہے۔حالانکہ قرآن وحدیث سے ممانعت کا کوئی ایک حوالہ بھی پیش نہیں کیا جاسکتا۔باقی رہا کہ وہ اپنی شناخت سے محروم ہوجائے گا۔اسلام تو متبنیٰ کی ولدیت بدلنے کا کہتا ہی نہیں اور دنیا بھی جانتی ہے کہ یہ دوسرے کا بچہ ہے۔اورانہوں نے لے پالک رکھا ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے جو دلائل پیش کئے ہیں وہ ایسے عوامل ہیں جو کسی کے ساتھ ممکن ہے پیش آئیں اور کسی کے ساتھ نہ آئیں۔اور جواز وعدم جواز کا دارومدار ان پر نہیں ہے۔

باقی رہی ڈاکٹر صاحب کی یہ بات کہ ہوسکتا ہے بعد میں ان کے ہاں اولاد ہوجائے۔یہ بھی درست نہیں کیونکہ زیادہ تر وہ لوگ بچہ گود (Adopt) لیتے ہیں جن کے ہاں اولاد ہونے کی امید نہیں ہوتی ۔اور محبت میں کمی بھی گود لینے (Adoption) کی ممانعت کی دلیل نہیں بن سکتی کیونکہ اس قسم کے واقعات ہماری زندگی میں اکثر پائے جاتے ہیں لیکن اس کی بنیاد پر کسی معاملہ کو ممنوع نہیں قرار دے سکتے۔جیسا کہ آج کل ساس اور بہو کی لڑائی جو تقریباً اکثر گھروں میں ہوتی ہے اور اس کی بناء پر نہ صرف گھر کی فضاء متاثر ہوتی ہے بلکہ طلاق کی نوبت بھی آجاتی ہے۔لیکن ان تمام مفاسد کے باوجود خواتین بیٹوں کی شادیاں کرتی ہیں۔

اور قانون بھی اس کی اجازت دیتا ہے۔اور شرع میں بھی کوئی ممانعت نہیں۔

## ☆ طلاق ثلاثہ

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' کے سوالات وجوابات میں ایک جگہ کہتے ہیں:

''بنیادی سوال یہ ہے کہ اگر مرد طلاق دے سکتا ہے تو کیا عورت بھی طلاق دے سکتی ہے؟ عورت طلاق نہیں دے سکتی۔کیونکہ طلاق عربی کا لفظ ہے اور جبھی استعمال ہوتا ہے جب کوئی مرد اسے عورت کے لئے بولتا ہے۔لیکن عورت طلاق دے سکتی ہے۔

Marfat.com

اسلام میں پانچ قسم کی طلاق ہے۔ پہلی قسم بالرضا ہے۔ جو کہ شوہر اور بیوی کے درمیان ہوتی ہے اور دونوں یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہمارے درمیان ہم آہنگی نہیں لہٰذا جدا ہو جاتے ہیں۔[ دوسری قسم یک طرفہ مرضی پر ہے جو کہ طلاق کہلاتی ہے۔ جس میں کہ اسے حق مہر ادا کرنا ہوتا ہے۔ اگر اس نے ادا نہیں کیا ہوتو اسے کرنا پڑے گا۔ تحائف سمیت جو کہ اس نے دیئے ہوئے ہے۔ تیسری قسم بیوی کی یک طرفہ مرضی پر ہے۔ اگر وہ اپنے نکاح نامے میں اس کا ذکر کرتی ہے۔ اگر وہ اپنے نکاح نامے میں (Mention) کرتی ہے کہ اسے طلاق دینے کا حق ہے تو وہ اسے دے سکتی ہے۔ یہ ''اسما'' کے طور پر جانا جاتا ہے۔ میں نے آج تک کسی کو اسما کے متعلق بولتے نہیں سنا۔ یہ اسما کہلاتا ہے یعنی کہ عورت طلاق دے سکتی ہے۔ چوتھی قسم یہ کہ اگر شوہر اسے مارتا پیٹتا ہے یا مساوی حقوق نہیں دیتا تو اسے یہ اختیار ہے کہ وہ قاضی کے پاس جائے جو کہ نکاح کو فسخ کر دے۔ یہ نکاح فسخ کہلاتا ہے۔ اس کے مطابق قاضی شوہر کو حکم دے سکتا ہے کہ وہ اسے پورا حق مہر دینے کا پابند ہے یا مہر کا کچھ حصہ۔ یہ قاضی پر منحصر ہے۔ اور آخری قسم خلع کی ہے۔ اگر شوہر بہت اچھا بھی ہے اور بیوی کو اس کے خلاف کوئی شکایت بھی نہیں لیکن اپنی ذاتی وجوہات کی بناء پر وہ شوہر کو پسند نہیں کرتی تو وہ شوہر سے درخواست کر سکتی ہے کہ وہ اسے طلاق دے دے۔ اور یہ خلع کہلاتا ہے۔ لیکن بہت کم لوگ عورت کے طلاق دینے کے متعلق بات کرتے ہیں۔ علماء نے طلاق کی پانچ اقسام رکھی ہیں۔ کچھ اسے دو اور تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں لیکن عام طریقۂ عمل پانچ طلاق کی قسموں والا بھی ہے۔ میرا خیال ہے کہ سوال کا جواب ہوا۔'' (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 360)

ڈاکٹر ذاکر نائیک ایک سوال کے جواب میں کہتے ہیں طلاق ایک ہے تین طلاق کے لیے اتنی شرائط ہیں جن کا پورا ہونا ناممکن ہے۔ سعودیہ کے تین سو فتوے موجود ہیں۔ اس لیے طلاق ایک ہے۔ آج کے حالات کے مطابق میرے نزدیک ایک ہونی چاہیے۔

☆ اگر آج کے حالات سے مراد کثرت طلاق سے بچنا مقصود ہے تو ڈاکٹر صاحب کو ایک طلاق کا بھی انکار کر دینا چاہیے۔ رہا ان کا سعودیہ کے تین سو فتووں کا دعویٰ تو ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب نے

Marfat.com

یہاں بھی غلط بیانی سے کام لیا ہے۔اس کی حقیقت سعودیہ کے نظریاتی کونسل کے تفصیلی فتویٰ میں ملاحظہ کرلی جائے :

## ☆ طلاق کی عجیب وغریب اصطلاحات

ڈاکٹر صاحب پر عجیب سودائی کی سی کیفیت طاری ہے۔پہلے فرماتے ہیں کہ عورت طلاق نہیں دے سکتی پھر فرماتے ہیں کہ عورت طلاق دے سکتی ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے طلاق کی جو قسمیں گھڑی ہیں ان کا القاء یا الہام صرف ڈاکٹر صاحب کو ہی ہوا ہے ۔قرآن وحدیث اور کسی فقہ کی کتاب میں یہ قسمیں نہیں ملتیں۔مثلاً بالرضا اور اسما۔اور نکاح فسخ کی اصطلاح پر تو ڈاکٹر صاحب کی جہالت پر بے اختیار داد دینے کو جی چاہتا ہے۔اول تو لفظ ہی سے ظاہر ہے کہ یہ نکاح کی قسم ہوگی نہ کہ طلاق کی۔علاوہ ازیں یہ نکاح کی بھی کوئی قسم نہیں۔نکاح موقت وغیرہ کا تو سب کو معلوم ہے۔لیکن نکاح فسخ شاید اکیسویں صدی کی ایجادات میں سے ایک ہے۔

پھر ڈاکٹر صاحب نے ''اسما'' نام کی اصطلاح ذکر کی ہے۔جس کو ان کے علاوہ کسی اور سے نہیں سنا گیا۔موصوف دین میں اصلاحات کے داعی تو ہیں۔اب شاید دین کی اصطلاحات کی بھی اصلاح فرمانی شروع کردی ہے۔

## ☆ تین طلاق پر درست موقف

ہم قارئین کی خدمت میں صحیح موقف تفصیل کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔

شادی ہونے کے بعد کبھی طلاق کی نوبت بھی آجاتی ہے۔مسائل معلوم نہ ہونے کی وجہ سے عموماً تین طلاقیں ہی دی جاتی ہیں اور پھر غلط بیانی کر کے غلط فتوے حاصل کیے جاتے ہیں۔نتیجتاً عمر بھر کے لئے حرام کاری میں مبتلا رہتے ہیں۔بعض کہتے ہیں کہ اس طرح کہنے سے کیا ہوتا ہے؟ ہم تو اس طرح روزانہ کہتے رہتے ہیں۔گویا یہ لوگ مستقل اس گناہ میں مبتلا ہیں۔بعض ہمدرد کہتے ہیں کہ لڑکی کو بھیج دو۔گناہ کی ذمہ داری ہم پر ہے۔کبھی اس قسم کی بات برادری کی طرف سے کہی جاتی ہے۔یاد رکھیے اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزوں کو کوئی برادری، کوئی فرد کوئی مصالحتی عدالت یا کوئی

Marfat.com

پارلیمنٹ حلال نہیں کرسکتی۔تقریر وتحریر میں طلاق کا مسئلہ شدید ضرورت کے باوجود بیان نہیں ہوتا۔ عوام خودتوان مسائل کے سیکھنے کی کوشش نہیں کرتے۔اسی وجہ سے عوام اور بعض دین دار گھرانوں میں تین طلاق کے واقعات پیش آنے کے باوجود انہیں ہضم کرلیا جاتا ہے۔اور شرعی احکام پر عمل درآمد نہیں ہو پاتا۔

یادرہے کہ عورت کی طرف سے قبول طلاق ضروری نہیں۔مرد کے طلاق دینے سے طلاق واقع ہو جائے گی۔خواہ اسے عورت قبول کرے یا نہ کرے۔طلاق نامہ وصول کیا جائے یا واپس کردیا جائے۔ (کذافی ردالمحتار جلد۲ صفحہ۴۶۵)

بہت سے جہلاء تحریری طلاق کو طلاق سمجھتے ہیں اور زبانی طلاق کو طلاق تصور نہیں کرتے۔ حالانکہ اصل طلاق زبانی ہی ہے۔تحریری طلاق زبانی طلاق کے قائم مقام ہے۔(ردالمحتار)۔

طلاق عموماً غصے میں ہی دی جاتی ہے۔اس لئے غصہ،زبردستی یا کسی کے ڈرانے دھمکانے سے زبانی طلاق دے دی تو بھی طلاق ہوجاتی ہے۔

طلاق نامہ لکھ کر اگر پھاڑ دے تب بھی وہی طلاق واقع ہوگی جو لکھی گئی تھی۔(ردالمحتار)

قصداً طلاق دی جائے یا ہنسی مذاق میں دونوں صورتوں میں طلاق واقع ہوجاتی ہے۔(کذافی الہند یہ جلد اول صفحہ۳۵۳)۔

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے جب ایسے آدمی کے بارے میں پوچھا جاتا جس نے تین طلاقیں دی ہوں تو وہ فرماتے کہ اگر ایک یا دو طلاق دی ہو تو پھر وہ حلال ہوسکتی ہے کہ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کا حکم دیا تھا۔پس اگر تین طلاقیں دی ہوں تو پھر حرام ہوجاتی ہے۔ جب تک کہ وہ دوسرے خاوند سے نکاح نہ کرلے۔(بخاری جلد۲ صفحہ۷۹۲)

حضرت عویمر عجلانی رضی اللہ عنہ کی تین طلاق کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نافذ کردیا تھا۔ (ابوداؤد جلد اول صفحہ۳۰۵۔نسائی جلد۲ صفحہ۸۳)

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میرے خاوند ابوعمروؓ بن حفص مخزومی

Marfat.com

نے مجھے تین طلاق دیں جب کہ وہ یمن جارہے تھے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نافذ کر دیا (ابن ماجہ جلد اول صفحہ ۱۴۷۔ نسائی جلد دوم صفحہ ۸۳۔ ابوداؤد جلد اول صفحہ ۳۱۹)

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے پاس بات ذکر کی گئی کہ اکٹھی تین طلاقیں دینا مکروہ ہے فرمایا حضرت حفص بن عمرو بن مغیرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو ایک کلمہ سے تین طلاق دی تھیں۔ ہمیں اس کی خبر نہیں ملی کہ اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر ناراضگی کا اظہار فرمایا ہو۔ (سنن دار قطنی جلد ۲ صفحہ ۴۲۹)

حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ حضرت علیؓ بھی تین طلاق کے واقع ہونے کا فتویٰ دیتے تھے۔ ایک آدمی حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس آیا اور کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو دو سو طلاقیں دی ہیں۔ فرمایا کہ تم کو دوسروں کی جانب سے کیا جواب دیا گیا؟ اس نے کہا کہ مجھے یہ جواب ملا کہ وہ عورت مجھ سے بائنہ ہوگئی ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ وہ لوگ صحیح کہتے ہیں (موطا امام مالکؒ جلد اول صفحہ ۵۱۱۔ فتح القدیر جلد ۳ صفحہ ۳۳۰) عن مطرف عن الحکم عن ابن عباسؓ و ابن مسعودؓ قالا فی رجل طلق امرأته ثلثا قبل ان یدخل بها لا تحل له حتی تنکح زوجاً غیره۔ (مصنف ابن ابی شیبہ جلد ۶۔ ۵ صفحہ ۲۲۔ ۲۱) یعنی حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ تین کو نافذ کرتے تھے۔

مجاہدؒ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے پاس تھا۔ ایک شخص آیا اور اس نے کہا کہ میں اپنی بیوی کو یک بارگی تین طلاق دے آیا ہوں۔ مجاہدؒ کہتے ہیں کہ ابن عباسؓ چپ رہے۔ یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ آپ رجعت کا حکم دے دیں گے۔ پھر فرمایا کہ لوگ پہلے حماقت پر سوار ہو جاتے ہیں پھر کہتے ہیں کہ اے ابن عباس! اے ابن عباس۔ بے شک خدائے پاک نے فرمایا ہے کہ جو خدا سے ڈرے اس کے لئے چھٹکارے کی صورت ہوتی ہے اور تو نے خدا کا خوف نہیں کیا۔ اس لئے تیرے واسطے کوئی خلاصی نہیں ہے تو نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور تیری عورت تجھ سے جدا ہوگئی ہے۔ اس کے بعد امام ابوداؤد نے بیان فرمایا کہ ان حضرات نے متفقہ طور پر ابن عباسؓ سے

Marfat.com

نقل کیا ہے کہ انہوں نے تین طلاق کو نافذ کر دیا۔ (ابوداؤد جلد اول صفحہ ۲۹۹۔ فتح القدیر جلد سوم صفحہ ۳۳۰۔ بدائع الصنائع ج ۳ صفحہ ۹۶۔ طحاوی ج ۲ صفحہ ۳۱۔ دار قطنی ج ۳۔ ۵ صفحہ ۴۵۱۔ ۳۰۷ سنن بیہقی ج ۷ صفحہ ۳۳۱۔)

حدثنا ابراهيم بن مرزوق الى آخر السند عن مالك بن الحارث قال جآء رجل الى ابن عباس فقال ان عمى طلق امرأته ثلثاً فقال ان عمك عصى الله فاثمه الله واطاع الشيطن فلم يجعل له مخرجاً (طحاوی ج ۲ صفحہ ۱۳۷۔ مصنف ابن ابی شیبہ ج ۵۔ صفحہ ۱۱۔ فتح القدیر ج ۲ صفحہ ۳۳۲۔ اغاثۃ اللھفان ج ۱ صفحہ ۱۴۶)۔ ایک آدمی حضرت ابن عباسؓ کے پاس آیا اور کہا کہ میرے چچا نے اپنی عورت کو دفعتاً تین طلاق دے دی ہیں۔ آپ نے فرمایا تیرے چچا نے خدا کی نافرمانی اور شیطان کی اطاعت کی۔ اور آپ نے اس کے لئے کوئی گنجائش نہیں نکالی۔

ایک شخص نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دی تھیں۔ تو حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا تین سے وہ بائنہ ہوگئی اور ستانوے کا اللہ تعالیٰ تجھ سے قیامت کے دن حساب لیں گے۔ (منصف عبدالرزاق ج ۵ صفحہ ۱۴ طحاوی ج ۲ صفحہ ۳۷)

## ☆ سعودیہ کی سپریم کونسل کا فتوی

حکومت سعودیہ مجلس البحوث العلمیہ نے ربیع الثانی ۱۳۹۳ھ میں تقریباً ۴۷ تفاسیر اور احادیث کی کتب کے حوالوں کو ذکر کر کے یہ فیصلہ دیا کہ ایک مجلس میں ایک لفظ سے دی گئی تین طلاق بھی تین ہی ہیں۔ اس مجلس میں اس وقت یہ حضرات موجود تھے۔ الشیخ عبدالعزیز بن باز۔ الشیخ عبداللہ بن حمید۔ الشیخ محمد الامین الشنقیطی۔ الشیخ سلیمان بن عبید۔ الشیخ عبداللہ خیاط۔ الشیخ محمد الحرکان۔ الشیخ ابراہیم محمد آل الشیخ۔ الشیخ عبدالرزاق عفیفی۔ الشیخ عبدالعزیز بن صالح۔ الشیخ صالح بن غصون۔ الشیخ محمد بن جبیر۔ الشیخ عبدالمجید حسن۔ الشیخ راشد بن حنین۔ الشیخ صالح بن الحیدان۔ الشیخ محمد عقیل۔ الشیخ عبداللہ بن غدیان۔ الشیخ عبداللہ بن سلیمان بن منیع اور دیگر علماء کرام۔ (بحوالہ خیر الفتاویٰ)

اب ہم ذاکر نائیک صاحب اور غیر مقلدین کی طرف آتے ہیں۔ جنہیں احادیث صحابہ

Marfat.com

اور تابعین کے آثار۔ ائمہ اربعہ کے اقوال اور جید علماء کرام کے فتاویٰ مطمئن نہ کر سکیں تو عقل کا ماتم ہی کرنا چاہیے۔

☆ غیر مقلدین کا تین طلاق کو ایک کہنے کا بڑا استدلال مسلم جلد اول صفحہ ۴۷۷ کی حضرت ابن عباسؓ کی حدیث سے ہے۔

☆ یہ روایت سند اور متن کے لحاظ سے مضطرب ہے۔ لہذا مضطرب روایت کا صحیح احادیث کے مقابلہ میں اعتبار نہ ہوگا۔ جبکہ وہ خود راوی کے فتویٰ کے خلاف ہو۔ (جو اوپر ذکر ہو چکا ہے)

☆ یہ حدیث منکر اور شاذ ہے۔ جیسا کہ ابن رجبؒ نے اپنی کتاب **مشکل الاحادیث الواردۃ فی ان الطلاق الثلاث واحدۃ** میں امام احمدؒ کے حوالہ سے لکھا ہے۔

☆ یہ روایت خلاف اجماع ہے۔

یہ جواب سعودیہ کی سپریم کونسل جس کا اوپر حوالہ دیا گیا ہے الطلاق الثلاث صفحہ ۹۷ تا ۱۴۵ میں لکھے ہیں۔

غیر مقلدین کے اپنے امام علامہ ابن حزمؒ نے کہا ہے کہ یہ نہ تو قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور نہ فعل فلا حجۃ فیہ (المحلیٰ ابن حزم ج ۱۰ صفحہ ۱۶۸)

اگر یہ تقریر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہوتی تو حضرت ابن عباسؓ اس کے خلاف کبھی فتویٰ نہ دیتے۔ ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ یہ حدیث موقوف ہے۔

اب رہا غیر مقلدین کا دوسرا دعویٰ حضرت رکانہؓ کے طلاق کا واقعہ۔ سعودیہ کی سپریم کونسل کے علماء نے اس کے بھی بخیے ادھیڑ دیئے ہیں۔ انہوں نے الطلاق الثلاث صفحہ ۱۴۹ پر لکھا ہے کہ امام ابوداؤد نے "بتہ" والی روایت کو دو وجہ سے ترجیح دی ہے۔ اول تو اس لیے کہ یہ روایت حضرت رکانہؓ کے اہل خاندان سے مروی ہے۔ وھو اعلم بہ۔

دوسرے اس لئے کہ "طلق ثلثا" والی روایات مضطرب ہیں۔ جبکہ طلاق بتہ والی روایت اضطراب سے خالی ہے۔ صحیح یہ ہے کہ حضرت رکانہؓ نے اپنی اہلیہ کو تین طلاق نہ دی تھیں بلکہ طلاق بتہ دی تھی۔

Marfat.com

طلاق بتہ میں تین کا ارادہ کرنا بھی صحیح ہے اور ایک کا بھی۔

شرح نووی علی صحیح مسلم ج اول صفحہ ۴۷۸ پر لکھا ہے کہ طلاق ثلاثہ والی روایت ضعیف ہے۔ نیز محدثین کے نزدیک اس میں محمد بن اسحاق اور اس کا شیخ مختلف فیہ ہیں۔ ابوداؤد اور علامہ ذہبی نے عکرمہ پر جرح کی ہے (میزان الاعتدال ج ۲ صفحہ ۲۰۸) چنانچہ متکلم فیہ رواۃ کی سند کا احادیث صحیحہ کے مقابلہ میں اعتبار نہ ہوگا۔ نیز یہ حدیث راوی (ابن عباسؓ) کے فتویٰ کے خلاف ہے۔ راوی کا خود اپنی روایت کے خلاف عمل کرنا اس کے نسخ کی دلیل ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت رکانہؓ کو قسمیں دے کر بار بار پوچھنا اس پر دال ہے کہ انہوں نے طلاق بتہ دی تھی۔ اگر تین کی نیت کی ہوتی تو تین ہی واقع ہو جاتیں۔ ورنہ اس سے قسم لینے کے کوئی معنی نہیں۔

جو جہلاء بعض حضرات صحابہ کرامؓ۔ تابعین عظام اور علماء ربانیین کی طرف یہ نسبت کرتے ہیں کہ تین طلاق ایک ہوتی ہیں۔ اس کا جواب سعودی سپریم کونسل نے جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے الطلاق الثلاث صفحہ ۱۴۵ پر بحوالہ تہذیب السنن دیا ہے کہ: وقال ابن العربی فی کتابہ الناسخ و المنسوخ و نقلہ عنہ ابن القیم فی تہذیب السنن قال تعالیٰ الطلاق مرتان زل قوم فی آخر الزمان فقالوا ان الطلاق الثلاث فی کلمة واحدة لا یلزم و جعلوہ واحدة و نسبوہ الی السلف الاول فحکوہ عن علیؓ والزبیرؓ و عبد الرحمنؓ بن عوف و ابن مسعودؓ ا ابن عباسؓ و عزوہ الی الحجاج بن ارطاۃ الضعیف المنزلة و ا لمغموز المرتبة ورووا فی ذلك حدیثا لیس له اصل۔ الی ان قال وما نسبوہ الی الصحابة کذب بحت لا اصل له فی کتاب ولا روایة له احد الی ان قال واما حدیث الحجاج بن ارطاۃ فغیر مقبول فی الملة ولا عند احد من الائمة۔ معلوم ہوا کہ صحابہؓ کی طرف یہ نسبت کرنا جھوٹ ہے اور کسی کتاب میں اس کا ثبوت نہیں ملتا۔ اور نہ ہی اس قسم کی کوئی روایت ان حضرات سے مروی ہے۔ اور حضرت علی۔ حضرت ابن مسعود۔ حضرت ابن عباس رضی

Marfat.com

اللہ عنہم سے تو صراحتاً صحیح روایات سے ثابت ہے کہ ایک مجلس کی تین طلاق تین ہی واقع ہوتی ہیں۔ جیسا کہ صحابہ کے آثار سے ثابت ہے اور جن تابعین کرامؒ کی طرف تین طلاق دینے سے ایک واقع ہونے کا قول منسوب ہے وہ بھی کسی اصل اور تحقیق پر مبنی نہیں ہے۔ غیر مقلدین حضرات ابوالشعثاء۔ طاوس اور عمرو بن دینار رحمہم اللہ کی طرف ایک قول کی نسبت کرتے ہیں۔ لیکن یہ قول غیر مدخولہ کے بارے میں ہے۔ وھو مذھبنا فلا اختلاف ۔

مغنی ابن قدامہ میں صراحت موجود ہے کہ یہ قول غیر مدخولہ کے بارے میں ہے اور غیر مدخولہ کو اگر جدا جدا تین طلاقیں دی جائیں تو ہمارے نزدیک بھی ایک ہی سے وہ بائنہ ہو جاتی ہے باقی دو اس پر واقع نہیں ہوتیں۔

## ☆ تین طلاق کے بعد بیوی سے تعلق

تین طلاق دینے کے بعد دوبارہ اپنی بیوی سے تعلق رکھنے پر امام زہری اور قتادہ رحمہم اللہ کا فیصلہ ملاحظہ ہو۔ مصنف عبدالرزاق میں ہے کہ اگر کسی شخص نے سفر میں اپنی بیوی کو دو گواہوں کے سامنے تین طلاقیں دے دیں اور وطن واپس آکر اس نے اپنی بیوی سے وطی کی۔ اور گواہوں نے کہا کہ وہ ہمارے سامنے تین طلاق دے چکا ہے تو امام زہریؒ اور قتادہؒ نے کہا کہ اگر شوہر یہ حلف اٹھائے کہ ان دونوں نے مجھ پر جھوٹی گواہی دی ہے تب تو سو کوڑے لگائے جائیں گے اور مرد اور عورت میں علیحدگی کر دی جائے گی اور اگر مرد نے اقرار کر لیا کہ ہاں میں نے طلاق دی ہے تو اس کو سنگسار کیا جائے گا

(مصنف عبدالرزاق جلد ۷ صفحہ ۳۳۹)

فتاویٰ عالمگیری میں ہے ولو طلقھا ثلاثا ثم راجعھا ثم وطئھا بعد مضی المدۃ یحد اجماعا ۔ یعنی اگر کسی شخص نے تین طلاقیں دیں پھر رجوع کر لیا اور عدت گزارنے کے بعد مطلقہ سے جماع کیا تو اسپر بالاجماع حد زنا جاری ہوگی۔ (فتاویٰ ہندیہ جلد ۲ صفحہ ۱۴۸)

اب تین طلاق کو ایک بنا کر رجعت کا فتویٰ دینے والوں کے بارے میں امام زہریؒ کا حکم بھی ملاحظہ فرمالیں۔ فرماتے ہیں کہ کسی نے اپنی بیوی کو تین طلاق دیں پھر کسی نے فتویٰ دیا کہ رجوع کرلے اس

Marfat.com

بناء پر اس نے مطلقہ سے وطی کر لی تو جس نے فتویٰ دیا ہے اس کو عبرت ناک سزا دی جائے گی۔ اور مرد عورت کے درمیان تفریق کر دی جائے گی۔ (مصنف عبدالرزاق جلد ۷ صفحہ ۳۴۰)

غیر مقلدین کے امام علامہ ابن حزم نے بھی اس مسئلہ پر غیر مقلدین سے اختلاف کیا ہے۔

ان کے نزدیک بھی ایک مجلس کی تین طلاق تین ہو جاتی ہیں۔ اور ان کے نزدیک بہ نیت تحلیل، نکاح کرنا بھی صحیح ہے۔ حتی ان اشترط ذلك عليه قبل العقد فهو لغو من القول ولم ينعقد النكاح الا صحيحا بريئا من كل شرط (المحلی ابن حزم ج ۱۰ صفحہ ۱۸۳)

## ☆ انسانی مصنوعی تخم ریزی

ایک پروگرام "گفتگو" میں ڈاکٹر عالیہ کے سوال کیا انسانی مصنوعی نسل کشی کی اجازت ہے؟ کے جواب میں ڈاکٹر ذاکر نائیک کہتے ہیں کہ میاں بیوی کے لیے اجازت ہے دیگر کے لیے نہیں۔

☆ ہم ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کے مبہم جواب میں حضرت مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمہ اللہ کا مختصر اور جامع جواب احسن الفتاویٰ سے نقل کر رہے ہیں۔ امید ہے طالبان حق کے لیے کافی ہوگا۔

"عورت کی شرمگاہ یا رحم میں کوئی ایسا مرض ہو جو جسمانی تکلیف و اذیت کا باعث ہو تو اس کا علاج طبیبہ (لیڈی ڈاکٹر) سے کروانا جائز ہے لیکن حصول اولاد کے طریقہ میں کسی ایسے مرض کا علاج نہیں کیا جاتا جس کی وجہ سے کسی جسمانی تکلیف میں ابتلاء ہو۔ یہ دفع مضرت بدنیہ نہیں بلکہ جلب منفعت ہے۔ اس لیے یہ عمل لیڈی ڈاکٹر سے بھی کروانا جائز نہیں۔ مرد ڈاکٹر سے کروانا انتہائی بے دینی کے علاوہ ایسی بے غیرتی و بے شرمی بھی ہے جس کے تصور سے بھی انسانیت کوسوں دور بھاگتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کو ناراض کر کے جو اولاد حاصل کی گئی وہ وبال ہی بنے گی۔ قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: وقال فى الجوهرة :اذا كان المرض فى سائر بدنها غير الفرج يجوز النظر اليه عند الدواء لانه موضع ضرورة وان كان فى موضع الفرج فيتبغى ان يعلم امرأة تداويها فان لم توجد وخافوا عليها ان تهلك او يصيبها وجع لا تحتمله يستر منها كل شىء الا موضع العلة ثم يداويها الرجل ويغض بصره ما

Marfat.com

استطاع الا عن موضع الجرح .....اھ..... فتأمل و الظاھر ان ینبغی ھنا للوجوب (ردالمحتار جلد۵ صفحہ ۲۳۷)

بعض مفتیان نے مصنوعی تخم ریزی (Artificial Incemination) کو کچھ شرائط کے ساتھ مقید کیا ہے۔ان کے نزدیک جس طرح بوجہ طبعی ضرورت عقم (Infertilty) کے لئے لیڈی ڈاکٹر سے علاج کی گنجائش ہے اسی طرح اس میں بھی گنجائش ہے۔بشرطیکہ مادہ منویہ (Sprums) اس کے خاوند سے حاصل کیا گیا ہو۔

☆ کیکڑے ویکڑے

ٹی وی پروگرام ''گفتگو'' میں ایک سوال کہ کون سی مچھلی حلال ہے اور کون سی حرام؟ کا جواب دیتے ہوئے ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں سمندر کی ہر چیز ماسوائے زہریلی کے حلال ہے۔سب مچھلیاں، کیکڑے ویکڑے سب حلال ہیں۔

☆ ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کے اس غلط اور نامکمل جواب کی تفصیل ہم قارئین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں تا کہ کسی قسم کا ابہام نہ رہے۔حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مچھلی کے سوا کوئی دریائی جانور حلال نہیں اور مچھلی کی تمام قسمیں حلال ہیں۔ماہرین حیوانات نے مچھلی کے لئے تین شرائط کا ہونا لازم قرار دیا ہے۔

۱۔ریڑھ کی ہڈی ۲۔سانس لینے کے پھیپھڑے ۳۔تیرنے کے لئے پنکھے (پر۔بازو)

ہر شخص جانتا ہے کہ ان تینوں چیزوں میں سے کوئی بھی کیکڑے میں نہیں پائی جاتی۔یہ کیڑوں میں داخل ہے نہ کہ مچھلی کی جنس ہے۔اس لئے کہ اتحاد جنس کے لیے اعضاء ظاہرہ و باطنہ میں تشابہ اور خواص و آثار میں اتحاد ضروری ہے۔اگر کسی کو کل اعضاء و خواص میں تشابہ و اتحاد کے قول میں اشکال ہو تو چند اعضاء و خواص میں تشابہ و اتحاد تو لازم ہے۔مگر یہاں کیکڑے اور مچھلی میں کسی ایک عضو اور کسی ایک خاصیت میں بھی تشابہ و اتحاد نہیں۔لفظ سمک اور ماہی ہر سمندری جانور پر بولا جاتا ہے۔اس لئے کیکڑے کو مچھلی کی جنس میں شامل نہیں کیا جا سکتا۔ و فی المنجد صفحہ ۳۵۱: السمك الحيوان

Marfat.com

من خلق الماء ای المخلوق فیه۔اس طرح ''ماہی'' ماہ بمعنی ماء کی طرف منسوب ہے یعنی پانی کی مخلوق۔یہ پانی کے ہر جانور کو شامل ہے وفی لسان العرب جلد۱۳ صفحہ۵۴۳۔ و اصل الماء ماہ۔ والواحدة ماهة و ماءة ۔ اور کیکڑے اور جھینگے وغیرہ کو احناف کسی صورت مچھلی تصور کرنے پر تیار نہیں۔ بلکہ ان کو ایسا کریہہ المنظر کیڑا سمجھتے ہیں کہ اس کے تصور ہی سے ان پر غثیان طاری ہو جاتا ہے۔اس لئے سلیم الطبع لوگ اس کو حکم قرآنی '' ویحرم علیهم الخبائث ''میں داخل سمجھتے ہیں (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو احسن الفتاویٰ جلد ۷ صفحہ۳۹۴)

لیکن ذاکر نائیک صاحب فرماتے ہیں ''کیکڑے ویکڑے سب حلال ہے''یعنی ہر طرح کے سمندری کیڑے اور حشرات بھی حلال ہیں۔قید صرف یہی لگائی ہے کہ زہریلے نہ ہوں۔اس شرط کے ساتھ سمندر کی ہر چیز حلال کر دی ہے۔چین۔کوریا وغیرہ کے لوگ سانپوں کو بھی کھا جاتے ہیں اور انہیں یہ سمندر سے بھی حاصل کرتے ہیں۔سب کو معلوم ہے کہ ان کا زہر دانتوں کے ساتھ زہر کی تھیلیوں میں ہوتا ہے، وہ اس کی گردن کو کاٹ کر باقی استعمال کرتے ہیں۔اور بظاہر اس میں زہر نہیں ہوتا۔تو کیا اس طرح سانپ کھانا بھی حلال ہو جائے گا؟۔

## ☆ کتا اور خنزیر۔ خارپشت

مقلدین اور خصوصاً احناف سے اختلاف کی خاطر غیر مقلدین نئے نئے راستے ڈھونڈتے رہتے ہیں۔چنانچہ غیر مقلدین کراہت کے باوجود اکثر چیزوں کو حلال اور پاک کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔جن کو قرآن حرام یا ناپاک کہتا ہے۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ ''(اے لوگو!) تم پر حرام کر دیا گیا مردار، خون، سور کا گوشت، (المائدہ: ۳)

چند نمونے ملاحظہ ہوں۔

☆ نواب صدیق حسن خان صاحب غیر مقلد بدور الاہلہ صفحہ ۱۶ پر لکھتے ہیں۔''وہم چنیں استدلال بر نجاست خنزیر بلفظ رجس کما ینبغی نیست''۔(اور ایسے ہی خنزیر کے ناپاک ہونے پر لفظ رجس سے

Marfat.com

استدلال کرنا مناسب نہیں ہے)۔

غیر مقلدین کے نواب صدیق حسن خان صاحب ائمہ کی تقلید کے تو خلاف ہیں لیکن غیر مسلموں کی تقلید میں بدور الاہلہ صفحہ ۱۵۔۱۶ پر لکھتے ہیں کہ ''سور'' کے ناپاک ہونے پر آیت سے استدلال کرنا صحیح نہیں اور قابل اعتبار نہیں۔ بلکہ اس کے پاک ہونے پر دال ہے۔

ناپاک نہ ہونے پر کونسی حدیث صحیحہ سے استدلال کیا گیا۔ جبکہ نجس العین ہونے پر نص قرآنی موجود ہے۔

دوسرے غیر مقلد نواب نور الحسن خان بن نواب صدیق حسن خان عرف الجادی صفحہ ۱۰ پر لکھتے ہیں۔ ''دعویٰ نجس عین بودن سگ وخنزیر وپلید بودن خمر ودم مسفوح وحیوان مردار ناتمام است''۔

(یعنی کتے اور خنزیر کے نجس العین ہونے۔ شراب اور بہنے والے خون اور مردار جانور کے پلید ہونے کا دعویٰ ناتمام ہے)۔

قرآن وحدیث سے مردار۔ خون اور خنزیر کا ناپاک ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اِلَّآ اَنْ یَّکُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ (سورۃ انعام آیت ۱۴۵)

لیکن غیر مقلدین کا کہنا ہے کہ انہیں ناپاک کہنا صحیح نہیں۔ بلکہ اس سے آگے بھی ملاحظہ فرمایئے۔

صحاح ستہ کے مترجم نواب وحید الزمان صاحب غیر مقلد اپنی کتاب نزل الابرار فی فقہ النبی المختار جلد اول صفحہ ۵۰۔۴۹ پر لکھتے ہیں۔ واختلفوا فی لعاب الکلب والخنزیر وسورهما والارجح طهارته کمامر وکذلك فی بول الکلب وخراءه والحق انه لادلیل علی النجاسة۔ (لوگوں نے کتے، خنزیر اور ان کے جوٹھے کے متعلق اختلاف کیا ہے۔ زیادہ راجح بات یہ ہے کہ ان کا جوٹھا پاک ہے جیسا کہ گذر چکا ہے اور ایسے ہی لوگوں نے کتے کے پیشاب پاخانہ کے متعلق اختلاف کیا ہے۔ حق بات یہ ہے کہ ان کے ناپاک ہونے پر کوئی دلیل نہیں ہے۔)

زبان کے چسکے کی خاطر نواب صدیق حسن خان صاحب نے بدور الاہلہ صفحہ ۳۳۳ اور نور الحسن خان غیر مقلد نے عرف الجادی صفحہ ۲۴۷ پر دریا کے تمام جانوروں زندہ ہوں یا مردہ سب کے حلال ہونے

Marfat.com

کا فتویٰ دیا ہے۔ مگر طافی (وہ مچھلی جو مر کر پانی کے اوپر آجائے) اس میں شامل نہیں۔ اسی بنا پر ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب "کیکڑے ویکڑے" (یہ ان کے اپنے الفاظ ہیں) سب حلال کر چکے ہیں۔ نامعلوم ایم بی بی ایس کی ڈگری کے باوجود وہ ایسی تمام اشیاء جو دریا یا سمندر میں پائی جاتی ہیں ان کے کھانے کو میڈیکل پوائنٹ آف ویو (نظریہ حفظان صحت) سے کیوں نہیں دیکھتے۔ دینی علوم کا ان کے پاس فقدان تو ہے ہی میڈیکل کی ڈگری کو ہی کام میں لے آئیں۔ جب تک کہیں دین کی باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کریں گے تو دین صرف انگریزی لٹریچر پڑھ کر حاصل نہیں ہوگا۔ چنانچہ نااہل کی بات کو تحقیق نہیں کہتے بلکہ یہ الحاد ہے۔ اگر اس نے اردو یا انگریزی تراجم پڑھ کر اپنا عقیدہ ضروریاتِ دین میں سے کسی کے مقابل بنالیا تو وہ پکا کافر ہے۔ اگر اردو یا انگریزی تراجم پڑھ کر ضروریاتِ اہلسنت میں سے کسی ایک بات سے بھی پھر گیا تو وہ اہل السنۃ والجماعت سے خارج ہے۔ اور اردو یا انگریزی تراجم اور خودرائی سے نااہل ہو کر مجتہد سے منازعت کی تو یہ بالکل حرام ہے۔ آیئے دیکھئے ڈاکٹر صاحب کی تحقیق کا شجرہ کہاں جاملتا ہے؟۔

غیر مقلدین کے مشہور عالم ثناء اللہ امرتسری فتاویٰ ثنائیہ جلد ۲ صفحہ ۱۰۹ پر لکھتے ہیں کہ سرطان (کیکڑا) کی حرمت مجھے کسی آیت یا حدیث میں نہیں ملی اس لئے بحکم ذرونی ما ترکتکم حلال ہے۔ پھر نامعلوم کیا خیال آیا کہ اگلے صفحہ ۱۱۰ پر لکھتے ہیں کہ بوجہ خبیث اور مضر ہونے کے سرطان (کیکڑا) کا کھانا حرام ہے۔

دیگر غیر مقلدین ان سے بھی دو ہاتھ آگے نکل گئے۔ غیر مقلدین کے نواب صدیق حسن خان بدور الاہلہ صفحہ ۳۵۱ پر اور نور الحسن خان عرف الجادی صفحہ ۲۴۳ پر فرماتے ہیں کہ سیہہ (خار پشت۔ چوہے کی طرح کا جانور جس کی پشت پر لمبے لمبے کانٹے ہوتے ہیں۔ اکثر قبرستان میں پایا جاتا ہے) کھانا جائز ہے۔ حرمت کی حدیث ثابت نہیں۔ جو غیر مقلد اسے نہ مانے تو وہ کسی حدیث صحیحہ سے اس کا خبیث ہونا ثابت کرے۔

Marfat.com

## ☆ حلت کچھوا

غیر مقلدین کا فتویٰ ''تنبیہ الغلات علی حلة السلحفات یعنی رسالہ حلت کچھوا'' جسے جماعت غرباء اہل حدیث دہلی نے متعدد علماء اہل حدیث کی تصدیقات کے ساتھ ''ضمیمہ صحیفہ اہل حدیث۔ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ'' میں شائع کیا تھا۔یہ فتویٰ انہوں نے احناف کے اس فتویٰ کے جواب میں لکھا جو غیر مقلدین کی ایک جماعت کے کچھوا کھانے کے جھگڑے پر دیا گیا۔کہ'' کچھوا کھانا حلال نہیں اور کھانے والے فاسق اور سخت گنہگار ہیں۔توبہ کریں۔ہدایہ میں ہے والسلحفاۃ من خبائث الحشرات ولھذا لایجب علی المحرم بقتله شیء.....الخ۔جب تک یہ لوگ توبہ نہ کریں ان کو برادری میں شامل نہ کریں''۔

جواب میں یہ فتویٰ جاری کیا گیا کہ'' آپ غور فرماویں کہ مفتی صاحب نے کچھوے کی عدم حلت پر کون سی آیت کلام اللہ یا کون سی حدیث رسول اللہ یا کون سا فتویٰ صحابہ کرام وتابعین عظام کا نقل کیا ہے۔بجز اس کے کہ ہدایہ میں اس طرح لکھا ہے۔کیا آج مسلمانوں کے لیے کلام اللہ وحدیث رسول اللہ کافی وافی نہیں؟ جو اس کے خلاف فقہ مروجہ کی مذہبی کتابیں جن میں رطب ویابس ''ہر چہ آید گھسیٹم بیر گٹھلی سب روا'' بھرا ہوا ہے۔پیش کی جاتی ہیں۔گویا مفتی صاحب کے نزدیک چونکہ ہدایہ میں کچھوا کھانا ممنوع ہے لہٰذا جو شخص کھائے وہ فاسق اور سخت گنہگار ہے''۔

آگے لکھتے ہیں'' یاد رکھو کہ ہدایہ کیا بلکہ فقہ کی کل کتابیں مروجہ دین اسلام کی معتبر کتابیں نہیں۔ان کے مسائل اگر قرآن مجید وصحاح ستہ کے موافق ومطابق ہوں تو قابل عمل وقبول ورنہ قابل ترک ومردود۔ اب آؤ ہم تمہیں بفضلہ تعالیٰ قرآن وحدیث سے ثبوت دیں۔ماننا نہ ماننا تمہارا کام ہے''۔پھر لکھتے ہیں'' کچھوا بلاشک وشبہ حلال ہے۔قرآن مجید میں ہے اُحِلَّ لَکُمْ صَیْدُ الْبَحْرِ یعنی دریا کا شکار تمہارے لیے حلال ہے۔اور کچھوا یقیناً دریائی جانور ہے۔حدیث مرفوع میں ہے مامن دابة فی البحر وقد ذکاھا اللہ لبنی ادم (دار قطنی) دریا کا ہر ایک جانور اللہ نے بنی آدم کے لیے حلال کر دیا ہے۔اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح بخاری میں ہے لم یر الحسن بالسلحفاۃ بأسا

Marfat.com

یعنی کچھوا حلال اور جائز ہے اس کے کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ مصنف ابن ابی شیبہ میں بھی اسی طرح موجود ہے۔.....فقط حررہ العاجز المحتاج الی ربہ والھہ ابو محمد عبدالستار ابن محی السنة قاطع الشرك والبدعة ابی محمدعبدالوھاب۔

☆اس فتویٰ پر غیر مقلدین کے تیس (۳۰) بڑے مفتیان کے تصدیقی دستخط بھی موجود ہیں۔

چند سال پیشتر دریائے راوی لاہور کے کنارے فرخ آباد میں محکمہ جنگلی حیات والوں نے چھاپہ مار کر چند آدمی گرفتار کیے۔ جو کچھوئے کے گوشت کے تکے بعض دکانوں پر سپلائی کرتے تھے۔ گرفتاری کے وقت جو کچھوا پکڑا گیا اس کا وزن ڈیڑھ من تھا۔ (یہ تفصیل اخبارات میں چھپ چکی ہے) ایسے لوگ شاید اسی طرح کے فتاوی کی وجہ سے ہر طرح کی حرام اشیاء مسلمانوں کو کھلانے پر جری ہو جاتے ہیں۔

☆ مشینی ذبیحہ

ایک پروگرام ''گفتگو'' میں مشینی ذبیحہ کے بارے میں ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں کہ اگر مشینی ذبیحہ کے وقت اللہ کا نام لیا جاتا ہے تو حلال ہے۔

☆ڈاکٹر صاحب کا نظریہ کتاب وسنت کے سراسر خلاف ہے۔ اور وہ اس مسئلہ میں لوگوں کو مطلقاً اباحیت کی طرف لے جا رہے ہیں۔ علماء نے اس مسئلہ میں جو تفصیل بیان کی ہے ہم اسے قارئین کے افادہ کے لیے بعینہ نقل کر دیتے ہیں۔

صنعتی ترقی کے اس مشینی دور میں انسان زیادہ سے زیادہ کام اپنے ہاتھ سے کرنے کی بجائے مشینوں سے لے رہا ہے۔ چنانچہ یورپ اور امریکہ میں ایسی برقی مشینیں ایجاد ہو گئی ہیں کہ بہت سے جانور اس کے نیچے کھڑے کر دیئے جاتے ہیں اور ایک مرتبہ بٹن دبانے سے ان سب کی گردنیں کٹ جاتی ہیں۔ اگر بٹن دبانے والا مسلمان ہو اور بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر بٹن دبانے سے بیک وقت چھری سب جانوروں کی گردنوں کو اوپر کی طرف سے کاٹ دے تو ذبح کے شرعی طریقہ کے خلاف اور باتفاق جمہور ناجائز اور گناہ ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی اس کا حرام ہونا منقول ہے۔ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی اس طریقہ ذبح کو ناجائز اور گناہ کہتے ہیں

Marfat.com

بحوالہ صحیح بخاری کتاب الذبائح۔ عن ابن جریج قال اخبرنی نافع ان ابن عمر نھی عن النخع یقول یقطع ما دون العظم ثم یدع حتی یموت۔(حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نخع کرنے سے منع فرماتے تھے اور فرماتے تھے کہ گردن کی آخری ہڈی جس کو نخاع کہا جاتا ہے اس کو قطع نہیں کرنا چاہیئے۔ بلکہ چار رگیں کاٹ کر چھوڑ دیں یہاں تک کہ جانور مر جائے)۔اور بدائع الصنائع میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد منقول ہے۔الا لا تنخعو الذبیحة یعنی مذبوح جانور کا سر بالکل دھڑ سے مت الگ کرو۔اور اس سے زیادہ ناجائز یہ ہے کہ گدی کی طرف سے کاٹا جائے اور سر کو دھڑ سے علیحدہ کر دیا جائے۔

بجلی کی مشینوں کے ذریعہ اوپر کی طرف سے چھری گردن پر رکھ کر گردن کاٹ دینے میں مقتضیٰ نصوص اور اصول شرعی یہ ہے کہ بسم اللہ اور ذبح کرنا دونوں متصل واقع ہوں۔تو گوشت حلال ہوگا۔پھر بھی غیر مشروع طریقہ سے ذبح کرنے کا گناہ ہوگا اور اگر تسمیہ میں زیادہ تقدیم کی تو اس زیادہ تقدیم کی وجہ سے جانور مردار قرار پائے گا۔(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو احسن الفتاویٰ جلد ۷ صفحہ ۴۶۰)۔

اب غیر مقلدین کی دی ہوئی آسانیوں پر غور کریں اور ان سے پوچھیں کہ بخاری و مسلم کی کون سی صحیح مرفوع حدیث سے یہ احکام نکالے ہیں۔

غیر مقلدین کے نواب نور الحسن خان صاحب عرف الجادی صفحہ ۲۴۹ پر لکھتے ہیں کہ اگر ذبح کرتے وقت بسم اللہ نہیں پڑھی تو کھاتے وقت بسم اللہ پڑھ لے۔اس کا کھانا جائز ہے۔

غیر مقلدین کے نواب صدیق حسن خان صاحب نے دلیل الطالب صفحہ ۴۱۳ پر اور ان کے بیٹے نواب نور الحسن خاں صاحب نے عرف الجادی صفحہ ۲۴۷ پر لکھا ہے کہ کافر کا ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے اور اس کا کھانا جائز ہے۔اس کے لیے کون سی صحیح حدیث یا قرآن کی آیت موجود ہے۔ان کے علامہ شوکانی بھی اسی کے قائل ہیں۔احناف پر الزامی سوال نہ کیے جائیں کیونکہ وہ تو مقلد ہیں۔آپ اپنے لئے حدیث تلاش کیجئے۔

Marfat.com

## ☆ موسیقی

ایک پروگرام ''گفتگو'' میں دف کے متعلق ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ دف کے میوزک کی اجازت ہے۔لیکن دوسرے میوزک میں ہم محو ہو جاتے ہیں۔موسیقی کے بارے میں دف کے علاوہ تمام منع ہیں۔

☆ڈاکٹر ذاکر نائیک جیسے ان روشن خیال حضرات نے کبھی اس پہلو پر بھی شاید غور نہیں فرمایا کہ برائیوں کے رواج عام کو ان کی سند جواز دینے کی ریت معاشرے کو کہاں سے کہاں پہنچا رہی ہے۔

تاج الدین سبکیؒ فرماتے ہیں:

اعلم بان الرقص والدف الذی سالت عنه و قلت بالا صوات

فیه خلاف للا ئمة قبلنا شرح الهداية سادة السادات

لکنه لم یات قط شریعة طلبته او جعلته فی القربات

والقائلون بحله قالو ا به کسواه من احوالنا العادات

ترجمہ:سن لیجئے (جان لیجئے) جس وجد اور دف کا مسئلہ آپ نے مجھ سے دریافت کیا ہے اس میں ہمارے متقدمین اور اکابر ائمہ کے مختلف اقوال ہیں مگر اس پر سب کا اتفاق ہے کہ شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوات والتحیہ نے کبھی اس کو عبادت اور حصول ثواب کا ذریعہ نہیں قرار دیا۔جو لوگ اس کے جواز کے قائل بھی ہیں وہ بھی اسے حصول ثواب کا ذریعہ نہیں کہتے۔بلکہ یہ فرماتے ہیں کہ جس طرح ہماری اور بھی حالتیں مباح ہیں ویسے ہی یہ ہے۔

قائلین موسیقی جو روایتیں پیش کرتے ہیں ان میں ایک وہ ہے جسے علامہ شوکانی نے اپنے رسالہ سماع میں لکھا ہے'' اخرج عبدالرزاق بسند صحیح عن ابن عمر ان داؤد یا خذ المعز فة فیضرب بها و یقرأ علیها (عبدالرزاق اپنی مسند میں سند صحیح سے عبداللہ بن عمرؓ کی روایت لکھتے ہیں کہ حضرت داؤد اپنے باجے کو بجا بجا کر اس پر تلاوت زبور کیا کرتے تھے)۔

حضرت ابن عمرؓ کی سند سے بحوالہ عبدالرزاق نقل کی گئی ہے پس اس میں تحقیقی بات یہ ہے کہ اس

Marfat.com

میں تصحیف ہوئی ہے اور روایت عبید بن عمیر ہی سے منقول ہے۔ جسے علامہ شوکانی نے اپنے رسالہ میں غلطی سے ابن عمرؓ لکھ دیا ہے۔ اسکی دلیل یہ ہے کہ یہی روایت عبدالرزاق سے حافظ ابن کثیر نے البدایہ والنہایۃ میں بھی نقل کی ہے اور اس میں ابن عمرؓ کے بجائے عبید بن عمیر لکھا ہے۔ علامہ عینی اور ابن کثیر دونوں یہ روایت ایک ہی سند سے لائے ہیں۔

محدث علامہ بدرالدین عینیؒ نے عمدۃ القاری شرح بخاری جلد ۹ صفحہ ۳۲۹ پر ایک اسرائیلی روایت درج کی ہے۔ عن عبید بن عمیر قال کان لداود علیه السلام معزفة یتغنی علیها و یبکی ویبکی (عبید بن عمیر سے روایت ہے کہ سیدنا داؤد علیہ السلام کے پاس ایک باجا تھا جس پر وہ گایا کرتے تھے اور روتے بھی تھے اور رلاتے بھی تھے) یہ روایت منقطع ہے اور عبید بن عمیر کے اپنے الفاظ ہیں نیز علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے عبید بن عمیر کو ایک قصہ گو شخص لکھا ہے (تہذیب التہذیب ج ۷ صفحہ ۷۱)

اسی طرح حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف غناء و مزامیر کا انتساب بھی یہودیوں کی اپنی خباثتوں میں سے ایک ہے۔ جبکہ حضرت داؤد علیہ السلام کو قرآن کریم ایک مقدس اور صالح پیغمبر کے روپ میں پیش کیا ہے۔ (سورۃ ص آیت ۳۰۔ سورۃ انبیاء آیت ۷۹۔ سورۃ سبا آیت ۱۰)

حقیقت یہ ہے کہ غناء و مزامیر کو حلال قرار دینے میں اور اس کے لیے مواد فراہم کرنے میں جتنا ہاتھ ابوالفضل محمد بن طاہر مقدسی متوفی ۵۰۷ھ کا ہے۔ پوری امت مسلمہ میں غالباً کسی اور کا نہیں۔ انہوں نے مستقل ایک کتاب ''السماع'' لکھی اور ایسی ایسی خرافات جمع کی ہیں جو اپنی مثال آپ ہیں ان کی یہی کتاب قائلین اباحت کا سب سے بڑا ہتھیار رہی ہے۔

علامہ ابن جوزی لکھتے ہیں کان داودی المذهب فمن اثنی علیه فلأجل حفظه للحدیث والا فلجرح اولیٰ به ..... وقال (ابو السعد ابن السمعانی) و سمعت ابا الفضل بن ناصر بقول محمد بن طاهر لا یحتج به صنف کتابا فی جواز النظر الی الأمرد ..... (المنتظم جلد ۹ صفحہ ۱۷۹) وہ مذہباً داؤد ظاہری کے پیروکار تھے جس

Marfat.com

نے ان کی تعریف کی ہے وہ ان کے حفظ حدیث کی وجہ سے کی ہے ورنہ درحقیقت ان پر جرح فوقیت رکھتی ہے.....ابوسعد ابن سمعانی کہتے ہیں کہ میں نے ابوالفضل بن ناصر سے سنا کہ ابن طاہر لائق احتجاج نہیں انہوں نے ایک کتاب بے ریش لڑکوں کی طرف دیکھنے کے جواز کو ثابت کرنے کے لیے لکھی ہے۔

(علامہ ذہبی نے ابن حجرؒ کے حوالہ سے بھی ایسا ہی لکھا ہے۔لسان المیزان ج ۵ صفحہ ۲۰۷ تا ۲۱۰)

ڈاکٹر ذاکر صاحب اب اپنے غیر مقلدین حضرات کی تضاد بیانیاں بھی ملاحظہ کرتے چلیں۔

مترجم صحاح ستہ علامہ وحید الزمان صاحب غیر مقلد اسرار اللغۃ پارہ ہشتم صفحہ ۸۶ پر لکھتے ہیں کہ اسی طرح گانا اور بجانا تفریح طبع کے لیے مختلف فیہ ہے اور عید اور شادی اور خوشی کی رسموں میں بقول راجح جائز بلکہ مستحب ہے۔جبکہ نواب صدیق حسن صاحب غیر مقلد بدور الاہلہ صفحہ ۵۱۳ پر مزامیر کو حرام کہتے ہیں۔علامہ ابن تیمیہ اور علامہ ابن قیم بھی یہی کہتے ہیں لیکن باقی غیر مقلد کس کی بات مانیں۔ بلکہ علامہ وحید الزمان صاحب نے ہدیۃ المہدی صفحہ ۱۸ پر لکھا ہے کہ گانے اور مزامیر سے لوگوں کو منع نہیں کرنا چاہیے۔علامہ وحید الزمان صاحب غیر مقلد نزل الابرار صفحہ ۳ جلد ۲ پر لکھتے ہیں۔"نکاح میں بینڈ باجے بجوانے زمانے کے دستور کے مطابق مستحب ہیں اور دف بجانا واجب ہے"۔

اب ڈاکٹر صاحب غور فرمائیں کہ دف سے چلتے ہوئے ان کے بڑے غیر مقلدین کہاں جا پہنچے۔

## ☆ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ایک پروگرام "گفتگو" میں ایک سوال کہ کیا حضور انتقال فرما گئے ہیں یا زندہ ہیں جیسے شہید زندہ ہیں؟ ذاکر نائیک صاحب جواب میں کہتے ہیں کہ شہید دنیا میں زندہ نہیں بلکہ آخرت میں زندہ ہیں۔جسمانی لحاظ سے حضور وفات پا چکے ہیں اور زندہ نہیں ہیں۔

☆ اس سے پہلے کہ ہم ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب اور دیگر مماتی حضرات کا رد کریں اس فتنہ کی ابتدا پر کچھ روشنی ڈالنا بہتر سمجھتے ہیں۔

سلطان طغرل بیگ سلجوقی کے دور میں عقائد اعتزال اور رفض رکھنے والا بیکندی نامی شخص اس کی حکومت

Marfat.com

میں وزیر بن گیا۔ یہ اصلاً نیشاپور کا رہنے والا تھا۔ 445ھ میں اس نے عقیدہ متعارف کروایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جسد اطہر روضہ اقدس میں محض بے حس و بے شعور ہے۔ اور اب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حقیقۃً رسول نہیں رہے۔ معاذ اللہ اس نے نہ صرف یہ بلکہ اس نظریہ کو امام ابوالحسن اشعریؒ کی طرف منسوب کر دیا۔ اقتدار کی سیڑھی استعمال کر کے اس نے ان خیالات کو خوب پھیلایا۔ عقیدہ انکار حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم عند القبر اور انعزال نبوت (کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وفات کے بعد اب حقیقۃً رسول نہیں رہے معاذ اللہ) دوش بدوش چلنے لگے۔ کتاب وسنت کی بہت سی تصریحات بنائے فاسد علی الفاسد کی لپیٹ میں نذر تاویلات ہوتی گئیں۔ لیکن اہل حق بھی اس کے ابطال کی طرف متوجہ رہے۔ اکابر اہلسنت (احناف۔ شوافع۔ مالکیہ۔ حنابلہ) نے ان نظریات پر نکیر کی۔ امام اہلسنت امام ابوالحسن اشعریؒ پر باندھے گئے الزامات کی دلائل کے ساتھ تردید کی۔ اس وقت امام حدیث احمد بن الحسین بیہقیؒ متوفی 458ھ اور امام ابوالقاسم عبد الکریم بن ہوازن القشیریؒ نے فرقہ کرامیہ کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ یہ سارے مفاسد اسی بنیاد پر قائم کئے جا رہے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اب اپنی قبر اقدس میں محض بے جان ہیں۔ علامہ قشیری نے لکھا ہے کہ حجاج بن یوسف جب مدینہ آیا تو زائرین حرم اطہر کے گرد جمع ہو رہے تھے تو اس نے کہا کہ تم لوگ لکڑیوں اور گلی سڑی ہڈیوں کا طواف کر رہے ہو۔ اس پر علماء نے اس پر کفر کا فتویٰ لگایا۔

امام بیہقیؒ نے رسالہ حیات الانبیاء اور علامہ قشیریؒ نے "شکایۃ اھل السنۃ بما نالھم لمنحۃ" لکھ کر مسئلہ حیات النبی کا دفاع کیا۔ حافظ ابن عساکر نے کتاب تبین کذب المفتری میں اور طبقات الشافعیہ میں امام ابوالحسن اشعریؒ کے عنوان سے لکھا ہے کہ۔

"اگر کہا جائے کہ جب اس مسئلہ کی کوئی اصل نہیں تو پھر یہ کہاں سے آ گیا۔ تو جواب میں کہا جائے گا کہ بعض کرامیہ نے اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو آگ سے بھرے اور میرا بھی یہی گمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بھر دیا ہوگا۔ سب سے پہلے یہ مسئلہ گھڑا تھا"۔ (طبقات الشافعیہ جلد 2 صفحہ نمبر 282)

علامہ سبکیؒ آگے لکھتے ہیں لان عندنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حی یحس و

Marfat.com

یعلم و تعرض علیه اعمال الامة ویبلغ الصلوة والسلام علی ما بینا۔(طبقات الشافعیہ جلد2 صفحہ نمبر282) کیونکہ ہمارے نزدیک حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں اور آپ کی یہ حیات حسی ہے اور آپ علم رکھتے ہیں اور امت کے اعمال آپ پر پیش کئے جاتے ہیں اور آپ کو صلوۃ وسلام جیسا کہ ہم نے بیان کیا پہنچایا جاتا ہے۔

علامہ سبکیؒ نے اسی طبقات الشافعیہ جلد6 صفحہ نمبر266 پر اپنا عقیدہ یوں بیان کیا ہے۔ ان عقائدنا ان الا نبیاء علیهم السلام احیاء فی قبور هم فاین الموت الی ان قال و صنف البیهقی جزء ا فی حیاة الا نبیاء فی قبورهم و اشتد نکیر الا شاعرة علی من نسب هذا القول الی الشیخ۔ (ہمارے عقائد میں سے ہے کہ انبیاء کرام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں ۔پس وہاں موت کہاں۔ امام بیہقی (458ھ) نے ایک مستقل جزو اس پر تصنیف کیا ہے جو انبیاء کرام کے قبروں میں زندہ ہونے کے بارے میں ہے۔ اور جن لوگوں نے حضرت الشیخ ابوالحسن الاشعری کی طرف انبیاء کے قبروں میں مردہ ہونے کا قول منسوب کیا ہے اشاعرہ نے بڑی سختی سے اس پر نکیر کی ہے)۔

علامہ قشیریؒ اپنی کتاب شکایت السنۃ ورسائل قشیرہ صفحہ نمبر10 پر لکھتے ہیں فاما ما حکی عنه (ای الا شعری) و عن اصحابه انهم یقولون ان محمدا صلی الله علیه واله وسلم لیس نبی فی قبره ولا رسول بعد موته فبهتان عظیم و کذب محض لم ینطق احد منهم ولا یسمع فی مجلس مناظرة ذلك عنهم ولا وجد فی کتاب لهم و کیف یصح ذلك وعندهم محمد صلی الله علیه واله وسلم حی فی قبره۔ "ہاں جو امام ابوالحسن اشعری اور دوسرے اشاعرہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے کہ ان کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنی وفات شریفہ کے بعد اپنی قبر شریف میں نبی و رسول نہیں رہے یہ محض جھوٹ اور بہتان عظیم ہے۔ اشاعرہ میں سے کسی نے نہیں کہا۔ نہ ان سے کسی مجلس مناظرہ میں ایسی بات سنی گئی نہ ان کی کسی کتاب میں یہ مضمون ملا ہے اور ان کا یہ عقیدہ کیسے ہو سکتا ہے جب کہ ان کے ہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

اپنے روضہ اطہر میں زندہ ہیں" (طبقات الشافعیہ جلد2 صفحہ نمبر 279)

علامہ ابن عابدین شامیؒ رد المحتار جلد3 باب المغنم صفحہ 366 پر لکھتے ہیں "تحقیق یہی ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں" بلکہ رسائل ابن عابدین جلد2 صفحہ نمبر203 پر مزید صراحت موجود ہے۔ ان الا نبیاء احیاء فی قبورھم کما ورد فی الحدیث۔ منکرین حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد عنصری کو وصف نبوت و رسالت سے موصوف نہیں سمجھتے بلکہ یہ کہتے ہیں کہ رسالت و نبوت در اصل صفت ارواح ہے۔ حالانکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات بعد از وصال بھی حقیقۃً رسول اور نبی ہے چنانچہ جب نبوت و رسالت کی صفت بعد از وفات روح اور جسد عنصری دونوں کے لیے ثابت ہے تو حیات بعد از وفات بھی روح اور جسد دونوں کے لیے ثابت ہونی چاہیے۔ اور جو شخص روح اور جسد عنصری کے مجموعہ کو قبل الوفات اور بعد الوفات اللہ کا نبی اور رسول مانتا ہے۔ اسے جسد عنصری کی حیات بھی ماننی چاہیے۔ اگر کہا جائے کہ نبی اور رسول ہونا روح کے ساتھ خاص ہے نہ کہ جسم کے ساتھ تو کسی بھی صحابی کو صحابی کہنا مشکل ہوگا۔ کیونکہ صحابی کی تعریف یہ ہے کہ جس نے ایمان کے ساتھ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہو اور آخری دم تک ایمان پر قائم رہا ہو۔ پس تمام صحابہ کرامؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کی زیارت اس طرح کی کہ انہوں نے آپ کے جسد عنصری کو دیکھا جب کہ روح مبارک اس میں موجود تھی۔ زیارت کی اس صورت سے وہ لوگ صحابی بنے۔ اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد عنصری کو اللہ کا رسول نہ مانا جائے۔ بلکہ روح کو مانا جائے تو جس کی صحابہ نے زیارت کی وہ جسد عنصری تھا۔ تو ان حضرات کو صحابی کہنا کیسے درست ہوگا۔ کیونکہ جس کو انہوں نے دیکھا وہ رسول نہیں اور جو رسول ہے یعنی روح اس کو انہوں نے دیکھا نہیں۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو الحیات بعد الوفات از مولانا نور محمد تونسوی مدظلہ ناشر انجمن خدام الاسلام باغبانپورہ لاہور نیز ملاحظہ ہو خیر الفتاویٰ جلد اول)

سورۃ سبا پارہ ۲۲ کی آیت فلما قضینا علیہ الموت ما دلھم علی موتہ الا دآبۃ الارض

Marfat.com

تاکل منسأ ته ۔حیات الانبیاء کا عقیدہ ثابت کرنے کے لیے بطور دلالۃ النص ہے ۔اس لئے کہ جب کیڑوں نے مضبوط اور سخت ترین عصاء سلیمانی کو کھالیا تو جسد عنصری کا کھالینا اس سے کہیں سہل تھا۔اس کے باوجود جسم کا کھڑا رہنا بلکہ محفوظ رہنا حیات کی صریح دلیل ہے۔علامہ ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں ان حیاته صلی علیه وسلم فی القبر لا یعقبها موت بل یستهرّ حیا وا لا نبیاء احیاء فی قبورهم (فتح الباری جلد 17 صفحہ 22 ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبار ک میں زندگی ایسی ہے کہ جس پر موت پھر وارد نہیں ہوگی بلکہ آپ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔کیونکہ حضرات انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔

حضرت انس بن مالکؓ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا الا نبیاء احیاء فی قبور هم یصلون (شفاء السقام صفحہ نمبر134۔حیات الانبیاء للبیهقی) انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں۔

علامہ تقی الدین سبکیؒ اس حدیث کی سند نقل کر کے اس کے رواۃ کی توثیق کرتے ہیں اور اس کو صحیح قرار دیتے ہوئے استدلال کرتے ہیں۔یہ روایت بغیر سند خصائص الکبریٰ صفحہ 281 میں اور مسند ابو یعلیٰ کے پہلے راوی کے علاوہ بقیہ راویوں کے ساتھ فتح الباری میں مذکور ہے۔علامہ ابن حجر عسقلانیؒ کہتے ہیں و صححه البیهقی (فتح الباری جلد6 صفحہ نمبر352۔فتح الملهم جلد اول صفحہ نمبر329)

علامہ ہیثمیؒ کہتے ہیں رجال ابی یعلیٰ ثقات (مجمع الزوائد صفحہ نمبر211 جلد ہشتم)

ابو یعلیٰ کے تمام راوی ثقہ ہیں۔علامہ عزیزی لکھتے ہیں وهو حدیث صحیح۔یہ حدیث صحیح ہے (السراج المنیر جلد دوم صفحہ نمبر134) ملا علی قاریؒ لکھتے ہیں صح خبر الا نبیاء احیاء فی قبورهم (مرقاۃ جلد دوم 212) الانبیاء احیاء فی قبور هم والی حدیث صحیح ہے۔

علامہ عبدالرؤف مناوی لکھتے ہیں هذا حدیث صحیح (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر جلد سوم صفحہ نمبر184) یہ حدیث صحیح ہے۔

Marfat.com

غیر مقلدین جنہیں بہت اہمیت دیتے ہیں ان میں علامہ شوکانی کا نام سرفہرست ہے۔وہ اپنی کتاب الذاکرین شرح حصن حصین صفحہ نمبر 28 پر لکھتے ہیں انه صلى الله عليه وسلم حی فی قبره وروحه لا تفارقه لما صح ان ا لا نبياء احياء في قبورهم ۔رواه المنذری و صححه البيهقی (بلاشبہ حدیث سے ثابت ہو چکا ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔علامہ منذریؒ نے یہ روایت بیان کی ہے اور امام بیہقیؒ نے اسکی تصحیح کی ہے)۔

علامہ سید سمہودیؒ لکھتے ہیں رواه ابو يعلىٰ بر جال ثقات ورواه البيهقی اس کو ابو یعلیٰ نے ثقہ راویوں سے روایت کیا ہے اور امام بیہقیؒ نے اس کو (صحیح سند سے) روایت کیا ہے۔

غیر مقلدین ۔مماتی حضرات اور ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کے مطالبہ کے مطابق اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں اور جمہور محدثین اس کی تصحیح کرتے ہیں۔کسی حدیث کے صحیح ہونے کے لیے اصول حدیث میں اس سے زیادہ قوی دلیل اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کے سب راوی ثقہ ہوں اور جمہور محدثین کرام اس کی تصحیح پر متفق ہوں۔

اسی طرح الشیخ عبداللہ بن محمد بن عبدالوہاب نے اتحاف النبلاء صفحہ 415 میں۔مولانا سید نذیر حسین دہلوی نے ضمیمہ فتاویٰ نذیریہ جلد دوم صفحہ 55 پر۔مولانا شمس الحق عظیم آبادی نے عون المعبود جلد ا صفحہ نمبر 406 پر حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کا اپنی قبروں میں زندہ ہونا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات عند القبر کا اقرار کیا ہے۔یہ حضرات اصحاب ظواہر سے ہیں اور کسی کی تقلید کے قائل نہیں۔

اب بھی اس مسئلہ پر اجماع امت کا اطلاق ہوتا ہے یا نہیں؟۔

## ☆حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اور گنہگار مسلمان

پروگرام گفتگو کے میزبان کہتے ہیں کہ کوئی غیر مسلم ایمان دار لوگوں کا خیال رکھنے والا کیا وہ جنت میں نہیں جا سکتا؟۔مسلمان ہونا اور سارے برے کام کر کے اس کے چانسز ہیں اور غیر مسلم کے نہیں ہیں۔اس بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟۔

Marfat.com

ڈاکٹر ذاکر صاحب جواب میں کہتے ہیں ''اس بارے میں کہ کوئی بھی شخص جو اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہے جنت میں جائے گا بالکل غلط ہے''۔

میزبان صاحب دوبارہ کہتے ہیں کہ آخرکار (سزا بھگت کر) چلا جائے گا؟۔

جواب میں ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں ''کوئی بھی قرآن کی لفظ نہیں (یہ ڈاکٹر صاحب کی گرائمر ہے)۔ نہ حدیث میں ہے۔قرآن میں لکھا ہے سورۃ العصر کہ چار چیزیں ہونا شرط ہیں۔ایمان۔نیک عمل۔ حق کی تلقین اور صبر کی تلقین۔ایمان ضروری ہے۔

☆ڈاکٹر صاحب نے سائل کے سوال کا درست جواب نہیں دیا۔جنت ان لوگوں کے لئے بطور انعام ہے جو اللہ کے نبیوں پر ایمان لائے اور ان کے بتائے ہوئے طریقہ پر چلے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کے بعد پہلے انبیاء کی شریعتیں منسوخ ہوگئیں۔چنانچہ اب اگر کوئی غیر مسلم بھلائی کے کام کرتا ہو لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ لانے کی وجہ سے جنت کا حقدار نہ ہوگا۔اللہ تبارک وتعالیٰ اس کی بھلائی کا بدلہ اسے دنیا میں آسائش اور نیک نامی کے ذریعہ دے دیتا ہے۔اور جو مسلمان حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا لیکن اپنی کوتاہیوں کی وجہ سے جہنم میں چلا گیا تو آخرکار سزا بھگت کر اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے جنت میں چلا جائے گا۔

ڈاکٹر صاحب نے سورۃ العصر کا حوالہ بھی غلط موقع پر دیا ہے۔اور اس پر ڈھٹائی یہ کہ فرماتے ہیں کہ قرآن وحدیث میں اس کا ذکر نہیں حالانکہ ڈاکٹر صاحب کی رائے کے برعکس محدثین ومفسرین کی رائے یہ ہے کہ مسلمان آخرکار سزا بھگت کر اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے جنت میں چلا جائے گا۔ملاحظہ ہو۔

تفسیر ابن کثیر میں آیت ''رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَو كَانُوا مُسلِمِينَ'' کے تحت لکھا ہے کہ''

وقال ابن جرير: حدثنا المثنى حدثنا مسلم حدثنا القاسم حدثنا ابن أبى فَروة العَبدى؛ ان ابن عباس وأنس بن مالك كانا يتاولان هذه الآية: رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ يتاولانها: يوم يحبس الله أهل الخطايا من المسلمين مع

Marfat.com

المشرکین فی النار۔ قال:فیقول لهم المشرکون:ما أغنی عنکم ما کنتم تعبدون فی الدنیا۔ قال:فیغضب الله لهم بفضل رحمته فیخرجهم فذلك حین یقول: رُبَمَا یَوَدُّ الَّذِینَ کَفَرُوا لَو کَانُوا مُسلِمِینَ "۔

نیز تفسیر فتح القدیر میں آیت "رُبَمَا یَوَدُّ الَّذِینَ کَفَرُوا لَو کَانُوا مُسلِمِینَ" کے تحت لکھا ہے کہ

"وقیل :عند خروج عصاة الموحدین من النار"۔

اب حدیث کا حوالہ بھی ملاحظہ کرلیں اور ڈاکٹر صاحب کے مسلمانوں کے ساتھ سوءظن پر غور فرمائیں۔جامع الترمذی۔کتاب الایمان میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللَّهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ سَیَخرُجُ قَومٌ مِن النَّارِ مِن أَهلِ التَّوحِیدِ وَیَدخُلُونَ الجَنَّةَ هَکَذَا رُوِیَ عَن سَعِیدِ بنِ جُبَیرٍ وَإِبرَاهِیمَ النَّخَعِیِّ وَغَیرِ وَاحِدٍ مِن التَّابِعِینَ فِی تَفسِیرِ هَذِهِ الآیَةِ

رُبَمَا یَوَدُّ الَّذِینَ کَفَرُوا لَو کَانُوا مُسلِمِینَ

قَالُوا إِذَا أُخرِجَ أَهلُ التَّوحِیدِ مِن النَّارِ وَأُدخِلُوا الجَنَّةَ وَدَّ الَّذِینَ کَفَرُوا لَو کَانُوا مُسلِمِینَ۔

نیز جامع الترمذی۔کتاب صفت جہنم میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "یخرج من النار من کان فی قلبه مثقال ذرة من الایمان"۔وہ آدمی بھی جہنم سے نکالا جائے گا جس کے دل میں ذرہ بھر ایمان ہوگا۔

مسند احمد میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ "أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللَّهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَیَخرُجُ مِن النَّارِ مَن قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَکَانَ فِی قَلبِهِ مِن الخَیرِ مَا یَزِنُ شَعِیرَةً ثُمَّ یَخرُجُ مِن النَّارِ مَن قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَکَانَ فِی قَلبِهِ مِن الخَیرِ مَا یَزِنُ بُرَّةً ثُمَّ یَخرُجُ مِن النَّارِ مَن قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَکَانَ فِی قَلبِهِ مِن الخَیرِ مَا یَزِنُ ذَرَّةً"۔

مسند احمد میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ایک اور روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

Marfat.com

''شفاعتی لأهل الکبائر من امتی''۔میری شفاعت میری امت میں کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے ہوگی۔یہی مضمون ابوداؤد۔ترمذی۔ابن حبان اور مستدرک حاکم میں موجود ہے۔

مسند احمد۔جلد۳۔صفحہ۳۰۸ کی ایک اور حدیث ملاحظہ کیجئے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یخرج الله قوما من النار فیدخلهم الجنة۔ اللہ ایک گروہ کو آگ سے نکال کر ان کو جنت میں داخل کرے گا۔

حافظ قرآن کی فضیلت میں یہ بھی ہے کہ وہ (سات یا دس) ایسے لوگوں کو جنت میں لے جانے کو سبب بنے گا جن کے لئے جہنم واجب ہو چکی ہوگی۔

اس کے علاوہ چند ماہ کے حمل کا اسقاط یعنی ادھورا بچہ بھی جنت میں لے جانے کا ذریعہ ہوگا۔حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ ادھورا گرا ہوا بچہ (بھی) اپنے رب سے جھگڑا کرے گا جب اس کے والدین دوزخ میں داخل کر دیئے گئے ہوں گے۔اس بچہ سے کہا جائے گا کہ اے ادھورے بچے؛ جو اپنے رب سے جھگڑ رہا ہے اپنے ماں باپ کو جنت میں داخل کر دے۔لہذا وہ اپنے ناف کے ذریعہ کھینچتا ہوا ان کو جنت میں داخل کر دے گا۔(ابن ماجہ)

درحقیقت ڈاکٹر صاحب نے اس مسئلہ میں اہل سنت کا مذہب چھوڑ کر معتزلہ کا مذہب اختیار کیا ہوا ہے۔معتزلہ کا کہنا ہے کہ جس شخص نے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کیا اور توبہ کیے بغیر مر گیا تو وہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔جنت میں نہ جا سکے گا۔

جبکہ اہل السنۃ والجماعت کا مذہب یہ ہے کہ جو شخص ایمان کی حالت میں مرا ہے وہ خواہ کتنا ہی گنہگار کیوں نہ ہو ایک نہ ایک دن سزا بھگت کر جنت میں ضرور چلا جائے گا۔

بیسیوں احادیث میں یہ مضمون بیان ہوا ہے۔تمام علماء اہل سنت نے یہی اصول اپنی کتابوں میں ذکر کیا ہے۔لیکن ڈاکٹر صاحب جو علم حدیث کی ابجد سے بھی واقف نہیں ان احادیث اور اقوال سلف کی مخالفت کر کے اہلحدیث ہونے کے مدعی ہیں۔

امام مسلمؒ جن کی کتاب مسلم شریف پر عمل کرنے کی خود ڈاکٹر صاحب تلقین کر رہے ہیں انہوں نے

Marfat.com

صحیح مسلم۔کتاب الایمان میں اس بات پر باب قائم کیا ہے کہ جو شخص توحید پر مرا ہے وہ جنت میں ضرور داخل ہوگا۔

اس باب میں امام مسلمؒ نے ایک حدیث ''من مات وھویعلم انه لااله الاالله دخل الجنة'' ذکر کی ہے۔اس کی شرح میں امام نوویؒ فرماتے ہیں:

واعلم ان مذهب اهل السنةوالجماعةوماعليه اهل الحق من السلف والخلف ان من مات موحداادخل الجنةقطعاعلى كل حال فان كان سالمامن المعاصى كالصغيروالمجنون الذى اتصل جنونه بالبلوغ والتائب توبةصحيحة من الشرك اوغيره من المعاصى اذالم يحدث معصيةبعدتوبته والموفق الذى لم يبتل بمعصيته اصلافكل هذاالصنف يدخلون الجنةولايدخلون الناراصلا .....

واما من كانت له معصية كبيرةومات من غيرتوبةفهوفى مشية الله تعالىٰ فان شاء عفاعنه وادخله الجنة اولاوجعله كالقسم الاول وان شاء عذبه بالقدرالذى يريده سبحانه ثم يدخله الجنةفلايخلدفى النار احدمات على التوحيد ولوعمل من المعاصى ماعمل كمااانه لايدخل الجنةاحدمات على الكفرولوعمل من اعمال البرماعمل۔

ترجمہ: ''جان لو کہ اہل السنۃ والجماعۃ اور اہل حق اسلاف اور اخلاف کا مذہب یہ ہے کہ جو شخص توحید کے عقیدے پر مرا وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا۔اگر تو وہ گناہوں سے بالکل پاک ہو مثلاً نابالغ بچہ۔ایسا مجنون جسے بلوغ کے بعد سے مسلسل جنون لاحق ہو۔شرک اور دیگر گناہوں سے توبہ کرنے والا جس نے توبہ کر کے پھر گناہ نہ کیا ہو۔اور وہ شخص جس نے کبھی گناہ کیا ہی نہ ہو۔اس طرح کے تمام لوگ جنت میں جائیں گے اور آگ میں بالکل داخل نہ ہوں گے۔اور وہ شخص جس نے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کیا ہو اور بغیر توبہ کیے مر گیا ہو تو وہ اللہ کی مرضی پر موقوف ہے۔پس اگر اللہ چاہے گا تو اسے معاف کر دے گا اور پہلی قسم کے لوگوں کی طرح شروع سے ہی جنت میں داخل کر دے

Marfat.com

گا اور اگر چاہے گا تو جتنا چاہے عذاب دے گا پھر اسے جنت میں داخل کر دے گا۔ کوئی ایسا شخص جہنم میں ہمیشہ نہیں رہے گا جو توحید پر مرا ہو اگر چہ اس نے جتنے بھی گناہ کیے ہوں۔ جیسا کہ وہ شخص جو کفر پر مرا ہو وہ کبھی جنت میں داخل نہیں ہوگا اگر چہ اس نے جتنے بھی اچھے عمل کیے ہوں"۔

صحیح مسلم جلد اول صفحہ ۱۰۷ پر حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یقول ان اللہ یخرج ناسا من النار فیدخلھم الجنۃ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آگ سے (کئی) لوگوں کو نکالے گا اور جنت میں داخل کرے گا۔

مسلم شریف جلد اول صفحہ ۱۴۱ پر امام نوویؒ نے شرح میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ذکر کی ہے جس کا متن یہ ہے۔ لایلقی اللہ بھما عبد غیر شاك فیھما الا دخل الجنۃ وان زنا وان سرق۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں شہادتوں (یعنی لا الہ الا اللہ اور محمد رسول اللہ) کے ساتھ کسی ایسے بندے کو جو ان میں شک نہ رکھتا ہو جنت کے سوا اور کہیں نہیں ڈالے گا۔ اگر چہ اس نے زنا کیا ہو اور اگر چہ اس نے چوری کی ہو۔

☆ وسیلہ

ایک پروگرام "گفتگو" میں کسی نے سوال کیا کہ بخاری شریف میں ہے کہ قحط پڑا تو لوگوں نے حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کو لے جا کر وسیلہ دیا اور کہا کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے تو ہم ان کا وسیلہ دیتے تھے۔ جواب میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں قرآن و صحیح حدیث میں وسیلہ کرنے کا ذکر نہیں ہے۔ البتہ قیامت کے روز اللہ کے حکم سے سفارش کریں گے جس کو اللہ اجازت دے گا۔

☆ افسوس ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب نے سائل کے سوال کا جواب دینے کی بجائے حدیث سے وسیلہ کا ہی انکار کر دیا۔ چونکہ سائل نے ان کے مطابق بخاری شریف کا حوالہ دیا ہے۔ اور ذاکر نائیک صاحب اکثر جگہ یہ کہہ چکے ہیں کہ بخاری و مسلم کی تمام حدیثیں صحیح ہیں۔ اب ان سے تاویل نہیں ہو رہی۔ اس لیے بات کا رخ موڑ کر دوسری طرف لے گئے اور مختصر سا جواب دے کر بات گول کر دی۔ اب ہم قارئین کی خدمت میں توسل یا وسیلہ کا مسئلہ تفصیلی طور پر بیان کرتے ہیں۔ اس کے

Marfat.com

بعد غیر مقلدین کی بے اعتدالیاں بھی نقل کریں گے۔

توسل کی حقیقت کو حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ انفاس عیسیٰ صفحہ ۱۸ پر یوں بیان کرتے ہیں جس کا خلاصہ ہے کہ کسی شخص کی اللہ کے نزدیک جو عزت ہوتی ہے۔ اللہ کی رحمت اسی قدر و منزلت کے مطابق اس شخص پر متوجہ ہوتی ہے۔ چنانچہ توسل کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اے اللہ جتنی رحمت اس پر متوجہ ہے اور جتنا قرب اس کا آپ کے نزدیک ہے۔ اس کی برکت سے مجھ کو فلاں چیز عطا فرما دیجئے۔ کیونکہ اس شخص سے تعلق ہے۔ اسی طرح اعمال صالح کا توسل حدیث سے ثابت ہے۔ اس کے بھی یہی معنی ہیں کہ اس عمل کی جو قدر اور وقعت اللہ کے نزدیک ہے اور ہم نے وہ عمل کیا ہے۔ اے اللہ اس عمل کی برکت سے ہم پر رحمت فرما۔

نشر الطیب ص ۲۴۸ پر توسل فی الدعا کی تعریف یہ لکھی ہے کہ اے اللہ فلاں بندہ آپ کا مورد رحمت ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں۔ پس ہم پر بھی رحمت فرما۔ انفاس عیسیٰ ص ۱۴۱ پر حضرت تھانویؒ مزید آسان پیرایہ میں لکھتے ہیں۔ توسل کی حقیقت یہ ہے کہ اے اللہ فلاں شخص میرے نزدیک آپ کا مقبول ہے اور مقبولین سے محبت رکھنے پر آپ کا وعدہ محبت ہے المرء مع من احب..... پس میں آپ سے اس رحمت کو مانگتا ہوں۔ پس توسل میں یہ شخص اپنی محبت کو اولیاء اللہ کے ساتھ ظاہر کر کے اس محبت پر رحمت و ثواب مانگتا ہے اور محبت اولیاء کا موجب رحمت و ثواب ہونا نصوص سے ثابت ہے۔

علماء دیوبند کا متفقہ فتویٰ المہند علی المفند صفحہ ۱۳-۱۲ پر موجود ہے۔ عندنا و عند مشائخنا یجوز التوسل فی الدعوات بالا نبیاء و الصالحین من الا و لیاء و الشهداء والصدیقین فی حیٰوتهم وبعد وفاتهم بان یقول فی دعائه ..... اللهم انی اتوسل الیك بفلان ان تجیب دعوتی و تقضی حاجتی الی غیر ذلك كما صرح به شیخنا و مولانا الشاه محمد اسحٰق الدهلوی ثم المهاجر المكی ثم یبینه فی فتا واه شیخنا و مولانا رشید احمد الگنگوهی رحمة الله علیهما۔ وفی هذ الزمان شائعة مستفیضة بایدی الناس و هذا المسئلة مذكوره علی صفحة (۹۳) من الجلد الاول منها

Marfat.com

فلیراجع الیھا من شاء (ہمارے نزدیک اور ہمارے مشائخ کے نزدیک دعاؤں میں انبیاء وصلحاء اور اولیاء وشہداء وصدیقین کا توسل جائز ہے۔ان کے حیات میں بھی اور بعد وفات کے بھی باین طور کہ کہے..... یااللہ میں بوسیلہ فلاں بزرگ کے تجھ سے دعاء کی قبولیت اور حاجت براری چاہتا ہوں اس جیسے اور کلمات کہے۔ چنانچہ اس کی تصریح فرمائی ہے۔ ہمارے شیخ مولانا شاہ محمد اسحٰق دہلوی ثم المکی نے پھر مولانا رشید احمد گنگوہی نے بھی اپنے فتاویٰ میں اس کو بیان فرمایا ہے جو چھپا ہوا (طبع شدہ) آجکل لوگوں کے ہاتھوں میں موجود ہے اور یہ مسئلہ اس کی پہلے جلد کے صفحہ (۹۳) پر مذکور ہے جس کا جی چاہے دیکھ لے) یہ تحریری فتویٰ حضرت مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوری ثم المہاجر المدنی رحمہ اللہ کا لکھا ہوا ہے۔ اور اسکی تصدیق میں اکابر علماء دیوبند۔ حضرت مولانا محمود حسن۔ حضرت مولانا حافظ محمد احمد۔ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن۔ حضرت مولانا سید احمد حسن امروہی۔ حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم رائے پوری۔ حضرت مولانا اشرف علی تھانوی۔ حضرت مولانا حکیم مسعود احمد گنگوہی۔ حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلوی رحمہم اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ کے (۲۳) دستخط موجود ہیں اور علماء مکہ معظمہ۔ علما مدینہ منورہ۔ علماء جامع ازہر مصر۔ علماء دمشق وشام کے (۴۷) تصدیقی دستخط بھی ہیں۔

مذکورہ بالا عقیدہ کی بناء جن روایات پر ہے ان میں ایک روایت کو علامہ آلوسیؒ نے تفسیر روح المعانی جلد اول صفحہ ۳۲۰ پر یوں بیان کیا ہے۔ نزلت فی بنی قریظہ ا النضیر کانوا یستفتحون علی الأوس والخزرج برسول صلی اللہ علیہ وسلم قبل مبعثہ قال ابن عباس وقتادۃ..... الخ یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت قتادہ رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے اہل کتاب میں سے بنی قریظہ اور بنی نضیر اپنے فریق مقابل اوس وخزرج پر فتح طلب کرنے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ سے دعا کیا کرتے تھے اور یوں کہا کرتے تھے اللھم انا نسئلك بحق نبیك الذی وعدتنا ان تبعثہ فی آخر الزمان ان تنصرنا الیوم علیٰ عدونا فینصرون .....

Marfat.com

الخ اِے اللہ ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں اس آخرالزمان نبی کے طفیل جس کی بعثت کا تو نے ہم سے وعدہ فرمایا ہے۔ یہ کہ ہمرے دشمن پر آج ہمیں مدد عطا فرما۔ وہ مدد دئے جاتے (یعنی ان کی دعا قبول ہوتی اور وہ غالب آجاتے)

علامہ جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں یہود مدینہ اور یہود خیبر کی جب عرب کے بت پرستوں سے لڑائی ہوتی تو یہ دعا مانگتے۔ اللھم ربنا انا نسئلك بحق احمد النبی الا می الذی وعدتنا ان تخرجه لنا فی آخرالزمان و بکتابك الذی تنزل علیه آخر ما تنزل ان تنصرنا علی اعدائنا۔ اخرجه ابو نعیم و الحاکم و ا لبیهقی وغیرهم عن ابن عباس و ابن مسعود و غیرهم با لفاظ مختلفة (در منثور) اے اللہ ہم تجھ سے اس احمد مصطفیٰ نبی امی کے وسیلہ سے سوال کرتے ہیں جس کے ظاہر کرنے کا تو نے ہم سے وعدہ کیا ہے اس کتاب کے واسطہ و برکت سے سوال کرتے ہیں۔ جس کو تو سب سے آخر میں نازل فرمائے گا۔ یہ کہ ہم کو ہمارے دشمنوں پر فتح اور نصرت عطا فرما۔ یہ روایت ابن عباسؓ اور ابن مسعودؓ اور دیگر صحابہؓ سے مختلف الفاظ سے مروی ہے۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا میں تشریف فرما نہ ہوتے تھے اس وقت بھی اہل کتاب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے دعا مانگتے اور فتح یاب ہوتے۔ قرآن نے اس عقیدہ کو بیان کر کے اس کی تردید نہیں کی۔ پھر اس کے جواز میں شبہ کیوں کیا جائے؟ ابن ماجہ باب الصلوٰۃ میں حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ کا واقعہ درج ہے کہ ایک نابینا صحابی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی بینائی کے لئے دعا کی درخواست کی۔ آپ نے انہیں وضو کرنے کا حکم دیا (بغیر وضو نماز نہیں پڑھوائی جیسا کہ غیر مقلدین اور ذاکر نائیک صاحب کا عقیدہ ہے) کہ اچھی طرح وضو کر لے اور دو رکعت نفل پڑھ کر یہ دعا کرے۔ اے اللہ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں اور آپ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ نبی رحمت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت میرے حق میں قبول کیجئے۔ اس کے بعد وہ صحابی واپس آیا تو بینائی موجود تھی۔ اس حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس صحابی

Marfat.com

کے لیے دعا فرمانا منقول نہیں۔ بلکہ صحابی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کا وسیلہ دیا۔ انجاح الحاجة حاشیه ابن ماجه میں ہے کہ اس حدیث کو امام نسائیؒ اور امام ترمذیؒ نے کتاب الدعوات میں نقل کیا ہے۔ امام ترمذی نے اسے حسن صحیح کہا ہے اور امام بیہقی نے تصحیح کی ہے۔ اور اتنا زیادہ کیا ہے کہ وہ صحابی کھڑا ہو گیا اور بینا ہو گیا۔ انجاح الحاجۃ میں بعد تصحیح حدیث مذکورہ طبرانی کبیر کے حوالہ سے نقل کیا ہے یہی صحابی عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ کو ایک شخص نے کہا کہ میں اپنے کسی کام سے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس جاتا ہوں لیکن وہ التفات نہیں کرتے۔ آپ ان سے میری سفارش کر دیں۔ انہوں نے فرمایا تو وضو کر کے مسجد میں جا اور وہی دعا سکھلا دی جو اوپر ذکر ہوئی۔ کہ یہ پڑھ۔ اس شخص نے یہی کیا جب وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس گیا تو انہوں نے بڑی تعظیم و تکریم کی اور اس کا کام کر دیا۔ بعد میں وہ شخص حضرت عثمان بن حنیفؓ کو ملا اور ان کا شکریہ ادا کیا کہ آپ نے حضرت عثمان بن عفانؓ سے میری سفارش کی۔ تو انہوں نے کہا کہ میں نے تمہارے بارے میں ان سے کوئی ذکر نہیں کیا تھا۔

مشکوۃ صفحہ ۴۳۹ پر ہے عن امية بن خالدؓ بن عبداللهؓ اسيد عن النبی صلی الله عليه وسلم انه كان يستفتح بصعاليك المهاجرين۔ رواه فی شرح السنة حضرت امیہ بن خالدؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فقراء مہاجرین کے توسل سے فتح کی دعا کیا کرتے تھے۔ اس کو روایت کیا شرح السنہ میں۔

ابوبکر بن خطیبؒ نے علی بن میمونؒ سے روایت کی ہے کہ میں نے امام شافعی رحمہ اللہ کو یہ کہتے سنا کہ میں امام ابوحنیفہؒ کے وسیلہ سے برکت حاصل کرتا ہوں۔ ہر روز ان کی قبر پر زیارت کے لیے حاضر ہوتا ہوں۔ اور اس قبر کے قریب اللہ تعالیٰ سے حاجت روائی کی دعا کرتا ہوں۔ اس دعا کے بعد میری مراد جلد پوری ہو جاتی ہے (تاریخ الخطیب جلد اول صفحہ ۱۲۳) (ردالمحتار جلد اول صفحہ ۳۹)

علامہ عینیؒ۔ علامہ ابن حجر عسقلانیؒ اور غیر مقلدین کے پایہ کے امام علامہ شوکانیؒ لکھتے ہیں۔

ويستفاد من قصة العباس رضی الله تعالیٰ عنه استحباب الاستشفاع باهل

Marfat.com

الخیر والصلاح واهل بیت النبوة (عمدۃ القاری جلد۳ صفحہ۴۲۷ فتح الباری جلد۲ صفحہ۳۹۹۔ نیل الاوطار جلد۴ صفحہ۷) (اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے واقعہ سے بزرگوں اور اہل بیت (کی ذوات) سے توسل کا استحباب مستفاد ہوتا ہے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ شدید قحط سالی میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو وسیلہ بنا کر دعا کرتے اور قحط سالی دور ہو جاتی۔ یہ حدیث مشکوۃ صفحہ۱۲۴ پر موجود ہے جسے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے۔ جس میں یہ الفاظ ہیں کہ اے اللہ ہم آپ کے حضور میں اپنے پیغمبر کے ذریعہ توسل کرتے تھے آپ ہم کو بارش عنایت کرتے تھے اور اب اپنے نبی کے چچا کے ذریعہ سے آپ کے حضور میں توسل کرتے ہیں سو ہم کو بارش عنایت کیجئے۔ پس بارش ہو جاتی تھی۔ روایت کیا اس کو بخاری نے۔ غور فرمایئے کہ حضرت عمرؓ جو اسلام کے احکام کے سلسلہ میں بہت سخت تھے انہوں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی دعا یا کسی عمل صالح سے نہیں بلکہ ان کی ذات سے توسل کیا۔ رہا یہ شبہ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کی بجائے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کیوں توسل کیا؟ اس کا مقصود یہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے توسل کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ بلا واسطہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے توسل کیا جائے یا آپ سے قرابت رکھنے والے تعلق دار کے واسطہ سے توسل کیا جائے۔ اور اسی توسل کی علامہ شوکانی بھی تائید کرتے ہیں نیل الاوطار کا حوالہ اوپر ذکر ہو چکا ہے۔

حضرت تھانویؒ لکھتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تو جواز توسل ظاہر تھا حضرت عمرؓ کو اس قول سے یہ بتلانا تھا کہ غیر انبیاء سے بھی توسل جائز ہے۔ اس سے بعض کا سمجھنا کہ احیاء و اموات کا حکم متفاوت (الگ جدا) ہے بلا دلیل ہے۔ اول تو آپ بنص حدیث قبر میں زندہ ہیں دوسرے جو علت جواز کی ہے جب وہ مشترک ہے تو حکم کیوں مشترک نہ ہوگا۔ (التکشف صفحہ۴۴۶)

مولانا امین صفدر اوکاڑوی صاحبؒ اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں

سفر میں ایک صاحب نے کہا: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے توسل سے دعاء شرک ہے۔ عمل کے توسل سے دعاء کرنی چاہیے۔ میں نے پوچھا: عمل کا وسیلہ کیوں درست ہے؟ کہا: عمل اللہ کو محبوب

Marfat.com

ہوتا ہے۔میں نے کہا: تیری دو رکعتیں کیا اللہ کو اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب ہیں۔عمل محبوب ہو لیکن عامل محبوب نہ ہو۔عبادت محبوب ہو لیکن عابد محبوب نہ ہو۔یہ کیسے ہو سکتا ہے؟۔جب کہ کچھ اشخاص کو بھی محبوب قرار دیا ہے۔"یحبھم ویحبونہ"۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا "انا حبیب اللہ"۔لہٰذا جیسے اعمال کا توسل درست ہے۔اسی طرح ذوات کا توسل بھی درست ہے۔

علامہ سمہودیؒ اور علامہ سبکیؒ کہتے ہیں قلت کیف لا یستشفع ولا یتوسل بمن لہ ھذا المقام و الجاہ عند مولا ہ بل یجوز التوسل بسائر الصالحین کما قال السبکی ..... (وفا الوفاء جلد ۲ صفحہ ۴۱۹۔ ۴۲۲)

یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اللہ تعالیٰ کے ہاں عزت اور اعلیٰ مقام پر نظر کرتے ہوئے آپ کو شفیع بنانا اور آپ کا وسیلہ بنانا کیسے جائز نہ ہوگا۔بلکہ تمام صالحین کو وسیلہ بنانا جائز ہے۔

چنانچہ قاضی عیاضؒ شرح شفاء جلد ۲ پر فرماتے ہیں بل استقبلہ واستشفع بہ ای اطلب شفاعتہ وسل وسیلتہ فی قضاء مراداتك و اداء حاجاتك ..... الخ یعنی (حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اقدس پر حاضر ہو کر) اپنی حاجتوں اور مرادوں کو پورا ہونے کیلئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اور وسیلہ طلب کر۔

اب غیر مقلدین اور ذاکر نائیک صاحب کا توسل مذکورہ کو استعانت (غیر اللہ سے مدد مانگنے) پر قیاس کر کے مطلقاً ناجائز کہنا صحیح نہیں کیونکہ توسل مذکور تو مطلقاً جائز بلکہ مستحسن ہے۔البتہ استعانت کو توسل پر قیاس کر کے مطلقاً جائز کہہ دینے کے تو علماء دیوبند بھی قائل نہیں ہیں اس کی تفصیل یوں ہے کہ:

☆ کسی غیر اللہ کو فاعل مستقل اور قادر بالذات سمجھ کر مدد چاہنا یا یہ اعتقاد کرنا کہ خدا نے کسی کو ایسی قدرت اور اختیار دیا ہے کہ وہ انسانی طاقت سے باہر کاموں میں جس طرح چاہے تصرف کرے۔ جس کو چاہے دے جس کو چاہے نہ دے وہ اللہ کے اس دیئے ہوئے اختیار میں مستقل اور مختار ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کے علم اور ارادہ (یعنی کیا کرے گا یا اسے معطل کرنا) کو اب اس میں کوئی دخل نہیں

Marfat.com

رہا۔ یہ دونوں صورتیں کفر اور شرک ہیں۔ مشرکین مکہ ملائکہ اور بتوں کے متعلق یہی عقیدہ رکھتے تھے۔
تیسری صورت یہ ہے کہ کسی کو نہ تو مستقل بالذات سمجھے اور نہ ہی مستقل بالعرض یعنی اوپر والی دونوں صورتیں نہیں ہیں۔ لیکن اس غیر کے ساتھ مستقل بالذات والا معاملہ کرے۔ یعنی اس کی قبر کو سجدہ کرے یا اس کے نام کی نذر مانے۔ تو یہ حرام ہے۔
چوتھی صورت یہ ہے کہ استعانت بالغیر میں اس غیر کے مستقل سمجھنے کا شبہ ہو جیسے روحوں سے مدد مانگنا۔ اگرچہ اسے مستقل اختیار نہ سمجھتا ہو۔ لیکن مشرکین چونکہ ارواح کو فاعل مستقل (مستقل اختیار والے) سمجھ کر مدد مانگتے ہیں۔ اس لیے ان کے طریقہ کی تائید ہوگی۔ اس لیے یہ بھی حرام ہے۔ بلکہ استعانت کی چوتھی صورت کفر ہونے کا زیادہ احتمال ہے۔
اب رہی استعانت کی پانچویں صورت کہ ایسے کام جو انسانی طاقت سے باہر نہ ہوں۔ اور کارخانہ دنیا کے اسباب کے ساتھ ان کا تعلق ہو۔ اور کسی شخص کو ان کے لیے فاعل مستقل (مستقل طور پر وہی کرنے والا ہے) ہونے کا شبہ بھی نہ ہو۔ چاہے وہ روزمرہ کے کام کاج ہوں جیسے روٹی کی مدد سے بھوک ختم کرنا۔ پانی کی مدد سے پیاس ختم کرنا اور دوا سے مرض کا علاج کرنا وغیرہ۔ اور چاہے وہ کام ہوں جو امور شرعیہ سے ہیں جیسے دعا۔ دم جھاڑا۔ تعویذ۔ صبر۔ نماز۔ وغیرہ۔ استعانت کی یہ صورتیں جائز اور مباح ہیں۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو تفسیر عزیزی۔
غیر مقلدین حضرات کی حدیث کی اسناد جن کے واسطہ سے حضور کریم صلی اللہ وعلیہ سلم تک پہنچتی ہیں۔ ان کا نام شاہ محمد اسحٰق محدث دہلویؒ ہے جو حضرت شاہ ولی اللہؒ کے پوتے ہیں۔
انہوں نے مائۃ مسائل صفحہ ۲۱ پر لکھ کر کہ "دعاء بہ این طور کہ الٰہی بحرمتہ نبی وولی حاجت مرا روا کن جائز است.....اھ" مہر ثبت کر دی ہے۔ اگر حضرت شاہ اسحاق محدث دہلوی رحمہ اللہ کا عقیدہ درست نہیں تو ان کے واسطہ سے حدیث کی روایت کرنا کیسے درست ہوگی؟۔ غیر مقلدین اپنے ریت کے محل کی فکر کریں۔
اب غیر مقلدین کی بے اعتدالیاں بھی ملاحظہ ہوں۔ ان کے چند بڑے وسیلہ اور توسل کے قائل ہی

Marfat.com

نہیں بلکہ اس سے بھی چند ہاتھ آگے نکل گئے۔

وسیلہ اور توسل کے بارے میں غیر مقلدین کے امام نواب وحید الزماں صاحب لکھتے ہیں کہ زندہ یا مردہ ہر کسی کو وسیلہ بنانا جائز ہے۔ لا نه اذا ثبت جواز التوسل بغير الله فأى دليل يخصه بالاحياء (ہدیۃ المہدی صفحہ ۴۷) اس لئے کہ جب غیر اللہ کے ساتھ وسیلہ پکڑنا جائز ہے تو پھر کون سی دلیل کے ساتھ اس کو صرف زندوں کو وسیلہ بنانے کے ساتھ مختص کیا جاتا ہے۔

ہدیۃ المہدی صفحہ ۴۹ پر مزید لکھتے ہیں اختلفوا فی الدعاء بحق فلان او حرمة فلان كماهو المرسوم عندالصوفية كلهم فقال البعض لا يجوز لانه ليس على الله حق لا حد والصحيح جوازه (تمام صوفیاء کے ہاں جو دعاء میں بحق فلاں یا بحرمۃ فلاں کیساتھ دعا کی جاتی ہے۔ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔ اس لئے کہ اللہ پر کسی کا حق نہیں ہے۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ ایسا کہنا جائز ہے۔

غیر مقلدین کے علامہ وحید الزمان حیدر آبادی نے ایک کتاب ہدیۃ المہدی حضرت امام مہدی علیہ السلام کو ہدیہ کرنے کے لیے لکھی ہے۔ اس کے جزو اول صفحہ نمبر ۱۹ پر لکھتے ہیں کہ غیر اللہ سے استعانت کرنا اور ان سے مدد چاہنا جائز ہے۔ شرک نہیں۔ ہر بات پر شرک شرک کی رٹ لگانے والوں کا اپنا عمل ملاحظہ ہو۔

اور اسی ہدیۃ المہدی جزو اول صفحہ ۲۵ پر علامہ وحید الزمان صاحب لکھتے ہیں کہ اگر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یا حضرت علیؓ یا کسی ولی کو یہ خیال کر کے دور سے ندا کرے کہ ان کی سماعت عامۃ الناس کی سماعت سے اوسع ہے تو یہ شرک نہیں۔

مترجم صحاح ستہ علامہ وحید الزماں صاحب نے تو جو کہا سو کہا۔ مسلک اہل حدیث کے ''شیخ الکل'' علامہ نذیر حسین دہلوی (جنہوں نے مرزا غلام احمد قادیانی کا نکاح پڑھایا تھا) انہوں نے تقلید کے خلاف برصغیر ہندوستان میں تقلید کے خلاف پہلی کتاب ''معیار الحق'' کے نام سے لکھی۔ اسی کتاب کے صفحہ ۴۱۹ پر اپنے دستخط کرتے ہوئے یوں لکھتے ہیں "العاجز محمد نذیر حسین عافاه

Marfat.com

اللہ فی الدارین بجاہ سید الثقلین "اوراسی کتاب معیارالحق کے صفحہ ۴۲۱ پر مزید وضاحت سے لکھتے ہیں۔ و ابقا مدی الزمان سا لما عن مطاعن اهل البدعة و الطغيان بحرمة سيد الثقلين جد الحسن و الحسين ۔ آمین آمین آمین۔

احناف کوتو چھوڑیئے ۔ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب !ان غیر مقلدین حضرات کے بارے میں کیا فرمائیں گے؟ یا پھر اس مسئلہ میں غیر مقلدین حضرات ذاکر نائیک صاحب کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟

## ☆ قبروں کی مجاوری

نواب وحید الزماں حیدر آبادی غیر مقلد اپنی مشہور کتاب ''نزل الابرار من فقہ النبی المختار'' میں لکھتے ہیں ''حصول برکت کے لئے اولیاء کی قبروں کی دربانی اور مجاوری کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ امت کے بہت سے صلحا اور فضلاء سے یہ منقول ہے'' (جلد اول صفحہ ۲۴۱)

نواب وحید الزماں صاحب غیر مقلد اپنی مشہور کتاب ''ہدیۃ المہدی'' کے صفحہ ۳۴ پر لکھتے ہیں ''کوئی اس کا قائل نہیں ہے کہ نبی یا غیر نبی کی مجاوری اور خدمت شرک ہے''

فرقہ لامذہبیہ کے امام نواب صدیق حسن خان صاحب اپنی کتاب التاج المکلل کے صفحہ ۱۷۸ پر شیخ محی الدین ابن عربی کی قبر کی زیارت اور ان کے برکت حاصل کرنے والوں کا ذکر کرتے ہیں۔'' مقری'' کا بیان قلم بند کرتے ہیں کہ ''میں بارہا دفعہ برکت حاصل کرنے کی غرض سے آپ کی قبر پر حاضر ہوا تو دیکھا کہ وہاں انوار کی بارش ہو رہی ہے اور وہاں کے ظاہر و باطن حالات کا جس طرح مشاہدہ ہوتا ہے۔ انصاف کی بات یہ ہے کہ کسی کو ان سے انکار کی گنجائش نہیں ہو سکتی''۔ اگر اس بیان میں کوئی قباحت ہوتی تو نواب صاحب اس ذکر نہ کرتے اور اگر نقل کر ہی دیا تھا تو اس کا رد کرتے مگر ایسا کچھ بھی نہیں کیا گیا۔

## ☆ عقیدہ وحدت الوجود

نظریہ وحدۃ الوجود کے اولین موجد شیخ محی الدین ابن عربیؒ امت میں مختلف فیہ شخصیت رہے ہیں۔

Marfat.com

میاں نذیر حسین دہلوی کے شاگرد مولوی فضل حسین مظفر پوری بہاری میاں صاحب کی سوانح ''الحیاۃ بعد المماۃ صفحہ ۱۲۳ پر لکھتے ہیں ''اور جب آپ (یعنی میاں نذیر حسین دہلوی) کتاب الرقائق کا درس دیتے اور تصوف کے حقائق ونکات بیان کرتے تو فرماتے صاحبو! ہمیں تو یہاں احیاء العلوم نظر آرہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ طبقہ علماء میں شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کو بڑی عظمت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور فرماتے تھے ''واقعی آپ خاتم ولایت محمدیہ ہیں''

علامہ ابن تیمیہ لکھتے ہیں ''خاتم الاولیاء کا لفظ غلط ہے۔ اس کی کوئی اصل نہیں..... خاتم الاولیاء تو درحقیقت اس شخص کے لیے موزوں ہوگا جو خدا ترسوں اور پرہیز گاروں میں سب سے آخری ہوگا۔ (فتاویٰ ابن تیمیہ جلد ۱۱ صفحہ ۴۴۴)

اس سے پہلے کہ ہم آگے چلیں میاں نذیر حسین دہلوی کا غیر مقلدوں کے ہاں مقام ذکر کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔

میاں نذیر حسین دہلوی صاحب جو فرقہ لامذہبیہ کی بڑی قد آور شخصیتوں میں شمار کئے جاتے ہیں اور جن کے بارے میں غیر مقلدین کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے بڑی قربانیاں دے کر ہندوستان کے چپے چپے میں غیر مقلدیت کو پھیلایا اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ علیہ کے بعد غیر مقلدیت کی دعوت (حضرت شاہ ولی اللہؒ کے مسلک حنفیت پر حضرت مولانا یوسف بنوری رحمہ اللہ علیہ کا مضمون ماہ نامہ الفرقان لکھنو میں شاہ ولی اللہ نمبر میں ملاحظہ کریں) میں جو کسی حد تک (بزعم خویش) اضمحلال آ گیا تھا۔ میاں نذیر حسین صاحب نے اپنا سب کچھ قربان کر کے اس دعوت کو از سر نو زندہ کیا، اسی لئے آپ کو مجدد کے لقب سے نوازا گیا۔

ہم واپس اپنے موضوع ''توسل یا وسیلہ کے بارے میں غیر مقلدین کی بے اعتدالیاں'' پر آتے ہیں۔

صحاح ستہ کے مترجم نواب وحید الزمان صاحب غیر مقلد نے اپنی مشہور کتاب ہدیۃ المہدی میں غیر اللہ سے توسل جائز ہی نہیں بلکہ غیر مقلدین کا عقیدہ ثابت کیا ہے۔ لکھتے ہیں۔ ''فصل'' اللہ تعالیٰ کی جناب میں انبیاء صالحین سے توسل کے جواز میں امت کا اختلاف ہے۔ بعض نے مطلقاً ناجائز کہا

Marfat.com

ہے۔ بعض نے زندوں سے جائز اور مردوں سے ناجائز قرار دیا ہے۔ یہی عزالدین عبدالسلام کا قول ہے اور مروزی نے ''المنسك'' میں ہمارے امام احمد بن حنبل سے نقل کیا ہے کہ آپ نبی سے وسیلہ پکڑتے تھے۔ اور ابن قیمؒ نے قول ثانی کو اختیار کیا ہے (یعنی زندوں سے جائز اور مردوں سے ناجائز) جبکہ اُن کے شیخ سے دو روایتیں منقول ہیں۔ ہمارے علماء میں سے ''سبکی''۔ ''شوکانی'' اور نواب صدیق حسن خان صاحب نے تیسرے قول کو اختیار کیا ہے۔ (یعنی زندوں، مردوں، نبیوں، ولیوں سب سے علی الاطلاق جائز ہے) اور یہی قول مختار ہے۔ اس لئے کہ جب غیر اللہ سے توسل کا جواز ثابت ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ صرف زندوں کے ساتھ خاص ہو'' (تفصیل کے لیے ہدیۃ المہدی صفحہ ۴۷ تا ۴۹ ملاحظہ ہو)

صحاح ستہ کے مترجم نواب وحید الزمان اپنا اور غیر مقلدین کا مذہب یوں بیان کرتے ہیں ''دعا بحق فلاں۔ اور بحرمۃ فلاں۔ جو تمام صوفیاء کے یہاں رائج ہے۔ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ جائز نہیں اس لئے کہ اللہ پر کسی کا کوئی حق نہیں ہے۔ لیکن صحیح قول جواز ہی کا ہے۔ کیونکہ قرآن اور احادیث صحیحہ میں لفظ ''حق'' وارد ہوا ہے۔''

یہی نواب وحید الزماں صاحب اپنی کتاب نزل الابرار میں لکھتے ہیں ''انبیاء اور صالحین سے توسل جائز ہے اور اس میں زندے مردے سب برابر ہیں (صفحہ ۵)

غیر مقلدین میں نزل الابرار عقائد و احکام کے موضوع پر ایک شاہکار تصنیف تصور کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ہدیۃ المہدی کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگالیں کہ یہ کتاب امام مہدی کو ہدیہ کرنے کے لئے لکھی گئی تھی۔ ان کتابوں کے حوالہ جات کے بعد غیر مقلدین کے لیے کوئی راہ فرار ہے؟

غیر مقلدین کے ایک اور قد آور عالم ابوالمکارم محمد علی بن علامہ فیض اللہ مُسوی (۱۲۷۶ھ تا ۱۳۵۲ھ) جو میاں نذیر حسین دہلوی صاحب کے شاگرد ہیں اور ہندوستان کے سرکردہ علماء عقیدہ سلیفہ میں سے تھے۔ اپنی کتاب الجوابات الفاخرۃ صفحہ ۳۷ پر لکھتے ہیں ''لفظ یا رسول اللہ'' سے مراد یہ ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات صرف وسیلہ کی حیثیت رکھتی ہے اور مصیبت اللہ ہی دور فرماتے

Marfat.com

ہیں۔یا یہ کہے کہ: اے اللہ کے رسول میں فلاں مشکل سے چھٹکارے میں آپ کو واسطہ بناتا ہوں۔تو یہ جائز ہے"

☆ قبروں پر سجدہ

صحاح ستہ کے مترجم نواب وحید الزمان حیدر آبادی صاحب نے امام مہدی کو ہدیہ کرنے کے لئے جو کتاب لکھی اس کا ایک نمونہ ملاحظہ ہو۔"اگر قبروں پر اس قسم کے یا ان سے بھی اہم افعال کئے جائیں مثلاً سجدہ، رکوع اور طواف جو بطور عبادت نہ ہوں بلکہ صرف شعائر خداوندی اور اولیاء مقربین کی تعظیم وتکریم کی نیت سے ہوں تو فیما بینہ وبین اللہ شرک نہیں ہوگا۔(ہدیۃ المہدی صفحہ ۱۴)

☆ اولیاء کا تصرف

نواب وحید الزماں حیدر آبادی اولیاء اللہ کے لیے کائنات میں تصرف کی قدرت ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں"اور حدیث ابدال میں آیا ہے کہ ابدال میری امت میں تیس (۳۰) آدمی ہوتے ہیں ان ہی کے ذریعہ سے نظام عالم قائم ہے اور ان ہی کے توسط سے بارش کا نزول ہوتا ہے اور ان ہی کے واسطے سے دشمنوں پر مدد ملتی ہے (ہدیۃ المہدی صفحہ ۲۷)

لیکن شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں"بہر حال ابدال کے بارے میں جو حدیث مرفوع ہے۔ اقرب یہ ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام نہیں ہے"(فتاویٰ ابن تیمیہ ۴۴۱ جلد ۱۱)

اب غیر مقلد کس کی بات مانیں گے؟۔

☆ استعانت لغیر اللہ

نواب صدیق حسن خان صاحب بھوپالی نے "کتاب التعویذات" میں تحریر کیا ہے۔"امابعد! اس مختصر تحریر میں بعض ادعیہ ماثورہ واعمال صحیحہ کا ذکر کیا جاتا ہے جن کو تعلق عوارض وآفات سے حیات تا ممات ہے۔مجھ کو اپنے مشائخ حدیث وعلماء دین سے ان کی اجازت حاصل ہے"۔

عمل برائے حفاظت جان۔نواب صدیق حسن صاحب لکھتے ہیں"جو شخص سورۃ ہود لکھ کر اپنے پاس

Marfat.com

رکھے کوئی حرف مٹے نہیں اس پر اثر ہتھیار کا نہ ہوگا۔ (کتاب التعویذات صفحہ ۳۹)

برائے حمیٰ ربع (باری کا بخار)۔ محموم غسل کرے اور چوب حنا سے یا کسی اور چوب سے اس کے ذراع ایمن پر لا الہ الا اللہ اور ذراع ایسر پر محمد رسول اللہ اور ساق ایمن پر جبرئیل اور ساق ایسر پر میکائیل اور شق ایمن پر اسرافیل اور شق ایسر پر عزرائیل لکھ دے وہ بہت جلد صحت پائے گا۔ (کتاب التعویذات صفحہ ۴۵) اس عمل میں غیر اللہ جبرئیل اور میکائیل وغیرہ سے استعانت کی صراحت ہے جو ایک قسم کا شرک ہے۔

شرکیہ الفاظ سے سانپ اور کتے وغیرہ کے کاٹے پر دم کرنے کے بارے میں امام جماعت غرباء اہلحدیث کا فتویٰ ملاحظہ ہو۔ لکھتے ہیں۔ ''بہتر تو نہیں۔ ہاں اگر کسی مسلمان کی خیر خواہی کے لئے بوقت ضرورت و مجبوری کر بھی دے تو کوئی مضائقہ نہیں''۔ (صحیفہ اہلحدیث۔ رمضان ۱۹۴۹ء) اس پر ابو محمد عبدالستار کے دستخط ہیں۔ ان کے والد مولانا عبدالوہاب دہلوی مزید لکھتے ہیں۔ ''سانپ ۔بچھو۔ کتے وغیرہ زہریلے جانوروں کے کاٹے پر شرکیہ الفاظ سے غیر مسلم یا مسلم دم جھاڑا کر دے تو کوئی مضائقہ نہیں''۔ (صحیفہ اہلحدیث۔ جمادی الثانی ۱۹۴۶ء)

## ☆ بخاری شریف سے توسل

نواب صدیق حسن خان صاحب بھوپالی نے ''کتاب التعویذات'' میں تحریر کیا ہے۔

امام بخاریؒ مستجاب الدعوات تھے اور قارئین صحیح (بخاری) کے لئے انہوں نے دعا فرمائی تھی۔ اور حافظ ابن کثیرؒ نے کہا ہے کہ صحیح بخاری کو پڑھ کر بارش طلب کی جاتی ہے اور اس کے اندر جو حدیثیں ہیں ان کی صحت و قبول پر اہل اسلام کا اتفاق ہے (کتاب التعویذات صفحہ ۹۴)

''.....بالجملہ نفع اس کتاب کی قرأت کا تجربہ علماء محدثین و اہل معرفت و فقہ میں درجہ شہرت و تواتر کو پہنچ چکا ہے اس حد تک کہ جس کا انکار نہیں ہو سکتا..... اس میں کسی کا خلاف من جملہ اہل علم کے معلوم نہیں بلکہ منفعت اس کی قرأت و ختم کے واسطے رفع آفات و حصول سلامت کے مجرب ہے۔ لہذا جب سے یہ کتاب تالیف ہوئی ہے ہر قرن میں اہل علم نے ساتھ اس کے توسل کیا ہے اور کس

Marfat.com

طرح نہ کرتے کہ بعد کتاب اللہ کے یہ کتاب اصح کتب اسلام ہے۔روئے زمین پر اس کا قاری و متوسل ومعتقد وعامل ہر خیر وبرکت کے لائق ہے" (کتاب التعویذات صفحہ۹۴)

## ☆ مغاریہ صلوۃ ناریہ اور توسل

صحاح ستہ کے مترجم نواب وحید الزمان حیدر آبادی ہدیۃ المہدی صفحہ ۱۰۸ پر لکھتے ہیں "اس کو مغاریہ صلوۃ ناریہ کہتے ہیں۔اس لئے کہ جب یہ درود ایک مجلس میں واسطے تحصیل مطلوب یا دفع مرھوب کے بعد ۴۴۴۴۴ پڑھی جاتی ہے تو وہ مقصد سرعت میں مثل نار کے حاصل ہوتا ہے۔لہذا اس کو اہل اسرار مفتاح الکنز المحیط لنیل مراد العبید کہتے ہیں"۔اس کے بعد درود کا صیغہ اس طرح بیان کیا گیا ہے "اللھم صل صلوۃ کاملۃ وسلم سلاما تاما علی سید نا محمد تنعل به العقد و تنفرج به الکرب و تقضیٰ به الحوائج و تنال به الرغائب و حسن الخواتم و یستسقیٰ الغمام بوجهه الکریم وعلیٰ اله و صحبه فی کل لمحة و نفس بعدد کل معلوم لك (کتاب التعویذات صفحہ۹۶)

اے اللہ! ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کامل ومکمل درود وسلام نازل فرما۔جن کے صدقہ وطفیل میں مصائب کی گرہیں کھلتی ہیں۔پریشانیاں دور ہوتی ہیں اور حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔انہی کے وسیلے سے دل پسند نعمتیں حاصل ہوتی ہیں اور حسن خاتمہ نصیب ہوتا ہے اور انہی کے باعزت چہرے کے وسیلے سے بارش کی دعا مانگی جاتی ہے۔رب کریم !تو آپؐ پر اور آپ کی آل اور تمام صحابہ پر دم نازل فرما۔ہر آن دم بدم جتنی چیزیں تیرے علم میں ہیں ان کی لاتعداد تعداد کے برابر۔

مذکورہ بالا تفصیل اور حوالہ جات کے بعد غیر مقلدین توحید کے کھوکھلے دعویٰ کو کیسے سنبھالا دیں گے؟۔

## ☆ بے مثال جہالت

ایک پروگرام "گفتگو" میں کسی عورت نے فون پر پوچھا کہ حوروں کے ساتھ قرآن میں غلمان کا لفظ آیا ہے یہ کیا ہے؟ جواب میں ذاکر نائیک صاحب فرماتے ہیں کہ قرآن میں حوروں کا ذکر آیا ہے حور کہتے ہیں خوبصورت آنکھ والی کو۔غلمان کا ذکر نہیں آیا۔

Marfat.com

☆حیرت کی بات ہے کہ ڈاکٹر صاحب کے نام کے ساتھ عظیم اسلامی سکالر کا سابقہ لگا ہوا ہے اور قرآن سے ناآشنائی کا یہ حال ہے کہ یہ بھی معلوم نہیں کہ قرآن میں دوبار (سورۃ طور آیت ۲۴۔ سورۃ صافات آیت ۴۸) میں لفظ غلمان آیا ہے۔ اور سورۃ واقعہ آیت نمبر ۱۷ اور سورۃ دہر میں اس کا ہم معنی لفظ ولدان استعمال ہوا ہے۔ (تفصیل کے لیے دیکھئے تفسیر بیان القرآن۔ تفسیر معارف القرآن)۔ ہمارے دینی مدارس کے چھوٹے سے چھوٹے کم عمر حافظ قرآن کو بھی یہ چیزیں معلوم ہیں۔ اور اساتذہ انہیں متشابہات تک یاد کرواتے ہیں۔

## ☆ کفار کے لباس سے مشابہت

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی تقریر ''اسلام میں عورتوں کے حقوق'' کے سوالات اور جوابات میں ایک سوال کے جواب میں کہتے ہیں:

''اور چھٹی شرط یہ کہ آپ کو ایسے کپڑے نہ پہننے چاہئیں جو کہ اس بات کے غماز ہوں کہ آپ دہریے ہیں یا کافر ہیں۔'' (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 1 صفحہ 327 اور 407)

حالانکہ ڈاکٹر صاحب خود وہی لباس پہنتے ہیں جس سے کفار کی مشابہت ظاہر ہوتی ہے۔

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی گفتگو بعنوان عالمی بھائی چارہ میں ایک سوال کے جواب میں کہتے ہیں:

''پانچوں اصول مرد اور عورت پر یکساں لاگو ہوتے ہیں۔ پانچواں اصول یہ ہے کہ آپ کا لباس کفار کے لباس سے مشابہ نہیں ہونا چاہیے۔ یعنی کوئی ایسا لباس نہیں پہننا چاہتے جو کسی خاص مذہب سے تعلق رکھنے والوں کی پہچان بن چکا ہو۔ (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک۔ صفحہ 387)

ایک اور سوال کے جواب میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں:

''پہنا گیا لباس ایسا ہو کہ جس میں کفار کی مشابہت نہ ہو۔ یعنی ایسا لباس نہ پہنا جائے جس سے کفار کے کسی گروہ کی کوئی شناخت بطور خاص وابستہ ہو یا اس پر کچھ ایسی علامات بنی ہوں جو کفار کے مذاہب کی ترجمان ہوں۔'' (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک۔ صفحہ 482)

Marfat.com

## ☆ ٹائی کلچرل ڈریس

ٹائی کے بارے میں ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں ''ٹائی پہننا حرام نہیں۔عرب توپ پہنتے ہیں۔تلک لگانا ہندو کی نشانی ہے۔ٹائی کلچرل ڈریس تھا۔کچھ ممالک میں شروع ہوا۔بوسینیا میں ٹھنڈی (سردی) تھی۔کپڑے کو باندھنے کے لیے گانٹھ باندھ دی گئی (گرہ لگادی گئی)۔اور یہ فیشن ہوگیا۔جو کلچر شریعت کے خلاف نہیں وہ کرنا حرام نہیں۔جو کلچر شریعت کے خلاف ہے وہ حرام ہے۔بعض جگہوں پر مرد آدھی چڈی (نیکر) پہنتے ہیں۔یہ آدھی چڈی پہننا حرام ہے۔کوٹ حرام نہیں ہے۔کوٹ پہن سکتے ہیں۔شرٹ کا ذکر (سورۃ) یوسف میں پانچ مرتبہ ہے۔عرب توپ پہنتے ہیں۔یہ صلیب کی نشانی ہے۔ہاتھ نیچے کر کے پہنتے ہیں۔ہاتھ اونچے کریں گے تو صلیب کی نشانی ہے۔(یہاں ڈاکٹر صاحب نے دونوں ہاتھ پھیلا کر دکھائے)۔لوگوں کو غلط فہمی ہے کہ ٹائی عیسائی مذہب کی نشانی ہے۔یہ کلچری ڈریس ہے۔بوسینیا میں مسلمان زیادہ ہیں غیر مسلموں سے۔یہ مباح ہے۔میں بہت سے ملکوں میں جاتا ہوں۔سنگاپور۔جرمنی۔ملائشیا۔یہ سفر کا لباس ہے۔وہاں دعوت کے میدان میں مدد ہوتی ہے۔اگر کوئی چیز شریعت کے خلاف ہے اور دعوت کے میدان میں نہیں کرنا چاہیے۔ٹائی پہننا فرض نہیں مباح ہے''۔(یہ بے ربط الفاظ ڈاکٹر صاحب کے ہیں)

☆ ڈاکٹر صاحب نے ٹائی کو بوسینیا کا کلچرل ڈریس کہا ہے۔لیکن اس کی جو تصویر کھینچی ہے وہ ان کی ٹائی سے مختلف ہے۔اسے مفلر کہنا زیادہ بہتر ہوگا۔پھر اس کی وجہ خود ہی بتادی کہ وہاں اسے سردی کی وجہ سے پہنا جاتا ہے۔جب کہ ٹائی شدید گرمی میں بھی لٹکائی جاتی ہے۔دنیا میں اس کا رواج غیر مسلموں کے ذریعہ ہی ہوا ہے۔عربوں کے لباس ''توپ'' کو صلیب کی شکل بتانا اور ہاتھ پھیلا کر خود مصلوب بن جانا ڈاکٹر صاحب کے دماغ میں خلل کی نشانی ہے۔کیونکہ وہ خود ہی سورۃ یوسف سے ''شرٹ'' ثابت کر رہے ہیں جو قبل از مسیح کا واقعہ ہے۔اور عربوں کا کلچر اور بود و باش کسی کی مستعار لی ہوئی نہیں۔جب کہ بوسینیا میں عیسائیوں نے زبردستی اپنا کلچر ٹھونسا جس طرح سپین۔اندلس اور قرطبہ میں مسلمانوں کی شناخت مٹانے کی پوری کوشش کی۔پوری دنیا میں ٹائی کہیں بھی

Marfat.com

اور کبھی بھی مسلمانوں کا کلچر نہیں رہی۔ آج بھی یہ غیر مسلم کی نشانی یا یہود و نصاریٰ سے محبت کی علامت ہے۔ اور ڈاکٹر صاحب خود بیان کر چکے ہیں کہ ''اور چھٹی شرط یہ کہ آپ کو ایسے کپڑے نہ پہننے چاہئیں جو کہ اس بات کے غماز ہوں کہ آپ دہریے ہیں یا کافر ہیں۔'' نیز یہ بھی کہہ چکے ہیں کہ ''پہنا گیا لباس ایسا ہو کہ جس میں کفار کی مشابہت نہ ہو۔ یعنی ایسا لباس نہ پہنا جائے جس سے کفار کے کسی گروہ کی کوئی شناخت بطور خاص وابستہ ہو یا اس پر کچھ ایسی علامات بنی ہوں جو کفار کے مذاہب کی ترجمان ہوں۔''

ڈاکٹر صاحب کا دعویٰ ہے کہ ''میں بہت سے ملکوں میں جاتا ہوں۔ سنگاپور۔ جرمنی۔ ملائشیا۔ یہ سفر کا لباس ہے۔ وہاں دعوت کے میدان میں مدد ہوتی ہے''۔ اگر ان کا یہ دعویٰ درست مان لیا جائے تو پھر یہ بھی سوچنا ہوگا کہ صحابہ سے لے کر آج تک کسی مبلغ نے اسے ضروری قرار کیوں نہیں دیا؟۔ بلکہ صحابہ اور بزرگان دین جہاں بھی دین کی تبلیغ کے لئے گئے ان پر اپنے نقش چھوڑے نہ کہ ان کے آثار کو سینے سے لگایا۔ دعوت کے میدان میں خلوص سے مدد ملتی ہے بہروپیا بننے سے نہیں۔

☆ (اگرچہ چند علماء کا ٹائی کے بارے میں تفرد موجود ہے)

## ☆ کرسچن سے شادی

ایک پروگرام ''گفتگو'' میں آکسفورڈ سے پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں کہ کرسچن سے شادی جائز ہے یا نہیں۔ ذاکر نائیک صاحب جواب دیتے ہیں کہ جو شرک نہیں کرتے ان سے شادی کر سکتے ہیں۔ سورۃ مائدہ آیت نمبر 5 کے تحت کر سکتے ہیں۔ لیکن سورۃ بقرہ میں ہے کہ مشرک سے نہیں۔

☆ اگر ڈاکٹر صاحب کا ذرا بھر بھی اسلامی تعلیمات کا مطالعہ ہوتا تو یہ بات نہ کہتے۔ ڈاکٹر صاحب دماغ پر زور دے کر بتلائیں کہ وہ کون سے عیسائی ہیں جو شرک نہیں کرتے۔ ایک معمولی سمجھ کا انسان بھی جانتا ہے کہ ہر عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ابنیت کا قائل ہے۔ اور وہ اقانیم ثلاثہ کو اِلٰہ کہتا ہے۔ اُقنوم مذہب عیسوی میں تثلیث کے ہر جزء کو کہتے ہیں۔ یعنی باپ۔ بیٹا اور روح القدس۔

ڈاکٹر صاحب کو معلوم ہونا چاہیے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں

Marfat.com

مسلمانوں کو کتابیہ عورتوں سے نکاح سے منع فرمادیا تھا۔ نیز انہوں نے حکم جاری کرتے ہوئے فرمایا کہ میں اللہ کے حلال کو حرام نہیں کر رہا بلکہ بعض مصلحتوں کی وجہ سے روک رہا ہوں۔ اخرجہ الحافظ ابن کثیر فی تفسیر قولہ تعالیٰ و لا تنکحوا المشرکات حتی یؤمن۔ والا مام محمد فی کتاب الآ ثارو و صرح بالکراھة و ا ختبار انھا تحریمیة فی الحربیة العلامة الشامی فی محرمات (ردالمحتار جلد۲ صفحہ۳۱۳)۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں کسی صحابی نے ان کے اس حکم کے خلاف آواز نہیں اٹھائی۔ ان کے سامنے وہ تمام عوارض موجود تھے جن کی بناء پر یہ حکم جاری کیا گیا۔

## ☆ انشورنس

ایک پروگرام ''گفتگو'' میں سعودی عرب سے کیے گئے سوال کہ انشورنس کے بارے میں بتائیں بعض اپنی جائیداد اور چیزوں کی انشورنس کرواتے ہیں کہ اگر نقصان ہوگیا تو ادارہ نقصان پورا کرے گا؟ کے جواب میں ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں کہ انشورنس اسلام میں حرام نہیں۔ لیکن انشورنس کمپنی آپ سے پیسہ لے کر سود میں استعمال کرتی ہے۔ وہ سود کے ساتھ ملا ہوتا ہے یا بانڈ میں استعمال کرتے ہیں۔ اگر وہ انشورنس کا پیسہ آپ سے لیتے ہیں اور سود میں استعمال نہیں کرتے تو جائز ہے۔

☆ ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب نے انشورنس کے ضوابط کا مطالعہ ہی نہیں کیا۔ اس لیے جان چھڑانے کی خاطر مختصر سا جواب دیا کہ اگر انشورنس کمپنی سودی کام میں پیسہ نہ لگائے تو جائز ہے۔ حالانکہ سوال میں واضح طور پر نقصان پورا کرنے کا ذکر ہے۔ اگر کمپنی سود میں پیسہ نہ لگائے تو کسی شخص کے نقصان کو پورا کرنے کی کس وجہ سے ذمہ دار ہے؟۔ ڈاکٹر صاحب نے اس کے لیے کسی حدیث کا حوالہ نہیں دیا۔ جب ڈاکٹر صاحب سے کسی سوال کا صحیح جواب بن نہیں پڑتا تو ان کی بے چارگی ایسی ہی ہوتی ہے۔ آیئے اب ہم مختصر اور جامع الفاظ میں انشورنس کے بارے میں بتاتے ہیں۔ جس سے سوال میں پوچھا گیا نقصان پورا کرنے کا پہلو بھی نمایاں ہو جائے گا۔

انشورنس انگریزی زبان کا لفظ ہے جسے اردو میں بیمہ اور عربی میں تامین کہتے ہیں آج کل اسے تکافل

Marfat.com

کا نام دیا گیا ہے۔ اصطلاحی معنی میں یہ کاروبار کی ایک ایسی شکل ہے۔ جس میں بیمہ پالیسی خریدنے والے کو اس کے مستقبل کے خطرات سے تحفظ اور غیر متوقع نقصانات کی تلافی کی ضمانت دی جاتی ہے۔ اور اگر بیمہ داروں میں سے کسی کا نقصان ہو جائے تو سب مل کر اس کی تلافی کرتے ہیں یہ تلافی بیمہ داروں کی جمع شدہ رقوم پر حاصل ہونے والے سود (جسے منافع کا نام دیا ہے) سے کی جاتی ہے۔

اب انشورنس کمپنی کی چند شرائط ملاحظہ ہوں۔

(۱) کسی بیمہ دار کو دو سال تک متواتر اقساط ادا کرنے پر اس کا اہل سمجھا جاتا ہے کہ وہ کمپنی سے اپنی جمع شدہ رقم کے مقابل کم شرح سود پر قرض لے سکے۔ (۲)۔ اگر کوئی بیمہ دار سود نہ لینا چاہے تو انشورنس کمپنی اس کی ادا شدہ رقم کو سودی کاروبار میں لگا دیتی ہے۔ اور مقرر شرائط کے مطابق مقررہ مدت کے بعد واپس کر دیتی ہے۔ (۳)۔ بیمہ دار اگر ایک معینہ رقم انشورنس کمپنی کو بالاقساط ادا نہ کرے یا اپنی بعض مالی مجبوریوں کی وجہ سے ادائیگی اقساط کا سلسلہ منقطع کر دے تو کمپنی (جو آپ سے ہمدردی اور خیر خواہی کا دعویٰ کرتی ہے) اس کی جمع شدہ رقم ضبط کر لیتی ہے۔ البتہ اگر وہ دوبارہ اقساط شروع کر دے تو دوبارہ بیمہ دار بن سکتا ہے۔ لیکن اقساط بند کر کے اپنی ادا شدہ رقم لینے کا حقدار نہیں ہوتا۔

(اب ترمیم شدہ قوانین کے تحت اگر بیمہ دار مسلسل تین سال تک اقساط کی باقاعدہ ادائیگی کرتا رہے تو اس کے بعد اقساط بند کرنے کی صورت میں اسے ادا شدہ رقم کا کچھ حصہ مل جاتا ہے۔ تمام رقم واپس نہیں ملتی)۔

مذکورہ بالا شرائط پر غور کریں تو یہ غیر شرعی طریقہ پر پرایا مال ہضم کرنے کی کوشش ہے۔ نہ ہمدردی ہے نہ خیر خواہی۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب نامعلوم کن احادیث صحیحہ کی بنا پر اسے جائز قرار دیتے ہیں۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو سرمایہ دارانہ نظام انشورنس از پروفیسر ڈاکٹر نور محمد غفاری)

## ☆ فضائل اعمال

(۱) ایک تقریر کے دوران ڈاکٹر ذاکر نائیک سے ایک خاتون نے سوال کیا کہ ہمارے علاقہ میں آج کل ایک نیا فرقہ وجود میں آیا ہے جس کے مرد چالیس دن تک تبلیغ کے لیے گھر سے باہر جاتے

Marfat.com

ہیں اور وہ ایک کتاب فضائل اعمال پڑھتے ہیں۔کیا ایسی کتاب کو پڑھنا چاہیے؟۔

(۲) میرا سوال ذاکر بھائی سے ہے کہ ہمارے یہاں اسلام کو ایک نیا نام دیا گیا ہے۔وہ تبلیغی جماعت کے نام سے مشہور ہے۔جس میں مسلمان سارے سارے دن اپنے گھروں کو چھوڑ کر مسجدوں کو جاتے ہیں اور پھر اس میں ایک ایسی کتاب پڑھی جاتی ہے جس کا قرآن وحدیث سے تعلق نہیں۔جھوٹی حدیثیں اس میں بھری ہوتی ہیں۔فضائل اعمال یا تبلیغی نصاب کے نام سے وہ مشہور ہے۔آپ اس کے بارے میں براہ مہربانی تھوڑا سا واضح کر دیں۔

جواب میں ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کہتے ہیں" حالانکہ ایسے سوال کا جواب میں اکثر دیتا نہیں ہوں۔لیکن یہ آخری سوال خواتین کی طرف سے ہے تو یہ نہیں کہنا کہ خواتین کے سوال کا جواب دے رہا ہوں۔یہ جو پوچھا تبلیغی جماعت جو ہے مسلمانوں میں ہندوستان میں خصوصاً۔تبلیغی نصاب پڑھتی ہے۔جس میں حدیثوں کا مکسچر ہے۔آپ صحیح فرماتی ہیں کہ تبلیغی نصاب یا فضائل اعمال جسے کہتے ہیں اس کے اندر۔جو مولانا فخریا صاحب (یہ ڈاکٹر صاحب کے اپنے الفاظ ہیں) نے لکھی تھی۔اس میں مکسچر ہے۔صحیح حدیث۔ضعیف بھی ہے۔موضوع بھی ہے۔کہانی قصہ بھی ہے۔تو اسے ساری حدیث کو ماننا اور ساری حدیث پر عمل کرنا صحیح نہیں۔ہمیں عمل کرنا چاہیے صرف صحیح حدیث پہ۔عمل کے لیے اگر آپ جاننا چاہیے ضعیف حدیث صحیح حدیث کے ساتھ مل کر صحیح ہو جاتی ہے وہ ٹھیک ہے۔لیکن موضوع حدیث یا ضعیف حدیث کو حجت قائم کرنا یہ اسلام اور شریعت کے خلاف ہے۔عمل کرنا ہے قرآن اور صحیح حدیث پہ۔علم کے لیے یہ جاننا چاہتے ہیں تو الگ بات ہے۔بعض مسلمان ایسی کتاب یا تبلیغی نصاب کو اہمیت دیتے ہیں جیسے قرآن سے زیادہ ہو۔ہمیں قرآن پر عمل کرنا چاہیے اور صحیح حدیث پر۔جیسے میں نے کہا بخاری ہے مسلم ہے۔ان کی ساری حدیث ماشاء اللہ۔آپ کو موضوع حدیث کی ضرورت ہی نہیں۔ساری حدیث صحیح ہے۔پھر آپ جا سکتے ہیں۔سنن ابوداؤد۔ترمذی۔ابن ماجہ یا سنن نسائی جن میں اکثر حدیثیں صحیح ہیں ساری نہیں باقی کتابوں سے۔ان کا مطالعہ کریں تو آپ کے علم میں اضافہ اور ہوگا۔جو کمپائل کرنے یا تحقیق کرنے کی غرض سے باقی

Marfat.com

کتابیں پڑھنا چاہتے ہیں تو اس میں حرج نہیں ہے۔اور سوال تھا چالیس دن۔میں قرآن کی کوئی آیت نہیں جانتا کہ لکھا ہو کہ چالیس دن کے لیے آپ کدھر جاؤ اور صحیح حدیث نہیں جانتا ہوں جس میں کہ لکھا ہو کہ چالیس دن کے لیے کام چھوڑ کے لیے جانا چاہیے یا گشت۔

☆ جواب میں ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں کہ فضائل اعمال میں موضوع حدیثیں ہیں۔ان پر عمل نہیں کرنا چاہیے۔ ڈاکٹر صاحب تعصب کا شکار ہیں اور اپنی تمام تقاریر میں ایک خاص فرقے کی ترجمانی کرتے ہیں۔یہاں بھی اسی روش پر چلتے ہوئے ایسا جواب دے رہے ہیں۔حالانکہ فضائل اعمال میں حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا رحمہ اللہ نے قرآن وسنت کے مستند مآخذ سے مضامین جمع کیے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ نے ان کی کتابوں کو ایسی قبولیت سے نوازا ہے کہ وہ ساری دنیا میں پڑھی اور پڑھائی جارہی ہیں۔

حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ نے فضائل اعمال میں لکھا ہے کہ ''اس جگہ ایک ضروری امر پر متنبہ کرنا بھی لابدی ہے۔وہ یہ کہ میں نے احادیث کا حوالہ دینے میں مشکوٰۃ۔تنقیح الرواۃ۔مرقاۃ۔احیاء العلوم کی شرح اور منذری کی ترغیب وترہیب پر اعتماد کیا ہے اور کثرت سے ان سے لیا ہے۔اس لئے ان کے حوالہ کی ضرورت نہیں سمجھی۔البتہ ان کے علاوہ کہیں سے لیا ہے تو اس کا حوالہ نقل کردیا''۔(فضائل قرآن۔از حضرت مولانا زکریا رحمہ اللہ۔صفحہ ۷)

فضائل نماز صفحہ ۹۶ کے آخر میں حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ آخری گذارش کے تحت فرماتے ہیں۔

''آخر میں اس امر پر تنبیہ ضروری ہے کہ حضرات محدثین کے نزدیک فضائل کی روایات میں توسع ہے۔اور معمولی ضعف قابل تسامح ہے۔باقی صوفیاء کرام رحمہم اللہ کے واقعات تو تاریخی حیثیت رکھتے ہی ہیں۔اور ظاہر ہے کہ تاریخ کا درجہ حدیث کے درجہ سے کہیں کم ہے''۔

فضائل درود صفحہ ۵۶ پر حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔''اگرچہ محدثانہ حیثیت سے ان پر کلام ہے لیکن یہ کوئی فقہی مسئلہ نہیں جس میں دلیل اور حجت کی ضرورت ہو۔مبشرات اور منامات ہیں''۔

Marfat.com

مندرجہ ذیل تفصیل سے معلوم ہوگا کہ فضائل اعمال کی احادیث معتبر ہیں۔حدیث کی سند کے راوی میں بنیادی طور پر دو ہی باتیں دیکھی جاتی ہیں۔حفظ اور عدالت۔راوی ایسا ہو کہ اس کا حافظہ اچھا ہو۔اور وہ نیکوکار ہو۔فاسق وفاجر نہ ہو۔اگر راوی میں ضعف حفظ کی وجہ سے ہے تو اس کو محدثین ضعف قریب کہتے ہیں کیونکہ متابعت یا شواہد سے ختم ہو جاتا ہے۔قرآن نے دو عورتوں کی گواہی کو ایک مرد کے برابر قرار دیا ہے۔اور وجہ یہ بتلائی کہ اگر ایک عورت بھول جائے گی تو دوسری یاد دلائے گی۔اس سے محدثین نے یہ اصول بنالیا کہ اگر ایک حدیث کی دو سندیں ہوں اور دونوں میں ایک راوی ایسا ہو کہ جس کا حافظہ کمزور ہو تو دونوں سندیں مل کر وہ حدیث صحیح مانی جائے گی۔اسی لیے شیخ الحدیث رحمہ اللہ بہت جگہ یہ فرما دیتے ہیں کہ یہ مضمون بہت سی روایات میں آیا ہے۔تاکہ معلوم ہو جائے کہ شواہد اور متابعات کی وجہ سے مقبول ہے۔ان روایات کو رد کرنا گویا قرآنی اصول کا انکار کرنا ہے۔

اگر راوی عادل نہ ہو تو اس کو ضعف شدید کہتے ہیں۔اس لیے احکام میں اس کی روایت حجت نہیں ہوتی مگر فضائل اور تاریخ میں سرے سے عدالت ہی شرط نہیں۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حدثوا عن بنی اسرائیل ولا حرج (بخاری جلد اول صفحہ ۴۹۱۔ترمذی جلد دوم صفحہ ۱۰۷) بنی اسرائیل سے روایت کرو کوئی حرج نہیں۔

جب ترغیب وترہیب کے واقعات کافروں تک سے روایت کرنے کی اجازت ہے تو یہ غیر عادل راوی کیا ان یہود سے بھی بدتر ہیں؟۔ہرگز نہیں۔پھر یہاں بھی جب کئی طریقوں سے روایت ہو اس کے بیان میں کوئی حرج نہیں۔ہاں احکام میں ایسے راویوں کی روایت حجت نہیں۔پس حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ نے جو روایات لی ہیں وہ قرآن پاک۔احادیث نبویہ اور محدثین کے اصولوں کیعین مطابق لی ہیں۔اور سب محدثین نے فضائل میں یہی طریق اختیار فرمایا ہے۔امام نوویؒ نے مقدمہ شرح مسلم صفحہ ۱۲۱ اور علامہ ابن تیمیہؒ نے اپنے فتاویٰ جلد ۱۸ صفحہ ۶۸ پر تصریح کی ہے کہ فضائل میں ضعاف مقبول ہیں۔(بحوالہ تجلیات صفدر۔جلد اول۔صفحہ ۵۱۷)

Marfat.com

امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی کتاب ''ادب المفرد'' میں ضعیف احادیث جمع کی ہیں۔ڈاکٹر صاحب کو اس پر کوئی اشکال نہیں۔علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے مسائل کی ایک کتاب بلوغ المرام کے نام سے لکھی ہے۔اورانہوں نے اس میں ستاسی (۸۷) احادیث کوضعیف لکھا ہے۔اس کتاب کو پڑھنے سے کوئی منع نہیں کرتا۔اور یہ مسائل کی کتاب ہے فضائل کی نہیں۔اگرابن حجر عسقلانیؒ جیسے محدث مسائل میں ضعیف حدیث لکھتے ہیں اور کسی کوکوئی اعتراض نہیں ہوتا تو فضائل میں کوئی ضعیف حدیث پیش کرنے پر کیوں اعتراض ہے؟۔

ڈاکٹر صاحب کو یہ بھی معلوم نہیں کہ فضائل اعمال کے مولف حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ کا نام ''مولانا فخریا'' نہیں بلکہ مولانا زکریا ہے۔

ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں کہ فضائل اعمال میں موضوع حدیثیں ہیں۔ان پر عمل نہیں کرنا چاہیے۔

اسے ڈاکٹر صاحب کے حسن فہم پر قیاس کریں یاان کی دیانت کشی پر محمول کریں کہ وہ اپنے دعوی کے موافق فضائل اعمال میں سے ایک بھی موضوع حدیث پیش کرنے سے قاصر رہے ہیں۔

## ☆ جہاد

جناب ذاکر نائیک اپنے خطاب اسلام انسانیت کے لئے رحمت ہے نہ کہ زحمت بمقام این ٹی آر سٹیڈیم حیدرآباد انڈیا 20 نئی 2006ء کے سوال وجواب کے سیشن میں کہتے ہیں کہ:

''اسلام کے ناقدین جو صحیح بخاری کتاب الجہاد حدیث نمبر 46 کو اچھالتے ہیں جس میں لکھا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو بھی مجاہد جہاد کے لئے جاتا ہے اگر وہ قتل ہو جاتا ہے تو وہ جنت میں جائے گا۔اگر وہ زندہ واپس لوٹتا ہے تو اسے اس دنیا کا مال ملتا ہے۔

اکثر مخالفین جن میں ارون اشوری بھی شامل ہے اس حدیث کو نشانہ بنا کر کہتے ہیں کہ یہ کیسا مذہب ہے۔لڑنے کو کہتا ہے۔لڑائی میں مرجاتے ہیں تو جنت ملتی ہے ورنہ اس دنیا کی دولت۔

اگر آپ بھگوت گیتا باب 2 شلوک 37 پڑھیں گے تو اس میں سری کرشن ارجن سے کہتا ہے۔''ارجن اُٹھو اور لڑو۔اگر قتل ہو جاؤ گے تو سورگ میں جاؤ گے۔اگر زندہ واپس لوٹو گے تو دنیا کی دولت ملے

Marfat.com

گی۔"

ہو بہو جو صحیح بخاری شریف میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا وہی سری کرشن ارجن سے کہتے ہیں۔ (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ 2 صفحہ 87)

جناب ڈاکٹر ذاکر نائیک اپنے خطاب اسلام انسانیت کے لئے رحمت ہے نہ کہ زحمت بمقام این ٹی آر سٹیڈیم حیدر آباد انڈیا 20 مئی 2006ء کے سوال و جواب کے سیشن میں کہتے ہیں کہ جہاد کے معنی یہ نہیں کہ کوئی بھی مسلمان جو بھی جنگ کرتا ہے وہ جہاد کے زمرے میں آتی ہے۔ خواہ اس کے پیچھے مقاصد کچھ بھی ہوں، اسے جہاد نہیں کہتے۔ لفظ "جہاد" نکلا ہے جہد سے۔ یعنی کوشش سے ماخوذ ہے۔ اور یہ اپنی خواہشات کے خلاف لڑنے کا نام بھی ہے۔ معاشرے کو سدھارنا جہاد ہے۔ جہاد بالنفس بھی ہے۔ جنگ کے میدان میں دفاعی جنگ لڑنے کو جہاد کہا گیا ہے۔

(خطبات ذاکر نائیک پارٹ 2 صفحہ 89)

## ☆ جہاد کی غلط تشریح

جناب ذاکر نائیک اپنی تقریر جہاد اور دہشت گردی اسلامی نقطہ نظر اور مستقبل کا منظر نامہ میں کہتے ہیں:

"دوسری سرِ فہرست غلط فہمی جو اسلام سے منسوب ہے وہ "جہاد" ہے۔ جہاں تک جہاد کے لفظی معنی اور مفہوم کا تعلق ہے تو اس حوالے سے نہ صرف غیر مسلم بلکہ مسلم بھی غلط فہمی کا شکار ہیں۔

مسلمان اور غیر مسلم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ایک مسلمان کسی بھی وجہ سے جو جنگ لڑتا ہے وہ جہاد کہلاتی ہے۔ خواہ وہ یہ جنگ اپنے ذاتی مفاد کی خاطر لڑتا ہے، خواہ اس جنگ کی وجہ رنگ و نسل یا توسیع پسندی ہو۔ خواہ اس جنگ کا محرک زبان ہو یا اس جنگ کا کوئی بھی دنیاوی مقصد ہو۔ اسے آنکھیں بند کر کے "جہاد" قرار دے دیا جاتا ہے۔ اور پھر غیر مسلم ہی نہیں، مسلمان بھی اس غلط فہمی کا شکار ہو چکے ہیں۔

اس غلط فہمی کی وجہ سے کسی بھی مسلمان ملک، گروہ یا انفرادی جنگ کو "جہاد" کی اصطلاح دے دی

Marfat.com

جاتی ہے جوایک بہت بڑی غلطی ہے۔

جہاد عربی لفظ جَـهْـدٌ سے ماخوذ ہے۔جس کا مطلب ہے کوشش کرنا، سعی کرنا، توانائی صرف کرنا، جدوجہد کرنا۔

1۔اسلامی نقطہ نظر سے جہاد سے مراد اپنی ذاتی خامیوں اور برائیوں کو دور کرنے کی کوشش کرنا ہے۔

2۔اسلامی اصطلاح میں جہاد سے یہ بھی مراد ہے کہ معاشرے کی فلاح و بہبود کے لئے کوشش اور جدوجہد کرنا۔

3۔اس کا یہ بھی مطلب ہے کہ میدانِ جنگ میں اپنے دفاع کی خاطر کوشش کرنا۔

4۔اس کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ ظلم وزیادتی اور جبر وتشدد کے خلاف جدوجہد کرنا۔

مثال کے طور پر اگر طالب علم امتحان میں کامیاب ہونے کے لئے محنت کرتا ہے تو عربی میں کہیں گے کہ وہ جہاد کر رہا ہے۔کوشش کر رہا ہے۔جدوجہد کر رہا ہے۔

اگر ایک ملازم اپنے مالک کو خوش کرنے کے لئے کام کر رہا ہے قطع نظر اس کے کہ وہ اچھا کر رہا ہے یا برا، اس اصطلاح کے مطابق وہ جہاد کر رہا ہے۔کوشش اچھی بھی ہوتی ہے اور بری بھی۔یعنی نیک کام کے لئے بھی انسان کوشش کرتا ہے اور برائی کے لئے بھی کوشش کی جاتی ہے۔اب آپ غور فرمائیں کہ جہاد کا مطلب کوشش ہے۔ایک سیاستدان عوام سے ووٹ لینے کی خاطر کوشش کرتا ہے۔اب وہ اچھا ہے یا برا لیکن عربی اصطلاح میں وہ جہاد کر رہا ہے۔جہاد کا مطلب کوشش ہے اور اس کے مفہوم اور مطلب کے حوالے سے لوگ بڑی حد تک غلط فہمی کا شکار ہیں۔اب مسلم ہوں یا غیر مسلم ان کا نظریہ ہے کہ جہاد تو صرف مسلمان ہی کر سکتے ہیں۔اور جہاد صرف انہی سے منسوب ہے۔قرآن پاک کی ایک آیت سے واضح ہوتا ہے کہ غیر مسلم بھی جہاد کر سکتے ہیں۔(طالب علم۔ملازم اور سیاست دان کا جہاد ڈاکٹر صاحب کے اپنے دماغ کی اختراع ہے۔جس کا اسلام یا جہاد کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔خلیق عفی عنہ)۔

ترجمہ:۔''اور ہم نے انسان کو اس کے والدین کے بارے میں تاکید کر دی ہے کہ اس کی ماں تکلیفوں

Marfat.com

پر تکلیفیں جھیل کر اسے پیٹ میں رکھتی ہے۔ پھر دو سال میں اس کا دودھ چھڑاتی ہے اور یہ کہ تُو میرا شکر ادا کیا کر اور اپنے ماں باپ کا بھی۔ آخر لوٹ کے میرے ہی ہاں آنا ہے۔'' (سورۃ لقمٰن سورۃ نمبر 31 آیت نمبر 14)

ترجمہ: ''لیکن اگر وہ تجھ پر زور دیں کہ میرے ساتھ اسے جس کا تجھے کوئی علم نہیں شریک کر تو ان کی بات نہ مان۔ مگر دنیاوی معاملات میں پسندیدہ طریقے پر ان کا ساتھ دے اور اس راہ پر چل جس کا رخ میری طرف ہے۔ پھر میری طرف ہی تم لوگوں کو آنا ہے۔ پھر میں تمہیں بتاؤں گا جو تم کیا کرتے تھے۔'' (سورۃ لقمٰن سورۃ نمبر 31 آیت نمبر 15)

ترجمہ: ''اور اگر ہم نے انسان کو والدین سے اچھا سلوک کرنے کی تاکید کی ہے لیکن اگر وہ تجھ پر زور ڈالیں کہ تُو میرے ساتھ اسے جس کا تجھے علم نہیں شریک بنائے تو ان کی بات نہ مان۔ میری طرف ہی تمہیں لوٹنا ہے۔ پھر میں تمہیں بتاؤں گا جو تم کیا کرتے تھے۔'' (سورۃ عنکبوت سورۃ نمبر 29 آیت نمبر 8)

ان آیات کے تناظر میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ غیر مسلم بھی جہاد کرتے ہیں۔

ترجمہ: ''ایمان والے اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں اور کافر باغیانِ خدا کی راہ میں لڑتے ہیں۔ سو تم شیطان کے حامیوں سے لڑو۔ بے شک شیطان کا داؤ کمزور ہوتا ہے۔'' (سورۃ النساء سورۃ نمبر 4 آیت نمبر 76)

یعنی ایمان والے اللہ کی راہ میں اور کفار شیطان کے لئے جہاد کرتے ہیں۔ لہٰذا جہاد ایک عربی لفظ ہے جس کا مطلب صرف ''کوشش کرنا'' ہے۔ اس تناظر میں وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں کوشش کرتے ہیں ان کی یہ کوشش ''جہاد فی سبیل اللہ'' کہلاتی ہے اور وہ لوگ جو شیطان کی خاطر کوشش کرتے ہیں ان کی یہ کوشش ''جہاد فی سبیل شیطان'' کہلاتی ہے۔

لہٰذا جہاد کی دو اقسام ہیں۔

1- جہادِ خیر..... اچھا جہاد 2- جہادِ شر..... برا جہاد

یعنی اچھے مقصد کے لئے جہاد یا کوشش کرنا اور مذموم مقصد کے لئے جہاد یا کوشش کرنا۔

Marfat.com

اگر ہم صرف اسلامی تناظر میں دیکھیں تو جہاد کی ایک ہی قسم ہے۔

☆ اللہ کی خاطر یعنی جہاد فی سبیل اللہ کرنا۔

☆ نیکی کی خاطر جہاد کرنا۔

☆ اصلاحِ معاشرہ کی خاطر جہاد کرنا۔

اسلام میں کسی برائی یا برے مقصد کی خاطر جہاد کرنے کا تصور تک بھی نہیں ہے۔ بلکہ اس میں علم کی خاطر جہاد ہے۔ حصولِ دین کی خاطر جہاد ہے اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشنودی حاصل کرنے کی خاطر جہاد ہے۔ اسلامی جہاد صرف اپنی ذاتی اصلاح اور فلاحِ انسانیت کے لئے ہے۔ اس لئے جب جہاد کا ذکر آتا ہے تو جہاد فی سبیل اللہ سے مذکور ہوتا ہے۔ یہ ایک ایسی غلط فہمی ہے جس کی بناء پر غیر مسلم اور مسلم دونوں نے ''جہاد'' کو ایک مقدس جنگ Holy War سمجھ لیا ہے۔ درحقیقت جب آپ قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہیں تو اس میں کہیں بھی مقدس جنگ کا لفظ استعمال نہیں کیا گیا۔ اس کے علاوہ آپ کو کسی بھی صحیح حدیث میں ''مقدس جنگ'' کا لفظ یا تذکرہ نہیں ملے گا۔

مقدس جنگ کے لئے عربی کا لفظ ''حرب مقدسہ'' ہوسکتا ہے جس کا مطلب Holy war ہوگا۔ یہ لفظ نہ تو قرآن حکیم میں مذکور ہے اور نہ یہ لفظ کسی صحیح حدیث مبارکہ میں موجود ہے۔ مقدس جنگ کا لفظ تو عیسائیوں اور یہودیوں کا خود سے بنایا ہوا ڈائیلاگ ہے جنہوں نے اسلام کے حوالے سے کتابیں لکھنا شروع کیں اور بدقسمتی سے بعد میں مسلم محققین نے بھی ترجمہ کرتے ہوئے جہاد کا مطلب ''مقدس جنگ'' لکھا۔ کتنی بدقسمتی کی بات ہے۔ اور اگر کوئی اسلام کے حوالے سے ایک غلطی کرتا ہے تو یہ قانون نہیں ہوجاتا۔ اور بدقسمتی سے بعض مسلم مشاہیر نے بھی جہاد کا ترجمہ مقدس جنگ یا Holy war سے کیا ہے جو سراسر غلط ہے۔

لڑائی کے لئے قرآن پاک میں جو لفظ استعمال کیا گیا ہے وہ قتال یعنی Fighting ہے۔ جس کا مطلب مارنا یا قتل کرنا ہے۔ پھر دیکھیں قتل اور لڑائی کی دو اقسام ہیں۔

Marfat.com

1۔اچھے مقصد کی خاطر لڑائی یا قتال۔ 2۔برے مقصد کی خاطر لڑائی یا قتال۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ترجمہ:۔"ایمان والے اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں اور کافر باغیانِ خدا کی راہ میں لڑتے ہیں۔سوتم شیطان کے حامیوں سے لڑو۔ بے شک شیطان کا داؤ کمزور ہوتا ہے۔" (سورۃ النساء سورۃ نمبر 4 آیت نمبر76)

ایمان والے اللہ تعالیٰ کی خاطر لڑتے ہیں اور کفار شیطان کی خاطر لڑائی کرتے ہیں تو ایمان والوں کو شیطان کے پیروکاروں کے خلاف لڑنے دو۔اس کا مطلب ہے برے لوگ شیطان اور شیطانی مقاصد کی خاطر لڑتے ہیں اور اچھے لوگ اللہ اور امن کی خاطر لڑتے ہیں۔لہٰذا جہاد کا مطلب کسی طور بھی "مقدس جنگ" نہیں ہے۔اور صرف قتال کا مطلب لڑائی کرنا ہے۔قتال فی سبیل اللہ کا مطلب ہے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی خاطر لڑنا۔اور قتال فی سبیل الشیطان کا مطلب ہے شیطان کی خاطر لڑنا۔

قرآن پاک میں جہاد کا لفظ کئی مقامات پر کئی حوالوں سے استعمال ہوا ہے۔یہ لفظ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کئی احادیث میں بھی استعمال فرمایا ہے۔

قرآن پاک میں آتا ہے:

ترجمہ:۔"اور اللہ کے لئے جہاد کرو جیسا کہ اس کے لئے جہاد کرنے کا حق ہے۔اسی نے تمہیں چن لیا ہے اور دین میں تم پر کوئی تنگی نہیں رکھی۔" (سورۃ الحج سورۃ نمبر22 آیت نمبر78)

ترجمہ:۔"جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی ہے اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا ہے وہ اللہ کے ہاں بہت ہی بڑے درجے والے ہیں اور وہی مرادیں پانے والے ہیں۔" (سورۃ توبہ۔سورۃ نمبر9۔آیت نمبر20)

چند فقروں کے بعد ذاکر نائیک کہتے ہیں:

"اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث مبارکہ ہے

ترجمہ:۔ "مجاہد وہ شخص ہے جو اللہ کی راہ میں جہاد (کوشش) کرتا ہے اور صرف اللہ ہی جانتا ہے

Marfat.com

کہ کون فی الحقیقت اس کی راہ میں خلوص نیت سے کوشش کرتا ہے۔ وہ اس شخص کی مانند ہے جو مسلسل روزے رکھتا اور عبادت کرتا ہے۔ اور اگر ایک مجاہد یعنی اللہ کی راہ میں کوشش کرنے والا اللہ کی راہ میں مارا جاتا ہے تو اسے جنت عطا کی جائے گی اور اگر وہ واپس آتا ہے تو اسے دنیا اور آخرت میں نیک صلہ ملے گا۔" (صحیح بخاری جلد چہارم حدیث نمبر 46)

ترجمہ:۔ "اور جو کوئی کوشش کرتا ہے تو صرف اپنی ذات کے لئے کوشش کرتا ہے۔ اللہ تو جہان والوں سے بے نیاز ہے۔" (سورۃ عنکبوت سورۃ نمبر 29 آیت نمبر 6)

چند فقروں کے بعد ذاکر نائیک کہتے ہیں:

"اسی طرح آپ کو بہت سی احادیث نبوی میں بھی یہی بات ملے گی اور جہاد کے موضوع پر بہت سے ارشادات نظر آئیں گے۔

ترجمہ:۔ "حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کیا ہمیں جہاد کے لئے نہیں جانا چاہئے؟ آپؐ نے فرمایا تمہارا بہترین جہاد مکمل حج ہے۔"
(صحیح بخاری جلد چہارم حدیث نمبر 2784)

ایک اور مقام پر صحیح بخاری کی حدیث شریف میں موجود ہے کہ:

ترجمہ:۔ ایک شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا۔ یا رسولؐ اللہ! کیا مجھے جہاد پر جانا چاہئے؟ (یعنی برے لوگوں کے خلاف لڑنے کے لئے؟) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ کیا تمہارے والدین حیات ہیں؟ اس نے جواب دیا۔ ہاں یا رسولؐ اللہ۔ آپؐ نے فرمایا۔ پھر ان کی خدمت تمہارے لئے بہترین جہاد ہے۔ (صحیح بخاری جلد چہارم حدیث 5792)

ایک اور موقع پر سنن نسائی شریف میں ہے:

ترجمہ:۔ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا۔ یا رسولؐ اللہ بہترین جہاد کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ بہترین جہاد جابر حاکم کے سامنے کلمہ حق یعنی سچ بات کرنا ہے۔ (سنن نسائی۔ حدیث نمبر 4209)

Marfat.com

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جہاد کا لفظ مختلف مقامات پر مختلف باتوں کے لئے استعمال کیا گیا ہے اور سب سے بہترین جہاد حج اکبر کو بھی قرار دیا گیا ہے۔

ایک موقع پر والدین کی خدمت کو جہاد قرار دیا۔

ایک موقع پر حج کو جہاد قرار دیا۔

ایک موقع پر جابر حاکم کے سامنے کلمہ حق بیان کرنے کو بہترین جہاد قرار دیا گیا۔

حضرت سعید بن ابان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ ''مجاہد وہ شخص ہے جو اللہ کی رضا کے حصول کے لئے اپنے خلاف لڑتا ہے (اپنی خواہشات کو زیر کرنے کے لئے اپنے آپ سے جنگ کرتا ہے) اور مہاجر وہ شخص ہے جو برائی سے اچھائی کی طرف ہجرت کرتا ہے۔''

اس سے ظاہر ہوا کہ جہاد کا لفظ مختلف مقامات اور صورت احوال کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اور اس خاص صورت کے مطابق اس کی تعریف ہوتی ہے۔ لہٰذا جہاد کے بارے میں صحیح طور پر جاننے کے لئے آپ کو قرآن پاک اور صحیح احادیث مبارکہ کا مطالعہ کرنا ہوگا۔

(اس کے بعد ذاکر نائیک ایک لڑکی اور ایک مرد کا فرضی مکالمہ بیان کرنے کے بعد کہتے ہیں)

اسی طرح سب سے بہترین، عمدہ اور مکمل جہاد یہ ہے کہ ان لوگوں تک سچائی کا پیغام پہنچایا جائے جو اس سے بے خبر ہیں۔ جو حق اور سچ سے غافل ہیں۔ انہیں غفلت کی نیند سے بیدار کیا جائے۔ سب سے بہترین جہاد نیکی کی دعوت دینا ہے۔ ان لوگوں کو نیکی کا پیغام دینا جو اس پیغام سے ناآشنا ہیں اور حق نہیں پہچانتے۔ (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ 2 صفحہ 110 تا 123)

ڈاکٹر صاحب ایک پروگرام گفتگو میں جہاد کے بارے میں کہتے ہیں کہ ''خلیفہ پوری دنیا میں ایک ہوگا۔ اس کے کہنے سے جہاد ہوگا ورنہ فرض نہ ہوگا۔ جدوجہد تو میں بھی کر رہا ہوں۔''

جناب ذاکر نائیک اپنی تقریر ''جہاد اور دہشت گردی۔ جہاد کا اصل مفہوم'' میں ایک جگہ کہتے ہیں:

Marfat.com

''جہاں تک جہاد فی سبیل اللہ کا تعلق ہے تو اس کے لئے واضح احکامات اور حالات موجود ہیں اور برے لوگوں سے جنگ کا حکم ہے۔اس حوالے سے قرآنی آیات اور حادیث مبارکہ موجود ہیں۔''

قرآن پاک کی سورۃ بقرہ سورۃ نمبر 2 آیت نمبر 190 تا 194 میں ہے۔

ترجمہ:۔''اور اللہ کی راہ میں لڑو ان سے جو تم سے لڑتے ہیں اور حد سے نہ بڑھو۔اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔اور کافروں کو جہاں پاؤ قتل کر دو اور انہیں وہاں سے نکال و جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا تھا۔اور ان کا فساد تو قتل سے بھی سخت ہے۔اور مسجد حرام کے پاس ان سے نہ لڑو جب تک وہ تم سے وہاں نہ لڑیں۔اور اگر تم سے لڑیں تو انہیں قتل کرو۔کافروں کی یہی سزا ہے۔ پھر اگر وہ باز رہیں تو بیشک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔اور ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فتنہ باقی نہ رہے۔اور ایک اللہ کی عبادت ہو۔پھر اگر وہ باز آئیں تو زیادتی نہ کرو مگر ظالموں پر۔ماہ حرام کے بدلے ماہ حرام اور ادب کے بدلے ادب ہے۔جو تم سے زیادتی کرے اس پر زیادتی کرو۔اتنی ہی جتنی اس نے کی۔اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ ڈرنے والوں کے ساتھ ہے۔'' (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ 2 صفحہ 131)

## ☆ لغت میں جہاد کا معنی

جہاد اسلام کی اصطلاح ہے ۔جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کی چوٹی کہا ہے۔جبکہ ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں ''کہ غیر مسلم بھی جہاد کرتے ہیں''۔ڈاکٹر صاحب نے جہاد کی اصطلاح کو بگاڑ کر دو نئی اصطلاحات ''اچھا جہاد۔برا جہاد'' متعارف کرائی ہیں۔اور اسے قرآن سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔جبکہ یہ تفسیر بالرائے کے زمرہ میں آتا ہے۔پھر فرماتے ہیں کہ جہاد کی ایک ہی قسم ہے ۔ ایک جگہ ڈاکٹر صاحب نے حج اکبر کو جہاد قرار دے دیا ہے ۔یوں محسوس ہوتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کی یہ تقسیم دینی اصطلاحات کو بگاڑنے کی بدترین کوشش ہے۔

نہ آتا ہوا گر مرنا تو جینا بھی نہیں آتا بہائے خوں کیا جس کو پسینہ بھی نہیں آتا

نیز جہاد کے بارے میں بخاری شریف میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کو کرشن ارجن

Marfat.com

کے بیان کے ساتھ ملانا بھی وحدت ادیان یا عالمی بھائی چارہ کا پرچار ہے۔

اسی طرح مسلم مشاہیر میں سے کسی نے بھی جہاد کا ترجمہ مقدس جنگ یا Holy war سے نہیں کیا بلکہ مودودی صاحب۔ وحیدالدین خان۔ محمد حسین بٹالوی اور ان جیسے غیر مقلدین نے اپنی تالیفات میں مسلم مشاہیر کی طرف نسبت کردی ہے چنانچہ ڈاکٹر صاحب نے بھی ان کی تقلید میں بغیر حوالہ اتنی لمبی تقریر کردی ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ان مشاہیر کا نام بھی بتا دیتے تا کہ معلوم ہوسکتا یہ مشاہیر انہی غیر مقلدین کے تو نہیں ہیں۔

☆ ڈاکٹر صاحب کا کہنا ہے کہ لفظ جہاد لڑائی کے معنی میں استعمال نہیں ہوتا۔ لہٰذا جہاد ایک عربی لفظ ہے جس کا مطلب صرف ''کوشش کرنا'' ہے۔ جبکہ مشہور نحوی خلیل بن احمد الفراہیدی جن کی مشہور کتاب ''کتاب العین'' ہے۔ جو اس وقت لغت کی اولین کتب میں سرفہرست ہے وہ جہاد کا معنی قتال یعنی لڑائی بتاتے ہیں۔

وجاهدتُ العدوَّ مُجاهدةً وهو قتالُك إيّاه۔

(كتاب العين ۔المؤلف :الخليل بن أحمد ۔حرف الهاء ۔باب الهاء والجيم والدال معهما۔)

دیگر لغویوں کی رائے ملاحظہ ہو۔

لغت کی معروف کتاب القاموس کی ضخیم شرح تاج العروس میں مرقوم ہے۔

والجِهَادُ بالكسر :القِتَالُ معَ العَدُوِّ كالمُجَاهَدة قال اللّٰه تعالى : " وجاهِدُوا فى اللّٰه "يقال جَاهَدَ العَدوَّ مُجاهدةً وجِهَاداً :قاتَلَه

(باب الدال المهملة ۔تاج العروس من جواهر القاموس ۔المؤلف :محمّد بن محمّد بن عبد الرزّاق الحسينى أبو الفيض الملقّب بمرتضى الزَّبيدى)

لسان العرب کے مصنف ابن منظور افریقی کی رائے ملاحظہ ہو۔

وجاهَدَ العدوَّ مُجاهَدة وجِهاداً قاتله

Marfat.com

(حرف الدال ۔لسان العرب ۔المؤلف :محمد بن مکرم بن منظور الأفریقی المصری)
القاموس المحیط میں بیان کردہ معانی بھی ملاحظہ ہوں۔وبالکسر:القِتالُ مع العَدُوِّ کالمُجاهَدَةِ۔
(فَصلُ الجیم۔ باب الدّال۔ القاموس المحیط ۔المؤلف :الفیروز آبادی)
ہم نے جہاد کے حقیقی معنی کتب لغت سے درج کر دیے ہیں۔جبکہ ڈاکٹر صاحب اس بات پر مصر ہیں کہ ''اسی طرح سب سے بہترین،عمدہ اور مکمل جہاد یہ ہے کہ ان لوگوں تک سچائی کا پیغام پہنچایا جائے جو اس سے بے خبر ہیں۔جو حق اور سچ سے غافل ہیں۔انہیں غفلت کی نیند سے بیدار کیا جائے۔سب سے بہترین جہاد نیکی کی دعوت دینا ہے''۔
دوسرے معنی میں ڈاکٹر صاحب یہ کہنا چاہتے ہیں کہ اسلام میں جہاد اپنے حقیقی معنی میں مستعمل نہیں۔ قادیانی۔غیر مقلدین۔مودودی صاحب اور ان کے دیگر ہم نوا بھی یہی بات کہتے ہیں۔غیر مقلدین کے ہم نوا جناب مودودی صاحب کا اعتراف اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔
حالانکہ مشکوۃ صفحہ ۲۲۱ پر بحوالہ بخاری و مسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ایک حدیث مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جہاد میں شریک ہونے کی اجازت چاہی۔آپ نے فرمایا تمہارا (یعنی عورتوں کا) جہاد حج ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ جہاد میں بہت سی تکلیفیں ہوتی ہیں ان کا برداشت کرنا عورتوں کے بس کا نہیں یہ کام مردوں کا ہے عورتیں اگر ان کاموں سے بڑھ کر زیادہ ثواب کا کام کرنا چاہیں جو اپنے گھروں میں رہ کر کرتی ہیں تو ان کو حج کرنا چاہیے۔ماسوائے اس کے کہ جہاد فرض عین ہو جائے تو مرد و عورت سب پر لازم ہے۔چنانچہ صحیح ابن خزیمہ میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا عورتوں پر بھی کسی طرح کا جہاد ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔عورتوں پر ایک ایسا جہاد ہے جس میں جنگ نہیں یعنی عمرہ اور حج
اگر جہاد سے مراد قتال یعنی لڑائی اور جنگ نہیں ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں کیوں فرمایا کہ عورتوں پر ایک ایسا جہاد ہے جس میں جنگ نہیں یعنی عمرہ اور حج۔
آیات قرآنی سے جہاد کا ثبوت بھی اگلے صفحات پر ملاحظہ فرمائیں

Marfat.com

مودودی صاحب کی کتاب تفہیمات جلد اول میں جہاد فی سبیل اللہ پر ایک تقریر بعنوان جہاد فی سبیل اللہ جو ۱۳۔ اپریل ۱۹۳۹ء کو یوم اقبال کے موقع پر ٹاؤن ہال لاہور میں کی گئی تھی۔ جو مسلسل شائع ہو رہی ہے،

# تفہیمات

## حصہ اوّل

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اطراف کے ممالک کو اپنے اصول و مسلک کی طرف دعوت دی، مگر اس کا انتظار نہ کیا کہ یہ دعوت قبول کی جاتی ہے یا نہیں، بلکہ قوت حاصل کرتے ہی رومی سلطنت سے تصادم شروع کر دیا۔

بعض معرکۃ الآرا مسائل اسلامی کی تشریح و توضیح

سید ابوالاعلیٰ مودودی

اسلامک پبلیکیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
۱۲-۱ی، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور (پاکستان)

# الجہاد فی الاسلام

سید ابوالاعلیٰ مودودی

ادارہ ترجمان القرآن، اچھرہ۔ لاہور

الجہاد فی الاسلام کے درج ذیل الفاظ پر غور فرمائیں کہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۳ برس تک عرب کو اسلام کی دعوت دیتے رہے، وعظ و تلقین کا جو موثر سے موثر انداز ہو سکتا تھا اسے اختیار کیا، مضبوط دلائل دیے، واضح حجتیں پیش کیں، فصاحت و بلاغت اور زورِ خطابت سے دلوں کو گرمایا، اللہ کی جانب سے محیر العقول معجزے دکھائے، اپنے اخلاق اور اپنی پاک زندگی سے نیکی کا بہترین نمونہ پیش کیا اور کوئی ذریعہ ایسا نہ چھوڑا جو حق کے اظہار و اثبات کے لیے مفید ہو سکتا تھا، لیکن آپ کی قوم نے آفتاب کی طرح آپ کی صداقت کے روشن ہو جانے کے باوجود آپ کی دعوت قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ حق ان کے سامنے خوب ظاہر ہو چکا تھا۔ انہوں نے برای العین دیکھ لیا تھا کہ جس راہ کی طرف ان کا ہادی انہیں بلا رہا ہے وہ سیدھی راہ ہے۔ اس کے باوجود صرف یہ چیز انہیں اس راہ کو اختیار کرنے سے روک رہی تھی کہ ان لذتوں کو چھوڑنا انہیں ناگوار تھا جو کافرانہ بے قیدی کی زندگی میں انہیں حاصل تھیں۔ لیکن جب وعظ و تلقین کی ناکامی کے بعد داعی اسلام نے ہاتھ میں تلوار لی اور الاکل ماثرۃ اودم اومال یدعی فھو تحت قدمی ھاتین (۱)، کا اعلان کر کے تمام موروثی امتیازات کا خاتمہ کر دیا، عزت و اقتدار کے تمام رسمی بتوں کو توڑ دیا، ملک میں ایک منظم اور منضبط حکومت قائم کر دی، اخلاقی قوانین کو بزور نافذ کر کے اس بدکاری و گناہ گاری کی آزادی کو سلب کر لیا

Marfat.com

# جہاد فی سبیل اللہ کے متعلق تفہیمات جلد اول میں بیان کی گئی رسولؐ اللہ اور خلفائے راشدینؓ کی پالیسی

اب تفہیمات جلد اول کے صفحہ ۹۱ کی درج ذیل عبارت دوبارہ مطالعہ فرمائیں۔

"یہی پالیسی تھی جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور آپ کے بعد خلفائے راشدین نے عمل کیا۔ عرب، جہاں مسلم پارٹی پیدا ہوئی تھی، سب سے پہلے اسی کو اسلامی حکومت کے زیر نگیں کیا گیا۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اطراف کے ممالک کو اپنے اصول و مسلک کی طرف دعوت دی، مگر اس کا انتظار نہ کیا کہ یہ دعوت قبول کی جاتی ہے یا نہیں، بلکہ قوت حاصل کرتے ہی رومی سلطنت سے تصادم شروع کر دیا۔ آنحضرت کے بعد جب حضرت ابوبکرؓ پارٹی کے لیڈر ہوئے تو انہوں نے روم اور ایران دونوں کی غیر اسلامی حکومت پر حملہ کر دیا اور پھر حضرت عمرؓ نے اس حملہ کو کامیابی کے آخری مراحل تک پہنچا دیا۔"

اس عبارت کو پمفلٹ بعنوان جہاد فی سبیل اللہ کے صفحات ۲۵ اور ۲۶ پر درج ذیل عبارت سے بدل دیا گیا ہے۔

پمفلٹ جہاد فی سبیل اللہ میں بیان کی گئی رسول اللہؐ اور خلفائے راشدینؓ کی پالیسی

"یہی پالیسی تھی جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور آپؐ کے بعد خلفائے راشدین نے عمل کیا۔ عرب، جہاں مسلم پارٹی پیدا ہوئی تھی۔ سب سے پہلے اسی کو اسلامی حکومت کے زیر نگیں کیا گیا۔ اس کے بعد رسول اللہؐ نے اطراف کے ممالک کو اپنے اصول و مسلک کی طرف دعوت دی۔ پھر جب ان کے برسر اقتدار لوگوں نے اس دعوتِ اصلاح کو رد کر دیا تو آپؐ نے ان کے خلاف جنگی کارروائی کا تہیہ کر لیا۔ غزوہ تبوک اسی سلسلہ کی ابتداء تھی۔ آنحضرتؐ کے بعد جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پارٹی کے لیڈر ہوئے تو انہوں نے روم اور ایران دونوں کی غیر اسلامی حکومتوں پر حملہ کیا۔ پھر حضرت عمرؓ نے اس حملے کو کامیابی کے آخری مراحل تک پہنچا دیا۔"

اس تبدیلی کی ضرورت کا احساس کب ہوا؟ اور کس نے یہ تبدیلی کی ہے؟ اس کا جواب فراہم کرنا مذکورہ کتاب اور پمفلٹ شائع کرنے والے ادارہ ہی کی ذمہ داری ہے۔

Marfat.com

## مدنی آیاتِ جہاد کل آیات ۵۵۸

| بقرہ ۳۵ | ال عمران ۶۲ | نساء ۴۲ | مائدہ ۲۰ | انفال ۷۵ | توبہ ۱۲۹ | حج ۱۷ | نور ۴ | احزاب ۲۲ | محمد ۳۸ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۹ | ۱۲ | ۸۵ت۶۹ | ۲ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | ۲۴ت۱۹ | ۵۳ | ۲۷ت۶۹ | مکمل سورۃ |
| ۱۱۴ | ۱۳ | ۹۱ت۸۸ | ۳ | | | ۳۱ت۳۸ | ۵۴ | ۶۰ | |
| ۱۵۷ت۱۵۳ | ۲۸ | ۱۰۳ت۹۴ | ۱۳ت۱۱ | | | ۵۵ | ۵۵ | ۶۱ | |
| ۱۷۷ | ۱۱۲ت۱۱۰ | ۱۲۷ت۱۲۸ | ۲۶ت۲۰ | | | ۶۲ت۵۸ | ۶۲ | ۶۲ | |
| ۱۹۵ت۱۹۰ | ۱۲۹ت۱۱۸ | | ۳۵ | | | ۷۸ | | | |
| ۲۰۷ | ۱۷۵ت۱۳۹ | | ۵۶ت۵۱ | | | | | | |
| ۲۱۸ت۲۱۴ | ۲۰۰ت۱۹۴ | | ۸۲ | | | | | | |
| ۲۲۹ | | | | | | | | | |
| ۲۵۲ت۲۴۳ | | | | | | | | | |
| ۲۶۱ | | | | | | | | | |
| ۲۷۲ | | | | | | | | | |
| ۲۷۳ | | | | | | | | | |
| ۲۸۶ | | | | | | | | | |

| فتح ۲۹ | حجرات ۵ | حدید ۴ | مجادلہ ۹ | حشر ۱۷ | ممتحنہ ۱۳ | صف ۱۴ | منافقون ۱۱ | تحریم ۱ | عادیات ۸ | نصر ۳ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مکمل سورۃ | ۶ | ۱۰ | ۱۴ت۲۲ | ۱ت۱۷ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | ۹ | ۱ت۸ | مکمل سورۃ |
| | ۹ | ۱۱ | | | | | | | | |
| | ۱۰ | ۱۹ | | | | | | | | |
| | ۱۴ | ۲۵ | | | | | | | | |
| | ۱۵ | | | | | | | | | |

## مدنی اشاراتِ جہاد کل آیات ۳۱

| بقرہ ۵ | ال عمران ۱۸ | مائدہ ۸ |
|---|---|---|
| ۳۰ | ۱۴ | ۵۷ |
| ۳۶ | ۱۵ | ۵۸ |
| ۵۸ | ۱۹ | ۵۹ |
| ۵۹ | ۲۶،۲۷ | ۶۰ |
| ۸۹ | ۵۵ | ۶۱ |
| | ۵۶ | ۶۲ |
| | ۸۱ | ۶۳ |
| | ۱۰۰ت۱۰۴ | ۶۷ |
| | ۱۲۰ت۱۳۴ | |

Marfat.com

# مکّی قصص واشاراتِ جہاد — کل آیات ۷۰

| نحل | بنی اسرائیل | کہف | انبیاء | فرقان | نمل | قصص | عنکبوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | ۱ | ۱۵ | ۳ | ۱ | ۲۴ | ۱ | ۵ |
| ۱۱۰ | ۸۱ | ۸۳تا۹۷ | ۱۸ | ۵۲ | ۲۳تا۴۶ | ۸۵ | ۲ |
| ۱۲۶ | | | ۴۴ | | | | ۳ |
| | | | ۱۱۲ | | | | ۵ |
| | | | | | | | ۶ |
| | | | | | | | ۶۹ |

| روم | سبا | صافات | ص | مؤمن | طور | مزمل | بلد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | ۱ | ۳ | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ |
| ۱تا۷ | ۱۱ | ۱۷۲ | ۳۱ | ۵۵ | ۴۷ | ۲۰ | ۲ |
| | | ۱۷۳ | | | | | |
| | | ۱۷۷ | | | | | |

## اشاراتِ جہاد
## حضرت لاہوری رحمہ اللہ — کل آیات ۱۹۳

| بقرہ | ال عمران | نساء | مائدہ | نور | عنکبوت | روم | حجرات | حدید |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | ۷ | ۴ | ۱ | ۱ | ۶۹ | ۶۰ | ۱۸ | ۲۹ |
| ۱۱۰ | ۱۴ | ۸۵ | ۳۲ | ۵۷ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ |
| ۱۸۷ | ۱۵ | ۱۱۰ | | | | | | |
| ۱۹۶ | ۱۳۰ | ۱۵۰ | | | | | | |
| ۲۱۹ | ۱۳۱ | | | | | | | |
| ۲۲۰ | ۱۳۲ | | | | | | | |
| | ۱۳۳ | | | | | | | |
| | ۱۳۴ | | | | | | | |

(بحوالہ فتح الجواد فی تفسیر آیات الجہاد)

Marfat.com

## ☆ ذاکر صاحب کو نصاریٰ اور ہندوؤں سے کوئی شکایت نہیں

جناب ذاکر نائیک اپنی تقریر ''جہاد اور دہشت گردی۔ جہاد کا اصل مفہوم'' میں ڈاکٹر رچرڈ ڈینی ہائنز جنوبی ہندوستان میں چنائی (شہر) کے لئے امریکی کونسل جنرل کی تقریر کی تائید کرتے ہیں جس نے ان کی تقریر سے پہلے تقریر کی۔

''میں (ذاکر نائیک) ذاتی طور پر ڈاکٹر رچرڈ ہائنز کی اس بات سے اتفاق کروں گا کہ امریکی قوم اسلام کے خلاف نہیں ہے۔ میں خود کئی بار امریکہ جا چکا ہوں اور امریکی عوام مجموعی طور پر اسلام کے خلاف نہیں ہے۔ اور یہی بات میرے ہندوستانی بھائیوں پر بھی صادق آتی ہے کہ مجموعی طور پر ہندو اسلام کے خلاف نہیں ہیں۔ بلکہ چند ہندوؤں کا ایک گروہ اپنے ذاتی مفادات کی خاطر اسلام کے خلاف پراپیگنڈا کر رہا ہے۔ اسی طرح چند یورپین بھی ذاتی اور سیاسی مقاصد کے لئے اسلام کو ہدفِ تنقید بنا رہے ہیں۔ ورنہ عوام الناس کو اسلام سے کوئی شکایت نہیں۔ میں اتفاق کرتا ہوں کہ امریکی عوام اور انڈین عوام مجموعی طور پر اسلام کے خلاف نہیں ہیں۔ صرف تھوڑے سے انتہا پسند اسلام کے خلاف ہیں اور بدقسمتی سے یہی لوگ میڈیا پر چھائے ہوئے ہیں۔''

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ 2 صفحہ 125)

☆ جس امریکی فوج نے افغانستان و عراق کو تباہ و برباد کر دیا کیا وہ مریخ سے آئی تھی؟ مدارس پر بمباری۔ مساجد کی بربادی۔ معصوم بچوں اور بے گناہ عوام پر ڈرون حملے شاید ڈاکٹر صاحب کی لغت کے مطابق اسلام کی محبت میں کئے جا رہے ہیں دشمنی میں نہیں۔ امریکہ میں مسلمانوں کو کتنی دشواریوں کا سامنا ہے اس کی تفصیل مشہور کالم نگار یاسر محمد خان صاحب نے ہفت روزہ ضرب مومن کراچی میں اپنے کئی کالموں میں لکھی ہے۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور 11 / جولائی 2009ء آخری صفحہ پر یہ دو خبریں نمایاں جگہ موجود ہیں۔

''آسٹریلیا پرتھ کی عدالت نے اسلامی مرکز میں جمعہ پر پابندی عائد کر دی کیونکہ نماز جمعہ کی وجہ سے لوگوں کا اجتماع ہو جاتا ہے اور علاقہ میں موجود تمام کار پارکنگ اپنے استعمال میں لے آتے ہیں''۔

Marfat.com

"مسلم اکثریتی علاقہ اروچی چین میں نماز جمعہ پر پابندی لگادی۔ مظاہرہ کرنے والوں کو گرفتار کرنے کے لیے ہیلی کاپٹروں کا استعمال کیا۔ گذشتہ روز مسلم اکثریتی صوبہ سنکیانگ میں بھی بعض مساجد بند کرنے پر مسلمانوں نے مظاہرہ کیا۔ اور جمعہ ادا نہیں کرنے دیا گیا"۔

مساجد کا بند کیا جانا ڈاکٹر صاحب کے فلسفہ کے مطابق نفرت کا نہیں تو کیا ان غیر مسلموں کی اسلام دوستی کا ثبوت ہے؟ کیا مغربی ممالک میں نماز جمعہ کی اجازت نہ دینا کفار کے تعصب کی علامت نہیں؟۔

ڈاکٹر ذاکر صاحب نے اسلامی جہاد کی ترجمانی نہیں کی بلکہ اپنے مغربی آقاؤں کے نظریات کو پیش کیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے اوپر درج کیے گئے چار تقریری حوالوں میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ غیر مقلدین کے عقائد سے ہم آہنگ ہے۔ ملاحظہ فرمایئے:

## ☆ انگریز اور غیر مقلدیت

انگریز جس کے اقتدار میں برصغیر میں مسلمانوں کا جینا دوبھر تھا۔ غیر مقلدین پر نوازشات برسا رہا تھا۔ لامذہبیت کے اس علم بردار فرقہ کو انگریزوں نے ہی وجود بخشا اور اسی نے پروان چڑھایا ورنہ انگریزوں سے پہلے اس جماعت کا کوئی نام ونشان نہیں تھا۔ نواب صدیق حسن خان صاحب کی مشہور کتاب "ترجمان وہابیہ" کا خلاصہ یہ ہے "بھوپال کے حکام ہمیشہ "مذہبی آزادی" (غیر مقلدیت) کے لئے کوشاں رہے۔ کیونکہ یہی برطانوی حکومت کا مقصود ومطلوب ہے..... ہمیں اعتراف ہے کہ برطانوی حکومت ہی "حکومت عالیہ" ہے میں نے ہر جگہ ہر ایک کو۔ پہلے بھی انصاف کی نظر سے دیکھا تو اس نتیجہ پر پہنچا کہ کسی ایک (مسلمان) کو بھی محض تہمت اور بہتان کی بنیاد پر سزا نہیں دی گئی ہے..... حکومت برطانیہ نے "مذہبی آزادی" کے واسطے وظائف جاری کر دیئے ہیں (ترجمان وہابیہ صفحہ ۲)

## ☆ مذہبی آزادی سے مراد

آپ خود اندازہ کر لیجئے یہ "مذہبی آزادی" جو غیر مقلدیت سے عبارت ہے کس کے ٹکڑوں پر پل کر جوان ہوئی ہے۔ آگے فرماتے ہیں "برطانوی حکومت سے بغض وہی رکھتا ہے جو

Marfat.com

''مذہبی آزادی'' سے بغض رکھتا ہے۔اور اپنے پیروں (پاؤں) میں آبادؤاجداد سے منقول کسی خاص مذہب (تقلید) کی بیڑیاں ڈال رکھی ہیں (ترجمان وہابیہ صفحہ۵) یہ اشارہ احناف کی طرف ہے جو ظالم انگریز کے خلاف برسر پیکار تھے جب کہ غیر مقلدین ان سے اپنے روابط مضبوط کر رہے تھے۔

چنانچہ نواب صدیق حسن خان صاحب آگے لکھتے ہیں۔مروجہ مذاہب سے ہماری آزادی حکومت برطانیہ کا عین مطلوب ومقصود ہے (ترجمان وہابیہ صفحہ۲۰)

جب انگریز کی طرف سے مسلمانوں پر طرح طرح کے مظالم ڈھائے جارہے تھے اور شعائر اسلام کی ادائیگی میں رکاوٹیں کھڑی کی جارہی تھیں تو برصغیر میں سب سے پہلے حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی حنفی رحمہ اللہ نے ہندوستان کو دارالحرب ہونے کا فتویٰ دیا۔

چنانچہ اس فرقہ لامذہبیہ کے شیخ الکل نواب صدیق حسن خان صاحب لکھتے ہیں

''مسلمانوں کے لئے جائز نہیں ہے کہ حکومت کی مخالفت کریں اور ہندوستان کی موجودہ حالت انہیں اجازت بھی نہیں دیتی کہ اس ملک کے دارالامن بلکہ دارالاسلام ہونے میں شک کریں'' (ترجمان وہابیہ صفحہ۸)

مزید لکھتے ہیں ''یہ بات ثابت ہوگئی کہ یہ ملک دارالاسلام ہے تو یہاں جہاد کا کیا معنی؟ بلکہ جو شخص اس حکومت کے خلاف جہاد کا ارادہ بھی کرے تو وہ گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے'' (ترجمان وہابیہ صفحہ ۱۵)

''نادانوں نے اپنے دین ومذہب کی رو سے برطانوی حکومت کو اکھاڑ پھینکنے اور فتنہ وفساد کے ذریعہ ملک کا امن وامان (جو تخت برطانیہ کے سائے میں حاصل ہے) غارت کرنے کی جو تحریک چلا رکھی ہے اور جس کا نام ان لوگوں نے (خوش فہمی سے) جہاد رکھ رکھا ہے۔حقیقت یہ ہے کہ یہ تحریک ان جاہلوں کی سخت حماقت اور بدترین جہالت کا خمیازہ ہے''۔(ترجمان وہابیہ صفحہ۷)

ان کے نزدیک شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ جاہل اور احمق تھے جنہوں نے جہاد کا سب سے پہلے فتویٰ جاری کیا تھا۔نواب صدیق حسن خان صاحب مزید لکھتے ہیں۔''انقلاب کے زمانہ میں انگریزوں سے جو جنگیں ہوئیں وہ قطعاً شرعی جہاد کہلانے کی مستحق نہ تھیں۔کیونکہ ان کی وجہ سے برطانوی

Marfat.com

حکومت کے عہد میں لوگوں کو جو امن وامان اور چین وسکون حاصل تھا اس میں زبردست خلل واقع ہوا"۔(ترجمان وہابیہ صفحہ ۱۸)

(مسلمانوں کی طرف سے) "انقلاب کے زمانہ میں جو بغاوت رونما ہوئی اسے جہاد وہی کہہ سکتا ہے جو اپنے دین کی حقیقت سے جاہل اور ناواقف ہو"۔(ترجمان وہابیہ صفحہ ۵۴)

☆ غیر مقلدین نے انگریزوں کے خلاف جہاد میں کبھی حصہ نہیں لیا

نواب صدیق حسن صاحب نے تحریک جہاد سے اپنی جماعت کی لاتعلقی کا اعلان یوں کیا ہے "کسی نے کبھی نہ سنا ہوگا کہ موحدین متبعین سنت اور قرآن وحدیث کی راہ چلنے والوں میں سے کسی ایک نے بدعہدی کی ہو یا کسی قسم کی شرانگیزی اور بغاوت میں حصہ لیا ہو۔ جن لوگوں نے اس انقلاب میں شرکت کی۔ شر وفساد کی کاروائی کی اور برطانوی حکومت سے عناد رکھا وہ سب احناف مقلدین تھے نہ کہ متبعین حدیث (ترجمان وہابیہ صفحہ ۱۵)

طائفہ لامذہبیہ کے شیخ الکل کے اس بیان پر تبصرہ کی ضرورت نہیں۔ وہ خود کہہ رہے ہیں کہ انگریزوں کے خلاف مسلمانوں کی تحریک جہاد میں غیر مقلدین کا کوئی حصہ نہیں ہے۔

اسی طائفہ محدثہ لامذہبیہ کے ایک دوسرے امام میاں نذیر حسین دہلوی صاحب جو تمام زندگی انگریزوں کی وفاداری اور خوشہ چینی میں مصروف رہے اور دوسری طرف مجاہدین کو نقصان پہنچانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ ان کے احوال پر ایک ضخیم کتاب "الحیاۃ بعد المماۃ" اسی طائفہ کے ایک بزرگ شیخ فضل حسین بہاری نے لکھی ہے۔ فرماتے ہیں "میاں صاحب برٹش ایمپائر کے وفادار تھے۔ ۱۸۵۷ء کے انقلاب میں دہلی کے اکثر علماء نے انگریزوں سے جہاد کرنے کا فتویٰ صادر کیا تو میاں صاحب اس فتویٰ پر دستخط نہ کرنیوالوں میں شامل تھے۔ اور اس انقلاب کی بابت کہا کرتے تھے "کوئی جہاد تھوڑے ہی تھا یہ تو ایک ہنگامہ اور فساد تھا۔ ہم اس فتوے پر مہر کیا لگاتے ہم نے اس پر دستخط بھی نہیں کیے" (الحیاۃ بعد المماۃ صفحہ ۷۶۔ از شیخ فضل حسین بہاری غیر مقلد)

یہ میاں نذیر حسین صاحب کی صرف ذاتی رائے نہ تھی بلکہ اس جماعت لامذہبیہ کے

Marfat.com

درجن سے زائد چوٹی کے علماء کا اختیار کردہ موقف تھا۔ جو تاریخ کے صفحات پر ثبت ہے،

## ☆ جہاد کی منسوخی

اس فرقہ محدثہ لامذہبیہ کے ایک اور بزرگ مولوی محمد حسین بٹالوی صاحب نے پہلے والوں کو بھی مات کر دیا اور جہاد ہی منسوخ کر دیا۔ انہوں نے ایک کتاب الاقتصاد فی مسائل الجہاد لکھ کر اپنے انگریز آقاؤں کی خدمت میں پیش کر دی جسے انگریزوں نے عربی اور انگریزی ترجمہ کروا کر بڑی تعداد میں شائع کیا۔ اور پورے عالم اسلام میں پھیلایا۔ جس کا اقرار اسی کتاب کے صفحہ ۲ اور ۳ پر موجود ہے۔ لکھتے ہیں ''یہ گمان غلط اور فاسد ہے کہ مسلمان حکومت سے بغاوت کرتے ہیں ہرگز نہیں۔ مسلمان جب تک کتاب وسنت اور فقہ پر عمل پیرا رہیں گے ان سے یہ عمل صادر ہو ہی نہیں سکتا''۔ (صفحہ ۲۵ الاقتصاد فی مسائل الجہاد)

لکھتے لکھتے انگریزوں کے ساتھ وفاداری کا جذبہ اس حد تک جوش مارنے لگا کہ ایک مقام پر پہنچ کر مسلم مجاہدین پر یوں برستے ہیں۔ ''جن لوگوں نے ۱۸۵۷ء کے انقلاب میں حصہ لیا وہ سب سخت معصیت کے مرتکب ہوئے اور قرآن وحدیث کی رو سے مفسد۔ باغی اور فاجر وفاسق قرار پائے''
(الاقتصاد فی مسائل الجہاد صفحہ ۴۹)

## ☆ انگریزوں سے وفاداری

ان دنوں انگریزوں کو اپنی وفاداری کی یقین دہانی کراتے ہوئے انہی محمد حسین بٹالوی صاحب نے اپنے ماہانہ رسالہ اشاعت السنہ شمارہ ۹ جلد نمبر ۸ کے صفحہ نمبر ۲ پر لکھا۔ ''اس بات پر کہ جماعت اہل حدیث سرکار برطانیہ کی مخلص اور وفادار ہیں۔ سب سے قوی اور روشن دلیل یہ ہے کہ یہ جماعت اسلامی ملکوں میں بود باش اختیار کرنے کی نسبت اس سرکار کے زیر سایہ رہنے کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں اور ہم نے اس کو تاریخی شہادتوں سے ثابت کر دکھایا ہے''۔

ڈپٹی نذیر احمد دہلوی غیر مقلد کے بیٹے بشیر الدین احمد دہلوی غیر مقلد لکھتے ہیں۔ ''ملک معظم جارج پنجم قیصر ہند ؎ تم سلامت رہو ہزار برس ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار

Marfat.com

(فہرست مضامین مقدمہ فرامین سلاطین صفحہ ۵۰)

نیز لکھتے ہیں۔ ''یہ زمانہ بھی عدل وانصاف اور امن عام کا ہے۔ دور انگلشیہ کئی اعتبار سے خداوند تعالیٰ کی خاص نعمت ہے۔ ہم پر جارج پنجم جیسا ملک معظم حکمران ہے جس کے عہد معدلت مہد میں ہم میٹھی نیند سوتے ہیں۔ شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں۔ ہم اعتراف احسان مندی میں کہتے ہیں

ب تم سلامت رہو ہزار برس ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار

(فرامین سلاطین صفحہ ۲۸۵)

غیر مقلدین کے ایک اور مؤرخ جعفر تھانیسری صاحب لکھتے ہیں۔ ''حالانکہ وہابیوں سے کسی انگریز کا قتل تو کجا کبھی خلاف تہذیب بات سرزد نہیں ہوئی.....الخ۔ (کالا پانی)

غیر مقلدین کے نواب بہادر یار جنگ مولوی چراغ علی جس نے مرزا قادیانی کو اپنے مضامین کے ذریعہ براہین احمدیہ کے لیے مدد دی۔ نیز اسے شائع کرنے لیے اس وقت ۱۰۰ روپے چندہ بھی دیا۔ اس وقت مردم شماری میں اپنے آپ کو غیر متعصب ظاہر کرنے کے لیے بیوی کے خانے میں شیعہ اور اپنے اور اپنے بیٹوں کے خانے میں صفر صفر لکھا۔ (یعنی نہ میں سنی نہ میں شیعہ بلکہ لامذہب) یہ سرسید سے متاثر تھا۔ معمولی تعلیم کے ساتھ انگریزوں کی کاسہ لیسی کر کے کلرک سے فنانشل سیکرٹری تک پہنچا اور باقاعدہ تعلیم حاصل کئے بغیر انگریزی میں مہارت حاصل کر کے اکثر کتابیں انگریزی میں لکھیں۔ تحقیق الجہاد بھی انگریزی میں لکھی۔ جسے انگریزوں نے شائع کروایا اور سرکاری خطابات سے نوازا۔ (بحوالہ چند معاصرین از مولوی عبدالحق ناشر اردو اکیڈمی سندھ کراچی)

اس تعلق اور وفاداری کے صلہ میں انگریزوں کی طرف سے ان غیر مقلدین کو سرکاری تمغے۔ ایوارڈ اور جاگیریں حاصل ہوئیں۔ اس کے ساتھ ایک بڑا فائدہ انہیں یہ حاصل ہوا کہ جماعت وہابی سے آناً فاناً اہل حدیث بن گئی۔

سیرت ثنائی کے غیر مقلد مورخ عبدالمجید صاحب سوہدروی نے صفحہ ۳۷۲ پر اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے کہ ''مولوی محمد حسین بٹالوی نے اپنے اخبار اشاعت السنہ کے ذریعہ اہل حدیث حضرات کی

Marfat.com

زبردست خدمت کی۔ سرکاری رجسٹروں اور فائلوں سے ''وہابی'' نام کاٹ کر ''اہل حدیث'' انہی کی کوششوں سے لکھا گیا۔ بٹالوی صاحب نے سرکار کی کوئی بہت بڑی خدمت انجام دی جس کے صلہ میں مولانا کو بشکل جاگیر سرکاری انعام سے نوازا گیا''۔

غیر مقلدین کو ''وہابی'' سے کیوں چڑ تھی اس کا ذکر چودھری رفیق کے باب میں صفحہ 164 پر موجود ہے۔

اب نواب صدیق حسن خان صاحب کے فخریہ الفاظ بھی ملاحظہ ہوں۔ ''ہمارے علم میں اس جماعت سے زیادہ (جسے اہل حدیث وسنت کہتے ہیں اور جو کسی خاص مذہب کی مقلد نہیں) سرکار برطانیہ کے تئیں مخلص وخیر خواہ۔ امن وعافیت کی خواہاں۔ نیز سرکار کے آئین وسیاست کا احترام اور اس کے احسانات کا اعتراف کرنے والی کوئی جماعت نہیں۔ (ترجمان وہابیہ مولفہ نواب صدیق حسن خان صفحہ ۵۸)

## ☆ انگریزوں کی برکت کا اعتراف

غیر مقلدین کے نامور مؤرخ مرزا حیرت دہلوی سیرت حضرت شاہ اسماعیل شہید رحمہ اللہ میں لکھتے ہیں۔

''گورنمنٹ خود جانتی ہے کہ اس کی سلطنت کی برکتوں کو فرقہ اہل حدیث نے کس قدر تسلیم کر لیا ہے اور اس کے کیسے فرماں بردار مطیع اس گروہ کے لوگ ہیں۔ ان پر کیا ہندوستان کے کل مسلمان اپنی گورنمنٹ کا ساتھ دیتے ہیں اور کبھی ان کارروائیوں میں شریک نہیں ہوتے جو گورنمنٹ کے خلاف سمجھی جاتی ہیں''۔ (حیات طیبہ صفحہ ۳۱۰)

نیز لکھتے ہیں۔ ''خدا ہماری روشن دماغ گورنمنٹ کو اس کے کاموں میں برکت دے کہ جب تک وہ ایک معاملہ کی خوب تحقیقات نہیں کر لیتی اس میں ہاتھ نہیں ڈالتی''۔ (حیات طیبہ صفحہ ۳۶۹)

ثناء اللہ امرتسری صاحب لکھتے ہیں۔ ''اگرچہ مایاں جماعت اہلحدیث زیر سایہ سرکار انگریزی بامن وعافیت ہستیم''۔ (اہلحدیث کا مذہب صفحہ ۸)

Marfat.com

## ☆ وحدت ادیان

جناب ذاکر نائیک صاحب سوال و جواب کے سیشن اسلام انسانیت کے لئے رحمت نہ کہ زحمت بمقام این ٹی آر سٹیڈیم حیدر آباد انڈیا 20 مئی 2006ء میں کہتے ہیں:

ہندوؤں کے وید اور بھگوت گیتا میں لکھا ہے کہ بت پرستی حرام اور غلط ہے۔ بھگوت گیتا باب نمبر 7 شلوک نمبر 20 میں لکھا ہے:

''جو کوئی انسان جو پیسے کے پیچھے بھاگتا ہے وہ غلط خدا کی عبادت کرتا ہے۔ بت پرستی کرتا ہے۔''

ہندوؤں کے وید میں کئی شلوک ہیں جن میں بت پرستی کی سختی سے ممانعت کی گئی ہے۔ میں مذہب تبدیل کرنے کو نہیں کہتا بلکہ کہتا ہوں کہ اپنے مذہب پر پختگی سے عمل کرو۔ اس کے آگے آپ کے (ہندوؤں کے) وید میں لکھا ہے کہ کئی رشی آئیں گے۔ انتم رشی آئیں گے اور لکھا ہے کہ انتم رشی کا جو بھی کہنا ہے اسے مانو۔ تو اگر آپ سچے ہندو ہیں تو آپ کو آخری رشی جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کہا ہے اور جو پیغام دیا ہے وہ ہے قرآن۔ اس کے اوپر عمل کرنا آپ کے اوپر فرض ہے۔ اگر آپ نہیں کریں گے تو آپ اچھے ہندو ہو ہی نہیں سکتے۔ میں کب کہہ رہا ہوں کہ اپنا مذہب بدلو۔ میں کہتا ہوں کہ اپنے مذہب پہ پختگی سے عمل کرو۔ اور جب عمل کریں گے تو آپ کو ایک اللہ کو، آخری پیغمبر اور آخری پیغام یعنی قرآن کو ماننا ہوگا۔'' (بحوالہ خطبات ذاکر نائیک پارٹ نمبر 2 صفحہ 83)

یہاں ڈاکٹر صاحب نے بے اختیار اپنے غلط عقیدے وحدت ادیان کا اظہار کر دیا۔ (وحدت ادیان بہائیوں کا عقیدہ ہے۔ جس کا ذکر اسی کتاب کے صفحہ..... پر ہے)۔

عقیدہ وحدت ادیان کے ابطال کے لیے بکر بن عبد الله أبو زید کی کتاب "الإبطال لنظرية الخلط بين دين الإسلام وغيره من الأديان" ملاحظہ فرمائیں۔

موصوف کے بقول ایک ہندو اپنے ہندو ہونے کی باوجود مسلمان ہو سکتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر ہندومت درست ہے تو ڈاکٹر صاحب ہندوؤں کو مسلمان ہونے کی تلقین کیوں کر رہے ہیں؟۔

☆ ڈاکٹر صاحب وحدت ادیان کا گمراہ کن واسطہ اپنائے ہوئے ہیں۔ اپنی تقاریر میں عالمی بھائی

Marfat.com

چارہ کی رٹ لگائے رکھتے ہیں۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اسلامی بھائی چارہ قائم کیا تھا۔جسے ''مواخات'' کا نام بھی دیا جاتا ہے۔لیکن ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب عالمی بھائی چارہ کی نئی اصطلاح متعارف کروا رہے ہیں۔اس کے پیچھے کیا عزائم کارفرما ہیں آیئے ان کا تھوڑا سا جائزہ لیں۔ یہ بہائیوں کا خاص عقیدہ ہے۔

لیکن اس سے پہلے ہم آپ کی معلومات کے لئے ہندو مذہب کی کچھ تفصیل پیش کر رہے ہیں جو ڈاکٹر صاحب کے اس عقیدہ کو سمجھنے میں مدد دے گی جسے وہ عالمی بھائی چارہ کے نام سے بیان کر رہے ہیں۔

## ☆ہندو مذہب کے منابع

ہندو مذہب کے چھ منابع ہیں۔

(۱)شروتی۔سنی سنائی باتیں۔یہ رشیوں (منتر بنانے والے شاعر) کا کلام ہے۔اس میں چاروں وِید(رگ وید۔ یجروید۔سام وید۔اتھروید) شامل ہیں۔ان کے علاوہ آیوروید(طب کی معلومات)۔ سرپ وید(سانپ کی معلومات) ۔پشاج وید(چڑیلوں کی معلومات) ۔ اسرویدا(شیطانوں کی معلومات) دھرویدا(تیرکمان کی معلومات)۔اتہاس وید(تاریخ کی معلومات)۔پران وید(قصے کہانیاں) کو بھی وید کا نام دیا گیا ہے۔

(۲)سمرتی۔جسے روایت درروایت یاد کیا جائے۔شروتی کے بعد اس کی سب سے زیادہ اہمیت ہے۔اس کی بنیاد ویدوں کی تعلیمات پر ہے۔اس میں دوسرے درجے کی کتابیں اپنشد شامل ہیں۔

(۳)اتہاس۔یہ قدیم آریہ قوم کی تاریخ ہے۔اس میں رزمیہ نظمیں۔رامائن اور مہابھارت شامل ہیں۔

(۴)پران۔یہ وید کی تعلیمات کو عام کرنے کے لیے لکھی گئیں۔کل اٹھارہ پران ہین۔ان میں بھگوت اور وشنو پران سب میں معتبر ہیں۔

(۵)اگم۔اس میں عوامی سطح کی دینیاتی مقالے۔پوجا کے بارے میں عملی ہدایات اور شیومت۔شکتی

Marfat.com

مت اور وشنومت فرقوں کے بنیادی عقائد درج ہیں۔

(۶) درشن ۔اس کے معنی روشنی یا دیکھنا ہے۔اس میں چھ کتابیں شامل ہیں۔نیایہ۔ویششک۔ سانکھیہ۔یوگ۔تمیما مسا۔وید

ہندو مذہب کے بنیادی ماخذ میں گوو ید۔اپنشد۔بھگوت گیتا اور مندرجہ بالا چھ درشن شامل ہیں۔

ہندو مذہب کی کتاب (تیتریہ برہمن ۲،۸،۸،۵) میں ہے کہ رشی منتروں کے بنانے والے ہیں۔

رگ وید سب سے پرانا وید ہے ۔اس میں دیوی دیوتاؤں کو مخاطب کر کے ان سے التجائیں کی ہیں۔یجر وید کو رگ وید سے اخذ کیا گیا ہے۔اس میں وہ گیت شامل ہیں جو دیوتاؤں کے چڑھاوے کے موقع پر گائے جاتے ہیں۔سام وید یہ بھی رگ وید سے ماخوذ ہے۔اس میں وہ گیت شامل ہیں جو خاص مواقع پر گائے جاتے ہیں۔اتھر وید بھی رگ وید سے ہی اخذ کیا گیا ہے۔اس کا زیادہ تر حصہ جادو سے متعلق ہے۔اور قدیم آریہ قوم کے تمدن پر مشتمل ہے۔(ہندوازم مرتبہ پروفیسر گووند داس۔صفحہ ۹۳)

ہندوازم کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا اصل وید گم ہو گیا تھا جیسا کہ مہابھارت شانتی پروشلوک ۱۳۴۷۵ میں لکھا ہے کہ وہ اُسر (جن) جنہوں نے برہما جی کو دنیا پیدا کرنے میں مدد دی تھی وید کو چرا کر لے گئے۔اسی پرو کے شلوک ۱۳۵:۶ میں لکھا ہے کہ وشنو پران ۱۲:۲:۳ میں ہے کہ چار ریگوں کے آخر پر ویدوں کا گم ہو جانا کل یُگ (کائنات) کا حادثہ ہوا۔تو سات رِشی (منتر بنانے والے شاعر) آسمان سے ظاہر ہوئے اور انہوں نے پھر ان کو جاری کیا۔

پرفیسر گووند داس نے لکھا ہے۔''ہم نہایت آسانی سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ کتابیں جو آج ہمارے پاس موجود ہیں دیاس کے مرتب کردہ نسخہ کے مطابق نہیں ہیں۔اس لیے کہ روایات کی رو سے دیاس بھی کئی ہو گزرے ہیں۔اور اس کے علاوہ ویدوں سے کئی اور ترتیب دہندگان ۔سہنتا لٹریچر جو آج ہمارے پاس ہے وہ تو اس مجموعہ کا پانچواں حصہ بھی نہیں جو آج کے قریب ۲۲۰۰ سال پیشتر مہابھارت کے زمانہ میں موجود تھا''۔(ہندوازم۔صفحہ ۸۴)

Marfat.com

ویدوں کے الہامی نہ ہونے کا اقرار خود ہندوؤں کے بڑوں نے کیا ہے۔ چنانچہ وید سے متعلق کتاب سروانوکرمنی میں لکھا ہے کہ جس کا کلام ہے وہ رِشی ہے۔ یعنی کلام الہامی نہیں بلکہ رِشیوں کا ہے۔

پنڈت ستیہ درت شری نے اپنی تصنیف ویدترئی پریچے کے صفحہ ۴۷ پر لکھا ہے۔ ایسے ہی بلاشک وشبہ یہ بات صحیح ہے کہ ہمارے بزرگ رشیوں نے ہی ویدوں کو تصنیف کیا۔

سوامی ہری پرشاد۔ لالہ لاجپت رائے۔ بھائی پرمانند ایم اے وغیرہ بھی ویدوں کو الہامی نہیں مانتے۔ صرف اپنے بزرگوں کی یادگار سمجھ کر اس کی حفاظت کرنا ضروری سمجھتے تھے۔ (ہندو سنگھٹن۔ مرتبہ بھائی پرمانند ایم اے)

پنڈت رادھا کرشن مشہور پروفیسر ہندو فلاسفی بنارس یونیورسٹی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ صداقت کے بارہ میں ان کے قیاسات اس قدر گوناگوں اور خدا کے متعلق ان کے خیالات اس قدر مختلف ہیں کہ ہر شخص کو یقیناً ان میں جو چاہتا ہے ہر قسم کا خیال جو تلاش کرتا ہے ان میں مل جاتا ہے۔ (فلاسفی آف اپنشدز۔ صفحہ ۱۶)

پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنی کتاب میں لکھا ہے۔ بہت سے ہندو ویدوں کو الہامی کتاب سمجھتے ہیں یہ میرے نزدیک ہماری بڑی بدقسمتی ہے کیونکہ اس طرح ان کی حقیقت ہم سے اوجھل ہو جاتی ہے۔

وید صرف اس زمانہ کی معلومات کا مجموعہ ہیں۔ وہ بہت سی چیزوں کا غیر مرتب شدہ ذخیرہ ہیں۔ دعائیں، قربانی کی رسومات، جادو، نیچرل شاعری وغیرہ (دی ڈسکوری آف انڈیا صفحہ ۷۷)

جس دیوتا سے کوئی تمنا پوری ہونے کی آرزو کر کے رشی نے اس کی تعریف کی وہ اس منتر کا دیوتا کہلاتا ہے۔ (نرکت: ۷:۱)

ویدوں میں خالص توحید نہیں پائی جاتی۔ اور پرمیشور کا تصور جو ویدوں نے پیش کیا وہ انسانی ذہن کا تراشیدہ ہے۔ وید کے سوکتوں کے اوپر ایک تو دیوتا کا نام ہے اور دوسرے کسی رشی کا۔ دیوتا وہ ہے جس کی تعریف یا پرستش کا ذکر اس سوکت میں موجود ہے۔ رشی اس کا مصنف ہے۔ ویدوں میں دیوتاؤں کی تعداد مختلف ہے۔ یجروید میں لکھا ہے کہ کل دیوتا ۳۳ ہیں۔ ۱۱ زمین پر۔ ۱۱ آسمان پر۔

Marfat.com

اورا اجنت میں۔رگ وید منڈل ۱۰ سوکت ۵۲ منتر ۶ میں لکھا ہے کہ کل دیوتا ۳۳۳۹ ہیں۔دیوتاؤں کی یہ کثرت شرک فی الذات (اللہ کی ذات) نہیں تو اور کیا ہے۔

مہابھارت ہندو لٹریچر میں بہت بلند مقام پر ہے۔ہندوؤں کا نظریہ یہ ہے کہ جو کوئی اس کتاب کا ایک حصہ بھی پڑھ لے اس کے تمام گناہ دھل جاتے ہیں۔اس تالیف میں کوروؤں اور پانڈوں کی باہمی جنگ اور بھارت کی تاریخ کا ذکر ہے۔ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق رامائن کا مصنف وشنو (بھگوان) ہے۔اور رام چندر اس کا اوتار (دیوتا) ہے۔رامائن میں رام چندر کی لڑائیوں کا ذکر ہے۔جو اس نے لنکا کے بادشاہ راون سے اپنی بیوی سیتا کو چھڑانے کے لیے لڑی تھیں۔ ہندوؤں میں رامائن کا پڑھنا باعث ثواب ہے۔اسے گوشائیں رام چرترمانس تلسی داس جی نے ہندی زبان میں اکبر بادشاہ کے دور میں لکھا تھا۔جو لوگ سنسکرت نہیں جانتے وہ رامائن پڑھتے ہیں۔

ویدوں کے بعد دوسرے درجہ کی کتابیں اپنشد ہیں۔بعض ہندو سوامیوں نے اپنشدوں کو ویدوں پر فوقیت دی ہے۔(راجہ موہن رائے کے لیکچرز۔منڈک اپنشد منڈک اول کھنڈا منتر ۶:۴ چھاندگیہ اپنشد ریپاٹھک۔کھنڈا ۱،۲۔پشتھ برہمن کانڈ ۱۰۔ادھیاء ۳۔برہمن ۵۔کھنڈ ۱۲)

اپنشد کے معنی گرو کے خطبات کا مجموعہ ہے

اپنشد کے نظریہ کے مطابق خالق کسی خارجی مادے سے دنیا کو پیدا نہیں کرتا بلکہ خود اپنے اندر سے پیدا کرتا ہے۔جبکہ قرآن مجید کی رو سے خالق و مخلوق کی ماہیت ایک نہیں ہو سکتی۔

پران کے معنی قدیم کے ہیں۔ان کی تعداد اٹھارہ ہے اور ان میں آٹھ لاکھ سے زیادہ اشعار ہیں۔یہ کتابیں ویدوں سے زیادہ قدیم ہیں۔مختلف اوقات میں متفرق لوگوں نے ان میں اضافے بھی کیے ہیں۔ان میں آریا اور ہندوؤں کے قبائل۔پرستش۔حکومتی خاندانوں کی تاریخ۔مختلف فرقوں کے دیوتاؤں اور مذہبی قوانین کی تفصیل درج ہے۔یہ ہندوؤں میں مستند اور سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتابیں ہیں۔

پران عام دستیاب ہے اور آسان فہم جبکہ وید میں مشکل زبان استعمال ہوئی ہے۔

Marfat.com

ہندو مذہب میں ویدانگ (وید کے بازو اور ٹانگیں) ان کتابوں کو کہا جاتا ہے۔ جو ہندوؤں کے مجموعہ قوانین دھرم سوتر اور دھرم شاستر پر مشتمل ہیں۔ سوتر کا مطلب دھاگہ ہوتا ہے۔ چونکہ ان کے ذریعہ مذہب اور اس کے ماننے والوں کا آپس میں ایک رشتہ ہوتا ہے۔ وقت کے تقاضوں کے تحت نئے سوتر بھی تخلیق کیے گئے۔ ان میں منو کا دھرم شاستر یا منوسمرتی زیادہ مشہور ہے۔

ویدک مذہب میں بے شمار دیوی دیوتا ہیں۔ برہمنوں نے ان میں تبدیلی کر کے تین بڑے دیوتا مقرر کیے۔ براہمہ۔ شیوا۔ وشنو۔ پھر ان کے تحت بے شمار دیوی دیوتا اور اوتار مقرر کر دیئے۔

براہمہ ہندوؤں کا پہلا دیوتا ہے اور اس کا درجہ ہندو تثلیث میں سب سے اعلیٰ ہے۔ ہندو اسے ایک روح مطلق اور قائم بالذات سمجھتے ہیں۔ وشنو ہندوؤں کا دوسرا دیوتا ہے۔ یہ معجزانہ کام سرانجام دیتا ہے۔ اس کی روح انسانوں اور جانوروں میں حلول کرتی ہے۔ شیو دیوتا نیست و نابود کرنے کی طاقتوں کا مالک ہے۔

ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ وشنو جی کئی بار مختلف شکلوں میں دنیا میں اوتار بن کر آیا۔ اب تک نو اوتار آچکے ہیں۔ دسواں اوتار باقی ہے۔ (۱) مچھ اوتار۔ (۲) کورم اوتار۔ (۳) براہ اوتار۔ (۴) نرسنگھ اوتار۔ (۵) وامنہ اوتار۔ (۶) پرسرام اوتار۔ (۷) رام چندر اوتار۔ (۸) کرشن چندر اوتار۔ (۹) بودھ اوتار۔ (۱۰) کلکی اوتار ایک برہمن ہوگا۔ دنیا میں فتنہ و فساد ختم کر دے گا۔ ملیچھوں یعنی مسلمان۔ عیسائی اور یہود وغیرہ کا غلبہ باقی نہ رہے گا۔ اس کا بہترین دور ہوگا۔ بھگوت گیتا کا اصل نام بھگتو گیتا اپنشد ہے۔ یعنی بھگوان کے سربستہ رازوں کا اظہار۔ یہ کتاب مہابھارت کے باب ۲۵ تا ۴۲ پر مشتمل ہے۔ یہ کرشن چندر اوتار کی تصنیف ہے۔ اس میں کرشن اور ارجن کے مابین مکالمے ہیں۔ بھگوت گیتا کا خلاصہ یہ ہے کہ مصائب اور تکالیف سے کس طرح نجات حاصل کی جاسکتی ہے۔ اور ایشور کی ذات سے کیسے وصل حاصل کر سکتے ہیں۔ پنڈت جواہر لال نہرو صاحب لکھا ہے آج ہر فلسفہ اور فکر مدعی گیتا ہی کو اپنی توجہات کا مرکز بنائے ہوئے ہیں۔ اور ہر ایک اپنے اپنے مطلب کے مطابق تفسیر کر رہا ہے۔ (حتیٰ کہ) گاندھی جی (اگر) اپنے عقیدہ اہمسا کی بنیاد گیتا پر

Marfat.com

رکھتے ہیں تو ایسے لوگ بھی ہیں جو ہما (تشدد) اور جنگ کا جواز بھی اسی سے ثابت کرتے ہیں۔ (دی ڈسکوری آف انڈیا۔ صفحہ ۸۳)

محترم مولانا پروفیسر حافظ غازی احمد صاحب دامت برکاتہم سابق پرنسپل کالج بوچھال کلاں ضلع جہلم پاکستان جو پہلے کرشن لال کے نام سے پہچانے جاتے تھے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے انہیں ایمان کی روشنی عطا فرمائی تو انہوں نے اللہ کے قرآن کو اپنے سینہ میں محفوظ کیا۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کو درس نظامی کی صورت میں باقاعدہ حاصل کیا۔ عصری علوم میں پنجاب یونیورسٹی لاہور سے کئی ایم اے کئے۔ پھر ترقی کرتے کرتے کالج کے پرنسپل بن گئے۔ ان کا اپنے سابقہ مذہب کے بارے میں گہرا مطالعہ تھا۔ انہوں نے اسلام اور ہندومت کے نام سے ایک کتاب لکھی۔ جس میں ہندوؤں کی بت پرستی اور ان کے شرم ناک قسم کے عقائد بیان کئے تھے۔ لیکن ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب صرف سرسری مطالعہ کے زور پر ہندوؤں کو موحد ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔

ہندو مذہب کو چھوڑ کر اسلام قبول کرنے والے حضرت مولانا پروفیسر غازی احمد صاحب دامت برکاتہم اپنی کتاب "میرا قبول اسلام" (من الظلمات الی النور) کے حصہ ہندومت اور اسلام میں فرماتے ہیں۔

"ہندوؤں کی مشہور مذہبی کتب "سمرتی۔ منوسمرتی۔ پران۔ اپ پران۔ بھگوت گیتا۔ رامائن والمیکی ورامائن تلسی داس اور مہابھارت" کے متعلق مہاہندو جناب سوامی دیانند کے ارشادات ستیارتھ پرکاش میں ملاحظہ فرمائیں۔ نمونہ کے لئے چند حوالے پیش خدمت ہیں"۔

۱۔ بہت سی ویاس وغیرہ مہرشیوں کے نام سے من گھڑت غیر ممکن افسانوں سے پُر (بھرپور) کتابیں بنائیں۔ ان کا نام پران رکھ کر کتھا بھی سنانے لگے۔ (صفحہ ۴۰۲۔ ۱۱:۳۹)

۲۔ سب تنتر گرنتھ۔ پران۔ اپ پران۔ بھاشا۔ رامائن تلسی داس۔ رکمنی منگل وغیرہ اور دیگر سب بھاشا گرنتھ یہ سب طبع زاد اور باطل کتابیں ہیں۔

تھوڑا سا سچ تو ہے لیکن بہت سا جھوٹ بھی ملا ہوا ہے۔ پس جیسے کہا گیا ہے یعنی عمدہ سے عمدہ کھانے کی

Marfat.com

چیز بھی اگر زہر آلود ہو تو لائق پھینک دینے کے ہے ویسے ہی یہ کتابیں ہیں۔(صفحہ ۹۱۔۹۲۔۳/۱۰۸)

۳۔ واہ رے بھاگوت کے بنانے والے لال بجھکڑ کیا کہنا تجھ کو ایسی ایسی جھوٹی باتیں لکھنے میں ذرا بھی شرم وحیا نہ آئی۔ محض اندھا ہی بن گیا۔(صفحہ ۴۳۳۔۴۷۴/۱۱)

۴۔ انچاس کروڑ یوجن (یوجن چار کوس کا ہوتا ہے) اس قسم کی جھوٹی باتوں کا پوڑا بھاگوت گیتا میں لکھا ہے کہ جس کا کچھ حد وحساب نہیں۔(صفحہ ۴۳۸۔۴۷۵/۱۱)

۵۔ کچھ کچھ ملاوٹی شلوکوں کو چھوڑ کر منوسمرتی ہی وید کے مطابق ہے اور کوئی سمرتی نہیں۔ ایسا ہی دیگر کتابوں کا حل سمجھ لو۔(صفحہ ۱۵۷۔۱۵۱/۴)

۶۔ سمرتیوں میں سوائے ایک منوسمرتی کے سب سمرتیاں جھوٹ کا مرکب ہیں۔اور منوسمرتی میں بھی تحریف شدہ شلوک ہیں۔(۹۱۔۱۸/۳)

☆حضرت مولانا پروفیسر غازی احمد صاحب دامت برکاتہم نے اپنی کتاب کے حصہ ہندومت اور اسلام میں ویدوں کے چند حوالے نقل فرمائے ہیں۔

۱۔ اتھروید کانڈ ۳۔سوکت ۲۰۔منتر ۴ میں لکھا ہے۔

ترجمہ: اپنی حفاظت کے لئے ہم سومارا جا۔اگنی۔ادتی کے فرزند سورج۔وشنو برہما اور برہسپتی کو پکارتے ہیں۔

۲۔ اتھروید کانڈ ۱۔سوکت ۳۰۔منتر ۳ میں لکھا ہے۔

ترجمہ: جو دیوتا آسمان میں اور جو زمین میں اور طبقہ وسطیٰ میں۔نباتات میں۔حیوانات میں۔ سمندروں اور دریاؤں کے پانیوں میں ہیں وہ ہماری عمر کو بڑھاپے تک لمبا کریں اور موت کو دور رکھیں۔

۳۔ یجروید ادھیائے ۱۳۔منتر ۶ میں سانپوں کو سجدہ کرنا لکھا ہے۔

ترجمہ: زمین میں رہنے والے سانپوں کو سجدہ قبول ہو۔اور جو سانپ ہوا میں یا آسمان پر ہیں ان کو ہمارا سجدہ ہے۔

Marfat.com

۴۔ اتھروید کانڈ ۱۰۔ سوکت ۴۔ منتر ۲۳ میں ناگ دیوتا کی پرستش کرنا لکھا ہے۔

ترجمہ: جو آگ سے پیدا ہوتے ہیں۔ نباتات سے پیدا ہوتے ہیں اور جو پانیوں اور بجلی میں پیدا ہوتے ہیں اور جن کی اقسام مختلف اور بڑی بڑی ہیں ان سب قسم کے سانپوں کو ہم سجدہ کرتے ہیں۔

رالف ٹی۔ ایچ۔ گرفتھ مترجم وید نے بھی آخری فقرے کا ترجمہ یوں ہی کیا ہے:

"These serpents we will reverently worship"

۵۔ اتھروید کانڈ ۱۰۔ سوکت ۱۰۔ منتر ۱ میں لکھا ہے۔

ترجمہ: تجھ پیدا ہوتی ہوئی کو ہمارا سجدہ قبول ہو اور پیدا ہوئی ہوئی کو نمسکار ہو۔ اے بانجھ گائے تیرے بالوں اور کھروں کو بھی ہمارا سجدہ قبول ہو۔

۶۔ اتھروید کانڈ ۱۲۔ سوکت ۱۔ منتر ۲۶ اور ۴۲ میں زمین کو سجدہ کرنا لکھا ہے۔

ترجمہ اس پرتھوی یعنی زمین کو ہمارا سجدہ قبول ہو جو دھاتوں کے اپنے گربھ (حمل) میں دھارن کرنے والی ہے۔ جس سے پانچ پرکار (اقسام) کے انسان برہمن۔ کھشتری۔ ویش۔ شودر اور پانچویں نشاد (جنگلی لوگ) اُپتن (پیدا) ہوتے ہیں۔ اس بھومی کو سدا ہمارا نمسکار (سجدہ) ہو۔

۷۔ اتھروید کانڈ ۱۴۔ سوکت ۲۔ منتر ۴۶ اور رگوید ۱۰۔ ۸۵۔ ۱۷ میں دولہا میاں کا سارے دیوی دیوتاؤں کو سجدہ کرنا مرقوم ہے۔

ترجمہ: سوریا دیوی اور متر اور ورن وغیرہ سب دیوتاؤں کو میں اس جگہ سجدہ کرتا ہوں۔

۸۔ اتھروید کانڈ ۱۷۔ سوکت ۱۔ منتر ۲۲۔ ۲۳ میں سورج کو معبود تسلیم کیا گیا ہے۔

ترجمہ: اے سورج دیوتا! تجھے چڑھتے وقت سجدہ ہو۔ چڑھتے ہوئے کو سجدہ ہو۔ چڑھے ہوئے کو سجدہ ہو۔ تجھ وراٹ۔ سوراٹ۔ سمراٹ کو سجدہ ہو۔ غروب ہوتے وقت تجھے سجدہ ہو۔ غروب ہوتے ہوئے تجھے سجدہ ہو۔ غروب ہوئے ہوئے تجھے سجدہ ہو۔ وراٹ۔ سوراٹ۔ سمراٹ کو ہمارا سجدہ قبول ہو۔

۹۔ یجروید ادھیائے ۱۶۔ منتر ۲۴ میں گھوڑوں اور کتوں کی پرستش ملاحظہ ہو۔

ترجمہ: مجلسوں اور مجلسوں کے مالکوں کو بار بار نمسکار ہے۔ گھوڑوں اور گھوڑوں والوں کو بھی بار بار

Marfat.com

سجدہ ہو۔ کتوں کو سجدہ قبول ہو۔ اور کتوں کے مالکوں کو بھی سجدہ ہو۔

۱۰۔ اتھر وید کانڈ ۱۔ سوکت ۲۵۔ منتر ۴ میں بخار دیوتا جی مہاراج کو سجدہ کرنا تحریر ہے۔

ترجمہ: سردی والے بخار کو سجدہ قبول ہو۔ گرمی والے رورونامی بخار کو بھی میں سجدہ کرتا ہوں۔ روزانہ ۔دوسرے اور تیسرے دن آنے والے بخار کو میرا سجدہ قبول ہو۔

۱۱۔ اتھر وید کانڈ ۵۔ سوکت ۷۔ منتر ۳۔۹۔۱۰۔ اور سوکت ۲۴ ملاحظہ فرمائیں۔ کیا اسی کو بھگوان کی وحدت کہا جاتا ہے۔

ترجمہ: اراتی دیوی کو سجدہ ہو۔ اس سنہری بالوں والی رتی دیوی کو سجدہ ہو۔ اراتی دیوی میں نمسکار کرتا ہوں۔ سوتا دیوتا حاملہ عورتوں کا مالک ہے۔ وہ میری رکشا کرے۔ اگنی دیوتا جو نباتات کا مالک ہے مجھے محفوظ رکھے۔ ویگوا ورزمین جو سخیوں کی مالکہ ہیں ولے دونوں دیوئیں میری رکشا کریں۔ ورن دیوتا جو پانیوں کا مالک ہے میری حفاظت کرے۔

اسی طرح ان منتروں میں ورن دیوتا۔ متر دیوتا۔ مرت دیوتا۔ سوم دیوتا۔ سورج دیوتا۔ اندر دیوتا۔ یم راج دیوتا سے استمداد کی گئی ہے۔

۱۲۔ رگومنڈل ۶۔ سوکت ۵۰۔ منتر املاحظہ فرمائیں۔

ترجمہ: ہم دیوی اوتی اور دکھ سے چھڑانے والے۔ سکھ پہنچانے والے ورن۔ متر۔ اگنی۔ سوتا۔ بھگ نامی دیوتاؤں کی رستش کے ذریعے پکارتے ہیں۔

۱۳۔ اتھر وید کانڈ ۳۔ سوکت ۱۰۔ منتر ۳ میں ہے۔

ترجمہ: اے سموتسر کی مورتی (یعنی بت) جس تجھ کی ہم رات کے وقت پوجا کرتے ہیں وہ تو ہمیں عمر اور دولت عطا کر"۔

کیا یہ وید وحدت کی بجائے شرک کی تعلیم نہیں دیتے؟۔ کیا دیوتا پرستی اور عناصر پرستی شرک نہیں؟۔

کیا یہ وید بھگوان کا کلام ہو سکتے ہیں؟۔ ہرگز نہیں۔

بہرحال ویدوں کے بارے میں پنڈت رادھا کرشن بنارس یونیورسٹی کا بیان آپ پڑھ چکے ہیں کہ

Marfat.com

صداقت کے بارہ میں ان کے قیاسات اس قدر گونا گوں اور خدا کے متعلق ان کے خیالات اس قدر مختلف ہیں کہ ہر شخص کو یقیناً ان میں جو چاہتا ہے ہر قسم کا خیال جو تلاش کرتا ہے ان میں مل جاتا ہے۔ اور پنڈت جواہر لال نہرو کا بیان بھی نظر سے گذر چکا ہے کہ بہت سے ہندو ویدوں کو الہامی کتاب سمجھتے ہیں۔ یہ میرے نزدیک ہماری بڑی بدقسمتی ہے کیونکہ اس طرح ان کی حقیقت ہم سے اوجھل ہو جاتی ہے۔ ویدصرف اس زمانہ کی معلومات کا مجموعہ ہیں۔

ویدوں میں بہت سی مخرب اخلاق باتوں کا اندراج بھی ہے جنہیں تحریر کرتے ہوئے بھی شرم وحیا کی بناء پر قلم رک جاتا ہے اس سے ویدوں میں عصمت وعفت کا معیار دیکھا جا سکتا ہے (مثلاً اتھر وید کانڈ ۵۔ سوکت ۱۷۔ منتر ۸۔۹۔ رگ وید ۱۰۔۱۰۔۱۰۔ اور ستیارتھ پرکاش از سوامی دیانند جی مطبوعہ یکم اپریل ۱۹۰۳ء آریہ پستکالیہ لاہور کا صفحہ ۱۷۹۔۱۹۱۔۱۹۲۔۱۹۶ اور ۲۰۱)

وحدت ادیان کے سلسلہ میں بہائی کیا کہتے ہیں اسی کتاب کے صفحہ۔۔۔۔ پر ملاحظہ کریں۔

البتہ ڈاکٹر صاحب نے کبھی یہ بھی سوچا کہ یورپین یونین کے ملک ڈنمارک کا کارٹونسٹ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرتا ہے اور ڈنمارک اس کی پشت پناہی ہی نہیں کرتا بلکہ حوصلہ افزائی بھی کرتا ہے۔ سلمان رشدی قرآن کی توہین شیطانی آیات کے نام سے کرتا ہے تو یورپ کے تمام یہود ونصاریٰ اس کو تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ جبکہ مسلمان کسی بھی نبی کی توہین نہیں کرتا ہے۔ وہ حضرت یعقوب علیہ السلام ہوں یا حضرت موسیٰ علیہ السلام۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہوں یا ان کی والدہ حضرت مریم علیہا السلام۔ یہ صفت صرف یہود ونصاریٰ میں ہے۔ قرآن کہتا ہے کہ عیسائی اور یہودی تمہارے دوست نہیں ہو سکتے۔ ڈاکٹر صاحب کا ان کو ایک پلیٹ فارم پر لانے کی سعی لاحاصل کا کیا مقصد ہے؟۔

## ☆ ڈاکٹر صاحب کا اپنے آپ کو ہندو کہنا

جناب ذاکر نائیک صاحب اپنی گفتگو بعنوان عالمی بھائی چارہ میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہتے ہیں:

Marfat.com

''سوال یہ ہے کہ ایک ہندو جو قرآنی تعلیمات اور ہندو مذہب پر بیک وقت عمل کرتا ہے کیا وہ مسلمان کہلا سکتا ہے؟ اور کیا اسی قسم کا مسلمان ہندو کہلا سکتا ہے؟

اس سلسلے میں پہلے تو ہمیں یہ پتہ ہونا چاہئے کہ ہندو اور مسلمان کی تعریف کیا ہے؟ یعنی ہندو کسے کہتے ہیں اور مسلمان کسے؟ مسلمان وہ شخص ہے جو اپنی مرضی کو اللہ کی مرضی کے تابع کر دے۔ ہندو کی تعریف کیا ہے؟ کیا آپ جانتے ہیں؟

ہندو کی صرف جغرافیائی تعریف ممکن ہے۔ کوئی بھی شخص ہندوستان میں رہتا ہے یا ہندوستانی تہذیب سے ادھر آباد ہے وہ ہندو کہلا سکتا ہے۔ اس تعریف کی رو سے میں بھی ہندو ہوں۔ یعنی جغرافیائی اعتبار سے آپ مجھے ہندو کہہ سکتے ہیں۔ جیسا کہ میں نے پہلے کہا جو شخص ہندوستان میں رہتا ہے وہ ہندو ہے۔ جغرافیائی لحاظ سے ہندوستان میں رہنے والا ہر شخص ہندو ہے۔ اسی طرح جیسے امریکہ میں رہنے والا ہر شخص امریکی ہے اور اسے امریکی ہونا بھی چاہئے۔ لہٰذا آپ کے سوال کا جواب یہ بنتا ہے کہ ہاں آپ ایک مسلمان کو ہندو کہہ سکتے ہیں اگر وہ ہندوستان میں رہتا ہے تو۔ لیکن اس بات کا یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ ویدک مذہب کا ماننے والا اگر امریکہ چلا جاتا ہے تو پھر آپ اسے ہندو نہیں کہہ سکتے۔ اب وہ ایک امریکی ہے۔ ہندومت ایک عالمی مذہب نہیں ہے۔ ہندومت صرف ہندوستان میں ہے۔ علماء کہتے ہیں کہ آپ ہندوازم کو مذہب نہیں کہہ سکتے۔ یہ محض ایک جغرافیائی تعریف ہے۔''

(بحوالہ خطبات ذاکر نائیک۔ اسلام پر کئے جانے والے سوالات اور ان کے جوابات صفحہ 370)

☆ ڈاکٹر صاحب کی دماغی کیفیت کا یہ حال ہے کہ وہ ہندو کو جغرافیہ کی طرف منسوب لفظ قرار دے رہے ہیں۔ حالانکہ ہندوستان کی طرف منسوب شخص ہندو نہیں بلکہ ہندوستانی کہلائے گا۔ جس طرح امریکہ میں رہنے والا امریکی۔ برطانیہ میں رہنے والا برطانوی وغیرہ۔ اگر ہندوستان کے لفظ پر ہی غور کریں تو یہ عقدہ کھل جاتا ہے۔ ستان کا معنی جگہ ہے۔ جیسا کہ ترکستان کا معنی ترکوں کی جگہ۔ پاکستان کا معنی پاک لوگوں کی جگہ۔ اور ہندوستان کا معنی ہوا ہندوؤں کی جگہ۔ اس سے

Marfat.com

معلوم ہوتا ہے کہ لفظ ہندو کی وجہ سے یہ خطہ ہندوستان کے نام سے موسوم ہے نہ کہ اس خطے کا نام ہندوستان ہونے کی وجہ سے یہاں کے لوگوں کو ہندو کہا جاتا ہے۔

نیز اگر لفظ ہندو مذہب کی طرف منسوب لفظ نہیں تو پھر گیتا اور وید کس مذہب کی کتابیں ہیں؟۔

اور رام چندر، کرشن کس مذہب کے مقدس افراد تھے؟۔

اس کی تفصیل ہندو مذہب کے چھ منابع میں ذکر ہو چکی ہے۔

## ☆ رام چندر اور کرشن کو نبی ماننا

لطف کی بات یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب کے بڑے تو ان سے بھی دو ہاتھ آگے نکل گئے ہیں۔ ان کی جماعت کے بڑے علامہ وحید الزماں نے تو رام چندر، کرشن وغیرہ کو بھی نبی تسلیم کر لیا ہے۔

اہل سنت والجماعت کا مذہب ہے کہ کتاب وسنت میں جن انبیاء کا ذکر آ گیا ہے ان پر ایمان لانا واجب ہے۔ ایسے شخص کے بارے میں بالتعیین کہنا کہ یہ اللہ کا نبی ہے جب کہ اس کی نبوت کا ذکر نہ قرآن میں ہو اور نہ حدیث میں ہو، حرام ہے۔ لیکن فرقہ لامذہبیہ غیر مقلدیہ ان لوگوں پر بھی ایمان رکھتا ہے جن کا قرآن وحدیث میں کوئی ذکر نہیں۔ چنانچہ رام چندر۔ لچھمن اور کرشن جن کی ہندو مذہب میں پوجا کی جاتی ہے۔ ان کے نزدیک یہ سب نبی تھے۔ ہندوؤں کے ساتھ رواداری کی اس عجیب مثال کو قائم کرنے کے لئے طائفہ محدثہ لامذہبیہ کے نواب وحید الزمان غیر مقلد ضلالت کی گہرائیوں میں ڈوبے نہ جانے کون سے جوہر تلاش کر رہے ہیں۔ حالانکہ ہندو مذہب میں تو نبوت کا کوئی معنیٰ ہی نہیں۔ یہ رام لچھمن اور کرشن تو ہندوؤں کے یہاں معبود ومسجود ہیں۔ نواب صاحب صراحت کے ساتھ لکھتے ہیں۔ ''ہمیں ان دیگر انبیاء کی نبوت کا انکار نہیں کرنا چاہیے۔ جن کا ذکر اللہ سبحانہ نے اپنی کتاب میں نہیں کیا ہے۔ جب کہ کسی قوم میں خواہ کفار ہی سہی تواتر کے ساتھ یہ بات منقول ہے کہ وہ لوگ انبیاء صالحین تھے۔ مثلاً ہندوؤں میں رام چندر، لچھمن، کرشن جی۔ ایرانیوں میں زرتشت۔ چینیوں اور جاپانیوں میں کنفیوشس اور مہاتما بدھ اور یونانیوں میں فیثا غورث اور سقراط بلکہ واجب ہے کہ ہم اللہ کے تمام نبیوں اور رسولوں پر بلا تفریق ایمان لائیں۔'' (ہدیۃ المہدی صفحہ ۸۵)

Marfat.com

بلاشبہ یہ عقیدہ انتہائی خطرناک ہے کہ جس کا ذکر کتاب وسنت میں نہ ہو اس کی نبوت کا اقرار کیا جائے بلکہ اس کو واجب سمجھا جائے۔ ماسوائے غیر مقلدین کے کسی نے بھی ان فلسفیوں اور ریاضی دانوں کی نبوت پر ایمان کو واجب قرار نہیں دیا۔ غیر مقلدین نے صرف جدت کی خاطر یہ عجیب وغریب عقیدہ گھڑ لیا۔

## ☆ انیس کا عدد

عدد ۱۹ کے بارے میں عجیب وغریب تحقیقات کو پھیلایا جارہا ہے۔ مذکورہ حسابی الٹ پھیر بھی ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ دیگر بہت سے حضرات نے اس موضوع پر صفحات کے صفحات کالے کر دیے ہیں۔ بعض ان سے بھی دو ہاتھ آگے نکلے۔ انہوں نے قرآن کے معجزاتی گراف تیار کر لیے۔ ان تمام حسابی اور جیومیٹریکل تحقیقات کو آپ کے سامنے رکھ رہے ہیں۔ اس کے بعد ان کا جواب بھی پیش کیا جارہا ہے۔ تاکہ صحیح تقابل ہو سکے۔

# 19 کا ہندسہ

ارشاد ربانی ہے۔! عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ○ ''اس پر انیس ہیں۔○''

(القرآن المجید، پارہ نمبر 29، سورۃ نمبر 74 (مدثر)، آیت نمبر 30)

اس انیس کے ہندسے کی ذرا تفصیل میں جائیں تو حیرت انگیز باتیں سامنے آتی ہیں اور انسانی ذہن تحیرات کی گہرائی میں ڈوب جاتا ہے اور ضمیر بے ساختہ پکار اٹھتا ہے کہ یہ کتاب..... یہ قرآن!..... کسی انسان کا کلام نہیں ہے! بلکہ یہ تو اللہ رحمٰن ورحیم کا ہی کلام مبارک ہے۔

کچھ تفصیلات ملاحظہ کیجئے۔!

1: سورہ اقراء کی پہلی پانچ آیات میں انیس الفاظ ہیں اور ان انیس الفاظ میں چھہتر حروف ہیں جو انیس پر پورے پورے تقسیم ہو جاتے ہیں۔

مثال تقسیم: 4 = 76 ÷ 19

Marfat.com

مثال ضرب: 19 x 4 = 76

مثال جمع: 19 + 19 + 19 + 19 = 76

2: قرآن مجید میں ایک سو چودہ سورتیں ہیں۔ یہ ہندسہ بھی پورا پورا انیس پر تقسیم ہو جاتا ہے۔

مثال تقسیم: 114 ÷ 19 = 6

مثال ضرب: 19 x 6 = 114

3: قرآن مجید کی آخری سورت یعنی ایک سو چودہ (114) نمبر سورت سے اُلٹا گننا شروع کیا جائے یعنی ایک سو تیرہ (113)، ایک سو بارہ (112)، ایک سو گیارہ (111) وغیرہ تو ٹھیک انیسوے (19) نمبر پر سورہ اقرء (96 نمبر سورت) آتی ہے۔

4: یہ بات کس قدر اہمیت رکھتی ہے کہ قرآن مجید کا آغاز ہی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ سے ہوتا ہے جس میں انیس حروف ہیں۔

اس میں چار الفاظ ہیں:

(1) اسم (2) اللہ (3) الرحمٰن (4) الرحیم

اس آیت کا ہر لفظ جتنی دفعہ قرآن حکیم میں آیا ہے وہ انیس پر تقسیم ہو جاتا ہے۔ پہلا لفظ ''اسم'' قرآن مجید میں اُنیس (19) مرتبہ آیا ہے۔

دوسرا لفظ ''اللہ'' دو ہزار چھے سو اٹھانوے مرتبہ آیا ہے جو انیس پر پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

مثال تقسیم: 2698 ÷ 19 = 142

مثال ضرب: 19 x 142 = 2698

تیسرا لفظ ''الرحمٰن'' ستاون مرتبہ آیا ہے جو اُنیس پر پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

مثال تقسیم: 57 ÷ 19 = 3

مثال ضرب: 57 = 3 x 19

چوتھا لفظ ''الرحیم'' ہے جو ایک سو چودہ مرتبہ آیا ہے چنانچہ یہ بھی انیس پر پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

مثال تقسیم: 114 ÷ 19 = 6

مثال ضرب: 114 = 6 x 19

گویا چاروں الفاظ کی تعداد انیس پر تقسیم ہو جاتی ہے۔ ایسا ہونا محض اتفاقی بات نہیں ہے۔

:5 آیت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ سورۃ النمل میں دو مرتبہ آئی ہے ایک مرتبہ آغاز میں اور دوسری مرتبہ متن میں..... اس لیے سورہ توبہ کے آغاز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ نہیں ہے ورنہ اس کی تعداد ایک سو پندرہ ہو جاتی اور ایک سو پندرہ کا ہندسہ انیس پر تقسیم نہیں ہو سکتا۔ (قرآن مجید کی تمام سورتوں کی تعداد ایک سو پندرہ ہے اور سوائے سورہ توبہ کے باقی تمام سورتوں کے آغاز میں ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' آئی ہے)۔

:6 قرآن مجید کی انتیس سورتوں کی ابتدا حروف تہجی کے مفرد اعداد یعنی حروف مقطعات سے ہوتی ہے۔ عربی زبان کے اٹھائیس حروف میں سے چودہ حروف تہجی مختلف جوڑ میں ان سورتوں کے آغاز میں واقع ہوئے ہیں۔ یہ حروف تہجی ذیل میں درج ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (1) الف | (2) ح | (3) ر |
| (4) س | (5) ص | (6) ط |
| (7) ع | (8) ق | (9) ک |

Marfat.com

(10)ل (11)م (12)ن

(13)ھ (14)ی

اوران چودہ حروف میں سے جو چودہ سیٹ حروف مقطعات کے بنتے ہیں وہ یہ ہیں۔

(1)ایک حرف والے:

(i) ص (ii) ق (iii)ن ہیں، یہ تین سیٹ ہوئے۔

(2)دوحرف والے:

(i) طٰہٰ (ii) یٰسٓ (iii) طٰسٓ

(iv) حٰمٓ ہیں.....یہ چار سیٹ ہوئے۔

(3) تین حروف والے:

(i) الٓمٓ (ii) الٓرٰ (iii) طٰسٓمٓ

(iv) عٓسٓقٓ ہیں.....یہ چار سیٹ ہوئے۔

(4)چار حروف والے:

(i) الٓمٓرٰ (ii) الٓمٓصٓ ہیں.....یہ دوسیٹ ہوئے۔

(5)پانچ حروف والے:

(i) کٓہٰیٰعٓصٓ ہیں.....یہ صرف ایک سیٹ ہے۔

مذکورہ خاکے پرغور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ حروف مقطعات جو انتیس سورتوں میں استعمال ہوئے ہیں، یہ چودہ حروف ہیں اوران کے مجموعہ سیٹ بھی چودہ ہی ہیں۔اب 14 حروف+14 سیٹ+29 سورتیں=57

یہ حاصل جمع ہندسہ یعنی 57 بھی انیس پر پورا پورا تقسیم ہوجاتا ہے۔

Marfat.com

مثال تقسیم: 57 ÷ 19 = 3

مثال ضرب: 57 = 3 x 19

مثال جمع: 57 = 19 + 19 + 19

7: حروف مقطعات میں ''ق'' کو لیجئے۔ یہ حرف ق دو سورتوں کے شروع میں آیا ہے۔ یعنی سورہ ق میں اور سورہ شوریٰ میں ''حٰم عسق'' کی صورت میں موجود ہے۔ ان میں سے ہر سورت میں حرف ق ستاون (57) مرتبہ آیا ہے جو انیس پر تقسیم ہو جاتا ہے۔

مثال تقسیم: 57 ÷ 19 x 3

مثال ضرب: 57 = 3 x 19

خود سورہ ق میں بھی حرف ق ستاون (57) مرتبہ آیا ہے اور حٰم عسق والی سورت میں بھی حرف ق ستاون (57) دفعہ ہی آیا ہے، حالانکہ آخر الذکر سورت بہت طویل ہے۔

دونوں سورتوں میں حرف ق کا مجموعہ ایک سو چودہ (114) ہوتا ہے اور قرآن مجید کی جملہ سورتوں کی تعداد بھی ایک سو چودہ (114) ہی ہے۔

یعنی قرآن مجید میں ایک سو چودہ سورتیں ہیں اور حرف ق جو لفظ قرآن کا پہلا حرف ہے اور اس کی نمائندگی کرتا ہے وہ بھی ایک سو چودہ مرتبہ آیا ہے۔

اس طرح یہ کہنا جائز ہو گیا کہ قرآن کی اُلوہی تشکیل حسابی نظام کے تحت ایک سو چودہ (114) سورتوں پر ہوئی ہے۔

8: قرآن مجید میں زمانہ قدیم کی قوموں کو لفظ قوم ہی سے بیان کیا گیا ہے۔ مثلاً قوم نوح قوم ثمود قوم عاد قوم لوط وغیرہ مگر سورہ ق کی تیرھویں آیت میں قرآن فرماتا ہے۔

Marfat.com

وعاد وفرعون اخوان لوط..... (القرآن المجید، پارہ، سورۃ نمبر (قٓ)، آیت نمبر 13)

حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کا ذکر قرآن میں لفظ قوم ہی سے عموما کیا گیا ہے لیکن صرف اس آیت میں لفظ قوم کی بجائے لفظ اخوان خصوصا کیوں استعمال کیا گیا ہے؟

اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر یہاں لفظ قوم استعمال ہوتا تو ایک ق بڑھ جاتا اور اس سورت میں حرف ق کی تعداد ستاون کی بجائے اٹھاون ہو جاتی جو انیس پر پوری پوری تقسیم نہ ہو سکتی اور اس طرح قرآن کا حسابی نظام درہم برہم ہو جاتا۔

9: سورۃ القلم کے شروع میں حرف ''ن'' آیا ہے۔ اس پوری سورت میں حرف ''ن'' کی تعداد ایک سو تینتیس ہے جو انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 7 = 19 ÷ 133

مثال ضرب: 133 = 7 × 19

10: حرف ص قرآن مجید کی تین سورتوں کے شروع میں آیا ہے۔

سورۃ الاعراف میں ''المص'' کی شکل میں،

سورہ مریم میں ''کھٰیٰعٓصٓ'' کی صورت میں اور

سورہ ص میں حرف ''ص'' کے طور پر۔

ان تینوں سورتوں میں حرف ''ص'' کی تعداد اسو باون ہے جو انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 8 = 19 ÷ 152

مثال ضرب: 152 = 8 × 19

11: سورۃ الاعراف کی انہترویں آیت میں ایک لفظ ''بَصٓ طَہٓ'' آیا ہے۔ عربی میں یہ لفظ س کے ساتھ لکھا جاتا ہے مگر جب یہ آیت نازل ہوئی تو یہ حکم بھی ہوا کہ اس لفظ کو ''ص'' کے ساتھ لکھا جائے اس کی کیا وجہ تھی؟

Marfat.com

وجہ یہ بھی کہ اگر اس لفظ کو ''س'' کے ساتھ لکھا جاتا تو اس سورت میں ایک ''ص'' کم ہوجاتا اور ''ص'' والی متذکرہ بالا سورتوں میں حرف ''ص'' کی کل تعداد اسوباون کی بجائے ایک سو اکاون ہوجاتی جو انیس پر پوری پوری تقسیم نہ ہوتی اور قرآنِ حکیم کا حسابی نظام غلط ہوجاتا۔!

12: جن سورتوں کی ابتداء ایک حرف سے زیادہ حرفوں والے حروف مقطعات سے ہوتی ہے ان سورتوں میں ہر حرف علیحدہ علیحدہ جمع کیا جائے تو ان کا مجموعہ انیس پر پورا پورا تقسیم ہوجاتا ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ یہ حروف جن جن سورتوں کے شروع میں آئے ہیں ان سورتوں میں ان حروف کی اپنی اپنی تعداد کو یکجا کیا جائے تب بھی مجموعی تعداد انیس پر پوری پوری تقسیم ہوجاتی ہے۔ مثلاً:

(i) سورہ ''طٰہٰ'' میں دو حروف ''ط'' اور ''ہ'' ہیں۔ اس سورت میں حرف ''ط'' اٹھائیس دفعہ اور ''ہ'' تین سو چودہ مرتبہ آیا ہے اور دونوں کا مجموعہ تین سو بتالیس ہے جو انیس پر پورا پورا تقسیم ہوجاتا ہے۔

مثال تقسیم: $342 \div 19 = 18$

مثال ضرب: $19 \times 18 = 342$

(ii) سورہ یٰسٓ میں حرف ''ی'' کی تعداد دو سو سینتیس، حرف ''س'' کی تعداد اڑتالیس ہے اور دونوں کا مجموعہ دو سو پچاسی ہے جو انیس پر پورا پورا تقسیم ہوجاتا ہے۔

مثال تقسیم: $285 \div 19 = 15$

مثال ضرب: $19 \times 15 = 285$

Marfat.com

# ایک اور حیرت انگیز حقیقت

قرآن مجید کی انتیس سورتوں کے شروع میں جو حروف مقطعات ہیں اور یہ حروف جتنی بھی دفعہ ان سورتوں میں آئے ہیں ان کا مجموعہ انیس پر تقسیم ہو جاتا ہے۔ تفصیل ذیل میں پیش کی جاتی ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔!

1: حروف "الم" مندرجہ ذیل سورتوں کے آغاز میں آئے ہیں اور ان حروف کی تعداد جو ان سورتوں میں آئی ہے ساتھ ہی درج ہے۔

| سورت | حروف | تعداد |
|---|---|---|
| البقرۃ | الٓمٓ | نو ہزار نو سو اکانوے (9991) |
| ال عمران | الٓمٓ | پانچ ہزار سات سو چودہ (5714) |
| العنکبوت | الٓمٓ | ایک ہزار چھ سو پچاسی (1685) |
| الروم | الٓمٓ | ایک ہزار دو سو انسٹھ (1259) |
| لقمان | الٓمٓ | آٹھ سو تیئیس (823) |
| السجدۃ | الٓمٓ | پانچ سو اسی (580) |
| الرعد | الٓمٓرٰ | ("ر" کو نکال کر) ایک ہزار تین سو چونسٹھ (1364) |
| الاعراف | الٓمٓصٓ | ("ص" کو حذف کر کے) پانچ ہزار دو سو ساٹھ (5260) |

جملہ تعداد: چھبیس ہزار چھ سو چھہتر (26676)

یہ مجموعی تعداد چھبیس ہزار چھ سو چھہتر (26676) بھی اُنیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 26676 ÷ 19 = 1404

مثال ضرب: 19 × 1404 = 26676

Marfat.com

2: حروف ''الرا'' مندرجہ ذیل سورتوں کے آغاز میں آئے ہیں۔ان سورتوں میں ان حروف کی تعداد کا مجموعہ ذیل میں دیا جاتا ہے اور سورہ رعد میں حرف ''ر'' کے سابق میں حذف شدہ ٹوٹل کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

| سورۃ | حروف | تعداد |
|---|---|---|
| یونس | الٓرٰ | دو ہزار پانچ سو بائیس (2522) |
| ہود | الٓرٰ | دو ہزار پانچ سو چودہ (2514) |
| یوسف | الٓرٰ | دو ہزار چار سو پانچ (2405) |
| ابراہیم | الٓرٰ | ایک ہزار دو سو چھ (1206) |
| الحجر | الٓرٰ | نو سو پچیس (925) |
| الرعد | الٓمٓرٰ | (صرف ''ر'' کی تعداد) ایک سو سینتیس (135) |

جملہ تعداد: نو ہزار سات سو نو (9709)

یہ مجموعی تعداد نو ہزار سات سو نو (9709) بھی انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 9709 ÷ 19 = 511

مثال ضرب: 19 × 511 = 9709

3: مندرجہ ذیل سورتوں میں حروف ''حٰمٓ'' آغاز میں آتے ہیں۔ان کی تعداد بھی ساتھ ہی لکھی گئی ہے۔ملاحظہ کیجئے۔!

| سورۃ | حروف | تعداد |
|---|---|---|
| المومن | حٰمٓ | چار سو ترپن (453) |
| حٰمٓ السجدۃ | حٰمٓ | تین سو چونتیس (334) |
| الزخرف | حٰمٓ | تین سو باسٹھ (362) |
| الدخان | حٰمٓ | ایک سو اکسٹھ (161) |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| الجاثیۃ | حٰمٓ | دوسو اکتیس (231) |
| الاحقاف | حٰمٓ | دوسو چونسٹھ (264) |
| الشوریٰ | حٰمٓ عٓسٓقٓ | (میں سے صرف ''ح'' اور ''م'' کی تعداد) تین سو اکسٹھ (361) |

جملہ تعداد: دو ہزار ایک سو چھیاسٹھ (2166)

یہ مجموعی تعداد دو ہزار ایک سو چھیاسٹھ (2166) بھی انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔ مثال تقسیم: 2166 ÷ 19 = 114

مثال ضرب: 2166 = 114 ÷ 19

4: سورۃ الشوریٰ میں پانچ حروف ''حٰمٓ عٓسٓقٓ'' ہیں۔ ان پانچوں حروف ''ح، م، ع، س اور ق'' کی اس سورت میں جملہ تعداد پانچ سو ستر (570) ہے جو انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

یہ مجموعی تعداد نو ہزار سات سو نو (9709) بھی انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 570 ÷ 19 = 30

مثال ضرب: 570 = 30 × 19

5: درج ذیل سورتوں میں حروف ''ط'' اور ''س'' آتے ہیں۔ ان کی جملہ تعداد پر غور فرمایئے۔!

| سورۃ | حروف | تعداد |
|---|---|---|
| النمل | طٰسٓ | ایک سو بیس (120) |
| الشعراء | طٰسٓمٓ | (میں سے ''م'' کو حذف کر کے) ایک سو چھبیس (126) |
| القصص | طٰسٓمٓ | (میں سے ''م'' کو حذف کر کے) ایک سو انیس (119) |
| طٰہٰ | طٰہٰ | (میں سے ''ہ'' کو حذف کر کے د) اٹھائیس (28) |

Marfat.com

یٰسٓ یٰسٓ (میں سے ''ی'' کو حذف کر کے و) اڑتالیس (48)

الشوریٰ حٰمٓ عٓسٓقٓ (میں سے صرف ''س'' کی تعداد) ترپن (53)

جملہ تعداد: چار سو چورانوے (494)

یہ مجموعی تعداد چار سو چورانوے (494) بھی انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔ مثال تقسیم: 494 ÷ 19 = 26

مثال ضرب: 19 × 26 = 494

6: سورہ ص میں حرف ''ص'' اٹھائیس مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ سورہ اعراف کا آغاز المص سے ہوتا ہے اور اس سورت میں حرف ''ص'' اٹھانوے مرتبہ آیا ہے۔ سورہ مریم کا آغاز ''کٓھٰیٰعٓصٓ'' سے ہوتا ہے اس سورہ میں حرف ''ص'' چھبیس مرتبہ آیا ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔!

| سورۃ | حرف | تعداد |
|---|---|---|
| ص | ص | اٹھائیس (28) |
| اعراف | ص | اٹھانوے (98) |
| مریم | ص | چھبیس (26) |

جملہ تعداد: ایک سو باون (152)

یہ مجموعی تعداد ایک سو باون (152) بھی انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔ مثال تقسیم: 152 ÷ 19 = 8

مثال ضرب: 19 × 8 = 152

7: سورہ مریم کا آغاز ''کٓھٰیٰعٓصٓ'' سے ہوتا ہے۔ اس سورت میں ان تمام حروف کی تعداد یہ ہے۔

Marfat.com

| حرف | تعداد۔ |
|---|---|
| ک | ایک سو سینتیس (137) |
| ھ | ایک سو اڑسٹھ (168) |
| ی | تین سو پینتالیس (345) |
| ع | ایک سو بائیس (122) |
| ص | چھبیس (26) |

جملہ تعداد: سات سو اٹھانوے (798)

یہ مجموعی تعداد سات سو اٹھانوے (798) بھی انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔ مثال تقسیم: 798 ÷ 19 = 42

مثال ضرب: 798 = 42 x 19

8: جیسا کہ پہلے بیان ہوا کہ قرآن مجید کی انتیس (29) سورتوں میں حروف مقطعات آتے ہیں۔ حیرت کی انتہا ہوتی ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ ان تمام سورتوں میں ہر ایک حرف کو علیحدہ علیحدہ جمع کیا جائے تو ہر حرف کی جملہ تعداد انیس پر تقسیم ہو جاتی ہے۔

(1) مثلاً ان حروف مقطعات والی سورتوں میں ''الف'' کی تعداد سترہ ہزار چار سو ننانوے ہے جو انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 17499 ÷ 19 = 921

مثال ضرب: 17499 = 921 x 19

(2) ان حروف مقطعات والی سورتوں میں حرف ''ل'' کی تعداد گیارہ ہزار سات سو اسی ہے جو کہ انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 11780 ÷ 19 = 620

Marfat.com

مثال ضرب: 11780 = 620 x 19

(3) ان حروف مقطعات والی سورتوں میں حرف ''م'' کی تعداد آٹھ ہزار چھ سو تیراسی ہے جو کہ انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 457 = 19 ÷ 8683

مثال ضرب: 8683 = 457 x 19

(4) ان حروف مقطعات والی سورتوں میں حرف ''ز'' کی تعداد ایک ہزار دو سو پینتیس ہے جو کہ انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 65 = 19 ÷ 1235

مثال ضرب: 1235 = 65 x 19

(5) ان حروف مقطعات والی سورتوں میں حرف ''ص'' کی تعداد ایک سو باون ہے جو کہ انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 8 = 19 ÷ 152

مثال ضرب: 152 = 8 x 19

(6) ان حروف مقطعات والی سورتوں میں حرف ''ح'' کی تعداد تین سو چار ہے جو کہ انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 16 = 19 ÷ 304

مثال ضرب: 304 = 16 x 19

(7) ان حروف مقطعات والی سورتوں میں حرف ''ق'' کی تعداد ایک سو چودہ ہے جو کہ انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم: 6 = 19 ÷ 114

مثال ضرب: 114 = 6 x 19

(8) ان حروف مقطعات والی سورتوں میں حرف ''ن'' کی تعداد ایک سو تینتیس

Marfat.com

ہے جو کہ انیس پر پوری پوری تقسیم ہو جاتی ہے۔

مثال تقسیم:

133 ÷ 19 = 7

مثال ضرب:

19 × 7 = 133

(9) انیس کا ہندسہ ایک اور نو سے مرکب ہے جو اللہ تعالیٰ کی صفات ظاہر و باطن سے منسوب ہے۔ ایک کا عدد اللہ تعالیٰ کی وحدت کا آئینہ دار ہے اور نو کا عدد اس کی مخفی صفات کا علمبردار ہے۔ چنانچہ انیس کا عدد جو ایک اور نو کا مجموعہ ہے اللہ تعالیٰ کی صفات ظاہر و باطن کو واضح کرتا ہے۔ حسابی نقطہ نظر سے ایک سے پہلے کوئی ہندسہ نہیں ہے اور نو کے بعد بھی کوئی مفرد ہندسہ نہیں ہے یعنی انیس کا ہندسہ ابتداء و انتہاء کو حاوی ہے اور غالباً اسی لیے قرآن کے حسابی نظام کی اساس اسی ہندسے پر رکھی گئی ہے۔

## الحاصل:

اس تمام تفصیل سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ قرآن مجید کا حسابی نظام اتنا پیچیدہ مگر منظم ہے کہ یہ انسانی عقل و دانش کے بس کی بات نہیں ہے۔ اُلوہی بصیرت کو قرآن کے ایک ایک لفظ پر کنٹرول ہے۔ فی الحقیقت یہ ساری حسابی ترتیب حیرت انگیز ہے اور بلاشبہ سارے انسان اور جن مل کر بھی ایسی محیر العقول کتاب تصنیف نہیں کر سکتے۔!

اس دور میں قرآن مجید کو پوری طرح کمپیوٹرائز کیا گیا ہے۔ چنانچہ کمپیوٹر سے سوال کیا گیا کہ اگر انسان قرآن جیسی کتاب کی تصنیف کرنا چاہے تو کتنی مرتبہ کوشش

Marfat.com

کرنے سے یہ بات ممکن ہو سکتی ہے۔؟

کمپوٹر نے جواب دیا کہ.....

"626000000000000000000000000"

مرتبہ کوشش کرنی پڑے گی۔!

بالفاظ دیگر یہ ناممکن ہے کہ کوئی انسان یا دنیا کے سارے انسان اور جن مل کر بھی ایسی کتاب تصنیف کر سکیں۔ارشاد باری تعالیٰ ہے۔!

"قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝"

(القرآن المجید، پارہ نمبر 15، سورۃ نمبر 17 (بنی اسرائیل)، آیت نمبر 88)

"اے محبوب! فرمادو کہ اگر انسان اور جن اس بات پر مجتمع ہوں کہ اس قرآن کی مثل لے آئیں تو لے آئیں وہ اس جیسا نہ لاسکیں گے اگر چہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہوں ۝"

Marfat.com

## ☆ بہائی اور ۱۹ کا عدد

عدد ۱۹ کا قرآن کے ساتھ ایک خاص تعلق ثابت کیا جاتا ہے اور اسے قرآن مجید کی ریاضیاتی بنیاد بتاتے ہیں۔ پڑھے لکھے اور دین دار لوگ بھی اپنی دانست میں مخلصانہ دینی خدمت سمجھ کر اس کے حق میں مقالات لکھ رہے ہیں۔ کہ عجائبات قرآنی میں یہ بھی ایک معجزہ اور منزل من اللہ ہونے کی ایک دلیل ہے۔ یہ تحقیقات امریکہ اور جنوبی افریقہ سے درآمد کی جارہی ہیں۔ جن کا خلاصہ یہ ہے کہ:

۱۔ قرآن مجید کا ایک عددی نظام ہے اور یہ نظام عدد ۱۹ پر قائم ہے یہ قرآنی معجزہ ہے۔

۲۔ امریکہ میں کمپیوٹر کے ذریعہ یہ معجزہ ظاہر ہوا۔ اس سے پہلے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو۔ ان کے صحابہ، مفسرین، محدثین اور فقہاء کو اس معجزہ قرآنی کا علم نہ تھا۔

۳۔ یہ معجزہ اس طرح ثابت ہوتا ہے کہ "بسم اللہ الرحمن الرحیم" میں ۱۹ حروف ہیں اور سورۃ مدثر کی آیت ۳۰ میں اللہ تعالیٰ نے جہنم پر متعین فرشتوں کی تعداد ۱۹ بتائی ہے۔ نیز مختلف سورتوں میں مختلف حروف مثلاً سورۃ اعراف میں حرف "ص" کی تعداد ۱۹ پر تقسیم ہو جاتی ہے اسی طرح حرف "ق" کی تعداد بھی ۱۹ پر مکمل تقسیم ہو جاتی ہے۔ یوں مختلف سورتوں کے مختلف حروف لے کر انہیں جمع۔ ضرب اور تقسیم کر کے یہ بات ثابت کی گئی ہے کہ عدد ۱۹ قرآن کا بنیادی عدد ہے۔

مندرجہ بالا تینوں اقوال کو واقعات اور حقیقتوں کے مقابلے میں رکھنے سے پہلے اس لاعلمی اور جہالت کی داد دیجئے۔ کہ جب ساری دنیا کو یہ معلوم ہے اور حقیقت بھی یہی ہے کہ قرآن تحریری شکل میں لکھا ہوا نازل نہیں ہوا۔ بلکہ ۶۱۰ء سے ۶۳۲ء تک بائیس سال اور کچھ ماہ چند دن تھوڑا تھوڑا نازل ہوتا رہا۔ جسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کو لکھوا دیتے۔ چونکہ کاغذ بہ آسانی دستیاب نہ تھا اس لیے کاغذ کے علاوہ چمڑے، ہڈی اور درخت کی چھال وغیرہ پر لکھ لیتے۔ اس کے لیے وہ جو حروف استعمال کرتے وہ کوئی جدید حروف نہ تھے بلکہ وہی مروج عربی حروف تھے۔ جن میں ان کے عہد اور زمانہ جاہلیت کے شعراء کے قصائد لکھے جاتے تھے۔ ان ہی حروف میں قریش کے تجار اپنے تجارتی حساب کتاب لکھتے تھے۔

Marfat.com

یہ کیسی قابل داد جہالت ہے کہ کسی سورۃ میں کسی خاص حرف مثلاً ''ص'' یا ''ق'' یا کسی اور حرف کو گن کر اس کی تعداد کو قرآن کا ریاضیاتی نظام بتایا جائے۔ حروف اور رسم الخط تو الہامی اور منزل من اللہ ہیں۔ اور ان کی تعداد معجزہ کیسے قرار پائی۔ چنانچہ حروف کی تعداد یا لفظوں اور اعراب کی تعداد سے قرآن کے لیے کوئی ریاضیاتی نظام ثابت کرنا ایسی جاہلانہ کوشش ہے جیسے کوئی کھن کھجوروں (ہزار پایہ) کے چالیس پیروں سے حضرت سلیمان علیہ السلام کی تخت نشینی کا سال ثابت کرے۔

☆ دوسری غور طلب بات یہ ہے کہ قرآن نے کفار عرب کو چیلنج دیا تھا کہ اگر تمہیں قرآن کے منزل من اللہ ہونے میں شک ہے تو ایک سورۃ بنالاؤ۔ تو کیا یہ مشکل بات تھی کہ ایک ایسی سورت بنالی جائے جس میں ۱۹ بار۔ ۳۸ بار یا ۵۷ بار کوئی ایسا حرف استعمال ہو کہ وہ عدد ۱۹ پر پورا تقسیم ہو جائے۔ قرآن مجید اپنی تحریر و املاء یا حروف تہجی کی مخصوص تعداد کی وجہ سے معجزہ نہیں بلکہ فصاحت و بلاغت اور مسائل حیات پر ہمہ گیر ہدایات کی وجہ سے معجزہ ہے۔ اور ایسا معجزہ ہے کہ آج تک اس کے مقابلہ میں انسان کوئی تحریر پیش کرنے پر قادر نہ ہو سکا۔ جب کہ بہت لوگوں نے کوشش کی۔ عبداللہ بن المقنع۔ علی محمد باب۔ بہاء اللہ۔ حسین نور۔ جیسوں نے کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔ مگر کسی کو کچھ حاصل نہ ہوا۔

☆ تیسری بات یہ ہے کہ دعویٰ اور دلیل کے مابین منطقی ربط ہونا چاہئے۔ جو یہاں مفقود ہے کہ بعض سورتوں کے بعض حروف کا ۱۹ پر تقسیم ہو جانا قرآن کے آسمانی ہونے کی دلیل ایسے ہی ہے جیسے کوئی کہے کہ زمین کی شکل کروی ہونے کی دلیل یہ ہے کہ چاول سفید ہوتا ہے۔ یا کوئی علامۃ الدہر یہ کہے کہ لیموں چونکہ درخت پر ہوتا ہے اس لیے مچھلیاں پانی میں ہوتی ہیں۔ ایسی دلیلوں کے جواب میں کوئی کیا کہہ سکتا ہے۔

☆ چوتھی بات یہ کہ قرآن مجید میں بہت سے اعداد کا ذکر آیا ہے۔ سورۃ الحاقہ میں حاملان عرش کی تعداد آٹھ بتائی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کے لیے بارہ نہریں جاری ہوئیں۔ جس کا ذکر سورۃ بقرہ کے علاوہ کئی جگہ ہے۔ اسی طرح قرآن مجید میں سو۔ ہزار۔ ستر اور دیگر اعداد کا بھی ذکر موجود ہے۔ ان تمام اعداد کو چھوڑ کر صرف عدد ۱۹ کو ہی اہمیت کیوں دی جا رہی ہے؟ کیا اس عدد سے

Marfat.com

کسی گروہ کے افکار وعقائد وابستہ ہیں؟ اس سے پہلے کہ ہم اس پر بحث کریں لوگوں کی عمومی ذہنی حالت کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے۔

لوگ طبعاً عجائب پسند ہوتے ہیں۔ ہر عجیب بات کو آسانی سے قبول کر لیتے ہیں پھر یہ بات خوب چلتی ہے۔ موجودہ زمانہ میں علم الاعداد پر بہت سی کتابیں اور مقالات موجود ہیں۔ اعداد متبرکہ۔ اعداد منحوسہ۔ اعداد متحاربہ۔ اعدادِ متباغضہ کی تشریحات پر عربی میں بہت سے مقالات اور کتابیں ملتی ہیں۔ ایشیاء اور افریقہ کے جاہلوں سے زیادہ اس کا چرچا یورپ اور امریکہ کے وہمیوں میں موجود ہے۔ انگریزی میں درجنوں کتابیں اعداد اور ان کے اثرات پر ملتی ہیں۔ جن میں مسٹر کیرو کی کتاب الا عداد (The Book of Numbers) کی بڑی شہرت ہے ان میں ہر انسان کا ایک عدد بتایا جاتا ہے۔ پھر اس عدد کے تحت اس کی زندگی کی تشریح کی جاتی ہے۔

۱۹ ہی نہیں بلکہ دوسرے اعداد کو مختلف لوگوں نے بڑا تقدس عطا کیا۔ یہودی عدد سات اور بارہ کو مقدس کہتے ہیں۔ عیسائی عدد تیرہ کو منحوس سمجھتے ہیں۔ ہندو عدد تین کو منحوس اور عدد آٹھ کو باعث شر بتاتے ہیں۔ اس کے علاوہ قمر در عقرب۔ چہار شنبہ کی نحوست۔ سنیچر کے اثرات اور کتنے ہی ایسے توہمات ہیں جن کی کوئی علمی و عقلی بنیاد نہیں۔ اور نہ کسی نبی برحق نے ان سے متعلق کوئی خبر دی۔

اسلام میں اس قسم کے دیو مالائی اوہام کے لیے کوئی گنجائش نہیں۔ اس کے باوجود قرآنی آیات کے ابجدی اعداد نکال کر تعویذ لکھے جانے لگے۔ بعض لوگ بسم اللہ کی بجائے ۷۸۶ لکھ کر یہ سمجھتے ہیں کہ بسم اللہ لکھ دیا۔ کہیں جاہلوں نے بجائے محمدؐ کے عدد (۹۲) لکھا بعض نے علیؓ کے بجائے (۱۱۰) لکھا۔ کسی نے ایک قدم اور بڑھایا "یا علی" کے اعداد جمل (۱۲۱) کو سرنامہ پر لکھ دیا۔

ہم اصل موضوع عدد ۱۹ کے تقدس کی طرف پلٹتے ہیں۔ بابی مذہب کا بانی علی محمد باب ۱۸۱۹ء میں شہر شیراز کے ایک شیعہ گھرانے میں پیدا ہوا۔ اگر اس سن کے چاروں اعداد کو جمع کریں (۹+۱+۸+۱) تو حاصل جمع ۱۹ آتا ہے۔ علی محمد باب نے اپنے لیے "باب" کا لقب استعمال کیا۔ اس کا دعویٰ تھا کہ وہ امام غائب مہدی تک پہنچنے کا باب یعنی دروازہ ہے۔ علی محمد باب شیعوں کے عقیدہ کا فائدہ اٹھاتے

Marfat.com

ہوئے پہلے باب الامام پھر ترقی کر کے باب اللہ یعنی اللہ تک پہنچنے کا دروازہ بن گیا۔اس نے قرآن کے مقابلہ میں ایک کتاب لکھی جس کا نام ''البیان'' رکھا اور اسے الہامی قرار دیا۔اور قرآن کی منسوخی کا استدلال سورۃ یونس سے کرتا تھا کہ'' لکل امة اجل'(ہر امت کے لیے ایک مدت ہے) اگلا فقرا خود ساتھ جوڑ دیا کہ'' لکل اجل کتاب''چنانچہ قرآن منسوخ ہو چکا ہے۔نیز خدا اس میں حلول کر چکا ہے۔

علی محمد باب بہت خوش بیان تھا۔تیس سال کی عمر میں اس کے مریدوں کی تعداد بہت ہوگئی۔اس کی ایک حسین اور فصیح اللسان مریدنی قرۃ العین طاہرہ نے اس کے حق میں عربی اشعار کہے۔۱۹ جولائی ۱۸۵۰ء میں ایرانی حکومت نے اسے اپنے لیے خطرہ سمجھتے ہوئے اسکی حواری قرۃ العین سمیت قتل کر دیا۔

اس کا خلیفہ اور حواری مرزا حسین علی جو بہایت کا موسس تھا ایران کے شہر مازندارن کی بستی نور میں ۱۲ نومبر ۱۸۱۷ء میں پیدا ہوا۔اس کے والد کا نام مرزا بزرگ نوری تھا جو وزارت مال میں ملازم تھا۔ حسین علی کا بھائی یحییٰ نورِازل روسی سفارت خانہ میں ملازم تھا جبکہ اس کا بہنوئی مرزا مجید تہران میں روس کے سفیر کا سیکرٹری تھا۔

علی محمد باب کے قتل کے بعد یہ فرقہ تین حصوں میں تقسیم ہوگیا۔ایک فرقہ علی محمد باب کو عین ذات الٰہی کا ظہور مانتا رہا اور منتظر رہا کہ وہ پھر اس دنیا میں آئے گا۔

دوسرا فرقہ علی محمد باب کے اقرب حواری یحیی کو ظہور الٰہی تسلیم کر کے اس کے ساتھ ہولیا۔یحییٰ نے لقب نورازل اختیار کیا تھا۔

تیسرا فرقہ یحییٰ کے چھوٹے بھائی حسین نوری کا مرید ہوگیا اور یہ عقیدہ قائم کیا کہ خدائے لم یزل ولا یزال حسین نوری کی صورت میں جلوہ گر ہے۔حسین نوری نے بہاء اللہ نوری کا لقب اپنایا۔چونکہ بابی کے مریدوں کو باغی قرار دیا گیا تھا۔اس لیے یہ فرقہ پردہ خفا میں چلا گیا۔یحییٰ نورازل شیراز سے بھاگ کر ایران گیا اور وہاں سے قبرص چلا گیا۔یہ فرقہ بھی پھیل نہ سکا۔

Marfat.com

تیسرا فرقہ بہائیہ خوب پھیلا۔ باب کے قتل کے بعد بہاء اللہ کو قید کر کے تہران رکھا گیا۔ چونکہ یہ روس اور برطانیہ کے لیے کام کرتا تھا اس لیے سفارت خانوں کی مداخلت کے سبب اسے سزائے موت نہ دی جا سکی۔ ۱۸۶۱ء سے ۱۸۶۲ء (چار ماہ) قید کے دوران اس نے کتاب ایقان لکھی۔ پھر عراق (بغداد) بدر کر دیا گیا۔ وہاں سے حکومت عثمانیہ نے نکال کر ۱۸۶۸ء میں فلسطین کے شہر عکہ بھیج دیا۔ یہاں کے یہودیوں نے اس سے دوران نظر بندی راہ و رسم بڑھائی تا کہ مسلمانوں کے خلاف اس سے کام لیا جا سکے۔ چنانچہ اس نے بھی قرآن کریم کو منسوخ کرنے کا دعویٰ کیا اور ایک کتابچہ ''کتاب الاقدس'' لکھا۔ جہاد کو حرام قرار دیا اور دعویٰ الوہیت بھی کر دیا۔ مئی ۱۸۹۲ء میں مجنون ہو کر مر گیا۔ اور عکہ ہی میں دفن کیا گیا۔ اس کا بڑا بیٹا عباس آفندی تھا جسے اس نے اپنے وارث کے طور پر تجویز کیا ۱۹۳۶ء میں عباس آفندی کا نواسہ شوقی اس مرتبہ پر فائز ہوا۔ اس کے مرنے کے بعد ایک مجلس قائم کی گئی۔ فلسطین میں مقام عکہ میں اس کا صدر مقام ہے اور تمام دنیا میں بہائی ہالوں کے ذریعہ ان کی تبلیغی مہم جاری ہے۔ یہودی حکومت اسرائیل اور یورپ و امریکہ ان کا حامی و مددگار ہے۔

بہائیوں نے خود اعلان کیا کہ انہیں مسلمانوں میں شمار نہ کیا جائے۔ وہ نہ مسلمان ہیں اور نہ مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ عقیدۃً وہ تمام مذاہب کو حق کہتے ہیں (عالمی بھائی چارہ کی تفصیل آگے آئے گی) اور عملاً وہ کسی مذہب کے پابند نہیں۔

عبدالبہاء عباس آفندی ۲۳ مئی ۱۸۴۴ء کو طہران میں اس دن پیدا ہوا جس دن علی محمد باب نے نبوت کا دعویٰ کیا۔ یہ بچپن سے اپنے والد بہاء اللہ کے ساتھ ساتھ جلاوطن ہوتا رہا۔ بہائی مذہب میں جماعت کے ساتھ نماز ممنوع تھی مگر عباس آفندی مسلمانوں کو دھوکہ دینے کی خاطر بیروت میں پانچوں نمازیں ہی نہیں بلکہ جمعہ بھی جماعت سے پڑھ لیتا تھا۔ (تاریخ الاستاذ الامام از محمد رشید رضا صفحہ ۹۳۰) اور عیسائیوں کے ساتھ ان کے گرجا گھر میں عبادت کرتا اور حضرت مسیح علیہ السلام کی الوہیت کا بھی قائل تھا۔ (مکاتیب عبدالبہاء انگریزی ایڈیشن صفحہ نمبر ۱۳۸۰: از عباس آفندی) امریکہ میں یہ یہودیوں کے صوامع (Synagogue) میں جا کر ان کے ساتھ عبادت کرتا تھا۔

Marfat.com

(بہاءاللہ والعصر الجدید از لاسلمت بہائی صفحہ ۱۲۴)۔

عبدالبہا عباس نے ۱۹۱۱ء سے ۱۹۱۳ء تک امریکہ میں عیسائیوں اور یہودیوں کی مدد سے مسلمانوں کے خلاف کام کیا اور بہاءاللہ کی جھوٹی نبوت کے مراکز قائم کئے۔(دائرۃ المعارف صفحہ ۹۴ جلد ۵ پنجاب یونیورسٹی لاہور) عباس آفندی کا نواسہ شوقی آفندی ۱۸۹۷ء میں پیدا ہوا اور امریکن کالج بیروت سے تعلیم حاصل کی اور تکمیل آکسفورڈ میں کی۔(عبدالبہاء والبھائیہ صفحہ ۱۸۰ از سلیم قبعین البہائی) شوقی آفندی کا لقب امر اللہ تھا اس نے ۱۹۳۶ء میں ایک امریکی عورت ماردی اور ایک عیسائی عورت میکس ویل سے شادی کی۔ ۱۹۵۷ء میں دل کے عارضہ سے مر گیا اور لندن کے عیسائی قبرستان میں دفن ہوا۔(دائرۃ المعارف پنجاب یونیورسٹی صفحہ نمبر ۹۴ جلد ۵)

ابراہیم جورج خیر اللہ امریکہ میں بہائیت کا پہلا مبلغ تھا۔یہ ۱۱ نومبر ۱۸۴۹ء کو ملک شام کے ایک عیسائی گھرانے میں پیدا ہوا۔بیروت کے امریکی کالج سے تعلیم حاصل کر کے مصر چلا گیا جہاں اس نے بہائی مذہب قبول کر کے مرکز قائم کیا جو اس وقت دنیا میں ان کا سب سے بڑا مرکز ہے۔اس کے قیام میں اس کی انگریز بیوی کی کوشش شامل تھی۔(دروس الدیانیہ البہائیہ از خطیب صفحہ ۶۳)

مصر کا ایک بہائی راشد خلیفہ جس نے کیمسٹری میں ڈاکٹریٹ کی تھی ۱۹۶۰ء میں امریکہ آباد ہو گیا۔ ۱۹۶۸ء میں کمپیوٹر کے ذریعہ ''قرآن کی تشکیل اور ترتیب کا معجزہ'' کے کام کا آغاز کیا۔اور قرآن کے حروف تہجی۔الفاظ و آیات بالترتیب کمپیوٹر میں فیڈ کر دیئے اور ان میں کوئی تعلق تلاش کرنا شروع کر دیا۔رفتہ رفتہ اس کام میں اور لوگ بھی شامل ہو گئے ۱۹۷۶ء تک اسے ایک باقاعدہ ریسرچ سنٹر (اکیڈیمی) کا درجہ دے دیا گیا۔اس تحقیق کا محور عدد ۱۹ تھا۔اس نے اور اس کے ساتھیوں نے اس موضوع پر کئی کتابچے لکھے۔اپنے متقدمین کے نقشہ قدم پر چلتے ہوئے اس نے بھی نبی ہونے کا دعویٰ کیا اور بالآخر اسی گمراہی کے ساتھ ۱۹۹۰ء میں مر گیا۔

اللہ تبارک تعالیٰ نے قرآن میں مختلف مواقع پر ۳۰ ہندسوں کا ذکر کیا ہے۔۱،۰۰۰،۰۰۰،۵۰،۰۰۰،۳۰۰۰، ۲۰۰۰،۱۰۰۰،۳۰۰۰،۲۰۰،۱۰۰،۹۹،۸۰،۷۰،۶۰،۵۰،۴۰،۳۰،۲۰،۱۹،۱۲،۱۱،۱۰،۹،۸،۷،۶،۴،۳،۲،۱،

لیکن قرآنی معجزہ ثابت کرنے والے حضرات کی دلچسپی کا حامل ۱۹ کا ہندسہ ہی ہے۔احمد دیدات نے بھی

Marfat.com

۱۹ کے ہندسے کو اہمیت دی اور معجزۃ القرآن Mercal Quran کے نام سے کتابچہ بھی لکھا۔
قرآن مجید کے لیے ایک ریاضیاتی بنیاد اور اس کے لیے عدد ۱۹ کا تعین قرآن کی شان بڑھانے کے لیے نہیں بلکہ بہائیوں کی تبلیغی مہم کا حصہ ہے جس کے تحت مسلمانوں میں عدد ۱۹ کی اہمیت کا احساس پیدا کرنا ہے۔ تاکہ علی محمد باب کی برتری کو ذہین نشین کرایا جاسکے۔ ورنہ دیگر اعداد بھی موجود ہیں۔ جن کا ذکر قرآن نے کیا۔ ان سب کو چھوڑ کر عدد ۱۹ کو قرآن کی ریاضیاتی بنیاد بتانا قرآن مجید سے عقیدت کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ علی محمد باب کے عین ذات الٰہی ہونے کے عقیدہ سے وابستہ ہے۔
کچھ حضرات دو قدم اور بڑھ گئے انہوں نے قرآن کے سپاروں اور سورتوں کے درمیان تعلق پر گراف ترتیب دے کر اسے معجزانہ گراف کا نام دے دیا۔ ان کی تحقیق کا نمونہ بھی ملاحظہ ہو مثلاً پہلے پارہ میں دو سورتیں ہیں اور تیسرے پارے میں صرف سورۃ آل عمران ہے۔ جو چوتھے پارے تک جاتی ہے اور پھر سورۃ نساء شروع ہو کر چھٹے پارے میں ختم ہوتی ہے۔ پھر نئی سورۃ شروع ہوتی ہے اور بارہویں پارے تک بارہویں سورت کا آغاز ہوتا ہے۔ بیسویں پارے تک ۲۹ سورتیں۔ اکیسویں پارے تک ۳۳ سورتیں اور بائیسویں پارے تک ۳۶ سورتیں پچیسویں تک ۴۵ سورتیں۔ اٹھائیسویں تک ۶۶ سورتیں۔ اس کے بعد تیسویں پارے تک ۱۱۴ سورتیں مکمل ہو جاتی ہیں۔ جسے گراف کی شکل میں ظاہر کر کے اسے قرآن کا معجزہ قرار دیا جا رہا ہے۔

## ☆ قرآنی معجزہ

آگے منازل ترتیب کے معجزہ کو حسابی فارمولا کے تحت بیان کیا گیا ہے۔
کسی منزل میں تعداد سورۃ = ۲ × منزل نمبر + ۱
منزل (۱) میں تعداد ۳ = ۲ × ۱ + ۱ — منزل نمبر (۲) میں تعداد ۵ = ۲ × ۲ + ۱
منزل نمبر (۳) میں تعداد ۷ = ۲ × ۳ + ۱ — منزل نمبر (۴) میں تعداد ۹ = ۲ × ۳ + ۱
منزل نمبر (۵) میں تعداد ۱۱ = ۲ × ۴ + ۱ — منزل نمبر (۶) میں تعداد ۱۳ = ۲ × ۶ + ۱
منزل نمبر (۷) میں تعداد ۶۵ = ۲ × ۷ + ۱ — (یہاں خود ساختہ فارمولا نے ساتھ نہ دیا)
پھر اسے بھی معجزانہ گراف کی شکل میں ترتیب دیا ہے۔

Marfat.com

# معجزانہ گراف

## قرآن حکیم کے پاروں اور سورتوں کے درمیان تعلق کا گراف




Marfat.com

# معجزانہ گراف

## قرآن حکیم کی منازل اور سورتوں کے درمیان تعلق کا گراف




Marfat.com

## ☆قرآن کا ریاضیاتی معجزہ

بعض نام نہاد محقق حضرات یہ کہتے ہیں کہ سورۃ توبہ کے شروع میں بسم اللہ اس لئے نہیں ہے کہ اس سے بسم اللہ کی تعداد ۱۱۵ ہو جاتی ہے اور قرآن کا ۱۹ کا حاصل ضرب غلط ہو جاتا ہے۔ تو قرآن کی ساتویں منزل میں اللہ نے سورتوں کی تعداد کم کیوں نہ کر دی تا کہ حاصل ضرب ۱۹ آ سکے۔

اسی طرح مصر کی تنظیم اخوان المومنون کے ایک نام نہاد محقق ڈاکٹر طارق السویدان نے قرآن میں موجود اصطلاحات اور ان کے مترادفات کی تعداد کو قرآنی معجزہ قرار دیا ہے۔ اس کی تحقیقات کا خلاصہ یہ ہے کہ لفظ ''یوم'' قرآن میں ۳۶۵ مرتبہ آیا ہے کیونکہ شمسی سال ۳۶۵ دن کا ہوتا ہے۔ اور اس کی جمع ''یومین'' ۳۰ مرتبہ ہے۔ یہ ایک مہینہ کے اوسط دن ہیں۔ لفظ ''شہر'' ۱۲ مرتبہ آیا ہے جو سال کے مہینوں کی تعداد ہے۔ مرد اور عورت (الرجل۔ امراۃ) کے الفاظ ۲۳ مرتبہ استعمال ہوئے ہیں کیونکہ انسانی کروموسومز کی تعداد بھی تئیس ہوتی ہے۔ جنت اور جہنم کے الفاظ ۷۷ مرتبہ استعمال ہوئے ہیں۔ ایمان اور کفر کی تعداد ۲۵ ہے۔ ابرار (نیکوکار) ۶ مرتبہ اور فجار (بدکردار) ۳ مرتبہ آیا ہے کیونکہ انسان میں نیک بننے کے امکانات دوگنے ہوتے ہیں۔ جزا (بدلہ) کا لفظ ۱۱۷ مرتبہ جبکہ مغفرت (معافی) کا لفظ ۲۳۴ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ یہاں بھی خود ہی توجیہ کر دی ہے کہ ہم اعمال اچھے کریں اور اپنی کوتاہیوں کی زیادہ معافی مانگیں۔ ملائکہ اور شیطان کا ذکر ۶۸ مرتبہ آیا ہے (ملائکہ اور شیطان کیسے مترادف ہو گئے) خیانت اور خباثت ۱۶ مرتبہ موجود ہے (یہ بھی مترادف نہیں) شراب (خمر) اور اس کا اثر (سکاریٰ) ۶ مرتبہ (یہ بھی مترادف نہیں) محبت اور اطاعت ۱۰۷ مرتبہ (یہ بھی مترادف نہیں) شکر اور مصیبت کا لفظ ۷۷ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ اسے جبراً مترادف ثابت کرنے کے لیے یہ تاویل کی ہے کہ نعمت پر ممنون ہونے کے لیے شکر کا لفظ استعمال ہوتا ہے جبکہ ناشکرے پر مصیبت آتی ہے۔ شمس اور نور ۳۳ مرتبہ آیا ہے (قرآن نے دونوں الفاظ کو مختلف معنیٰ میں لیا ہے محقق موصوف نے شمس کو منبع روشنی کی وجہ سے نور کا مترادف بنا دیا) حیات اور موت کے لیے ۱۴۵ دفعہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ بصیرت اور بصارت کو ۱۴۸ مرتبہ استعمال کیا (یہ بھی

Marfat.com

مترادف نہیں) آسانی (الیسر) اور مشکل (العسر) ۳۶ مرتبہ استعمال ہوا (یہ مترادف نہیں بلکہ متضاد ہیں) سلام اور طیب کا لفظ ۵۰ مرتبہ آیا ہے (یہ بھی مترادف نہیں) زکوٰۃ کی وجہ سے برکت ہوتی ہے اس لیے یہ دونوں الفاظ ۳۲ مرتبہ استعمال ہوئے۔ ''اسلام'' اور ''الدین'' ۷۰ مرتبہ استعمال ہوا۔ جہاد چونکہ مسلمین کا دعویٰ ہے اس لیے یہ دونوں لفظ ۴۱ مرتبہ آئے ہیں۔

آج سے تیس سال پیشتر جب کمپیوٹر صرف ڈوس (DOS) پروگرام پر چلتا تھا۔ اس وقت ایک روسی نومسلم نے ایک چھوٹا سا پروگرام ''سلسبیل'' بنایا تھا۔ جس کے ذریعہ آپ قرآن کے ہر لفظ بلکہ حرف اور زیر زبر وغیرہ کی تعداد معلوم کر سکتے تھے اور ان تمام کو سکرین پر دیکھ سکتے تھے۔ آج ونڈوز پروگرامز کے لئے ''ذکر'' کے نام سے سوفٹ ویئر موجود ہے۔ معلومات کی حد تک تو یہ درست ہے لیکن کوئی فارغ شخص ان کا آپس میں تعلق جوڑ کر اسے معجزہ قرآنی ثابت کرنے لگے تو اسے کیا کہا جا سکتا ہے۔

ان محققین کے نزدیک قرآن کے ترتیبی نظام میں ۱۹ کے ہندسہ کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔

☆ مثلاً بسم اللہ الرحمن الرحیم کے حروف کی تعداد ۱۹ بتائی جا رہی ہے (جبکہ یہ اکیس حروف کا مجموعہ ہے۔ جس کا ذکر آگے آئے گا) اسی طرح لفظ اسم قرآن میں ۱۹ مرتبہ آیا ہے لفظ اللہ ۲۶۹۹ مرتبہ جو انیس کے حاصل ضرب ۱۴۲ اور ایک حاصل جمع کا مرکب ہے (معجزانہ ترتیب یہاں خود ہی غلط ہو گئی اب صرف تاویل ہی کی جا سکتی ہے۔) الرحمٰن ۵۷ مرتبہ آیا ہے جو ۱۹ کا ۳ سے حاصل ضرب ہے۔ اسی طرح الرحیم ۱۱۴ مرتبہ استعمال ہوا ہے جو ۱۹ کا ۶ سے حاصل ضرب ہے۔

☆ معجزانہ ترتیب کے قائلین نے اگلا قدم اٹھایا کہ قرآن کی ۱۱۴ سورتیں ۱۹ کے حاصل ضرب ۶ کا مجموعہ ہے اور اللہ نے کائنات کی تخلیق ۶ دن میں کی چنانچہ اس سے قرآن اور کائنات کا آپس میں تعلق ظاہر ہوتا ہے۔

☆ سورۃ توبہ کے علاوہ ۱۱۳ سورتوں کے آغاز میں بسم اللہ ہے اور سورۃ نمل میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے خط بسم اللہ شامل کر کے ۱۱۴ ہو گئیں جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

☆ سورۃ توبہ کا نمبر ۹ ہے اور سورۃ نمل کا ۲۷۔ ان دونوں کے درمیان آنے والی سورتوں کے نمبر کا

Marfat.com

حاصل جمع ۳۴۲ ہے جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

۳۴۲=۱۹×۶×۳= ۳۴۲=(۲۷+۲۶+۲۵.....+۱۴+ ۱۳+ ۱۲+۱۱ +۱۰+ ۹)

(اسی طرح کی الٹی سیدھی ترکیبوں سے تو موجودہ بائبل، گرنتھ یا رامائن بھی درست ثابت ہوسکتی ہے)

☆ سورۃ العلق کی پانچ آیات (پہلی وحی) کے الفاظ ۱۹ ہیں اور حروف کی تعداد ۷۶ ہے جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

☆ سورۃ العلق آخر قرآن سے ۱۹ ویں نمبر پر ہے اس سے پہلے ۹۵ سورتیں ہیں جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

ان فارغ محققین کے نزدیک پہلی وحی جس کے ۱۹ الفاظ تھے کو ۱۹ آیات والی سورت میں رکھا اور اس کے حروف کو ۷۶ تک محدود کر دیا۔ تاکہ ۱۹ کا فارمولا قائم رہے پھر قرآن کی ترتیب میں ۹۶ نمبر پر رکھا۔ تاکہ اس سے پہلے ۹۵ جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے اور بعد میں ۱۹ ہو۔ بلکہ پوری سورت کے حروف ۳۰۴ ہیں جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

☆ آخری سورۃ نصر کا ترتیبی نمبر ۱۱۰ ہے۔ یہ بھی ۱۹ الفاظ پر مشتمل ہے۔ اس کی پہلی آیت میں ۱۹ حروف ہیں چنانچہ یہ ۱۹ کے کلیدی ہندسہ کا زندہ معجزہ ہے۔

☆ اللہ کے بعض صفاتی نام (باقی کیوں نہیں؟) ۱۹ مرتبہ آئے ہیں مثلاً واحد وغیرہ یا ۱۹ کے حاصل ضرب کے مطابق جامع ۱۱۴ مرتبہ۔ مجید ۵۷ مرتبہ وغیرہ

☆ اللہ کا ذاتی نام اللہ قرآن میں ۲۶۹۹ مرتبہ ہے۔ اسے ۱۹ کا ہندسہ تقسیم نہیں کرتا بلکہ ایک بچ جاتا ہے۔

اس خود ساختہ معجزانہ ترتیب کے موجد ڈاکٹر راشد خلیفہ مصری جس نے بعد میں خود نبی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا۔ چنانچہ اس نے اپنی اس ترتیب کے مطابق یہ کہا کہ قرآن میں اللہ کا ایک نام زیادہ ہے۔ جو غلطی سے لگا دیا گیا ہے۔ اس نے قرآن کی تصحیح کرتے ہوئے سورۃ توبہ کی آخری دو آیات نمبر ۱۲۸۔ ۱۲۷ کو قرآن سے خارج کر دیا۔ یوں اللہ کا ایک نام بھی نکل گیا۔ اس طرح اللہ کے لفظ کا مجموعہ

Marfat.com

۲۶۹۸ رہ گیا جو ۱۹ کا حاصل ضرب تھا۔ اور کمپیوٹر کا فارمولا غلط ہونے سے بچ گیا۔

آج کے محققین نے اس میں کچھ تبدیلی کر لی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ تقسیم کے بعد ایک بچ جانا اللہ کے واحد ہونے کی علامت ہے۔

☆ عدد ۱۹ کو کلیدی سمجھنے والوں کا دعویٰ یہ بھی ہے کہ قرآن کی تمام سورتیں آپس میں جمع کرتے جائیں (۱+۲+۳ +۴.....۱۱۴) تو اس کا مجموعی عدد ۶۵۵۵ ہوگا۔ جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

☆ سورۃ شوریٰ کے حروف مقطعات (حٰمٓ عٓسٓقٓ) اور سورۃ ق بھی حروف مقطعات قٓ سے شروع ہوتی ہے۔ ان دونوں سورتوں میں حرف ''ق'' ۵۷ مرتبہ استعمال ہوا ہے جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔ نیز دونوں سورتوں میں ق کا مجموعہ ۱۱۴ ہے۔ جو کلام اللہ کی کل سورتوں کی تعداد ہے۔ نیز لفظ قرآن بھی کلام اللہ میں ۵۷ مرتبہ آیا ہے اور مجید بھی ۵۷ مرتبہ۔

☆ سورۃ شوریٰ کی آیات ۵۳ ہیں اور ترتیب کے لحاظ سے ۴۲ نمبر پر ہے دونوں کا مجموعہ ۹۵ ہے جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔ سورۃ ق کا نمبر ۵۰ اور آیات ۴۵ ہیں دونوں کا مجموعہ ۹۵ ہے جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

☆ قرآن کی ہر سورت کی انیسویں آیت میں آنے والے تمام قاف کا مجموعہ ۷۶ ہے جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

☆ سورۃ القلم کی آیت حروف مقطعات ''ن'' سے شروع ہوتی ہے اس سورۃ میں کل ''ن'' کی تعداد ۱۳۳ ہے جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

☆ سورۃ اعراف، سورۃ مریم اور سورۃ صٓ میں حرف صاد کی کل تعداد ۱۵۲ ہے جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

☆ سورۃ یٰسین میں (''ی'') ۲۳۷ مرتبہ اور حرف سین ۴۸ مرتبہ آیا ہے جن کا مجموعہ ۲۸۵ ہے جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

☆ حروف مقطعات (ح اور م) قرآن کی سات سورتوں (سورۃ نمبر ۴۰ سے ۴۶ تک) میں کل

Marfat.com

۲۱۴۷ مرتبہ آیا ہے جو ۱۹ کا حاصل ضرب ہے۔

اب اس ریاضیاتی بنیاد کو علمی انداز میں پرکھیے۔ کیا واقعی یہ علمی لحاظ سے بے بنیاد ہے یا معجزہ؟

لفظ بسم اللہ الرحمن الرحیم کو لیجیے۔ یہ حروف نہیں بلکہ ۲۱ حروف ہیں جو رسم الخط کی وجہ سے ۱۹ دکھائی دیتے ہیں۔ لفظ اسم کا الف علم الرسم میں خاص طرز کتابت کی وجہ سے نہیں لکھا جاتا۔ ورنہ قرآن میں اقرأ باسم ربك اور فسبح باسم ربك میں الف موجود ہے۔ اگر بسم اللہ میں الف نہ مانا جائے تو یہ ب۔س۔ م رہ جائے گا۔ جس کا معنی "بے آواز ہنسنا" کے ہیں۔ اسی طرح الرحمٰن کا وزن فعلان ہے جیسے سعدان۔ حیران وغیرہ۔ اور قرآن کے رسم الخط میں جب الف کو طویل انداز میں ادا کرنا مقصود نہ ہو تو الف کی بجائے کھڑا زبر لگا دیا جاتا ہے۔ چنانچہ تجوید و قرأت کے مطابق سینکڑوں آیات میں الف ساکن کی جگہ پر کھڑا زبر موجود ہے۔ شمار میں الف ہی شمار ہوتا ہے۔ جیسے سورۃ فاتحہ میں مٰلِكِ (میم الف کے ساتھ نہیں بلکہ کھڑے زبر کے ساتھ ہے) اسی طرح سورۃ مائدہ آیت ۴ میں الطیبٰتُ۔ آیت نمبر ۵ میں الکتٰب۔ المحصنٰت۔ المومنٰت۔ الخٰسرین۔ آیت نمبر ۶ میں لٰمَستُم۔ آیت نمبر ۹ میں الصلحٰت آیت نمبر ۱۰ میں اَصحٰب وغیرہ۔ اگر ان تمام آیات کے مذکورہ الفاظ سے الف خارج کر دیا جائے تو یہ اپنے معنیٰ میں قائم نہیں رہ سکتے۔ یہی صورت لفظ الرحمٰن کی ہے۔

بسم اللہ کے ۱۹ حروف ثابت کرنے والوں نے تفسیر ابن کثیر کی ایک روایت کو اپنا مدار بنایا ہوا ہے۔ کہ علامہ ابن کثیرؒ نے سورۃ مدثر کی تفسیر میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی طرف ایک قول منسوب کیا ہے کہ بسم اللہ کے حروف ۱۹ ہیں اس روایت پر اہل فن نے کلام کیا ہے۔ کیونکہ اہل عرب صیغوں کے اوزان اور قواعد کو بہت اچھی طرح جانتے تھے۔ کمپیوٹر کے ذریعہ ریاضیاتی معجزہ ثابت کرنے والے حضرات چونکہ علم القرأت اور عربی اوزان سے ناواقف رہے ہیں اس لیے ان کی تاویلیں بھی عجیب ہیں۔

عدد ۱۹ کو قرآن کا ریاضیاتی معجزہ ثابت کرنے والے حضرات ضرب اور تقسیم کا عمل کر کے مختلف جگہ ۱۹ کو حاصل جمع یا مقسوم علیہ دکھاتے ہیں اس معجزہ کا نہ تو صاحب وحی کو علم ہوا نہ کسی صحابی کو اطلاع

Marfat.com

ہوئی۔اوراب تک سب ہی اس سے ناواقف رہے۔اورامریکہ میں کمپیوٹر نے یہ ریاضیاتی بنیاد ثابت کی۔ یہ تو درست ہے کہ کمپیوٹر کسی بھی دیئے ہوئے اعداد پر صحت کے ساتھ حسابی عمل کر دیتا ہے۔ لیکن یہ کسی کے لیے کیسے قابل قبول ہوسکتا ہے کہ کمپیوٹر کسی عدد کو مقدس بنا کر پیش کر دے۔اس طرح جمع تفریق اور ضرب تقسیم کے ذریعہ بیسیوں عددی عجائبات قرآن ہی نہیں بلکہ کسی انسانی تصنیف میں پیدا کی جاسکتی ہیں۔مثلاً حٰمٓ کے اعداد جمل (۴۸) کو سورۃ الحاقۃ آیت نمبر ۱۷ میں بیان کئے گئے عدد ملائکہ حاملان عرش ۸ پر تقسیم کیا جائے تو چھ کا عدد برآمد ہوگا۔اور الٓمٓ چھ سورتوں کی ابتدا میں ہے قرآن میں ۲۹ سورتوں میں حروف تہجی بطور حروف مقطعات موجود ہیں ان کا مجموعہ ۱۴ ہے۔۱۴ کو ۱۴ سے ضرب دیں حاصل ضرب ۱۹۶ آئے گا۔اسے اصحاب کہف کے عدد ے پر تقسیم کریں تو چاند کے لمعات ۲۸ نکل آئیں گے۔اس طرح کے عجائبات قرآن سے ہی نہیں بلکہ ہزار داستاں۔ ہیر رانجھا۔ دیوان حافظ سے بھی بہت سے عجائبات برآمد کرلیں۔

اللھم اخرجنا من ظلمات الو ھم و اکرمنا بنور الفھم وثبت اقدامنا علیٰ صراطك المستقیم۔

اب ہم اپنے موقف کو مزید تقویت دینے کے لیے صدیقی ٹرسٹ کراچی کے منصور الزمان صدیقی صاحب کا خط مورخہ ۱۶ ذی الحجہ ۱۴۰۰ھ مطابق ۲۶ اکتوبر ۱۹۸۰ء اور مفتی رشید احمد لدھیانوی صاحب رحمہ اللہ کا مکمل جواب نقل کر رہے ہیں۔جو حضرات شائق ہوں وہ احسن الفتاویٰ جلد ۶ میں دیکھ سکتے ہیں۔

بخدمت جناب حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب مدظلہ

ناظم آباد نمبر ۴ کراچی

حضرت محترم زادت عنایتکم،

ایک مصری عالم ڈاکٹر راشد خلیفہ کی تحقیق کے مطابق کمپیوٹر کے ذریعہ قرآن پر تحقیقات کا سلسلہ دُنیا کے ممالک میں جاری ہے، یہ سلسلہ اب پاکستان میں اسلام آباد یونیورسٹی میں بھی شروع ہے۔

Marfat.com

اس سلسلہ میں سب سے پہلا مضمون ''معارف'' اعظم گڑھ میں شائع ہوا تھا، اس کی نقول پاک وہند کے متعدد رسائل میں بعد میں کتابی صورت میں شائع ہوتی رہی ہیں۔ اور اب یہ مضامین عربی اخبار و جرائد میں بھی شائع ہو رہے ہیں۔

اس سلسلہ میں ۱۹ کا ہندسہ خاص طور پر زیر بحث آیا ہے اور یہ ہی تحقیق سب سے اوّل شائع ہوئی تھی، اس پر متعدد حضرات نے اعتراضات بھی شائع کئے ہیں لیکن یہ اعتراضات محدود پیمانہ پر سامنے آئے ہیں۔ اب ایک پاکستانی مسلمان برطانیہ سے یہ تحریر کرتے ہیں کہ علماء کرام کی رائے اس سلسلہ میں دریافت کی جائے۔

ڈاکٹر راشد خلیفہ کی تحقیق بصورت انگریزی رسالہ، اور دیگر حضرات کی تحقیقات بصورت اُردو رسالہ ''قرآن کریم کا اعجاز'' ہمراہ روانہ خدمت ہے۔ براہ کرام اس سلسلہ میں جواب سے مطلع فرمایئے کہ یہ تحقیقات اسلامی تعلیمات کے منافی تو نہیں ہیں اور اس کی اشاعت جائز ہے یا یہ طریق کار خلافِ اسلام ہے؟ والسلام

احقر الزمان: محمد منصور الزمان

☆

محترم جناب محمد منصور الزمان صاحب، صدیقی ٹرسٹ کراچی

قرآن کریم کے کمپیوٹری تجزیہ سے متعلق آپ کا استفسار موصول ہوا۔ جواب ارسال ہے۔

الجواب با سم ملهم الصّواب

میں زبان و قلم کی طرح آنکھ اور کان کی بھی لغویات سے حفاظت کا اہتمام کرتا ہوں، مع ہذا کان میں کچھ لغو باتیں پڑ ہی جاتی ہیں، بالمشافہہ کسی کو کم ہمت ہوتی ہے۔ ٹیلیفون پر اس کا شکار ہو جاتا ہوں، اسی سلسلہ کی ایک خبر وہ بھی ہے جس سے متعلق استفسار کیا گیا ہے۔ کچھ عرصہ قبل ایک صاحب نے بذریعہ فون بزعمِ خود اس ''عجب انکشاف'' کی خبر سے میرے کان کو ملوث و متوحش کیا۔ میں اس وقت اس کا حاصل صرف یہ سمجھا کہ ماڈرن مسلم کے نیو ماڈل جوڑے کو ابلیس نے روح قرآن کے فہم اور

Marfat.com

اس کے مطابق عمل سے غفلت میں رکھنے کے لئے ایسی لغویات کو ان کی نظر میں مزین کر دیا ہے اور ان کو اس فریب میں مبتلا کر دیا ہے کہ بس حاصل قرآن یہی ہے۔ مگر بعد میں جب یہ سنا کہ یہ ایک تحریک کی صورت اختیار کر گیا ہے اور اس کی نشر و اشاعت کی مہم چلائی جا رہی ہے تو یہ خطرہ ہوا کہ کہیں اسکے پسِ پشت کوئی طاغوتی قوت تو کارفرما نہیں؟ اور دشمنانِ اسلام اعجاز قرآن کے نام سے اسلام و قرآن کے خلاف سازش میں تو مصروف نہیں؟

اس سازش کے دو رُخ ہو سکتے ہیں

پہلا رُخ:

فرقہ بہائیہ کے مقدس عدد ''انیس'' کو پورے قرآن کا محور ثابت کر کے یہ تاثر دیا جائے کہ بہائیت نہ صرف یہ کہ قرآن سے ثابت ہے بلکہ پورے قرآن کی روح ہے۔ فرقہ بہائیہ نے اس عدد کا تقدس ہندکی جہالت قدیمہ سے لیا ہے جس میں ''انیس'' کے عدد کو اس لئے متصرف و مؤثر گردانا جاتا تھا کہ یہ سب سے چھوٹی اکائی اور سب سے بڑی اکائی یعنی ایک اور نو کا مجموعہ ہے۔

مذہب بہائی کا اصل بانی علی محمد باب ہے۔ ان کے عقیدہ میں یہ باب ''ظہور الٰہی'' تھا۔ اس کے بعد اس کی امت کے مختلف فرقے ہو گئے جن میں سے بہاء الدین کے پیروکار بہائی کہلاتے ہیں اس لئے فرقہ بہائیہ بھی مذہب بابی ہی کے شجر خبیث کا ثمر ہے۔

علی محمد باب ۱۸۱۹ء میں پیدا ہوا جس کے اعداد کا مجموعہ ''انیس'' ہے ۹+۱+۸+۱=۱۹، اس بناء پر فرقہ بہائیہ کے عقیدہ میں یہ عدد بہت مقدس اور پوری کائنات کا محور ہے، اسی لئے یہ لوگ سال میں انیس مہینے اور ہر ماہ انیس دن کا شمار کرتے ہیں۔ اپنی تحریریں اسی عدد سے شروع کرتے ہیں اور اپنے معبدوں و تبلیغی مرکزوں (بہائی ہال) کی دیواروں پر یہ عدد نمایاں طور پر لکھتے ہیں۔

ان کا مرکز فلسطین میں مقام ''عکہ'' ہے حکومت اسرائیل کی سرپرستی میں ان کی تبلیغی سرگرمیاں جاری ہیں۔ امریکہ میں ان کی کافی تعداد ہے۔ ممکن ہے کہ ''قرآن کا کمپیوٹری اعجاز'' انہی کی سازش ہو۔

Marfat.com

دوسرا رخ:

سازش کا دوسرا رخ یہ ہے کہ اس عدد کے محورِ قرآن ہونے کی خوب تشہیر کی جائے حتیٰ کہ مسلمان بھی اس فریب میں آجائیں اور اس غلط نظریہ کو قبول کرلیں کہ ''انیس'' کا عدد قرآن میں وجہ اعجاز ہے اور پورے قرآن کا محور ہے۔ اس کے بعد پینترا بدل کر اس عدد کی نحوست کی تشہیر شروع کر دی جائے مثلاً: جہنم کے فرشتے اُنیس ہیں۔ نار جهنم هم فيها خٰلدون کے حروف مکتوبہ اُنیس،

فرعون، ہامان، شداد، نمرود کے حروف مکتوبہ کا مجموعہ انیس،

بعض عامل بچھو کا زہر اُتارنے کے لئے زمین پر گول دائرہ میں اُنیس کا عدد لکھ کر اس پر جوتے مارتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

اس سے ثابت کریں:

معاذ اللہ قرآن انسان کو ملائکہ جہنم کے سپرد کرتا ہے، ہمیشہ کے لیے نارِ جہنم میں پھینکتا ہے،

فرعون جیسے کفار کے زمرہ میں شامل کرتا ہے، حیات قلب کے لئے سم قاتل ہے وغیرہ۔ اللہ تعالیٰ ایسے کفریات سے حفاظت فرمائیں

یا اسی قسم کے اعداد کسی دوسرے کلام میں دکھادیں، اس طرح قرآن کی حقانیت و اعجاز کو مخدوش کرنے کی کوشش کریں۔

اگر بالفرض اس تحریک میں شیطان کے کسی انسانی کارندہ کا ہاتھ نہ بھی ہو تو براہ راست شیطان خود اس کی کمان کر رہا ہے۔ اس لئے کہ اس میں مذکورہ دو مفاسد بہر کیف موجود ہیں خواہ اس میں کسی دشمن اسلام انسان کی سازش ہو یا نہ ہو۔

قرآن کے کمپیوٹری تجزیہ کے مفاسد:

مزید برین اس میں دوسرے مفاسد بھی ہیں مثلاً

ا۔ اس تحریر کی بدولت مسلمان قرآن کی دعوت اور اس پر عمل سے اور زیادہ غافل ہو جائیں گے۔ اس زمانہ کے مسلمانوں کی اکثریت قرآن کے ساتھ صرف ایسا تعلق رکھنا چاہتی ہے جس میں دعوتِ

Marfat.com

قرآن پر غور وفکر کی مشقت اور قرآن پر عمل کے مجاہدہ کی بجائے پیٹ اور آنکھ کان وغیرہ کی لذت حاصل ہو، اس میں ان کے دو فائدے ہیں:

(i)۔تدبر قرآن، ترکِ منکرات اور حدود اللہ پر قائم رہنے کی محنت ومشقت کی بجائے راحت ونفسانی لذت۔

(ii)۔اس طریقہ کار سے یہ فریب دہی مقصود ہے کہ یہ لوگ محبت قرآن کے حقوق اداء کر رہے ہیں اور سرتاپا مخالفت قرآن کے باوجود عشق قرآن میں مرے جا رہے ہیں۔

ہم فراق یار میں گھل گھل کے ہاتھی ہو گئے
اتنے گھلے اتنے گھلے رستم کے ساتھی ہو گئے

۲۔دماغ وقلم کی قوتوں اور قیمتی وقت کی اضاعت:

محسن اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

''بندہ سے اللہ تعالیٰ کے اعراض کی یہ علامت ہے کہ بندہ لایعنی کاموں میں مشغول ہو جائے'' اور فرمایا

''لایعنی کاموں سے احتراز حسنِ اسلام کی علامت ہے''

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے علم غیر نافع، قلب غیر خاشع اور دعا غیر مستجاب سے پناہ مانگی ہے۔ان تینوں جملوں میں یہ ربط ہے کہ اجابت دُعاء خشوع قلب پر موقوف ہے اور خشوع قلب علم غیر نافع سے احتراز پر موقوف ہے۔

شیطان اپنی اس کامیابی پر کتنا مسرور ہوگا کہ خدمتِ دین میں ایسے منہمک لوگ جن کی زندگی کا ایک ایک لمحہ دنیا ومافیہا سے زیادہ قیمتی ہے اور وہ پاس انفاس کی صورت کی بجائے اس کی روح کا زیادہ اہتمام کرتے ہیں۔آج وہ بھی ایسی لغویات کی تردید میں مشغول ہیں۔

عدد انیس کے وجہ اعجاز قرآن ہونے کا ابطال:

انیس کے عدد کو محور قرآن اور وجہ اعجاز قرار دینا بوجوہ ذیل بالکل لغو، باطل اور نقل وعقل کے سراسر

Marfat.com

خلاف ہے۔

ا۔شریعت میں اس عدد کی کوئی خصوصیت وفضیلت نہیں، عقلاً بھی یہ کوئی کمال نہیں، ایسے مفروضات تو ہر کس وناکس کے کلام میں نکالے جاسکتے ہیں۔اگر ایسے ساقط اُمور کو وجہ اعجاز فرض کرلیا جائے تو معاذ اللہ کلامِ حریری کلام اللہ سے زیادہ معجز قرار پائے گا۔

تعداد حروف کا قرآن وحدیث میں قطعاً کوئی اعتبار نہیں، نہ ہی فنِ فصاحت وبلاغت میں اس کا کوئی اعتبار ہے، نہ ہی اور کسی لحاظ سے اس میں کوئی حسن وخوبی ہے۔

۲۔بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اُنیس حروف ہونے کی وجہ سے جس طرح اس عدد کا تقدس ثابت کیا جارہا ہے اسی طرح بعض دوسرے کلمات کے عدد سے اس کی نحوست پر استدلال کیا جاسکتا ہے۔جس کی چند مثالیں اور پر لکھی جاچکی ہیں، وجہ ترجیح کیا ہے؟

۳۔اگر بالفرض عدد حروف ہی پر قرآن کی بنیاد ہوتی تو اسم ذات اللہ کے حروف بنیادی قرار پاتے۔

۴۔نزول قرآن کے زمانے میں تین، چار، پانچ، چھ، سات، دس اور ہزار کے اعداد خصوصیات ریاضیہ کی وجہ سے کثرت کے لئے استعمال ہوتے تھے، بالخصوص سات کا عدد زیادہ مشہور تھا، اس کی قوت کی وجہ سے اس کا نام سبع رکھا گیا ان اعداد کی خصوصیات ریاضیہ کے بیان کا یہاں موقع نہیں۔ اگر کوئی عدد قرآن مجید کا محور ہوتا تو ان اعداد میں سے ہوتا، خصوصاً جبکہ قرآن وحدیث میں بھی یہ اعداد محاورہ کے مطابق تکثیر کے لئے استعمال ہوئے ہیں۔

حساب جمل کی حقیقت:

۵۔تعداد حروف اس حساب جمل ابجد کی حقیقت سوائے ظرافتِ طبع کے کچھ نہیں، اگر حقیقت سے اس کا کوئی واسطہ ہوتا تو کافر کا سنِ ولادت یا سنِ وفات مغفورلہ نکالنے سے وہ جنتی ہوجاتا اور اسکے عکس سے مسلمان جہنمی بن جاتا اور اگر ایک ہی شخص کے بارے میں دو متضاد عدد نکال دیئے جاتے تو کیا ہوتا؟

کسی نے حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہٗ کا سنِ ولادت کرم عظیم

Marfat.com

/۱۲۸۰ھ نکالا، حضرت نے فرمایا: "مخالفین مکر عظیم کہہ سکتے ہیں"

کسی ظریف شاعر کے عربی، فارسی اور اُردو اشعار میری نظر سے گزرے ہیں جن میں اعداد حروف میں تصرف کے ذریعہ کسی بھی لفظ سے اللہ تعالیٰ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی نکالنے کے ضوابط مذکور تھے۔

گرونانک سے لولاك لما خلقت الافلاك کی تشریح یوں نقل کی گئی ہے:

"اعداد میں جوڑ توڑ کے ذریعہ کسی بھی لفظ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک نکالا جاسکتا ہے کوئی بھی لفظ لے کر اس کے عدد میں یہ عمل کریں:

عدد لفظ ×۴+۵/۲۰، باقی ×۹+۲=۹۲ ہوگا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا عدد ہے۔ ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ یہ محض ظرافت ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔

اگر ایسی ظرافت کو حقیقت تسلیم کرلیا جائے تو ہر باطل مذہب والے اپنے معبود و مقتدا سے متعلق ایسی ظرافت پیش کر کے ان کا ہر شے کی بناء اور جملہ کائنات کا محور ہونا ثابت کر سکتے ہیں۔ مثلاً ابلیس کا عدد ۱۰۳ ہے۔ اس کو ہر لفظ سے یوں حاصل کیا جاسکتا ہے:

عدد کا لفظ ×۴+۲×۲۰/۵، باقی ×۱۰+۳=۱۰۳"

میں نے مرسلہ مضامین بار بار غور سے پڑھے جس سے دو امر ثابت ہوئے:

اس سلسلہ کے محرک نے عدد انیس 19 کے تقدس کا دعویٰ صراحۃً نہ بھی کیا ہو تو بھی اسکے طریق کار یعنی پورے حساب کی بنیاد اسی عدد پر رکھنے سے اس کے تقدس کے اظہار و اشاعت میں کوئی شبہ نہیں، جیسا کہ خود استفسار میں بھی اس کا اعتراف ہے اور روزنامہ جنگ بابت ۸۰/۱۰/۲۴ کی مرسل کاپی میں تو مضمون نگار نے گویا اُنیس 19 کو اللہ ہی باور کرانے کی کوشش کی ہے۔

۲۔ ان اعداد کے جوڑ توڑ سے قرآن کا آسمانی کتاب ہونا، معجز ہونا، تغیر و تبدیل سے محفوظ ہونا وغیرہ کا اثبات تو درکنار ان سے تو کوئی بھی فضیلت ثابت نہیں ہوتی، محض ظرافتِ طبع کا سامان ہے۔ دوسرے کلاموں میں بھی ایسی ظرافتیں تلاش کی جاسکتی ہیں، بلکہ بعینہٖ ان ہی ظرافتوں پر مشتمل کلام

Marfat.com

مرتب کیا جاسکتا ہے۔

اس سے زیادہ بہتر تو مقطعات سے متعلق مفسر بیضادی رحمۃ اللہ تعالیٰ کے بیان فرمودہ لطائف ہیں، اس کے باوجود علماءِ اُمت نے ان کو کوئی اہمیت نہیں دی۔

ہاں قرآن کی سورتیں، ہر سورت کی آیات، ہر آیت کے الفاظ، ہر لفظ کے حروف اور ہر حرف کی حرکات وسکنات شمار کرنے کی محنت اور اس کی حفاظت واشاعت بہت اہم فریضہ ہے۔اس لئے کہ یہ حفاظتِ قرآن کا ذریعہ ہے، مگر اس کا بھی اعجازِ قرآن وتدبر قرآن سے کوئی تعلق نہیں صرف حفاظت قرآن سے تعلق ہے۔

۶۔اسم کی تعداد اور بسم کی تعداد کا حاصل ضرب رحمٰن کی تعداد کے برابر بتایا ہے، اگر اس حساب کی کوئی حقیقت ہوتی تو حاصل ضرب اللہ کی تعداد کے برابر ہونا چاہیئے تھا، اس لئے کہ یہ اسم ذات ہونے کے علاوہ لفظ بسم کے ساتھ متصل بھی ہے۔

☆ بانی تحریک کی کھلی فریب کاریاں:

۷۔اس تحریک کے بانی نے خود اپنی طرف سے انیس 19 کا عدد متعین کر کے اس کو قرآن کی روح ثابت کرنے کی اس طرح کوشش کی ہے کہ کہیں جمع، کہیں ضرب، کہیں تقسیم، کہیں حروف کی تعداد اور کہیں الفاظ کی اور کہیں بعض سورتوں کے ایک خاص حرف کی، غرض یہ کہ جس طرح بھی اُنیس 19 کا عدد بن سکتا تھا اسے زبردستی بنایا ہے اور جہاں نہیں بن سکا اسے چھوڑ دیا ہے۔

اس دورِ ترقی کے دانشوروں کی دانش پر تعجب ہے کہ ایسے کھلے فریب کو بھی نہ سمجھ سکے مختلف ترکیبوں سے کھینچ تان کر زبردستی اُنیس 19 سازی کی بطور نمونہ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

ا۔قرآن کریم میں کتابت مقصود نہیں بلکہ قرأت مقصود ہے، کتابت صرف ذریعۂ حفاظت ہے۔لہٰذا قرآن میں حروف مقروءہ کا اعتبار ہے نہ کہ حروف مکتوبہ کا، اسی لئے صحتِ نماز کے لئے بشمول حروف محذوفہ تیس ۳۰ حروف مقروءہ کی قرأت شرط ہے۔

اس حساب سے بِسمِ اللہِ الرَّحمنِ الرَّحِیم کے بائیس ۲۲ حروف ہیں، مگر اشاعت بہائیت کی

Marfat.com

خاطر ان کو اُنیس ۱۹ بنا دیا گیا۔

بعض نے تفسیر ابن کثیر سے حضرت ابن مسعودؓ کا قول پیش کیا ہے کہ بِسمِ اللہِ الرَّحمنِ الرَّحِیم کا ہر حرف جہنم کے اُنیس ۱۹ داروغوں میں سے ہر ایک سے بچاؤ کا ذریعہ ہے۔

اگر اس قول کی سند صحیح تسلیم کر لی جائے تو یہ تقریب یا ظاہر کتابت کے پیش نظر طلبِ رحمت کی ایک صورت ہے ورنہ در حقیقت حروف کی اصل تعداد بائیس ۲۲ ہے۔

۲۔ کُل اُنتیس ۲۹ سورتیں جو حروف مقطعات سے شروع ہوتی ہیں ان میں سے صرف سورۂ قلم سے حرف نون اور سورۂ اعراف، مریم اور ص سے حرف صاد کی تعداد کو اُنیس ۱۹ پر تقسیم کیا ہے، باقی پچیس ۲۵ سورتوں کو بالکلیہ اور سورۂ اعراف و مریم کے دوسرے مقطعات کو اس لئے چھوڑ دیا کہ ان سے اُنیس کا دیوتا نہیں بن سکا۔

۳۔ بِسمِ اللہِ الرَّحمنِ الرَّحِیم کے عدد حروف پر اسم، اللہ، الرحمٰن الرّحیم کے عدد الفاظ کو تقسیم کر کے اُنیس پیدا کیا گیا، باقی تین صورتیں (صورتِ مذکورہ کا عکس، سب کے حروف، سب کے الفاظ) سے اُنیس پیدا نہیں ہو سکا اس لئے ان کو چھوڑ دیا، حالانکہ یکسانیت مقدم تھی، مع ہٰذا زبردستی اُنیس ۱۹ پیدا کرنے کی غرض سے ایک طرف کے حروف اور دوسری طرف کے الفاظ لئے ہیں۔

۴۔ لفظ بسم کا اصل بھی لفظ اسم ہی ہے ب حرف زائد ہے، اس طرح لفظ اسم کی تعداد بائیس ۲۲ بنتی ہے مگر اُنیس ۱۹ بنانے کے لئے بسم کو چھوڑ کر صرف اسم شمار کیا ہے۔

۵۔ اسم کی تعداد ۱۹ × بسم کی تعداد ۳ = ۵۷، جو اُنیس ۱۹ پر تقسیم ہوتا ہے، یہاں بذریعہ ضرب اُنیس ۱۹ پیدا کیا اور مقطعات میں بصورتِ جمع ۱۴ + ۱۴ + ۲۹ = ۵۷ بنایا، خواہ ضرب سے ہو یا جمع سے، جیسے بھی ہو سکے بس اُنیس ۱۹ بنانا مقصود ہے،

Marfat.com

# عمر رسول صلی اللہ علیہ وسلم

سوال 6: مسلمان کہتے ہیں کہ محمد رسول اللہ کی عمر تریسٹھ سال تھی۔ کیا یہ کسی آیت سے ثابت ہے؟

جواب: جی ہاں! یہ بھی کرد موسومز کی طرح الفاظ کی تعداد کے لحاظ سے قرآن مجید کی کئی آیات سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک تریسٹھ سال ہوگی۔ چنانچہ چند آیات اور ان کے الفاظ کی تعداد ملاحظہ ہو!

"وَسَكَنْتُمْ فِي مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ○" 45/14

"حالانکہ تم آباد تھے گھروں میں ان لوگوں کے جنہوں نے ظلم کیا تھا اپنے اوپر اور واضح ہو چکا تھا تم پر کہ کیا سلوک کیا تھا ہم نے ان کے ساتھ اور بیان کر دی ہیں ہم نے تمہارے لئے ہر قسم کی مثالیں۔"

وس ک ن ت م ف ے م س ک ن ال ذی ن ظ ل م وآ ان ف س ھم وت ب ی ن ل ک م ک ی ف ف ع ل ن ا ب ھم وض ر ب ن ا ل ک م ال ام ث ال =63

"يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ۭ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰي هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ○" 59/16

"وہ چھپاتا پھرتا ہے لوگوں سے اس بری خبر پر جو اسے سنائی گئی (سوچتا ہے) کہ کیا رہنے دے اس کو ذلت کے باوجود یا دبا دے اسے مٹی میں، دیکھو تو کیسے برے ہیں وہ فیصلے جو یہ کرتے ہیں۔"

ی ت وا ری م ن ال ق وم م ن س وء م ا ب ش ر ب ہ ای م س ک ہ ع ل ے ھو ن ام ی د س ہ ف ی ال ت ر ب ال اس آ ء م ا ی ح ک م ون =63

"وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۡ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ○" 73/17

"اور ان کی کوشش یہ ہے کہ فتنے میں ڈال کر تمہیں پھیر دیں اس وحی سے جو بھیجی ہے ہم

Marfat.com

نے تمہاری طرف تا کہ گھڑ لو تم ہمارے بارے میں اس کے علاوہ کچھ اور اس صورت
میں وہ ضرور بنا لیتے تم کو اپنا دوست۔"

دان ک ادوال ی ف ت ن ون ک ءن ال ذ ی اوح ی ن آ ال ی ک ل ت ف ت
رے ع ل ی ن اغ ی رہ، واذ ال ات خ ذ وک خ ل ی ل ا=63

"اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ
ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ۝" 46/18

ال م ال وال ب ن ون زی ن ۃ ال ح ی وۃ ال دن ی اوال ب ق ی ت ال ص ل
ح ت خ ی رع ن درب ک ث واب اوخ ی رام ل ا=63

"اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ
اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا" 102/18

"کیا خیال کرتے ہیں یہ کافر لوگ کہ وہ بنا لیں گے میرے بندوں کو میرے سوا اپنا کار
ساز یقیناً ہم نے جہنم کو کافروں کے لئے۔"

ف ح س ب ال ذ ی ن ک ف ر وآ ان ی ت خ ذ واع ب ادی م ن دونی اول ی اء
ان ا اع ت دن اج ھ ن م ل ل ک ف ر ی ن ن ز ل ا=63

"اَنِ اقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ
عَدُوٌّ لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ۭ" 39/20

"اسے (موسیٰ علیہ السلام کو) رکھ دو اسے صندوق میں پھر ڈال دو صندوق کو دریا میں تو
پھینک دے گا اسے دریا ساحل پر اور اٹھائے گا اسے ایک شخص جو ہے میرا دشمن اور اس
کا دشمن۔"

ان اق ذ ف ی ہ ف ی ال ت اب وت ف اق ذ ف ی ہ ف ے ال ی م ف ل ی ل
ق ہ ال ی م ب ال س اح ل ی اخ ذ ہ ع دو ل ے وع دو ل ہ=63

"فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَاۗءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ۭ وَمَا

Marfat.com

يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ" 47/29

''سو وہ لوگ جنہیں دی تھی ہم نے کتاب تو وہ ایمان لاتے ہیں اس پر اور ان (اہل مکہ) میں سے بھی کچھ ایسے ہیں جو ایمان لا رہے ہیں۔ اس قرآن پر اور نہیں انکار کرتے ہمارے آیات کا مگر کافر۔''

ف ال ذی ن ات ی ن ھم ال ک ت ب ی وم ن ون ب ہ وم ن ھ ول آء م ن ی وم ن ب ہ وم ای ج ح د ب ای ات ن آ ال ا ال ک ف رون =63

سورۃ الرعد کی طرح یہاں پر بھی آیت مبارکہ کو اگر غور سے دیکھیں تو آیت میں وقف کے بعد 23,15,25 حروف بالترتیب ہیں۔ 25 سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم کنوارے رہے لیکن کسی نے آپ کو کسی بھی برائی میں ملوث نہ پایا۔ پندرہ سال بعد یعنی 40 سال میں اعلانِ نبوت کیا اور 23 سال قرآنِ مجید نازل ہوا اور آپ نے کل 63 سال کی عمر میں وفات پائی۔

''اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ" 51/29

''کیا (یہ نشانی) کافی نہیں ہے ان کے لئے کہ ہم نے نزل کی ہے تم پر یہ کتاب جو پڑھ کر سنائی جاتی ہے انہیں بے شک اس میں بڑی رحمت ہے اور نصیحت ہے ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں۔''

اول م ی ک ف ھم ان ہ ان زل ن ا ع ل ی ک ال ک ت ب ی ت ل ی ع ل ی ھم ان ف ے ذل ک ل رح م ۃ وذ ک ر ے ل ق وم ی ؤ م ن ون =63

Marfat.com

# اعلانِ نبوت کے وقت عمر

سوال 26: مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ اکثر انبیاء نے چالیس سال کی عمر میں اعلان نبوت کیا۔ کیا یہ قرآنِ مجید سے ثابت ہے؟

جواب: جی ہاں! یہ بات بھی قرآنِ مجید کی آیات کے حروف سے ظاہر ہوتی ہے۔ چند آیات اور ان کے حروف کی تعداد پر غور کیجئے جو بتا رہے ہیں کہ اکثر انبیاء کرام علیہم السلام نے چالیس سال کی عمر میں اظہار و اعلانِ نبوت کیا!

"وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلاً مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً"

(سورۃ نمبر 13، آیت نمبر 38)

"اور بے شک ہم نے بہت سے رسول آپ سے پہلے بھیجے اور ان کے بیوی بچے بنائے۔"

ول ق دارس ل ن ام ن ق ب ل ک وج ع ل ن ال ھم ازواج او ذری ت = 40

"وَمَا اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ"

(سورۃ نمبر 12، آیت نمبر 53)

وم ا ب رئ ی ن ف س ی ان ال ن ف س ل ام ارۃ ب ال س و ال ا م ا رح م رب ی = 40

"وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ"

(سورۃ نمبر 21، آیت نمبر 83)

وای وب اذ ن ادی رب ہ ان ی م س ن ی ال ض ر وان ت ارح م ال رح م ی ن = 40

"فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ"

(سورۃ نمبر 10، آیت نمبر 98)

ف ل ول ا ک ان ت ق ری ۃ ام ن ت ف ن ف ع ھ ا ای م ان ھ ا ال ا ق و م ی و ن س = 40

"سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ"

(سورۃ نمبر 27، آیت نمبر 7)

Marfat.com

س ات ی ک م م ن ھ اب خ ب ر اوات ی ک م ب ش ھ اب ق ب س ل ع ل ک
م ت ص ل ون=40

"وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ز اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّاo"

(سورۃ نمبر 19، آیت نمبر 51)

واذ ک رف ی ال ک ت ب م وس ی ان ہ ک ان م خ ل ص اوک ان رس ول ان ب
ی ا=40

"اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰىo"

(سورۃ نمبر 20، آیت نمبر 18)

ات وک واع ل ی ھ اواھ ش ب ھ اع ل ی ع ن م ی ول ی ف ی ھ ام ارب اخ
ری=40

"وَكَتَبْنَا لَهٗ فِي الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ج"

(سورۃ نمبر 7، آیت نمبر 145)

وک ت ب ن ال ہ ف ی ال ال واح م ن ک ل ش ی م وع ظ ۃ وت ف ص ی ل ا
ل ک ل ش ی=40

"فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِo"

(سورۃ نمبر 38، آیت نمبر 22)

ف اح ک م ب ی ن ن ا ب ال ح ق ول ات ش ط ط واھ دن ا ال ی س وا ان ص
راط=40

"فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ"

(سورۃ نمبر 27، آیت نمبر 19)

ف ت ب س م ض اح ک ا م ن ق ول ھ اوق ال رب اوز ع ن ی ان اش ک ر ن
ع م ت ک=40

Marfat.com

"عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ"

(سورۃ نمبر 27، آیت نمبر 40)

ع ن د ہ ع ل م م ن ا ل ک ت ب ا ن ا ا ت ی ک ب ہ ق ب ل ا ن ی ر ت د ا ل ی ک

طرف ک=40

"قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ"

(سورۃ نمبر 2، آیت نمبر 259)

ق ا ل ا ن ی ی ح ی ہ ذ ہ ا ل ل ہ ب ع د م و ت ہ ا ف ا م ا ت ہ ا ل ل ہ م ا ت ع ا م

ث م ب ع ث=40

"ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ"

(سورۃ نمبر 9، آیت نمبر 30)

ذ ل ک ق و ل ہ م ب ا ف و ا ہ ہ م ی ض ا ہ و ن ق و ل ا ل ذ ی ن ک ف ر و ا م ن ق

ب ل=40

"وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً"

(سورۃ نمبر 13، آیت نمبر 38)

"اور بے شک بھیجے ہیں ہم نے بہت سے رسول تم سے پہلے اور بنایا تھا ہم نے انہیں بیوی بچوں والا۔"

و ل ق د ا ر س ل ن ا ر س ل ا م ن ق ب ل ک و ج ع ل ی ن ا ل ہ م ا ز و ا ج ا و ذ ر ی

"تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ"

(سورۃ نمبر 2، آیت نمبر 252)

"یہ اللہ کی آیات ہیں جو ہم پڑھ کر سنا رہے ہیں تم کو ٹھیک ٹھیک اور یقیناً تم (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسولوں میں سے ہو۔"

ت ل ک ا ی ا ت ا ل ل ہ ن ت ل و ہ ا ع ل ی ک ب ا ل ح ق و ا ن ک ل م ن ا ل م

ر س ل ی ن=40

Marfat.com

# عیسیٰ علیہ السلام اور تئیس کروموسومز

سوال 25: مسلمان کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ کے پیدا ہوئے۔ یہ قرآن و حدیث کا ظاہری بیان ہے۔ کیا قرآنِ مجید بتاتا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں 46 کے بجائے 23 کروموسومز پائے جاتے تھے؟

جواب: جی ہاں! قرآنِ مجید اس بات کا بھی اپنے حروف کی تعداد کے ذریعے برملا اظہار کرتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کیوں کہ بغیر باپ کے پیدا ہوئے اس لئے ان کے 23 کروموسومز تھے۔

قرآنِ حکیم کی رو سے یہ ثابت کرنا ہے کہ آپ ایک ایسے فرد ہیں یا نبی ہیں جو کہ بغیر باپ کے پیدا ہوئے۔ جیسا کہ موجودہ سائنس نے ثابت کر دیا ہے کہ تمام انسان جو اس روئے زمین پر آئے ان کی تخلیق کا طریقہ کار اللہ رب العزت نے وضع فرمایا کہ 23 کروموسوم والد (مرد) کی طرف سے ملے اور 23 کروموسوم والدہ (عورت) کی طرف سے ملے اور کل 46 ہوئے، اس کے بعد انسان کی تخلیق کا عمل معرض وجود میں آیا۔

لیکن حضرت عیسیٰ کیونکہ فقط والدہ ہی سے تخلیق ہوئے ہیں اس لئے ہمیں قرآنِ حکیم سے یہ ثابت کرنا ہے کہ قرآنِ حکیم کی رو سے حضرت عیسیٰ بغیر باپ کے پیدا ہوئے اور فقط 23 کروموسوم سے ان کی تخلیق ہوئی۔ اس کا ثبوت قرآنِ حکیم نے بار بار مہیا فرمایا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر سورۃ البقرہ میں اس طرح فرمایا گیا!

"وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ"

(سورۃ نمبر 2، آیت نمبر 87)

''اور عطا کی ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو کھلی نشانیاں۔''

دات کی ن اع ی س ی اپ ن م ری م ال ب ی ن ت=23

"ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ"

(سورۃ نمبر 3، آیت نمبر 44)

ذ ل ک م ن ان ب ا ال غ ی ب ن وح ی ہ ال ی ک=23

Marfat.com

یہ آیت قرآنِ حکیم میں دو مرتبہ نازل فرمائی گئی ایک مرتبہ سورۃ آل عمران میں اور دوسری مرتبہ سورۃ الیوسف میں۔ جہاں پر اس بات کا تذکرہ فرمایا گیا کہ یوسف علیہ السلام اپنے والد حضرت یعقوب علیہ السلام سے 23 سال بعد ملے اور آیت مبارکہ کے 23 حروف ہیں۔

آیت مبارکہ ملاحظہ ہو!

"ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ"

(سورۃ نمبر 12، آیت نمبر 102)

ذل ک م ن ان ب اال غ ی ب ن وح ی ہ ال ی ک =23

ان دونوں آیات میں زیر و زبر کا بھی فرق نہیں ہے۔ اور نہ ہی ان کی طرز بیان میں معمولی سا فرق ہے۔ فرق ہے تو اتنا ہے کہ یہاں مقصود ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پیدا فرمایا 23 کروموسوم سے یعنی فقط مریم علیہ السلام کے ہی بدن سے اور وہاں پر مطلب ہے کہ یوسف علیہ السلام اپنے والد گرامی حضرت یعقوب علیہ السلام سے 23 سال کے بعد ملے۔ یہ 23 کی مثال کوئی معمولی سی نہیں ہے اور نہ ہی کوئی اس کو معمولی سمجھے۔ کیونکہ قرآن کریم جو بات بھی کرتا ہے۔ وہ دراصل حقیقی بات ہوتی ہے۔ اللہ پاک کی بات بے معنی نہیں ہے۔ جیسا کہ سورۃ انبیاء میں ارشاد ہوتا ہے۔

"وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ"

(سورۃ نمبر 21، آیت نمبر 107)

"اور ہم نے آپ کو رحمت بنا کر بھیجا تمام جہانوں کے لئے۔"

وم اارس ل ن اک ال ارح م ت ل ل ع ل م ی ن =23

"وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا"

(سورۃ نمبر 17، آیت نمبر 105)

"اور یقیناً ہم نے آپ کو بشارت دینے والا اور متنبہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے۔"

دم اارس ل ن ک ال ام ب ش ر اون ذ ی را =23

Marfat.com

23 سال کو وہ زمانہ جس میں آپ علیہ السلام نے دنیا کو ایک نئی راہ دکھلائی اور اللہ تعالیٰ سے روشناس فرمایا۔ وہ زمانہ 23 سال کا ہے۔ یہاں پر 23 کا مطلب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کا 23 سالہ عرصہ ہے یا نزولِ قرآن کا زمانہ مراد ہے۔ اسی طرح سورۃ یاسین میں ارشاد ہوا!

"وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ"

"اور نہیں سکھائی ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شاعری اور نہ ہی تھی ان کے شایانِ شان یہ چیز۔"

وم اع ل م ن ہ ال ش ع روم ای ن ب غ ی ل ہ=23

اللہ تعالیٰ بیان فرماتا ہے کہ میں اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی شاعری نہیں سکھائی بلکہ اُن پر 23 سال میں قرآن مجید کا نزول فرمایا۔ جو ان کے شایانِ شان تھا۔ شاعری آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شایانِ شان نہیں تھی۔ یہاں پر 23 حروف سے مراد 23 سالہ نزولِ قرآن ہے جس کو زمانہ جانتا ہے۔

"اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ" 47/3

(سورۃ نمبر 3، آیت نمبر 47)

اذا ق ض ی ام ر ف ان م ای ق ول ل ہ ک ن=23

23 سے مراد یہی ہے کہ اللہ پاک نے ارادہ فرمایا کہ عیسیٰ کو 23 کروموسوم سے تخلیق ہونا چاہئے تو اس نے حکم فرمایا کہ تو 23 سے ہی مکمل ہو جا۔

"اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ" 55/3

(سورۃ نمبر 3، آیت نمبر 55)

"اور جب کہا اللہ تعالیٰ نے "اے عیسیٰ بے شک میں تمہیں (قریب قیامت کے دور میں) موت دوں گا۔"

اذ ق ال ال ل ہ ی ع ی س ی ان ی م ت وف ی ک=23

Marfat.com

"اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰهِ کَمَثَلِ اٰدَمَ"

(سورۃ نمبر3، آیت نمبر59)

"بے شک عیسیٰ کی مثال اللہ کے ہاں آدم علیہ السلام کی طرح ہے۔"

ان م ث ل ع ی س ی ع ن د ا ل ل ہ ک م ث ل ا د م =23

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے.....

"قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ط اٰتٰنِیَ الْکِتٰبَ"

(سورۃ نمبر19، آیت نمبر30)

"کہا میں اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب عطا فرمائی ہے۔"

ق ا ل ا ن ی ع ب د ا ل ل ہ ا ت ا ن ی ا ل ک ت ا ب =23

"فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَی الْکٰذِبِیْنَ ۝"

(سورۃ نمبر3، آیت نمبر61)

"اور بھیجیں لعنت اللہ کی جھوٹوں پر۔"

ف ن ج ع ل ل ع ن ت ا ل ل ہ ع ل ی ا ل ک ذ ب ی ن =23

"وَلِنَجْعَلَهٗ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا"

"اور تا کہ ہم بنائیں اسے نشانی انسانوں کے لئے اور رحمت اپنی طرف سے۔"

و ل ن ج ع ل ہ ا ی ۃ ل ل ن ا س و ر ح م ۃ م ن ا =23

"وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰیَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝"

(سورۃ نمبر21، آیت نمبر91)

"اور ہم نے بنایا مریم اور اس کے بیٹے کو نشانی جہان والوں کے لئے۔"

و ج ع ل ن ٰ ہ ا و ا ب ن ٰ ہ ا ا ی ۃ ل ل ع ا ل م ی ن =23

اس آیت مبارکہ میں بھی اسی طرف اشارہ فرما دیا کہ ہم نے عیسیٰ علیہ السلام کو 23 کرد موسوم سے تخلیق کر کے جہان والوں کے لئے ایک معجزہ بنا دیا یعنی ناممکن کو ممکن بنا دیا۔

Marfat.com

"اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ"

"یقیناً اللہ ہی میرا رب یا اور تمہارا رب ہے۔ سو اسی کی عبادت کرو اور یہ سیدھا راستہ ہے۔"

یعنی میں 23 کروموسومز سے پیدا فرمایا گیا ہوں تو بندہ ہی ہے۔ اللہ تعالیٰ میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی۔

حضرت زکریا علیہ السلام جو کہ حضرت مریم کے کفیل تھے۔ جس وقت مریم رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں تشریف لے گئے تو انہوں نے دیکھا کہ حضرت مریم علیہ السلام کے پاس ایسے میوے پڑے ہوئے تھے جو کہ بے موسم کے تھے۔ آپ نے حضرت مریم سے سوال فرمایا کہ یہ کہاں سے آئے ہیں تو حضرت مریم نے کہا!

"اِنَّ اللّٰهَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ"

(سورۃ نمبر 3، آیت نمبر 37)

"بے شک اللہ رزق دیتا ہے جسے چاہے بے حساب۔"

ان ال ل ہ ی رزق م ن ی ش اب غ ی ر ح س اب =23

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا!

"اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ"

(سورۃ نمبر 3، آیت نمبر 49)

ان ن ی ق د ج ء ت ک م ب ای ت م ن ر ب ب ک م =23

حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں 32 سال قیام پذیر رہے۔

"اَنَّ اللّٰهَ یُبَشِّرُكَ بِیَحْیٰی مُصَدِّقًۢا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ"

(سورۃ نمبر 3، آیت نمبر 39)

"بے شک اللہ بشارت دیتا ہے تم کو یحییٰ کی جو تصدیق کرنے والا ہوگا کَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ (عیسیٰ علیہ السلام) کی۔"

ان ال ل ہ ی ب ش ر ک ب ی ح ی م ص د ق ا ب ک ل م ت م ن ال ل ہ = 32

Marfat.com

# قرآنِ مجید اور دھاتوں کا اٹامک ویٹ

سوال 33: قرآنِ مجید میں جن دھاتوں کا تذکرہ کیا گیا، کیا ان دھاتوں کے اٹامک ویٹ نمبر بھی کسی طریقہ سے درج کیے گئے ہیں؟

جواب: جی ہاں! قرآنِ مجید میں جن دھاتوں کا تذکرہ کیا گیا ہے ان کے اٹامک ویٹ نمبر بھی کسی نہ کسی طرح ذکر کر دیئے گئے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ قرآنِ کریم کا طرزِ تکلم عام کتابوں سے مختلف ہے۔ ایک بات بیان ہو رہی تو فوراً ہی اگلی آیت مبارکہ بات کا رُخ دوسری طرف چلا جاتا ہے لیکن اس کے باوجود انتہائی ضبط اور نظم موجود ہے۔ بالکل اسی طرح دھاتوں کے اٹامک ویٹ نمبر بھی بیان کیے گئے ہیں۔ یہ ایک ہی طریقہ کے تحت اخذ نہیں ہو سکتے تھے مگر قرآنِ مجید میں انہیں ایک ہی طریقے سے اخذ کیا جا سکتا ہے۔

چنانچہ قرآنِ مجید میں پانچ دھاتوں کا ذکر کیا گیا ہے اور ان پانچ دھاتوں کا اٹامک نمبر بھی بیان فرما دیا ہے۔ جو کہ جدید ترین سائنس نے بیان کیا ہے۔ لوہے اور تانبے کا سورۃ الکہف میں، سونے چاندی کا سورۃ زخرف میں اور سکے کا اٹامک ویٹ نمبر سورۃ الصف میں بیان فرمایا گیا۔ مگر ان کو معلوم کرنے کے طریقے علیحدہ علیحدہ ہیں۔

## لوہے اور تانبے کا اٹامک ویٹ نمبر:

سورۃ الکہف رکوع نمبر 11۔ یہ رکوع اس طرح ختم ہوتا ہے: 11/19/2

اس رکوع میں اسکندر ذوالقرنین بادشاہ کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور اس کے ساتھ یاجوج ماجوج کا ذکر فرمایا گیا ہے۔ ان کے آگے لوہے اور تانبے کی دیوار بنانے کا فرمایا گیا ہے۔

اب دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ اس رکوع میں پانچ (5) مرتبہ رب کا لفظ ارشاد ہوا اور اسی 5 عدد کی بدولت ہم لوہے اور تانبے کے اٹامک نمبر کو معلوم کر سکتے ہیں۔

### طریقہ نمبر 1:

یہ رکوع سورۃ کا رکوع نمبر 11 ہے، اس کی 19 آیات اور سپارے کا رکوع نمبر 2 ہے تو

$11 \times 5 = 55$

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لوہے کا اٹامک نمبر | 26 |
| تانبے کا اٹامک نمبر | 29 |
| دونوں کا مجموعہ | 55 |

## طریقہ نمبر 2:

یہاں پر سپارہ نمبر 16 کا دوسرا رکوع ہے یعنی رکوع نمبر 2 اور رکوع کی 19 آیات ہیں۔ 5 مرتبہ رب کا لفظ آیا ہے۔

تانبے کا اٹامک نمبر 2 x 5=10 + 19 = 29

لوہے کا اٹامک نمبر 2 + 5 = 7 + 19 = 26

دونوں کا مجموعہ 55

یعنی اگر 2 کو پانچ کے ساتھ ضرب دیں اور اس میں 19 جمع کریں تو تانبے کا اٹامک نمبر آئے گا اور اگر 2 کو 5 میں جمع کریں بعد میں 19 کو اس میں جمع کریں تو لوہے کا اٹامک نمبر آئے گا۔

## سونے اور چاندی کا اٹامک ویٹ:

سورۃ الزخرف کے رکوع کا اختتام اس طرح ہوتا ہے: 5/11/11

سورۃ کا رکوع نمبر 5، رکوع کی آیات 11 اور پارے کا رکوع نمبر 11

11 x 11 + 5 = 26

| | | |
|---|---|---|
| سونے کا اٹامک نمبر | = | 89 |
| چاندی کا اٹامک نمبر | = | 47 |
| دونوں کا مجموعہ | = | 126 |

## سیسے کا اٹامک ویٹ:

سورۃ الصف کا رکوع نمبر 1 رکوع کی آیات 9 سپارے کا رکوع نمبر 9

9 x 9 + 1 = 82

اور یہی سیسے کا اٹامک نمبر ہے۔

Marfat.com

# فلکیات (ASTRONOMY)

## تخلیق کائنات (The Big Bang)

ماہرینِ فلکیات کائنات کی تخلیق کی وضاحت ایک مقبول نظریئے بگ بینگ سے کرتے ہیں۔ ماہرین فلکیات (Astrophysicists) اور فلکی سائنسدانوں (Astronomers) کا سالہاسال کے مشاہدات اور تجربات سے جمع کردہ مواد اس بات کی تائید کرتا ہے۔ بگ بینگ کے مطابق تمام کائنات شروع میں ایک بڑی کمیت (Primary Nebula) تھی پھر بگ بینگ (ثانوی علیحدگی) ہوئی، جس کی وجہ سے کہکشائیں (Galaxies) وجود میں آئیں۔ پھر یہ ستاروں، سیاروں، سورج اور چاند کی صورت میں تقسیم ہوگئیں۔ کائنات کی ابتداء بالکل اچھوتی تھی اور ایسا اتفاقیہ ہوجانے کا کوئی امکان نہیں تھا۔ کائنات کی ابتدا سے متعلق مندرجہ ذیل آیت ہمیں بتاتی ہے کہ:

اَوَلَمْ یَرَالَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰھُمَا ط

"کیا کافروں نے نہیں دیکھا کہ بیشک آسمان اور زمین دونوں ملے ہوئے تھے، تو ہم نے جدا جدا کردیا" (پارہ نمبر ۱۷، سورۃ الانبیاء، آیت نمبر ۳۰)

اس آیت قرآنی اور بگ بینگ کے نظریے کے درمیان ہم آہنگی سے انکار کرنا ناممکن ہے۔ ایک کتاب جو کہ چودہ سو سال پہلے عرب میں نمودار ہوئی اس عمیق سائنسی حقیقت کی حامل کیسے ہوسکتی ہے؟

## کہکشاؤں کی تخلیق سے پہلے دھواں (Initial Gaseous Mass Before Creation of Glaxies)

سائنسدان اس بات پر متفق ہیں کہ کہکشائیں (Galaxies) وجود میں آنے سے پہلے فلکیاتی مادہ گیس کی صورت میں تھا۔ مختصر یہ کہ گیس کے مرغولے

Marfat.com

یا بادل کہکشاؤں (Galaxies) کی تشکیل سے پہلے موجود تھے۔اس فلکیاتی مادہ کے لئے دھوئیں کا لفظ گیس کی بہ نسبت زیادہ موزوں ہے۔قرآن مجید کی مندرجہ ذیل آیت کائنات کی اس حالت کی طرف دخان کے لفظ کے ذریعے اشارہ کرتی ہے، جسکے معنی دھواں کے ہیں۔

میں دہریے سے پوچھتا ہوں جو کہ سائنس پہ ایمان رکھتا ہے کہ یہ دنیا وجود میں کیسے آئی؟

تو وہ مجھے یہ بتاتا ہے کہ شروع میں تمام کائنات ایک اکائی تھی پرائمری نیبولا، پھر بگ بینگ ہوا، ثانوی علیحدگی، جس نے کہ کہکشاؤں کو جنم دیا اور اس نے ستاروں اور سیاروں کو جنم دیا جس میں ہم رہتے ہیں۔

میں اس سے پوچھتا ہوں کہ اسے ان دیومالائی پردوں کی داستان کس نے سنائی؟

وہ کہتا ہے کہ نہیں! یہ جنوں پریوں کی کہانی نہیں ہے۔یہ تسلیم شدہ حقائق ہیں۔ ہمارے پاس ان کے ثبوت ہیں۔ میں اس سے پوچھتا ہوں کہ تم نے یہ کہاں سے معلوم کیا؟ کیا یہ جنوں پریوں والی کہانی سنی، وہ کہتا ہے نہیں، یہ سائنسی حقائق ہیں محض کہانیاں نہیں، ہم نے انہیں کل، پرسوں جانا، کل سے مراد ۵۰ سال پہلے، یا شاید ۱۰۰ سال پہلے، کل اور ۱۹۷۳ء میں دو سائنسدانوں نے بگ بینگ تھیوری پیش کرنے پہ نوبل پرائز حاصل کیا، لہٰذا میں پھر تمہیں بتاتا ہوں کہ یہ حقیقت ہے کہ میں اسے جانتا ہوں لیکن تم کیا کہتے ہو کہ جو قرآن نے ۱۴۰۰ سال قبل بیان کیا، (پارہ ۱۷، سورہ انبیاء، آیت ۳۰)

اَوَ لَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰھُمَا.

ترجمہ: ''کیا کافر لوگوں نے یہ نہیں دیکھا کہ آسمان و زمین باہم ملے جلے تھے

Marfat.com

# کروموسومز اور قرآنِ مجید

سوال 1: ہم کچھ دوست ہیں اور ہم میں سے ہر ایک آپ سے سوال کرنا چاہتا ہے۔ سب سے پہلے مجھے سوال کرنے کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔ ذاکر بھائی! میرا سوال یہ ہے کہ قرآنِ مجید میں مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق ہر چیز کا ذکر کیا گیا ہے، کسی کا تفصیلاً اور کسی کا اجمالاً، کسی کا ظاہراً اور کسی کا اشارۃً۔ آپ یہ بتایئے کہ کسی طرح قرآنِ مجید میں انسانی کروموسومز کا ذکر بھی ہوا ہے؟ جن کی تعداد ڈاکٹر حضرات کے مطابق 46 ہے۔

جواب: بھائی! میں آپ کے سب دوستوں کے سوالات کے جوابات دینے کے لئے تیار ہوں اور خوش ہوں کہ آپ پہلے سے سوال سوچ کر آئے ہیں۔ میں آپ کو تہہ دل سے خوش آمدید کہتا ہوں۔ یقیناً قرآنِ مجید فرقان حمید علوم کا خزینہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے کسی نہ کسی طریقے سے اس میں ہر چیز کا بیان فرما دیا ہے۔ پوچھے گئے سوال کا جواب یہ ہے کہ ہاں! اللہ تعالیٰ نے انسانی کروموسومز کا ذکر بھی قرآنِ مجید میں فرما دیا ہے یعنی کچھ ایسی آیات ہیں کہ جن کے الفاظ 46 ہیں اور وہ بتاتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو 46 کروموسومز سے تخلیق فرمایا ہے۔ پھر سب سے عجیب بات یہ کہ انسانی تخلیق کے بارے میں جو آیت ہے اس کے الفاظ 46 ہیں جو بتا رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انہی 46 کروموسومز سے انسان کو پیدا فرمایا ہے۔ آپ کے سوال کے جواب میں کئی گھنٹے بولا جا سکتا ہے اور ایک ضخیم کتاب لکھی جا سکتی ہیں لیکن میں مختصر بیان کرتا ہوں۔ آیئے! قرآنِ مجید کی بعض آیات کو اس موضوع کے لحاظ سے پرکھتے ہیں!

"سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ"

"ہم عنقریب انہیں آفاق اور خود ان کے نفسوں میں اپنی نشانیاں دکھائیں گے یہاں تک کہ ان کے سامنے یہ بات کھل کر آجائے گی کہ یہ قرآن سچا ہے۔"

اس آیت کے الفاظ کی تعداد پر غور فرمائیں!

Marfat.com

س ن ری ھم ای ت ن اف ی ال اف اب اق وف ی ان ف س ھم ھت ی ک ت ب

ی ن ل ھم ان وال ح ق =46

اس آیت کے الفاظ میں اللہ تعالیٰ نے انسانی کروموسوم نمبر رکھ دیا جو کہ نزولِ قرآنِ مجید کے وقت معلوم نہ تھا۔

"وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ِۨابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ" 9/30

"اور کہا یہود نے عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور کہا نصاریٰ نے کہ مسیح اللہ کا بیٹا ہے۔"

اللہ ربُ العزت نے ایک طرف تو ان کا دعویٰ بیان فرمایا اور دوسری طرف ان کے دعوے میں ہی جواب دے دیا۔ اس آیت کے الفاظ ملاحظہ کیجیے!

وق ال ت ال ی ھ و د ع زی راب ن ال ل ہ وق ال ت ال ن ص ری ال م س ی ح

اب ن ال ل ہ =46

انسان جو کہ 46 کروموسوم سے تخلیق کیا گیا اس کو اللہ تعالیٰ کی اولاد کہنا کہاں کی عقلمندی ہے؟

"فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا" 36/2

"پھر پھسلا دیا شیطان نے ان دونوں کو اس درخت کی ترغیب دے کر بالآخر نکلوا دیا ان دونوں کو اس (عیش و آرام) سے، وہ جس میں تھے اور ہم نے حکم دیا کہ اُتر جاؤ تم سب (یہاں سے)۔"

اسی طرح کا مضمون سورہ طٰہٰ میں بھی موجود ہے۔ ارشاد ہوا!

"قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى" 123/20

"اُتر جاؤ تم دونوں یہاں سے سب کے سب (اور رہو گے تم) ایک دوسرے کے دشمن پھر تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت ضرور آئے گی۔"

ان دونوں آیات کے حصوں کے حروف 46، 46 ہیں اور حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے نکل جانے کا حکم صادر فرمایا جا رہا ہے۔ تفصیل ملاحظہ کیجیے!

Marfat.com

ف ازل ھم اال ش ی ط ن ع ن ھ اف اخ رج ھم ام م اک ان اف ی ہ ص وق ل
ن اا ھب ط وا = 46

ق ال اھ ب ط ام ن ھ اج م ی ع اب ع ض ک م ل ب ع ض ع دوف ام ای ات
ی ن ک م م ن ی ھ دی = 46

"وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِیْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰی شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِیْنَ○" 172/7

"اور یاد کرو جب نکالا تھا تیرے رب نے اولادِ آدم علیہ السلام میں سے یعنی ان کی پشتوں میں سے ان کی نسل کو اور گواہ بنایا تھا ان کو خود ان کے اُوپر اور پوچھا تھا کیا نہیں ہوں میں تمہارا ربّ؟ سب کے نے کہا تھا ہاں (تو ہی ہمارا رب ہے) ہم گواہی دیتے ہیں۔ یہ ہم نے اس لئے کیا تھا کہ کہیں (نہ) کہو تم قیامت کے دن کہ ہم تو تھے اس بات سے بے خبر۔"

ساری اولادِ آدم کا قول "قالو بَلٰی" سے آیت کے آخر تک الفاظ کی تعداد ملاحظہ کیجیے!
ق ال واب ل ی ش ھ دن ا ان ت ق ول وا ی وم ال ق ی م ت ان اک ن ا ع ن
ھ ذا غ ف ل ی ن = 46

حضرت نوح علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کے بعد پیغمبر مبعوث ہوئے۔ آپ ایک عرصہ دراز لوگوں میں رہے اور رُشد و ہدایت کا سلسلہ جاری رکھا۔ مگر آپ کی قوم کی اکثریت نے حق پر ایمان لانے سے انکار کیا تو آپ نے ایک کشتی بنائی اور اس پر فقط ان لوگوں کو سوار کیا جو مومن تھے۔

"وَقَالَ ارْكَبُوْا فِیْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ○" 41/11

"اور بولا سوار ہو جاؤ اس میں اللہ کے نام سے اس کا چلنا ہے اور ٹھہرنا بھی، بے شک میرا ربّ بڑا معاف کرنے والا رحم فرمانے والا ہے۔"

Marfat.com

وق ال ارک ب واف ی ھ اب س م ال ل ہ م ج رھ اوم رس ھ اان رب ی ل غ ف
وررح ی م=46

"وَمَنْ مَّعَهٗ فِی الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا" 3/10

''اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ تھے کشتی میں اور بنایا ہم نے ان کو (زمین میں) خلیفہ اور غرق کر دیا ہم نے ان لوگوں کو جنہوں نے جھٹلایا تھا ہماری آیات کو۔''

وم ن م ع ہ ف ی ال ف ل ک وج ع ل ن ھ م خ ل ف واغ رق ن اال ذی ن ک ذ ب واب ای ت ن ا=46

"وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِی الْخَلْقِ بَصْطَةً"

''اور یاد کرو اس (احسان) کو کہ اس نے بنایا ہے تم کو سردار بعد قومِ نوح کے اور زیادہ عطا کی ہے اس نے تمہیں تخلیق میں وسعت۔''

واذ ک روا اذ ج ع ل ن ک م خ ل ف اء م ن ب ع دق وم ن وح وزاد ک م ف ی ا ل خ ل ق ب ص ط ت=46

"قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝" 50/11

''اور عاد کی طرف (بھیجا ہم نے) ان کے بھائی ہود کو، ھود نے کہا! اے میری قوم! عبادت کرو اللہ کی نہیں ہے تمہارا کوئی معبود اس کے سوا نہیں ہو تم (اپنے شرک میں) مگر جھوٹ کھڑنے والے۔''

ق ال ی ق وم اع ب دال ل ہ م ال ک م م ن ال ہ غ ی رہ ان ان ت م ال ام ف ت رون=46

"وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا یَوْمٌ عَصِیْبٌ ۝" 77/11

Marfat.com

''پھر جب آئے ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے لوط کے پاس تو بہت ناگوار گزرا انہیں ان کا آنا اور دل میں کڑھنے لگے اور کہنے لگے یہ دن ہے مصیبت کا۔''

ول م اج اءت رس ل ن ال وط اس ی ب ھم وض اق ب ھم ذرع ادق ال ھ ذای دم رغ ص ی ب =46

"فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ۝" 74/11

''پھر جب دور ہو گئی ابراہیم کی گھبراہٹ اور مل گئی ان کو اولاد کی خوشخبری تو اُس نے جھگڑنا شروع کر دیا ہم سے قومِ لوط کے بارے میں۔''

ف ل م اذ ھ ب ع ن اب راہ ی م ال روع دج اءت ہ ال ب ش ری ی ج ادل ن ا ف ی ق وم ل وط =46

"اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ" 4/60

''رہ گیا قول ابراہیم کا جو اس نے اپنے چچا سے کہا تھا کہ میں ضرور استغفار کروں گا تیرے لئے اور نہیں اختیار رکھتا میں تم کو بچانے کا اللہ سے ذرا بھی۔''

ال اق ول اب راہ ی م ل اب ی ہ ل اس ات غ ف رن ل ک وم ا ام ل ک ل ک م ن ال ل ہ م ن ش ی =46

"قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۟ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝" 95/3

''آپ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) ان سے فرما دیجئے پس پیروی کرو دینِ ابراہیم کی جو سب سے کٹ کر اللہ کا ہو رہا اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھا۔''

ق ل ص دق ال ل ہ ف ات ب ع وا م ل ۃ اب راہ ی م ح ن ی ف ا وم ا ک ان م ن ال م ش رک ی ن =46

Marfat.com

"اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّھُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ ○" 96/3

"بے شک پہلا جو گھر (عبادت کے لئے) بنایا گیا لوگوں کے لئے یقیناً وہی ہے جو مکہ میں ہے برکت والا اور مرکزِ ہدایت تمام جہان والوں کے لئے۔"

ان اول ب ی ت وض ع ل ن اس ل ل ذی ب ب ک ۃ م ب رک او ھ دی ل ل ع ل م ی ن = 46

اس کے علاوہ سورۃ النساء میں ارشاد ہوا!

"یٰاَھْلَ الْکِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِکُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰہِ اِلَّا الْحَقَّ"

"اے اہل کتاب! اپنے دین کے معاملے میں مبالغہ مت کرو اور مت کہو اللہ کی شان میں وہ بات مگر جو سچ ہے۔"

ی ا ھ ل ال ک ت ب ل ا ت غ ل وا ف ی دی ن ک م ول ا ت ق ول وا ع ل ی ا ل ل ہ ا ل ا ال ح ق = 46

"اِنَّ ھٰذَا الْقُرْاٰنَ یَقُصُّ عَلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَکْثَرَ الَّذِیْ ھُمْ فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ" 76/27

"بلاشبہ یہ قرآن بیان کرتا ہے بنی اسرائیل کے سامنے ان باتوں میں سے اکثر (کی حقیقت) جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔"

ان ھ ذا ال ق ر ان ی ق ص ع ل ی ب ن ی ا س ر ا ء ی ل ا ک ث ر ال ذ ی ھ م ف ی ہ ی خ ت ل ف ون = 48

"وَاِذْ اَخَذَ رَبُّکَ مِنْۢ بَنِیْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُھُوْرِھِمْ ذُرِّیَّتَھُمْ وَاَشْھَدَھُمْ عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی ۚ شَھِدْنَا ۚ اَنْ تَقُوْلُوْا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّا کُنَّا عَنْ ھٰذَا غٰفِلِیْنَ ○" 172/7

"اور یاد کرو جب نکالا تھا تیرے ربّ نے اولادِ آدم کو اور گواہ بنایا تھا ان کو خود ان کے اُوپر اور پوچھا تھا! کیا نہیں ہوں میں تمہارا ربّ؟ سب کے نے کہا تھا ہاں (تو ہی ہمارا رب ہے) ہم گواہی دیتے ہیں۔ یہ ہم نے اس لئے کیا تھا کہ کہیں (نہ) کہو تم قیامت

Marfat.com

کے دن کہ ہم تو تھے اس بات سے بے خبر۔"

"قَالُوْا بَلٰی" سے آیت کے آخر تک یعنی جب اولاد آدم علیہ السلام ساری کی ساری اولاد حاضر تھی اور سب نے یک زبان اقرار کیا۔

ق ال واب ل ی ش ھ دن اان ت ق ول وا ی وم ال ق ی م ت ان اک ن اع ن ھ ذا غ ف ل ی ن=46

## جانوروں کے کروموسومز نمبر

سوال 30: انسان کی طرح جن جانوروں کا ذکر قرآنِ مجید میں ہوا ہے کیا کسی آیت میں ان جانوروں کے کروموسومز کا ذکر بھی موجود ہے؟

### گھوڑا، خچر، گدھا:

جواب: قرآنِ مجید نے جانوروں کا ذکر بھی فرمایا اور ان کے کروموسوم نمبر بھی بیان فرمائے۔ چنانچہ ملاحظہ فرمائیے!

سورۃ النحل رکوع نمبر 1، اس کی 9 آیات ہیں اور پارے کا رکوع نمبر 7

رکوع کا اختتام کچھ اس طرح ہے۔ 1/9/7

$7 \times 9 + 1 = 64$

کیونکہ رکوع میں تین جانوروں (گھوڑے، خچر اور گدھے) کا ذکر کیا گیا ہے اس لئے

$64 \times 3 = 192$

اب 66 کروموسوم گھوڑے کے ہیں۔ 64 خچر کے ہیں اور 62 کروموسوم گدھے کے ہیں۔ یہ ایک سو بانوے ان کا مجموعہ ہے۔ ملاحظہ کیجئے!

$62 + 64 + 66 = 192$

### مختلف جانور:

سورۃ الانعام، رکوع نمبر 18 کا اختتام کچھ اس طرح ہوا ہے: 18/6/5

سورۃ کا رکوع نمبر 18 اور اس کی 6 آیات ہیں اور سپارے کا رکوع نمبر 5۔

Marfat.com

اب 30 + 18 = 48 5 x 6 = 30

اس رکوع میں 4 جانوروں کا ذکر فرمایا گیا ہے!

48 x 4 = 192

| نام جانور | کروموسوم نمبر |
|---|---|
| خنزیر | 38 |
| لومڑی | 34 |
| گائے | 60 |
| بکری | 60 |
| مجموعہ | 192 |

## کتے کا کروموسومز نمبر:

سورۃ الکہف میں رکوع اس طرح ختم ہوتا ہے: 3/5/15

سورۃ کا رکوع نمبر 3، اس کی 5 آیات اور سپارے کا رکوع نمبر 15 ہے۔

15 x 5 = 75 75 + 3 = 78

78 کتے کا کروموسوم نمبر ہے جس کا ذکر اس رکوع میں چار مرتبہ کیا گیا ہے۔

Marfat.com

## ☆ انسانی کروموسومز

انسانوں اور جانوروں کے کروموسومز کے بارے میں الٹے سیدھے حسابات بھی ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کی طرف منسوب ہیں۔آیئے دیکھتے ہیں کہ ان کی کیا حقیقت ہے۔

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ قرآن لاتعداد علوم کا خزانہ ہے۔لیکن اس کے ساتھ یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ قرآن انسان کو سیدھا راستہ دکھانے کے لیے نازل کیا گیا ہے۔نہ کہ انسانی کروموسومز اور دیگر سائنسی انکشافات کی تصدیق کرنے کے لیے۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب نے 46 انسانی کروموسومز کو قرآن کی مختلف آیتوں سے ثابت کرنے کی ایک بھونڈی کوشش کی ہے۔ان کا طریقہ کار یہ ہے کہ وہ کوئی آیت پڑھتے ہیں اور جہاں 46 حرف ہو جائیں وہاں فرماتے ہیں کہ اس آیت کے 46 حروف ہیں۔لہٰذا یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ انسانی کروموسومز 46 ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کے ذکر کردہ تمام دلائل پر علیحدہ علیحدہ جرح وقدح کرنا محض تضیع اوقات ہوگا۔اس لیے چند بنیادی نقائص جو تقریباً ان کی ہر دلیل میں موجود ہیں آپ کے سامنے ذکر کیے دیتے ہیں۔

☆ ان کے دلائل کئی وجوہات کی بناء پر درست نہیں۔اول اس لیے کہ اکثر جو آیات وہ بطور دلیل پیش کرتے ہیں ان کا انسانی تخلیق سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔مثلاً ایک دلیل جو انہوں نے پیش کی ہے وہ حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ہے (وقال ارکبوا فیھا بسم اللہ .....) جس کو کشتی میں سوار ہوتے ہوئے پڑھنے کا حکم اللہ کی جانب سے ہوا تھا۔اس آیت کا انسانی تخلیق یا کروموسومز سے سرے سے کوئی تعلق نہیں۔اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مہمانوں والے قصہ پر مشتمل آیت اور حضرت ہود علیہ السلام کے تذکرہ پر مبنی آیت کے ایک ٹکڑے کو بطور دلیل پیش کیا ہے۔حالانکہ اس کا بھی کروموسومز سے کوئی تعلق نہیں۔

اس کے علاوہ بھی جو دلائل پیش کیے ہیں وہ بھی کروموسومز یا تخلیق سے کوئی مناسبت نہیں رکھتے۔

ڈاکٹر صاحب کے بیان کردہ دلائل اس لیے بھی لائق التفات نہیں کہ وہ آیت کا اتنا حصہ بتاتے ہیں

Marfat.com

جہاں 46 حروف ہو جائیں۔ چاہے مضمون مکمل ہو یا نہ ہو۔ بعض اوقات وہ ایسی جگہ سے آیت شروع کرتے ہیں جس کا ماقبل سے گہرا تعلق ہوتا ہے۔ لیکن اپنے دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے وہ پچھلے ٹکڑے کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ جیسا کہ انہوں نے درج ذیل آیت پیش کی ہے۔

الاقول ابراھیم لابیہ.....الخ۔ اس کا ماقبل سے گہرا تعلق ہے۔ اور اس کا معنی بھی اس وقت سمجھ آئے گا جب پچھلا حصہ بھی ملایا جائے گا۔

☆ اگر بفرض محال یہ تسلیم کر لیں کہ یہ تمام آیات انسانی کروموسومز کی طرف اشارہ کرتی ہیں تب بھی مسئلہ حل نہ ہوگا۔ کیونکہ ڈاکٹر صاحب نے شمار کے دوران کئی ایسے حروف چھوڑ دیے جو اگرچہ لکھے ہوئے نہیں لیکن وہ پڑھے جاتے ہیں اور آیت کے الفاظ کا جزء ہیں۔

مثلاً پہلی دلیل سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا میں لفظ اٰيٰتِنَا دو محذوف الرسم الفوں کو بھی شامل ہے۔ دونوں الفوں کا اظہار کھڑی زبر سے ہو رہا ہے۔ اور ان الفات کے بغیر یہ لفظ بھی بے معنی ہو جائے گا۔ لہٰذا یہ تو طے ہے کہ یہ الفات اس کا لازمی جزء ہیں۔ لیکن ڈاکٹر صاحب نے اپنا الو سیدھا کرنے کے لیے ان الفات کو شمار نہیں کیا۔ علاوہ ازیں ڈاکٹر صاحب نے یہاں حرف مشدد کو ایک ہی حرف شمار کیا ہے۔ جبکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے 23 کروموسومز قرآن سے ثابت کرتے ہوئے ایک دلیل پیش کی ہے اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ اور اس میں تمام حروف مشددہ کو دو حرف شمار کیا۔ ڈاکٹر صاحب کے بنیادی اصولوں میں ہی تضاد و تناقض ہے۔

اگر انہی دو اصولوں کو مدنظر رکھیں کہ ''الفات محذوفہ متلفظہ بھی حرف مستقل کا درجہ رکھتے ہیں اور حرف مشدد دراصل دو حروف کا مجموعہ ہے'' تو ڈاکٹر صاحب کی تمام دلیلیں ہوا ہو جائیں گی۔

کیونکہ ان اصولوں کے مطابق پہلی دلیل تقریباً 535 الفاظ پر مشتمل ہوگی۔ یہی حال باقی دلائل کا ہوگا اس لیے کہ ان تمام آیات میں کم از کم ایک حرف مشدد اور ایک الف محذوفہ موجود ہے۔

☆ ڈاکٹر صاحب کی ایک پیش کردہ آیت اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ ..... ظاہری اعتبار سے ہی 47 حروف پر مشتمل ہے۔ حالانکہ ڈاکٹر صاحب 46 کروموسومز ثابت کر رہے تھے۔

Marfat.com

یہ تو ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کے وسیع مطالعے اور قرآن فہمی کا حال ہے۔ کہ دلیل ایسی دے رہے ہیں جو دعویٰ کے مخالف ہے۔

## ☆ جانوروں کے کروموسومز

ڈاکٹر صاحب نے انسانی کروموسومز کے ساتھ ساتھ دیگر جانوروں کے کروموسومز کو بھی قرآن کے سے ثابت کرنے کا بیڑا اٹھایا ہے۔ لیکن دلائل پہلے کی طرح ہی پھسپھے اور محل نظر ہیں۔

اول اس بناء پر کہ انسانی کروموسومز ثابت کرنے کے لیے جو طریقہ اپنایا گیا تھا۔ یہاں اس پر عمل کرنے کی بجائے ایک نیا طریقہ ترتیب دیا گیا۔ کیونکہ پچھلے طریقہ پر عمل کرنے کی صورت میں مطلوبہ عدد حاصل نہیں ہوسکتا تھا۔

لیکن جو طریقہ اور اصول اس بار اپنایا گیا اس پر بھی پوری طرح عمل نہیں کیا۔

مثلاً پہلی دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ سورۃ نحل کا رکوع نمبر ایک ہے۔ اس کی 9 آیات ہیں اور پارے کا رکوع نمبر 7 ہے۔ لہٰذا $7 \times 9 + 1 = 64$ اور اس رکوع میں تین جانوروں کا ذکر ہے لہٰذا $64 \times 3 = 192$ اور 192 تینوں جانوروں کے کروموسومز کا مجموعہ ہے۔

عقل کی رو سے بھی یہ طریقہ حجت نہیں۔ کیونکہ اس میں علیحدہ علیحدہ تینوں کے کروموسومز کی تعداد ثابت نہیں ہو رہی۔ اور دلیل کے نا قابل حجت ہونے کی دوسری وجہ یہ ہے اس رکوع میں ان تین جانوروں کے ساتھ انسان کا تذکرہ بھی ہوا ہے۔ اور انسان سائنس کے مطابق حیوانات میں شامل ہے۔ اصولاً تو انسان کے کروموسومز بھی اس میں شامل ہونے چاہیے تھے۔ لیکن ڈاکٹر صاحب نے انسان کا تذکرہ ہی گول کر دیا۔

اس کے علاوہ اس بات پر کوئی عقلی دلیل نہیں کہ جہاں ڈاکٹر صاحب نے ضرب دی ہے وہاں ضرب ہی دی جائے۔ اگر وہاں ضرب کے بجائے جمع کا عمل کر دیا جائے تو ڈاکٹر صاحب کے دلائل کے غبارے سے ہوا نکل جائے گی۔ مثال ملاحظہ ہو

$7 + 9 \times 1 = 16$ ۔ $16 \times 3 = 48$ اب یہاں نتیجہ حاصل نہ ہوسکا۔

Marfat.com

اصل میں قرآن کو بائیالوجی یا فزکس کی کتاب سمجھ لیا گیا ہے اور اس میں ہر چیز کے متعلق معلومات تلاش کرتے پھرتے ہیں۔ حالانکہ اس کتاب کا اصل مقصود نسل انسانی کو ہدایت دینا ہے۔ اس کے معجزہ ہونے کا تعلق اس کی فصاحت و بلاغت اور حیران کن اسلوب سے ہے۔ نہ کہ ڈاکٹر صاحب کے بیان کردہ لفظوں کے بے مقصد الٹ پھیر سے۔ اگر اس میں جانوروں کے کروموسومز کی تعداد نہ ملے تو اس کے معجز ہونے میں کوئی فرق نہ آئے گا اور نہ ہی اس میں کوئی نقص لازم آئے گا۔

سب لوگ بخوبی جانتے ہیں کہ ابن سینا منطق و فلسفہ اور طب دونوں میں مہارت رکھتا تھا۔ اور اس نے ان دونوں فنون پر کتب تحریر کی ہیں۔ اگر کوئی شخص کہے کہ اس نے اپنی کتاب القانون جو کہ طب کے موضوع پر ہے اس میں منطق کا فلاں مسئلہ کیوں بیان نہیں کیا۔ تو یہ اس شخص کی جہالت کا بین ثبوت ہے۔ اسی طرح ہر چیز کے قرآن سے ثبوت کا مطالبہ کرنے والے جہل مرکب میں مبتلا ہیں۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب کی مختلف عنوانات کے تحت حیوانات کے کروموسومز۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کروموسومز۔ مختلف دھاتوں کے اٹامک ویٹ۔ تخلیق کائنات (Big Bang) کی الٹی سیدھی تحقیقات کا جواب عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے دربار میں پیش آمدہ واقعہ پر قیاس کر لیا جائے جو ہم آگے پیش کر رہے ہیں۔ البتہ اس واقعہ اور ڈاکٹر صاحب کی تحقیقات میں مہارت کا فرق ملحوظ رہے۔ کیونکہ بعض جگہوں پر ڈاکٹر صاحب نے آیات کے حروف تہجی کو قرآنی علم الرسم کے مطابق لیا ہی نہیں۔ اور کہیں ضرب، تقسیم کے الٹ پھیر کے ذریعہ اپنا مطلوبہ جواب حاصل کرنے کی کوشش کی۔ اور بعض جگہوں پر اپنے ہی خود ساختہ قاعدہ سے انحراف کر جاتے ہیں۔

## ☆ حیرت انگیز کرتب

کسی شخص نے عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے دربار میں ایک حیرت انگیز کرتب دکھانے کی اجازت طلب کی۔ اجازت مل گئی تو دربار میں حاضر ہو کر فرش کے درمیان میں ایک سوئی کھڑی کر دی اور کچھ فاصلے پر کئی سوئیاں ہاتھ میں لے کر کھڑا ہو گیا پھر اس نے ایک سوئی اٹھائی اور فرش پر کھڑی ہوئی سوئی کا نشانہ لیا۔ حاضرین کی حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب انہوں نے دیکھا کہ یہ دوسری سوئی پہلی سوئی

Marfat.com

کے ناکے میں داخل ہوکر پار ہوچکی ہے۔اس طرح اس نے تقریباً دس سوئیاں پھینکیں اور سب کی سب پہلی سوئی کے ناکے سے پار ہوگئیں۔ہارون الرشید نے یہ حیرت انگیز کمال دیکھا تو حکم دیا کہ ''اس شخص کو دس دینار انعام میں دیے جائیں اور دس کوڑے لگائے جائیں''۔حاضرین نے اس عجیب وغریب انعام کی وجہ پوچھی تو ہارون الرشید نے کہا۔''دس دینار اس شخص کی ذہانت ۔نشانے کی سچائی کا انعام ہے اور دس کوڑے اس بات کی سزا ہے کہ اس نے اپنی خداداد صلاحیتیں اور قیمتی وقت ایک ایسے کام میں صرف کیا جس کا دین و دنیا میں کوئی فائدہ نہیں''۔

(بحوالہ اسلام اور جدت پسندی صفحہ 47 از مفتی تقی عثمانی مدظلہ۔متاع وقت اور کاروان علم صفحہ 84 از مولانا ابن الحسن عباسی صاحب)

## ☆ یزید

ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں ''میں نے یزید کو رحمہ اللہ کہا تو اگر میں کافر ہوں تو انہیں نعوذ باللہ نعوذ باللہ یہ کہنا چاہیے کہ امام غزالی کافر ہیں۔جس نے بخاری شریف کی شرح لکھی حافظ ابن حجر عسقلانی وہ بھی کافر ہے نعوذ باللہ۔

☆ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ جب شام کے گورنر مقرر ہوئے تو انہوں نے وہاں کے قبیلہ بنو کلب کی خاتون میسون (Maysun) سے شادی کی۔ان کا شجرہ میسون بنت بجدل بن انیف بن دلجہ بن قنافۃ بن عدی بن زہیر بن حارثہ بن خباب ہے۔جو خود تو مسلمان ہوگئی تھیں مگر ان کے عزیز و اقارب بدستور عیسائی رہے۔یزید انہی کے بطن سے پیدا ہوا۔یزید ایک طرف اپنے گھر میں اسلامی معاشرت اور عربی تہذیب کی خوبیاں دیکھتا تھا۔تو دوسری طرف جب وہ ننھیال جاتا تو عیسائی تہذیب وتمدن کے مظاہر دیکھتا تھا۔وہیں اس نے گھڑ سواری اور شاعری سیکھی۔یہاں تک خیریت تھی۔لیکن آگے بڑھ کر اس نے ایسے مشاغل بھی سیکھ لیے جو اسلامی تعلیمات کے منافی تھے۔نتیجہ یہ نکلا کہ اس کی سیرت میلی ہوتی چلی گئی۔(ماہنامہ اردو ڈائجسٹ مارچ 2004 صفحہ 85۔ابن خلدون)

اللہ تعالیٰ نے جن ظالموں کو دائرہ ''امامت امت'' سے باہر رکھنے کا عہد کیا (سورۃ بقرہ آیت 124)

Marfat.com

اپنے اعمال کی وجہ سے یزیداس کا سب سے بڑا مصداق بنا۔اس لیے یزیدکوامیر۔امام ۔خلیفہ کہنادرست نہیں۔غالباً یہی وجہ ہے کہ جب ایک شخص نے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے سامنے یزیدکو''امیرالمؤمنین'' کہاتو آپؒ نے اسے بیس کوڑے مارنے کاحکم دیا۔(الصواعق المحرقہ لابن حجرعسقلانی صفحہ221)

امام بخاریؒ نے قتال روم کے باب میں روایت درج کی ہے کہ''حضرت ام حرامؓ نے کہا۔میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا۔میری امت کے وہ مجاہدین جو پہلا بحری جہادکریں گے یقیناً(اپنے لیے جنت)واجب کرلیں گے۔حضرت ام حرامؓ کہتی ہیں۔میں نے کہایارسول اللہ! میں بھی ان میں شامل ہوں گی؟۔فرمایا۔توبھی ان میں ہوگی۔پھرنبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری امت کے وہ مجاہدین جوشہرقیصر(قسطنطنیہ۔موجودہ استنبول)پر پہلاحملہ کریں گے مغفرت یافتہ(مغفورلھم)ہوں گے۔میں نے عرض کیا۔میں ان میں ہوں گی یارسول اللہ!۔فرمایا نہیں''۔(صحیح بخاری جلداول صفحہ409)

یادرہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت سفیان بن عوف رضی اللہ عنہ کی قیادت میں قسطنطنیہ لشکرروانہ کیاتھا۔چونکہ اس مہم کے لیے مغفرت کی بشارت مشہورتھی۔اس لیے بڑے بڑے جلیل القدرصحابہ۔حضرت عبداللہ بن عباس۔حضرت عبداللہ بن عمر۔حضرت عبداللہ بن زبیر رضوان اللہ علیہم اجمعین۔حضرت ابوایوب انصاریؓ۔حضرت امام حسینؓ اس لشکر میں شریک ہوئے۔ حضرت امیر معاویہؓ نے یزیدکوبھی جانے کاکہالیکن اس نے بہانا کردیا۔قسطنطنیہ میں اس لشکرکو شدیدمشکلات اورتکالیف کاسامناکرناپڑا۔جب دمشق میں یہ خبرپہنچی تویزیداپنے نہ جانے پرخوش ہوا حضرت امیر معاویہؓ کوعلم ہواتوانہوں نے موسم گرمامیں یزیدکوبھاری کمک دے کرحضرت سفیانؓ بن عوف کے پاس قسطنطنیہ روانہ کیا۔(الکامل لابن اثیرجلد 3 صفحہ 458۔عمدۃ القاری جلد14 صفحہ198)

علامہ بدرالدین عینیؒ نے عمدۃ القاری میں مزیدلکھاہے کہ''یہ جلیل القدرصحابہ حضرت سفیانؓ بن عوف

Marfat.com

کی قیادت میں تھے۔ یزید اس کا اہل ہی نہ تھا کہ یہ اکابر صحابہ اس کے ماتحت ہوتے۔ بعض نے اس حدیث کو یزید کی منقبت میں شمار کیا ہے۔ حالانکہ اس حدیث سے یزید کی کوئی منقبت ثابت نہیں ہوئی۔ اس کا حال تو مشہور و معروف ہے۔

اول تو یزید اس لشکر میں شامل ہی نہ تھا۔ اس لیے وہ مغفرت کی اس بشارت میں داخل ہی نہیں۔ وہ اس بشارت کا مستحق ہو بھی جائے تو یقیناً اس کے گذشتہ گناہ معاف ہوئے۔ اور آئندہ کے گناہوں اور مظالم کا اسے جواب دینا ہوگا۔

جس وقت صحابہ نے یزید کی بیعت کی اس وقت فسق و فجور پوشیدہ تھا۔ خانوادہ رسول پر مظالم سامنے آئے تو مدینہ طیبہ سے ایک وفد جن میں غسیل ملائکہ حضرت حنظلہؓ کے بیٹے حضرت عبداللہ بن حنظلہؓ اور حضرت عبداللہ بن ابوعمرو مخزومیؓ بھی شامل تھے۔ دمشق پہنچا۔ انہوں نے یزید کے اخلاق واطوار کا مشاہدہ کیا اور واپس آکر بیعت توڑ دی۔ صحابہ کرامؓ کی اس خلع بیعت کا ذکر امام بخاری نے اپنی صحیح کی جلد دوم کے صفحہ 1053 پر کیا ہے۔

اس خلع بیعت کی وجہ سے یزید کو اتنا طیش آیا کہ خانہ کعبہ پر چڑھائی کر دی۔ حرّہ (مدینہ منورہ) کے شرمناک واقعہ میں سینکڑوں صحابہ کرامؓ کو نہایت بے دردی سے شہید کیا گیا۔ جلیل القدر صحابی حضرت ابوسعید خدریؓ (جن کی روایتوں کو امام بخاری نے بھی نقل کیا ہے) کی ڈاڑھی کا ایک ایک بال نوچ لیا گیا۔ (وفاء الوفاء جلد اول صفحہ 135)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''میں ابن زیاد کے پاس بیٹھا تھا جب حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک لایا گیا (اور ایک طشت میں رکھ دیا گیا۔ بخاری) ابن زیاد ایک چھڑی آپؓ کی ناک میں مارنے لگا اور کہا۔ ''یہ بھی کوئی حسن ہے؟''۔ میں نے کہا سنو! یہ سب سے بڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہ ہیں''۔ (ترمذی۔ مشکوۃ۔ مناقب اہل بیتؓ)

طبرانی کی روایت میں ہے کہ ''آپؓ کی آنکھوں اور ناک میں چھڑی مارنے لگا تو میں نے کہا۔ اپنی چھڑی اٹھالو۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ جگہ چومتے ہوئے دیکھا ہے''۔

Marfat.com

بزار کی روایت میں ہے کہ ''میں نے کہا۔ جہاں تیری چھڑی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ جگہ سونگھتے دیکھا ہے۔(مرقات۔جلد11 صفحہ397)

اگر یزید کی مرضی کے خلاف یہ سب کچھ کیا گیا تھا تو یزید نے ابن زیاد اور شمر وغیرہ کے خلاف کوئی تادیبی کاروائی کیوں نہ کی ۔نہ ہی معزول کیا۔حتی کہ ملامت کا ایک حرف بھی انہیں لکھ کر نہیں بھیجا۔ اسی لیے حضرت حسینؓ کا سر مبارک دیکھ کر تاسف کا اظہار از راہ مداہنت ہی تھا۔

امام حسینؓ کی شہادت کے بعد حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے اپنی خلافت کا اعلان کیا اور دوسرے لوگوں کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو اپنی بیعت کی دعوت دی۔حضرت ابن عباسؓ نے اپنے موقف کی وجہ سے جس کا انہیں حق تھا۔بیعت سے انکار کیا۔اس انکار سے یزید یہ سمجھا کہ چونکہ یہ میری بیعت میں داخل ہیں اس لیے انہوں نے ابن زبیر کی بیعت سے انکار کیا ہے۔اس بات سے خوش ہو کر اس نے حضرت ابن عباسؓ کو ایک خط لکھا اور حضرت ابن عباسؓ نے اس کا جواب دیا۔ تاریخ نے یہ خط اور اس کا جواب اپنے دامن میں محفوظ کر کے بہت سے حقائق سے پردہ اٹھا دیا ہے۔ پہلے حضرت ابن عباسؓ کے نام یزید کا خط ملاحظہ ہو۔

''.....مجھے اطلاع ملی ہے کہ ملحد ابن زبیر نے آپ کو اپنی بیعت کی دعوت دی تھی۔لیکن آپ ہم سے وفا کرتے ہوئے ہماری بیعت پر قائم رہے۔اللہ تعالیٰ آپ کو ایک رشتہ دار کی طرف سے وہ بہترین جزا عطا فرمائے جو وہ صلہ رحمی کرنے والوں کو اور عہد نبھانے والوں کو عطا فرمایا کرتا ہے۔اب میں کچھ بھی بھولوں پر آپ سے حسن سلوک اور آپ کے شایان شان صلے کا فوری انتظام نہیں بھول سکتا۔اب آپ ذرا اتنا خیال اور رکھیں کہ باہر سے جو لوگ آپ کے پاس آئیں۔جنہیں ابن زبیر نے اپنی جادو بیانی سے متاثر کر لیا ہو۔تو آپ ابن زبیر کے حال سے انہیں آگاہ کر دیا کریں۔ کیونکہ اس حرم کعبہ کی حرمت پامال کرنے والے (ابن زبیر) کی نسبت لوگ آپ کی بات زیادہ سنتے اور زیادہ مانتے ہیں''۔

اور اب حضرت ابن عباسؓ کا صاف جواب بھی ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

".....تمہارا خط مجھے ملا۔ میں نے جو ابن زبیر کی بیعت نہیں کی تو واللہ اس امید پر نہیں کی کہ تم مجھ پر احسان کرو گے اور میری تعریف کرو گے۔ میری جو نیت ہے اسے اللہ خوب جانتا ہے۔

تم نے یہ جو کہا کہ تم مجھ سے حسن سلوک کو فراموش نہیں کرو گے تو اے انسان! تم اپنے حسن سلوک کو اپنے پاس رکھو۔ کیونکہ میں تم سے اپنا سلوک نہیں رکھنا چاہتا۔

تم نے مجھ سے یہ درخواست کی کہ میں لوگوں میں تمہاری محبت اور ابن زبیر سے نفرت پیدا کروں اور انہیں ابن زبیر کا ساتھ چھوڑنے پر آمادہ کروں۔ تو یہ نہیں ہوگا۔ یہ کام میرے لیے باعث مسرت ہے نہ باعث عزت۔

اور یہ ہو بھی کیسے سکتا ہے؟۔ تم نے حسین اور خاندان عبدالمطلب کے ان جوانوں کو قتل کیا جو ہدایت کے چراغ اور ناموروں میں ستارے تھے۔ تمہارے سواروں نے تمہارے حکم سے انہیں ایک کھلے میدان میں اس حال میں چھوڑا کہ وہ خون میں لت پت تھے۔ ان کے بدن پر جو کچھ تھا چھینا جا چکا تھا۔ پیاس کی حالت میں انہیں قتل کیا گیا اور بے دفن رہنے دیا گیا۔ ہوائیں ان پر خاک ڈالتی رہیں اور دبلے بجو بار بار ان کی لاشوں پر آتے رہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی قوم کو ان کے کفن دفن کی توفیق دی جو ان کے خون میں شریک نہ تھی۔

قسم ہے میرے رب کی ان ہی کے طفیل تجھے یہ عزت ملی اور تجھے اس جگہ بیٹھنا نصیب ہوا جس جگہ اب بیٹھا ہوا ہے۔

سواب میں سب کچھ بھول سکتا ہوں لیکن یہ بات نہیں بھول سکتا کہ تیرے جبر سے حسین حرم نبوی سے نکل کر حرم الٰہی میں آئے۔ پھر تو اپنے سواروں کو مسلسل ان کے پاس بھیجتا رہا۔ یہاں تک کہ انہیں عراق کی طرف روانہ کر کے چھوڑا اور وہ اس حالت میں نکلے کہ ان کو دھڑکا لگا ہوا تھا۔ پھر تیرے لشکر نے انہیں جالیا۔ اور یہ سب کچھ تو نے اللہ اور اس کے رسول اور ان کے اہل بیت کی عداوت میں کیا جن سے اللہ نے گندگی کو دور کر کے انہیں خوب پاک صاف کر دیا تھا۔

حسین نے تمہیں یہ بھی کہا کہ میں لڑائی بھڑائی نہیں چاہتا۔ مجھے واپس چلے جانے دو۔ لیکن تم نے یہ

Marfat.com

موقع غنیمت جانا کہ انصار کی تعداد کم ہے اور پورے خاندان کو ختم کیا جاسکتا ہے۔تو تم مل کران پر یوں ٹوٹ پڑے گویا تم مشرکوں اور کافروں کے خاندان کو قتل کرر ہے ہو۔

تو نے میرے باپ کے خاندان کو قتل کیا۔تیری تلوار سے میرے خون کے قطرے ٹپک رہے ہیں۔ اور میرا ایک مدعا علیہ تو ہے۔ان حالات میں تو مجھ سے مودت کا طلبگار ہے۔اس سے بڑھ کر عجیب چیز کیا ہوگی؟۔

اور کسی غلط فہمی میں نہ رہنا۔اگر آج تو نے ہم پر فتح پائی ہے تو ایک دن یقیناً ہم تجھ پر فتح پائیں گے"۔(الکامل لابن اثیر۔جلد4۔صفحہ51,50)

## ☆ یزید کا حضرت حسینؓ سے رشتہ

حضرت حسینؓ کی بھتیجی یعنی حضرت عبداللہ بن جعفر طیارؓ کی دختر سیدہ ام محمد یزید کے نکاح میں تھیں۔(جمہرۃ الانساب لابن حزم صفحہ62)

اس رشتہ کے اعتبار سے یزید حضرت حسینؓ کی بھتیجی کا داماد تھا اور دوسرے رشتہ کے اعتبار سے حضرت حسینؓ اس کے بہنوئی تھے۔کیونکہ حضرت حسینؓ کی زوجہ اولی آمنہ (والدہ علی اکبر ابن الحسین) حضرت معاویہؓ کی حقیقی بھانجی تھیں۔یعنی میمونہ بنت ابی سفیانؓ کی دختر تھیں۔(جمہرۃ الانساب لابن حزم صفحہ255)

## ☆ یزید کی اولاد

یزید کی بیوی ام ہاشم بنت ابو ہاشم بن عتبہ بن ربیعہ اموی سے خالد۔ابوسفیان اور معاویہ پیدا ہوئے خالد بن یزید مشہور شاعر و عالم تھے۔ان کی بیوی آمنہ بنت سعید بن العاص تھی۔(آمنہ کی والدہ ام عمرو بنت عثمان بن عفان تھی۔اور ام عمرو کی والدہ رملہ بنت شیبہ بن ربیعہ بن عبد شمس تھی۔)ان سے سعید پیدا ہوئے۔دیگر کنیزوں کے بطن سے حرب۔عتبہ۔یزید۔عبداللہ۔اور ابوسفیان پیدا ہوئے۔

عبداللہ بن خالد بن یزید کا نکاح نفیسہ بنت عبداللہ بن عباس بن علی بن ابوطالب سے ہوا۔ان سے علی بن عبداللہ بن خالد بن یزید پیدا ہوا۔

Marfat.com

یزید کی بیوی ام کلثوم بنت عبداللہ بن عامر بن کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس سے عبداللہ بن یزید اور عاتکہ بن یزید پیدا ہوئے۔ عبداللہ بن یزید بن معاویہ سے ابو محمد (اسے عباسی خلیفہ منصور کے دور میں مدینہ منورہ قتل کر دیا گیا) اور ام یزید پیدا ہوئے۔ ام یزید کا نکاح سلیمان بن عبدالملک بن مروان سے ہوا۔ عبداللہ بن یزید کی دوسری بیوی ام عثمان بنت سعید بن العاص اموی سے ابوسفیان اور ابوعبید پیدا ہوئے۔ ان کی نانی یعنی ام عثمان کی والدہ امیمہ بنت جریر بن عبداللہ البجدلی تھی۔

یزید بن معاویہ بن ابوسفیان کی بیوی ام کلثوم بن عبداللہ بن عامر بن کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس سے عبداللہ بن یزید۔ یزید بن یزید۔ اور عاتکہ بن یزید پیدا ہوئے۔

عاتکہ کا نکاح عبدالملک بن مروان سے ہوا۔ اس سے مروان بن عبدالملک اور یزید بن عبدالملک پیدا ہوئے۔

یزید بن معاویہ بن ابوسفیان کے مختلف کنیزوں سے درج ذیل اولاد ہوئی۔

عبدالرحمٰن۔ ابوبکر۔ محمد۔ عثمان۔ عتبہ۔ یزید۔ ام یزید۔ ام محمد۔ رملہ۔ ام عثمان۔ ام عبدالرحمٰن۔

ام یزید کا نکاح صبغ بن عبدالعزیز بن مروان بن حکم سے ہوا۔ اس سے دحیہ بن الاصبغ پیدا ہوا۔

ام محمد بنت یزید کا نکاح عمرو بن عتبہ بن ابوسفیان بن حرب سے ہوا۔ اور اس سے اولاد بھی ہوئی۔

رملہ بنت یزید کا نکاح عتبہ بن عتبہ بن ابوسفیان بن حرب سے ہوا۔

ام عثمان بنت یزید کا نکاح عثمان بن ابوسفیان سے ہوا۔ اس سے ام الحکم پیدا ہوئی۔

ام عبدالرحمٰن بنت یزید کا نکاح عباد بن زید بن ابوسفیان سے ہوا۔ اور اس سے اولاد بھی ہوئی۔

(اسد الغابہ۔ جلد ۱۱)

## ☆ اعتراف معاویہ بن یزید

علامہ کمال الدین محمد بن موسیٰ دمیری رحمۃ اللہ (۷۴۲ھ-۸۰۸ھ) نے معاویہ بن یزید کی مجلس کا حال یوں بیان کیا ہے:

"..... پھر خلافت میرے والد کی طرف منتقل ہوئی۔ وہ تمہارے امیر بن گئے۔ اور اس

Marfat.com

امارت میں ان کے والدؓ (حضرت امیر معاویہؓ) کی خواہش کا عمل دخل تھا۔

حقیقت یہ ہے کہ میرے والد یزید اپنے برے کردار اور اسراف نفس کی وجہ سے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر خلافت کے اہل نہیں تھے۔ چنانچہ وہ اپنی خواہشات پر سوار رہے۔ اپنی خطاؤں کو درست سمجھتے رہے۔ بڑی دیدہ دلیری سے اللہ کے احکام کو توڑا۔ اور اولاد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حرمت کو اپنی عزت کی خاطر پامال کیا۔

پس ان کا وقت گھٹ گیا۔ خیر کا سلسلہ کٹ گیا۔ اور وہ اپنے عمل کے ساتھ سو گئے۔ آج وہ اپنے گڑھے کی آغوش میں اپنے جرم کے گروی ہیں۔ اور ان کی برائیوں کے نتائج دنیا میں باقی ہیں۔ انہوں نے جو کچھ کیا اس کا صلہ پالیا۔ وہ شرمندہ ہیں لیکن بے فائدہ۔..... آج ان کی موت کا نہیں خود ان کا غم ہمیں کھا رہا ہے۔ کاش مجھے معلوم ہو جائے کہ ان کے بارے میں جو کچھ قیل وقال ہے کیا یہ ان کی برائیوں کی سزا اور ان کے عمل کا بدلہ ہے؟۔ (تو بھی مجھے اطمینان ہو جائے کہ جان سستی چھوٹی) اور یہ میری خود فریبی ہے"۔

اتنا کہہ کر اس کی آواز بھرّا گئی۔ دیر تک روتا رہا اور زور زور سے ہچکیاں لیتا رہا۔ پھر بولا۔

"تیسرا حکمران میں بنا اور حال یہ ہے کہ مجھ سے راضی لوگ کم ہیں۔ ناراض زیادہ ہیں۔ میں تمہارے گناہ اٹھانے کی اپنے اندر ہمت نہیں پاتا۔ اللہ تعالیٰ مجھے اس حال میں نہ دیکھے کہ تمہارے بوجھ میرے گلے میں ہوں اور تمہارے تاوان میں بھروں۔ سو تم جانو اور تمہاری حکومت جانے۔ جسے چاہو اپنا حکمران بنالو۔ میں نے تو اپنی بیعت کا قلادہ تمہاری گردنوں سے اتار پھینکا۔ والسلام علیکم"۔

علامہ دمیریؒ نے لکھا ہے۔ "یزید کی حکومت 3 سال نو ماہ رہی۔ (بعض مؤرخین نے دو سال آٹھ ماہ یا تین سال آٹھ ماہ لکھی ہے) پھر اس کے بیٹے معاویہ کو حکومت سونپی گئی۔ لیکن وہ بھی اس جابرانہ حکومت کا بوجھ برداشت نہ کر سکا اور چالیس دن میں ہی حکومت سے الگ ہو گیا۔ علیحدگی سے چالیس یا ستر روز بعد 21 یا 23 سال کی عمر میں اس جہان سے لاولد رخصت ہو گیا"۔ (حیاۃ الحیوان جلد اول صفحہ 88)

Marfat.com

علامہ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں۔ ''سب ایسے ختم ہوئے کہ یزید کی نسل میں سے کوئی ایک بھی تو باقی نہ بچا''۔(تاریخ ابن کثیر جلد 8 صفحہ 237)

ابوالفرج ابن الجوزیؒ اپنی کتاب ''المنتظم فی تواریخ الملوک والامم'' میں لکھتے ہیں۔

''یزید نے اپنے والدؓ کی وساطت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث روایت کی ہے۔اور یزید تک ہماری سند بھی متصل ہے۔لیکن امام احمد بن حنبلؒ سے پوچھا گیا۔کیا یزید سے حدیث روایت کی جاسکتی ہے؟۔فرمایا۔''نہیں۔اس میں کوئی عزت نہیں''۔اس لیے ہم نے یزید کی وساطت سے کوئی حدیث روایت نہیں کی''۔

حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے اس قول کو امام ابن تیمیہؒ نے اپنے فتاویٰ جلد ۴ صفحہ ۴۸۳ پر بھی نقل کیا ہے۔

قاتل ومقتول اللہ جل جلالہ کی عدالت میں پہنچ چکے۔چنانچہ یزید کے بارے میں اہل السنّت والجماعت کا یہ عقیدہ ہے کہ لانحبہ ولانسبہ۔نہ ہم اسے گالی دیتے ہیں اور نہ ہی اس سے محبت رکھتے ہیں۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے یزید کی تکفیر میں توقف اور سکوت فرمایا ہے(الصواعق المحرقہ لابن حجرؒ صفحہ 221)اس کی تفسیق میں نہیں۔'' وبعد اتفاقهم على فسقه اختلفوا في جواز لعنه باسمه''(الصواعق المحرقہ لابن حجرؒ صفحہ 222)یعنی اس کے فاسق ہونے پر اہل السنّت و الجماعت کا اتفاق ہے۔پھر اس میں اختلاف ہے کہ اس کا نام لے کر اس پر لعنت کرنا جائز ہے یا نہیں؟۔ڈاکٹر ذاکر صاحب نے امام غزالی اور علامہ ابن حجر پر بہتان باندھا ہے۔ان دونوں بزرگوں نے یزید کو رحمہ اللہ نہیں کہا۔بلکہ علامہ ابن حجر نے اس کے فسق پر اہل السنّت والجماعت کا اتفاق نقل کیا ہے۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ یزید کے بارے میں فرماتے ہیں۔''اس کی بدبختی میں کسے کلام ہوسکتا ہے۔اس نے جو کام کیا وہ کافر فرنگی بھی نہیں کرسکتا''۔(مکتوبات دفتر اول۔نمبر ۵۴)

Marfat.com

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔''اور گمراہی وضلالت کے داعی شام میں یزید اور عراق میں مختار تھے''۔(حجۃ اللہ البالغۃ۔مبحث الفتن)

حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔''بہر حال یزید کے فسق وفجور پر جبکہ صحابہ کرام سب کے سب متفق ہیں۔خواہ مبائعین ہوں یا مخالفین۔پھر ائمہ مجتہدین رحمہم اللہ بھی متفق ہیں۔اوران کے بعد علماء راسخین۔محدثین اور فقہاء مثل علامہ قسطلانی۔علامہ بدرالدین عینی۔علامہ ہیثمی۔علامہ ابن جوزی۔علامہ سعدالدین تفتازانی۔محقق ابن ہمام۔حافظ ابن کثیر رحمہم اللہ جیسے محققین یزید کے فسق پر علماء سلف کا اتفاق نقل کر رہے ہیں اور خود بھی اسی کے قائل ہیں تو اس سے زیادہ یزید کے فسق کے متفق علیہ ہونے کی شہادت اور کیا ہو سکتی ہے؟''۔

(شہید کربلا اور یزید۔صفحہ ۱۵۲)

بعض حضرات (یزید) کے فسق وفجور کی روایات کو یکسر غلط کہتے ہیں۔حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا رحمہ اللہ یزید کی لشکر قسطنطینیۃ میں شمولیت کے تحت فرماتے ہیں۔''رہی یہ بات کہ اس (یزید) کے فسق وفجور کی روایات سب یکسر غلط ہیں یہ دعویٰ مشکل ہے جبکہ تاریخی روایات اتنی کثرت سے ہیں کہ ان کو رد کرنا جو بحد تواتر تقریباً پہنچ گئی ہوں تاریخ سے کلیتاً اعتماد اٹھاتا ہے۔اگر یہ سب روایات اتنی کثرت کے باوجود رد کی جاسکتی ہیں تو پھر یہی کون سی نص قطعی ہے کہ یزید اس لشکر میں شریک تھا۔یہ بھی تاریخ ہی روایات ہیں۔مخالف کو حق ہے کہ وہ اس کی بھی تغلیط کر دے کہ یزید اس لشکر میں شریک تھا''۔(معارف شیخ۔جلد اول۔صفحہ ۶۷)

حضرت مولانا یوسف بنوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔''یزید لاریب فی کونہ فاسقا''(معارف السنن۔جلد ۶۔صفحہ ۱۸) یزید کے فاسق ہونے میں کوئی شک نہیں۔

حضرت مولانا یوسف بنوری رحمہ اللہ یزید کو امیر المؤمنین کہنے والوں کے بارے میں فرماتے ہیں۔

''ملاحدہ اور زنادقہ کی زبان کب بند ہو سکتی ہے۔کیا اس دور میں امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کو افسانہ نہیں بتایا گیا؟۔اور کہا گیا کہ واقعہ ہے ہی نہیں۔اور کیا امام حسین رضی اللہ عنہ کو باغی۔

Marfat.com

واجب القتل اور یزید بن معاویہ کو امیر المؤمنین اور خلیفہ برحق نہیں ثابت کیا گیا؟"۔(تقریظ برتسکین الصدور۔صفحہ ۲۳۔طبع دوم)

امام ابن تیمیہؒ نے اپنے فتاویٰ میں تین اقوال نقل کیے ہیں۔ایک گروہ تکفیر کا قائل ہے۔دوسرا گروہ اسے صالح وعادل قرار دیتا ہے۔جبکہ تیسرا گروہ اسے عام بادشاہ کا درجہ دیتا ہے۔جس میں اگر اچھائیاں تھیں تو برائیاں بھی تھیں۔

امام ابن تیمیہؒ نے اہل السنۃ والجماعۃ کا یہ موقف نقل کیا ہے کہ لانسبہ ولانحبہ۔نہ ہم اسے گالی دیتے ہیں اور نہ اس سے محبت رکھتے ہیں۔(فتاوی ابن تیمیہ۔جلد 4 صفحہ 483)

ڈاکٹر ذاکر صاحب یزید کے بارے میں اپنا عقیدہ جو بھی رکھیں۔لیکن اکابرین امت کی تائید اہل بیت کے ساتھ ہی ہے۔وہ انہیں شعائر اللہ میں داخل سمجھتے ہیں۔اور یہی اہل السنۃ والجماعۃ کا موقف ہے۔چنانچہ امام نوویؒ (المتوفی 676ھ) نے اپنی کتاب ریاض الصالحین میں اہل بیت کے اکرام وفضیلت کے بیان میں مستقل باب قائم کر کے اس کے تحت یہ آیت نقل کی ہے۔"ومن یعظم شعائر اللہ فانھا من تقوی القلوب"(سورۃ الحج آیت 32) اور جو کوئی شعائر اللہ کی تعظیم کرے تو یقیناً یہ بات دلوں کے تقوی سے (پیدا ہوتی) ہے۔

یعنی شعائر اللہ کی تعظیم کو تقویٰ کی علامت بتایا اور اہل بیت کو شعائر اللہ میں داخل کیا ہے۔

## ☆ جادو

گفتگو نامی پروگرام میں سوال کیا گیا کہ جادو کیا ہے؟ کیا یہ ہو جاتا ہے۔ڈاکٹر صاحب نے مختصر سا جواب دیا کہ جادو کرنا حرام ہے۔لیکن اصل سوال کا جواب نہیں دیا۔کیونکہ اس پر ان کا کوئی مطالعہ ہی نہ تھا۔ہم اس بارے میں قارئین کو بتاتے ہیں:

☆ جادو کفر ہے اور سات مہلک ترین کبیرہ گناہوں میں شامل ہے جو سراسر نقصان دہ عمل ہے۔اس کو سیکھنے کے متعلق اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ ویتعلمون ما یضرھم ولا ینفعھم (البقر :۱۰۲) اور یہ لوگ وہ سیکھتے ہیں جو انہیں نہ نقصان پہنچائے اور نفع نہ پہنچا سکے۔

Marfat.com

ولا یفلح الساحر حیث اتٰی (طه :٦٩) اور جادوگر کہیں بھی جائے کامیاب نہیں ہوتا۔

جادو کا شغل کرنے والا کافر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وما کفر سلیمان ولکن الشیاطین کفر وایعلمون الناس السحر وما انزل علی الملکین ببابل هاروت وما روت وما یعلمان من احد حتی یقولا انما نحن فتنه فلا تکفر (البقره :١٠٢)

سلیمان نے تو کفر نہ کیا تھا بلکہ شیطان نے کفر کیا تھا جو لوگوں کو جادو سکھایا کرتے تھے۔ اور بابل میں ہاروت و ماروت دو فرشتوں پر جو اتارا گیا تھا وہ دونوں بھی کسی شخص کو اس وقت تک نہیں سکھاتے تھے جب تک یہ نہ کہہ دیں کہ ہم تو ایک آزمائش ہیں تو کفر نہ کر۔

جادو میں جنات شیاطین کو وکیل و کارساز کہہ کر ان سے مدد اور استعانت چاہی جاتی ہے۔ اور ایسے افعال کیئے جاتے ہیں جو اللہ تبارک وتعالیٰ کی ناراضگی کا موجب ہوتے ہیں، چنانچہ شیاطین خوش ہو کر ان کی مدد کرتے ہیں اور تکمیل خواہشات کی کوشش کرتے ہیں۔

شیاطین چونکہ انسان کے خون میں دوڑتے پھرتے ہیں (بحوالہ بخاری) اس لیے جادو کرنے والے کی خواہش معلوم کر کے دوسرے انسان کو جسمانی نقصان یا بیماری پہنچا سکتے ہیں یا کسی عضو کو بیکار کر سکتے ہیں یا کسی دوسری طرح نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

بعض شیاطین کی حدیث کے مطابق لمبی سے سونڈ ہوتی ہے اور وہ کمر کی طرف سے اپنی سونڈ کس شخص کے دل میں داخل کرتے ہیں اور وسواسہ ڈالتے ہیں، اسے آج کے جدید دور میں لیپر وسکوپی سمجھ لیجئے یا الٹراساؤنڈ سسٹم۔ بہرحال اس طریقہ سے شیاطین کو معلوم ہو جاتا ہے کہ فلاں شخص کیا خواہش رکھتا ہے اور اس کے لیے کس حد تک اللہ کی نافرمانی کر سکتا ہے پھر وہ اپنے اس سونڈ والے طریقے سے مزید الٹے سیدھے طریقے اس کے دل میں ڈالتے ہیں جو جادو کے زمرے میں آتے ہیں،

## ☆ جادو اتارنے کا مسنون طریقہ

یہود کا ایک بچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا۔ اسے یہودیوں نے

Marfat.com

بہکا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر مبارک کے چند بال اور کنگھی کے چند دانے منگوالئے اور ان میں جادو کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہو گئے۔ سر کے بال جھڑنے لگے۔ خیال آتا تھا کہ میں عورتوں کے پاس ہو آیا ہوں حالانکہ آتے نہ تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے دور کرنے کی کوشش میں تھے۔ لیکن وجہ معلوم نہ ہوتی تھی۔ چھ ماہ یہی حالت رہی، ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمانے لگے۔ کہ عائشہ ! میں نے اپنے رب سے پوچھا۔ اور میرے پروردگار نے بتلا دیا۔ دو شخص آئے۔ ایک میرے سرہانے بیٹھا۔ ایک پائینتی۔ سرہانے والے نے دوسرے سے پوچھا۔ ان کا کیا حال ہے؟ دوسرے نے کہا ان پر جادو کیا گیا ہے۔ پوچھا۔ کس نے جادو کیا ہے؟ کہا سیدا ابن اعصم نے جو بنو زریق کے قبیلے کا بنو جو یہود کا حلیف ہے۔ اور منافق شخص ہے۔ کہا کس چیز میں؟ کہا سر کے بالوں اور کنگھی میں، پوچھا رکھا کہاں ہے؟ کہا تر کھجور کے درخت کے چھال میں پتھر کی چٹان تلے۔ ذروان کے کنویں میں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کنویں کے پاس تشریف لائے اور اس میں سے وہ چیزیں نکلوائیں۔ ان میں ایک تانت تھی جس میں بارہ گرہیں لگی ہوئی تھیں۔ اور ہر ہر گرہ پر ایک سوئی چبھی ہوئی تھی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ دو سورتی (العلق۔ الناس) اتاریں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک آیت ان کی پڑھتے جاتے تھے اور ایک گرہ ان کی خود بخود کھلتی جاتی تھی۔ جب یہ سورتیں پوری ہوئیں وہ سب گرہیں کھل گئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بالکل شفایاب ہو گئے۔ (تفسیر ابن کثیر)

نوٹ:۔ یہ بھی ممکن ہے کہ جس چیز کے ذریعے جادو کیا ہے وہ سامنے رکھے بغیر ہی معوذتین پڑھنے سے جادو کا اثر ختم ہو جائے لیکن اگر کسی وجہ سے یہ اثر ختم نہ ہو تو اس چیز کو تلاش کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جس کے ذریعہ جادو کیا گیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دیوانے یا وہ لوگ جن پر جنوں کا تسلط ہوتا لائے جاتے۔ آپ ان کے سینوں پر ضرب لگاتے اور وہ ٹھیک ہو جاتے۔ اس طرح کی ایک عورت (حضرت ام زفرؓ) لائی گئی۔ آپ نے اس کے سینے پر ضرب لگائی لیکن وہ شفایاب نہ ہو سکی۔ فرمایا۔ وہ دنیا میں اسی طرح رہے گی مگر آخرت میں اس کے لئے بھلائی

Marfat.com

ہے۔(یعنی آخرت کے حساب کتاب سے بچ جائے گی)۔بحوالہ اسدالغابہ جلد سوم باب الزاء صحابیات۔

☆ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تو فرشتوں کے ذریعہ بتلادیا گیا تھا۔مگر دیگر عامل حضرات اکثر ڈھلوسکے کرتے ہیں اور بہت سے شعبدے دکھاتے ہیں۔بلکہ اپنا اعتقاد بٹھانے کی خاطر تعویذ تک برآمد کردیتے ہیں۔اور بعض خیالی موکلوں سے یک طرفہ باتیں بھی کرکے دکھادیتے ہیں ایک صاحب تو خیالی جنات سے ہوا میں اِدھر اُدھر ہاتھ مارتے لڑتے بھی رہتے تھے اور ''وہ ماردیا'' وغیرہ کے نعرے بھی لگاتے تھے۔معمول بیچارے پر نفسیاتی اثر ہوجاتا تھا، کہ واقعی جنات کو مار بھگایا ہے۔

☆ (البتہ جادو کرنے والے کی تلاش کرنا عبث ہے۔بعض عامل حضرات مختلف مہمل نشانیاں بتادیتے ہیں جو کسی عورت یا مرد جاننے والے پر فٹ ہوجاتی ہیں اور اس کے بارے میں بغض یا کینہ رکھ لیا جاتا ہے۔یہ پوچھنا بتلانا دونوں شرعاً ممنوع ہیں)۔تفصیل جاننے کے لئے کتاب جن جادو اور اسلام مولفہ ابولبیق بخاری کا مطالعہ کیجئے۔

۱۸ رمضان ۱۴۳۰ھ

The End = 09-09-09

Marfat.com

# مطالعہ کے لیے چند مفید کتب

المنتخب من الاحادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم

مولانا سید خلیق ساجد بخاری

منشورات قلم، مسلم سنٹر، اردو بازار، لاہور۔

تعبیر الرویاء (جدید نظر ثانی شدہ ایڈیشن)

مولانا سید خلیق ساجد بخاری

علی میاں پبلیکیشنز، العزیز مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

شجرہ مبارکہ صلی اللہ علیہ وسلم ابو لبیق بخاری

محمد عبد الرحیم ناشران قرآن، العزیز مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

تسہیل اوراد رحمانی (حضرت تھانوی رحمۃ اللہ)

ابو لبیق بخاری

محمد عبد الرحیم ناشران قرآن، العزیز مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

القاب صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین

مولانا سید خلیق ساجد بخاری

منشورات قلم، مسلم سنٹر، اردو بازار، لاہور۔

جن حادو اور اسلام

مولانا سید خلیق ساجد بخاری

منشورات قلم، مسلم سنٹر، اردو بازار، لاہور۔

Marfat.com

Marfat.com

ڈاکٹر ذاکر نائیک اپنی تقاریر میں جس البانی کی کتب کے مطالعے کی بار بار تاکید کرتے ہیں۔ اس کا ایک نمونہ ملاحظہ ہو:۔

مدینہ منورہ کی زیارات کی بدعات میں سے ایک بدعت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اقدس کو مسجد نبوی شریف میں باقی رکھنا ہے۔

مناسك الحج والعمرة
بقلم
محمد ناصر الدين الألباني
بدع الزيارة في المدينة المنورة
١٣٧ - إبقاء القبر النبوي في مسجده

اس کے بعد آپ فیصلہ کیجئے کہ!

☆ ناصر الدین البانی جیسا شخص اس قابل ہے کہ اسلامی تشریحات کے لئے اس کی کتب کا مطالعہ کیا جائے۔

☆ ڈاکٹر ذاکر نائیک جیسا بے استاد شخص اس قابل ہے کہ اس کی تقاریر کو سنا جائے ------

اللہ ہمیں ایسی فکری گمراہی سے بچائے اور اسلاف کے نقش قدم پر چلائے۔ آمین

Marfat.com